# خیر الفتاویٰ

استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد صاحب جالندھری رحمۃ اللہ علیہ

و دیگر مفتیان خیر المدارس کے

علمی و تحقیقی فتاویٰ کا منتخب مجموعہ

مرتبہ

مولانا مفتی محمد انور زید مجدہم

مکتبہ امدادیہ

ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان پاکستان

جدید کمپیوٹر کتابت کے ساتھ

# خیر الفتاوی

جلد چہارم

حضرت مولانا خیر محمد جالندھری نور اللہ مرقدہ

ودیگر مفتیان خیر المدارس کے علمی وتحقیقی فتاوی کا منتخب مجموعہ

باہتمام

حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہ

مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان

مرتبہ

حضرت مولانا مفتی محمد انور مدظلہ

ناشر

مکتبہ امدادیہ ملتان، پاکستان

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

نام کتاب : خیر الفتاویٰ (جلد چہارم)

باہتمام : حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری مدظلہ

مرتب : مولانا مفتی محمد انور صاحب مدظلہ

کل صفحات : ۶۰۴ صفحات

ناشر : مکتبہ امدادیہ ملتان ۲۸ ۷

(Phone No. 061-4544965)

لاہور میں ملنے کا پتہ

مکتبہ رحمانیہ ............ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

کراچی میں ملنے کا پتہ

قدیمی کتب خانہ ............ آرام باغ کراچی

ضروری گزارش:

اس کتاب کی تصحیح کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔
اگر اس کے باوجود کہیں کتابتی اغلاط نظر آئیں تو
نشاندہی فرمائیں تاکہ اگلے ایڈیشن میں اُن کی تصحیح کی جاسکے۔
فجزاکم اللہ احسن الجزاء فی الدارین ...... (ادارہ)

# پیشِ لفظ

از قلم فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی عبد الستار صاحب رئیس دار الافتاء جامعہ خیر المدارس ملتان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ۔ اما بعد:

---

اسلام نور ہے اور کفر ظلمتیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ انسانوں کو دینِ اسلام کے ذریعہ کفر کی ظلمتوں سے نکال کر اسلام کے اُجالوں میں لانا چاہتے ہیں۔ اسلام ہدایت ہے۔ کفر گمراہی ہے۔ اسلام افراط وتفریط سے خالی انسانیت کی معتدل اور سیدھی راہ ہے جبکہ کفر حیوانیت کی پُرخطر راہیں ہیں۔ اسلام خالق کائنات کی طرف سے انسانیت کے لئے دستورِ حیات ہے جبکہ کفر اندھی جذباتیت کی پیداوار ہے۔ اسلام انسانی ارتقاء کو اوجِ ثریا اور اسکی انتہائی منازل تک پہنچانے کا ضامن وکفیل ہے جبکہ کفر مالی جاہی یا ہی شہوت پرستوں کے ذریعہ انسان کو "قعرِ مذلت اور اسفل سافلین" میں دھکیلنے کا سبب ہے۔ اسلام اعزازِ انسانیت ہے جبکہ کفر انسانیت کی تذلیل ہے۔ ہر چیز کا تشخص اسکی شکل وصورت اور اسکے دیگر خصوصی اوصاف وامتیازات سے قائم ہے۔ اگر یہ خصوصی امتیازات باقی نہ رہیں تو ایک چیز دوسری چیز سے ممتاز وعلیحدہ تصور نہیں کی جاسکتی۔ پھول اور کانٹے کے خصوصی امتیازات کو حذف کر دیا جائے تو نہ کانٹا، کانٹا رہے گا نہ پھول، پھول۔ آم اور لیموں کے درخت میں بھی ایسے ہی ہے، انکے امتیازات حذف ہو جانے کے بعد نہ آم، آم رہ سکتا ہے نہ لیموں، لیموں وغیرہ، اسلئے اشیاء اور کائناتی حقائق میں انکے خصوصی اوصاف اور امتیازات کا باقی رکھنا ضروری ہے۔ مادی کائنات کی طرح معنوی حقائق میں بھی انکے خصوصی امتیازات کا باقی رہنا لابدی اور ناگزیر ہے۔

اس میکانکی اور مادی دور میں ہر چیز کو نکھار نکھار کر مرصّع ومزیّن کر کے الگ الگ پیش کیا جاتا ہے لیکن اس کے برعکس دین اسلام کے بارہ میں مادہ پرست ذہن یہ خواہش رکھتا ہے کہ اسلام کے سارے خصوصی امتیازات کو ختم کر کے کفر کے ساتھ اسے گڈمڈ کر دیا جائے۔ اسلامی افکار ونظریات اخلاق واعمال معاشرت ومعاملات کے امتیازات ختم ہو کر اسلام وکفر ایک ہی ہو جائیں۔ نہ کفر، کفر رہے نہ اسلام، اسلام، نہ حلال،

حلال ہے نہ حرام، حرام جائز، ناجائز کا امتیاز اُٹھ جائے۔ حلال وحرام، جائز ناجائز اور اسلام وکفر کی باتیں اور بحثیں ختم ہو جائیں۔ اس اعتبار سے گویا انسان مکمل حیوانیت اختیار کرے اور محض اپنی خواہشات اور جذبات کا غلام بن کر زندگی گزارے۔

عالمی کفر مادیت پرست اور دہریت پسند بین الاقوامی طاقتیں اپنے بے پناہ وسائل کو اسی مقصد کے لئے اسلام کے خلاف استعمال کر رہی ہے کہ اسلام کو اس کے امتیازات آثار کو لبسیط ارض سے العیاذ باللہ مٹا دیا جائے۔ یا تشکیکات سے ہر اسلامی اُصول کو مشتبہ متزلزل کر دیا جائے۔ (اسلام العیاذ باللہ اُٹھ جائے گا تو کفر آئے گا جو پہلے سے موجود ہے۔ نُور کے اُجالے اُٹھ جائیں گے۔ تو اندھیروں کی ہلاکت پھیل جائے گی) کفر کی ہمیشہ یہی خواہش رہی ہے۔ مگر بقول علامہ اقبال ؎

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن ! پھُونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائیگا

حق جل شانہ کا ارشادِ عالی ہے یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون (الآیۃ) اس صورتِ حال کے پیش نظر تمام اُمتِ مسلمہ پر حفاظتِ دین اور اشاعتِ دین کا فریضہ عائد ہوتا ہے۔ خلافت راشدہ سے لیکر آج کے گئے گزرے زمانے تک اللہ تعالیٰ نے علمائے کرام، مشائخ عظام اور مجاہدین وسلاطین اسلام کو حفاظت دین کا شرف بخشا ہے۔ اس آخری دور میں خاندان ولی اللٰہی اور انکے سچے جانشینوں ہمارے اکابر علمائے دیوبند سے حفاظت واشاعتِ دین کا جو کام لیا پوری تاریخ میں شاید اسکی نظیر نہ مل سکے۔ الفاظِ قرآنی کی حفاظت کے لئے مکاتیبِ قرآنیہ کا پُورے ملک میں جال پھیلا دیا گیا۔ معانی قرآن احادیث شریفہ، اسلامی قانون اور علوم آلیہ کے لئے عربی مدارس دینیہ اور جامعات کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جن کا سلسلہ پاک وہند سے متجاوز ہو کر سعودی عرب، افریقہ، امریکہ، انگلستان، فرانس وغیرہ تک پہنچ چکا ہے۔ تبلیغ ودعوت کے لئے دینی جماعتیں وجود میں آئیں، جن کے ذریعہ سے پُورے عالم میں ہدایت کا نور پھیل رہا ہے۔ سینکڑوں گرجے مساجد میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ رقص وسرود اور شراب کے رسیا، محبتِ خداوندی کی شرابِ طہور میں مست ہو کر دین کے متوالے بن رہے ہیں۔ ادیان باطلہ اور قدیم وجدید عصری فتنوں کی سرکوبی کے لئے مستقل جماعتیں انہی مدارس اور جامعات سے نکلیں اور پوری علمی وعملی جدوجہد اور قربانیوں کے ساتھ ان فتنوں کا سدِ باب کرتے ہوئے معاشرے کو ان سے تحفظ مہیا کیا۔ اگر خدانخواستہ حفاظت واشاعت دین کی یہ مساعی ظہور میں نہ آتیں تو شاید ہمارے نام بھی آج مسلمانوں والے نہ ہوتے جیسا کہ یورپین ممالک میں ایسا ہوا ہے۔ اس سے واضح ہے کہ علماء کرام مشائخ عظام مدارس دینیہ اُمت کی حفاظت

واشاعت دین کا ایک بڑا شعبہ ایک اہم بنیادی ضرورت ہے۔ فرد اور معاشرے کے انفرادی و اجتماعی مسائل کے بارے میں قرآن وسنت اور اسلامی قانون کی روشنی میں انکی رہنمائی کرتا ہے۔ روزمرہ کی زندگی میں عبادات، معاملات نکاح، طلاق، میراث وغیرہ ہر دینی شعبے کے متعلق مختلف سوالات حوادث و واقعات اور نزاعات پیش آتے رہتے ہیں، دینی جامعات میں ایسے امور کے حل کے لئے دار الافتاء کا ایک مستقل شعبہ قائم کیا جاتا ہے جس میں ایسے تمام سوالات کے مدلل جوابات سائلین کو زبانی یا تحریری طور پر دیئے جاتے ہیں فریقین کے نزاعات کے فیصلے کئے جاتے ہیں۔ سرکاری سطح پر اگر حکومت کو کسی مسئلہ میں دینی رہنمائی کی ضرورت ہو تو استفسار کرنے پر اسکے جوابات تحریر کئے جاتے ہیں۔ اس طرح دار الافتاء اسلام اور کفر کے درمیان خط فاصل کھینچتا ہے، حلال وحرام کی حدیں قائم رکھتا ہے اور جائز اور ناجائز کے فاصلے برقرار رکھتے ہوئے انہیں خلط ملط ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔

خیر المدارس ملتان کو ملک کی ایک اہم مرکزی دینی یونیورسٹی کی حیثیت ہمیشہ سے حاصل رہی ہے۔ اور یہاں سے صادر ہونے والے فتاویٰ اور شرعی فیصلوں کو ملک میں نہایت وقیع نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اس لئے افادۂ عام کی غرض سے چند سالوں سے ان فتاویٰ کی اشاعت کا انتظام کیا گیا ہے۔ اب خیر الفتاویٰ کی چوتھی جلد قارئین کے ہاتھوں میں پہنچ رہی ہے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ اس سلسلہ اشاعت کی تکمیل فرما کر اپنی رضائے عالی کا ذریعہ بنا دیں۔ آمین!

مبارک باد کے مستحق ہیں ہمارے حضرت مولانا محمد حنیف صاحب زید مجدہم مہتمم خیر المدارس ملتان جنہوں نے احباب کے مشورہ سے اس عظیم کام کا بیڑا اُٹھایا۔ اسی طرح جناب مولانا مفتی محمد انور صاحب زید فضلہم بھی مستحق تبریک ہیں جنہوں نے انتخاب فتاویٰ انکی ترتیب، کتابت تصحیح وغیرہ امور میں نہایت محنت شاقہ سے کام لے کر خیر الفتاویٰ کو زیور طبع سے آراستہ کیا۔ اللہ پاک انہیں اور انکے رفقائے کار اور معاونین کو بیحد جزائے خیر عنایت فرما دیں۔ آمین فقط،

بندہ ناکارہ عبد الستار عفی اللہ عنہ،

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

از حضرت مولانا محمد ازہر مدیر "الخیر" و مدرس جامعہ خیر المدارس ملتان ۔

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد ! ــــــ

اللہ رب العزت نے حجۃ الوداع کے موقع پر الیوم اکملت لکم دینکم (مائدہ) کی بشارت کبریٰ سے جس دین کی تکمیل کا اعلان فرمایا وہ قیامت تک بنی نوع انسان کو پیش آنے والے تمام مسائل کا حل اپنے دامن میں رکھتا ہے ۔ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے مبارک عہد سے لے کر عصر حاضر کے اس پُرآشوب دور تک ہر زمانے میں ایسے علماء ربانیین اور راسخین فی العلم موجود رہے ہیں جنہوں نے زندگی کے مختلف میدانوں میں نئے پیدا ہونے والے معاشی ، معاشرتی ، طبی ، سیاسی اور عائلی سوالات و استفسارات اور مسائل کے قرآن وسنت اور اجماع امت کی روشنی میں مدلل وشافی جواب دے کر ملت مسلمہ کی رہنمائی کا فریضہ ادا کیا ۔ قرآن کریم میں اللہ رب العزت نے جہاں ایک طرف عام لوگوں کو دینی رہنمائی کے لئے اہل علم سے رجوع کا حکم دیا اور فرمایا فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (تم لوگ اہل علم سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے ہو) تو دوسری جانب دین میں حکمت وبصیرت اور اجتہاد واستنباط کی اہلیت رکھنے والوں کو خیراً کثیراً کا حامل قرار دیا ہے ۔ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا (البقرۃ) قرآن کریم کی ان آیات کی روشنی میں عوام امت کا فرض تو یہ ہے کہ وہ قرآن وسنت میں خود رائی کی بجائے علمائے کرام کی طرف رجوع کریں اور حضرات علماء کے یہ ذمہ ہے کہ اگر وہ منصب اجتہاد پر فائز نہیں تو نئے اجتہاد کی بجائے "اقتداء بر رفتگان محفوظ تر" کے ضابطے پر عمل کرتے ہوئے علماء سابقین ومجتہدین کی مساعی اور کاوشوں سے صرف نظر یا بے اعتنائی نہ کریں ۔

دین کو جب تک صحابہ کرامؓ سمیت تمام اکابر واسلاف کے تعامل کی روشنی میں سمجھا جائے گا ، ہدایت کی راہیں کھلتی اور سعادت کے چشمے پھوٹتے رہیں گے اور جب انہیں چھوڑ کر نئے نئے "مجتہد" پیشوا بنیں گے

تو یہ ملت کے لئے تباہی کا نقطۂ آغاز ہوگا۔ سیدنا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :-

لایزال الناس صالحین متماسکین ما اتاھم العلم من اصحاب النبی (صلی اللہ علیہ وسلم)
ومن اکابرھم فاذا اتاھم من اصاغرھم ھلکوا۔ (المصنف لعبد الرزاق ج۱۱ ص۲۴۶)
(ترجمہ) جب تک علم، اصحاب رسولؐ سے اور اکابر اُمت سے آئے گا لوگ نیک،
اور اسلام پر قائم رہیں گے اور جب علم اُن اصاغر سے اُبھرنے لگے جو اُوپر والوں سے علم
نہیں لیتے خود مسئلہ بنا لیتے ہیں تو یہ قوم کے لئے ھلاکت کی راہ ہے ــــ"

واضح رہے کہ بعض لوگ غلو کرتے ہوئے صحابۂ کرامؓ بالخصوص خلفاء راشدین اور ائمہ مجتہدین کے اجتہادات ومسائل مستنبط کو مسترد قرار دے کر "راہِ راست" قرآن وحدیث "پر عمل کا دعویٰ کرتے ہیں اور ان سابقینِ اُمت پر دین میں اضافہ کا الزام عائد کرتے ہیں۔ ان حضرات کا یہ گمان غلط ہے۔ ائمہ مجتہدینؒ نے اجتہاد کی راہ سے جن مسائل غیر منصوصہ کا حکم دریافت کیا ہے وہ شریعت میں اضافہ نہیں، دریافت ہیں۔ ایسی باتیں وہی لوگ کرتے ہیں جو "ایجاد" اور "تظہیر" میں فرق کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ اگر کوئی شخص زمین کھود کر پانی نکال لے تو وہ پانی کا "موجد" نہیں۔ "واجد" ہے۔ یعنی اُس نے پانی کو پیدا نہیں کیا۔ صرف اُسے ظاہر اور دریافت کیا ہے ـــــ

اسی طرح بحرِ شریعت کے شناوروں نے قرآن وسُنت کی تہہ میں چھپے ہوئے موتیوں اور خزانوں کو باہر نکالا ہے انہوں نے وجود عطا نہیں کیا۔ ان جواہر ریزہ اور درر کا منہ کی حفاظت اوران کے گرد پہرہ دینا علماء اُمت کا دینی فرض ہے۔ بہت ہی نا قدر شناس ہے وہ طبقہ، جو اِن اخیارِ اُمت کے احسانات کا بدلہ انہیں "مبتدع" کہہ کر دیتا ہے اور تراویح اور جمعۃ المبارک کی اذان ثانی کے مسئلہ میں حضرت فاروقِ اعظمؓ اور شہیدِ مظلوم حضرت عثمانؓ پر دین میں اضافہ کا الزام عائد کرتا ہے ــــ

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

اس ضروری تمہید کے بعد گزارش ہے کہ اقتداءِ سابقین اور تقلید سلفِ صالحین کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ علماء وفقہائے کرام اپنے زمانے کے بدلتے ہوئے حالات وجزئیات سے لاتعلق اور وقت کے تقاضوں سے بے خبر رہتے ہیں ایسا نہیں بلکہ کسی بھی وقت کسی فرد کو انفراداً یا اُمت کو اجتماعاً کوئی مشکل یا نیا مسئلہ پیش آیا ہے تو نظریں انہی علماءِ وقت کی طرف اُٹھی ہیں اور بحمداللہ علماء کرام، ملت کے اس اعتماد پر پورے بھی اُترے ہیں

اس منصب کا تقاضا ہے کہ علماء اُمت خصوصاً ارباب فتوٰی اپنے زمانے کی ایجادات، اصطلاحات مقتضیات سے پُوری طرح باخبر ہوں اور خلقِ خدا کی رہنمائی کی نازک اور بھاری ذمّہ داری کو للّٰھیت اور احساسِ مسئولیت سے اَدا کریں جو ہمارے اسلاف کا طرّۂ امتیاز رہا ہے ——

فقہ اور دین کے وہ مسائل جو دریافت کرنے والوں کے جواب میں اربابِ افتاء کی طرف سے بتائے جاتے ہیں۔ اصطلاحاً " فتاوٰی " کہلاتے ہیں۔ یہ دینِ حق کا معجزہ اور اسلام کے کمال وجامعیت کی واضح دلیل ہے کہ آج کے مشینی دَور میں بھی انسان کی زندگی سے متعلق کوئی ایسا سوال نہیں جس کا جواب ایک بالغ النظر عالِم یا مُفتی نہ دے سکے ——

جامعہ خیرُ المدارس مُلتان برصغیر کی ممتاز اور معروف دینی درسگاہ ہے جس کی ۶۰ سالہ دینی و تبلیغی خدمات کا ایک نمایاں اور مہتم بالشّان پہلو مسائل و نوازل میں عامة المسلمین کی رہنمائی کرنا ہے۔ جامعہ خیرالمدارس کے " دارالافتاء " کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ اُس سے جاری ہونے والا ہر فتوٰی افراط و تفریط سے مبّرا اور اہل سُنّت والجماعت کے مسلکِ اعتدال واحتیاط کا کھُلا ثبوت ہے۔ آج سے ۱۱ سال قبل مہتمم جامعہ خیرُالمدارس حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری زید مجدہم نے جامعہ کے مُفتی برادرِ مکرّم حضرت مولانا مُفتی محمد انور صاحب مدظلہٗ سے فرمائش کی کہ وہ خیرالمدارس سے جاری ہونے والے فتاوٰی سے " خیرالفتاوٰی " مُرتب فرمائیں تاکہ عارف باللہ حضرت مولانا خیر محمد جالندھری قدس سرہ فاضل اجل حضرت مولانا مفتی محمد عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا مُفتی عبدُالستار صاحب زید مجدھم اور دیگر مُفتیانِ خیرالمدارس کی نادر و نایاب تحقیقات کا مجموعہ اور مسائلِ فقہیہ کا یہ بے مثال ذخیرہ صرف اَوراق میں محبوس نہ رہے بلکہ طبع ہو کر اہلِ علم اور عام مسلمانوں تک پہنچے اور استفادۂ عام کا باعث ہو ——

محترم حضرت مُفتی صاحب مدظلہم نے اس مشکل فریضہ کو غیر معمولی جانفشانی اور تندہی سے انجام دیا، چنانچہ اَب تک " خیرالفتاوٰی " کی تین جلدیں منصّہ شہود پر آکر عام قارئین و ناظرین کے علاوہ اہلِ علم اصحابِ نظر و اربابِ فتاوٰی سے خراجِ تحسین پا چکی ہیں اور اُن کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ " جلد رابع " کی طباعت کے موقع پر یہ سطور اللہ جل شانہٗ کے حضور اظہارِ تشکّر اور اس دُعاء کے ساتھ لکھی جا رہی ہیں کہ اللہ تعالٰی اس سلسلۂ خیر کو قبول فرما کر تاقیامت اُمّت کے لئے رُشد و ہدایت کا ذریعہ بنائیں۔ آمین ——

اس موقع پر جبکہ " خیرالفتاوٰی " کی جلد رابع مرتب صُورت میں ناظرین کے سامنے موجود ہے، —— یہ عرض

کرنا بے جا نہ ہوگا کہ فاضل مرتب نے، جو خود بھی خیر المدارس کی مسندِ افتاء پر رونق افروز ہیں اس مستور علمی خزانہ کو منظرِ عام پر لانے کے لئے شبانہ روز محنت کی ہے، سلسلۂ ترتیب میں انہیں متعدد مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بالخصوص ناقلوں کی غلط نویسی ___ نامکمل حوالے ___ غلط عبارات کی تصحیح اور اصل کتب سے مراجعت ایسے مسائل ہیں جن کا حل بہت محنت طلب ہے۔ بعض اوقات ملتے جلتے سوالات کے متعارض جواب یا مطبوعہ فتاویٰ کے خلاف جواب بھی وجۂ تشویش بن جاتے ہیں۔ تاہم حضرت مفتی صاحب مدظلہٗ اور ان کے رفقاءِ کار نے یہ تمام مراحل طے کرتے ہوئے "خیر الفتاویٰ" کی جلد رابع قارئین تک پہنچا دی ہے، جس کے مطالعہ سے قارئین اس حقیقت کا ادراک فرمائیں گے کہ "نکاح اور اس کے متعلقات" کے بارے میں جس قدر فتاویٰ اس جلد میں موجود ہیں، بالتحقیق اُردو کے کسی اور مطبوعہ فتاویٰ میں موجود نہیں ___

بعض ایسے دقیق مسائل اور مخفی علمی گوشے بھی سامنے آئیں گے جو عام اہلِ علم سے مستور رہے، قارئین اس میں بعض ایسے فتاویٰ بھی پائیں گے جو خیر المدارس سے جاری ہوئے، بعض اہلِ علم کی رائے اُن کے خلاف تھی مگر بالآخر انہوں نے "خیر الفتاویٰ" کی صحت واصابت کو تسلیم کرتے ہوئے رجوع فرمالیا۔

"خیر الفتاویٰ" جلد رابع میں بعض اہم مسائل پر مختصر جوابات کی بجائے مدلل ومفصل تحریریں بھی آپ کو ملیں گی جو مخالفین کی تشفی اور علمی تردید کے لئے ناگزیر تھیں لیکن بحمد اللہ اس سے کتاب کے مطالعہ میں قارئین کبھی ثقل یا گرانی کی بجائے علمی فرحت اور چاشنی محسوس کریں گے۔ بالخصوص حرمتِ متعہ کے بارے میں مناظرِ اسلام حضرت مولانا محمد امین صفدر صاحب مدظلہم کا ایک دلچسپ مگر تحقیقی مضمون قابلِ داد ہے ___

انشاء اللہ العزیز "خیر الفتاویٰ" کی جلد رابع کی جامعیت وافادیت اور اس کی شانِ تحقیق وتدقیق کو اہلِ علم قارئین ضرور محسوس کریں گے اور وہ مرتب موصوف کی محنتِ شاقہ کی تحسین فرمائیں گے۔ فتاویٰ کا یہ گرانقدر مجموعہ عام مسلمانوں کے علاوہ طلباء وفضلاء بالخصوص شعبہ افتاء سے متعلق حضرات کے لئے ایک علمی تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے جملہ مسلمانوں کے لئے نافع اور ذریعۂ عمل بنائیں اور اربابِ فتاویٰ عارف باللہ حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ، جامع علم وعمل حضرت مولانا مفتی محمد عبد اللہؒ، حضرت مولانا مفتی عبد الستار مدظلہٗ جامعہ کے مہتمم حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری اور جامع ومرتب حضرت مولانا مفتی محمد انور حضرت مولانا مفتی محمد اسحاق صاحب حضرت مولانا مفتی محمد عبد اللہ کیلئے تضاعفِ حسنات وسعادتِ دارین کا وسیلہ بنائیں۔ آمین!

طالبِ دعا: محمد ازہر مدیر "الخیر" جامعہ خیر المدارس ملتان

۱۰ / ۶ / ۱۴۱۸ھ

# کلمۂ تشکر

از حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری زید مجدہم مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ ــــ امابعد :

"افتاء" ایک اہم ذمہ داری ہے جو دوسرے علمی سلسلوں کے مقابلہ میں زیادہ اہم، مشکل اور دقیق ترین ہے۔ فقہی جزئیات کے معمولی معمولی فرق سے حکم کے تفاوت کو محسوس کرنا وسیع تجربہ اور عمیق علم کا متقاضی ہے۔ جو شخص اسکی اہلیت نہ رکھتا ہو۔ اس کے لئے فتویٰ دینا ناجائز ہے منصب افتاء کی اہلیت ہر عالم بلکہ ہر مدرس بھی نہیں رکھتا ہے۔ لیاقت و قابلیت کے بغیر فتویٰ دینا باعث اجر نہیں بلکہ شرعاً جرم ہے۔ علامہ ابن القیم رح تحریر فرماتے ہیں :

من افتی الناس ولیس باھل للفتوی فھو اثم عاص۔ (اعلام الموقعین ص ۲۵۶ ج ۲)

جو نااہل ہونے کے باوجود فتویٰ دینے لگے وہ گناہگار ونافرمان ہے۔

اس لئے "فتاویٰ" کو عہد صحابہ کرام رض سے آج تک خصوصی اہمیت وحیثیت اور مقام حاصل رہا ہے۔

جامعہ خیر المدارس ملتان جو برصغیر کی ممتاز دینی درسگاہ ہے، نے دوسرے شعبوں کی طرح شعبہ "افتاء" میں بھی قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اسکی ۶۷ سالہ زندگی میں ہزارہا افراد نے اس کے دارالافتاء سے مختلف ومتنوع مسائل ونوازل اور حوادث کے احکام معلوم کئے اور ان پر عمل پیرا ہوئے۔

رجب ۱۴۰۶ھ سے جامعہ کے دارالافتاء سے جاری کردہ فتاویٰ کی اشاعت وطباعت کا سلسلہ جاری ہے۔ جس کی تین جلدیں "خیر الفتاویٰ" کے نام سے منصۂ شہود پر آکر اہل علم سے سند تحسین وتوثیق پا چکی ہیں۔ اس سلسلۃ الذہب کی یہ چوتھی کڑی ہے جو کتاب الصوم، کتاب الحج، کتاب النکاح اور ان کے متعلقات پر مشتمل ہے۔ پہلی تین جلدوں کی طرح "خیر الفتاویٰ" جلد رابع کی تالیف کی نگرانی وسرپرستی بھی جامعہ کے صدر مفتی فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی عبد الستار صاحب مدظلہ، نے فرمائی ہے۔

دارالافتاء خیر المدارس کا یہ اعزاز ہے کہ اسے فقیہ العصر حضرت مفتی عبد الستار صاحب مدظلہ، کی سرپرستی ونگرانی حاصل ہے۔ جو ملک وبیرون ملک ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں۔

حضرت مفتی صاحب مدظلہ، کی رائے کو علمی حلقوں میں سند سمجھا جاتا ہے اور آپ کی فقاہت

پر بڑے بڑے مفتی حضرات اعتماد اور رشک فرماتے ہیں۔ مفتی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے دقتِ نظر اور فقہی بصیرت اور افتاء کے وسیع تجربہ سے نوازا ہے۔ جبکہ "جلد رابع" کی ترتیب و تدوین، تحشیہ و تعلیق اور تصحیح و مراجعت کا سہرا حسب سابق جامعہ کے استاذ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد انور صاحب زید مجدہم کے سر ہے۔ آں ممدوح بیس سال سے جامعہ کے شعبہ افتاء میں بحیثیت مفتی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ حضرت مفتی صاحب زید مجدہم نے جامعہ سے جاری ہونے والے مسائل کے بیمثال ذخیرہ کو، جو اوراق میں محبوس اور عام نگاہوں سے اوجھل تھا، غیر معمولی جانفشانی و تندہی اور محنت شاقہ سے اس طرح مدون فرمایا کہ عوام و اہلِ علم کے استفادہ کے قابل ہوگیا۔ اس سلسلہ میں مفتی صاحب موصوف کو جن سخت ترین اور مشکل مراحل سے گزرنا پڑا۔ اس کا اندازہ اہلِ علم بخوبی لگا سکتے ہیں۔ نقلِ فتاویٰ کے رجسٹروں میں اکثر مسائل ایسے تھے جن کا حوالہ درج نہیں تھا حضرت مفتی صاحب نے ایسے تمام مسائل کے حوالہ جات نقل کئے اور ہر حوالہ مع نام کتاب باب و صفحہ تحریر فرمایا، تاکہ رجوع کرنے میں کوئی دقت پیش نہ آئے۔ کچھ مسائل ایسے تھے ان کے حوالے موجود تھے مگر کتاب کا نام اور صفحہ وغیرہ درج نہیں تھا۔ ایسے حوالے تلاش کرنا نسبتاً زیادہ مشکل ہے مگر حضرت مفتی صاحب نے محنت کر کے یہ حوالہ جات بھی مع باب و صفحہ درج فرما دیئے ہیں۔ اگر کسی جگہ کوئی آیت، حدیث یا فقہی عبارت نامکمل درج تھی تو اسے کتب حدیث و فقہ سے تلاش کر کے مکمل کر دیا گیا ہے۔ ناقل کی غلطی سے اگر حوالہ کی عبارت میں کوئی غلطی رہ گئی تھی تو اسے اصل سے ملا کر تصحیح کا فریضہ بھی انجام دیا گیا ہے۔ غرضیکہ اس باب میں حضرت مفتی صاحب کی مساعی ہر طرح سے مشکور و محمود ہیں اللہ تعالیٰ مقبول و ماجور فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ اس مجموعہ کو تمام مسلمانوں کے لئے نافع اور ذریعۂ عمل بنائیں اور تمام مفتیان کرام بالخصوص جدِ امجد استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری اور شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہ قدس سرہما کے لئے ذخیرۂ آخرت اور رفع درجات کا وسیلہ بنائیں۔ جن کے فتاویٰ سے اس مجموعہ کی افادیت دوچند ہوئی۔

ناظرین کرام سے التماس ہے کہ وہ اپنی مخلصانہ دعاؤں میں ارباب افتاء مرتب موصوف اور خدام جامعہ کو فراموش نہ فرمائیں۔

راقم السطور، محمد حنیف جالندھری
رئیس جامعہ خیر المدارس ملتان ۱۴۱۸/۶/۲۴ھ

# اجمالی فہرست "خیر الفتاوی" جلد چہارم

## کتاب الصوم


مایتعلق بالصوم ــ ــ ــ ــ ــ از ص۴۲ ــ تا ــ ص۱۰۳

زبدۃ المقال ــ ــ ــ ــ ــ از ص۱۰۴ ــ تا ــ ص۱۲۶

مایتعلق بالاعتکاف ــ ــ ــ ــ از ص۱۲۷ ــ تا ــ ص۱۴۸


## کتاب الحج


احکام الحج ــ ــ ــ ــ ــ ــ از ص۱۴۹ تا ص۲۵۲


## کتاب النکاح


احکام النکاح ــ ــ ــ ــ ــ از ص۲۵۳ ــ تا ــ ص۴۳۱

متعہ ــ ــ ــ ــ ــ از ص۴۳۱ ــ تا ــ ص۴۵۲

مایتعلق بالمصاہرۃ ــ ــ ــ ــ از ص۴۵۳ ــ تا ــ ص۴۷۹

مایتعلق بالرضاعۃ ــ ــ ــ ــ از ص۴۸۰ ــ تا ــ ص۵۱۰

مایتعلق بالولایۃ والکفارۃ ــ ــ ــ از ص۵۱۱ ــ تا ــ ص۵۲۹

مایتعلق باحکام المہر ــ ــ ــ از ص۵۳۰ ــ تا ــ ص۵۵۸

مایتعلق بالقسم بین الزوجات والحضانۃ والنفقۃ ــ ــ ــ ــ } از ص۵۶۱ ــ تا ــ ص۵۷۸

متفرقات نکاح ــ ــ ــ ــ ــ از ص۵۷۹ ــ تا ــ ص۶۰۴

# فہرست مضامین "خیر الفتاوی" جلد چہارم

## کتاب الصوم


| نمبر شمار | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | شدّتِ پیاس سے جان پر بَن آئے تو افطار کرنے کا حکم | ۴۲ |
| ۲ | روزے کی حالت میں سَر کی مالش کروانا | ۴۲ |
| ۳ | نصفِ نہار تک صوم و افطار کا فیصلہ کر لینا ضروری ہے | ۴۳ |
| ۴ | امتحانات کی وجہ سے روزہ کو مؤخر کرنا | ۴۳ |
| ۵ | افطار کا وقتِ مُستحب | ۴۴ |
| ۶ | پاکستانی ایک روزہ رکھ کر سعودی عرب گیا تو وہاں دو روزے ہو چکے تھے اب کتنے روزے پورے کرے | ۴۵ |
| ۷ | شوال کے چھ روزے علیحدہ علیحدہ رکھنے مُستحب ہیں | ۴۵ |
| ۸ | روزے کی حالت میں آنکھ میں دَوائی ڈالنا | ۴۶ |
| ۹ | صبح صادق کے بعد سفر کا ارادہ ہو تو روزہ رکھنا ضروری ہے | ۴۶ |
| ۱۰ | صِرف یوم عرفہ کا روزہ مکرُوہ نہیں | ۴۷ |
| ۱۱ | مریض معسر استغفار کرتا رہے | ۴۷ |
| ۱۲ | تعجیل افطار اور تاخیر سحور کے بارے میں اہم تحقیق | [illegible] |
| ۱۳ | جس کے رمضان کے روزے رہتے ہوں نفل روزے رکھ سکتا ہے یا نہیں؟ | ۵۴ |
| ۱۴ | غروب سے پہلے چاند دیکھ کر افطار کیا تو قضاء وکفارہ دونوں لازم ہیں | ۵۵ |
| ۱۵ | روزہ دار کے منہ میں زبردستی لید ٹھونس دی | ۵۶ |
| ۱۶ | کفارے کے روزے لگاتار رکھنا ضروری ہے | ۵۶ |
| ۱۷ | شیخ فانی سردیوں میں روزہ رکھ سکے تو روزہ کی قضاء کرے فدیہ نہ دے | ۵۷ |
| ۱۸ | قضاء رمضان کے لئے رات سے نیّت کرنا ضروری ہے | ۵۸ |
| ۱۹ | جھوٹ بولنے کے بعد روزہ توڑ دیا تو کفارہ لازم ہے | ۵۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ | بخار کی شدت کی وجہ سے رمضان کا روزہ توڑا تو صرف قضا آئے گی | ۵۹ |
| ۲۱ | دوا ، موضع حقنہ تک پہنچ جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا | ۵۹ |
| ۲۲ | استمناء بالید میں قضاء ہے کفارہ نہیں | ۶۰ |
| ۲۳ | احتلام ہو جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا | ۶۰ |
| ۲۴ | استنجاء کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا | ۶۱ |
| ۲۵ | بوس وکنار سے انزال ہو جائے تو صرف قضاء واجب ہوگی | ۶۱ |
| ۲۶ | بغل گیری سے انزال ہو جائے تو قضاء واجب ہے کفارہ نہیں | ۶۲ |
| ۲۷ | غروب سے پہلے چاند دیکھ کر عالم کے کہنے سے روزہ توڑ دیا تو کفارہ کا حکم | ۶۳ |
| ۲۸ | کتنی عمر کے بچے سے روزہ رکھوایا جائے ؟ | ۶۳ |
| ۲۹ | حکومت کے اعلان کے باوجود کسی عالم کے یہ کہنے سے کہ چاند نہیں ہوا روزہ توڑ دیا تو کفارہ کا حکم | ۶۴ |
| ۳۰ | جانور کے ساتھ وطی کرنے سے قضاء واجب ہوگی کفارہ نہیں | ۶۵ |
| ۳۱ | صرف نظر وفکر سے انزال ہو جائے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا | ۶۵ |
| ۳۲ | روزوں کی طاقت ہوتے ہوئے اطعام سے کفارہ جائز نہیں | ۶۶ |
| ۳۳ | عمداً منہ بھر کرتے کی تو قضاء واجب ہوگی | ۶۶ |
| ۳۴ | عورت نصف قامت پانی سے گزر جائے تو روزہ فاسد نہیں ہوگا | ۶۷ |
| ۳۵ | نفلی روزہ توڑنے سے کفارہ واجب نہیں ہوگا | ۶۷ |
| ۳۶ | رویت ہلال کمیٹی کے اعلان کے باوجود روزہ نہ رکھنے والے اس روزہ کی قضاء کریں | ۶۸ |
| ۳۷ | اگر بتی کا دھواں مفسد صوم ہے | ۶۸ |
| ۳۸ | حائضہ سحری سے پہلے پاک ہوگئی تو روزہ رکھ لے | ۶۹ |
| ۳۹ | ٹیلی فون کی خبر واجب العمل نہیں | ۷۰ |
| ۴۰ | صبح صادق کے بعد کھانے پینے کے جواز کے بارے میں تفہیم القرآن کی غلطی کی نشاندہی | ۷۰ |
| ۴۱ | رویت ہلال کمیٹی کا اعلان پورے ملک کے لئے قابل عمل ہے | ۷۲ |
| ۴۲ | روزہ کی پختہ نیت نہ کرنے سے روزہ نہیں ہوگا | ۷۲ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۳ | نسوار کا استعمال مُفسدِ صوم ہے | ۷۳ |
| ۴۴ | وَریدی انجکشن مفسدِ صوم نہیں ؟ | ۷۴ |
| ۴۵ | مُشقّت نہ ہو تو سفر میں روزہ رکھنا افضل ہے | ۷۴ |
| ۴۶ | ساٹھ سالہ مریضہ فدیہ دے سکتی ہے | ۷۵ |
| ۴۷ | روزے کی حالت میں کان میں دوا ڈالنے کا حکم | ۷۶ |
| ۴۸ | روزہ کی حالت میں دانتوں پر دواء ملنے کا حکم | ۷۶ |
| ۴۹ | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے سال روزے رکھے | ۷۷ |
| ۵۰ | حاملہ طبّی معائنہ کرائے تو روزہ کا حکم | ۷۷ |
| ۵۱ | افطار کی دُعاء پہلے پڑھی جائے یا بعد میں ؟ | ۷۸ |
| ۵۲ | اپنے اختیار سے کھانے کو معدے میں واپس کیا تو روزے کا حکم | ۷۸ |
| ۵۳ | مریض خود روزہ نہ رکھ سکے تو کسی سے رکھوانے کا حکم | ۷۹ |
| ۵۴ | افطار کی وجہ سے جماعت میں کتنی تاخیر کی گنجائش ہے | ۸۰ |
| ۵۵ | بہت سے روزے ذمّہ ہوں تو ان کی قضاء کا طریقہ | ۸۰ |
| ۵۶ | کفارے کے روزوں میں نیابت درست نہیں | ۸۱ |
| ۵۷ | رجب کی پہلی جمعرات کے روزے کا حکم | ۸۲ |
| ۵۸ | جان جانے کا اندیشہ ہو تو روزہ کھولنے کا حکم | ۸۲ |
| ۵۹ | اذان پر افطار کیا جائے یا اعلان پر ؟ | ۸۳ |
| ۶۰ | افطار کے وقت سے پانچ منٹ پہلے روزہ کھول لیا تو قضاء لازم ہے | ۸۴ |
| ۶۱ | چھلکے سمیت سالم انڈہ نگلنے سے قضاء واجب ہوگی | ۸۴ |
| ۶۲ | بے اختیار مکھّی یا مچھر حلق میں چلا جائے تو روزہ کا حکم | ۸۵ |
| ۶۳ | بغیر شہادت شرعیہ کے چاند کا اعلان کرانے والا قابلِ تعزیر ہے | ۸۵ |
| ۶۴ | سورج کے پہاڑ کی اوٹ میں ہو جانے سے غروب متحقق نہ ہوگا | ۸۶ |
| ۶۵ | تنہا جمعہ کا روزہ رکھنے کا حکم | ۸۷ |
| ۶۶ | سحری کھاتے وقت نیّت نہیں تھی تو روزہ کا حکم | ۸۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۶۷ | اگر آدمی ایسے علاقے میں ہو جہاں لوگ روزہ رکھے ہوئے ہیں اور اس علاقہ میں روزہ نہیں تو یہ کیا کرے؟ | ۸۸ |
| ۶۸ | روزوں کا فدیہ رمضان سے پہلے دینا | ۸۹ |
| ۶۹ | سابقہ تجربہ کی بناء پر یا دیندار طبیب کی رائے کی وجہ سے مرض بڑھنے کا اندیشہ ہو تو افطار جائز ہے۔ | ۹۰ |
| ۷۰ | کسی بھی نیت کے بغیر سارا دن نہ کھانے پینے سے روزہ نہیں ہوگا | ۹۰ |
| ۷۱ | بیماری کی وجہ سے روزے نہ رکھ سکے تو موت کے وقت وصیت کا حکم | ۹۲ |
| ۷۲ | جماع بالخرقہ بھی موجب کفارہ ہے | ۹۲ |
| ۷۳ | خیالات پر انزال ہو جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا | ۹۳ |
| ۷۴ | کفارہ صوم کی رقم ایک ہی مسکین کو ایک دفعہ دینا جائز نہیں ہے | ۹۴ |
| ۷۵ | رویت ہلال کمیٹی کے اعلان پر روزے رکھے جائیں | ۹۵ |
| ۷۶ | دل کے مریض کے لئے روزے کا حکم | ۹۷ |
| ۷۷ | گلے کی نالیوں کے لئے گیس پمپ کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جائے گا | ۹۸ |
| ۷۸ | شیخ فانی کے لئے روزے کا فدیہ کتنا ہے؟ | ۹۹ |
| ۷۹ | نفاس والی کے روزوں کی قضاء کیسے کریں؟ | ۱۰۰ |
| ۸۰ | متعدد روزے ٹوٹے تو کفارہ میں تداخل کا حکم | ۱۰۲ |
| ۸۱ | متعدد روزے توڑنے سے کفاروں میں تداخل ہوگا یا نہیں؟ | ۱۰۳ |
| ۸۲ | زبدۃ المقال | ۱۰۴ |


## اعتکاف کے مسائل


| | | |
|---|---|---|
| ۸۳ | اعتکاف مسنون کو توڑ دے تو قضاء کا حکم | ۱۲۷ |
| ۸۴ | نفل اعتکاف بیٹھنے کی نیت کیسے کرے؟ | ۱۲۸ |
| ۸۵ | اعتکاف واجب میں روزہ شرط ہے | ۱۲۹ |
| ۸۶ | جنازہ کے لئے نکلنے سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا | ۱۲۹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۸۷ | آخری عشرہ کا اعتکاف فاسد کر دیا تو ایک دن قضاء کرے | ۱۳۰ |
| ۸۸ | معتکف موئے زیرِ ناف صاف کرنے کے لئے مسجد سے نکل سکتا ہے یا نہیں؟ | ۱۳۰ |
| ۸۹ | چالیس دن اعتکاف کی نذر مانی تو لگاتار اعتکاف کرے | ۱۳۱ |
| ۹۰ | معتکف کا محفلِ قرآن مجید میں جانا | ۱۳۱ |
| ۹۱ | معتکف غسلِ تبرید کے لئے نہیں نکل سکتا | ۱۳۲ |
| ۹۲ | معتکف نے بوقت نیت جنازہ وغیرہ کے لئے نکلنے کی تصریح کر لی تو نکلنا جائز ہے | ۱۳۳ |
| ۹۳ | بحالتِ اعتکاف برائے غسل نکلنا جائز نہیں | ۱۳۳ |
| ۹۴ | معتکف کا درس دینے کے لئے اپنے کمرہ سے دوسرے کمرے میں جانا | ۱۳۴ |
| ۹۵ | معتکف پیشی پر حاضر ہو سکتا ہے یا نہیں؟ | ۱۳۴ |
| ۹۶ | معتکف اخبار نہ پڑھے | ۱۳۴ |
| ۹۷ | معتکف وضو اور غسل کیسے کرے؟ | ۱۳۵ |
| ۹۸ | معتکف بلاضرورت طبعیہ مسجد سے نہ نکلے | ۱۳۵ |
| ۹۹ | پیسے دے کر اعتکاف بٹھانا | ۱۳۷ |
| ۱۰۰ | اعتکاف مسنون میں روزہ ضروری ہے | ۱۳۸ |
| ۱۰۱ | معتکف کے لئے اذان دینے کا حکم | ۱۳۹ |
| ۱۰۲ | اعتکاف نفل میں نہانے کے لئے نکلنے کا حکم | ۱۴۰ |
| ۱۰۳ | معتکف دوسری مسجد میں تراویح پڑھانے جا سکتا ہے | ۱۴۰ |
| ۱۰۴ | معتکف ووٹ ڈالنے جا سکتا ہے | ۱۴۱ |
| ۱۰۵ | معتکف کھانا لینے جائے تو راستہ میں کوئی چیز خریدنے کا حکم | ۱۴۲ |
| ۱۰۶ | عورت اعتکاف کے لئے جگہ متعین کر کے پھر اُسے بدل نہیں سکتی | ۱۴۲ |
| ۱۰۷ | اعتکاف میں حیض آجائے تو اعتکاف ختم ہو جاتا ہے | ۱۴۳ |
| ۱۰۸ | معتکف کے لئے مسجد کی چھت پر رات گزارنے کا حکم | ۱۴۴ |
| ۱۰۹ | خاوند کی اجازت کے بغیر اعتکاف بیٹھنا | ۱۴۴ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۰ | معتکف کا مسجد میں بیٹھ کر مطب چلانا | ۱۴۵ |
| ۱۱۱ | اعتکاف ٹوٹ جائے تو اسکی قضا غیر رمضان میں بھی کر سکتا ہے | ۱۴۵ |
| ۱۱۲ | معتکف کا سحری وافطاری کے لئے گھر جانا | ۱۴۶ |
| ۱۱۳ | معتکفین کے لئے مسجد کے صحن کے کنارے پر ٹونٹی لگوانا | ۱۴۷ |
| ۱۱۴ | معتکف کو کن امور میں مشغول رہنا چاہیے ؟ | ۱۴۸ |


# کتاب الحج


| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۵ | صرف آبِ زم زم پینے کے لئے مکہ مکرمہ گیا تو اس پر عمرہ لازم ہے | ۱۵۰ |
| ۱۱۶ | پہلے والدین کو حج کرانا ضروری نہیں | ۱۵۰ |
| ۱۱۷ | حج کے لئے لوگوں سے چندہ کرنے کا حکم | ۱۵۱ |
| ۱۱۸ | حج بدل کے لئے دی گئی رقم واپس لے سکتا ہے یا نہیں | ۱۵۱ |
| ۱۱۹ | سعودی حکومت کی حج فیس ادا نہ کی تو حج کا حکم | ۱۵۲ |
| ۱۲۰ | مامور مجبوراً فضائی راستہ اختیار کرے تو زائد خرچ لے سکتا ہے یا نہیں ؟ | ۱۵۲ |
| ۱۲۱ | احرام وتلبیہ کے وقت آمر کا نام نہ لے تو حج بدل ادا ہو جائے گا یا نہیں ؟ | ۱۵۳ |
| ۱۲۲ | شاذرواں سے ذرا ہٹ کر طواف کیا جائے | ۱۵۴ |
| ۱۲۳ | ربع رأس سے کم بال کاٹنے کی صورت میں احرام ختم ہو جائے گا یا نہیں ؟ | ۱۵۴ |
| ۱۲۴ | مرحوم بھائی کے پاسپورٹ پر اپنی تصویر لگا کر اس کے نام پر حج کرنا | ۱۵۵ |
| ۱۲۵ | حج فرض ہونے کے باوجود بغیر وصیت کئے مر گیا تو کوئی بھی وارث از خود اسکی طرف سے حج کر سکتا ہے | ۱۵۶ |
| ۱۲۶ | جس شخص پر حج فرض ہوا اس کا حج بدل پر جانا مکروہ ہے | ۱۵۶ |
| ۱۲۷ | لنگڑے کے لئے حج کا حکم | ۱۵۷ |
| ۱۲۸ | ازدحام کی وجہ سے عورتوں کی طرف سے مرد رمی کریں تو دم واجب ہوگا | ۱۵۸ |
| ۱۲۹ | حلال وحرام مال مخلوط ہو تو حج فرض ہوگا یا نہیں ؟ | ۱۵۹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳۰ | جسے ہر گھنٹہ بعد پیشاب کا تقاضا ہو وہ حج بدل کرا سکتا ہے | ۱۶۰ |
| ۱۳۱ | عذر کی وجہ سے وقوف مزدلفہ رہ جائے تو دم واجب نہیں ہوگا | ۱۶۱ |
| ۱۳۲ | جس کا کوئی محرم نہ ہو وہ کسی حج پر جانیوالے کے ساتھ نکاح کر لے | ۱۶۲ |
| ۱۳۳ | بیماری سے شفا پانے پر حج کی نذر مانی تو حج لازم ہے | ۱۶۲ |
| ۱۳۴ | خاوند کے روکنے کے باوجود عورت حج پر جا سکتی ہے | ۱۶۳ |
| ۱۳۵ | زمین بیچ کر حج کرنے کا حکم | ۱۶۳ |
| ۱۳۶ | نادار قرض لے کر حج کر آئے تو غنی ہو جانے پر دوبارہ حج کا حکم | ۱۶۴ |
| ۱۳۷ | احرام کی چادریں میلی ہو جائیں تو دھونے کا حکم | ۱۶۴ |
| ۱۳۸ | نابینا پر حج فرض نہیں ہے | ۱۶۵ |
| ۱۳۹ | والدین خدمت کے محتاج ہوں تو حج پر جانے کا حکم | ۱۶۶ |
| ۱۴۰ | نابالغ بغیر احرام کے میقات سے گزر سکتا ہے | ۱۶۶ |
| ۱۴۱ | جدہ میں رہنے والے کے لئے تمتع کا حکم | ۱۶۷ |
| ۱۴۲ | احرام کی حالت میں ٹیکہ لگوانے کا حکم | ۱۶۷ |
| ۱۴۳ | زائد از ضرورت زمین بیچ کر حج کرنا ضروری ہے | ۱۶۸ |
| ۱۴۴ | حکومت کا سیاسی رشوت کے طور پر حج کرانا | ۱۶۸ |
| ۱۴۵ | محرم کے لئے ہر وقت کندھا کھلا رکھنے کا حکم | ۱۶۹ |
| ۱۴۶ | حج بدل فرض کے لئے آمر کے میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے | [illegible] |
| ۱۴۷ | بیوی ناراض ہو کر میکے بیٹھی ہو تو حج پر جانے کا حکم | ۱۷۰ |
| ۱۴۸ | حج بدل میں اکثر مال آمر کا ہونا ضروری ہے | ۱۷۱ |
| ۱۴۹ | درخواست منظور نہ ہونے سے حج ساقط نہیں ہوگا | ۱۷۲ |
| ۱۵۰ | جو دو تین میل چل سکتا ہے وہ خود حج کرے | ۱۷۲ |
| ۱۵۱ | معتدہ حج پر نہیں جا سکتی | ۱۷۳ |
| ۱۵۲ | فقیر میقات تک پہنچ جائے تو حج فرض ہو گیا | ۱۷۳ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵۳ | فقیر حج بدل کے لئے جائے تو اس پر حج فرض نہیں ہوگا ـــــــــ | ۱۷۴ |
| ۱۵۴ | مقروض بدون اجازت غرماء حج پر نہ جائے ـــــــــ | ۱۷۴ |
| ۱۵۵ | عمرہ پر گیا ہوا آدمی گرفتار کر کے واپس بھیج دیا گیا تو اس پر حج فرض ہوا یا نہیں ـــ | ۱۷۵ |
| ۱۵۶ | حدودِ حرم سے باہر حلق کیا تو دم واجب ہوگا ـــــــــ | ۱۷۶ |
| ۱۵۷ | روضۂ اطہر پر سلام کے الفاظ ـــــــــ | ۱۷۷ |
| ۱۵۸ | حالتِ حیض میں طوافِ زیارۃ کر لیا تو سالم اُونٹ ذبح کرنا ضروری ہے ـــــ | ۱۷۸ |
| ۱۵۹ | سعی طوافِ قدوم کے بعد افضل ہے ـــــــــ | ۱۷۹ |
| ۱۶۰ | طائف جاکر واپس آنے والے کے لئے عمرہ کا حکم ـــــــــ | ۱۸۱ |
| ۱۶۱ | تمتع میں اضحیہ معروفہ کی نیت سے قربانی کی تو دمِ شکر ادا نہیں ہوگا ـــــ | ۱۸۲ |
| ۱۶۲ | قارن اور متمتع قربانی کی نیت سے جانور ذبح کرے گا تو دمِ شکر ادا نہیں ہوگا ـــ | ۱۸۴ |
| ۱۶۳ | اجرت لیکر کسی کی طرف سے حج کرنا ـــــــــ | ۱۹۱ |
| ۱۶۴ | مدینہ منورہ سے واپسی پر عمرہ کے لئے جدہ سے اُحرام باندھا تو دم واجب نہیں ہوگا | ۱۹۲ |
| ۱۶۵ | کنکریاں جمرہ سے دور جاگریں تو دم کا حکم ـــــــــ | ۱۹۳ |
| ۱۶۶ | عورت کے پاس محرم کا کرایہ نہ ہو تو حج واجب نہیں ہوگا ـــــــــ | ۱۹۳ |
| ۱۶۷ | محصر نے ھدی بھیجے بغیر احرام کھول دیا تو حلال نہ ہوگا ـــــــــ | ۱۹۴ |
| ۱۶۸ | متمتع عمرہ کے بعد حج سے پہلے جماع کرلے تو کچھ واجب نہ ہوگا ـــــــــ | ۱۹۴ |
| ۱۶۹ | میت کی طرف سے حج کرنے سے اس کا اپنا فرض ساقط ہوجائے گا یا نہیں ؟ | ۱۹۵ |
| ۱۷۰ | احرام باندھ کر سیدھے مدینے جانا اور محظورات احرام کے ارتکاب کا حکم ـــــ | ۱۹۷ |
| ۱۷۱ | موجودہ دَور میں بھی عورت بلا محرم سفرِ حج نہ کرے ـــــــــ | ۱۹۸ |
| ۱۷۲ | چند آدمیوں کا پیسے جمع کر کے کسی ایک کو قرعہ اندازی کے ذریعے حج پر بھیجنا | ۲۰۳ |
| ۱۷۳ | حج بیچا نہیں جا سکتا ـــــــــ | ۲۰۴ |
| ۱۷۴ | طوافِ زیارۃ سے پہلے میقات سے نکل گیا تو کیا کرے ـــــــــ | ۲۰۵ |
| ۱۷۵ | عورت کو حج بدل پر بھیجنا خلافِ اولیٰ ہے ـــــــــ | ۲۰۵ |
| ۱۷۶ | حج کے فرائض و واجبات ـــــــــ | ۲۰۶ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷۷ | آبِ زم زم سے پلید کپڑا دھونا جائز نہیں | ۲۰۷ |
| ۱۷۸ | کسی بیماری کیوجہ سے بال گریں تو کچھ واجب نہ ہوگا | ۲۰۷ |
| ۱۷۹ | دس ذی الحج کو منیٰ اور مکہ میں نمازِ عید نہ پڑھنے کی وجہ | ۲۰۸ |
| ۱۸۰ | طواف کی اقسام اور ان کا حکم | ۲۰۹ |
| ۱۸۱ | حج نفل پر جانے والے ملازم کو نصف تنخواہ دینے کا حکم | ۲۱۰ |
| ۱۸۲ | حکومت کی طرف سے حج پر جانیوالوں کا فرض ادا ہوجائے گا | ۲۱۰ |
| ۱۸۳ | طاقت کے ہوتے ہوئے بجائے دم شکر کے روزے رکھنے کا حکم | ۲۱۱ |
| ۱۸۴ | سعی بین الصفا والمروۃ واجب ہے | ۲۱۱ |
| ۱۸۵ | احرام کی حالت میں سگریٹ پینے والے کا حکم | ۲۱۲ |
| ۱۸۶ | بیویوں کے تنہا رہ جانے کی بناء پر کسی کو حج پر بھیجنا | ۲۱۲ |
| ۱۸۷ | نفل حج بدل کے لئے کوئی شرط نہیں | ۲۱۳ |
| ۱۸۸ | سُودی کاروبار کرنیوالے اِدارہ کا حج پر بھیجنا | ۲۱۳ |
| ۱۸۹ | بغیر محرم کے ہم عمر بوڑھی عورتوں کے ساتھ سفرِ حج پر جانا | ۲۱۴ |
| ۱۹۰ | فدیۂ جنایت اپنے ملک میں بھی دے سکتے ہیں | ۲۱۵ |
| ۱۹۱ | طوافِ قدوم کے ترک پر کچھ واجب نہ ہوگا | ۲۱۵ |
| ۱۹۲ | حج بدل میں آمر کے شہر سے روانگی کا حکم | ۲۱۶ |
| ۱۹۳ | پہلے میقات سے احرام نہیں باندھ سکے تو دوسرے سے باندھ لیں | ۲۱۷ |
| ۱۹۴ | قارن کے مقیم اور غنی ہونے کی صورت میں دمِ قران کے علاوہ قربانی بھی اس پر واجب ہے | ۲۱۹ |
| ۱۹۵ | رابغ سے تھوڑا آگے بلا احرام گزرنے پر دم واجب نہیں ہوگا | ۲۲۰ |
| ۱۹۶ | حج فرض کی طرح حج نفل بھی صحابہ کرامؓ سے ثابت ہے | ۲۲۱ |
| ۱۹۷ | طوافِ زیارت سے پہلے سعی کرنے کا حکم | ۲۲۲ |
| ۱۹۸ | حائضہ حج کیسے کرے؟ | ۲۲۳ |
| ۱۹۹ | آفاقی اشہرِ حج میں عمرہ کرکے میقات سے باہر چلا جائے تو تمتع کرنے کا حکم | ۲۲۴ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰۰ | تجدیدِ ایمان کے بعد حج فرض دوبارہ کرنا ضروری ہے ؟ | ۲۲۵ |
| ۲۰۱ | جو مدینہ منورہ میں چالیس نمازیں نہ پڑھ سکا اس کا حج مکمل ہوا یا نہیں ؟ | ۲۲۶ |
| ۲۰۲ | افضل یہی ہے کہ حج بدل پر اس کو بھیجا جائے جس نے حج کیا ہوا ہو | ۲۲۷ |
| ۲۰۳ | معذور عذر زائل ہونے کے بعد دوبارہ خود حج کرے | ۲۲۷ |
| ۲۰۴ | بوڑھی عورت بھی بغیر محرم کے عمرہ کا سفر نہ کرے | ۲۲۷ |
| ۲۰۵ | حج سے واپسی پر گھر والوں کو آمد کی اطلاع کر دینا مناسب ہے | ۲۲۸ |
| ۲۰۶ | جدّہ میں مقیم بلا احرام مکّہ جا سکتا ہے | ۲۲۸ |
| ۲۰۷ | مکّہ میں مقیم تمتع کرے تو دم اسأت دینا لازم ہے | ۲۲۹ |
| ۲۰۸ | معلّم حضرات کی فیس کا حکم | ۲۲۹ |
| ۲۰۹ | پورا دن یا پوری رات سَر ڈھانپے رکھا تو دم لازم ہوگا | ۲۳۰ |
| ۲۱۰ | حج کے سفر میں پہلے بغداد جانے کا حکم | ۲۳۰ |
| ۲۱۱ | بارہویں کی رمی زوال سے پہلے کی تو دم دینا لازم ہے | ۲۳۱ |
| ۲۱۲ | دسّں ذی الحجہ کو جمرۂ عقبیٰ کی رمی نہیں کی تو دم دینا واجب ہے | ۲۳۱ |
| ۲۱۳ | آبِ زم زم لانا مستحب ہے | ۲۳۲ |
| ۲۱۴ | صِرف ازدحام کے خوف سے رمی ترک کر دی تو دم دینا لازم ہے | ۲۳۳ |
| ۲۱۵ | ٹی وی پر حج کا پروگرام دیکھنا | ۲۳۳ |
| ۲۱۶ | حج کے لئے تصویر کھنچوانے کا حکم | ۲۳۴ |
| ۲۱۷ | حج فرض ہونے کے بعد بیمار ہوگیا تو حج بدل کرانا فرض ہے | ۲۳۴ |
| ۲۱۸ | جو جمرات تک جا سکے وہ نیابۃً رمی کرا سکتا ہے | ۲۳۵ |
| ۲۱۹ | قیامِ مزدلفہ کا وقت دسویں کی فجر طلوع ہونے سے لیکر طلوع شمس تک ہے | ۲۳۵ |
| ۲۲۰ | وجوب سے پہلے ادا کئے گئے دم کا وجوب ساقط نہیں ہوا | ۲۳۶ |
| ۲۲۱ | طوافِ زیارت کو ۱۲ سے مؤخر کیا تو دم لازم ہوگا | ۲۳۷ |
| ۲۲۲ | جس متمتع نے حج سے پہلے تین روزے نہ رکھے ہوں اس پر تینؔ دم لازم ہیں | ۲۳۷ |
| ۲۲۳ | قارن ذبح سے پہلے حلق کرالے تو دوؔ دم واجب ہوں گے | ۲۳۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۴ | مکہ میں رہنے والا آفاقی کی طرف سے حج بدل کر سکتا ہے؟ | ۲۳۹ |
| ۲۲۵ | مُحرِمہ پردہ کیسے کرے؟ | ۲۴۰ |
| ۲۲۶ | طوافِ زیارت بلا نیت بھی ادا ہو جاتا ہے | ۲۴۰ |
| ۲۲۷ | طوافِ صدر کر کے گئے پھر دوبارہ مکہ مکرمہ آئے تو طواف کا حکم | ۲۴۱ |
| ۲۲۸ | تمتع یا قران فرض ہو یا نفل دم شکر ادا کرنا ضروری ہے | ۲۴۲ |
| ۲۲۹ | متعدد عمروں میں صرف چند بال کاٹتے رہے تو کتنے دم ہوں گے؟ | ۲۴۳ |
| ۲۳۰ | حج بدل میں باذن آمر تمتع بھی جائز ہے | ۲۴۴ |
| ۲۳۱ | قیام مزدلفہ ترک کرنے سے دم واجب ہوگا | ۲۴۵ |
| ۲۳۲ | نوافل اور تلبیہ کے بعد بھی سر ڈھانپے رکھا تو صدقہ لازم ہے | ۲۴۶ |
| ۲۳۳ | متمتع حج کی سعی الگ کرے گا نہ کرنے کی صورت میں دم لازم ہوگا | ۲۴۷ |
| ۲۳۴ | مکہ میں پانچ دن قیام کے بعد منیٰ عرفات جانا ہو تو نیتِ اقامت درست نہیں۔ | ۲۴۸ |
| ۲۳۶ | مقدارِ شرعی سے کم قصر کرے تو دم واجب ہوگا یا نہیں؟ | ۲۴۹ |
| ۲۳۷ | زنا کی وجہ سے محرم بننے والے کے ساتھ سفرِ حج کا حکم | ۲۵۱ |
| ۲۳۸ | حج عمر میں صرف ایک بار فرض ہے | ۲۵۱ |


# کتاب النکاح


| | | |
|---|---|---|
| ۲۳۹ | خطبہ ایجاب وقبول سے پہلے ہو | ۲۵۴ |
| ۲۴۰ | پانچ سالہ بچے کا ایجاب وقبول معتبر نہیں | ۲۵۴ |
| ۲۴۱ | ایجاب وقبول تین دفعہ کرایا جائے یا ایک دفعہ کافی ہے | ۲۵۴ |
| ۲۴۲ | ایجاب وقبول کے وقت لڑکی کا نام نہیں لیا تو نکاح کا حکم | ۲۵۵ |
| ۲۴۳ | بھانجے کی مطلقہ سے نکاح کرنا | ۲۵۶ |
| ۲۴۴ | صرف ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کا حکم | ۲۵۶ |
| ۲۴۵ | سالی کی بیٹی سے زنا کا حکم | ۲۵۶ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۴۶ | صرف رجسٹر پر انگوٹھے لگا دینے سے نکاح نہیں ہوتا | ۲۵۷ |
| ۲۴۷ | بیوی کے فوت ہوتے ہی سالی سے نکاح کر سکتا ہے | ۲۵۷ |
| ۲۴۸ | محض رجسٹر میں اندراج سے نکاح نہیں ہوتا تاوقتیکہ ایجاب وقبول نہ ہو | ۲۵۸ |
| ۲۴۹ | گونگے کا نکاح اشارے سے | ۲۵۸ |
| ۲۵۰ | بیٹے کی منکوحہ باپ کے نکاح میں نہیں آ سکتی | ۲۵۹ |
| ۲۵۱ | میاں بیوی ساتھ ساتھ مسلمان ہوں تو تجدید نکاح کی ضرورت نہیں | ۲۵۹ |
| ۲۵۲ | مجنونہ کے نکاح کا حکم | ۲۶۰ |
| ۲۵۳ | قریبی رشتہ دار با اخلاق نہ ہوں تو انہیں رشتہ نہ دینے کا حکم | ۲۶۰ |
| ۲۵۴ | جادوگر سے نکاح کا حکم | ۲۶۱ |
| ۲۵۵ | تفضیلی شیعہ کے ساتھ نکاح کا حکم | ۲۶۱ |
| ۲۵۶ | مفقود کی بیوی فسخ کے بعد دوسری جگہ نکاح کر لے اور پھر پہلا خاوند آجائے تو وہ کس کو ملے گی ؟ | ۲۶۲ |
| ۲۵۷ | منکوحہ مرتدہ کسی دوسرے سے نکاح نہیں کر سکتی | ۲۶۳ |
| ۲۵۸ | بریلویوں سے نکاح کا حکم | ۲۶۳ |
| ۲۵۹ | بیوی خاوند کو پیشاب پلا دے تو نکاح کا حکم | ۲۶۴ |
| ۲۶۰ | جماعت اسلامی والوں کو رشتہ دینا | ۲۶۴ |
| ۲۶۱ | صرف پانی پلانے سے نکاح نہیں ہوتا | ۲۶۵ |
| ۲۶۲ | حلالہ کے لئے دوسرے خاوند کا ہمبستری کرنا شرط ہے | ۲۶۵ |
| ۲۶۳ | کم از کم مدتِ بلوغ بارہ سال ہے | ۲۶۶ |
| ۲۶۴ | جبراً ایجاب وقبول کرایا جائے تو نکاح کا حکم | ۲۶۶ |
| ۲۶۵ | ماموں اور بھانجا اپنی اولاد کا باہم نکاح کر سکتے ہیں | ۲۶۷ |
| ۲۶۶ | مروجہ وٹے سٹے کا نکاح جائز ہے | ۲۶۷ |
| ۲۶۷ | سوتیلی ساس سے نکاح درست ہے | ۲۶۸ |
| ۲۶۸ | نکاح کے گواہ منحرف ہو جائیں تو نکاح باقی رہے گا یا نہیں ؟ | ۲۶۹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶۹ | باپ کی منکوحہ کی لڑکی سے نکاح کا حکم | ۲۶۹ |
| ۲۷۰ | بھانجی کے نکاح میں ہوتے ہوئے خالہ سے زنا کیا تو نکاح کا حکم | ۲۷۰ |
| ۲۷۱ | خطبہ کے بغیر بھی نکاح ہو جائے گا | ۲۷۱ |
| ۲۷۲ | قریبی جائز رشتوں سے نکاح کو نامناسب کہنے والے کا حکم | ۲۷۱ |
| ۲۷۳ | غلطی سے چھوٹی بہن کا نکاح بڑے بھائی سے ہو گیا اور بڑے کا چھوٹی سے تو کیا کیا جائے | ۲۷۲ |
| ۲۷۴ | قاتل کا پڑھا ہوا نکاح درست ہے | ۲۷۳ |
| ۲۷۵ | ایک بہن کے نکاح میں ہوتے ہوئے دوسری سے نکاح کیا تو دوسرا فاسد ہوگا۔ | ۲۷۴ |
| ۲۷۶ | جن دو بہنوں کا جسم ایک دوسرے سے الگ نہ ہو ان کا نکاح کسی سے درست نہیں۔ | ۲۷۵ |
| ۲۷۷ | اجازت طلب کرنے پر چیخ چیخ کر رونا اجازت نہیں بلکہ نکاح کو رد کرنا ہے۔ | ۲۷۵ |
| ۲۷۸ | نکاح فضولی کو لڑکی بھی رد کر سکتی ہے بشرطیکہ..... | ۲۷۶ |
| ۲۷۹ | باپ نے بے بس ہو کر نابالغ بچی کا نکاح نامناسب جگہ کر دیا تو خیارِ بلوغ کا حکم | ۲۷۷ |
| ۲۸۰ | لڑکے کے باپ نے صرف اتنا کہا "قبول کی" تو نکاح اس کا ہوا یا بیٹے کا۔ | ۲۷۸ |
| ۲۸۱ | تحلیل کے لئے آٹھ سالہ بچے سے نکاح کرنا | ۲۷۹ |
| ۲۸۲ | انکار کے بعد خاموشی رضامندی کی دلیل نہیں | ۲۸۰ |
| ۲۸۳ | عورت مسلمان ہو جائے تو بدوں تفریق قاضی نکاح نہیں کر سکتی | ۲۸۲ |
| ۲۸۴ | کنایاتِ نکاح میں نیت ضروری ہے | ۲۸۳ |
| ۲۸۵ | بالغ ہوتے ہی خیارِ بلوغ استعمال نہ کیا تو نکاح کا حکم | ۲۸۴ |
| ۲۸۶ | خود خاوند بھی عورت کی طرف سے نکاح کا وکیل بن سکتا ہے | ۲۸۵ |
| ۲۸۷ | نکاح شغار کی تعریف میں "ولیس بینہما صداق" حضرت ابن عمرؓ سے منقول ہے صرف حضرت نافع کا قول نہیں | ۲۸۶ |
| ۲۸۸ | قرآنِ پاک کو فرسودہ کتاب کہنے والے کے ساتھ نکاح کا حکم | ۲۸۷ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸۹ | خط کے ذریعے نکاح کا وکیل بنانے سے نکاح کا حکم | ۲۸۹ |
| ۲۹۰ | آغا خانیوں سے نکاح کا حکم بمع تفصیل عقائد وطریقۂ دعا تعلیم کردہ آغا خاں | ۲۹۰ |
| ۲۹۱ | کیمونزم اور مارکسزم کا پرچار کرنیوالوں کے ساتھ رشتہ کرنا | ۲۹۲ |
| ۲۹۲ | جنیّہ عورت سے نکاح کا حکم | ۲۹۳ |
| ۲۹۳ | خنثیٰ کو طلاق دینے کے فوراً بعد اسکی بہن سے نکاح کر سکتے ہیں | ۲۹۴ |
| ۲۹۴ | عدّت میں نکاح فاسد ہے بعد از عدت اس ناکح کو کوئی ترجیح نہیں | ۲۹۵ |
| ۲۹۵ | نابالغ کا باپ مجلس نکاح میں موجود تھا مگر خاموش رہا تو نکاح کا حکم | ۲۹۵ |
| ۲۹۶ | نکاح پڑ نکاح پڑھانے والے کو تجدیدِ نکاح کا حکم دینا بطورِ احتیاط ہے | ۲۹۶ |
| ۲۹۷ | نکاح میں ضروری اُمور | ۲۹۷ |
| ۲۹۸ | گواہوں کے سامنے یہ کہنا کہ یہ "میری بیوی ہے" اس سے نکاح منعقد ہوگا یا نہیں؟ | ۲۹۷ |
| ۲۹۹ | جبتک سکول میں رہیں گے میاں بیوی رہیں گے پھر نہیں یہ نکاح موقت اور باطل ہے | ۲۹۸ |
| ۳۰۰ | فضولی کے ذریعہ نکاح کی گنجائش کب ختم ہوتی ہے | ۲۹۹ |
| ۳۰۱ | شادی شدہ عورت اگر زنا کرائے تو نکاح فاسد نہیں ہوتا | ۲۹۹ |
| ۳۰۲ | دوسرے ملک میں رہتے ہوئے نکاح کا طریقہ | ۳۰۰ |
| ۳۰۲ | ماں کی پھوپھی سے نکاح کا حکم | ۳۰۱ |
| ۳۰۳ | نابالغ بچے کا خُطبۂ نکاح پڑھنا | ۳۰۱ |
| ۳۰۴ | بیوی کا خاوند کے ہاں بطورِ بیوی آنا اور رہنا بھی اجازت ہے | ۳۰۲ |
| ۳۰۵ | مجنون کا نکاح نہیں ہوسکتا | ۳۰۲ |
| ۳۰۶ | شافعی المسلک عورت سے حنفی کا نکاح کرنا | ۳۰۳ |
| ۳۰۷ | پستان نکل آنا عورت ہونے کی دلیل ہے لہذا اس سے نکاح درست ہے | ۳۰۳ |
| ۳۰۸ | زانیہ ہونے کی وجہ سے طلاق دی تو توبہ کے بعد دوبارہ نکاح کا حکم | ۳۰۴ |
| ۳۰۹ | مطلقہ باپ کی بیٹی سے نکاح کرنا درست ہے | ۳۰۵ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۱۰ | سوتیلے بیٹے کی بیوی سے نکاح جائز ہے | ۳۰۵ |
| ۳۱۱ | بھتیجے کی بیوہ سے نکاح کا حکم | ۳۰۶ |
| ۳۱۲ | باپ بلا وجہ شادی میں تاخیر کرے تو اولاد کے گناہ میں باپ بھی شریک ہوگا | ۳۰۶ |
| ۳۱۳ | نومسلمہ جہاں چاہے نکاح کر سکتی ہے | ۳۰۷ |
| ۳۱۴ | غیر ولی کے اجازت مانگنے پر صرف سر ہلا دینا کافی نہیں | ۳۰۷ |
| ۳۱۵ | ثیبہ کا چُپ رہنا دلیلِ رضا نہیں | ۳۰۸ |
| ۳۱۶ | نکاح خواں فوت ہو جائے تو نکاح باقی رہتا ہے | ۳۰۸ |
| ۳۱۷ | نکاح میں ایک صیغہ ماضی کا ہو دوسرا حال کا تو نکاح کا حکم | ۳۰۹ |
| ۳۱۸ | ساڑھے گیارہ برس کی لڑکی بالغ ہونے کا دعویٰ کرے تو قبول ہے | ۳۱۰ |
| ۳۱۹ | تحکیم سے معزولی کے بعد حکم کا نکاح کو فسخ کرنا | ۳۱۰ |
| ۳۲۰ | سمجھ دار بچے کا ایجاب وقبول معتبر ہے | ۳۱۲ |
| ۳۲۱ | گواہ منکوحہ کو ذاتی طور پر نہ جانتے ہوں تو اس کا اور اس کے باپ دادا کا نام ذکر کرنا کافی ہے | ۳۱۴ |
| ۳۲۲ | علاتی بھانجی سے نکاح کا حکم | ۳۱۴ |
| ۳۲۳ | بھانجے کی لڑکی سے ماموں کا نکاح جائز نہیں | ۳۱۵ |
| ۳۲۴ | خاوند نے کہا "میں مسلمان نہیں"، تو تجدیدِ نکاح کا حکم | ۳۱۵ |
| ۳۲۵ | پھوپھی بھتیجی کو ایک نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں | ۳۱۶ |
| ۳۲۶ | نکاح کی شہادت بالتسامع بھی جائز ہے | ۳۱۷ |
| ۳۲۷ | نکاح کی اجازت لینے کے وقت گواہوں کا ہونا ضروری نہیں | ۳۱۷ |
| ۳۲۸ | باپ کا ماموں بیٹی کے لئے محرم ہے | ۳۱۸ |
| ۳۲۹ | خاوند اگر ہندو ہو جائے تو نکاح باطل ہو جاتا ہے | ۳۱۸ |
| ۳۳۰ | علاتی پھوپھی سے بھی نکاح جائز نہیں | ۳۱۹ |
| ۳۳۱ | سیّدہ بلا رضائے اولیاء راجپوت سے نکاح نہیں کر سکتی | ۳۲۰ |
| ۳۳۲ | نکاح معلق منعقد نہیں ہوگا | ۳۲۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۳ | دونوں گواہوں کا بیک وقت ایجاب و قبول کو سُننا ضروری ہے ـــ | ۳۲۱ |
| ۳۳۴ | دو مختلف آدمی ایک عورت کے نکاح کے مدعی ہوں اور دونوں کے پاس بینہ ہوں | ۳۲۱ |
| ۳۳۴ | نابالغ کے خطبہ نکاح پڑھنے کا حکم ـــ | ۳۲۲ |
| ۳۳۵ | اہلِ تشیع سے نکاح کرنیوالے سے بائیکاٹ کا حکم ـــ | ۳۲۳ |
| ۳۳۶ | غیر مقلدوں سے رشتہ کرنے کا حکم ـــ | ۳۲۳ |
| ۳۳۷ | مطلّقہ کی عدّت میں اسکی بھتیجی سے نکاح کا حکم ـــ | ۳۲۴ |
| ۳۳۸ | مُرتد کسی سے نکاح نہیں کرسکتا ـــ | ۳۲۴ |
| ۳۳۹ | نومُسلم کے ساتھ استبراء سے پہلے نکاح کا حکم ـــ | ۳۲۵ |
| ۳۴۰ | زوجۂ اول کی دل شکنی سے بچنے کے لئے دوسری شادی نہ کرنا ـــ | ۳۲۵ |
| ۳۴۱ | باپ معروف لسوءِ الاختیار ہو تو اس کا کیا ہوا نکاح نافذ نہیں ـــ | ۳۲۶ |
| ۳۴۲ | عورت کا اپنے آپ کو غیر منکوحہ بتانے پر اس سے نکاح کرنیوالے کا حکم ـ | ۳۲۷ |
| ۳۴۳ | منکوحۂ غیر ہونے کا علم ہونے کے باوجود نکاح کیا تو نکاح باطل ہے ـ ـ | ۳۲۷ |
| ۳۴۴ | اہلِ تشیع کے ساتھ نکاح کا حکم ـــ | ۳۲۸ |
| ۳۴۵ | دس سالہ بچے کا ایجاب و قبول باپ کی اجازت سے نافذ ہو جائے گا ـــ | ۳۲۸ |
| ۳۴۶ | لفظ صدقہ سے نکاح منعقد ہونے کا حکم ـــ | ۳۲۹ |
| ۳۴۷ | تجدید ایمان کے بعد تجدیدِ نکاح ضروری ہے ـــ | ۳۲۹ |
| ۳۴۸ | ماموں کی بیوی سے نکاح کا حکم ـــ | ۳۳۰ |
| ۳۴۹ | خالہ اور اسکی بھانجی ایک نکاح میں جمع نہیں ہوسکتیں ـــ | ۳۳۰ |
| ۳۵۰ | نکاح، نکاح ہے خواہ ڈرامے کے طور پر کیا جائے ـــ | ۳۳۱ |
| ۳۵۱ | بالغہ نکاح کی اطلاع ملنے پر انکار کردے تو نکاح ختم ہو گیا ـــ | ۳۳۱ |
| ۳۵۲ | اپنے ہی بیٹے نکاح کے گواہ ہوں تو نکاح کا حکم ـــ | ۳۳۲، ۳۳۱ |
| ۳۵۳ | سوتیلی ماں کی اولاد سے نکاح کا حکم ـــ | ۳۳۲ |
| ۳۵۴ | نہ ایجاب و قبول ہوا ہو اور نہ گواہ ہوں تو نکاح کا حکم ـــ | ۳۳۳ |
| ۳۵۵ | بیوی کی بھانجی سے ہمبستری کرلی تو بیوی کے پاس جانے کا حکم ـــ | ۳۳۳ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۵۶ | فاسق نکاح خواں کا حکم | ۳۳۴ |
| ۳۵۷ | اہلِ تشیع مجلس نکاح میں شریک ہوں تو نکاح کا حکم | ۳۳۵ |
| ۳۵۸ | عیسائیوں کی عورتوں سے نکاح کا حکم | ۳۳۶ |
| ۳۵۹ | ظن غالب ہو کہ خاوند فوت ہو گیا ہے تو دوسری جگہ نکاح درست ہے | ۳۳۸ |
| ۳۶۰ | ایجاب کے جواب میں بجائے قَبِلتُ کے الحمدللہ کہنا | ۳۳۹ |
| ۳۶۱ | مفقود کے بارے میں غیر مقلدوں کے فتوٰی پر عمل نہ کریں | ۳۴۰ |
| ۳۶۲ | نام چھوٹی کا لیا اور صفت کبریٰ کی ذکر کی تو نکاح کا حکم | ۳۴۱ |
| ۳۶۳ | نماز پڑھنے کی شرط پر نکاح کر دینا اور پھر خاوند نماز نہ پڑھے | ۳۴۲ |
| ۳۶۴ | نکاح سے پہلے طے کی گئی شرائط کو اخلاقاً پورا کرنا لازم ہے | ۳۴۴ |
| ۳۶۵ | لقیط کی ولایت نکاح صرف حکومت کو ہے | ۳۴۵ |
| ۳۶۶ | نکاح میں ذکر کردہ نام سے "کُتیا" مراد لینے کے دعویٰ کا حکم | ۳۴۶ |
| ۳۶۷ | مرزائی کو بیٹی کا رشتہ دینے والے کا حکم | ۳۴۷ |
| ۳۶۸ | سوتیلی بہن کی پوتی سے نکاح کا حکم | ۳۴۸ |
| ۳۶۹ | دانستہ نام غلط لیا مگر اشارہ اسی لڑکی کی طرف کیا تو نکاح کا حکم | ۳۴۸ |
| ۳۷۰ | نکاح خواں کے بغیر ایجاب وقبول کا حکم | ۳۴۹ |
| ۳۷۱ | عورت پہلے زوج ثانی کی وطی کا انکار کرتی رہی اب اقرار کرتی ہے | ۳۴۹ |
| ۳۷۲ | باپ بیٹی کے نکاح کا کسی کو وکیل بنا دے تو پھر بھی باپ کی ولایت ختم نہیں ہوتی | ۳۵۰ |
| ۳۷۳ | معتبر ذرائع سے پتہ چلے کہ خاوند فوت ہو گیا ہے تو عورت عدت گزار کر دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے | ۳۵۱ |
| ۳۷۴ | عورت کو خیارِ بلوغ تھا مگر اسے علم نہیں تھا کہ خیار ہوتا ہے تو خیار ساقط ہو گیا | ۳۵۲ |
| ۳۷۵ | ایجاب وقبول دونوں میں صرف لفظ قبول کہا گیا تو نکاح ہوا یا نہیں ؟ | ۳۵۲ |
| ۳۷۶ | عورت کے معتدہ ہونے کا علم ہوتے ہوئے اس سے نکاح کیا جائے تو نکاح باطل ہے | ۳۵۳ |
| ۳۷۷ | نکاح خواں کو جس لڑکے کے ساتھ نکاح کرنے کا کہا، اس نے اس کی جگہ | |
| ۳۷۸ | دوسرے سے کر دیا تو نکاح نہیں ہوا | ۳۵۴ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۷۹ | جس کو مذہب، پیغمبر اور دین وغیرہ کا کوئی پتہ نہ ہو اسکی نابالغی کی حالت | |
| ۳۸۰ | میں کئے ہوئے نکاح کا حکم — — — — — — — | ۳۵۵ |
| ۳۸۱ | زنا سے پیدا شدہ لڑکی کی ولایت نکاح اسکی ماں کو ہوگی — — — | ۳۵۶ |
| ۳۸۲ | عدالت کے سامنے اقرار کرنا کہ ہمارا نکاح ہے حالانکہ نکاح نہیں تھا — — | ۳۵۶ |
| ۳۸۳ | نکاح فضولی کا حکم — — — — — — — | ۳۵۷ |
| ۳۸۴ | دو ولیوں نے مختلف جگہ نکاح کر دیا اور مقدم کا علم نہ ہو تو دونوں باطل ہیں — | ۳۵۹ |
| ۳۸۵ | شہناز کی جگہ ممتاز کا نام لے دیا تو نکاح کس کا ہوگا؟ — — — — | ۳۵۹ |
| ۳۸۶ | خنثیٰ اور دریائی انسان کے نکاح کا حکم — — — — — — | ۳۶۱ |
| ۳۸۷ | متعہ، شغار اور مؤقت کی تعریفات اور ان میں باہم فرق — — — | ۳۶۲ |
| ۳۸۸ | مطلقہ ثلاث سے بدوں حلالہ دوبارہ نکاح باطل ہے یا فاسد؟ — — | ۳۶۳ |
| ۳۸۹ | ایک گواہ کہتا ہے کہ میں نے لفظ قبول سنا ہے دوسرا منکر ہے تو نکاح کا حکم | ۳۶۵ |
| ۳۹۰ | ولی اقرب غائبہ لغیبۃ منقطعہ ہو تو ولی ابعد کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو ولی اقرب کو تھے — — — — — — — | ۳۶۶ |
| ۳۹۱ | باپ سے اکراہ کی حالت میں نابالغہ کا نکاح لے لیا تو نکاح کا حکم — — — | ۳۶۷ |
| ۳۹۲ | فون پر ایجاب وقبول کا حکم — — — — — — — | ۳۶۹ |
| ۳۹۳ | جواب مذکور پر موصول ہونے والی تحریر کا جواب — — — — | ۳۶۹ |
| ۳۹۴ | عورت نکاح کے معاملہ میں کس حد تک آزاد ہے — — — — — | ۳۷۱ |
| ۳۹۵ | ایجاب کے جواب میں دولہا کے آمین کہنے سے نکاح کا حکم — — — — | ۳۷۳ |
| ۳۹۶ | جواب مذکور پر موصول ہونے والی تحریر کا جواب — — — — — | ۳۷۳ |
| ۳۹۷ | باپ کا غیر کفو میں کیا ہوا نکاح بھی لازم ہو جاتا ہے — — — — | ۳۷۶ |
| ۳۹۸ | عورتوں کی خرید وفروخت کا کاروبار کرنیوالوں سے کوئی عورت خرید کر اس کے ساتھ نکاح کرنا — — — — — — | ۳۷۷ |
| ۳۹۹ | ایجاب وقبول عقد نامہ کی شکل میں لکھ لینے سے نکاح نہیں ہوتا تاوقتیکہ زبان سے نہ کہا جائے — — — — — — | ۳۷۹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۰۰ | مطلقہ مغلظہ مُرتد ہو جائے تو بدوں حلالہ دوبارہ نکاح کا حکم ـــــ ـــــ | ۳۸۰ |
| ۴۰۱ | صرف صبیِ غیر ممیز نے قبول کیا تو نکاح نہیں ہوا ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۸۱ |
| ۴۰۲ | ولی ابعد کے نکاح دینے پر بالغہ کا سکوت کرنا رضامندی نہیں بلکہ اسے سکوت کے بعد بھی رَد و قبول کا اختیار ہے ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۸۲ |
| ۴۰۳ | خفیہ نکاحوں کا حکم ـــــ ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۸۳ |
| ۴۰۴ | کیا ناخن پالش لگانے سے نکاح ٹوٹ جائے گا ؟ ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۸۴ |
| ۴۰۵ | خاوند مسلمان ہوجائے تو عیسائی بیوی بدستور منکوحہ رہے گی، عیسائیوں کے نزدیک بھی دو بیویاں جائز ہیں ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۸۵ |
| ۴۰۶ | معتدۂ بائنہ کو کنایۃً پیغامِ نکاح دینا ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۸۷ |
| ۴۰۷ | جب اور جس طرح میرے نکاح میں آئے اسے طلاق کہنے کے باوجود فضولی کے ذریعہ نکاح کی گنجائش موجود ہے ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۹۲ |
| ۴۰۸ | زانیہ اور مزنیہ کی اولاد کے باہم نکاح کے حکم ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۹۳ |
| ۴۰۹ | باپ کے کئے ہوئے جس نکاح کے بارے میں یقین ہو کہ بقصدِ اضرار کیا گیا ہے وہ منعقد ہی نہیں ہوگا ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۹۸ |
| ۴۱۰ | جواب از دارالافتاء جامعہ قاسم العلوم ملتان ـــــ ـــــ ـــــ | ۳۹۹ |
| ۴۱۱ | جواب از خیر المدارس ـــــ ـــــ ـــــ ـــــ | ۴۰۰ |
| ۴۱۲ | جمعہ کی اذان اوّل کے بعد کئے جانے والے نکاح کا حکم ـــــ ـــــ ـــــ | ۴۰۴ |
| ۴۱۳ | ولی اقرب کتنی مسافت پر ہو تو ولی ابعد اس کے قائم مقام ہوگا ـــــ ـــــ | ۴۰۸ |
| ۴۱۴ | مرزائی کے پڑھائے ہوئے نکاح کا حکم ـــــ ـــــ ـــــ ـــــ | ۴۰۹ |
| ۴۱۵ | صرف میں نے بچہ دے دیا کہنے سے نکاح منعقد نہیں ہوگا بوجہ عدم تعیین کے۔ | ۴۱۰ |
| ۴۱۶ | لفظ نکاح استعمال ہو تو نکاح ہی ہوگا خواہ مجلس منگنی کی ہو ـــــ ـــــ | ۴۱۲ |
| ۴۱۷ | بیوی کو ماں بہن کہنے سے بیوی نکاح سے خارج نہیں ہوگی ـــــ ـــــ ـــــ | ۴۱۴ |
| ۴۱۸ | نابالغہ کا نکاح باپ کردے تو اسے خیار بلوغ نہ ہونے کے حدیث کے دلائل | ۴۲۵ |
| ۴۱۹ | کسی عورت سے اس لئے نکاح کرنا کہ یہ پہلے کے لئے حلال ہو جائے ـــــ | ۴۲۹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۲۰ | خاوند نکاح کے گواہ پیش کرے اور عورت عدم نکاح کے تو کس کے گواہ معتبر ہوں گے | ۴۳۰ |
| ۴۲۱ | متعہ کے بارے میں تحقیق انیق قائلینِ جواز کا مُدلل و مسکت جواب | ۴۳۱ |


# حُرمتِ مصاہرہ کے مسائل


| | | |
|---|---|---|
| ۴۲۲ | بہت کمسن بچّی کو ہاتھ لگانے سے حرمتِ مصاہرہ ثابت نہ ہوگی | ۴۵۳ |
| ۴۲۳ | سُسر نے بہو کے بوسے لئے اور کہتا ہے کہ شہوت نہیں تھی | ۴۵۳ |
| ۴۲۴ | سوتیلی ماں سے زنا کرنے والے کا اپنی بیوی کے ساتھ نکاح کا حکم | ۴۵۴ |
| ۴۲۵ | بیٹی سے وطی کرنے سے اسکی ماں حرام ہو جاتی ہے | ۴۵۵ |
| ۴۲۶ | ساس کے ساتھ زنا کرنے سے بیوی حرام ہو گئی | ۴۵۶ |
| ۴۲۷ | فعلِ بَد سے حُرمت مصاھرہ ثابت نہیں ہوگی | ۴۵۶ |
| ۴۲۸ | خاوند حُرمت مصاہرہ کا اقرار کرے تو تفریق ضروری ہے | ۴۵۷ |
| ۴۲۹ | نو سال سے کم عمر بچّی کو چھُونے سے حرمۃ مصاہرہ ثابت نہیں ہوگی | ۴۵۷ |
| ۴۳۰ | اپنی بیوی کی بھتیجی سے زنا کرنے کی وجہ سے اسکی بیوی اس پر حلال رہتی ہے | ۴۵۸ |
| ۴۳۱ | بیوی کی رضاعی ماں سے زنا کرنا بھی موجبِ حرمت مصاہرہ ہے | ۴۵۸ |
| ۴۳۲ | محض جسم دیکھنے سے حرمتِ مصاہرہ ثابت نہیں ہوگی | ۴۵۹ |
| ۴۳۳ | فرج داخل کو شہوت سے دیکھنے سے حرمۃ مصاہرہ کا حکم | ۴۶۰ |
| ۴۳۴ | ڈاکٹر یا حکیم کو مریضہ کی نبض دیکھتے وقت شہوت پیدا ہو جائے تو حرمت کا حکم | ۴۶۱ |
| ۴۳۵ | محض شبہ سے حرمت مصاہرہ ثابت نہ ہوگی | ۴۶۲ |
| ۴۳۶ | بیٹی سے مُتّہم کو شرعاً کیا تعزیر لگائی جائے | ۴۶۳ |
| ۴۳۷ | حرمت مصاہرہ ثابت ہو جانے کی صورت میں حضرت امام شافعیؒ کے مسلک پر عمل کی گنجائش ہے یا نہیں؟ | ۴۶۶ |
| ۴۳۸ | خاوند حرمت مصاہرہ کا اقرار کرنے کے بعد انکار کرتا ہے تو حرمت ثابت ہوگی یا نہیں؟ | ۴۶۶ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۳۹ | حرمت مصاہرہ میں گواہوں کی گواہی ایک دفعہ رد کر دی جائے تو دوبارہ انہی کی گواہی کی وجہ سے حرمت کا حکم نہیں لگا سکتے (ایک اہم مفصل فتویٰ) | ۴۶۹ |
| ۴۴۰ | جمہور فقہاء امت حرمت مصاہرہ کے قائل ہیں اور اس کے حوالہ جات ــــ | ۴۷۶ |
| ۴۴۱ | حرمت مصاہرہ میں گواہ نہ ہوں تو خاوند کا تصدیق کرنا ضروری ہے ــــ | |


# رضاعت کے مسائل


| | | |
|---|---|---|
| ۴۴۲ | بیوی کی رضاعی ماں سے نکاح کر لیا جائے تو دونوں حرام ہو گئیں دونوں کو چھوڑنا ضروری ہے ــــ | ۴۸۰ |
| ۴۴۳ | رضاعت میں نفی کی گواہی قبول نہیں ــــ | ۴۸۱ |
| ۴۴۴ | سفید پانی سے بھی رضاعت ثابت ہو جائے گی ــــ | ۴۸۱ |
| ۴۴۵ | رضیعہ کا نکاح رضاعی باپ کی دوسری بیوی کی اولاد سے بھی درست نہیں ــــ | ۴۸۲ |
| ۴۴۶ | رضاعت کے عادل گواہ موجود ہوں تو غیر مدخولہ ہونے کی صورت میں فسخ قاضی کی کوئی ضرورت نہیں ــــ | ۴۸۲ |
| ۴۴۷ | تین سال کی عمر میں دودھ پینے کا حکم ــــ | ۴۸۳ |
| ۴۴۸ | رشتہ نہ ملنے کی وجہ سے رضاعت کی گواہی دینا ــــ | ۴۸۳ |
| ۴۴۹ | مزنیہ کی رضیعہ سے نکاح کا حکم ــــ | ۴۸۴ |
| ۴۵۰ | سوئے ہوئے بچے کے منہ میں پستان دے دیا تو حرمت کا حکم ــــ | ۴۸۴ |
| ۴۵۱ | دودھ پینے کے بعد قے کر دی تو بھی رضاعت ثابت ہو جائے گی ــــ | ۴۸۵ |
| ۴۵۲ | ناک کان میں دودھ ڈالنے سے رضاعت کا حکم ــــ | ۴۸۶ |
| ۴۵۳ | حرمت کے لئے وقت رضاعت ایک ہونا ضروری نہیں ــــ | ۴۸۶ |
| ۴۵۴ | مردہ عورت کا دودھ پینے سے بھی رضاعت ثابت ہو جائے گی ــــ | ۴۸۷ |
| ۴۵۵ | از خود دودھ اتر آئے تو حرمت صرف مرضیعہ سے ثابت ہو گی ــــ | ۴۸۸ |
| ۴۵۶ | بیوی کا دودھ پینے سے بیوی حرام نہیں ہوتی ــــ | ۴۸۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۵۷ | رضیعہ کا نکاح مرضعہ کے پوتے کے ساتھ | ۴۸۹ |
| ۴۵۸ | رضاعی ماموں اور بھانجی کا نکاح درست نہیں | ۴۸۹ |
| ۴۵۹ | رضاعت کے لئے کس طرح کی گواہی ضروری ہے | ۴۹۰ |
| ۴۶۰ | مرضعہ حالتِ نیند میں دودھ پلادے تو رضاعت کا حکم | ۴۹۱ |
| ۴۶۱ | رضاعت کی شہادت میں تناقض کا حکم | ۴۹۱ |
| ۴۶۲ | رضاعی بہن سے نکاح حرام ہے | ۴۹۲ |
| ۴۶۳ | مُدتِ رضاعت کے بعد دُودھ پینے سے حرمت ثابت نہیں ہوگی | ۴۹۲ |
| | دَوا سے اُترنے والے دودھ سے رضاعت کا حکم | ۴۹۳ |
| ۴۶۵ | رضاعی بھتیجی سے نکاح دُرست نہیں | ۴۹۳ |
| ۴۶۶ | نَسبی بھائی کی رضاعی بھانجی سے نکاح کا حکم | ۴۹۴ |
| ۴۶۷ | مرضعہ کی نواسی سے نکاح جائز نہیں | ۴۹۵ |
| ۴۶۸ | بوجہ مجبوری دوسال کے بعد بھی دودھ پلانا | ۴۹۵ |
| ۴۶۹ | بیٹے کی رضاعی بہن سے نکاح کا حکم | ۴۹۶ |
| ۴۷۰ | سوتیلے رضاعی ماموں سے نکاح کا حکم | ۴۹۶ |
| ۴۷۱ | پندرہ برس کی عمر میں دُودھ پیا تو رضاعت کا حکم | ۴۹۷ |
| ۴۷۲ | بھابی کی بھائی سے اولاد ہونے سے پہلے جس لڑکی نے بھابی کا دُودھ پیا اس سے نکاح کا حکم | ۴۹۸ |
| ۴۷۳ | زرد رنگ کے پانی سے رضاعت کا حکم | ۴۹۹ |
| ۴۷۴ | دادی کا دودھ پینے والی بچی کا نکاح باپ کے بھانجے سے دُرست نہیں۔ | ۴۹۹ |
| ۴۷۵ | دادی کا دُودھ پینے والا چچا یا پھوپھی کی کسی لڑکی سے نکاح نہیں کرسکتا۔ | ۵۰۰ |
| ۴۷۶ | نانی کا دودھ پینے والا خالہ زاد سے نکاح نہیں کرسکتا | ۵۰۱ |
| ۴۷۷ | رضاعی پھوپھی سے نکاح کا حکم | ۵۰۲ |
| ۴۷۸ | حقیقی بیٹے کی رضاعی ماں اور رضاعی بیٹے کی نَسبی ماں سے نکاح کا حکم | ۵۰۲ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۷۹ | بلا ضرورت دوسرے کے بچے کو دودھ نہ پلایا جائے | ۵۰۳ |
| ۴۸۰ | رضاعی باپ کی بیٹی سے نکاح کا حکم | ۵۰۴ |
| ۴۸۱ | رضاعی پھوپھی کی بیٹی سے نکاح کا حکم | ۵۰۴ |
| ۴۸۲ | مرضعہ کی جو اولاد دوسرے خاوند سے پیدا ہو اس کا حکم | ۵۰۴ |
| ۴۸۳ | مدت رضاعت دو سال ہے یا اڑھائی سال | ۵۰۵ |
| ۴۸۴ | بچے کے ناک میں دودھ ڈالنے سے بھی رضاعت ثابت ہو جائے گی | ۵۰۶ |
| ۴۸۵ | پیالی سے دودھ پیا تو رضاعت کا حکم | ۵۰۷ |
| ۴۸۶ | اپنی بیوی کو رضاعی بہن کہنے پر مصر کا حکم | ۵۰۷ |
| ۴۸۷ | محض پستان منہ میں لینے سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوتی | ۵۰۸ |
| ۴۸۸ | رضاعی بھائی کی نسبی بہن کے ساتھ نکاح کا حکم | ۵۰۹ |
| ۴۸۹ | رضاعی بھانجی کی نسبی بہن سے نکاح کا حکم | ۵۱۰ |


## ولایت وکفاءۃ کے مسائل


| | | |
|---|---|---|
| ۴۹۰ | بے نمازی صالحہ کا کفو نہیں ہو سکتا | ۵۱۱ |
| ۴۹۱ | ولد الزنا صحیح النسب کا کفو نہیں | ۵۱۳ |
| ۴۹۲ | خاندانی مسلمان لڑکی کا نومسلم سے نکاح کرنے کا حکم | ۵۱۴ |
| ۴۹۳ | مغل اور اعوان تقریباً ہم کفو ہیں | ۵۱۵ |
| ۴۹۴ | قصائی راجپوت کا کفو نہیں | ۵۱۶ |
| ۴۹۵ | جس عورت کا کوئی ولی نہ ہو اس کا اپنا غیر کفو میں کیا ہوا نکاح بھی صحیح ہے | ۵۱۷ |
| ۴۹۶ | طویل عرصہ تک خبر گیری نہ کرنے سے حق ولایت ختم نہیں ہوتا | ۵۱۸ |
| ۴۹۷ | سیدہ میو سے بدون اجازت اولیاء نکاح کرے تو نکاح کا حکم | ۵۱۸ |
| ۴۹۸ | عصبات کے ہوتے ہوئے نانا کو ولایت نہیں ہے | ۵۲۰ |
| ۴۹۹ | زنائے سے پیدا ہونے والی لڑکی کا زانی ولی نہیں بن سکتا | ۵۲۱ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۰۰ | کیا ولایت میں چھوٹا بڑا بھائی برابر ہیں ؟ ـــ ـــ ـــ | ۵۲۱ |
| ۵۰۱ | کوئی عصبہ نہ ہو تو ولایتِ نکاح کس کو ہوگی ؟ ـــ ـــ ـــ | ۵۲۲ |
| ۵۰۲ | باپ نابالغہ کے نکاح کی ولایت نانا کو دے دے تو اس سے باپ کی ولایت ختم نہیں ہوتی (ایک اہم فتوٰی) ـــ ـــ ـــ | ۵۲۳ |
| ۵۰۳ | کفاءۃ میں صِرف اسلام کا اعتبار ہے یا باقی اُمور کا بھی ؟ ـــ ـــ ـــ | ۵۲۶ |
| ۵۰۴ | عالم باعمل سیّد زادی کا کفو ہے ـــ ـــ ـــ | ۵۲۶ |
| ۵۰۵ | غیرکفو میں نکاح کرنے سے رشتہ دار ناراض ہوں تو بھی کر سکتے ہیں ـــ ـــ | ۵۲۷ |
| ۵۰۶ | فاسق فاسقہ بنت صالح کا کفو بن سکتا ہے ـــ ـــ ـــ | ۵۲۷ |
| ۵۰۷ | نیک عالم دین اچھے خاندان کا کفو ہے ـــ ـــ ـــ | ۵۲۸ |
| ۵۰۸ | کوئی شیعہ اپنے آپ کو سُنّی ظاہر کرکے نکاح کرلے تو پتہ چلنے پر اولیاء فسخ کرا سکتے ہیں | ۵۲۹ |


# مہر کے مسائل


| | | |
|---|---|---|
| ۵۰۹ | حج کرانا بھی نکاح میں مہر بن سکتا ہے ـــ ـــ ـــ | ۵۳۰ |
| ۵۱۰ | مہر مؤجل میں ادائیگی سے پہلے رخصتی کا مُطالبہ ـــ ـــ ـــ | ۵۳۰ |
| ۵۱۱ | زنا کی اُجرت کو مہر بنانا ـــ ـــ ـــ | ۵۳۱ |
| ۵۱۲ | مکمل مہر دے دیا پھر قبل از دخول طلاق ہوگئی تو نصف مہر واپس لے سکتا ہے ـــ | ۵۳۱ |
| ۵۱۳ | عورت بخوشی مہر معاف کردے تو باپ کو اعتراض کا کوئی حق نہیں ـــ ـــ | ۵۳۳ |
| ۵۱۴ | والد مہر کا ضامن ہو تو اُسے دینا ضروری ہے ـــ ـــ ـــ | ۵۳۳ |
| ۵۱۵ | مہر کی کم از کم مقدار ۳۵ گرام چاندی ہے ـــ ـــ ـــ | ۵۳۴ |
| ۵۱۶ | لڑکی والوں کا جہیز بنانے کے لئے رُخصتی سے پہلے مہر وصول کرنا ـــ ـــ | ۵۳۴ |
| ۵۱۷ | مال کے بدلے طلاق حاصل کرنے کے بعد عورت نے مہر کا مطالبہ کردیا ـــ | ۵۳۵ |
| ۵۱۸ | مہر زیور کی شکل میں ادا کردیا اور پھر بیوی نے معاف کردیا تو وہ زیور ترکہ شمار ہوں گے یا نہیں ؟ ـــ ـــ ـــ | ۵۳۵ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۱۹ | باپ لڑکی کا مہر معاف کر دے تو لڑکی مطالبہ کر سکتی ہے یا نہیں؟ ــــ | ۵۳۵ |
| ۵۲۰ | عورت یا اس کے ورثاء کے پاس مہر کی مقدار کے گواہ نہ ہوں تو مہر مثل دیا جائیگا | ۵۳۶ |
| ۵۲۱ | مہر معجل وصول کرنے کے لئے عورت خاوند کے مطالبہ کا انکار کر سکتی ہے۔ | ۵۳۸ |
| ۵۲۲ | آزاد آدمی کو مہر بنانے کا حکم ــــ | ۵۳۹ |
| ۵۲۳ | جنت کی سفارش مہر نہیں بن سکتی ــــ | ۵۳۹ |
| ۵۲۴ | گیارہ سالہ بچی سے خلوتِ صحیحہ ہو جائے تو وہ پورے مہر کی حقدار ہو جائیگی؟ | ۵۴۰ |
| ۵۲۵ | مہر مشروط طور پر معاف کیا ہو تو شرط نہ پائے جانے کی صورت میں معافی ختم ہو جائیگی | ۵۴۲ |
| ۵۲۶ | ایک دفعہ مہر معاف کرنے کے بعد دوبارہ مطالبہ نہیں کیا جا سکتا ــــ | ۵۴۲ |
| ۵۲۷ | جس مہر کے مؤجل یا معجل ہونے کی تصریح نہ کی گئی ہو ــــ | ۵۴۳ |
| ۵۲۸ | ترکہ تقسیم کرنے سے پہلے مہر ادا کیا جائے ــــ | ۵۴۳ |
| ۵۲۹ | عیسائی نے خمر یا خنزیر پر نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہو گئے ــــ | ۵۴۴ |
| ۵۳۰ | جو عورت وطی کے قابل نہ ہو اسے خلوت کے بعد نصف مہر لازم ہوگا ــــ | ۵۴۴ |
| ۵۳۱ | مرض الموت میں بیوی سے مہر معاف کرانا ــــ | ۵۴۵ |
| ۵۳۲ | بھینس یا بکری کو مہر بنایا تو کیا چیز دے ــــ | ۵۴۵ |
| ۵۳۳ | مہر کا ذکر نہ کیا جائے تو نکاح کا حکم ــــ | ۵۴۶ |
| ۵۳۴ | مہر کے بدلے میں ایک چیز وصول کر کے دوسری کا مطالبہ کرنا ــــ | ۵۴۶ |
| ۵۳۵ | بیوی عرصہ دراز سے میکے بیٹھی ہو تو مہر کا حکم ــــ | ۵۴۷ |
| ۵۳۶ | اگر زیادتی خاوند کی ہو تو خلع میں مہر واپس لینا مکروہ ہے ــــ | ۵۴۷ |
| ۵۳۷ | بہت زیادہ مہر مقرر کیا ہو تو ادا کرنے کا حکم ــــ | ۵۴۸ |
| ۵۳۸ | سوا بتیس روپے مہر مقرر کرنے کا حکم ــــ | ۵۴۹ |
| ۵۳۹ | مہر اعیان کی صورت میں ہو تو زبانی معاف کرنے کے باوجود واجب فی الذمہ رہیگا | ۵۴۹ |
| ۵۴۰ | نامرد کی بیوی پورے مہر کی حق دار ہوگی ــــ | ۵۵۰ |
| ۵۴۱ | مہر معجل کا مطالبہ عورت ہر وقت کر سکتی ہے ــــ | ۵۵۱ |
| ۵۴۲ | نکاح کے بعد مہر میں زیادتی کا حکم ــــ | ۵۵۱ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۴۳ | ایک بیوی کو مہر زیادہ دینا چاہے تو پہلی بیوی کو اعتراض کا حق نہیں | ۵۵۲ |
| ۵۴۴ | باپ لڑکی کا مہر وصول کر سکتا ہے | ۵۵۲ |
| ۵۴۵ | نکاح باطل کے مہر کو نکاح جدید کا مہر بنانا | ۵۵۳ |
| ۵۴۶ | وَلْوَر مہر ہی ہے | ۵۵۴ |
| ۵۴۷ | مہر کو مشروط طور پر معاف کرنے کا حکم | ۵۵۵ |
| ۵۴۸ | مہر میں جو زمین مقرر کی گئی تھی وہی دینی ضروری ہے | ۵۵۷ |
| ۵۴۹ | انسدادِ مفاسد کے لئے یہ طے کر لینا کہ کوئی اس مقدار سے زائد مہر مقرر نہ کرے | ۵۵۸ |


## قسم بین الزوجات، حضانت، نفقہ


| | | |
|---|---|---|
| ۵۵۰ | اگر کوئی عورت اپنی باری خوشی سے چھوڑ دے تو جائز ہے | ۵۶۱ |
| ۵۵۱ | گزشتہ راتوں کی تلافی کا حکم | ۵۶۱ |
| ۵۵۲ | کیا مجنونہ بیوی کے حقوق بھی وہی ہوں گے جو صحیحہ کے ہیں | ۵۶۲ |
| ۵۵۳ | بیوی کھانا پکانے کی اُجرت نہیں لے سکتی | ۵۶۴ |
| ۵۵۴ | ناشزہ کے نفقہ کا حکم | ۵۶۴ |
| ۵۵۵ | بچوں کی دینی تعلیم کا خرچہ خاوند کے ذمہ واجب ہے | ۵۶۴ |
| ۵۵۶ | بیوی سفر پر جائے تو نفقہ اور کرایہ کی مستحق ہوگی یا نہیں؟ | ۵۶۵ |
| ۵۵۷ | خاوند بیوی کو ہر قسم کی ملازمت سے روک سکتا ہے | ۵۶۶ |
| ۵۵۸ | قانوناً بیوی کے علاج معالجہ کا خرچہ خاوند کے ذمہ نہیں | ۵۶۷ |
| ۵۵۹ | خاوند کی تنخواہ پر بیوی کا حق ہے یا نہیں؟ | ۵۷۰ |
| ۵۶۰ | عورت پرورش کا نفقہ معاف کر سکتی ہے بچوں کا نہیں | ۵۷۰ |
| ۵۶۱ | خاوند طلاق دے تو معتدہ نفقہ کی مستحق ہے | ۵۷۱ |
| ۵۶۲ | بیوی بلاوجہ میکے بیٹھ جائے تو نفقہ کی مستحق نہیں | ۵۷۱ |
| ۵۶۳ | نفقہ عدت معاف کرنے کی شرط پر خاوند طلاق دے تو نفقہ معاف ہو جائے گا | ۵۷۲ |
| ۵۶۴ | الگ کمرہ بیوی کا حق ہے | ۵۷۲ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۶۵ | دونوں بیویوں کی اولاد کم وبیش ہو تو نفقہ کا حکم | ۵۷۲ |
| ۵۶۶ | بدکردار عورت کو حقِ حضانت نہیں ملے گا | ۵۷۳ |
| ۵۶۷ | حقِ حضانت کب ساقط ہوتا ہے | ۵۷۴ |
| ۵۶۸ | دورانِ پرورش عورت بچوں کو دُور دراز نہیں لے جاسکتی | ۵۷۵ |
| ۵۶۹ | والدہ عیسائی ہو تو اسے پرورش کا حق ملے گا یا نہیں ؟ | ۵۷۶ |
| ۵۷۰ | والدہ کے بعد حقِ پرورش کس کو ہے ؟ | ۵۷۷ |
| ۵۷۱ | والدہ کو کب تک پرورش کا حق ہے | ۵۷۷ |
| ۵۷۲ | باپ بالغ اولاد کو مطلقہ بیوی سے ملنے سے نہیں روک سکتا | ۵۷۸ |


# متفرقاتِ نکاح


| | | |
|---|---|---|
| ۵۷۳ | نکاح کرنا افضل ہے یا عبادت میں مشغول ہونا | ۵۷۹ |
| ۵۷۴ | محرم میں نکاح کرنے کا حکم | ۵۸۰ |
| ۵۷۵ | تعلیم میں مشغول حقوقِ زوجیت کیسے ادا کرے ؟ | ۵۸۱ |
| ۵۷۶ | بلا عُذر کب تک بیوی سے علیٰحدہ رہ سکتے ہیں ؟ | ۵۸۱ |
| ۵۷۷ | لڑکی والوں کی طرف سے دُولہا کو سونے کی انگوٹھی پیش کرنا | ۵۸۲ |
| ۵۷۸ | بیوی کے والدین کو مُلاقات سے نہیں روک سکتے | ۵۸۲ |
| ۵۷۹ | نکاح پڑھانے کا طریقہ | ۵۸۳ |
| ۵۸۰ | سُنّت یہ ہے کہ خطبۂ نکاح لڑکی کا والد پڑھے | ۵۸۳ |
| ۵۸۱ | سہرا باندھنا ناجائز ہے خواہ پھولوں ہی کا ہو | ۵۸۴ |
| ۵۸۲ | حکومت کا نکاح پر ٹیکس لگانا ناجائز ہے | ۵۸۴ |
| ۵۸۳ | بوقت نکاح چھواروں کے علاوہ اور میوے تقسیم کرنا بھی ثابت ہے | ۵۸۴ |
| ۵۸۴ | چھوارے پھینکنا سُنّت ہے یا تقسیم کرنا | ۵۸۵ |
| ۵۸۵ | لڑکی والوں کا لڑکے والوں سے شادی کے اخراجات کے لئے رقم مانگنا | ۵۸۵ |
| ۵۸۶ | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نابالغہ کے نکاح پڑھانے کا ثبوت | ۵۸۶ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۸۷ | زلیخا کا نکاح حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ ہوا تھا ؟ | ۵۸۶ |
| ۵۸۸ | نکاح پڑھانے کی اُجرت | ۵۸۶ |
| ۵۸۹ | دُولھا کو نوٹوں کا ہار پہنانے کا حکم | ۵۸۷ |
| ۵۹۰ | ایک مجلس میں متعدد نکاح ہونے ہوں تو ایک ہی خطبہ کافی ہے | ۵۸۸ |
| ۵۹۱ | مخطوبہ کو دیکھنے کی گنجائش ہے | ۵۸۸ |
| ۵۹۲ | ایجاب و قبول سے پہلے کلمے پڑھوانا | ۵۸۸ |
| ۵۹۳ | نکاح مسجد میں مستحب ہے بشرطیکہ ...... | ۵۸۹ |
| ۵۹۴ | نکاح سے پہلے ایک دوسرے کو دیکھنے کا حکم | ۵۸۹ |
| ۵۹۵ | لڑکی معروف النسب ہو تو بدوں تحقیق نکاح نہ پڑھایا جائے | ۵۹۰ |
| ۵۹۶ | خطبۂ نکاح کھڑے ہو کر پڑھا جائے یا بیٹھ کر | ۵۹۱ |
| ۵۹۷ | بوقت رخصتی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عمر کیا تھی ؟ | ۵۹۱ |
| ۵۹۸ | دوسری شادی کرنے کے لئے پہلی بیوی سے اجازت لینا شرعاً ضروری نہیں ۔ | ۵۹۳ |
| ۵۹۹ | مرزائی کو مسلمان سمجھنے والا نکاح کی تجدید کرے | ۵۹۳ |
| ۶۰۰ | نکاح کے وقت منہ بولی بیٹی کی نسبت اسکے حقیقی باپ کی طرف کی جائے | ۵۹۴ |
| ۶۰۱ | بالغہ باکرہ کا مُسکرانا اجازت ہی ہے | ۵۹۴ |
| ۶۰۲ | لڑکی کے والد سے زبردستی صرف انگوٹھے لگوانے سے نکاح نہیں ہوگا | ۵۹۵ |
| ۶۰۳ | جس کے دونوں خاوند جنّتی ہوں وہ کس کو ملے گی | ۵۹۵ |
| ۶۰۴ | خاوند بیوی کو خون دے تو نکاح نہیں ٹوٹے گا | ۵۹۶ |
| ۶۰۵ | شادی بیاہ کے موقع پر باجوں کے بارے میں مفصل فتویٰ | ۵۹۶ |
| ۶۰۶ | جنت میں جمع بین الاختین ناجائز نہ ہوگا | ۶۰۰ |
| ۶۰۷ | نیوتہ قبیح رسم ہے | ۶۰۱ |
| ۶۰۸ | بارات کو کھانا کھلانے کا حکم | ۶۰۲ |
| ۶۰۹ | جہیز لڑکی کی ملکیت ہے باپ واپس نہیں لے سکتا | ۶۰۳ |
| ۶۱۰ | ولیمہ کے لئے اکھٹے ہونا ضروری ہے | ۶۰۳ |
| ۶۱۱ | ولیمہ سنّت ہے اور تیسرے دن تک اجازت ہے | ۶۰۴ |

# کتاب الصوم

قال اللہ تعالیٰ

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ کَمَا کُتِبَ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ (بقرہ)

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اذا دخل رمضان فتحت ابواب السماء وفی روایۃ فتحت ابواب الجنۃ
وغلقت ابواب جھنم وسلسلت الشیاطین وفی روایۃ فتحت ابواب الرحمۃ
متفق علیہ ——— (مشکوٰۃ ص۱۷۳ ج۱)

مرتبہ: مفتی محمد انور

## شدّتِ پیاس سے جان پر بن آئے تو افطار کرنے کا حکم

ہمارے یہاں رمضان المبارک میں تین مختلف ایام میں مختلف اموات ہوئیں۔ مقامی مولویوں نے بغیر جنازہ کے دفن کرا دیا۔ بقول ان کے جو حالتِ روزہ میں شدتِ پیاس کی وجہ سے فوت ہو جائے اور روزہ نہ توڑے تو گویا اس نے خودکشی کی اس بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

**الجواب** روزہ کی حالت میں اگر پیاس اتنی شدید لگے کہ جان خطرہ میں پڑ جائے تو روزہ توڑنے کی اجازت ہے۔ اگر کوئی شخص روزہ افطار نہ کرے اور اسی وجہ سے فوت ہو جائے تو یہ خودکشی نہیں۔ بلکہ خود اس پر بھی اجر و ثواب ملے گا۔ اسے خودکشی کہنا جہالت ہے۔ بالفرض اگر یہ خودکشی بھی ہوتی تو بھی خودکشی کرنے والے پر عامۃ المسلمین کو نمازِ جنازہ پڑھنی چاہیئے۔ اس پر نمازِ جنازہ سے روکنے والوں نے غلطی کی ہے۔ اب وہ اپنے لئے اور مرحومین کے لئے استغفار کریں۔

ویؤجر لوصبر ومثله سائر حقوقه تعالى كافساد صوم وصلوة اه۔ (شامی: ج ۲، ص ۱۵۸)۔ من قتل نفسه ولو عمدًا يغسل ويصلى عليه اه۔ (شامی، ج ۱، ص ۸۱۵)۔ فقط واللہ اعلم۔

محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس، ملتان۔

---

## روزے کی حالت میں سر کی مالش کروانا

زید بے خوابی کا مریض ہے۔ حکیم نے روغنِ بادام کی مالش تجویز کی ہے۔ روزے کی حالت میں سر کی مالش کرنے سے روزہ میں کوئی فرق تو نہیں آئے گا؟

**الجواب** مالش کرا سکتے ہیں اس سے روزے میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔

ومايدخل من مسام البدن من الدهن لا يفطر هكذا في شرح المجمع اه۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۱۴۳) فقط واللہ اعلم۔

محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان ۳/ ۸/ ۱۴۰۷ھ

## نصفِ نہار تک صوم وافطار کا فیصلہ کرلینا ضروری ہے

زید نے سحری کھائی۔ اور یہ نیت کی کہ اگر مجھے فلاں مشقت والا کام پڑگیا تو روزہ نہیں رکھوں گا۔ اگر نہ ہوا تو روزہ رکھ لوں گا۔ اگر ایسا کرنا ٹھیک ہے تو دن کے کس وقت تک ایسی نیت کرسکتا ہے؟

**الجواب** اگر وہ کام ایسا ہو کہ اس کی وجہ سے روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہو تو نصفِ نہار شرعی یعنی تقریبًا گیارہ بجے سے پہلے تک اسے اختیار ہے کہ اس صورت میں کوئی ایک فیصلہ کرلے۔ اگر روزہ کا سختہ ارادہ کرنے کے بعد افطار کرے گا تو رمضان کا روزہ ہونے کی صورت میں اس پر قضاء وکفارہ دونوں لازم ہوں گے اور یہ اجازت صرف نصفِ نہار شرعی تک ہے۔ اس کے بعد بھی اسی حالت میں رہا تو روزہ نہیں ہوگا۔

جاز صوم رمضان والنذر المعین والنفل بنیة ذالک الیوم او بنیة مطلق الصوم او بنیة النفل من اللیل الی ما قبل نصف النهار۔ اھ۔ (عالمگیری: ج ۱، ص ۱۹۵)۔

فیصح اداء صوم رمضان والنذر المعین والنفل بنیة من اللیل فلا تصح قبل الغروب ولا عنده الی الضحوة الکبری لا بعدها ولا عندها اعتبارا لاکثر الیوم اھ (درمختار)۔

قوله الی الضحوة الکبری المراد بها نصف النهار الشرعی والنهار الشرعی من استطارة الضوء فی افق المشرق الی غروب الشمس۔ اھ (شامی: ج ۲، ص ۳۷۷)۔

فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان ۲۲/۱۱/۱۳۹۹ھ

الجواب صحیح: بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء۔

---

## امتحانات کی وجہ سے روزہ کو مؤخر کرنا

۱۔ میں ایف اے کی سٹوڈنٹ ہوں۔ میرے امتحانات ماہِ رمضان میں ہوں گے

میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ جس طرح انسان بیمار ہوتا ہے یا کسی سفر پر ہوتا ہے تو وہ ماہِ رمضان کے روزے چھوڑ دیتا ہے اور پھر بعد میں رکھ لیتا ہے۔ کیا اس طرح ہو سکتا ہے کہ میں پیپرز کے دنوں میں روزے چھوڑ دوں اور امتحان کے بعد رکھ لوں۔ اس طرح گناہ تو نہیں ہو گا۔

**الجواب** جن اعذار کی وجہ سے روزہ چھوڑنے کی شرعاً اجازت ہے امتحان ان میں سے نہیں ہے۔ ترکِ روزہ گناہِ کبیرہ ہے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جس نے بلا عذر ایک روزہ چھوڑ دیا ساری زندگی بھی روزہ رکھتا رہے وہ اجر و ثواب نہ پا سکے گا جو رمضان المبارک کا فرض روزہ رکھنے سے ہو گا۔ او کما قال۔ رمضان المبارک پر بلکہ اس کے ہر لمحہ پر پوری دنیا کو قربان کر دیا جائے تب بھی یہ سودا سستا ہے۔

فقط واللہ اعلم

| الجواب صحیح | محمد عبد اللہ عفی عنہ |
|---|---|
| بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء | نائب مفتی ۔ ۶ / ۶ / ۱۴۰۸ھ |

## افطار کا وقتِ مستحب

افطار کا مستحب وقت اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک کون سا ہے۔ اور افطار کے کتنی دیر بعد شام کی نماز پڑھنی چاہیئے۔

**الجواب** افطار کا وقت یہ ہے کہ جب سورج غروب ہو جائے اور اس کے ساتھ ہی رات کی سیاہی چڑھ آئے تو افطار کا وقت ہو جاتا ہے۔ گھڑیوں کے لحاظ سے میقات الصیام چھپے ہوئے ہیں۔ افطار میں تعجیل مستحب ہے اور سحری میں تاخیر۔ لہٰذا جب مذکورہ بالا قاعدہ کے مطابق افطار کا وقت ہو جائے تو جلد از جلد افطار کرنا مستحب ہے افطار کے چار پانچ منٹ بعد جماعت کو کھڑی ہو جانا چاہیئے۔

اذا ادبر النہار من ھٰھنا واقبل اللیل من ھٰھنا وغربت الشمس فقد افطر الصائم ۔ (الحدیث)۔ فقط واللہ اعلم

| الجواب صحیح | بندہ محمد عبد اللہ عفرلہ |
|---|---|
| خیر محمد عفی عنہ مہتمم جامعہ ہذا | مفتی خیر المدارس ملتان ۱۷ / رمضان ۱۳۶۹ھ |

## پاکستانی ایک روزہ رکھ کر سعودی عرب گیا تو وہاں دو روزے ہو چکے تھے اب یہ کتنے روزے پورے کرے

ہم پاکستان سے ۴ جولائی ۱۹۸۱ء کے رمضان المبارک کا پہلا روزہ رکھ کر سعودی عرب میں پہنچے جب کہ یہاں ۳ جولائی کا پہلا روزہ تھا۔ لہٰذا لازمی طور پر پاکستان سے سعودی عرب میں عید الفطر کا چاند بھی پہلے ہی نظر آنا تھا۔ اس لئے ہم نے بھی ان کے ساتھ عید منائی۔ جب کہ پاکستان میں ابھی رمضان کے ایام باقی تھے۔ اب ہمارے روزے جو پاکستان کے لحاظ سے باقی رہے ان کے متعلق کیا حکم ہے۔ اگر ہم پاکستان میں ہوتے تو ان کے ساتھ عید کرتے۔ اور یہاں اگر ابھی تک ہمارے ۲۹ - یا - ۳۰ روزے پورے نہ ہوئے تھے اور ہم نے ان کے ساتھ عید بھی کرلی جب کہ ان کے تیس روزے ہو چکے تھے۔ (فضل الرحمٰن فیصل آبادی)

**الجواب** ایسے پاکستانی لوگ جن کے ۲۹ روزے بھی پورے نہیں ہوتے ان پر لازم ہے کہ وہ ایک یا دو روزے قضاء رکھ کر ۲۹ روزے پورے کرلیں۔

فقط واللہ اعلم

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان، ۱۳ محرم الحرام ۱۴۰۲ھ

## شوال کے چھ روزے علیحدہ علیحدہ رکھنے مستحب ہیں

عید کے بعد کے چھ روزے عید کے بعد فوراً لگاتار رکھے جائیں یا کچھ وقفہ سے بھی رکھ سکتے ہیں؟

**الجواب** دونوں طرح درست ہے۔ بہتر یہ ہے کہ متفرق رکھے جائیں۔ وندب تفریق صوم الست من شوال ولا یکرہ التتابع اھ۔ (شامی ج ۲، ص ۱۷۱) فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | احقر محمد انور عفا اللہ عنہ |
| بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء | مفتی خیر المدارس ملتان ۱۴/۴/۱۳۹۹ھ |

## روزے کی حالت میں آنکھ میں دوائی ڈالنا

ایک شخص نے رمضان المبارک میں آنکھوں میں بحالتِ روزہ مائع یعنی بہنے والی دوائی ڈالی۔ تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ گیا ہے یا نہیں۔ اگر ٹوٹ گیا ہے تو دلائل مع حوالجات تحریر فرما کر مشکور فرمائیں۔

**الجواب**
آنکھ میں بہتی ہوئی دوائی ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

"ولو اقطر شیئا من الدواء فی عینہ لایفطر صومہ عندنا۔ (عالمگیری ج ۱: ص ۱۹۰) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان ۱۷/۱۰/۰۷ھ ۱۴ھ

## صبح صادق کے بعد سفر کا ارادہ ہو تو روزہ رکھنا ضروری ہے

زید رمضان کے مہینہ میں سفر کا پختہ ارادہ رکھتا ہے۔ اور بوجہ درازئ سفر و تکالیف روزہ نہیں رکھ سکتا۔ مگر دن کے دس بجے تک گھر سے نہیں نکل سکتا۔ موٹر گاڑی نہ ملنے کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے۔ اب اشکال یہ ہے کہ اگر روزہ رکھ کر روانگی کے وقت توڑے تو ابطالِ عمل لازم آتا ہے۔ اگر روزہ نہیں رکھتا تو روانگی تک اقامت ہے اور احکامِ سفر اس پر عائد نہیں ہوتے۔ اب اگر زید صبح سے روزہ کی نیت نہ کرے اور جب تک گھر میں رہے امساک کرے تو گنہگار تو نہیں ہوگا؟

**الجواب**
ایسے شخص کو روزہ رکھنا واجب ہے اور اس روزہ کا پورا کرنا بھی واجب ہے۔ لیکن اگر اس شخص نے روزہ رکھا اور مسافر ہونے کے بعد توڑ دیا۔ تو اس پر کفارہ نہیں آئے گا۔ صرف ایک روزہ قضا کا لازم آئے گا اور رات سے نیت نہ کرنے سے گناہ گار ہوگا۔

لما فی الدر علی الشامیۃ کما یجب علی مقیم اتمام صوم یوم منہ ای رمضان سافر فیہ ای فی ذالک الیوم ولکن لا کفارۃ علیہ لو افطر فیہما اھ (ج ۲ - ص ۱۲۸) -

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ محمد عبد اللہ عفر اللہ لہٗ

بندہ محمد اسحاق عفرلہ
۲۸ / ۸ / ۱۳۸۷ھ

نوٹ! روزہ نہ رکھنے کی اجازت اس کے لئے ہے جو صبح صادق سے پہلے سفر شروع کر چکا ہو۔ وھو (ای السفر) لیس بعذر فی الیوم الذی انشأ السفر فیہ اھ (عالمگیری، ص۲۰۸)۔

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## صرف یوم عرفہ کا روزہ مکروہ نہیں

اکیلا عرفہ کے دن کا روزہ رکھنے کا کیا حکم ہے کیا یہ مکروہ تو نہیں؟

**الجواب** مکروہ نہیں بلکہ مستحبات سے شمار کیا گیا ہے۔

والمندوب کایام البیض من کل شھر و یوم الجمعۃ ولو منفردا و عرفۃ اھ (درمختار علی الشامیۃ ج۲ ص۱۱۴)

فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان

## مریض معسر استغفار کرتا رہے

ایک شخص بیمار ہے۔ بدن، دل، دماغ کمزور ہے فرض روزہ رکھنے کی طاقت نہیں۔ اگر روزہ رکھتا ہے تو اس کی حالت نہایت نازک ہو جاتی ہے۔ بلکہ جان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ دائم المرض ہے۔ دو تین سال سے متواتر بیمار رہتا ہے۔ اس لئے روزہ رکھنے سے قاصر ہے۔ اور غنی بھی نہیں بلکہ محتاج و مفلس ہے۔ تو کیا اس صورت میں فدیہ دینا لازم ہے؟ اور اگر وہ غنی ہوتا تو پھر کیا حکم ہے۔ آئندہ صحت کی توقع بھی نہیں۔

عبد الخالق متعلم مدرسہ قاسم العلوم ملتان

**الجواب** شرعاً ایسے مریض پر جس کو اپنی صحت سے مایوسی ہو لازم ہے کہ ہر روزہ کے بدلہ فدیہ ادا کرے۔ لیکن یہ حکم اس وقت ہے جب کہ وہ موسر اور

المدار ہو۔ ففی الشامیۃ ، ج ۲ : ص ۱۶۳ ۔

ومثلہ مافی القہستانی عن الکرمانی المریض اذا تحقق الیأس من الصحۃ فعلیہ الفدیۃ لکل یوم من المرض اھ۔

اگر وہ مسکین وفقیر ہے کہ فدیہ ادا کرنے کی طاقت بھی نہیں رکھتا تو توبہ واستغفار کرتا رہے

" وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا ولو فی اوّل الشھر وبلا تعدد فقیر کالفطرۃ لو موسرا والا فیستغفر اللہ ۔ اھ (درمختار علی الشامیۃ ، ج ۲ ص ۱۶۳)۔

فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ |
| بندہ عبد اللہ غفر اللہ لہٗ مفتی جامعہ ہذا | نائب مفتی خیر المدارس ملتان ۲۸/۸/۱۳۷۸ھ |

## تعجیلِ افطار اور تاخیرِ سحور کے بارے میں اہم تحقیق

زید کہتا ہے کہ افطار کے وقت کی دو حدیں ہیں ایک ابتدائی حد جب افقِ مشرق پر رات کی تاریکی چھا جائے اور افقِ مغرب سے دن کی روشنی زائل ہو جائے اور آفتاب بھی قطعی طور پر غروب ہو جائے ۔ آخری حد ستاروں کا انبوہ و ہجوم ظاہر ہونا ہے ۔ جو یہود کے افطار کا وقت ہے ۔ ان دونوں حدوں کے درمیان تمام وقت مستحب ہے ۔ جیسا کہ حمید بن عبد الرحمٰن ابن عوف سے مؤطا امام مالک میں روایت ہے کہ

" ان عمر بن الخطاب وعثمان بن عفان کانا یصلیان المغرب حین ینظران الی اللیل الاسود قبل ان یفطرا ثم یفطران بعد الصلوٰۃ وذالک فی رمضان "

علامہ زرقانی رح اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں ۔

وھو معنی قولہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقبل اللیل من

ھھنا وادبر النھار من ھھنا وغربت الشمس فقد افطر الصائم۔ (زرقانی، ج ۴، ص۸۹، مطبوعہ مصر)۔

—— علامہ عبدالوہاب شعرانی کشف الغمہ میں لکھتے ہیں ۔

" وکثیرا ماکان صلی اللہ علیہ وسلم یفطر بعد الصلوۃ ثم قال وکان عمر وعثمان رضی اللہ تعالی عنہما لا یفطران الا بعد الصلوۃ وذالک فی رمضان "

اور صحیحین کی روایت سے ثابت ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے نمازِ مغرب میں سورۃ طور کی تلاوت فرمائی ۔ اب نمازِ مغرب میں سورۃ طور تلاوت فرماکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز مغرب کے بعد روزہ افطار کرنا اور اسی پر خلفائے راشدین یعنی عمر و عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہما کا تعامل دائمی اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ اشتباک نجوم اور ستاروں کے انبوہ سے پہلے پہلے افطار وقتِ مستحب کے دائرہ میں ہے ۔ یہ وقتِ تاخیر مکروہ میں داخل نہیں ۔ اور جن روایات میں تعجیل افطار کا حکم ہے اور تاخیرِ افطار سے ممانعت ہے ان تمام احادیث میں افطار کو اتنے تک مؤخر کرنے سے منع کیا گیا ہے جتنے تک کہ یہود و نصاریٰ مؤخر کرتے تھے ۔ یعنی اشتباک نجوم تک ۔

—— علامہ عینیؒ فرماتے ہیں ۔ انما یکرہ تأخیرہ الی اشتباك النجوم ۔ (عینی، ج ۲، ص۲۹۲)۔

—— علامہ شامی رحؒ نے "بحر" کے حوالہ سے نقل کیا ہے ۔ والتعجیل المستحب قبل اشتباك النجوم ۔

—— علامہ بحر العلوم ارکانِ اربعہ، ص ۲۱۵ ۔ پر تحریر فرماتے ہیں ۔

ثم تعجیل المغرب ایضاً مندوب کتعجیل الافطار فالصائم مخیر فی تأخیر المغرب علی الافطار و بالعکس الخ

اس سے معلوم ہوا کہ بعد نماز مغرب افطار کرنا ستاروں کے ہجوم و انبوہ سے قبل مکروہ نہیں ۔ اس کے بعد تاخیر ممنوع ہے اور وقتِ مکروہ شروع ہوجاتا ہے ۔

زید یہ بھی کہتا ہے کہ غروبِ شمس کے بعد جب تک سورج کے غروب کی جگہ بے نشان

نہ ہوجائے اور اس کی جگہ سے روشنی زائل نہ ہوجائے جس کی تخمینی مقدار غروب کے بعد دس منٹ تک ہے۔ اسوقت تک افطار کا وقت نہیں ہوتا۔ اور جب کہ وقتِ مستحب اشتباکِ نجوم سے قبل تک طویل ہے۔ تو پھر افطار میں جلدی کیوں کی جاتی ہے۔ غروب کے دس منٹ بعد روزہ افطار کرنا چاہیئے۔ زید کی تقریرِ مذکور کے پیشِ نظر مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات درکار ہیں۔

۱ : افطار کا وقتِ مستحب سورج غروب ہونے کے بعد کتنی دیر میں شروع ہوتا ہے اور سورج کا جب نظر آنا بند ہوجائے تو پھر افطار کے لئے کس نشانی کا انتظار ضروری ہے۔ روایتِ شیخین میں اقبالِ لیل وادبارِ نہار کے کیا معنی ہیں ؟

۲ : وقتِ مستحب افطار کی انتہا کیا ہے۔ شامی اور ارکانِ اربعہ کی عبارتوں سے جو یہ معلوم ہوتا ہے کہ نماز کے بعد افطار کرنا بھی وقتِ مستحب میں افطار ہے اور اشتباکِ نجوم سے قبل تمام وقت مستحب ہی ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے۔ کیا یہ سارا وقت ایک درجہ کا مستحب ہے یا اس میں کچھ فرق ہے ؟

۳ : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عمر و عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہما جو نماز کے بعد افطار کیا کرتے تھے اس کی کیا توجیہ ہے۔ خصوصاً حضرت عمر و عثمان رضی اللہ عنہما کا دائماً ایسا کرنا ؟

۴ : صحیحین کی جس روایت سے مغرب کی نماز میں سورۃ طور کا پڑھنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کیا اس میں کوئی قرینہ اس امر کا ہے کہ یہ مغرب کی نماز رمضان المبارک میں تھی یا کسی دوسری حدیث میں اس کی تصریح ہے کہ رمضان المبارک میں یا جس روز روزہ تھا اس کی مغرب میں آپؐ نے سورۃ طور پڑھی ہے ؟ فقط والسلام

سید عبدالشکور ترمذی

مدرسہ حقانیہ ساہیوال سرگودھا

**الجواب** زید کی تقریر کا مبنیٰ چند امور ہیں۔

۱ :۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عمر و عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہما کا یہ عمل کہ انہوں نے بعد از مغرب افطار کیا۔

۲ : دوسرا یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مغرب میں سورۂ طور یا اور بعض لمبی سورتوں کا پڑھنا ثابت ہے۔

۳ : تیسرا یہ کہ زید ان دونوں باتوں کو دوام و استمرار پر محمول کر رہا ہے جیسا کہ تحریر میں ہے خصوصًا عمر و عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہما کا تو دائمی طور پر افطار بعد الصلوٰۃ پر عمل تھا۔ ان تینوں مقدمات کو ملانے سے تاخیرِ افطار کو ثابت کیا گیا ہے۔

لیکن یہ استدلال صحیح نہیں ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بعد از نماز مغرب افطار فرمانا دائمی عمل نہیں ہے۔ بلکہ آپؐ نے احیاناً ایسا عمل فرمایا ہے بیانِ جواز کے لئے تاکہ کوئی شخص تعجیلِ افطار کو واجب نہ کہے اکثری عمل آپ کا افطار قبل الصلوٰۃ تھا۔

قال الزرقانی روی ابن ابی شیبة وغیرہ عن انس قال ما رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی حتی یفطر ولو علی شربة من ماء وفی روایة الترمذی و ابی داؤد عن انس رضی اللہ عنہ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یفطر قبل ان یصلی علی رطبات فان لم تکن فتمیرات الحدیث قال القاری فیہ اشارة الی کمال المبالغة فی تعجیل الفطر۔ وایضا فی روایة البخاری عن عبد اللہ بن ابی اوفیٰ قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر وھو صائم فلما غابت الشمس قال لبعض القوم یا فلان قم فاجدح لنا فقال یا رسول اللہ لو اَمْسَیْتَ قال انزل فاجدح قال ان علیك نهارا قال انزل فاجدح لنا فنزل فجدح لھم فشرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ (الحدیث)

یہ تینوں روایات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے افطار قبل الصلوٰۃ پر نص ہیں اسی طرح حضرت عمرؓ اور حضرتِ عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہما کا عمل بھی بیانِ جواز پر محمول ہے کہ بعض اوقات افطار کو مؤخر کر دیتے تھے تاکہ تعجیلِ افطار کے وجوب کا گمان نہ ہونے لگے یہ بات بھی ملا علی قاری رحؒ نے ذکر کی ہے۔ فرماتے ہیں۔

فیہ ما صح ان عمر و عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما کانا برمضان یصلیان المغرب (الحدیث)۔ فھولبیان جواز التأخیر لئلا یظن وجوب التعجیل (اوجزالمسالک)

اسی طرح زید کے استدلال کا مقدمۂ ثانیہ کہ "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب میں سورۃ طور پڑھی" بھی اس کے دعوے کے لئے مفید و مثبت نہیں۔ تاوقتیکہ مقدمۂ مذکورہ کے ساتھ امور ذیل کا ثبوت بہم نہ پہنچے۔

۱: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب میں "والطور" پوری پڑھی؟

۲: یہ رمضان المبارک میں ہوا۔؟

۳: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل دائمی اس پر تھا۔

حالانکہ علمی حیثیت سے امور بالا میں سے کوئی امر بھی ثابت نہیں۔ نماز مغرب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض طویل سورتیں پڑھنے کی توجیہ یہ کی گئی ہے کہ ممکن ہے کہ آپ نے ان سورتوں کا کچھ حصہ پڑھا ہو۔

قالہ الکرمانی بحوالۂ عینی کذا فی حاشیۃ البخاری (ج۱؛ ص۱۰۵) والیہ مال الطحاوی۔

تقریر بالا سے زید کے استدلال کی نفی تو ہوگئی۔ اب مسئلہ استحبابِ تعجیل پر کچھ دلائل تحریر کئے جاتے ہیں۔

۱: عن سہل بن سعد ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یزال الناس بخیر ماعجلوا الفطر (بخاری)۔

۲: عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ عز وجل احب عبادی الیّ اعجلھم فطرا۔ (ترمذی)۔

۳: وہ تین روائتیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے افطار قبل الصلوٰۃ کے اثبات میں اوپر ذکر کی گئی ہیں ان روایات کے علاوہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا معمول بھی یہی نقل کیا گیا ہے۔

عن عمرو بن میمون الاودی قال کان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسرع الناس افطارا وابطائھم سحورًا۔

نیز صاحبِ اوجز المسالک نے نقل کیا ہے کہ حضرت علی، ابن عباس اور ابو بردۃ الاسلمی رضی اللہ تعالےٰ عنہم نماز سے قبل افطار فرمایا کرتے تھے۔ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا معمول بھی تعجیلِ افطار کا بخاری وغیرہ کی روایات سے ثابت ہوتا ہے۔ تعجیلِ افطار کے استحباب پر اجماع ہے۔ اوجز المسالک میں ہے۔

واستحبابہ مجمع علیہ وقد حکی الاجماع علی ذالک غیر واحد من نقلۃ المذاھب قال الموفق وھو قول اکثر اھل العلم قال ابن عبد البر احادیث تعجیلہ وتاخیر السحور صحاح متواترۃ۔ (اوجز المسالک، ج ۵، ص۱۵)۔

واضح رہے کہ تعجیل امرِ اضافی ہے غروبِ شمس کے بعد جتنی ہی تعجیل ہوگی اتنا ہی استحباب قوی ہوگا۔ اور اس میں جتنی تاخیر ہوتی جائے گی اتنا ہی استحباب میں ضعف اور کمی آتی چلی جائے گی۔ یہاں تک کہ جب اشتباکِ نجوم ہو جائے تو استحباب ختم ہو کر وقتِ کراہت شروع ہو جائے گا۔

یہی مراد ہے ان فقہی عبارات کی جو بحر وغیرہ سے زید کی طرف سے اس سلسلہ میں نقل کی گئی ہیں کہ وقتِ استحباب اشتباکِ نجوم تک ہے۔ عقلاً بھی تاخیرِ سحور اور تعجیل افطار مستحسن معلوم ہوتی ہے کیونکہ اس میں بندے کی طرف سے ضعف اور کمزوری کا اظہار ہے۔ اور تاخیرِ افطار میں اپنی جلادت وقوت کا دعوےٰ ہے۔ اللہ تعالےٰ کو ضعف اور عاجزی کا اظہار محبوب ہے۔ اس لئے تعجیلِ افطار جہاں تک ہو سکے مستحب ہوگی۔

مذکورہ بالا تفصیل کے ضمن میں آپ کے تمام سوالات کا جواب آگیا ہے۔ آسانی کے لئے جوابات کا خلاصہ مختصر طور پر نمبروار دوبارہ ذکر کیا جاتا ہے۔

۱: جب غلبۂ ظن ہو جائے کہ سورج غروب ہو گیا ہے تو افطار کا وقتِ مستحب فوراً بلا تاخیر شروع ہو جاتا ہے۔ "اقبالِ لیل" سے مراد ہے کہ افقِ مشرق پر رات کا اندھیرا قدرے

محسوس ہونے لگے۔ اور "ادبارِ نہار" سے مراد ہے کہ دن کی روشنی اور سفیدی کم ہونا شروع ہو جائے۔ اور یہ دونوں چیزیں غروبِ شمس کے فوراً بعد شروع ہو جاتی ہیں۔ احساسِ ظلمت اور اضمحلالِ بیاضِ نہار کے ساتھ غروبِ شمس لازم نہیں۔ لیکن غروبِ شمس کے ساتھ اقبالِ لیل اور ادبارِ نہار لازم معلوم ہوتے ہیں۔

۲ : افطار کے لئے وقتِ مستحب کی انتہا اشتباکِ نجوم سے قبل تک ہے۔ لیکن یہ سارا وقت استحباب میں برابر نہیں۔ غروبِ شمس کے بعد جتنی جلدی افطار کیا جائے گا اتنا ہی پسندیدہ ہوگا۔

قال علیہ السلام قال اللہ عز وجل احبّ عبادی الیّ اعجلہم فطرا وفی الترمذی ج۱: ص۸۸ وتعجیل الافطار افضل فیستحب ان یفطر قبل الصلوۃ اھ. (عالمگیری)

۳ : اس کا مفصل جواب گزر چکا ہے اس کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وحضراتِ شیخین رض کے افطار بعد الصلوۃ کی ایک توجیہ یہ بھی کی گئی ہے کہ روزہ افطار تو نماز سے پہلے ہی فرما لیا کرتے تھے لیکن افطاری کا کھانا نماز کے بعد تناول فرماتے تھے جس کو راوی نے "یفطران" سے تعبیر کیا ہے۔

۴ : آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مغرب میں "والطور" پڑھنا رمضان میں تھا یا غیرِ رمضان میں؟ روایات سے ہم ایسا کوئی قرینہ معلوم نہیں کر سکے جس سے یہ معلوم کر سکیں کہ یہ واقعہ رمضان المبارک کا ہے یا آپؐ کم از کم اس دن روزہ سے تھے۔

فقط واللہ اعلم بالصواب

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ |
| بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ مفتی مدرسہ ہذا | مفتی خیر المدارس ملتان ۱/۱۲/۸ ۱۳۹ھ |

## جس کے رمضان کے روزے رہتے ہوں نفل روزے رکھ سکتا ہے یا نہیں

زید کے رمضان شریف کے روزے رہتے ہیں تو کیا وہ محرم کی دسویں، گیارہویں کا روزہ رکھ سکتا

ہے ؟ یا پہلے رمضان کے قضاء کرنے ضروری ہیں ؟

المستفتی : سید نصرت علی ، نئی روشنی سکول وحدت کالونی : ملتان

**الجواب** زید محرم کے روزے رکھ سکتا ہے البتہ قضاء رمضان میں بلا عذر اتنی تاخیر مناسب نہیں۔

ولا یکرہ صوم التطوع لمن علیہ قضاء رمضان کذا فی معراج الدرایۃ اھ (عالمگیری ج۱ ص۱۳۰) - فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان ۲،۲،۳ ھ۱۴

## غروب سے پہلے چاند دیکھ کر افطار کیا تو قضاء و کفارہ دونوں لازم ہیں

ایک مولوی صاحب نے عید کا چاند غروب آفتاب سے قبل دیکھ لیا اور روزہ افطار کر لیا اسکو دیکھ کر دوسرے لوگوں نے بھی افطار کر دیا ۔ بعد میں یہ معلوم ہوا کہ یہ تو درست نہیں ہوا ۔ مولوی صاحب کہتے ہیں کہ یہ مجھ سے مغالطہ میں ہوا ۔ میں نے کئی لوگوں کو ایسا کرتے دیکھا تھا ۔ تو اب مسئلہ یہ معلوم کرنا ہے کہ قضاء و کفارہ دونوں لازم ہیں یا فقط قضاء ؟ ساٹھ روزوں کی بجائے کیا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلایا جا سکتا ہے ؟

غلام لٰسین خطیب ریلوے مسجد بھکر میانوالی

**الجواب** امام صاحب اور ان کے متبعین مفطرین پر قضاء و کفارہ دونوں لازم ہیں ۔ کیونکہ رمضان کا روزہ دن کو عمداً افطار کیا گیا ہے اور جہالت کوئی عذر نہیں ۔

ورؤیتہ بالنہار للیلۃ الآتیۃ مطلقا ای سواء رؤی قبل الزوال او بعدہ ۔ اھ (شامی ج ۲ ص ۱۳۰) -

اگر واقعۃً روزوں کی طاقت نہ ہو تو کھانا کھلایا جا سکتا ہے ۔

فان لم یجد صام شہرین متتابعین فان لم یستطع أطعم ستین مسکینا ۔ اھ (شامی ج ۲ ص ۱۵۰) -

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان ۱۳/۱۱/۱۳۹۷ھ

## روزہ دار کے منہ میں زبردستی لید ٹھونس دی

روزہ دار کے منہ میں گدھے کی لید ٹھونس دی اور بری طرح جلوس نکالا آیا اس پر قضاء آئے گی یا کفارہ آئے گا ؟

۲ : اسی روزہ دار کے متعلق لوگ کہتے ہیں کہ اس نے چار سالہ بچی کے ساتھ بُرا فعل کیا ہے اور مجرم کہتا ہے کہ میں نے یہ گندا کام نہیں کیا ۔ صرف ذاتی دشمنی اور مخالفت کی بناء پر میرے ساتھ یہ سلوک کیا گیا ہے ۔ آیا ایک شریف آدمی کا ایسے جلوس نکالنا شرعاً کیسا ہے ۔ بینوا توجروا

**الجواب** اگر لید تر تھی تو ظاہر ہے کہ ٹھونسنے کی صورت میں کچھ پانی وغیرہ بھی حلق سے نیچے اترا ہوگا ۔ لہٰذا قضاء ضروری ہے ۔ اور خشک ہونے کی صورت میں اگر یقین ہو کہ حلق سے نیچے کچھ نہیں گیا تو قضاء ضروری نہیں ہے مگر احتیاط اسی میں ہے کہ قضاء کر لی جائے اور کفارہ بہر صورت نہیں ۔

۲ : اگر بغیر کسی جرم اور شرعی ثبوت کے یہ سلوک کیا گیا ہے ، تو انتہائی قابلِ مذمت اور نامناسب ہے ۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان ۲۳/۱۲/۱۳۹۸ھ

## کفارے کے روزے لگاتار رکھنا ضروری ہے

ایک آدمی نے رمضان شریف کا ایک روزہ جان بوجھ کر توڑا ۔ اس کا کفارہ اگر ساٹھ روزے رکھے تو کیا یہ ساٹھ روزے لگاتار رکھے یا وقفہ کے ساتھ ؟

**الجواب** کفارے کے روزے لگاتار رکھنا ضروری ہے ۔ اگرچہ کسی عذر سے بھی ایک دن روزہ نہ رکھا تب بھی نئے سرے سے شروع کرکے دوبارہ پورے

کمے ۔ فان أفطر ولو بعذر غیر الحیض استانف ۔ (طحطاوی ص ۳۶۶)

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان

## شیخ فانی سردیوں میں روزہ رکھ سکے تو روزہ کی قضاء کرے فدیہ نہ دے

والد صاحب بوجہ ضعف اور عمر رسیدگی رمضان المبارک کے روزے نہیں رکھ سکتے ۔ ادھر رمضان المبارک کی آمد آمد ہے ۔ اگر قبل از رمضان المبارک سارے ماہِ صیام کے روزوں کا فدیہ والد صاحب کی طرف سے ادا کر دیا جائے تو کیا ادا ہو جائے گا یا نہیں ؟ اگر ادا ہو جائے گا تو کس حساب سے پورے ماہ رمضان کے روزوں کا فدیہ ادا کیا جائے ۔ جبکہ وہ بعض اوقات جمعہ کے دن کا روزہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں اور روزہ رکھ لیتے ہیں ۔ لیکن اب کمزوری بہت زیادہ ہے اس مرتبہ شاید وہ کوئی روزہ بھی نہ رکھ سکیں ۔ اس بارے میں مفصل جواب سے نوازیں ؟

المستفتی : سیف اللہ خالد قادری : ۲۵۳ / بی شاہجمال ٹاؤن لاہور ۵۴۷۷۰

**الجواب** اگر آئندہ چل کر سردیوں کے چھوٹے دنوں میں بھی روزہ رکھ سکنے کی توقع نہ ہو تو ہر روزے کے بدلے میں ایک صدقۂ فطر کے برابر فدیہ دے دیں سارے مہینے کا فدیہ شروع رمضان میں اکٹھا بھی دے سکتے ہیں مگر رمضان شروع ہونے سے پہلے دینا مناسب نہیں ۔

وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا ولو فی اوّل الشہر وبلا تعدد فقیر کالفطرۃ لو موسرا والا فیستغفر اللہ اھ (در مختار) ۔ وفی الشامیۃ (قولہ العاجز عن الصوم) أی عجزا مستمرا کما یأتی أما لو لم یقدر علیہ لشدۃ الحر کان لہ أن یفطر ویقضیہ فی الشتاء (ج ۲ ، ص ۱۳۰)

فقط واللہ اعلم ۔ احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان ۱۳ / ۸ / ۱۴۰۷ھ

## قضاء رمضان کیلئے رات سے نیت کرنا ضروری ہے

ایک شخص کے ذمہ رمضان کے چند روزوں کی قضاء باقی ہے ان کے ادا کئے بغیر پہلے نفلی روزے رکھتا ہے۔ آیا اس کے وہ نفلی روزے ہوں گے یا رمضان شریف کی قضاء کے شمار ہوں گے۔

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں نفلی روزے ہوں گے۔ کیونکہ قضاء روزوں کے لئے تعیین شرط ہے۔ ہندیہ میں ہے۔ وشرط القضاء والکفارات ان یبیت ویعین۔ (ج ۱ ص ۱۹۶)۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
نائب مفتی خیر المدارس، ملتان

## جھوٹ بولنے کے بعد روزہ توڑ دیا تو کفارہ کا حکم

ایک شخص نے رمضان المبارک میں روزہ توڑا۔ اور روزہ توڑنے کی وجہ یہ بتائی کہ میں نے جھوٹ بولا تھا۔ تو میں نے گمان کیا کہ جھوٹ بولنے سے روزہ نہیں رہتا۔ کیونکہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو شخص روزہ رکھ کر جھوٹ بولے اس کا روزہ باقی نہیں رہتا۔ اب یہ فرمائیں کہ اس پر کفارہ ہوگا یا نہیں؟

**الجواب** شخص مذکور پر قضاء اور کفارہ دونوں لازم ہیں۔ ولو اغتاب انسانا فظن ان ذالک یفطرہ ثم اکل بعد ذالک متعمدا فعلیہ الکفارۃ وان استفتی فقیہا او تأول حدیثا کذا فی البدائع وبہ قال عامۃ العلماء کذا فی فتاوی قاضی خان۔ (عالمگیری، ج ۱، ص ۲۰۵)۔

اور حدیث میں یہ نہیں آتا کہ جھوٹ بولنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے بلکہ حدیث پاک کے الفاظ یہ ہیں۔

من لم یدع قول الزور والعمل بہ فلیس للہ حاجۃ فی ان یدع طعامہ وشرابہ۔ رواہ البخاری، مشکوۃ (ج ۱ ص ۱۷۶)۔

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان

## بخار کی شدت کی وجہ سے رمضان کا روزہ توڑا تو صرف قضا آئیگی

زیدؔ نے رمضان شریف میں روزہ رکھا لیکن بخار کی شدت کی وجہ سے توڑ دیا۔ کیا اس کا کفارہ ہوگا یا نہیں ؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں اگر مرض اور بخار کی زیادتی کا قوی اندیشہ تھا یا کسی طبیب نے ایسا کہا تھا اس بنا پر روزہ افطار کیا گیا ہے تو کفارہ واجب نہیں صرف قضاء واجب ہوگی۔

اذا احدث المرض فی نہار رمضان ویظن بالصوم الزیادۃ علی المرض یباح لہ الافطار اھ (رسائل الارکان کذا فی مجموعۃ الفتاوی، ج ۱ ص ۳۸۶) - فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۱۲ / ۸ / ۱۴۰۰ھ

## دوا موضع حقنہ تک پہنچ جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا

ایک آدمی کو خارش کی سخت بیماری ہے اگر وہ دوا کو انگلی پر لگا کر مقعد میں داخل کرے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** اگر یہ دوا موضع حقنہ تک پہنچ گئی تو روزہ فاسد ہو جائے گا اور اگر اس سے پیچھے رہی ہے تو روزہ فاسد نہیں ہوگا۔

أو أدخل اصبعہ الیابسۃ فیہ أی دبرہ أو فرجہا ولو مبتلۃ فسد اھ (درمختار) - وھذا لو ادخل الاصبع الیٰ

موضع الحقنة. اھ (شامی ج ۲ ص ۹۹) ۔ فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | احقر محمد انور عفا اللہ عنہ |
| بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء | مفتی خیر المدارس ملتان ۲۵؍۹؍۱۴۰۱ھ |

## استمناء بالید میں قضاء ہے کفارہ نہیں

ایک شخص نے لواطت بالید کر کے کئی روزے افطار کر دیئے۔ کسی کے بتلانے پر اس نے بطور کفارہ دو ماہ کے روزے بھی رکھے۔ رات کو غلبۂ شہوت کی وجہ سے پھر اخراج منی کیا کیا شخص مذکور کا کفارہ ادا ہو گیا یا نہیں ؟

**الجواب** شخص مذکور پر کفارہ واجب ہی نہیں ہوتا۔ بلکہ جتنے روزے اس عمل سے توڑے ہیں اتنے روزوں کی صرف قضاء واجب ہے۔

وکذا الاستمناء بالکف وان کرہ تحریما لحدیث ناکح الید ملعون اھ (درمختار) وفی ردالمحتار قولہ وکذا الاستمناء بالکف أی کونہ لا یفسد لکن ھذا اذا لم ینزل أما اذا أنزل فعلیہ القضاء اھ (شامی ج ۲ ص ۱۳۶)

فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | بندہ محمد اسحاق عفرلہ |
| بندہ محمد عبداللہ عفرلہ | معین مفتی خیر المدارس ملتان |
| مفتی خیر المدارس ملتان | ۶-۷-۱۳۹۶ھ |

## احتلام ہو جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

اگر رمضان میں حالت روزہ میں نیند کی حالت میں احتلام ہو جائے تو روزہ پر کیا اثر پڑے گا ؟

**الجواب** اس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ فی التنویر اذا اکل الصائم او شرب او جامع ناسیاً الخ اوقبل او احتلم الخ لم یفطر اھ (شامی ج ۲ ص ۹۵) وھکذا فی الھندیۃ ج ۲ ص ۲۰۱)۔ فقط واللہ اعلم۔ احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## استنجاء کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ماہِ رمضان میں جو روزہ دار ہے اس کے لئے لازمی ہے کہ پاخانہ کرنے کے بعد استنجاء کرتے وقت پاخانہ والی جگہ کو استنجاء کرنے کے بعد انگلیوں سے بالکل خشک کر دے۔ اگر ہو سکے تو اس کے بعد کپڑا مار دے تاکہ کوئی قطرہ پانی کا وہاں نہ لگا رہے۔ اگر انگلیوں سے اچھی طرح صاف نہ کرے گا اور فوراً بعد اٹھ کھڑا ہوگا تو جو قطرات وہاں لگے ہوں گے وہ اوپر چڑھ جائیں گے اور روزہ ٹوٹ جائے گا۔ اسی طرح عورت اندام نہانی میں یہی عمل کرے۔ آپ اصل مسئلہ تحریر فرمائیں؟

**الجواب** والصائم اذا استقصٰی فی الاستنجاء حتی بلغ الماء مبلغ الحقنة یفسد صومہ ھکذا فی البحر الرائق۔ (عالمگیری، ج ۱، ص ۱۰۵) قال فی الفتح والحد الذی یتعلق بالوصول الیہ الفساد قدر المحقنة۔ اھ (شامی، ج ۲، ص ۱۳۵)۔

جزئیہ بالا سے ظاہر ہے کہ صورت مسئولہ میں روزہ ٹوٹنے کے لئے ضروری ہے کہ پانی موضع حقنہ تک پہنچ جائے۔ اور استنجاء میں عادتاً ایسا نہیں ہوتا۔ جیساکہ درمختار میں مصرح ہے۔

وھذا قلما یکون ولوکان فیورث داء عظیماً[1] ۔

پس صورتِ مسئولہ میں روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح
خیر محمد عفا اللہ عنہ ۳/۹/۱۳۸۸ھ

## بوس و کنار سے انزال ہو جائے تو صرف قضاء واجب ہوگی

(۱) اگر صائم کو رمضان میں بیوی سے بوس و کنار کرنے سے انزال ہو جائے جب کہ نیت صحبت

---

[1] درمختار علی الشامیہ، ج ۲، ص ۹۹۔ طبع بیروت۔ اصغر محمد انور عفا اللہ عنہ

کی نہ ہو۔

۲ : اگر نیت صحبت کی ہو۔ اور صرف بوس وکنار سے انزال ہو جائے۔

۳ : اگر صائم کو رمضان میں مشت زنی سے انزال ہو جائے۔ تو مندرجہ بالا تینوں صورتوں میں صرف روزہ کی قضاء لازم آئے گی یا کفارہ بھی ؟ بینوا توجروا۔

**الجواب** مذکورہ تینوں صورتوں میں صرف قضاء لازم آئے گی۔ کفارہ واجب نہیں ہوگا اوقبل و لوقبلۃ فاحشۃ الخ اولمس فانزل ولوبحائل لا یمنع الحرارۃ اواستمنی بکفہ الخ قضی فی الصور کلھا فقط۔ اھ (درمختار) وفی الشامیۃ تحت قولہ فقط ای بدون کفارۃ اھ (ج۲ ص۱۵۰)۔

فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان ۲۲/۹/۱۴۰۲ھ

## بغلگیری سے انزال ہو جائے تو قضا واجب ہے کفارہ نہیں

ایک آدمی اپنی منکوحہ بیوی سے بحالتِ شہوت بوس وکنار کرتا ہے۔ درحالتِ بغلگیری اس کو انزال ہو جاتا ہے تو کیا اس کا روزہ باقی ہے یا ختم ہو گیا ؟ اگر ختم ہو گیا تو کیا وہ دن کو کچھ کھا پی سکتا ہے ؟ نیز مشت زنی کرنے یا بے ریش لڑکے کو بغلگیر کرنے سے انزال ہو جائے تو اس کے متعلق کیا حکم ہے ؟

**الجواب** فی التنویر قبل او لمس فانزل قید للکل — قضی فقط وفی الشامیۃ قولہ اولمس ای لمس آدمیا لما مر انہ لو مس فرج بھیمۃ فانزل لا یفسد صومہ اھ۔ (شامیہ ج۲ ص۱۴۲)

عبارت بالا سے معلوم ہوا کہ دونوں صورتوں میں شخص مذکور کا روزہ ٹوٹ جائے گا اور قضاء کرنا ضروری ہے۔ جس شخص کا روزہ ٹوٹ جائے اس کو کھانے پینے کی اجازت نہیں۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ نائب مفتی خیر المدارس ملتان ۱۰/۹/۱۳۸۸ھ

## غروب سے پہلے چاند دیکھ کر عالم کے کہنے سے روزہ توڑ دیا تو کفارہ کا حکم

تیس روزے پورے ہونے پر عید کا چاند دن ہی کو دیکھ لیا جائے تو روزہ افطار کر سکتے ہیں یا نہیں ؟ اگر افطار نہیں کر سکتے تو ایک بے خبر شخص نے ایک عالم معتبر کے کہنے سے روزہ افطار کر دیا تو اس بے خبر انسان کا کیا حکم ہے ؟ اس پر قضاء واجب ہے یا کفارہ ؟ کیونکہ اس نے ایک معتبر عالم کے کہنے سے روزہ افطار کیا ہے ؟

**الجواب** فی البدائع فان احتجم فظن ان ذالک یفطرہ فاکل بعد ذالک متعمدا ان استفتی فقیها فافتاہ بانہ قد أفطر فلا کفارۃ علیہ لان العامی یلزمہ تقلید العالم فکانت الشبھۃ مستندۃ الی صورۃ دلیل اھ بدائع الصنائع (ج ۲، ص۱۰۱)۔

تفصیل مذکور سے عامی کے لئے معتبر عالم کا قول حجت اور موجب شبہ ہونا معلوم ہوا۔ پس صورت مسئولہ میں بقول سائل جب کہ معتبر عالم کے کہنے پر روزہ افطار کیا ہے تو اس صورت میں کفارہ واجب نہیں ہوگا بلکہ قضاء واجب ہوگی۔

نوٹ :۔ بعض صورتوں میں فتویٰ فقیہ کے باوجود روزہ توڑنے میں وجوب کفارہ لکھا ہے لہٰذا احتیاطاً اگر کفارہ ادا کر دیا جائے تو بہتر ہے۔ فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ | الجواب صحیح |
| نائب مفتی خیر المدارس ملتان | محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ ۱۳/۱۱/۱۳۹۲ھ |

## کتنی عمر کے بچے سے روزہ رکھوایا جائے

رمضان شریف میں جب سحری کھانے کے لئے اٹھتے ہیں تو گھر کے نابالغ بچے دس بارہ سال کے بھی اصرار کرتے ہیں کہ ہم بھی روزہ رکھیں گے اب ہم انہیں منع بھی نہیں کر سکتے مگر ظاہر ہے کہ گرمیوں میں انہیں روزہ رکھنے سے تکلیف بھی ہوتی ہے تو شرعاً اس بارے میں کیا حکم ہے اگر وہ روزہ رکھ کر دوپہر کو توڑ دیں تو ان پر کوئی کفارہ تو نہیں ؟

**الجواب** جب بچے میں روزہ رکھنے کی طاقت ہو جائے تو اسے روزہ رکھوانا چاہیئے۔ تاکہ ابھی سے اسے عادت ہو اور روزہ معمول بن جائے۔ البتہ طاقت کے لئے کوئی خاص عمر متعین نہیں۔ کیونکہ یہ بنیادی صحت علاقہ اور موسم کے لحاظ سے کم وبیش ہوتی رہتی ہے۔ البتہ دس سال کی عمر میں سختی سے روزہ رکھوایا جائے۔ معہذا اگر وہ رکھنے کے بعد توڑ دیں گے تو ان پر قضاء واجب نہ ہوگی۔

ویؤمر الصبی بالصوم اذا اطاقہ ویضرب علیہ ابن عشر کالصلوۃ فی الاصح اھ (درمختار) (قولہ اذا أطاقہ) وقدر بسبع والمشاھد فی صبیان زماننا عدم اطاقتھم الصوم فی ھذا السن۔ اھ قلت یختلف ذالک باختلاف الجسم واختلاف الوقت صیفا وشتاء والظاھر انہ یؤمر بقدر الاطاقۃ اذالم یطق جمیع الشھر اھ الصبی اذا افسد صومہ لایقضی لانہ یلحقہ فی ذلک مشقۃ اھ (شامی ج ۲ ص ۱۰۲)

فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان ۴/۹/۱۴۰۹ھ

## حکومت کے اعلان کے باوجود کسی عالم کے یہ کہنے سے کہ چاند نہیں ہوا روزہ توڑ دیا تو کفارہ کا حکم

رمضان کے چاند کا اعلان بذریعہ ریڈیو، ٹی۔وی گیارہ بجے رات ہوا۔ جس پر ہم سب لوگوں نے روزہ رکھا۔ لیکن صبح آٹھ بجے خانقاہ سراجیہ مولانا خان محمد صاحب مدظلہ سے رابطہ قائم کیا گیا۔ تو انہوں نے فرمایا کہ ہم نے مکمل تحقیق کی ہے۔ چاند کہیں نظر نہیں آیا۔ اس لئے بعض لوگوں نے روزہ توڑ دیا۔ جس پر علاقہ کے علماء نے کہا کہ اس کی قضاء اور کفارہ آئے گا۔ کیونکہ رؤیت ہلال کمیٹی کا فیصلہ ہمارے لئے واجب العمل تھا۔ تو کیا صرف قضاء آئے گی یا کفارہ بھی؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں صرف قضاء واجب ہے کفارہ شبہ کی وجہ سے ساقط ہو گیا ہے۔ مراقی میں ہے۔ واذا استفتی فقیھا فافطر فلا

کفارۃ علیہ وان خطأ الفقیہ ۔ (ج ۱، ص ۳۹۵)۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ نائب مفتی خیر المدارس ملتان

## گدھے کیساتھ وطی کرنے سے قضاء واجب ہوگی کفارہ نہیں

ایک شخص روزہ رکھ کر کے ایک جانور یعنی گدھے کے ساتھ وطی کرتا ہے ۔ پھر بغیر غسل کے نماز بھی ادا کرتا ہے اور اسی حالت میں دوسرے دن پھر روزہ رکھ کے گدھے کے ساتھ وطی کرتا ہے تو اب اس صورت میں اس پہ روزہ توڑنے کی وجہ سے کفارہ واجب ہوگا یا نہیں ؟

**الجواب** فی العالمگیریۃ (ج ۱، ص ۲۰۵) واذا جامع بھیمۃ الی ان قال کان علیہ القضاء دون الکفارۃ ۔ اھ

اس سے معلوم ہوا کہ وطی صبح صادق کے بعد کی ہے تو اس شخص پر قضاء واجب ہے کفارہ نہیں حالتِ جنابت میں بھی روزہ ہو جاتا ہے ۔

وفی العالمگیریۃ ومن اصبح جنبا او احتلم فی النہار لم یضرہ اھ البتہ جتنی نمازیں حالتِ جنابت میں پڑھی ہیں ان کی قضاء ضروری ہے ۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ محمد اسحاق غفرلہ
معین مفتی خیر المدارس ملتان

بندہ محمد عبداللہ غفرلہ ۹ / ۱۱ / ۱۳۷۵ھ

## صرف نظر و فکر سے انزال ہو جائے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا

زید نے روزہ رکھا ہوا تھا ۔ ان کے گھر ایک غیر محرم عورت مہمان ٹھہری ہوئی تھی وہ اس کی طرف بار بار شہوت سے دیکھتا رہا اور اس کے بارے میں سوچتا رہا ۔ اور اسی دوران اس کو انتشار ہو کر انزال ہو گیا تو روزہ ٹوٹ گیا یا نہیں ؟

سید ممتاز احمد گجر ، کھڈہ ملتان

**الجواب**: صرف نظر و فکر سے انزال ہوا ہے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔
واذا نظر الی امرأة بشهوة فی وجهها او فرجها کرر النظر اولا لا یفطر اذا أنزل کذا فی فتح القدیر وکذا لا یفطر بالفکر اذا امنی اھ (عالمگیری ج ۱ ص ۱۰۵)
فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان ۱۲/۱۰/۱۴۰۸ھ

## روزوں کی طاقت ہوتے ہوئے اطعام سے کفارہ جائز نہیں

۱: ایک آدمی نے جبراً حالتِ صوم میں رمضان المبارک میں اپنی بیوی سے جماع کر لیا۔ تو کفارہ مرد پر ہوگا یا دونوں پر؟
۲: روزوں کی طاقت ہوتے ہوئے کھانا کھلانے سے کفارہ ادا ہو جائے گا؟

**الجواب**: ۱: خاوند پر کفارہ لازم ہے۔ بیوی نے اگر بخوشی موافقت کی ہے تو اس پر بھی کفارہ لازم ہے
۲: روزوں کی طاقت ہوتے ہوئے اطعام سے کفارہ ادا نہ ہوگا۔
وان جامع المکلف أو أکل أو شرب غذاء او دواء عمداً الی قوله قضی وکفّر ککفارة المظاهر اھ (تنویر الابصار) وفی الشامیة فیعتق أولا فان لم یجد صام شهرین متتابعین فان لم یستطع أطعم ستین مسکینا۔ اھ (ج ۲ ص ۱۵۰)۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان ۱۳/۱۱/۱۳۹۹ھ

## عمداً منہ بھر کر قے کی تو قضاء واجب ہوگی

ایک شخص کے پیٹ میں درد ہوا۔ اور بڑھتا گیا یہاں تک کہ وہ قے پر مجبور ہوا چنانچہ

عمداً منہ بھر کے قے کی اور پھر دوا وغیرہ لی۔ اس پر کفارہ ہے یا نہیں ؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں صرف قضاء واجب ہوگی کفارہ نہیں آئے گا۔

وان استقاء أى طلب القئ عامدا أى متذكرا لصومه ان كان ملء الفم فسد بالاجماع مطلقاً اھ (درمختار على الشامية : ج ۲، ص۱۵۲) ۔ فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان

## عورت نصف قامت پانی سے گزر جائے تو روزہ فاسد نہیں ہوگا

ایک مولوی صاحب نے فتویٰ دیا ہے کہ اگر عورت جاری پانی سے گزر جائے اور وہ پانی گہرائی کے لحاظ سے اتنا ہو کہ عورت کی ناف تک ہو کر گزرے تو اس عورت کا روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ اگلے راستے میں پانی رسائی کر جاتا ہے۔

**الجواب** جب تک پانی اندر پہنچ جانے کا یقین نہ ہو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

والصائم اذا استقصى فى الاستنجاء حتى يبلغ الماء مبلغ الحقنة يفسد صومه هكذا فى البحر الرائق (ج ۱، ص۱۰۵)

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ محمد عبد اللہ عفر لہٗ

بندہ اصغر علی غفر لہٗ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان

## نفلی روزہ توڑنے سے کفارہ واجب نہیں ہوگا

زید نے شب برأت کے دن باقاعدہ سحری کھائی اور نفلی روزہ کی نیت کی مگر فجر کی نماز سے تھوڑی دیر بعد طلوعِ آفتاب سے قبل اپنی عورت سے صحبت کر بیٹھا۔ حالانکہ اسے اچھی طرح یاد ہے کہ میرا روزہ ہے۔ کیا اسے کفارہ دینا پڑے گا ؟

**الجواب** رمضان کے مہینے میں روزہ توڑنے سے کفارہ واجب ہوتا ہے۔ رمضان کے علاوہ کوئی بھی روزہ توڑا جائے تو اس میں کفارہ واجب نہیں ہوتا[1] پس صورتِ مسئولہ میں زید پر کفارہ واجب نہیں۔ صرف ایک روزہ قضاء کرنا پڑے گا۔ اور توبہ و استغفار بھی کرتے رہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان
۱۳ / ۹ / ۱۳۷۸ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد عبد اللہ غفر اللہ لہٗ
مفتی خیر المدارس ملتان

## رؤیتِ ہلال کمیٹی کے اعلان کے باوجود روزہ نہ رکھنے والے اس روزہ کی قضاء کریں

رات بارہ بجے کے بعد رؤیتِ ہلال کمیٹی نے اعلانِ رؤیتِ ہلال کر دیا۔ کیا شریعت کی روشنی میں جن حضرات نے روزہ رکھا ہے ان کا روزہ ہو گیا ؟

**الجواب** ظاہر یہی ہے کہ رؤیتِ ہلال کمیٹی نے شرعی ثبوت پر ہی اعلان کیا ہے لہٰذا جنہوں نے اس دن روزہ نہیں رکھا وہ ایک روزہ قضاء کریں۔

فقط واللہ اعلم
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان ۴/۹/۱۴۰۴ھ

## اگربتی کا دھواں مفسدِ صوم ہے

اگر کوئی شخص اگربتی جان بوجھ کر سونگھے تو اس کا روزہ فاسد ہوگا یا نہیں ؟

---

[1] لأن الكفارة انما وجبت لهتك حرمة شهر رمضان فلا تجب بافساد قضائه ولا بافساد صوم غيره اهـ (شامی ج ۲ ص ۱۳۷)۔
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ، مرتب خیر الفتاوی

**الجواب** روزہ یاد ہوتے ہوئے دھواں قصداً حلق سے نیچے لے جانے کی صورت میں روزہ فاسد ہو جائے گا۔

لو أدخل حلقه الدخان أی بأی صورة کان الادخال حتی لو تبخر ببخور فآواه الی نفسه واشتمه ذاکرا لصومه أفطر لامکان التحرز عنه وھذا مما یغفل عنه کثیر من الناس اھ۔ (شامی ج ۲، ص ۱۰۶) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ رئیس الافتاء

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان ۲۳/۹/۱۳۹۷ھ

## حائضہ سحری سے پہلے پاک ہو گئی تو روزہ رکھ لے

کیا فرماتے ہیں علمائے دین : اس مسئلہ کے بارے میں کہ عورت رمضان المبارک میں سحری کے وقت حیض سے پاک ہو گئی، غسل نہیں کیا، کیا یہ عورت بغیر غسل کے روزہ رکھ سکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب** باسمہ تعالیٰ۔ اگر منتہائے سحری سے کچھ دیر قبل پاک ہو گئی ہے تو اس پر روزہ رکھنا فرض ہو گیا ہے۔

فلو انقطع قبل الصبح فی رمضان بقدر ما یسع الغسل فقط لزمها صوم ذلك الیوم...... وأما فی حق بقیة الاحکام فلا یشترط الغسل ففی مثل الصلاة أو الصوم یجب علیها وان لم تغتسل۔ (شامی ص ۲۱۷ ج ۱) فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ محمد اسحٰق عفا اللہ عنہ،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## ٹیلی فون کی خبر واجب العمل نہیں

دیہات میں چند آدمیوں نے چاند دیکھا یہ دیہات شہر سے بارہ میل دور ہے۔ وہ فون پر مفتی صاحب کو اطلاع دیتے ہیں۔ تو کیا اس شہادت پر عمل کرنا ضروری ہے۔

**الجواب** شہادت، شرعیہ فون پر معتبر نہیں ہے کسی مفتی کو اگر صرف ٹیلی فون کے ذریعے خبر ملی ہے۔ تو اس پر عمل کرنا واجب نہیں ہے۔ قال الزیلعی ولو سمع من وراء الحجاب لا یسعہ ان یشھد لاحتمال ان یکون غیرہ اذ النغمۃ تشبہ النغمۃ.. (تبیین ص ۲۱۲ ج ۴)۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
خیر محمد عفا اللہ عنہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
۱۷ / ۱۰ / ۱۳۸۶ھ

## صبح صادق کے بعد کھانے پینے کے جواز کے بارے میں تفہیم القرآن کی غلطی کی نشاندہی

اس بارے میں بھی لوگ ابتداءً غلط فہمی میں تھے۔ کسی کا خیال تھا کہ عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد سے کھانا پینا حرام ہو جاتا ہے۔ اور کوئی یہ سمجھتا تھا کہ رات کو جب تک جاگ رہا ہو کھا پی سکتا ہے۔ جہاں سو گیا پھر دوبارہ اُٹھ کر وہ کچھ کھا پی نہیں سکتا۔ یہ احکام لوگوں نے خود اپنے ذہن میں سمجھ رکھے تھے۔ اور اسکی وجہ سے بسا اوقات بڑی تکلیفیں اٹھاتے تھے اس آیت میں ان ہی غلطیوں کو رفع کیا گیا ہے (تفہیم القرآن حاشیہ نمبر ۱۹۲) کیا واقعۃً صحابہ کو غلط فہمیاں تھیں اور اُن کے ازالہ کے لئے یہ آیت نازل ہوئی یا حقیقت کچھ اور ہے؟

۲۔ آج کل لوگ سحری اور افطاری دونوں کے معاملے میں شدتِ احتیاط کی بناء پر کچھ بے جا تشدد برتنے لگے ہیں۔ مگر شریعت نے ان دونوں اوقات کی حد بندی نہیں کی ہے۔ جس سے چند سیکنڈ یا چند منٹ اِدھر اُدھر ہو جانے سے آدمی کا روزہ خراب ہو جاتا ہو۔ سحر میں سیاہیٔ شب سے سپیدۂ سحر کا نمودار ہونا اچھی خاصی گنجائش اپنے اندر رکھتا ہے۔ اور ایک شخص کے لئے یہ بالکل صحیح ہے کہ اگر عین طلوعِ فجر کے وقت اسکی آنکھ کھلی

ہو۔ تو وہ جلدی سے اُٹھ کر کچھ کھاپی لے۔ حدیث میں آتا ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی شخص سحری کھا رہا ہو اور اذان کی آواز آجائے تو فوراً چھوڑ نہ دے، بلکہ اپنی حاجت بھر کھاپی لے۔ (تفہیم القرآن حاشیہ ص۱۹۴ ج۱) فلہذا طلوعِ فجر کے بعد عمداً اکل وشرب کے بارے میں اور حدیث کا اصل مقصد بیان فرما کر ماجور و مشکور ہوں۔

**الجواب**: ۱۔ مذکورہ بالا قصہ من گھڑت ہے مودودی صاحب کی غلط فہمی یا کج فہمی ہے۔ نعوذ باللہ حضرات صحابہ کرام کسی غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہوئے تھے بلکہ ابتداءً حکم شرعی یہی تھا۔ کہ افطار کے بعد کھانے پینے اور جماع کی اسوقت تک اجازت تھی، جب تک انسان سوئے نہ، سونے کے بعد یہ چیزیں حرام ہو جاتی تھیں۔ جیسا کہ صحیح بخاری میں بروایت براء بن عازب مصرح ہے۔ (معارف القرآن ص۴۵۳ ج۱)

۲۔ جب صبح صادق کے وقت طلوع ہو جانے کا یقین ہو جائے۔ اس کے بعد کھانے پینے میں مشغول رہنا حرام اور روزے کے لئے مفسد ہے۔ اگرچہ ایک ہی منٹ کے لئے ہو (معارف القرآن ص۴۵۴ ج۱ مؤلفہ مفتی محمد شفیع صاحب)

حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی لکھتے ہیں۔ لفظ خیط کے لانے سے اس طرف اشارہ ہے کہ فجر کا ادنیٰ حصہ مثل دھاگے کے بھی ظاہر ہو جائے تو کھانا پینا حرام ہو جاتا ہے۔ (معارف ص۲۹۱ ج۱)

مودودی صاحب نے حدیثِ پاک کو ناتمام اسلئے نقل کر دیا تاکہ اپنی رائے کے لئے کوئی تائید و سہارا مہیا ہو سکے۔ پوری حدیث اسطرح ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حضرت بلال کی اذان تمہیں سحری کھانے سے مانع نہ ہونی چاہیئے۔ کیونکہ وہ رات کو اذان دیدیتے ہیں۔ اسلئے تم بلال کی اذان سن کر بھی اس وقت تک کھاتے پیتے رہو۔ جب تک ابنِ ام مکتوم کی اذان نہ سنو۔ کیونکہ وہ ٹھیک طلوع صبح صادق پر اذان دیتے ہیں۔ (بخاری ومسلم) حضرت مفتی صاحب اس حدیث کے نقل کرنے کے بعد ارشاد فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے ناتمام نقل کرنے سے بعض معاصرین کو یہ غلط فہمی پیدا ہو گئی کہ اذانِ فجر کے بعد بھی کچھ کھایا پیا جائے، تو مضائقہ نہیں۔ (ص۴۵۵ ج۱)

الحاصل طلوع صبح صادق کے تیقن کے بعد کھانے پینے کی قطعاً گنجائش نہیں ورنہ روزہ نہ ہوگا ۔ فقط ' واللہ اعلم '

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ
۱۶ / ۹ / ۱۴۰۷ ھ

## رؤیت ہلال کمیٹی کا اعلان پورے ملک کے لئے قابلِ عمل ہے

کیا رؤیت ہلال کمیٹی کے اعلان پر پاکستان والے عید کر سکتے ہیں ؟ یا شہر کے لوگوں کو اپنے اپنے شہر کی شہادت حاصل کرنا ضروری ہے ؟ اور ہلال کمیٹی کا اعتبار نہ کیا جائے ، شرعاً کیا حکم ہے ؟

الجواب مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی کا فیصلہ پاکستان کے ہر شہر کے لئے قابلِ عمل ہے مزید توثیق کے لئے اپنے طور پر بھی شہادتیں لینے کا انتظام کر لیا جاوے تو بہتر ہے ۔ فقط ، واللہ اعلم ۔

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ '
۶ / ۹ / ۱۳۹۹ ھ

## روزہ کی پختہ نیّت نہ کرنے سے روزہ نہیں ہوگا

ایک آدمی سفر میں تھا رمضان کا مہینہ آ گیا ، چاند کا ہونا مشتبہ ہو گیا ۔ بعض لوگوں نے روزہ رکھا ہوا تھا اس نے بھی اس نیّت سے سحری کھالی کہ اگر کل رمضان کا روزہ ہوا تو میرا بھی روزہ ہے اور اگر رمضان کا روزہ نہ ہوا تو میرا روزہ نہیں سحری کے بعد سفر شروع کیا دس بجے اپنے علاقہ میں پہنچ گیا ۔ وہاں روزہ نہیں تھا ۔ اس نے بھی افطار کر لیا تو کیا اس پر قضاء وکفارہ ہوگا ؟

الجواب اگر اس دن واقعۃً رمضان کی پہلی تھی تو اُس دن کے روزہ کی قضا اس کے ذمہ لازم ہے اور اگر وہ دن رمضان کا نہ تھا تو کچھ قضاء وکفارہ

واجب نہیں کیونکہ اسطرح کی نیت سے آدمی روزہ دار نہیں ہوتا ،

وان نوی ان یفطر غدا ان دعی الی دعوۃ وان لم یدع یصوم لا یصیر صائما بہذہ النیۃ فان اصبح فی رمضان لا ینوی صوما ولا فطرا وھو یعلم انہ من رمضان ذکر شمس الائمۃ الحلوانی عن الفقیہ ابی جعفر عن اصحابنا رحمھم اللہ تعالیٰ فی صیرورتہ صائما روایتین والاظہر انہ لا یصیر صائما کذا فی المحیط ۔ (ہندیہ صـ۱۹۵ ج۱) ۔ فقط واللہ اعلم ۔

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## نسوار کا استعمال مُفسدِ صوم ہے ۔

ایک شخص کو بیڑہ استعمال کرنے کی عادت ہے اور سبز بیڑہ استعمال کرتا ہے ۔
ا ۔ وقتِ استعمال اتنی احتیاط کرتا ہے کہ لعاب اندر نہیں جاتا (ب) اگر کچھ جائے تو صرف کڑواپن اور بہت معمولی (ج) دانتوں میں رکھا جاتا ہے زبان کے نیچے نہیں (د) معمولی مقدار میں تھوک خارج ہوتی ہے منہ میں زیادہ خرابی پیدا نہیں ہوتی ۔ چونکہ اب رمضان ہے سارا دن نہ دے تو طبیعت خراب رہتی ہے برداشت سے معاملہ باہر ہو جاتا ہے ۔ بوجہ ضرورت استعمال کر لیتا ہے ۔ تو اس سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے یا نہ اگر فاسد ہو جاتا ہے تو کیوں جبکہ یہ چیزیں نہ غذا ہیں نہ دوا ، تمباکو غذائیت اور دوائیت سے بالکل خالی ہے ؟

**الجواب** روزہ رکھ کر بیڑہ استعمال کرنا ہرگز درست نہیں احتمال غالب ہے کہ کچھ نہ کچھ ذائقہ اس کا حلق کے اندر ضرور چلا جاتا ہے ۔ جو یقیناً مفسدِ صوم ہے لہٰذا اس سے قطعاً احتراز کرنا چاہیئے ۔ فقط ، واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس

۱۰ / ۹ / ۷۹ ء

## وَریدی انجکشن مُفسدِ صوم نہیں؟

کیا وریدی انجکشن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب: مفسدِ صوم وہ چیز ہے جو جوف معدہ یا دماغ تک پہنچ جائے اور وَریدی انجکشن کے ذریعے جو دوا پہنچائی جاتی ہے۔ وہ رگوں کے اندر رہتی ہے جوف معدہ یا دِماغ تک نہیں پہنچتی اور اسکو ناک یا مُنہ میں ڈالی جانے والی دوا پر قیاس کرنا درست نہیں ہے کیونکہ ان میں ڈالی جانے والی دوا براہِ راست جوف تک پہنچ جاتی ہے

أو ادهن او اكتحل أو احتجم وان وجد طعمه في حلقه وفي الشامية أي طعم الكحل أو الدهن كما في السراج وكذا لو بزق فوجد لونه في الاصح بحر قال في النهر لان الموجود في حلقه اثر داخل من المسام الذي هو خلل البدن و المفطر انما هو الداخل من المنافذ للاتفاق على ان من اغتسل في ماء فوجد برده في باطنه انه لا يفطر اھ ( ردالمحتار ص۹۸ ج۲ مطبوعہ بیروت ) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح بندہ عبد الستار
مفتی خیر المدارس ۔ ملتان

محمد انور نائب مفتی
خیر المدارس ملتان ۱۴/ ۹/ ۹۸ھ

## مشقّت نہ ہو تو سفر میں روزہ رکھنا افضل ہے

اگر کوئی آدمی رمضان المبارک میں سفر کی حالت میں ہو تو اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے کہ وہ سفر کی حالت میں روزہ نہ رکھے اور جب سفر سے واپس آجائے تو گھر میں روزہ رکھے لیکن اگر کوئی آدمی سفر کی حالت میں روزہ رکھ لے تو اِس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ جبکہ ٹی وی میں بتایا ہے کہ روزہ نہ رکھے۔ اگر رکھ لے تو وہ گنہگار ہوگا۔ کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ کی چھوٹ کے خلاف کیا ہے۔

برائے مہربانی جواب دلائل کے ساتھ نوازیں۔ سائل مولانا عبدالرحمٰن چوک وہاڑی ملتان

**الجواب** سفر کی حالت میں روزہ رکھنا جائز بلکہ مستحب ہے اور اس پر اجماعِ امت ہے احکام القرآن میں ہے۔ وا تفقت الصحابة ومن بعدهم من التابعين و فقهاء الامصار على جواز صوم المسافر (ص ۲۱۲ ج ۱)

سفر کی حالت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روزہ رکھنا احادیث مشہورہ سے ثابت ہے چنانچہ امام ابوبکر الجصاص رح فرماتے ہیں۔ وقد ثبت عن النبی صلی الله عليه وسلم بالخبر المستفيض الموجب للعلم بانه صام فی السفر (ص ۲۱۴ ج ۱)

اللہ پاک کے فرمان وان تصوموا خیر لکم ان کنتم تعلمون اور متعدد احادیث سے حالتِ سفر میں روزہ کا استحباب معلوم ہوتا ہے۔ وقد روى عثمان بن ابی العاص الثقفی وانس بن مالک ان الصوم فی السفر افضل من الافطار (احکام القرآن ص ۲۱۶ ج ۱)

مذکورہ بالا دلائل کی روشنی میں ٹی وی کا فتویٰ غلط اور ٹی بی زدہ ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۱۴ / ۹ / ۱۴۱۱ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## ساٹھ سالہ مریضہ فدیہ دے سکتی ہے

کیا فرماتے ہیں، مفتیان کرام اِس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مریضہ جسے ٹی بی کا مرض لاحق ہے اور عمر بھی تقریباً ساٹھ سال ہے اور نہایت کمزور ہے۔ صحت کے آثار نظر نہیں آتے۔ ڈاکٹروں نے بھی سختی سے منع کیا ہے، کہ روزہ نہ رکھیں اور اگر روزہ رکھیں گی تو پھیپھڑوں پر بُرا اثر ہوگا۔ ان حالات میں مریضہ بہت پریشان ہے کہ میں کیا کروں؟ اگر فدیہ وغیرہ دینا ہو تو کیسے ادا کیا جائے۔ اور اگر اللہ تبارک وتعالےٰ لے سال بھر صحت کا موقع دیں۔ تو اس صورت میں کیا کرنا ہوگا؟

محمد نبیل ولد خیر دین ساکن موضع زنگیل پور۔ ملتان

**الجواب** اگر آئندہ زمانہ میں بھی تندرستی کے امکانات منقطع نہیں آتے تو فدیہ دینے کی شرعاً اجازت ہے۔ لقولہ تعالیٰ وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین الآیہ۔ فقط واللہ اعلم۔
ایک روزے کا فدیہ پونے دو سیر گندم یا اسکی قیمت ہے۔

الجواب صحیح بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ
بندہ عبد الستار رئیس دار الافتاء نائب مفتی جامعہ خیر المدارس۔ ملتان

## روزے کی حالت میں کان میں دوا ڈالنے کا حکم

ایک شخص نے رمضان المبارک میں روزہ رکھا اور اسکے کان میں تقریباً رات سے درد تھا نماز وغیرہ سے فارغ ہوکر شدت درد کی وجہ سے بھول کر دوا ڈالتا ہے بعد میں دیگر شخص کے یاد کرانے سے فوری نیچے گرا دیتا ہے اور روئی وغیرہ سے صاف کرلیتا ہے تو آیا اس کا روزہ ٹوٹ گیا ہے یا کہ باقی ہے بصورت اوّل صرف قضاء ہوگی یا کفّارہ بھی واجب ہوگا؟ (فضل الرحمٰن فیصل آبادی)

**الجواب** صورت مسئولہ میں برتقدیر صحت واقعہ شخص مذکور کا روزہ فاسد نہیں ہوا۔ ادا ہوگیا ہے اس لئے اس پر اس روزہ کی قضاء ہے نہ کفّارہ۔ فقط،

بندہ محمد اسحاق غفرلہٗ
الجواب صحیح، عبد اللہ غفرلہ ۱۰/۶/۱۳۷۷ ھ

## روزہ کی حالت میں دانتوں پر دواء ملنے کا حکم

رمضان شریف میں روزہ کی حالت میں دانتوں کے ڈاکٹر سے دانتوں کی سکیلنگ اور فلنگ کے ساتھ ساتھ دانتوں پر مختلف قسموں کی دوائی لگانے سے کیا روزہ برقرار رہتا ہے۔ یا اس کی قضاء لازم ہے اور کیا اس کا کفّارہ بھی آئے گا۔

مزید براں ڈاکٹر صاحب نے یہ بھی کہا ہے کہ آپ نے نمک والے پانی سے ۴، ۵ دفعہ غرارے بھی کرنے ہیں کیونکہ رمضان شریف کا مہینہ ہے۔ کیا اِس بات پر بھی روزہ کی حالت میں عمل کیا جا سکتا ہے۔ براہ کرم مطلع فرمائیں۔

سائل محمد ظفر محمود ملتان پاکستان

**الجواب** رمضان شریف میں دن کو دانتوں پر دوائی لگانے سے پرہیز کرنا مناسب ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ
جامعہ خیر المدارس ملتان
۱۴ / ۱۰ / ۱۴۱۰ھ

روزہ نہیں ٹوٹتا اگر دوائی حلق کے اندر نہ گئی ہو، والجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے سال روزے رکھے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے سال روزے رکھے ہیں ؟

**الجواب** رمضان کی فرضیت ۲ھ میں ہوئی اور دس ہجری تک ، ہر رمضان کے روزے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھے ہیں اور گیارہ ہجری ربیع الاول میں آپ کی وفات شریفہ ہوئی تو اس طرح سے نو برس ہر رمضان کے روزے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھے ہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان
۱۲ / ۹ / ۱۴۰۰ھ

## حاملہ طبّی مُعائنہ کرائے تو روزہ کا حُکم

روزہ دار حاملہ عورت کا دائی مُعائنہ کرتی ہے جیسا کہ ان کا طریقہ کار ہے یعنی فرج کے اندر ہاتھ داخل کرنا وغیرہ اس صُورت میں روزہ باقی رہے گا یا نہیں ؟ قضاء

لازم ہے یا کفارہ ؟

**الجواب** روزہ میں اس سے احتیاط کی جائے اور اگر انگلی کو پانی یا تیل لگا ہو تو روزہ فاسد ہو جائے گا۔ شامی میں ہے ۔ ولو ادخل اصبعه الیابسة فیه ای دبره او فرجها ولو مبتلة فسد اھ (درمختار علی الشامیۃ ص ۹۹ ج ۲)

فقط واللہ اعلم ، بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ ،
خیر المدارس ۔ ملتان ۹/ ۹/ ۱۴۱۴ھ

## افطار کی دعاء پہلے پڑھی جائے یا بعد میں ؟

روزہ افطار کرنے کی دُعا پہلے پڑھی جائے یا افطار کرنے کے بعد ، اس کا کیا حُکم ہے ؟

**الجواب** افطار کرتے وقت قبل از افطار دعاء افطار پڑھ کر روزہ کھولا جائے
فقط واللہ اعلم ، بندہ محمّد اسحاق عفر اللہ لہٗ ۲۹ / ۸ / ۱۴۱۵ھ

## اپنے اختیار سے کھانے کو معدے میں واپس کیا تو روزے کا حکم

ایک شخص کا اللہ تعالیٰ نے عجیب نظامِ ہضم بنایا ہے کہ جب وہ کھانا کھاتا ہے تو تھوڑا تھوڑا کھانا معدہ سے منہ کو آتا ہے اور بہائم کی طرح جگالی کرتا رہتا ہے جس سے اس کا کھانا ہضم ہوتا ہے اگر ایسا نہ کرے تو کھانا ہضم نہیں ہوتا ۔ دُوسرا یہ کہ اس کا ایسا کرنا اس کے اختیار میں بھی نہیں ہے بلکہ از خود معدہ سے منہ کو کھانا آتا ہے اور بہائم کی طرح جگالی کرتے کرتے ہضم ہو جاتا ہے تو ایسے شخص کے روزے کے بارے میں کیا حکم ہے کہ وہ شخص روزہ کیسے رکھے ؟ کیا ایسا ہو جانے سے روزہ تو نہیں ٹوٹے گا یعنی معدہ سے کھانا آنے کے بعد دوبارہ معدہ میں جانے سے روزہ باقی رہ جائے گا ۔ اگر روزہ ٹوٹ جائے تو ایسا شخص کیا کرے کیا یہ شخص روزہ کے

بارے میں معذور سمجھا جائے گا کیا صورت ہوگی؟

الجواب: ایسے شخص کو چاہیئے کہ جب کھانا معدے سے منہ میں واپس آئے تو اسے باہر پھینک دے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور اگر اپنے اختیار سے کھانا معدے میں لوٹا دیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ فقط، واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفی عنہ،

۲۸/۸/۱۴۱۴ھ

## مریض خود روزہ نہ رکھ سکے تو کسی سے رکھوانے کا حکم

محترمی مولانا خیر محمد صاحب مہتمم مدرسہ عربی خیر المدارس۔ ملتان

السلام علیکم۔ مزاجِ گرامی۔ بندہ نے اگست ۱۹۵۳ء میں اپریشن کروایا تھا اور اب تک دوائی کھا رہا ہوں۔ کیونکہ مذکورہ مرض کے خاتمے کے متعلق دل کو پورا اطمینان نہیں ہوا ڈاکٹروں کا فرمان ہے کہ بھوک پیاس کمزوری اس مرض کو دوبارہ لانے کا باعث بنتی ہے ویسے بھی بندہ کا ذاتی تجربہ ہے کہ جب بھوک اور پیاس لگتی ہے تو کھانسی شروع ہو جاتی ہے۔ پچھلے رمضان المبارک کے روزے کسی سے رکھوائے تھے، تراویح بھی نہیں پڑھی۔ اِس دفعہ روزے تو کسی سے رکھواتا ہوں لیکن تراویح پڑھنے کے لائق ہوگیا ہوں واللہ اعلم کہ کتنے سال تک روزے نہ رکھ سکوں، اتنے سالوں کے روزے کی قضائی کے متعلق دل کو بڑی پریشانی ہو رہی ہے؟

الجواب: کسی بیمار کا دوسرے سے روزے رکھوانا جائز نہیں بلکہ اگر صحت کی جلد توقع ہو تو بعد از صحت خود قضاء کرے۔ اگر بیماری ممتد ہو اور صحت کی جلد توقع نہ ہو تو ہر روزے کے بدلہ میں ایک فطرانہ یعنی پونے دو سیر گیہوں یا اس کی قیمت کسی فقیر کو دیتا رہے لیکن اس صورت میں بھی جب تندرست ہو جائے گا۔ تو قضاء لازم ہوگی۔ فقط واللہ اعلم، بندہ عبداللہ غفر لہ خادم دار الافتاء خیر المدارس

۲۰/ رمضان المبارک ۱۳۷۴ھ

## افطار کی وجہ سے جماعت میں کتنی تاخیر کی گنجائش ہے

رمضان شریف میں لوگ گھر میں روزہ افطار کرتے ہیں پھر نماز مغرب کی جماعت میں شریک ہوتے ہیں آیا ان کے لئے کچھ انتظار کرنی چاہیئے یا نہ اگر انتظار کریں تو زیادہ سے زیادہ کتنی؟ اگر آفتاب غروب ہوتے ہی اذان کہہ دی جائے تو پھر زیادہ سے زیادہ کتنی دیر انتظار کی جائے آفتاب غروب ہونے پر اذان کہی جائے یا ٹھہر کر اذان کہی جائے اور فوراً جماعت کھڑی ہو؟

**الجواب** جو لوگ گھر میں روزہ افطار کرکے مسجد میں آتے ہیں ان کے لئے پانچ چھ منٹ اذان کے بعد انتظار کرنا چاہیئے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ اصغر علی معین مفتی خیر المدارس | بندہ محمد عبداللہ غفرلہ ۲ر رمضان المبارک ۱۳۹۲ھ

## بہت سے روزے ذمہ ہوں تو ان کی قضا کا طریقہ

ایک شخص نے گزشتہ پانچ رمضان میں کچھ روزے رکھے ہیں یاد نہیں کہ ہر رمضان میں کتنے روزے رکھے ہیں اب وہ چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کرنا چاہتا ہے تو کس طرح کرے اور نیت کس طرح کرے؟

۲۔ اس شخص نے گزشتہ پانچ رمضانوں میں کچھ روزے رکھ کر توڑ دیئے ہیں مگر یاد نہیں کہ ہر رمضان میں کتنے روزے توڑے اب اس کا کفارہ ادا کرنا چاہتا ہے تو اب کفارہ ادا کرنے کی کیا صورت ہے۔ ایک کفارہ ہوگا یا کئی کفارے؟

**الجواب** ۱۔ کافی سوچ بچار کے بعد فیصلہ کریں کہ کتنے روزے رکھے ہوں گے۔ اور کتنے رہ گئے ہوں گے ۔۔۔؟ جتنے روزوں کے بارے میں یقین غالب ہو کہ اتنے روزے رہ گئے ہیں، وہ قضاء کریں اور مقدار مقرر کرلیں۔ زیادہ ہو جائیں تو حرج نہیں مثلاً سو یا پچاس، پھر قضا شروع کریں اور نیت کرتے جائیں کہ

میرے ذمہ جتنے روزے ہیں ان میں سے پہلا قضا کرتا ہوں۔
۲۔ روزہ توڑنے کی مختلف صورتیں ہیں بعض میں قضا، بعض میں کفارہ، لہذا توڑنے کا سبب بیان کریں تو جواب دیا جائے گا۔ فقط، بندہ محمد صدیق
الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفی عنہ،
۶ / ۴ / ۱۶ھ

## کفارے کے روزوں میں نیابت درست نہیں

ایک بیچارہ ضعیف آدمی رمضان کے روزے رکھتے رکھتے بیوی سے صحبت کر بیٹھا۔ رمضان کے بعد جب کفارے کے روزے شروع کئے تو دوبارہ بیوی سے صحبت کرلی۔ پھر دوسرے رمضان میں بھی روزے کی حالت میں ہمبستری کرلی اب اسے کفارے کے کتنے روزے رکھنے پڑیں گے۔ کیا کوئی اور بھی اسکی طرف سے روزہ رکھ سکتا ہے اگر کفارے کے روزے رکھتے ہوئے بیمار ہو جائیں یا حیض یا حج کے ایام آجائیں تو کیا کریں؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں ایک ہی کفارہ کافی ہے کہ دو ماہ لگا تار روزے رکھے۔ مراقی میں ہے۔ وکفت کفارة واحدة عن جماع واکل عمداً متعدد فی ایام کثیرة ولم یتخلله ای الجماع او الاکل عمداً تکفیر لان الکفارة للزجر ولو احدة یحصل ولو کانت الایام من رمضانین علی الصحیح للتداخل (ص۳۶۷) حیض کے علاوہ کسی بھی عذر سے اگر ناغہ کر دیا۔ تو نئے سرے سے روزے رکھے۔ طحطاوی میں ہے۔

فان افطر ولو بعذر غیر الحیض استأنف ویلزمها الوصل بعد طهرها من الحیض حتی لو لم تصل تستانف ذکرہ السید ص۳۶۶
عبادت بدنیہ میں نیابت درست نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔ محمد انور عفا اللہ عنہ

## رجب کی پہلی جمعرات کے روزے کا حکم

کیا رجب کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھنا سنّت ہے۔ اور اس روزہ کو نمازِ عشاء تک افطار نہیں کرنا چاہئے؟

**الجواب** رجب کی پہلی جمعرات کے روزہ کو حضرات فقہاء نے مسنون یا مستحب نہیں فرمایا ہے پس یہ روزہ محض نفل ہوگا۔

الجواب صحیح — بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
خیر محمد عفا اللہ عنہ — ۲۴ / ۲ / ۸۷ ھ

حضراتِ فقہاء نے جن روزوں کو مسنون یا مستحب فرمایا ہے رجب کی پہلی جمعرات کا روزہ ان میں سے نہیں ہے۔

(وھو) اقسام ثمانیہ (فرض) وھو نوعان معین (کصوم رمضان اداء و) غیر معین کصومہ (قضاء و) صوم (الکفارات) (وواجب) وھو نوعان معین (کالنذر المعین و) غیر معین کالنذر (المطلق) (ونفل کغیرھا) یعم السنۃ کصوم عاشوراء مع التاسع والمندوب کأیام البیض من کل شھر ویوم الجمعۃ ولو منفرداً وعرفۃ ولو لحاج لم یضعفہ والمکروہ تحریما کالعیدین وتنزیھا کعاشوراء وحدہ وسبت وحدہ ونیروز ومھرجان۔ (در مختار علی رد المحتار ص ۸۹ ج ۲ مطبوعہ کوئٹہ) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح — خیر محمد عفا اللہ عنہ
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ — ۲۴/ ۲/ ۸۷ ھ

## جان جانے کا اندیشہ ہو تو روزہ کھولنے کا حکم

میں نے معدے میں درد اور قے کے مرض کے باوجود سحری کھا کر روزہ رکھ لیا۔ سحری کے وقت مجھے قے ہوئی نہ معدے میں درد لیکن سحری کے بعد مجھے قے ہوگئی اور معدے میں درد بھی۔ میں نے اسے معمولی سمجھ کر روزہ کی نیت کر لی لیکن بعد میں مرض

شدت اختیار کر گیا اور مَیں نے نقصان کے خوف سے دوا کھالی۔ مہربانی فرماکر مجھے یہ بتائیے کہ اب صرف قضا روزہ رکھوں یا کفارہ ادا کرنا پڑے گا۔

**الجواب** اگر درد شدید تھا نقصان کا شدید خطرہ تھا تو اس صورت میں صرف قضا واجب ہے۔ کفارہ واجب نہیں۔ لمن خاف زیادۃ المرض اوخاف بطءالبرء بالصوم جاز له الفطر لانه قد یفضی الی الھلاک۔ (مراقی صہ ۳۷۳) ۔ فقط، واللہ اعلم،
بندہ محمد عبداللہ غفر اللہ لہٗ ۴/۹/۱۴۱۳ھ

## اذان پر افطار کیا جائے یا اعلان پر ؟

ہمارے علاقے کی مسجد میں اس سال جو حافظ مولوی صاحب مقرر ہوئے ہیں۔ وہ روزہ افطار کرتے وقت بجائے اذان کے سپیکر پر اعلان کردیتے ہیں کہ روزے دار روزہ افطار کرلو اس سے محلہ کے لوگوں میں جھگڑا ہوگیا ہے ایسا کیوں ہوتا ہے۔ اذان ہونی چاہئے اعلان کے چند منٹ بعد اذان کہہ کر جماعت فوراً کرادیتے ہیں۔ جس سے کافی لوگ جماعت سے رہ جاتے ہیں ورنہ پہلی رکعت تو ضرور چلی جاتی ہے کیونکہ لوگوں کی عادت اذان پر روزہ کھولنے کی ہے اگر یہ کہا جاوے کہ پہلے زمانہ میں نقارہ بجا کر سحری اور افطاری کا اعلان کیا جاتا تھا تو جواب یہ بھی ہوسکتا ہے سپیکر نہ ہونے کی وجہ سے اذان کی آواز لوگوں تک نہیں جاتی تھی اسلئے نقارہ وغیرہ سے اعلان ہوتا تھا اب اذان کے علاوہ دوسرا طریقہ خلاف شرع معلوم ہوتا ہے اب آپ فرمادیں کہ یہ طریقہ شرعاً درست ہے یا نہیں ؟

**الجواب** خیر المدارس اور بہت سی دیگر مساجد میں افطار کا اعلان پہلے ہوجاتا ہے اور چند منٹ کے وقفے سے اذان ہوتی ہے اس کے متصل بعد جماعت کھڑی ہوجاتی ہے افطار کا وقت ہوجانے کے بعد اذان کی انتظار میں روزہ کھولنے میں تاخیر کرنا درست نہیں وقت ہوجانے کے بعد افطار میں جلدی مطلوب

ہے عن سہل قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یزال الناس بخیر ما عجلوا الفطر متفق علیہ۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالیٰ احب عبادی الیّ اعجلھم فطراً۔ (رواہ الترمذی مشکوٰۃ ص۱۷۵ ج۱)

الجواب صحیح، فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

۵/ ۹/ ۱۴۰۹ھ

## افطار کے وقت سے پانچ منٹ پہلے روزہ کھول لیا تو قضا لازم ہے

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر ہم نے روزہ رکھا اور افطاری کے وقت سے ۵ یا ۶ منٹ پہلے سائرن ہوا اور اذان ہوئی اور ہم نے روزہ کھول لیا تو اس کا کفارہ کیا ہوگا۔؟

**الجواب** جن لوگوں نے افطاری کے صحیح وقت سے ۵، ۶ منٹ پہلے بجنے والے سائرن کی وجہ سے روزہ افطار کر لیا ہے۔ وہ اس روزہ کی قضاء کریں روزہ نہیں ہوا۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۱۸/ ۹/ ۱۴۱۵ھ

## چھلکے سمیت سالم انڈہ نگلنے سے قضا واجب ہوگی

جو چیز غذا نہیں یا غذا تو ہے مگر غذا کے طور پر استعمال نہیں کی گئی (عمداً) اس سے روزہ ٹوٹتا ہے کہ نہیں۔ اگر کسی نے مرغی کا انڈہ چھلکے سمیت کھا لیا، مگر غذا یا دوا کے طور پر نہیں کھایا۔ تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ گیا ہے اور قضاء لازم ہے یا کفارہ؟

**الجواب** اگر انڈہ سالم نگل لے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ لیکن کفارہ نہیں آئے گا۔

کما فی الشامیۃ فلا تجب فی ابتلاع الجوزۃ او اللوزۃ الصحیحۃ الیابسۃ لوجود الاکل صورۃ لامعنی لانہ لا یعتاد أکلہ فصار کالحصاۃ والنواۃ ولا فی اکل عجین او دقیق لانہ لا یقصد بہ التغذی والتداوی ص۴۰۱ ج۲ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفی عنہ

بندہ محمد اسحاق غفر لہ
۲۲ / ۱۲ / ۱۴۰۹ھ

## بے اختیار مکھی یا مچھر حلق میں چلا جائے تو روزہ کا حکم

چلتے چلتے مکھی منہ میں داخل ہو گئی۔ وہ نکالنے کی کوشش کرتا ہے، لیکن نکل نہیں سکتی۔ اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟

**الجواب** اچانک مکھی یا مچھر پیٹ میں چلا جائے تو اس سے روزہ فاسد نہیں ہوگا۔ عالمگیریہ میں ہے۔ وما لیس بمقصود بالاکل ولا یمکن الاحتراز عنہ کالذباب اذا وصل الی جوف الصائم لم یفطر کذا فی ایضاح الکرمانی۔ (ص۲۰۳ ج۱) فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ

## بغیر شہادت شرعیہ کے چاند کا اعلان کرانے والا قابلِ تعزیر ہے

زید ایک شہر میں مجسٹریٹ لگا ہوا ہے اور عالم بھی نہیں دوسرے شہر میں جہاں اس کا وطن بھی نہیں ہے بغیر علماء اور مفتیان وقت کے فیصلے کے رؤیت ہلال کا اعلان کرا سکتا ہے یا نہ اگر جبراً کرائے تو شرعاً اسکی کیا سزا ہے؟

**الجواب** بغیر شہادت شرعیہ رؤیت ہلال کا اعلان کرانے والا سخت گناہگار ہوگا جتنے روزے اس کے اعلان کی وجہ سے ضائع ہوں گے سب کا گناہ اس پر

ہوگا اور اس جرم کی سزا شرع میں مقرر نہیں ہے بلکہ تعزیری طور پر حاکم اعلیٰ مناسب سزا دے سکتا ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، | بندہ محمد صدیق عفزلہٗ
محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ | ۲۳/ شوال ۱۳۸۷ھ
الجواب صحیح، خیر محمد ۲۴/ شوال المبارک

## سورج کے پہاڑ کی اوٹ میں ہو جانے سے غروب متحقق نہ ہوگا

کہیں زمین کی سطح ہموار ہوتی ہے۔ سورج زمین سے نکلتا اور غروب ہوتا نظر آتا ہے اور کہیں زمین کی سطح ہموار نہیں ہوتی۔ سورج زمین سے اچھی طرح نکلتا اور غروب ہوتا نظر نہ آتا ہو اونچے پہاڑ ہوتے ہیں جیسے کوہ سلیمان۔ کیا جب سورج پہاڑ سے پیچھے ہو جائے۔ سورج کو غروب سمجھ کر روزہ افطار کر سکتے ہیں یا نہیں۔ ایسی صورت میں شرعی طریقے سے سورج کے غروب ہونے کا کیسے علم ہوگا۔ تاکہ اطمینان سے روزہ افطار کریں۔ اگر کوئی آدمی پہاڑ کے پیچھے سورج کو غروب سمجھ کر روزہ افطار کرلے تو اس کے روزہ کا شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں سورج کے پہاڑ کی اوٹ میں چلے جانے سے غروب متحقق نہیں ہوگا "تاوقتیکہ مشرق کی جانب اندھیرا نہ ہو" پس اس سے پہلے روزہ افطار کرنا جائز نہ ہوگا۔ غروب شمس کی تعریف علامہ طحطاوی نے یہ نقل کی ہے

هو اول زمان بعد غيبوبة تمام جرم الشمس بحيث تظهر الظلمة فى جهة المشرق وفى البخارى عنه صلى الله عليه وسلم اذا اقبل الليل من ههنا فقد أفطر الصائم أى اذا وجدت الظلمة حساً فى جهة المشرق فقد دخل وقت الفطر الخ (ص ۳۴۶ ج ۱)

فقط واللہ اعلم
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہٗ
۱۰/ ۱۰/ ۱۳۹۲ھ

الجواب صحیح
محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۱۶/ ۱۰/ ۱۳۹۲ھ

# تنہا جمعہ کا روزہ رکھنے کا حکم

کیا جمعہ کے دن روزہ رکھنا افضل ہے خدام الدین میں مندرجہ ذیل احادیث درج ہیں جن کی وجہ سے جمعہ کا روزہ رکھنا منع معلوم ہوتا ہے۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یصومن احدکم یوما لجمعۃ الا یوما قبلہ او بعدہ۔ (بخاری ومسلم)۔

وعن محمد بن عباد قال سألت جابراً رضی اللہ عنہ نہی النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن صوم الجمعۃ قال نعم۔

مفتی کفایت اللہ صاحب مرحوم ومغفور (نور اللہ مرقدہ) نے رسالہ تعلیم الاسلام میں جمعہ کے روزہ کو افضل قرار دیا ہے۔

نو ذوالحجہ کو جمعہ آجائے تو مندرجہ بالا احادیث کی رُو سے روزہ رکھنا منع ہوگا؟

**الجواب** (۱،۲) صرف ایک روزہ جمعہ کے دن کا رکھنا جائز ہے اور مذکورہ بالا احادیث میں نہی عن افراد الصوم یوم الجمعۃ تنزیہی ہے۔

کما فی فتح الملہم (ص ۱۵۵ ج ۳) وذھب الجمھور الی ان النہی فیہ للتنزیہ وعن مالک وابو حنیفہ لا یکرہ۔ البتہ احتیاط اسمیں ہے کہ دو روزے رکھے جائیں۔ کما فی التجنیس عن ابی یوسف فکان الاحتیاط ان یضم الیہ یوماً آخر۔ (فتح الملہم ص ۱۵۵ ج ۳)

(۳) یوم الجمعہ اگر اتفاقاً یوم عرفہ بھی ہو تو ان احادیث کی رُو سے غیر حاجی کے لئے ممنوع یا مکروہ کہنا صحیح نہیں بلکہ اس دن بلا کراہت تنزیہہ روزہ رکھنا جائز ہے۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد اسحاق عفرلہٗ
۲۷ / ۶ / ۸۶ ھ

الجواب صحیح
خیر محمد عفرلہٗ

## سحری کھاتے وقت نیت نہیں تھی تو روزہ کا حکم

رمضان میں سحری تیار ہونے پر زید کو اُٹھایا گیا اُس نے اُٹھ کر سحری کھائی اور پھر سو گیا اس وقت اس کے ذہن میں روزہ رکھنے نہ رکھنے کے بارے میں کچھ نہ تھا تو کیا وہ دن کو روزہ رکھ سکتا ہے ؟

**الجواب** اگر روزہ نہ رکھنے کا ارادہ نہیں تھا تو یہ سحری کھانا ہی نیت ہے، اور روزہ دُرست ہوجائے گا۔

والتسحر فی رمضان نیۃٌ ذکرہ نجم الدین النسفی وکذا اذا تسحر لصوم آخر وان تسحر علی أنہ لا یصبح صائماً لا یکون نیۃً اھ (عالمگیری ص ۱۹۵ ج ۱)

فقط واللہ اعلم ،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ،

## اگر آدمی ایسے علاقے میں جہاں لوگ روزہ رکھے ہوئے ہیں اور اس کے علاقہ میں روزہ نہیں تو یہ کیا کرے؟

ایک آدمی کو سفر میں رمضان کا مہینہ آگیا، دن بھی شک کا ہے۔ بعض علاقے والے لوگ روزہ رکھتے ہیں اور بعض علاقے والے نہیں رکھتے یہ مسافر ایک ایسے علاقے میں ہے کہ وہاں کے لوگ روزہ رکھتے ہیں اس مسافر نے بھی سحری کی نیت سے سحری کھالی اور نیت یہ کرلی اگر کل رمضان کا روزہ ہوا تو میرا بھی روزہ ہے ورنہ نہیں۔ اب سحری کے بعد اس نے سفر شروع کیا اور دس بجے اپنے علاقے میں آگیا جہاں لوگوں کا روزہ نہیں تھا تو اس مسافر نے بھی افطار کرلیا۔ کیا اس مسافر پر قضا یا کفارہ لازم ہے یا نہیں ؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں اگر وہ دن واقعتاً روزہ کا تھا تو وہ روزہ اُس کے ذمہ باقی ہے اور مذکورہ نیّت سے آدمی صائم نہیں ہوتا۔ لہٰذا وہ رمضان کا روزہ تھا تو افطار کی وجہ سے قضاء اور کفّارہ لازم نہ ہوگا۔

وان ضجع فی أصل النیۃ بأن ینوی ان یصوم غداً ان کان من رمضان ولا یصوم ان کان من شعبان ففی ھٰذہ الوجہ لا یصیر صائماً اھ (عالمگیری ص ۲۰۰ ج ۱) فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور
غرہ ربیع الثانی ۱۴۰۷ھ

## روزوں کا فدیہ رمضانؒ سے پہلے دینا

ایک شخص جو بوجہ ضعف اور عمر رسیدگی کے روزہ نہیں رکھ سکتا، کیا وہ

۱۔ رمضان آنے سے قبل فدیہ دے سکتا ہے ؟

۲۔ یا وہ رمضان المبارک میں فدیہ دے یا

۳۔ رمضان المبارک گزرنے کے بعد فدیہ دے۔؟

اس بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے ؟

**الجواب** اگر واقعۃً وہ اس حالت کو پہنچ گیا ہو کہ روزہ کے بجائے فدیہ دینا اس کے لئے جائز ہو تو رمضان آنے سے پہلے تو فدیہ نہیں دے سکتا کیونکہ ابھی اس کا وجوب ہی نہیں ہوا۔ اور قبل الوجوب ادا صحیح نہیں ہاں رمضان آنے کے بعد چاہے شروع میں دے دے چاہے آخر میں۔ (قولہ ولو فی أوّل شھر) أی یخیر بین دفعھا فی أوّلہ أو آخرہ کما فی البحر۔ (شامیہ ص ۱۳۰ ج ۲)۔ فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## سابقہ تجربہ کی بناء پر یا دیندار طبیب کی رائے کی وجہ سے مرض بڑھنے کا اندیشہ ہو تو افطار جائز ہے

کسی کو بلغمی دمہ کی بیماری ہو اور اسکی حالت یہاں تک پہنچے کہ بغیر دوائی کے گزارہ نہ ہو۔ ضرورت کے وقت وہ چل پھر نہیں سکتا۔ نماز کے لئے وضوء کرنا بھی مشکل ہو جاتا ہے کیا ایسی حالت میں وہ رمضان شریف کا روزہ رکھا کرے یا نہیں کیونکہ روزے کی حالت میں وہ دوائی نہیں کھا سکتا جس سے آرام مل سکے؟

**الجواب** بیماری کی وجہ سے شرعاً روزہ افطار کرنے کی اجازت ہے جبکہ بیماری کے بڑھنے یا لمبا ہونے کا اندیشہ ہو خیال محض کا اعتبار نہیں بلکہ ماہر مسلمان، دیندار طبیب یا تجربہ کار کی شہادت ضروری ہے۔ مراقی میں ہے۔

والخوف المعتبر لا باحة الفطر طریق معرفته امران احدهما ما کان مستندًا فیه لغلبة الظن فانهما بمنزلة الیقین بتجربة سابقة والثانی قوله او اخبار طبیب مسلم حاذق عدل بدا ع۔ ص۳۷۴۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،
۲/ ۹/ ۱۴۰۹ ھ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## کسی بھی نیت کے بغیر سارا دن کھانے پینے سے روزہ نہیں ہوگا

۱۔ کسی شخص نے روزہ یا عدم روزہ کی نیت کے بغیر تمام دن کھانے پینے وغیرہ سے رُکے ہوئے گزار دیا۔ کیا اس کا روزہ ہو گیا؟

۲۔ رمضان کے روزے کی نیت زیادہ سے زیادہ کب تک ہو سکتی ہے؟

۳۔ کوئی شخص کافی زیادہ کھانے کے بعد کھانے یا پانی کو منہ تک واپس لا سکتا ہے۔ یا کبھی بلا اختیار بھی آ سکتا ہے۔ تو کیا اسطرح کھانے یا پانی کے منہ تک آنے اور واپس کر دینے یا باہر پھینک دینے سے روزہ میں کوئی نقص تو نہیں۔ (بلا متلی)

۴۔ دیدہ دانستہ بحالت روزہ منہ کے علاوہ کان ناک کے ذریعہ پانی پہنچانے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں۔ اگر ٹوٹتا ہے تو کفارہ لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب** اگر کسی نے بغیر روزہ یا عدم روزہ کی نیت کے سارا دن بھوکے پیاسے گزار دیا تو اس کا روزہ نہیں۔

کما فی عالمگیریۃ فان أصبح فی رمضان لا ینوی صوماً ولا فطراً وھو یعلم أنہ عن رمضان ذکر شمس الائمۃ الحلوانی عن الفقیہ أبی جعفر عن أصحابنا رحمہم اللہ تعالیٰ فی صیرورتہ صائماً روایتین والاظہر انہ لا یصیر صائماً کذا فی المحیط۔

(جـ۱ ص۱۹۵ کتاب الصوم)

۲۔ رمضان کے روزے کی نیت سورج غروب ہونے کے بعد سے لے کر اگلے دن ضحوۂ کبریٰ سے پہلے پہلے کر سکتا ہے۔ اسکی تفصیل عالمگیری میں موجود ہے۔

۳۔ بہشتی زیور تیسرا حصہ ص۱۳ مسئلہ نمبر ۱۵ میں ہے "آپ ہی آپ قے ہو گئی تو روزہ نہیں گیا۔ چاہے تھوڑی سی قے ہوئی ہو۔ یا زیادہ البتہ اگر اپنے اختیار سے قے کی ہو اور منہ بھر کے قے ہو تو روزہ جاتا رہا۔ اور اگر اس سے تھوڑی ہو تو خود کرنے سے بھی نہیں گیا۔ مسئلہ نمبر ۱۶، تھوڑی سی قے آئی پھر آپ ہی آپ حلق میں لوٹ گئی تب بھی روزہ نہیں ٹوٹا البتہ اگر قصداً لوٹا لیتی تو روزہ جاتا رہتا۔

۴۔ کان میں پانی ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور ناک میں اگر اتنا پانی چڑھا دیا کہ پانی حلق میں پہنچ گیا۔ تو پھر روزہ ٹوٹ جائے گا۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ اصغر علی، معین مفتی جامعہ خیر المدارس

الجواب صحیح، خیر محمد عفی عنہ، ۱۳۷۳/۹/۲۴ھ

## بیماری کی وجہ سے روزے نہ رکھ سکے تو موت کے وقت وصیّت کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک عورت نے پندرہ ۱۵ سال کے پندرہ ۱۵ مہینے روزے نہیں رکھے۔ بیماری کی وجہ سے۔ اور ارادہ تھا کہ صحت کے بعد رکھوں گی۔ لیکن بیماری اور زیادہ لاحق ہوئی جس کی بناء پر وہ آئندہ کبھی بھی روزے نہیں رکھ سکے گی۔ اب دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ وہ اس کا کفارہ کتنا ادا کرے۔ رقم کی بناء پر اور یہ رقم کس کو دیں۔ رقم کی مقدار اور مصرف مطلوب ہے۔ بینوا توجروا۔

**الجواب** بیماری کی وجہ سے روزہ نہ رکھنا درست ہے اور صحت آجانے کے بعد اسکی قضاء لازم ہے اور اگر اس بیماری میں مریض فوت ہوجائے تو بیماری کی وجہ سے جو روزے قضاء کر چکی ہے۔ ان روزوں کی نہ اسپر قضاء ہے اور نہ ہی اس پر ان روزوں کا فدیہ ادا کرنا لازم ہے۔ درمختار میں ہے۔

فان ماتوا فیہ ای فی ذلک العذر فلا تجب علیهم الوصیة بالفدیة لعدم ادراکهم عدة من أیام أخر وفی موضع اخر منه وقضوا لزوما ماقدروا بلا فدیة ۔ درمختار علی الشامیہ ج ۲ ص ۱۲۷ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد اسحٰق غفر لہ ۱۸/۵/۱۴۱۵ھ

اگر بیماری کے بعد روزے رکھنے کی قوت حاصل نہیں ہوئی صحت کی بجائے بیماری بڑھتی چلی گئی تو ایسی صورت میں نہ قضاء واجب ہے نہ فدیہ ، — والجواب صحیح ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

## جماع بالخرقہ بھی موجب کفارہ ہے

ایک آدمی عاقل بالغ مسلمان ہے۔ اس کا پیشہ زمینداری ہے۔ ایک دن وہ کام

کر کے تھکا ماندہ گھر آیا اور چارپائی پر لیٹ گیا اور اپنی بیوی کو کہا ذرا میرے پاؤں دباؤ بیوی نے پاؤں دبانے شروع کئے اور تھوڑی دیر بعد مرد کو شہوت کا اثر ہوا۔ مرد اور عورت دونوں نے تمام کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ مرد سیدھا چت لیٹا تھا۔ اور شہوت کے اثر سے اس کا عضو تناسل کھڑا تھا۔ اور بیوی نے قصد کیا کہ عضو تناسل کے اوپر بیٹھ جاؤں۔ اور مرد کے دل میں یہ بات تھی کہ مع کپڑوں کے دخول ہی نہیں ہوگا۔ دوسری یہ وجہ دل میں تھی کہ جس طرح حیض کی حالت میں مرد اکٹھے سو سکتا ہے، اسی طرح شاید روزہ کی حالت میں بھی سو سکتا ہے۔ اس مغالطہ میں آکر عورت کو منع نہیں کیا۔ اور عورت جب اوپر بیٹھ گئی تو بالکل دخول ہوگیا۔ لیکن دونوں میں سے کپڑا کسی نے نہیں اُتارا بلکہ جسم کا کوئی حصہ بھی ظاہر نہیں ہوا۔ اب جو کچھ شریعت فرمائے گی عمل ہوگا۔ باقی مرد کو انزال بھی ہوگیا تھا۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں اگر انزال ہوگیا ہو یا زوجین نے لذت محسوس کی ہو تو جماع متحقق ہوگیا۔ اور بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں کفارہ اور قضا دونوں لازم ہیں۔ کیونکہ جماع بالخرقہ موجب تحلیل ہے قیاساً علیہ نقول انہ یکون موجباً للکفارۃ۔ بحر الرائق میں ہے صبح ۴ ج ۱ وأشار بالوطی الی ان شرط الایلاج بشرط کونہ عن قوۃ نفسہ وان کان ملفوفاً بخرقۃ اذا کان یجد لذۃ حرارۃ المحل فی فصل ما تحل بہ المطلقۃ۔ علاوہ ازیں احتیاط بھی کفارہ میں ہے۔

فقط واللہ اعلم، محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ، خادم الافتاء خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح، خیر محمد عفی عنہ ۱۳/۲/۱۳۷۴ھ، مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان

## خیالات پر انزال ہو جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

ا۔ جو رمضان المبارک مہینہ گزر گیا ہے اس میں مجھ سے پانچ روزے ٹوٹ گئے جس میں چار روزے اسطرح کہ میرے ذہن میں بہت گندے گندے خیالات آجاتے تو میں

کوشش کرتا کہ ایسا نہ ہو لیکن قابو نہ کر پاتا اور خود بخود ہی انزال ہو جاتا اس کے بعد میں سب سے چوری چھپے کھانا پینا شروع کر دیتا اور جب افطار کا وقت ہوتا تو میں بھی اس میں شامل ہو جاتا۔

۲۔ پانچواں روزہ بھی اسی طرح ٹوٹا، ہاتھ رُوم چلا گیا اور میں نے خود جان بوجھ کر مجبور ہو کر اپنے ہی ہاتھوں سے انزال کر کے روزہ توڑ دیا۔ اور پھر کھانا پینا شروع کر دیا اس کا کیا علاج ہے؟

**الجواب** خیالات پر انزال ہونے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ عالمگیری میں ہے۔ واذا نظر الی امرأۃ بشہوۃ فی وجہھا أو فرجھا کرّر النظر او لا لا یفطر اذا انزل الی ان قال وکذا لا یفطر بالفکر اذا أمنیٰ ص۲۰۴ ج۱

اور اگر مسئلہ کا علم نہ تھا کہ ایسے انزال سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور پھر قصداً بعد میں کچھ کھا پی لے تو اس پر کفارہ نہیں ہے صرف قضاء لازم ہے کذا فی فتح القدیر واذا احتلم فظن أن ذلك فطرۃ فاکل بعد ذلك متعمدا لا کفارۃ علیہ ھکذا فی المحیط وان علم حکم الاحتلام کفر کذا فی الظھیریۃ۔ (ہندیہ ص۲۰۶ ج۱)

۲۔ الصائم اذا عالج ذکرہ حتی أمنیٰ فعلیہ القضاء وھو المختار (ہندیہ ص۲۰۵ ج۱)۔

اس صورت میں قضاء واجب ہے کفارہ نہیں ہے۔ الحاصل۔ ان پانچ روزوں کی قضاء لازم ہے۔ کفّارہ نہیں۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،

## کفّارہ صوم کی رقم ایک ہی مسکین کو ایک دفعہ دینا جائز نہیں ہے

بکر نے رمضان المبارک کا روزہ بغیر شرعی مجبوری کے جان کر توڑ دیا۔ اب بکر ساٹھ روزے تو رکھ نہیں سکتا ساٹھ روزوں کا جو فدیہ بنتا ہے اسکی رقم زید کو دے دی

اور اکٹھی رقم دے دی اور زید خود بھی غریب ہے آیا زید اس رقم میں سے ہر روز ایک فدیہ کی رقم خود لیتا ہے ساٹھ روز تک جائز ہے یا نہیں ؟

**الجواب** اگر بکر نے زید کو کفارہ کی رقم فقیر ہونے کی وجہ سے دیدی ہے کہ وہ اپنی ضروریات میں جہاں چاہے خرچ کرے تو اس صورت میں بکر کا کفارہ ادا نہ ہوگا ۔ کیونکہ ایک فقیر کو پورے کفارہ کی رقم دینے کی اجازت نہیں ہندیہ میں ہے ۔ ولو دفع جملة الی فقیر واحد جاز بخلاف کفارة الیمین وکفارة الظهار وکفارة الافطار (ص۹۵ ج۱)

اور اگر زید صرف وکیل تھا تو اس صورت میں محتاج نہ ہے خود نہیں رکھ سکتا ۔ ساٹھ دن ۶۰ ساٹھ مسکینوں پر پورے میں ہے ، والوکیل اذا اعطی ولده الکبیر اته وهم محاویج جاز ولا یمسك شیاء کذا فی الخلاصة (ص۹۷ ج۱) ۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح ،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ
۹ / ۷ / ۱۴۰۷ھ

## رؤیت ہلال کمیٹی کے اعلان پر روزے رکھے جائیں

سیدی جامع شریعت وطریقت حضرت مولانا مفتی عبد الستار صاحب دامت برکاتہم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ مزاج گرامی ! اُمید ہے حضرت کے مزاج بخیر ہوں گے حضرت والا ایک نئی صورت حال پیش آئی ہے ۔ حضرت کے محققانہ جواب کی ضرورت ہے
۱ ۔ میں ملازمت کے سلسلہ میں ۱۰ ماہ سے زائد پشاور میں رہ رہا ہوں ۔ یہاں پر ۲۹ شعبان کی شب لاؤڈ سپیکر پر اعلان ہوا کہ آٹھ آدمیوں نے چاند دیکھ لیا ہے ۔ اس ضمن میں پشاور کے عُلماء نے متفقہ فیصلہ دے دیا کہ کل ماہِ مُبارک کا پہلا روزہ ہوگا ۔ بحیثیت وہاں کے شہری

ہونے کے اُن علماء کرام کی اتباع میں روزہ رکھ لیا جبکہ حساب سے اس دن ۲۹ شعبان ہی تھی۔ اگلی رات مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا کراچی میں اجلاس ہوا۔ وہاں کے مشترکہ اعلان کے مطابق چونکہ کہیں سے گواہی موصول نہیں ہوئی لہذا بروز منگل کو ۳۰ شعبان ہوگی اور پہلا روزہ بروز بدھ ہوگا۔ جبکہ یہاں پشاور کے مقامی علماء کے فیصلہ کی رُو سے بدھ کو ہمارا تیسرا روزہ ہوگیا۔ اِس صورت حال کے بعد دریافت طلب اُمور درج ذیل ہیں

(الف) کیا مذکورہ صورت میں مقامی علماء کرام کا فیصلہ نافذ العمل ہوسکتا ہے جبکہ ملک میں مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی کا وجود بھی ہو اور انھوں نے فی الحال کوئی فیصلہ بھی نہ دیا ہو تو کیا روزہ ۲۹ شعبان کو رکھنا چاہیئے تھا یا نہیں؟

(ب) ۳۰ شعبان کی شب مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی کی بات کو ترجیح دیتے اور ۳۰ شعبان کو روزہ چھوڑ دیتے جبکہ ۲۹ شعبان کا رکھ چکے تھے۔

(ج) مرکزی فیصلے کی رو سے اب تو ہمارے دو روزے زائد ہوگئے۔ یہ نفلی ہوئے یا فرض۔ نیت فرض کی کرتے تو ڈرتے تھے کہ مرکزی فیصلے کے مطابق ابھی شعبان ہے نفلی روزوں میں نیت فرض کی کیسے کریں۔ اگر نفل کی کرتے تو خیال آتا کہ جب پشاور کے علماء نے فیصلہ دے دیا ہے تو اب شرعی طور پر یہ فیصلہ نافذ العمل ہوکر فرضی روزے شروع ہوگئے۔

(د) حضرت میں چونکہ عید پر ڈیرہ اسماعیل خان جاؤں گا تو اپنے شہر میں کم از کم ۲۹ روزے تو ضرور ہی ہوں گے اور دو روزے مَیں نے اِدھر زائد رکھ لئے ہوں گے تو کل ۳۱ یا پھر ۳۰ روزے ہوئے تو میرے ۳۲ روزے ہو جائیں گے تو کیا ۳۰ روزے فرض باقی نفل یا سب فرض ہو جائیں گے۔ کیا ایسا ہو بھی سکتا ہے آیا ۳۰ روزوں کے بعد رکھنا ضروری نہیں ہوگا؟ جبکہ ڈیرہ اسماعیل خان میں فی الحال روزے رکھے جا رہے ہوں گے؟

(ھ) پشاور کے جن احباب نے مقامی علماء کی بات تسلیم نہیں کی اور مرکزی کمیٹی کے فیصلہ کے مطابق ہی روزے شروع کئے۔ کیا ان پر کوئی ملامت ہوگی۔ کیا جو دو روزے

زائد رکھ لئے گئے ان کی قضا انہیں رکھنا ہوگی یا نہیں ؟

(ح) بعض احباب نے پشاور کے علماء کی بات تسلیم نہیں کی اور ۲۹ شعبان کو روزہ نہیں رکھا اور اگلے دن ۳۰ شعبان کو رکھ لیا جبکہ مرکزی کمیٹی والے فیصلہ بھی دے چکے تھے کہ چاند نظر نہیں آیا۔ ایسے لوگوں کا شرعی حکم کیا ہے ۔کیونکہ مرکز کے فیصلے کے مطابق اب بھی روزہ نہ رکھتے جبکہ پشاور کے حساب سے ایک روزہ چھوڑ بیٹھے تھے ۔

فقط والسلام ، محمد راشد ،

**الجواب** آپ رؤیت ہلال کمیٹی کے اعلان کے مطابق روزے پورے کریں۔

فقط واللہ اعلم ،

بندہ عبدالستار عفی عنہ ،

رئیس دارالافتاء بجامعہ خیر المدارس ۔ ملتان

## دل کے مریض کے لئے روزے کا حکم

گزارش ہے کہ میں مسمی محمد صابر عرصہ ایک سال (عمر ۴۵ سال) سے دل کا مریض ہوں ،تین وقت دوائی کھانی پڑتی ہے ۔اگر ایک وقت دوائی نہ کھائیں تو طبیعت خراب ہو جاتی ہے ۔ اور کسی چیز کی کوئی عادت یا نشہ وغیرہ نہ ہے بوجہ بیماری روزہ رکھنے سے بیماری بڑھتی ہے ۔اب آپ بتائیں کہ میرے لئے شرعاً کیا حکم ہے ،نیز ڈاکٹر کے کہنے کے مطابق دوائی زندگی بھر کھانی پڑے گی ۔

(محمد صابر لبستی میہ کر ، دالانز دجنرل بس سٹینڈ ملتان)

**الجواب** ۔برتقدیر صحت واقعہ صورتِ مسئولہ میں اگر ماہر دیندار ڈاکٹر یہ رائے دے کہ واقعی اس مریض کو روزہ رکھنے سے تکلیف زیادہ ہو جائے گی یا تکلیف زیادہ عرصہ تک بڑھ جائے گی تو افطار کی گنجائش ہے اور صحت یاب ہونے کے بعد اس پر قضا لازم ہے ۔ المریض اذا خاف علی نفسہ التلف أوذهاب

عضو یفطر بالاجماع وان خاف زیادۃ العلۃ و امتداده فکذلک عند نا وعلیه القضاء اذا أفطر کذا فی المحیط، ثم معرفۃ ذلک باجتهاد المریض أو باخبار طبیب مسلم غیر ظاهر الفسق کذا فی الفتح القدیر (ہندیہ ج ۱ ص ۲۰۷) اور اگر صحت یابی کی بالکل امید نہ ہو تو صدقہ فطر کے بقدر ہر روزہ کے بدلہ میں فدیہ کسی مستحق کو دے دیں۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد اسحاق غفر لہ

۱۷ / ۸ / ۱۴۱۶ھ

## گلے کی نالیوں کے لئے گیس پمپ کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جائیگا

کیا فرماتے ہیں علماء دین اندریں مسئلہ کہ ایک شخص دمہ کا مریض ہے رمضان المبارک میں روزے رکھنے سے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ ایک پمپ جس کا نام انہیلر ہے جس میں گیس جیسی چیز ہوتی ہے۔ اسے منہ میں رکھ کر دباتے ہیں جس سے سانس کی نالیاں کھل جاتی ہیں اور تقریباً چھ گھنٹے تک آرام ہو جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہ نیز اگر ٹوٹ جاتا ہے تو ان روزوں کا فدیہ دیا جا سکتا ہے یا قضا رکھنے پڑیں گے جبکہ ایسا مریض دائمی ہے پوری وضاحت سے تحریر فرما کر مشکور فرمائیں۔

**الجواب** انہیلر پمپ کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جائے گا۔

فی الدر المختار أو دخل حلقه غبار أو ذباب او دخان ولو ذاکراً استحساناً لعدم امکان التحرز عنه وفی رد المحتار وهذا یفید أنه اذا وجد بداً من تعاطی ما یدخل غباره فی حلقه أفسد لو فعل شرنبلالیه۔ وفی الدر ومفاده أنه لو أدخل حلقه الدخان أفطر أی دخان کان ولو عوداً أو عنبراً لو ذاکراً لامکان التحرز عنه فلیتنبه له کما

بسطه الشرنبلالی و فی رد المحتار ومفاده أی مفاد قوله دخل أی بنفسه بلاصنع منه قوله أنه لو ادخل حلقه الدخان أی بأی صورة کان الادخال حتی لو تبخر ببخور فاواه الی نفسه واشتمه ذاکراً للصوم أفطر لامکان التحرز عنه وهذا مما یغفل عنه کثیر من الناس ولا یتوهم أنه کشم الورد ومائه والمسك لوضوح الفرق بین هواء تطیب بریح المسك وشبهه وبین جوهر دخان وصل الی جوفه بفعله الخ (ص۱۰۶ ج۲)

اگر دوسرے ایام میں روزہ رکھ سکے تو قضا کرے اگر نہ رکھ سکے تو فدیہ دے.

فان عجز عن الصوم لا یرجی برءه أو کبر أطعم أی ملك.

(الدر المختار علی رد المحتار ص۶۳۲ ج۲). فقط واللہ اعلم۔

محمد انور

## شیخ فانی کے لئے روزے کا فدیہ کتنا ہے؟

کیا فرماتے ہیں علماء دین ان مسائل کے بارے میں:

۱۔ میرے والد صاحب حاجی بشیر احمد قریشی جن کی عمر اسوقت ۸۵ سال ہے وہ پیشاب کی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ اس سلسلے میں ان کا اپریشن بھی کروایا گیا تھا۔ مگر اس سے انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ انہیں ڈاکٹروں نے روزہ رکھنے سے منع کیا ہے۔ مگر وہ روزہ رکھنے پر مصر ہیں۔ اس صورت میں انکے لئے شرعی حکم کیا ہے؟

۲۔ روزہ کا فدیہ کتنا ہوگا؟

۳۔ اس کے علاوہ انہیں پیشاب کا عارضہ بھی ہے۔ وضو کر کے اٹھتے وقت قطرہ خارج ہوجاتا ہے۔ نماز پڑھتے ہوئے سجدے میں جاتے وقت بھی قطرہ خارج ہوتا ہے اس سے کپڑے بھی ناپاک ہوجاتے ہیں۔ اس حالت میں نماز اور تلاوت کے لئے وضو کے بارے میں کیا حکم ہے؟

۴۔ نیز یہ کہ کیا وہ مسجد میں نماز پڑھ سکتے ہیں کہ نہیں ؟
ان سوالات کا تفصیلی جواب مرحمت فرمائیں۔
(المستفتی، سعید احمد قریشی المدینہ ٹاؤن۔ اولڈ شجاعباد روڈ ملتان)

**الجواب** ۱۔ ایسے مریض کو رمضان شریف میں روزہ افطار کرنے کی اجازت ہے پھر جب تندرست ہو جائے اور قابل روزہ رکھنے کے ہو جائے اس وقت قضاء کرے۔ فدیہ دینا اسکو کافی نہیں ہے۔ البتہ ایسے مریض کو جس کا مرض دائمی ہو جائے اور صحت سے ناامید ہو، فدیہ دینا جائز ہے۔ درمختار علی ہامش ردالمحتار میں ہے۔ مریض خاف الزیادۃ لمرضہ وصحیح خاف المرض الفطر وقضوا لزم ما قدروا بلا فدیۃ وبلا ولاء شامی ص ۱۲۶ ج ۲ المریض اذا تحقق الیاس من الصحۃ فعلیہ الفدیۃ لکل یوم من المرض۔ ردالمحتار ص ۱۳۰ ج ۲

۲۔ فی روزہ دو سیر گندم یا اس کی قیمت مختار قول کے مطابق مختار ہے۔

ولا یجزیٔ غیر المراهق (بدائع) کالفطرۃ قدرًا ومصرفًا ... وفی ردالمحتار قولہ کالفطر قدرا ای نصف صاع من بر او صاع من تمر او شعیر و دقیق ... فیهما الخ الشامیۃ ص ۶۳۲ ج ۲

۳۔ معذور شرعًا ابتداءً اسوقت ہوتا ہے کہ تمام وقت نماز میں کوئی وقت ایسا اسکو نہ مل سکے کہ وضو کر کے نماز بدون اس عذر کے ادا کر سکے۔

... لا یجد فی جمیع وقتہا زمنا یتوضأ ویصلی فیہ خالیا من الحدث وھذا شرط العذر فی حق الابتداء وفی حق البقاء کفی وجودہ فی جزء من الوقت ولو مرۃ۔

پس اگر ایک دفعہ بھی تعریف مذکور اس پر صادق آگئی تو وہ معذور ہو گیا پھر اس وقت تک معذور ہی رہے گا جب تک وہ عذر منقطع نہ ہو جائے۔ ایسے معذور کو وقت میں ایک دفعہ وضو کر لینا کافی ہے۔ تمام وقت میں اس عذر کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے۔ پھر خروج وقت سے وہ وضو باطل ہو جاتا ہے۔ وقت کے

اندر اندر اس وضو سے تلاوت اور نوافل وغیرہ ادا کرنا درست ہے۔ یہ اس وقت ہے جبکہ بیٹھے بیٹھے وضو کر کے بیٹھ کر باوضو اشارے سے بھی نماز ادا نہ کر سکتے ہوں۔ اگر ایسی صورت میں قطرہ نہیں نکلتا تو وہ ایسے ہی نماز پڑھیں
فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح　　بندہ محمد اسحاق غفر اللہ جامعہ خیر المدارس ملتان

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ　　۵ / ۹ / ۱۴۱۰ھ

نوٹ: بہتر ہے کہ قطرہ خارج ہونے کے مسئلہ کو زبانی سمجھ لیا جائے۔

## تیس ۳۰ سال کے روزوں کی قضا کیسے کریں؟

زید نے تیس سال تک فرض روزے کبھی رکھے اور کبھی نہ رکھے، اور کبھی رکھ بھی لئے تو گاہے گاہے خوراک سے گاہے جوانی کے اندھے پن سے توڑ دیئے۔

مندرجہ بالا صورتوں میں تیس سالہ روزوں کا کفارہ اور قضاء دونوں لازم ہوئے یا نہ۔ روزوں کی مجموعی تعداد کیا ہوگی؟ ۲۔ زید مسلسل روزے قضاء نہیں رکھ سکتا۔ اس صورت میں وہ کیا طریقہ اختیار کرے؟ ۳۔ تیس سالہ روزوں کا کفارہ کیا ہوگا اور اس کی ادائیگی کس طرح ہوگی۔ یعنی یہ رقم ایک حق دار کو کتنی دیجا سکتی ہے کیونکہ زید کہتا ہے کہ روز روز کے حساب سے دشواری بھی ہے اور رقم حرج ہونے کا خطرہ بھی ہے؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں صرف ایک ہی کفارہ واجب ہے، ساٹھ مساکین کو دو مرتبہ صبح شام کھانا کھلایا جائے (شام کو وہی فقراء ہونے چاہئیں جن کو صبح کھانا کھلایا تھا ورنہ ادائیگی درست نہیں ہوگی) یا دو سیر گندم یا اسکی قیمت ہر ہر فقیر کو دے دیں۔ مذکورہ کفارہ کی رقم ایک شخص کو دینے کی اجازت نہیں۔ مراقی میں ہے۔ وکفت کفارة واحدة عن جماع واكل عمداً متعدد فی ایام لم يتخلله تكفير ولو كانت الايام من رمضانين على الصحيح الخ ص۳۶۷

سابقہ روزوں کی حسب استطاعت قضا شروع کریں اور یہ عزم ہو کہ انشاء اللہ سب

روزوں کی قضاء کروں گا اور سابقہ کوتاہی اور غلطی سے توبہ کریں اگر پھر بھی روزے باقی رہ گئے تو انکی وصیّت کردی جائے ایک روزے کا فدیہ ڈیڑھ سیر گندم یا اسکی قیمت ہے۔ فدیہ کی رقم ایک فقیر کو بھی دی جاسکتی ہے۔ لیکن اتنی رقم ایک فقیر کو دے دینا کہ وہ سب اپنی ضروریات پوری کر کے غنی شمار ہونے لگے یہ اچھا نہیں۔ درمختار میں ہے۔

وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا ولو فی أوّل الشهر وبلا تعدّد فقیر الخ (شامیہ صفحہ ۱۱۹ ج ۲)

الجواب صحیح، — فقط، واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، — بندہ محمّد عبداللہ عفا اللہ عنہ

## مُتعدد روزے توڑے تو کفّارہ میں تداخل کا حُکم

ایک شخص نے رمضان شریف میں روزے کی حالت میں عورت سے جماع کیا ابھی اسکا کفّارہ ادا نہ کیا تھا کہ دُوسرے رمضان میں پھر جماع کیا۔ کیا اس پر علیحدہ علیحدہ کفّارہ ہوگا یا ایک کافی ہوگا؟

**الجواب** شخص مذکور کو دو کفارے دینا پڑیں گے۔ اِن دونوں جنایتوں سے ایک کفّارہ کافی نہیں ہے (کما فی الشامیۃ صفحہ ۱۵۱ ج ۲)

أی وان کان الفطر المتکرر فی یومین بجماع لاتداخل الکفارة وان لم یکفر للاوّل لعظم الجنایة الخ (رد المحتار صفحہ ۱۲۰ ج ۲)

مکتبہ رشیدیہ۔ کوئٹہ ۔ فقط واللہ اعلم — بندہ محمد اسحاق غفرلہ

۱۹ / ۵ / ۷۸ جو

الجواب صحیح

بندہ عبداللہ غفرلہ ۱۹ / ۵ / ۷۸ جو

## متعدد روزے توڑنے سے کفاروں میں تداخل ہوگا یا نہیں

گزارش ہے کہ متعدد رمضانوں کے متعدد روزے توڑنے کی صورت میں کفّارہ کے بارے میں مختلف روایات ملتی ہیں بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ کفاروں میں تداخل ہوگا اور ایک ہی کفارہ کافی ہے بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ کفاروں میں تداخل نہیں ہوگا اور ایک کفارہ کافی نہیں ہے اس اُلجھن کا شافی جواب عنایت فرمائیں یہ اشکال آپ ہی کے دارالافتاء سے لئے گئے دو فتووں کی بناء پر پیدا ہوا۔

(محمد طاہر بلوچستانی (معاون ترتیب خیر الفتاوی)

**الجواب**: اگر جماع سے متعدد رمضانوں میں روزے توڑے ہیں تو ایک ہی کفارہ کافی ہوگا یا متعدد کفارے واجب ہوں گے اس کے بارے میں تصیح کا اختلاف ہے۔ اگر ایسے روزوں کی مقدار کم ہے تو احتیاط کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر روزے کا کفّارہ الگ الگ دینا مناسب ہے اور اگر اس طرح سے توڑے ہوئے روزوں کی تعداد زیادہ ہے تو دوسری تصحیح پر عمل کرنے کی گنجائش ہے یعنی سب کی طرف سے ایک ہی کفارہ دے دیا جائے۔ ظاہر یہ ہے کہ احوط پہلا قول ہے اور اسہل دوسرا قول ہے اس دوسرے قول کے مطابق بھی فتویٰ دیا گیا ہے۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

# رؤیتِ ہلال کے متعلق علماء کا متفقہ فیصلہ

رویت ہلال کے سلسلہ میں ہر سال عجیب حال ہوتا ہے علماء کرام اس اجتماعی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے کوئی متفقہ لائحہ عمل طے کرنے کے لئے جامعہ قاسم العلوم میں جمع ہوئے اس جلسہ کی صدارت جامع المعقول والمنقول استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد نور اللہ مرقدہ نے فرمائی اس میں جو مسائل متفقہ طور پر طے ہوئے وہ حسب ذیل ہیں۔

سالہا سال سے دیکھا جا رہا ہے کہ عید و رمضان میں عامۃ المسلمین میں شدید اختلاف ہوتا ہے۔ ایک ہی شہر میں بعض روزے سے ہوتے ہیں اور بعض عید مناتے ہیں۔ پھر اس پر بس نہیں ہوتا۔ بلکہ ہر ایک اپنے مخالف فریق پر طعن و تشنیع کرنے میں پوری ہمت صرف کرتا ہے۔ سب سے زیادہ اختلاف کا موجب ریڈیو پر نشر شدہ خبریں ہوتی ہیں۔ ریڈیو کے ذریعہ جب کسی شہر میں خبر پہونچتی ہے تو بعض حضرات بغیر تحقیق کے اس پر عمل کرنے لگتے ہیں اور بعض اس کی شرعی حیثیت خاں ہو کو سمجھ کر مجتنب رہتے ہیں۔ اس شدید انتشار کے پیش نظر مدرسہ عربیہ قاسم العلوم کچہری روڈ ملتان شہر کے مدیر محترم حضرت مولانا محمد شفیع صاحب نے اس خالص علمی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے قدم اٹھایا اور اطراف پاک و ہند میں اس بارہ میں سوالات بھیجے۔ جوابات آنے پر چونکہ بعض میں اختلاف پایا جاتا تھا۔ اس کو رفع کرنے کے لئے ۱۶ ستمبر ۵۴ء کو مدرسہ قاسم العلوم ہی میں مفتیانِ پاکستان کا ایک اجتماع کرایا۔ دو دن مکمل بحث کے بعد جو فیصلہ ہوا۔ اس کو ہندوستان کے مشہور مدارس میں نیز پاکستان کے اُن علماء کی خدمت میں جو اجتماع میں بوجہ اعذار کے تشریف نہ لاسکے تھے۔ بذریعہ ڈاک روانہ کر دیا۔ سب کی تصدیقات حاصل کرنے کے بعد اب اس کو مسلمانوں کی

خدمت میں پیش کیا جارہا ہے۔

نیز حکومت سے بھی گذارش ہے۔ کہ وہ متدین علماء دین کی جماعت کے فیصلہ کے بعد ہی اس کو نافذ کرنے کے لئے بذریعہ ریڈیو اعلان کرے۔ اور محکمہ اطلاعات کو پابند کرے۔ کہ وہ رؤیت کے بارے میں بغیر رؤیت ہلال کمیٹی کے فیصلہ کے کوئی خبر نشر نہ کرے۔ تاکہ عامۃ المسلمین کے فریضہ میں کوئی نقصان نہ آئے۔

(نوٹ:۔ حکومت سے اس بارہ میں گفتگو کی جارہی ہے۔)

---

# حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

اجتماع علماء منعقدہ ملتان مورخہ ۱۵ ستمبر ۵۷ء میں مدرسہ قاسم العلوم ملتان کی دعوت پر مسائل پیش آمدہ رؤیت ہلال پر غور وخوض اور بحث وتمحیص کے بعد جو متفقہ مسائل طے ہوئے وہ بغیر اعادہ سوالات کے حسب ذیل ہیں۔ اس میں اس بات کی پوری کوشش کی گئی ہے۔ کہ متون معروفہ مشہورہ کی مفتی بہ روایات کے خلاف کوئی بات نہ ہو۔ اور اختلاف وخودرائی کی جو وباء عام پھیلی ہوتی ہے۔ اس کا انسداد ہو سکے۔ ان جوابات اور طے شدہ مسائل کی ایک ایک کاپی تمام اطراف واکناف کے علماء کرام کی خدمت میں پیش کی جائے گی۔ اور اتفاق وتصدیق کے بعد جو بات حکومت سے متعلق ہے۔ اس کی منظوری کی استدعاء حکومت سے کی جائے گی۔ وَبِاللهِ التوفيق۔

۱:۔ ہلال رمضان بحالت علت خبر واحد سے خواہ وہ عادل ہو یا مستور الحال ہو ثابت ہو سکتا ہے۔ اس میں شہادت شرط نہیں۔ البتہ ہلال عیدین میں شہادت بشرائطہا ہونا ضروری ہے۔ یعنی کم ازکم دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں ایسی ہوں جو

دیندار ہوں۔ اور بشہادت حاکم یا جماعت مجاز کے سامنے باقاعدہ شہادت ادا کریں بحالتِ صحو دونوں ہلال میں جم غفیر کے ایسے اخبار جو موجب ظن غالب ہوں ضروری ہونگے۔ اور ان کا اعتبار کیا جائے گا۔ لیکن اگر ہلال رمضان میں بستی سے باہر آئے ہوئے یا موضع مرتفع سے دیکھنے والے ایک عادل شخص کی یا بستی کے دو عادل کی شہادت سے بھی اطمینان حاصل ہو جائے۔ تو اس پر حکم دیا جا سکتا ہے۔

۲۔ ریڈیو ٹیلیفون "تار برقی خط اور اخبار میں یہ فرق ہے کہ تار برقی اور اخبار سوائے صورت استفاضہ کے ہرگز معتبر نہیں۔ البتہ خط بشرط معرفۃ الکاتب و عدالتہ اور ریڈیو و ٹیلیفون بشرط معرفۃ صاحب الصوت و عدالتہ درجہ اخبار میں معتبر ہوں گے۔ شہادت میں نہیں ہوں گے۔

۳۔ مجلس نے یہ بھی طے کیا ہے۔ کہ اگر جماعت علماء مجاز کے سامنے تحت احکام شرع ہلال صوم یا فطر ثابت ہو جائے اور اس کا اعلان ریڈیو میں حاکم مجاز کی طرف سے ہو۔ تو اس کے حدود ولایت میں سب کو اس پر عمل کرنا لازم ہوگا۔[1]

---

[1] حاشیہ:۔ (حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی کی رائے) یعنی جس علاقہ کے ریڈیو سے وہاں کے علماء کے فیصلے کے مطابق اعلان ہو۔ وہ اسی علاقہ کے حدود میں واجب التعمیل ہوگا دوسرے علاقوں میں جب تک شرعی ثبوت کے ذریعہ وہاں کے علماء فیصلہ نہ دیں یہ اعلان اثر انداز نہ ہوگا۔ مثلاً کراچی ریڈیو کا اعلان صرف سندھ بلوچستان پر اور لاہور ریڈیو کا اعلان صوبہ پنجاب پر اور راولپنڈی ریڈیو کا اعلان راولپنڈی ڈویژن پر اور آزاد کشمیر ریڈیو کا اعلان صرف آزاد کشمیر پر اور پشاور ریڈیو کا اعلان صوبہ سرحد و آزاد قبائل پر اور ڈھاکہ ریڈیو کا اعلان پورے مشرقی پاکستان پر اثر انداز اور واجب التعمیل ہوگا۔ ایک علاقہ کا اعلان دوسرے علاقہ کے لئے مؤثر نہ ہوگا۔

---

۴۔ ہلالِ صوم یا ہلال فطر دونوں میں دیہات و رساتیق کے لوگوں کو جہاں علماء یا قضاۃ نہیں ہیں صرف افواہوں پر اعتماد کر کے روزہ اور عید جائز نہیں۔ بلکہ اس کے لئے ضروری ہے کہ عادل اور ثقہ ذمہ داری کے ساتھ یہ بیان دے کہ فلاں جگہ میں نے علماء کا فیصلہ سنا ہے۔ یا وہاں متفقہ طور پر عید ہوئی۔ اور میں خود پڑھ کر آیا ہوں۔ یا میں نے مشاہدہ کیا ہے یا میں نے منادی سنی

ہے۔ اور اس کے ایسے بیان پر اہل قریہ کو غلبۂ ظن بھی حاصل ہو اس پر عمل کرنا درست ہوگا۔

۵ :۔ رؤیت ہلال میں جہاں جہاں استفاضہ کا لفظ آیا ہے اُس میں بھی بے سر و پا افواہوں یا مبہم اور غیر معروف لوگوں کے خطوط کا اعتبار نہیں۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ حاکم وقت یا اس کے نائب مجاز (یعنی جماعت علماء یا عالم ثقہ) کے پاس متعدد خبر دینے والے خبر رؤیت ہلال کو بالشرائط المرقومہ فے الجواب السابق بیان کریں۔ اور اس سے مخبر الیہ کو طمانیت قلب اور غلبۂ ظن حاصل ہو جائے تو اس صورت میں یہ طریق موجب عمل قرار دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ استفاضہ میں یہ صورت بھی داخل ہے کہ حاکم یا نائب یا عالم ثقہ فے القریہ کے پاس متعدد خطوط یا ٹیلیفون یا تار توسط یا بغیر توسط کے ایسے اور اتنے آجائیں کہ اس کی طمانینت قلب ہو سکے۔

۶ :۔ اگر ہلال رمضان میں خبر واحد عادل یا خط وغیرہ پر اعتماد کرتے ہوئے روزہ کا حکم دیدیا گیا اور تیس روزے پورے ہو جانے کے بعد بھی رؤیت ہلال نہ ہوئی تو بحالت صحو عید کرنی جائز نہیں۔ اور بحالت علت عید کرنی جائز ہے۔

۷ :۔ اگر کسی جگہ حاکم وقت یا اس کے نائب (جماعت علماء یا عالم ثقہ فے القریہ) نے رؤیت ہلال کے باب میں فاسق کی شہادت کا غلبۂ ظن کے بعد اعتبار کرتے ہوئے حکم دیدیا تو نتیجۃً وہ سب کے لئے قابل تسلیم سمجھا جائیگا۔ لیکن اسے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا۔

۸ :۔ اختلاف مطالع صوم و فطر میں بشرطیکہ دوسری جگہ ثبوت رؤیت بطریق موجب ہو معتبر نہیں ہوگا۔ ۱۸ محرم الحرام ۷۴ھ

---

۱۔ محمود عفا اللہ عنہ مفتی مدرسہ قاسم العلوم ملتان

۲۔ محمد شفیع غفرلہ، مہتمم قاسم العلوم ملتان

۳۔ محمد عبد اللہ غفرلہ خادم الافتاء خیر المدارس ملتان۔ مورخہ ۱۸ محرم ۷۴ھ

۴۔ خیر محمد عفا اللہ عنہ، خیر المدارس، ملتان۔

۵۔ محمد صادق عفا اللہ عنہ ناظم امور مذہبیہ بہاولپور

۶۔ محمد ناظم ندوی، شیخ الجامعۃ العباسیہ بہاولپور

۷۔ محمود الحسن عفی عنہ، خطیب جامع مسجد مظفر گڑھ۔

۸۔ عبد الرحمٰن عفی عنہ، مفتی دار الافتاء محکمہ امور مذہبیہ، بہاولپور

۹۔ محمد چراغ عفی عنہ مدرس مدرسہ عربیہ گوجرانوالہ

۱۰۔ احمد عفی عنہ مدرس جامعہ دینیہ دار الھدیٰ ٹھیڑی ریاست خیرپور میرس سندھ۔

۱۱۔ ۲ و ۳ جواب بذا میں مجھے ابھی تک شرح صدر نہیں تحقیق کروں گا، باقی نمبرات میں متفق ہوں۔ ۔۔۔ محمد

۱۲۔ محمد برکت کشمیری مدرس خیر المدارس ملتان شہر

۱۳۔ جمال الدین عفرلہ، مردانی۔

۱۴۔ بشرح صدر مولانا عطا محمد صاحب ۲ و ۳ میں خلجان ہے باقی سے متفق ہوں فقیر محمد شمس الدین ہزاروی

۱۵۔ الاجوبۃ صحیحۃ عندی واللہ تعالیٰ اعلم،
ظفر احمد عثمانی تھانوی عفا اللہ عنہ ۲۳ رجب ۱۳۸۴ھ

۱۶۔
محمد امیر بقلم خود غفرلہ جھوک دمین۔

۱۷۔ علی محمد عفی عنہ (مدرس قاسم العلوم ملتان)

۱۸۔ احقر الانام احمد علی عفی عنہ، (لاہور)

۱۹۔ عبد الحق عفی عنہ (مہتمم و شیخ الحدیث مدرسہ حقانیہ اکوڑہ خٹک سرحد)

۲۰۔ محمد یوسف عفی عنہ (مفتی مدرسہ حقانیہ اکوڑہ خٹک سرحد)

۲۱۔ مجھے جوابات بالا سے اتفاق ہے۔
محمد شفاق الرحمٰن مفتی دار العلوم الاسلامیہ ٹنڈو الہ یار سندھ

۲۲۔ سعید احمد غفرلہ مفتی مظاہر علوم سہارنپور

۲۳۔ مظفر حسین مظاہری معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور

۲۴۔ محمد عجب غفرلہ (مہتمم و شیخ الحدیث معراج العلوم بنوں۔

۲۵۔ محمد سراج الدین کاکاخیل مفتی مدرسہ اشاعت العلوم، لائل پور۔

۲۶۔ سعید احمد مفتی سراج العلوم سرگودھا

۲۷۔ صالح محمد مدرس سراج العلوم سرگودھا۔

۲۸۔ محمد عفا اللہ عنہ انور مدرسہ تعلیم الاسلام لائل پور۔

۲۹۔ عبد السمیع عفی عنہ مدرس مدرسہ سراج العلوم سرگودھا

۳۰۔ مسعود احمد نائب مفتی دار العلوم دیوبند

۳۱۔ سعید احمد سعید دار العلوم دیوبند۔

۳۲۔ عزیز الرحمٰن بجنوری دار العلوم دیوبند

محترم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی (کراچی) نے باقی
جوابات سے اتفاق فرمایا ہے صرف اختلاف مطالع کے عدم اعتبار میں غلبان
کا اظہار کیا ہے۔ اس لئے ریڈیو کے اعلان سے متعلق جواب ۳ میں وہ الفاظ تحریر
فرمائے جو صفحہ کے حاشیہ پر درج ہیں۔ نیز شہادت فاسق کے بارے میں ذیل
کی تحریر ارسال فرمائی۔ جو بلفظہ درج ہے۔

فیصلہ ۵ میں یہ الفاظ کہ (لیکن اسے ایسا نہیں کرنا چاہیئے) محل تامل ہے۔ کیونکہ جب شرعاً غلبہ ظن کی صورت میں قاضی کو یہ اختیار دیا گیا ہے۔ کہ فاسق کی شہادت قبول کرے تو پھر یہ کہنا کہ اسے ایسا نہیں کرنا چاہیئے۔ فی نفسہ بھی محل نظر ہے۔ اور موجودہ زمانے کے اعتبار سے تو یہ حکم شاید ناقابل عمل ہو جائے۔ کیونکہ اگر فاسق کی شہادت کو مطلقاً رد کرنا قرار دیا جائے تو ساری دنیا کا نظام مختل ہو جائے۔ کیونکہ معاملات کے لئے قابل قبول شہادت ہزاروں میں ایک جس ملیہ آنا مشکل ہو جائے گا۔ ہاں یہ ظاہر ہے کہ قاضی کیلئے غلبۂ ظن لصدق مخبر ضروری ہے جو فاسق اس درجہ میں نہ ہو اس کی شہادت رد کی جائے گی۔ ورنہ قبول کرنا چاہیئے۔ تاکہ حقوق ضائع نہ ہو جائیں۔ معین الحکام باب الثانی والعشرین میں اس مسئلہ پر مفصل کلام کر کے اس کو ترجیح دی ہے۔

**مسئلہ** قال القرافی فی باب السیاسۃ نص بعض العلماء علی انا اذا لم نجد فی جہۃ الا غیر العدول اقمنا اصلحہم واقلہم فجوراً للشہادۃ علیہم ویلزم ذلک فی القضاۃ وغیرہم لئلا تضیع المصالح قال وما اظن احداً یخالف فی ھذا فان التکلیف شرط فی الامکان وھذا کلہ للضرورۃ لئلا تھدر الاموال وتضیع الحقوق۔ قال بعضہم واذا کان الناس فساقاً الا القلیل النادر قبلت شہادۃ بعضہم علی بعض ویحکم بشہادۃ الامثل فالامثل من الفساق ھذا ھو الصواب الذی علیہ العمل وان انکرہ کثیر من الفقہاء بالسنتہم کما ان العمل علی صحۃ ولایۃ الفاسق ونفوذ احکامہ وان انکروہ بالسنتہم

وکذلک العمل علی صحۃ کون الفاسق ولیاًفی النکاح ووصیاًفی المال وھذا یؤید ما نقلہ القرافی. واذا غلب علی الظن صدق الفاسق قبلت شہادتہ وحکم بھا واللہ تعالیٰ لم یأمر بردّ خبر الفاسق فلا یجوز ردّہ مطلقاً بل یتثبت فیہ حتی یتبین صدقہ من کذبہ فیعمل علی ما تبین وفسقہ علیہ۔

---

محترم حضرت مولانا محمد یوسف صاحب بنوری نے بھی فقط اختلاف مطالع میں فیصلہ علماء سے اختلاف فرمایا ہے۔ آپ کی تحریر بھی بلفظہ درج ذیل ہے۔

گرامی قدر محترم مفتی صاحب زیدت معالیکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ فتاویٰ متفقہ کو دیکھا۔ مجھے حسب ذیل امور میں اختلاف ہے۔

ع۲ ریڈیو میں صاحب الصوت کی معرفت وعدالت کی قید درست نہیں خصوصاً جب کہ وہ کسی اسلامی حکومت کا ریڈیو ہو۔ اور وہاں وکالۃً علماء یا جماعت علماء کی خبر وفیصلہ کو نشر کرتا ہو۔ ع۳ میں حدود ولایات میں عمل کرنے کا کلیہ صحیح نہیں بعض اوقات بلاد میں بعد اتنا ہوتا ہے۔ کہ حقیقۃً مطلع مختلف ہو سکتا ہے جیسے پشاور و ڈھاکہ۔ اس لئے اس میں یہ قید بڑھانا چاہیئے۔ بشرطیکہ دونوں ملکوں میں اتنا فاصلہ نہ ہو جہاں اختلاف مطلع حقیقۃً ہو سکتا ہو۔

بلاد بعیدہ میں اختلاف مطالع کا معتبر ہونا مسئلہ اجماعی ہے۔ کما صرح بہ ابن عبد البر وغیرہ بدایۃ المجتہد لابن رشد. فتح الباری لابن حجر ملاحظہ ہوں۔ حنفیہ کے ہاں بھی بلاد بعیدہ میں معتبر ہونا متعین ہے۔ راجعوا البدائع والاختیار شرح المختار وتبیین الحقائق للزیلعی۔ اور جب اجماع ثابت ہو جاتا ہے۔ دوسرا مرجوح قول خود بخود ختم ہو جاتا ہے ائمہ کا قول لاعبرۃ لاختلاف المطالع مخصوص ان بلاد کے ساتھ ہے جہاں وسط شہر یا آخر شہر تک اتنی مسافت طے نہیں ہو سکتی تھی۔ متأخرین حنفیہ نے جو توسیع کر دی ہے۔ نہ ائمہ کی مراد ہے نہ حقیقۃً صحیح ہے۔ تفصیل کی اس وقت ہمت نہیں۔

والسلام
محمد یوسف بنوری عفی اللہ عنہ

مولانا عطا محمد صاحب (ڈیرہ اسماعیل خان) اور مولانا شمس الدین صاحب ہزاروی نے
۳۲ میں اختلاف فرمایا ہے۔ وہ بھی ریڈیو کے اعلان کو پورے ملک میں نافذ ہونے
کے مخالف ہیں۔

## (بقیہ دستخط علمائے کرام تصدیق کنندگان فیصلہ مذکور)

۳۳۔ سید مسعود علی قادری۔ مفتی و مدرس مدرسہ انوار العلوم شہر ملتان۔

۳۴۔ ہذہ الصور صحیحۃ۔ احمد یار خان خطیب جامع چوک پاکستان گجرات۔

۳۵۔ اصاب من اجاب۔ ابو الحسنات قادری۔

۳۶۔ خادم حسین بقلم خود، صدر انجمن غلامان محمدؐ۔ مزنگ لاہور۔

۳۷۔ غلام محمد ترنم صدر جمعیۃ العلماء پاکستان صوبہ پنجاب، لاہور۔

۳۸:۔ صح الجواب۔ محمد عبد المصطفی الازہری عفرلہٗ۔

۳۹:۔ اصاب من اجاب۔ فقیر عبد القادر عفرلہ خطیب جامع مسجد خانیوال۔ و مہتمم مدرسہ عربیہ تعلیم القرآن جامع العلوم خانیوال بقلم خود

۴۰۔ من اجاب فقد اصاب
کتبہ نور احمد آنور خطیب جامع مسجد مدرسہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ملتان کچہری روڈ۔

۴۱:۔ الجواب صحیح۔ فقیر محمد قاسم بقلم خود

۴۲:۔ الجواب صحیح۔ کتبہ: خدا بخش نیفی فریدی خطیب جامع مسجد حکیم الزالی جام پور ضلع ڈیرہ غازیخان

رسالۃ زبدۃ المقال فی رؤیۃ الہلال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط،

الحمد للہ الذی نور قلوبنا بعلم الیقین۔ وشرح صدورنا لقبول الحق المبین۔ و امرنا بالاعتصام بالحبل المتین۔ وجعل الہلال غرۃ للمستہلین۔ والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الصائمین والمفطرین۔ الذی بعث مرداً لخصام المتنازعین۔ وجعل بدراً منیراً للعلمین وعلیٰ آلہ واصحابہ الذین ہم مصابیح المہتدین۔ صلوٰۃ وسلاماً دائمین ما نبتت نجوم الارضین۔ وکانت النجوم فی السماء سابحین۔

**امابعد** فیقول العبد الضعیف المدعو بمحمود عفاعنہ ربہ الودود ووقاہ من شدائد الیوم الموعود۔ واعاذہ من شر الظلوم الحسود۔ لما اشتد اختلاف اہل الزمان فی ہلالی رمضان وشوال وکثر فیہما النزاع والجدال۔ وان العلماء منہم من یفرطون فیحکمون بلا حجۃ شرعیۃ لایراعون الشروط التی اشترطہا الفقہاء فی شہادۃ الشاہدین ولا ینظرون فی الاخبار الی اوصاف المخبرین۔ ومنہم من یتوغلون فی ہذا الامر توغل المتعمقین حتیٰ لاتطمئن نفوسہم دون الثلثین حتی ان عامۃ المسلمین کانوا فی اکثر البلاد والقریٰ متشتتین اضطربت الامۃ المسلمۃ الی حل ہذہ العقدۃ وکشف ہذہ الغمۃ فانتہض لہذا مدیر المدرسۃ العربیۃ قاسم العلوم الواقعۃ فی بلدۃ ملتان۔ ورتب الاسئلۃ التی تتعلق بالرؤیۃ وارسلہا الی المفتیین فی نواحی باکستان والہند لیرتبوا الاجوبۃ عنہا ثم بعد وصول الاجوبۃ جمع مدیر المدرسۃ المذکورۃ اکثرہم ھہنا۔ لیرتفع الخلاف من البین۔ فبحثوا عن تحقیق المسئلۃ یومین۔ واتفقوا علی امر فصل۔

وللہ الحمد وہو الذی جعلتہ ہدیتکم قبل ہذہ الرسالۃ۔ وقد کنت کتبت فی جواب تلک المسئلۃ اوراقاً عدیدۃ۔ فاردت ان اہدیہا للناظرین۔ لعل اللہ ینفع بہا المنصفین ویجعلہا وسیلتی یوم الدین۔ وہو الموفق والمعین ؛

۱۔ یکفی فی الصوم فی حالۃ الغیم وغیرہ من العلۃ خبر واحد عدل او مستور علی الاصح ولا یشترط فیہ شروط الشہادۃ من لفظۃ الشہادۃ ومجلس قضاء وعدد وحریۃ وغیرہا۔!

لما فی الدرالمختار وقبل بلادعوٰی وبلا لفظ اشہد وبلا حکم ومجلس قضاء لانہ خبر لا شہادۃ للصوم مع علۃ کغیم وغبار خبر عدل او مستور علی ما صححہ البزازی (کتاب الصوم)۔

واما فی الفطر والحالۃ ہذہ فیشترط لہ ما یشترط لثبوت المال من العدد والعدالۃ ولفظۃ الشہادۃ وغیرہا من الشروط لما فی ردالمحتار ج ۲ صفحہ ۹۹ للعلامۃ الشامی وشرط للفطر مع العلۃ والعدالۃ نصاب الشہادۃ ولفظ اشہد۔ واذا کان یوم صحو فیشترط لہا اخبار جمع عظیم یطمئن الیہ القلب ویسکن بہ البال۔ ولا یشترط ان یکون احادہا موصوفین بالعدالۃ والاسلام والحریۃ وسائر شروط اہلیۃ الشہادۃ ہکذا فی عامۃ الکتب۔ لکن قال العلامۃ الشامی وفی عدم اشتراط الاسلام نظر۔ لانہ لیس المراد ہٰہنا بالجمع العظیم ما یبلغ مبلغ التواتر الموجب للعلم القطعی حتی لا یشترط لہ ذلک بل ما یوجب غلبۃ الظن ردالمحتار ج ۲ صفحہ ۱۰۰ (کتاب الصوم)۔

قلت فعلیکم بالاحتیاط مرۃ وبالتوسع اُخریٰ وذلک بحسب اختلاف الواقع۔

واما العدد الخاص فی الجمع العظیم فلم ارہ وینبغی ان یکون موکولاً الی الحاکم۔ قال العلامۃ ابن عابدین الشامی فی ردالمحتار ج ۲ صفحہ ۱۰۱۔ والصحیح من ہذا کلہ انہ مفوض الیٰ رائی الامام ان وقع فی قلبہ صحۃ ما شہدوا بہ وکثرت الشہود الخ ولکن عن ابی حنیفۃ رح فی حالۃ الصوم والفطر الکفایۃ بخبر عدلین کما قال العلامۃ ابن نجیم صاحب البحر وروی الحسن عن ابی حنیفۃ رح انہ یقبل فیہ شہادۃ رجلین او رجل وامراتین سواء کان بالسماء علۃ اولم یکن کما روی عنہ فی ہلال رمضان کذا فی البدائع اہ لکن ینبغی ان لا یعدل فی العمل عن ظاہر الروایۃ وہو اشتراط الجمع العظیم فی الفطر۔ واما فی الصوم فہذہ الروایۃ ہی المعینۃ للفتوٰی کیف لا وقد قال صاحب الدر وعن الامام انہ یکتفی بشاہدین واختارہ فی البحر قال الشامی (واختارہ فی البحر) حیث قال ینبغی العمل علی ہذہ الروایۃ فی زماننا لان الناس تکاسلت عن ترائی الاہلۃ (الی ان قال العلامۃ) اقول انت خبیر بان کثیراً من الاحکام تغیرت لتغیر الازمان ولو اشترط فی زماننا الجمع

العظیم لزم ان لایصوم الناس الا بعد لیلتین او ثلث لما ہو مشاهد من تکاسل الناس بل کثیرا ما رأینا یشتمون من یشهد بالشهر ویؤذونه وحینئذ فلیس فی شهادة الاثنین تفرد من بین الجمع الغفیر حتی یظہر غلطهما تأمل۔ فانتفت علة ظاہر الروایة فتعین الافتاء بالروایة الاخری آه رد المحتار ج ۲ صفحہ ۱۰۱۔ فانظروا الی التعلیل المذکور للعمل بهذه الروایة یتبین لکم ان العلة وہو التکاسل عن التراءی لم توجد فی القطر بل یتوغلون فی تراءی هذا الہلال حتی ان الفساق الذین لایؤدون فریضة الصوم والعیاذ باللہ تہیأون من نصف النہار الی الغروب لرؤیة ہلال الفطر ویتشوقون الیہ کل التشوق فلما انتفت علة الافتاء بروایة الحسن عن ابی حنیفةؒ فالعمل بظاہر الروایة ہو الواجب کما لایخفی ویبنغی ان یعلم انہ یجوز العمل فی ہلال الصوم بخبر واحد عدل جاء عن خارج العامرة او رأی علی مکان مرتفع وہو روایة عن الامام بل نقل العلامة الشامی فی رد المحتار عند قول الدر (وصحح فی الاقضیة الاکتفاء بواحد ان جاء من خارج البلد او کان علی مکان مرتفع واختاره ظہیر الدین) انہا ایضا ظاہر الروایة وانہا قول ائمتنا الثلثة ثم وفق بین الروایتین الظاہرتین بان روایة اشتراط الجمع العظیم التی علیها اصحاب المتون محمولة علی ما اذا کان الشاہد من المصر فی مکان غیر مرتفع وروایة الاکتفاء بخبر واحد علی ما اذا جاء من خارج البلد او رأی علی مکان مرتفع من شاء مزید التفصیل فلیرجع الی رد المحتار۔

۲- واما الحکام المسلمون فی دیارنا دیار باکستان فکونہم فی حکم القضاة وکون حکمہم نافذا علی المسلمین ام لا موقوف علی النظر فی الامور الثلثة فبعد ذلک ینکشف الغطاء عن وجه المسئلة ویتضح الامر

(الاول) حل المتغلب القاہر الذی ما ارتضاه ارباب الحل والعقد تصح سلطنتہ ویجوز التقلد منہ۔

(الثانی) حل الفاسق من اہل القضاء

(الثالث) حل الجہل بالاحکام الشرعیة یفوت علی المرأ اہلیة القضاء ۔

اما الامر الاول فالاحادیث الکثیرة وعبارات الفقہاء رحمہم اللہ تدل علی ان الاصل وان کان فی الامارة ان تکون بمشاورة ارباب الحل والعقد لکن مع ہذا لو استولی احد وتولی امور المسلمین بلا مبایعة احد من ذوی علم ورأی یجب علی المسلمین ان یطیعوه ما لم یروا فیہ کفرا بواحا عندہم علیہ برہان ویتقلدوا منہ الاعمال والولایات۔ قال العلامة الشامی فی

ردالمحتار ج ۱ باب الامامۃ (وتصح سلطنۃ متغلب للضرورۃ) ای من تولی بالقہر والغلبۃ بلا مبایعۃ اھل الحل والعقد۔ وقال صاحب الھدایۃ ویجوز التقلد من السلطان الجائر کما یجوز من العادل۔ وقال صاحب الدرالمختار ویجوز تقلد القضاء من السلطان العادل والجائر ولو کافراً

علی ھامش الشامی صفحہ ۳۲۲ ج ۴ ۔ والشاھد علی ہذا ان سادۃ الامۃ من الصحابۃ والتابعین۔ تقلدوا العمالات من ملوک بنی امیۃ وحالھم لایخفی علی من طالع کتب التاریخ ۔فان بعد الخلافۃ الراشدۃ ۔قلماً فاز المسلمون بامام عادل ثم ھذا لم یجوز احدٌ منھم الخروج علی اولئک الملوک واطاعوہم ما استطاعوا فی معروف۔

لکن ینبغی ان نعلم ان حکمھم واجب الامتثال علی العامۃ مالم یکن مخالفاً للشرع وتقلد القضاء منھم جائز اذا امکنوا القضاۃ من القضاء بحق واما اذا لم یخلو ہم وانفسھم فی انفاذ الحق المبین فحاشا من الاطاعۃ۔ فانہ لاطاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق۔ قال صاحب الاشباہ امر السلطان ینفذ اذا وافق الشرع وقال صاحب الھدایۃ الا اذا کان لایمکنہ من القضاء بحق۔ قال فی الفتح فی شرح ہذہ العبارۃ استثناء من قولہ یجوز التقلد من السلطان الجائر لان المقصود لایحصل من التقلد وہو ظاہر (کتاب القضاء) والآن فی مملکتنا ان تولّی الحکام المسلمون بعضاً من المسائل و حصل لھم التمکن من ان یحکموا فیھا بقوانین الشریعۃ الغراء فحکمھم ھذا یصح وینفذ۔ فان القضاءُ یتخصص۔ قال صاحب الدر المختار ان تولیۃ القضاء تتخصص بالزمان والمکان والشخص (الی ان قال) ولو نہاہ عن سماع بعض المسائل لم ینفذ حکمہ فیھا۔ (شامی قبیل کتاب الطھارۃ ج ۱ صفحہ ۵۶)

واما الامر الثانی فعبارات الفقھاء الاحناف دالۃ علی انّ العدالۃ فی القضاء شرط الاولویۃ لاشرط الجواز (قال العلامۃ الشامی بعد ان نقل قول من قال ان الفاسق لیس باھل للقضاء) اقول لو اعتبر ہذا لانسد باب القضاء خصوصاً فی زماننا فلذا کان ماجری علیہ المصنف ہو الاصح کما فی الخلاصۃ وہو اصح الاقاویل کما فی العمادیۃ نہر وفی الفتح والوجہ تنفیذ قضاء کل من ولاہ سلطان ذو شوکۃ وان کان جاہلاً فاسقاً وہو ظاہر المذہب عندنا ۔ وحینئذ فیحکم بفتوی غیرہ شامی ج ۴ کتاب القضاء صفحہ ۳۲۳ ۔

واما الامر الثالث فعبارة الفتح المارة آنفاً تدل صريحاً على ان الجاهل يصح قضاؤه وينفذ حكمه وهو ظاهر المذهب في الدر المختار. وينبغي ان يكون موثوقاً به في عفافه وعقله وصلاحه وفهمه وعلمه بالسنة والآثار ووجوه الفقه والاجتهاد وشرط الاولوية لتعذره على انه يجوز خلو الزمن عنه عند الاكثر فصح تولية العامي ويحكم بفتوى غيره. فبعد اتضاح الامور الثلثة تبين ان الحكام الباكستانيين وان كانوا جاهلين بالاحكام الشرعية وكانوا غير عدول فحكمهم نافذ اذا حكموا بفتوى العالم الثقة في ثبوت رؤية الهلال وراعوا فيه شروط الشهادة في موضعها وصفات الشاهد والمخبر. واذا حكموا بغير مشورة العلماء الثقات فلم ينفذ حكمهم لانه لا يمكن لهم ان يراعوا في الشهادة والاخبار جميع الشرائط لجهلهم ولو سلّم علمهم بشروط الشهادة فبقلة مبالاتهم بحقوق الشرع وفقد عدالتهم لا يسلكون مسلك الاحتياط ولا يؤدون ما فرض الله عليهم من التثبت في امر الدين. كما هو مشاهد من حالتهم. والعالم الثقة من يعلم الاحكام الشرعية وبلغ في ذلك مبلغا يعتمد علماء العصر بفتواه وكان متيقظاً غير غافل عن عرف اهل زمانه وتفقه على استاذ ماهر۔

۲ ۔ اما الخبر التلغرافي فغير معتبر لانه لا يمكن معرفة المخبر فيه والا ان يعلم ان الذي اظهر نفسه مرسلاً هو هو فاذا لم يعلم شخص المرسل فكيف بعدالته وفسقه، والخبر المقبول يجب ان لا يكون من الفاسق وكذلك الخبر المكتوب في الجرائد فان مدير الجرائد كثيراً ما يحتاج الى تصحيح الاغلاط الشائعة ومعرفة الكاتب ايضاً ليست بسهلة الحصول هنا حتى يجزم بعدالته ولكن لو كثرت الاخبار التلغرافية او اتت الجرائد المختلفة واطمأن اليها القلب وحصل الظن بصدقها فحينئذ يجوز الحكم بها وتكون في حكم الاستفاضة والعدالة ليست بمشروطة فيها حتى يحتاج الى معرفة المخبر۔

واما العمل بالخط وخبر الراديو والتلفون ففي موضع تكون الشهادة شرطاً فيه فغير صحيح لان الشاهد يجب ان يكون بحضور القاضي بلا حائل كما شفاعن وجهه كما هو مصرح في موضعه۔ واما المواقع التي يكفي فيها مجرد الاخبار بدون الشهادة فالعمل بالمذكور جائز صحيح في المعاملات والديانات كلها بشرط

---

ـــہ المراد منه نفس الخبر لا نشر حكم الحاكم كما سيأتي۔

معرفۃ خط الکاتب وعدالتہ فی الخط. وصوت المخبر وعدالتہ فی خبر الرادیو والتلفون. والدلیل علیہ مافی الدر المختار ولایعمل بالخط الا فی مسئلہ کتاب الامان ویلحق بہ البراءات ودفتر بیاع وسمار وجوزہ محمد لراو وقاض وشاہد ان تیقن بہ وبہ یفتی. قال الشامی (ان تیقن بہ) ای بانہ خط من یروی عنہ فی الاول وبانہ خط نفسہ فی الاخیرین (قیل وبہ یفتی) قال فی خزانۃ الاکمل اجاز ابویوسف ومحمد العمل بالخط فی الشاہد والقاضی والراوی اذا رأی خطہ ولم یتذکر الحادثۃ قال فی العیون والفتوی علی قولہما اذا تیقن انہ خطہ سواء کان فی القضاء او الروایۃ او الشہادۃ علی الصک وان لم یکن الصک فی ید الشاہد لان الغلط نادر واثر التغییر یمکن الاطلاع علیہ وقلما یشتبہ الخط من کل وجہ فاذا تیقن جاز الاعتماد علیہ توسعۃ علی الناس صفحہ ۳۹۳ ج۴. وقال الشامی تحت قول الدر (ودفتر بیاع وصراف وسمار) فقد قال فی الفتح من الشہادات ان خط السمار والصراف حجۃ للعرف الجاری بہ قال البیری ہذا الذی فی غالب الکتب حتی المجتبی فقال فی الاقرار واما خط البیاع والصراف والسمار فہو حجۃ وان لم یکن مصدراً معنوناً یعرف ظاہراً بین الناس وکذا ما یکتب الناس فیما بینہم یجب ان یکون حجۃ للعرف الخ صفحہ ۳۹۲ ج۴ ۔

واعلم ان نقل الحدیث وروایۃ من الدین وہو بالکتابۃ والرسالۃ جائز باجماع المحدثین و یقال لہذا التحمل المکاتبۃ فی عرفہم. قال فی مقدمۃ فتح الملہم صفحہ ۷۶ ومن اقسام التحمل المکاتبۃ، بان یکتب مثلاً حدثنی فلان فاذا بلغک کتابی ھذا فحدث بہ عنی بہذا الاسناد (قال ابن الہمام) ہما ای الکتابۃ والرسالۃ کالخطاب شرعاً لتبلیغہ علیہ الصلوٰۃ والسلام بہما وعرفاً ویکفی معرفۃ خط الکاتب وظن صدق الرسول فی حل روایۃ المکتوب الیہ والمرسل الیہ عن الکاتب والمرسل کما علیہ عامۃ اہل الحدیث فاذا جاز الاعتماد علی الخط فی روایۃ الحدیث مع ان تاکد الصدق فیہ مطلوب شرعاً فوق ما یکون فی خبر رؤیۃ ہلال الصوم بدلیل ان ثبوت الصوم یکفی فیہ خبر مستور الحال علی القول المصحح کما مر سابقاً وفی نقل الحدیث المذہب الصحیح ان خبر المستور لیس بمقبول اصلاً. قال صاحب الکشف شارحاً لما قال الامام فخر الاسلام خبر الفاسق فی الدین ای نقلہ للحدیث غیر مقبول اصلاً سواء وقع فی قلب السامع صدقہ ام لا. نقلاً من مقدمۃ فتح الملہم صفحہ ۱۴ ۔ ثم قال فی صفحہ ۱۵ ۔

قال فی التحریر وشرحہ ومثلہ (ای الفاسق) المستور وھو من لم تعرف عدالتہ ولا فسقہ فی القول الصحیح فلا یکون خبرہ حجۃ حتی تظہر عدالتہ انتہی فکیف لا یجوز العمل بالخط فی ثبوت الصوم بالشرط المذکور وعلی ہذا القیاس خبر الرادیو والتلفون ۔

سے :- والبلدۃ التی لا والی فیہا ولا حاکم او کان ولا یحکم بحکم الشرع ولا یبالی بہ کما ہو مشاہد فی زماننا ۔ فالعالم الثقۃ الذی یعتمدہ المسلمون ہناک بمنزلۃ القاضی قال الشامی وفی الفتح اذا لم یکن سلطان ولا من یجوز التقلد منہ کما ہو فی بعض بلاد المسلمین غلب علیہم الکفار کقرطبۃ الآن یجب علی المسلمین ان یتفقوا علی واحد منہم انتہی شامی ص ج ۲ ۔ فما لم یکن نظم المملکۃ بحسب قانون الشرع فی مسئلۃ رؤیۃ الھلال یؤخذ بقول عالم ثقۃ معتمد مرجع للعامۃ فی عامۃ المسائل ۔ قال مولانا عبد الحی اللکھنوی فی عمدۃ الرعایۃ علی شرح الوقایۃ والعالم الثقۃ فی بلدۃ لا حاکم فیہا قائم مقامہ صفحہ ۳۰۹ ج ۱ ۔

سے :- اذا ثبت الصوم او الفطر عند حاکم تحت قواعد الشرع بفتوی العلماء او عند واحد او جماعۃ من العلماء الثقات ولاہم رئیس المملکۃ امر رؤیۃ الھلال وحکموا بالصوم او الفطر ونشروا حکمہم ہذا فی رادیو یلزم علی من سمعہا من المسلمین العمل بہ فی حدود ولایتہم

واما فیما وراء حدود ولایتہم فلا بد من الثبوت عند حاکم تلک الولایۃ بشہادۃ شاہدین علی الرؤیۃ او علی الشہادۃ او علی حکم الحاکم او جاء الخبر مستفیضاً لان حکم الحاکم نافذ فی ولایتہ دون ما وراءھا ۔ ولہذا وجب العمل علی اہل الرساتیق الملحقۃ بالمصر اذا بلغ الیہم خبر ثبوت الشہر فی المصر بطریق موثوق بہ کان بلغہم نداء مناد من قبل المحکمۃ او جاء الیہم رجل عدل حتی لو سمعوا صوت المدافع او ضرب الطبول وغیر ذلک من الامارات الموجبۃ لغلبۃ الظن لزمہم العمل فی الصوم والفطر بخبر الرادیو لان حکم الحاکم لا یکون اقل من ھذہ الامارات بحال وھو فی الحقیقۃ نداء مناد من جانب الحاکم وھو معتبر ولما لم یکن فی الزمان السابق ایجاد مثل الرادیو لیکون وسیلۃ الی وصول حکم الحاکم فی ولایتہ اقتصروا فی بیان ہذہ المسئلۃ علی الذرائع التی قد کانت عندہم حتی قال العلامۃ الشامی فی منحۃ الخالق علی البحر الرائق مانصہ لم یذکروا عندنا العمل بالامارات الظاہرۃ الدالۃ

علے ثبوت الشہر کضرب المدافع فی زماننا. والظاہر وجوب العمل بها علی من سمعها ممن کان غائبا عن اہل المصر کاہل القریٰ ونحوها کما یجب العمل بها علے اہل المصر الذین لم یروا الحاکم قبل شہادة الشہود. وقد ذکر ہذا الفرع الشافعیة فصرح ابن حجر فی التحفة انه یثبت بالامارة الظاہرة الدالة التی لا تخالف عادة کرؤیة القنادیل المعلقة بالمنائر قال ومخالفة جمع فی ذلک غیر صحیحة. صفحہ ۲۷۰ علی حاشیة البحر الرائق کتاب الصوم.

وقال رحمه الله فی رد المحتار علی الدر المختار قلت والظاہر انه یلزم اہل القریٰ الصوم بسماع المدافع او رؤیة القنادیل من المصر لانه علامة ظاہرة تفید غلبة الظن وغلبة الظن حجة موجبة للعمل کما صرحوا به واحتمال کون ذلک لغیر رمضان بعید اذ لا یفعل مثل ذلک عادة فی لیلة الشک الا لثبوت رمضان. (کتاب الصوم من رد المحتار)

ولا یختلج فی قلبک ان عبارة رد المحتار صریحة فے الصوم فیختص ہذا الحکم لان العلة التی علل ہذا الحکم بها ہی غلبة الظن وغلبة الظن ہی التی علیها مدار الحکم کما قال صاحب الدر وقبل بلا علة جمع عظیم یقع العلم الشرعی وہو غلبة الظن بخبرہم وایضا قال العلامة الشامی فی باب القضاء والکفارة: انه لو افطر اہل الرستاق بصوت الطبل یوم الثلاثین ظانین انه یوم العید وہو لغیرہ لم یکفروا. وانت تعلم ان سقوط الکفارة یکون بعد غلبة الظن بانه العید فے ہذا المقام لا بالشک فقط. قال صاحب الدر او تسحر او افطر یظن الیوم ای الوقت الذی اکل فیه لیلاً والحال ان الفجر طالعٌ والشمس لم تغرب لف ونشر ویکفی الشک فے الاول دون الثانی عملاً بالاصل فیهما. وقال الشامی نقلاً عن الفتح ان المختار لزوم الکفارة عند الشک لان الثابت حال غلبة الظن بالغروب شبهة الاباحة لا حقیقتها ففے حال الشک دون ذلک وہو شبهة الشبهة وہی لا تسقط العقوبات صفحہ ۱۴۲ الخ. وقال فے بحث سقوط الکفارات صفحہ ۱۵۱ ج ۲ تتمة. فی تعبیر المصنف کغیرہ بالظن اشارة الے جواز التسحر والافطار بالتحری.

فخلاصة ہذه العبارات ان سقوط الکفارة من اہل الرستاق الذین افطروا بصوت الطبل ظانین انه یوم العید وہو لغیرہ انما یکون لغلبة ظنہم بانه العید لا بالشک فقط. فعلم من ہذا ان صوت الطبل وکذلک الامارات الاخر تفید غلبة الظن وغلبة الظن ہی الحجة فے الفطر ایضاً. کما علمت تخصیص ہذه الامارات بالصوم مع

افادتها غلبۃ الظن تخصیص بلا دلیل دایقاع الناس فی الحرج فانہ لایتیسر لکل واحد وجود الشہادۃ عندہ علی الرؤیۃ او علی الشہادۃ او علی حکم الحاکم ولایمکن للحاکم ان یبعث فی اطراف ولایتہ لتنفیذ حکمہ العام شاہدین یشہدان علی حکمہ فان لم یعتبر ہذہ الامارات او نداء المنادی من المحکمۃ ومن خبر الرادیو لادی ذلک الی حرج عظیم وتخطیۃ عبارات الفقہاء وایضاً قال مولانا عبد الحی المرحوم اللکھنوی فی جواب مثل ہذا السؤال فی اللغۃ الاردیۃ ماترجمۃ ان الافطار (بہذہ الامارات) یصح لان صوت المدافع بحسب العادۃ الشائعۃ یوجب غلبۃ الظن بالعید وغلبۃ الظن یکفی للعمل و لہذا یلزم الصوم بہذہ العلامات کما فی رد المحتار۔ قلت والظاہر انہ یلزم اہل القری الخ من مجموعۃ الفتاوی۔ ولایظن ان الناشر والمخبر بالرادیو مستور الحال بل الغالب انہ یکون فاسقاً کما ہو المشاہد فی ارباب الحکومت فکیف یکون خبرہ معتبراً لان ناشر حکم القاضی لایشترط فیہ العدالۃ فیجوز ان یکون المعلن والمنادی والناشر لحکم القاضی والوالی فاسقاً ویجب علی الناس اطاعتہ اعلانہ ونداءہ قال العلامۃ الشامی صفحہ $\frac{115}{2ج}$ وقد یقال ان المدافع فی زماننا یفید غلبۃ الظن وان کان ضاربہ فاسقاً لان العادۃ ان الموقت یذہب الی دار الحکم آخر النہار فیعین لہ وقت ضربہ ویعینہ ایضاً للوزیر وغیرہ واذا ضربہ یکون ذالک بمراقبۃ الوزیر واعوانہ للوقت المعین فیغلب علی الظن بہذہ القرائن عدم الخطار وعدم قصد الافساد والالزم تاثیم الناس وایجاب قضاء الشہر بتمامہ علیہم فان غالبہم یفطر بمجرد سماع المدافع من غیر تحر ولاغلبۃ ظن۔ وہذہ العبارۃ وان کانت مسوقۃ للافطار الیومی لکن تدل علی ان الفاسق اذا کان ناشراً او منادیاً لحکم الحاکم وعاملاً بامرہ فیفید خبرہ غلبۃ الظن۔ وغلبۃ الظن ہی الموجبۃ للعمل فی الافطار الیومی والعید کلیہما کما علمت ومن ادعی الفرق فعلیہ البیان۔

ف:- واعلم ان اختلاف المطالع واقع محسوس لاینکرہ من لہ ادنی تعلق بعلم الہیئۃ کما قال العلامۃ الشامی فی رسالۃ تنبیہ الغافل والوسنان علی احکام ہلال رمضان مانصہ۔ اعلم ان المطالع تختلف باختلاف الاقطار والبلدان فقد یری الہلال فی بلد دون آخر کما ان مطالع الشمس تختلف فان الشمس قد تطلع ببلد ویکون اللیل باقیاً فی بلد آخر وذلک مبرہن علیہ فی کتب الہیئۃ وہو واقع مشاہد آہ۔ لکن مع ذلک خفی اعتبارہ فی الصوم والفطر اختلاف

قال المحقق الشیخ کمال الدین بن الہمام فی فتح القدیر واذا ثبت فی مصر لزم سائر الناس فیلزم اھل المشرق برؤیۃ اہل المغرب فی ظاہر المذہب وقیل یختلف باختلاف المطالع لان السبب الشہر وانعقادہ فی حق قوم لرؤیتہ لایستلزم انعقادہ فی حق آخرین مع اختلاف المطالع الخ وقال ابن عابدین فی ھذہ الرسالۃ لکن المعتمد الراجح عندنا۔ انہ لا اعتبار بہ وہو ظاہر الروایۃ وعلیہ المتون کالکنز وغیرہ وہو الصحیح عند الحنابلۃ۔ کما فی الانصاف وکذا ہو مذہب المالکیۃ انتہی۔ فعلم ان ظاہر مذہب الاحناف و مذہب المالکیۃ والحنابلۃ ہو عدم الاعتبار و اما مذہب الشافعیۃ فالمعتمد عندہم ہو الاعتبار علی ما صححہ النووی فی المنہاج۔

وقال العلامۃ ابن عابدین فی رسالۃ ھذہ نقلاً عن فتح القدیر والاخذ بظاہر المذہب احوط قال فی التتارخانیۃ وعلیہ فتوی الفقیہ ابی اللیث وبہ کان یفتی الامام الحلوانی وکان یقول لو رآہ اہل المغرب یجب الصوم علی اہل المشرق انتہی وفی الخلاصۃ وہو ظاہر المذہب وعلیہ الفتوی صفحہ ۲۵۲ مجموعہ رسائل ابن عابدین. قال الحافظ ابن حجر فی الفتح (فلا تصوموا حتی تروہ الحدیث). لیس المراد تعلیق الصوم بالرؤیۃ فی حق کل احد بل المراد بذلک رؤیۃ بعضہم (الی ان قال)۔ وقد تمسک بتعلیق الصوم بالرؤیۃ من ذہب الی الزام اہل البلد برؤیۃ اہل بلاد غیرہا۔ ومن لم یذہب الی ذلک قال لان قولہ علیہ السلام حتی تروہ خطاب لاناس مخصوصین فلا یلزم غیرہم ولکنہ مصروف عن ظاہرہ فلا یتوقف الحال عن رؤیۃ کل واحد فلا یتقید بالبلد (انتہی) فتح الباری صفحہ ۹۸ ج۴۔ وقال العلامۃ الشوکانی فی نیل الاوطار ج۴ صفحہ والذی ینبغی اعتمادہ ہو ماذہب الیہ المالکیۃ وجماعۃ من الزیدیۃ واختارہ المہدی منہم وحکاہ القرطبی عن شیوخہ انہ اذا رأہ اہل بلد لزم اہل البلاد کلہا ولا یلتفت الی ما قالہ ابن عبد اللہ من ان ہذا القول خلاف الاجماع۔ قال لانہم قد اجمعوا علی انہ لا تراعی الرؤیۃ فیما بعد من البلدان کخراسان والاندلس وذلک لان الاجماع لایتم والمخالف مثل ھؤلاء الجماعۃ (انتہی)

وقال الشامی فی رد المحتار وظاہر الروایۃ الثانی (عدم الاعتبار) وہو المعتمد عندنا۔ وعند المالکیۃ والحنابلۃ لتعلق الخطاب عاما بمطلق الرؤیۃ فی حدیث صوموا الرؤیۃ بخلاف اوقات

الصلوۃ انتہی۔

۶:۔ اذا ثبت الفطر اوالصوم فی بلدۃ عند حاکمہا او عالم ثقہ قائم مقامہ وحکم والزم اہل البلدۃ حکمہ فانتقل ھذا الخبر الی بلدۃ اخری فلا یخلوا اما ان تکون فی حدود ولایۃ اولا۔ فعلی الاول یلزم اھلہا العمل بہذا الخبر اذا کان موجباً لغلبۃ الظن لان الشہادۃ ہنا لیست بشرط کما علمت فی جواب السوال الرابع بالتفصیل وعلی الثانی فلا یجوز العمل بہذا الخبر ولا الحکم العام لقاضی ھذہ البلدۃ حتی یشہد عندہ شاھدان علی الشہادۃ بالطریق المعروف فی تحمیل الشہادۃ او علی حکم حاکم البلدۃ۔ الاولی قال فی فتح القدیر ثم انما یلزم متأخری الرؤیۃ اذا ثبت عندہم رؤیۃ اولئک بطریق موجب حتی لو شہد جماعۃ ان اہل بلد کذا رأوا ہلال رمضان قبلکم بیوم فصاموا وہذا الیوم ثلثون بحسابہم ولم یرہؤلاء الہلال لا یباح فطر غد ولا ترک التراویح ھذہ اللیلۃ لان ھذہ الجماعۃ لم یشہدوا بالرؤیۃ ولا علی شہادۃ غیرہم وانما حکوا رؤیۃ غیرہم ولو شہدوا ان قاضی بلدۃ کذا شہد عندہ اثنان برؤیۃ الہلال فی لیلۃ کذا وقضی بشہادتہما جاز لہذا القاضی ان یحکم بشہادتہما لان قضاء القاضی حجۃ وقد شہدوا بہ انتہی۔ فتبین ان نفس الحکایۃ لا تکفی ہہنا مالم یکن خبراً مستفیضاً کما سیاتی۔

۷:۔ ممایوجب العمل استفاضۃ الخبر من بلد الی بلد ففی صورۃ الاستفاضۃ یکفی الحکایۃ ولا یشترط علی المخبرین فیہا ان یشہدوا علی الشہادۃ او علی حکم الحاکم۔

قال العلامۃ الشامی فی رسالۃ تنبیہ الغافل والوسنان بعد نقل العبارۃ المذکورۃ فی الجواب السادس من الفتح مانصہ۔ قلت لکن قال فی الذخیرۃ البرھانیۃ مانصہ قال شمس الائمۃ الحلوانی رحمہ اللہ الصحیح من مذہب اصحابنا ان الخبر اذا استفاض وتحقق فیما بین اہل البلدۃ الاخری یلزمہم حکم ھذہ البلدۃ (انتہی) ونقل مثلہ الشیخ حسن الشرنبلالی فی حاشیۃ الدرر عن المنتقی وعزاہ فی الدر المختار للمجتبیٰ وغیرہ مع ان ہذہ الاستفاضۃ لیس فیہا حکم ولا شہادۃ۔ لکن لما کانت الاستفاضۃ بمنزلۃ الخبر المتواتر وقد ثبت بہا ان اہل تلک البلدۃ صاموا یوم کذا لزم العمل بہا لان المراد بہا بلدۃ فیہا حاکم شرعی کما ہو العادۃ فی

البلاد الاسلامیۃ فلا بد ان یکون صومہ مبنیاً علیٰ حکم حاکمہم الشرعی فکانت تلک الاستفاضۃ بمعنی نقل الحکم المذکور وہی اقویٰ من الشہادۃ بان اہل تلک البلدۃ راؤا الہلال یوم کذا وصاموا یوم کذا. فانہا مجرد شہادۃ لا تفید الیقین فلذا لم تقبل الا اذا شہدت علی الحکم او علیٰ شہادۃ غیرہم لتکون شہادۃ معتبرۃ شرعاً والا فہی مجرد اخبار۔ واما الاستفاضۃ فانہا تفید الیقین کما قلنا. ولذا قالوا اذا استفاض وتحقق الخ فلا ینافی ما تقدم عن فتح القدیر ولو سلم وجود المنافاۃ فالعمل علیٰ ما صرحوا بتصحیحہ والامام الحلوانی من اجل مشائخ المذہب وقد صرح بانہ الصحیح من مذہب اصحابنا وکتبت فیما علقتہ علی البحر ان المراد بالاستفاضۃ تواتر الخبر من الواردین من تلک البلدۃ الی البلدۃ الاخریٰ لا مجرد الاستفاضۃ لانہا قد تکون مبنیۃً علیٰ اخبار رجل واحد فیشیع الخبر عنہ ولا شک ان ہذا لا یکفی بدلیل قولہم اذا استفاض وتحقق الخبر فان التحقق لا یکون الا بما ذکرنا. واللہ تعالیٰ اعلم (انتہیٰ)

فانظر فی ہذہ العبارۃ بنظر عمیق یظہر لک ان العلامۃ الشامی استدرک اولاً علی ما فی الفتح من عدم الکفایۃ بشہادۃ جماعۃ علیٰ طریق الحکایۃ واورد قول شمس الائمۃ الحلوانی وغیرہ من الفقہاء دلیلاً علی ان الاستفاضۃ لیس فیہا نقل الحکم ولا الشہادۃ ثم وفق بین ما فی الفتح وقول شمس الائمۃ بان الاستفاضۃ وان کانت فی الحقیقۃ بطریق الحکایۃ لا تکون فیہا شہادۃ علی الشہادۃ ولا علی الحکم لکن لما کان صوم تلک البلدۃ مبنیاً علیٰ حکم الحاکم اذ ہی العادۃ فی البلاد الاسلامیۃ فہذہ الحکایۃ بمعنی نقل حکم الحاکم فلا منافاۃ فوضح کل الوضوح ان نقل الحکم حقیقۃً لیس بشرط فی الاستفاضۃ عند احد ثم قال رحمہ اللہ ولو سلم وجود المنافاۃ بین القولین. ولم یوجد فی الاستفاضۃ نقل الحکم حقیقۃً ولا حکماً. او کان مراد صاحب الفتح نقل الحکم حقیقۃً فالعمل بما قال شمس الائمۃ الحلوانی فانہ ہو الصحیح من مذہب اصحابنا. ثم قال رحمہ اللہ انہ ان جاء واحد من البلدۃ الاولیٰ و شاع خبرہ فی ہذہ البلدۃ فلیس ہذا من الاستفاضۃ فی شیٔ بل یشترط ان تأتی جماعۃ من بلدۃ الرؤیۃ فتکون استفاضۃ موجبۃ للعمل۔

ثم اعلم ان الاستفاضۃ لیست بخبر متواتر بل ہی من اخبار الاحاد کما قال فی نخبۃ الفکر

والثانی وہو اوّل اقسام الآحاد ما لہ طرق محصورۃ باکثر من اثنین وہو المشہور عند المحدثین سمی بذلک لوضوحہ وہو المستفیض علی رأی جماعۃ من ائمۃ الفقہاء انتہی۔ وقال صدر الشریعۃ فی التوضیح (ویفید) الثانی (ای المشہور) علم طمانینۃ وہو علم تطمئن بہ النفس وتظنہ یقیناً لکن لوتامل حق التامل علم انہ لیس بیقین۔

وقال العلامۃ التفتازانی فی التلویح فی شرح ہذہ العبارۃ فالمطمئنۃ نہا رجحان جانب الظن بحیث یکاد یدخل فی حد الیقین انتہیٰ فعلم من ہذا ان ما قال الشامی فی توفیق کلامی ابن الہمام وشمس الائمۃ ما نصہ واما الاستفاضۃ فانہا تفید الیقین۔ فالمراد منہ الطمانیۃ المستفاد بالخبر المستفیض المشہور لا الیقین بمعنی الاعتقاد الجازم الراسخ المستفاد من المتواتر لان بین المستفیض والمتواتر فرقاً بیناً فان المستفیض من الاحاد کما علمت۔ ولہذا قال الشامی فی ضمن ذلک التوفیق۔ ان الاستفاضۃ بمنزلۃ الخبر المتواتر ولم یقل ہی عین المتواتر۔ ویؤید ہذا ان صاحب الدر المختار صرح فی تفسیر الجمع العظیم بانہ ہو الذی یقع العلم الشرعی ای غلبۃ الظن بخبرہم۔ وقال الشامی فی شرح ہذا المقام بالصراحۃ انہ لیس المراد ہنا بالجمع۔ ما یکون خبرہم یفید الیقین کالمتواتر۔ فاذا علمت ان الخبر المستفیض من الاحاد۔ ولیس من التواتر۔ فاعلم ان المستفیض یشترط فیہ ان یکون رواتہ ثلثۃ فصاعداً کما مر من نخبۃ الفکر بالصراحۃ ویفہم من کلام المفتی عزیز الرحمٰن الدیوبندی الذی صوبہ وصححہ استاذ الاستاذ شیخ الہند مولانا محمود حسن قدس سرہما ما نصہ وہو الصواب (ای عدم الاعتبار بالخبر التلغرافی) فی الصورۃ المسئولۃ الا ان یحصل غلبۃ الظن بالاخبار الکثیرۃ فحینئذ یجوز العمل بہ ولا یجب وعدم الاکتفاء بالواحد والاثنین اظہر وہکذا احال الکتاب آہ الماخوذ من البیان الکافی فی الخبر التلغرافی فما قال بعض الفقہاء کما قال الشامی نقلاً عن الرحمتی معنی الاستفاضۃ ان تاتی من تلک البلدۃ جماعات متعددون کل منہم یخبر عن اہل تلک البلدۃ الخ صفحہ ۱۰۲ شامی ج ۲۔ محمول علی زیادۃ التاکد لا انہ شرط جواز العمل۔ ولو سلم ان لفظ جماعات متعددون ہی المنظور الیہا ہہنا فنقول ان لفظ الجماعۃ فی اللغۃ والشرع یطلق علی اثنین فصاعداً۔ فاذا صارت بصیغۃ الجمع واقلہ ثلث فلفظۃ جماعات تصدق علی ستۃ من المخبرین کما لا یخفی۔ فالاستفاضۃ تحقق۔ بالستۃ ویؤید ذلک

مافی البیان الکافی فی الخبر التلغرافی من جواب المفتی الاعظم بالدیار الہندیۃ مولانا محمد کفایت اللہ وصوبہ ایضاً حضرۃ شیخ الہند قدس سرہما بالنصہ۔ واما اذا تعددت وزادت علی الحجۃ وتیقن المرسل الیہ انہا بخط المرسل نفسہ الی ان قال ینبغی ان یعتمد علیہا لکن الذی تطمئن الیہ النفس ہو ان لایقدر لہا عدد معین بل کلما حصل للحاکم۔ او عالم ثقۃ الطمانیۃ جاز لہ الحکم بہا۔

ومما ینبغی ان یعلم ان الاستفاضۃ لایشترط فیہا ان یتباین اماکن المخبرین بل یکفی فیہا ان تأتی جماعۃ من بلدۃ واحدۃ رأی فیہا الہلال فلذا لایشترط ہذا فی الخبر المتواتر فکیف فی الاستفاضۃ وہی دونہ۔

قال صدر الشریعۃ فی التوضیح فی بیان المتواتر ان یکون رواتہ فی کل عہد قوماً لایحصی عددہم ولا یمکن تواطؤہم علی الکذب لکثرتہم وعدالتہم وتباین اماکنہم انتہی۔ فقال فی شرحہ العلامۃ فی التلویح وما ذکر العدالۃ وتباین الاماکن فتاکید لعدم تواطؤہم علی الکذب ولیس بشرط فی التواتر۔ وایضاً یفہم ہذا من عبارۃ شمس الائمۃ الحلوانی التی نقلہا الشامی کما مر ان الخبر اذا استفاض وتحقق فیما بین البلدۃ الاخری یلزمہم حکم ہذہ البلدۃ۔ وکذا عبارۃ الرحمتی ان تأتی من تلک البلدۃ الخ فان ہذہ وتلک من اسماء الاشارۃ والموضوع لہ فیہا خاص کما ہو مبین فی موضعہ۔

۸:۔ ان حکم الحاکم او نائبہ من العلماء والثقات بالصوم بقول واحد او بخط۔ وصام الناس ثلثین یوماً فان کان فی السماء علۃ حل الفطر بالاتفاق وان کانت السماء مصحیۃ فعند الشیخین لایجوز الافطار۔ وعند محمد یجوز۔ قال الشامی ج ۲ صفحہ ۱۰۲ (عن الذخیرۃ ان غم ہلال الفطر حل اتفاقاً) استدراک علی ما ذکرہ المصنف من ان خلاف محمد فیما اذا غم ہلال الفطر بان المصرح فی الذخیرہ وکذا فی المعراج عن المجتبیٰ ان حل الفطر ہنا محل وفاق وانما الخلاف فیما اذا لم یغم ولم یر الہلال فعندہما لایحل الفطر وعند محمد یحل کما قالہ شمس الائمۃ الحلوانی وحررہ الشرنبلالی فی الامداد۔ قال فی غایۃ البیان وجہ قول محمد وہو الاصح ان الفطر ما ثبت بقول الواحد ابتداءً بل بناءً وتبعاً وکم من شیئ یثبت ضمناً ولایثبت قصداً صفحہ ۱۰۳۔ فالاحتیاط فی الصحو العمل علی قول الشیخین۔ واما فی الغیم ونحوہ فیجوز الفطر فان ثبوت الفطر وان لم یکن بدون شہادۃ

شاہدین لانہ یدخل تحت الحکم لکن ہنا لما کان الثبوت ضمناً فیکفی فیہ قول الواحد. کما قال العلامۃ ابن الشامی تحت قول الدرر ویثبت دخول الشہر ضمناً ونظیرہ ما سنذکرہ فیما لوتم عدد رمضان ولم یر ہلال الفطر للعلۃ یحل الفطر وان ثبت رمضان بشہادۃ واحد لثبوت الفطر تبعاً و ان کان لایثبت قصداً الا بالعدد والعدالۃ هذا ما ظہر لی انتہی۔

۹۔ خبر الفاسق غیر مقبول فی الصوم والفطر حتی یجب علی القاضی ان لایقبلہ وان حکم بہ اثم۔ لکن مع ذلک لو قبلہ وحکم بہ نفذ حکمہ۔ ولزم سائر المسلمین العمل بہ۔ قال فی الفتاوی الهندیۃ ولو شہد فاسق وقبلہا الامام وامر الناس بالصوم فافطر ہو وواحد من اہل بلدہ قال عامۃ المشائخ تلزمہ الکفارۃ کذا فی الخلاصۃ۔ ج ۱ باب رؤیۃ الہلال۔ من کتاب الصوم۔ وفی الدر المختار وہل لہ ان یشہد مع علمہ بفسقہ۔ قال البزازی نعم لان القاضی ربما قبلہ (انتہی)

وقال مولانا عبد الحی المرحوم اللکھنوی فی رسائل الارکان ونحن نقول ان شرط العدالۃ فی امثال ہذا فی زماننا یخل باکثر الاحکام لاسیما فی الصیام فالاحری ان یفتی بما عن الامام ابی یوسف ان الشاہد اذا کان ذا مروۃ بحیث یغلب علی الظن صدقہ یقبل قولہ لئلا یختل امر الصائم (انتہی) وقال المفتی عزیز الرحمن الدیوبندی رحمہ اللہ فی فتاواہ فی جواب ہذا السؤال ماترجمتہ. ان تحققت قرائن صدق الشاہد عند القاضی فیسع لہ قبول شہادتہ وجاز لہ ان یحکم بہ الحکم العالم انتہیٰ۔ فتبین من ہذہ العبارات ان القاضی وجب علیہ الاحتیاط البالغ لکن بعد قبول قول الفاسق لایجوز للمسلمین ان یخالفوا امرہ۔ ولیفرقوا علی الناس شملہم۔ فان من حکم بہذا الحکم ہو ضامن لما حکم۔ ومسئول عما التزم۔

واللہ اعلم۔

ہذا ما تبین لی فی الجواب بتوفیق ملہم الصواب والیہ المرجع والمآب۔ اللہم تقبل منی انک انت السمیع العلیم۔

# بابُ الاعتِکاف

## اعتکافِ مسنون کو توڑ دے تو قضاء کا حکم

ایک آدمی رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف بیٹھتا ہے چار پانچ دن کے بعد اس مسجد سے اٹھ کر دو فرلانگ دور ایک اور مسجد میں وعظ و نصیحت کرنے کے لئے گیا۔ وہاں چار پانچ گھنٹے ٹھہرا رہا، راستہ میں باتیں بھی کیں، پھر اعتکاف والی مسجد میں آگیا تو کیا اس کا اعتکاف ہوا یا نہیں؟ اگر ٹوٹ گیا تو قضا لازم ہے یا نہیں؟

۲: اگر اعتکاف بیٹھنے سے پہلے نیت کرلی جائے تو درست ہے یا نہیں؟

حافظ عبدالحکیم اندرون بیلی مجنوں گیٹ جھنگ صدر

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں ایک دن رات کے اعتکاف کی قضاء کرلی جائے۔

کما فصلہ الشامی فی باب الاعتکاف الی ان قال اما علی قول غیر ابی یوسف فیقضی الیوم الذی افسدہ لاستقلال کل یوم بنفسہ۔ (ج۲ ص...)

۲: صرف نیت کرنا کافی نہیں بلکہ زبان سے تصریح کرنا بھی ضروری ہے اس کے بعد اس کام کے لئے نکلنے کی گنجائش ہے۔ اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔

لو شرط (فیہ ایماء الی عدم الاکتفاء بالنیۃ ابو السعود شامی) وقت النذر ان یخرج لعیادۃ مریض وصلوۃ جنازۃ وحضور مجلس علم جاز ذالک فلیحفظ۔ (شامی: ج۲، ص۱۸۳)

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح: خیر محمد عفا اللہ عنہ | بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

# نفلِ اعتکاف بیٹھنے کی نیت کیسے کرے ؟

گرامی قدر جناب مفتی صاحب ، السّلام علیکم ورحمۃ اللہ
اعتکاف کے بارے میں چند مسائل دریافت کرنے تھے مہربانی فرماکر جلد جواب سے نوازیں
۱۔ جب جماعتوں کے ساتھ جانے کا اتفاق ہوتا ہے تو جماعت والے کہتے ہیں کہ مسجد میں داخل ہوتے وقت اعتکاف کی نیّت کرلیں جبکہ یہ پتہ نہیں ہوتا کہ کتنی دیر بیٹھنا ہے ۔ اور کب کسی ضرورت کے تحت مسجد سے نکلنا ہوگا ۔ تو کیا اس طرح یہ اعتکاف شمار ہوگا ؟
۲۔ عورت گھر میں اعتکاف بیٹھے تو وہ کتنی جگہ کو اعتکاف کی جگہ شمار کرے مثلاً پورا کمرہ یا پورا برآمدہ یا صحن وغیرہ اس سلسلہ میں کبھی تشفّی نہیں ہوئی ؟
۳۔ عورت کو نفلِ اعتکاف کے لئے خاوند سے اجازت لینا ضروری ہے ؟

**الجواب** اس طرح اعتکاف دُرست ہے یہ نیّت کرلیں کہ میں جب تک نہیں نکلوں گا اسوقت تک معتکف ہوں ۔

ولیس لاقله تقدیر علی الظاهر حتی لو دخل المسجد ونوی الاعتکاف الی أن یخرج منه صح هکذا فی التبیین اھ (عالمگیری ص۲۱۱ ج۱)

۲۔ گھر کے کسی مناسب کشادہ حصّہ کو اپنی نماز کی جگہ بنالے پھر اسی میں اعتکاف بیٹھ جائے اس جگہ سے نہ نکلے ۔ ولو لم یکن فی بیتها مسجد تجعل موضعاً منه مسجداً فتعتکف فیه اھ (عالمگیری ص۲۱۱ ج۱)

۳۔ خاوند سے اجازت لے کر اعتکاف بیٹھے ۔ فیصح من المرأة والعبد باذن المولی والزوج ان کان لها زوج کذا فی البدائع اھ (عالمگیری ص۲۱۱ ج۱)

فقط واللہ اعلم ،
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیرالمدارس ملتان

## اعتکافِ واجب میں روزہ شرط ہے

مہینہ بھر کے اعتکاف کی منت مانی تھی تو ادائیگی شروع کی اور پورا مہینہ اعتکاف بیٹھا رہا۔ لیکن درحالتِ اعتکافِ منذور ایک دو روزے بلاقصد ٹوٹ گئے۔ تو کیا اعتکاف ادا ہوگیا یا دوبارہ ادا کرنا پڑے گا۔ جب کہ بعد میں وہ روزے قضاء رکھ لئے؟

**الجواب** اعتکافِ واجب کے لئے روزہ شرط ہے۔ کما فی الدر المختار وشرط الصوم لصحۃ الاوّل اتفاقاً اھ شامی (ج ۲ ص ۱۷۷)۔

پس صورتِ مسئولہ میں جس دن کا روزہ ٹوٹ گیا ہے اس دن کا اعتکاف بھی صحیح نہیں ہوا بلکہ اس روز کا اعتکاف فاسد ہوگیا۔ فسادِ اعتکاف کی صورت میں اگر غیر معین مہینے کی نذر اعتکاف مانی ہوئی تھی تو مہینہ بھر کا اعتکاف از سرِنو کرنا ہوگا۔ صرف اتنے دن کے روزے قضاء کرلینا کافی نہیں۔ البتہ اگر نذر کسی معین مہینے کی مانی تھی۔ مثلاً رجب وغیرہ کی تو صرف اتنے دن کا اعتکاف مع روزہ کے قضاء کرنا لازم ہوگا جتنے دن میں دورانِ اعتکاف روزہ نہیں رکھ سکا۔

قال فی الهندیۃ واذا فسد الاعتکاف الواجب وجب قضاءہ فان کان اعتکاف شهر بعینہ اذا افطر یوماً یقضی ذلک الیوم وان کان اعتکاف شهر بغیر عینہ یلزمہ الاستقبال۔ اھ (ج ۱ ص ۲۱۹)

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح: خیر محمد عفا اللہ عنہ بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۲۳/۴/۱۳۸۷ھ

---

## جنازہ کیلئے نکلنے سے اعتکاف فاسد ہوجائے گا

۱: اعتکاف کی حالت میں داڑھی یا سر کو مہندی یا خضاب مسجد میں بیٹھ کر لگا سکتا ہے یا نہیں؟

۲: مہندی اتارنے اور غسل کے لئے مسجد سے باہر جا سکتا ہے یا نہیں؟

۳: کسی خاص عزیز مثلاً بیٹا یا باپ یا بھائی کے فوت ہوجانے کی صورت میں معتکف نمازِ جنازہ پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب** ۱: مسجد سے سر باہر نکال کر مہندی یا خضاب لگائے۔

۲: جائز نہیں اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔

۳: جنازہ پڑھنے کے لئے بھی معتکف مسجد سے باہر نہ جائے اور اگر گیا تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔

کما فی العالمگیریۃ ولو خرج لجنازۃ یفسد اعتکافہ وکذا لصلوتها

ولو تعینت علیہ اھ (ج ۲، ص ۱۹۰)۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح: خیر محمد عفا اللہ عنہ — بندہ محمد اسحاق غفرلہٗ۔ ۱ رمضان ۱۳۸۴ھ

## آخری عشرہ کا اعتکاف فاسد کر دیا تو ایک دن قضاء کرلے

ایک شخص آخری عشرہ رمضان میں اعتکاف بیٹھا۔ بیماری کے عذر سے فاسد کر دیا، قضاء لازم ہوگی یا نہیں؟

**الجواب** والحاصل ان الوجہ یقتضی لزوم کل یوم شرع فیہ عندھما بناء علی لزوم صومہ بخلاف الباقی لان کل یوم بمنزلۃ شفع من النافلۃ الرباعیۃ وان کان المسنون ھو اعتکاف العشر بتمامہ اھ

(شامی ج ۲، ص ۱۸۰)

عبارتِ ہٰذا سے معلوم ہوا کہ طرفین کے نزدیک ایک دن تام کا اعتکاف قضاء کرے گا۔ اور اس دن روزہ بھی رکھے گا۔ آئندہ رمضان میں بھی قضاء درست ہوگی۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ: ۴، ۱۲، ۱۳۹۴ھ

## معتکف موئے زیرِ ناف صاف کرنے کیلئے مسجد سے نکل سکتا ہے یا نہیں

ایک آدمی اعتکافِ واجب تین ماہ کے لئے بیٹھا ہے اگر وہ اتنے طویل عرصہ میں زیرِ ناف کے بال، بغل کے بال اور ناخن وغیرہ نہ کاٹے تو یہ جرم تو نہیں؟ اگر ہے تو اب وہ شخص کیا کرے؟

غلام مصطفیٰ: مرکزی مسجد اہل حدیث: جھنگ

**الجواب** روی مسلم عن انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ وقت لنا فی تقلیم الاظفار وقص الشارب ونتف الابط ان لا نترک اکثر من اربعین لیلۃ۔ نقلہ فی الشامیۃ وفی الدر المختار وکرہ ترکہ (ای تحریمًا) وراء الاربعین اھ

(شامیۃ: ج ۵، ص ۲۶۹)

حدیث ہٰذا اور فقہی جزئیہ سے معلوم ہوا کہ چالیس دن کے اندر اندر ناخن لینا اور بال وغیرہ بنانا ضروری ہے۔ پس یہ ضرورت

شرعیہ لازمہ سے ہوا۔ اور ایسی ضرورت جو مسجد میں ادا نہ کی جاسکے اس کے لئے خروج جائز ہے ۔ پس معتکف اگر موئے زیرناف صاف کرنے کے لئے مسجد سے باہر آئے تو اجازت ہوگی۔ باقی ناخن اور دیگر بال وغیرہ مسجد کے اندر ہی صاف کئے جاسکتے ہیں۔ بال وناخن کپڑے میں لیتا رہے اور باہر پھینک دے ۔ زیادہ احتیاط اس میں ہے کہ ان بالوں کی صفائی کے لئے مستقل طور پر نہ نکلے بلکہ جب پیشاب یا پاخانہ کے لئے نکلے تو اس کے ضمن میں موئے زیرناف بھی صاف کرلے بلکہ اسی پر عمل کرے اور قصداً اس کے لئے نہ نکلے ۔ کیونکہ صریح جزئیہ نہیں مل سکا ۔ ضرورتِ طبعیہ کے لئے نکلنے کے بعد عیادت مریض کا جواز " بحر " ج ۲ میں بدائع سے منقول ہے اسی سے یہ حکم مأخوذ ہے ۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
۱ ؍ ۷ ؍ ۱۳۸۳ھ

---

## چالیس دن اعتکاف کی نذر مانی تو لگاتار اعتکاف کرے

یہ واجب اعتکاف صرف ایصالِ ثواب کے لئے یعنی غیر مشروط ہے کسی نیت کی وجہ سے نہیں ۔ الفاظ یہ تھے کہ اگلے سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بغرضِ ثواب چالیس دن اعتکاف کروں گا اور پھر چالیس چالیس یوم کا بغرضِ ثواب فلاں فلاں کو ۔ اب میں چاہتا ہوں کہ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں ہر ماہ کے درمیانی عشرہ میں گھر پر ہی اعتکاف کروں ۔ کیا میں ایسا کرسکتا ہوں ؟

**الجواب** مسجد میں چالیس روز لگاتار اعتکاف فرمائیں تفریق درست نہیں ۔ مراقی میں ہے

" ولزمته الایام بنذر اللیالی متتابعة وان لم یشترط التتابع فی ظاهر الروایة لان مبنی الاعتکاف علی التتابع وتاشیره ان ما کان متفرقا فی نفسه لا یجب الوصل فیه الا بالتنصیص و ما کان متصل الاجزاء لا یجوز تفریقه الا بالتنصیص (۳۸۵) و منه ما لزم بنذر الاعتکاف و هو متتابع وان لم ینص علیه ص ۳۷۵ مراقی ۔

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ

---

## معتکف کا محفل قرآن مجید میں جانا

ایک شخص نے پورے رمضان المبارک کے مہینے کے اعتکاف کی نیت کرلی ، چند روز گزرنے کے بعد چند احباب نے اس شخص کو محفل قرآن مجید

ہیں شرکت کی دعوت دی ہے ۔ اور وہ لوگ اس کی شرکت کو بہت ضروری سمجھتے ہیں بلکہ بعض احباب تو کہتے ہیں کہ اگر آپ نہ آئے تو اس سال محفل قرآن نہیں کرائیں گے ۔ تو اب اگر وہ شخص اعتکاف کو توڑے تو قضاء تو یقیناً ہوگی لیکن قضاء بھی رمضان میں ضروری ہے یا غیر رمضان میں بھی ہوسکتی ہے ؟

**الجواب** اگر یہ اعتکاف نفلی ہے یعنی نذر وغیرہ نہیں مانی تو اس کے قطع سے قضاء لازم نہیں ہوگی جس قدر ہوگیا وہ ہوگیا کیونکہ بربناء روایت اصل ادنیٰ مدتِ اعتکاف ایک ساعت ہے اور اس کے لئے صوم بھی شرط نہیں ۔ بخلاف اعتکاف واجب کے کہ اس کے قطع کر دینے سے قضاء لازم آتی ہے اور صوم بھی اس کیلئے شرط ہے ۔

فلوشرع فی نفله ثم قطعه لایلزمه قضاءه لانه لا یشترط له الصوم علی الظاهر من المذهب وما فی بعض المعتبرات انه یلزم بالشروع مفرع علی الضعیف فانه المصنف وغیره ۔ ( تنویر مع الدر علی هامش رد المحتار ، ج ۲ ، ص ۱۳۱ ) ۔

نذر مع تسمیہ تنجیز و تعلیق کی زبان سے صراحت نہ کی ہو ۔ بصورتِ دیگر یہ واجب ہوگا ۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح : بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ

## معتکف غسلِ تبرید کیلئے نہیں نکل سکتا

زید جو کہ معتکف ہے اپنے جسم کو ٹھنڈک پہنچانے کے لئے مسجد کے احاطہ میں غسل کر سکتا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** مذکورہ غسل کے لئے معتکف کا نکلنا درست نہیں اور مسجد سے مراد چھت والا حصہ اور آگے کا وہ صحن ہے جہاں نماز پڑھی جاتی ہے ۔ معتکف کو غسل کے لئے ان حصوں سے نکلنا درست نہیں ۔

" وحرم علیه ای علی المعتکف الخروج الا لحاجة الانسان طبیعیة کبول وغائط وغسل لو احتلم ولا یمکنه الاغتسال فی المسجد اھ (شامی ، ج ۲ ، ص ۱۸۰) ۔

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ ۲۷ ، ۹ ، ۱۳۹۹ھ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## معتکف نے بوقتِ نیت جنازہ وغیرہ کے لئے نکلنے کی تصریح کرلی تو نکلنا جائز ہے

زید رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف بیٹھا ہے کیا وہ دورانِ اعتکاف وعظ و تبلیغ کے لئے دوسری مسجد جا سکتا ہے جب کہ وہ بوقتِ اعتکاف نیت کرلے کہ میں ان کاموں کے لئے جاؤں گا ؟

حافظ عبدالحکیم لیلیٰ مجنوں گیٹ جھنگ صدر

**الجواب** صرف نیت کرنا کافی نہیں بلکہ زبان سے تصریح کرنا ضروری ہے۔ اس کے بعد اس کام کے لئے نکلنے کی گنجائش ہے اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔

"لوشرط (فیہ ایماء الی عدم الاکتفاء بالنیۃ ابوالسعود شامی) وقت النذر ان یخرج لعیادۃ مریض وصلوۃ جنازۃ وحضور مجلس علم جاز ذلک فلیحفظ۔ (شامی ج ۲ ص ۱۴۴)۔ فقط واللہ اعلم۔

محمد انور عفا اللہ عنہ

## بحالتِ اعتکاف برائے غسل نکلنا

اعتکاف کی حالت میں معتکف کا غسل جنابت کے علاوہ غسل کے لئے مسجد سے باہر نکل کر غسل خانۂ مسجد یا حمام میں جانا جائز ہے کہ نہیں؟

۲: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زیادہ سے زیادہ کتنے دن اعتکاف کیا؟ اور کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غسل فرمانا بحالتِ اعتکاف ثابت ہے؟ جواز و عدمِ جواز کی صورت میں احادیث و مستند کتب کا حوالہ لکھیں۔

۳: زید کہتا ہے کہ معتکف کا مسجد سے باہر نکل کر غسل کرنا حمام میں جائز ہے، عمرو کہتا ہے کہ جائز نہیں۔ آیا کون سچا ہے؟

از کریم الدین خان: مکان نمبر ا، گلی نمبر ۱۳: مجاہد آباد مغلپورہ لاہور

**الجواب** ۱: غسل فرض کے علاوہ کسی اور غسل کے لئے معتکف کا مسجد سے نکلنا درست نہیں۔

" وحرم علیہ الخروج الا لحاجۃ الانسان طبیعیۃ کبول وغائط وغسل لو احتلم ولا یمکنہ الاغتسال فی المسجد۔ (درمختار علی الشامیۃ، ج ۲ ص ۱۸)۔

۲: آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف پابندی سے کرتے تھے اور بیس دن کا اعتکاف بھی ثابت ہے۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان یعتکف کل عام عشرا فاعتکف عشرین فی العام الذی قبض الحدیث (مشکوۃ، ج ۱ ص ۱۸۳)۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح: بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ محمد انور عفا اللہ عنہ ۲۶/ ۱۲/ ۱۳۹۸ھ

## معتکفہ کا درس دینے کیلئے اپنے کمرہ سے دوسرے کمرہ میں جانا

ایک عورت درس قرآن دینے کے لئے اعتکاف والے کمرے سے دوسرے کمرہ میں جا سکتی ہے یا نہیں ؟

**الجواب** اگر اعتکاف بیٹھنے سے پہلے زبانی نیت کی تصریح کر لی جائے تو جانا جائز ہے ولو شرط وقت النذر والالتزام ان یخرج الی عیادة المریض و صلوة الجنازة وحضور مجلس العلم یجوز له ذالك كذا فی التاتارخانیه ۔ (عالمگیری کتاب الصوم) فقط واللہ اعلم ۔

الجواب صحیح : محمد شریف جالندھری مہتمم جامعہ ہذا — محمد انور عفا اللہ عنہ

## معتکف پیشی پر حاضر ہو سکتا ہے یا نہیں

میرا ارادہ اعتکاف مسنونہ کا ہے اور مجھ پر ایک معمولی ناجائز مقدمہ بنا ہوا ہے جس میں میری ضمانت ہوئی ہے ۔ مخالف نے میری ضمانت منسوخ کرانے کی درخواست دے رکھی ہے ۔ جس کی تاریخ عید سے دو روز قبل ہے جہاں حاضری بھی ضروری ہے ۔ صرف ایک گھنٹہ ان شاء اللہ صرف ہوگا ۔ بہر حال کیا اعتکاف بیٹھنے کے بعد کچہری میں صرف تاریخ پیشی کے لئے حاضر ہو سکتا ہے کہ نہیں جب کہ اور کسی قسم کی حرکت نہ کرے اور شروع ہی سے اس حاضری کی نیت کرے ؟

ص۱۴۳

**الجواب** درمختار میں ہے ۔ اما النفل فله الخروج لانه منهٍ له لا مبطل كما مر ۔ شامی میں ہے ۔ قوله اما النفل أى الشامل للسنة المؤكدة ۔

عبارت بالا سے معلوم ہوا کہ اعتکاف مسنون میں نکلنا اعتکاف کو باطل نہیں کرتا ہے ۔ اگر شروع میں ہی اس کی نیت تاریخ پر حاضری کی ہو تو اتنے ٹائم تک باہر جانا درست ہوگا ۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد اسحاق غفرلہٗ نائب مفتی ۔

## معتکف اخبار نہ پڑھے

کیا معتکف اخبار پڑھ سکتا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** اخبار میں تصاویر ہوتی ہیں لہٰذا اسے مسجد میں لانا جائز نہیں ہرگز مسجد میں نہ لایا جائے ۔ ویسے بھی اکثر اخبار میں فضولیات ہوتی ہیں اس لئے احتراز لازم ہے ۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ : ۳۰ ، ۹ ، ۱۳۹۴ھ

## معتکف وضو اور غسل کیسے کرے

۱ : معتکف وضو کے لئے مسجد سے باہر جا سکتا ہے یا نہیں؟
۲ : کیا معتکف کے مسجد میں باتیں کرنے سے اعتکاف ٹوٹ جائیگا۔
۳ : کیا معتکف بوجہ گرمی غسل کیلئے مسجد سے نکل سکتا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** ۱، ۳۔ وضو کے لئے مسجد سے باہر نہ جائے بلکہ مسجد کے کسی کونے میں اس طرح بیٹھ کر وضو کرے کہ وضو کا پانی مسجد سے باہر گرے۔ اور یہی حکم غسل بوجہ گرمی کا ہے۔

" وحرم علیه الخروج الا لحاجة الانسان طبیعیة كبول وغائط وغسل لو احتلم ولا يمكنه الاغتسال في المسجد۔

(در مختار علی الشامیة - ج ۲ - ص - ۱۸۰) -

۲ : بے فائدہ باتوں سے اعتکاف میں کراہت آجاتی ہے۔ ویکره تحریما صمت وتکلم الا بخیر اھ - (شامیه، ص۱۸۵)- فقط واللہ اعلم -

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان - ۱۵ شوال ۱۴۰۲ھ

## معتکف بلا ضرورت طبعیہ مسجد سے نہ نکلے

احقر نے " مسائل اعتکاف " کے نام سے ایک رسالہ مرتب کیا ہے اس میں آنجناب کی راہنمائی کا احقر بے انتہا محتاج ہے۔ ایک استفتاء دار العلوم دیوبند بھی بھیجا تھا جس کی نقل منسلک ہے واضح رہے کہ آنجناب کی خدمت میں جو استفتاء مرسل ہے اس میں سوال نمبر۳ بدل دیا ہے دیوبند والے استفتاء میں سوال نمبر۳ کچھ اور ہے۔ یہ نیا سوال بعد میں ذہن میں آیا۔ قوی امید ہے کہ ان مسائل میں اس نالائق کی رہبری فرما کر ممنون فرما دیں گے۔

۱ : رمضان المبارک کے آخری عشرہ کا اعتکاف کرنے والے معتکف کو بحالت اعتکاف خاص غسل جمعہ کے لئے مسجد سے نکلنا جائز ہے یا نہیں ؟

۲ : اگر خاص غسل جمعہ کی نیت سے نکلنا جائز نہ ہو تو اگر معتکف کسی طبعی ضرورت جیسے پیشاب و پاخانہ کی غرض سے نکلے اور فراغت کے بعد غسل جمعہ بھی کرتا چلا آئے تو ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

۳ : بصورت جواز اس غسل جمعہ میں جلدی جلدی صرف فرائض پر اکتفاء کرنا ضروری ہے یا اطمینان

سے جملہ آداب وسنن کی رعایت کے ساتھ بھی غسل کرنے کی اجازت ہے۔ (دارالعلوم والے استفتاء میں یہ سوال یوں ہے۔ کہ اگر معتکف کو وضو کرنے کی ضرورت ہے۔ اور وہ ہر مرتبہ یا جب چاہے بجائے وضو۔ کے غسل کرکے آجایا کرے، تو آیا ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟)

۴: اب رمضان المبارک موسم گرما میں آنے لگے ہیں جس کی بناء پر معتکفین کو تبرید کے غسل کی روزانہ کم از کم ایک بار ضرور حاجت ہوتی ہے۔ ورنہ بدن میں پسینہ کی بدبو، گرمی دانوں کی کثرت ہو جاتی ہے۔ اور بعض معتکفین روزانہ کئی بار نہانے کے عادی ہوتے ہیں ان کو اور بھی تکلیف ہوتی ہے تو کیا ایسے حالات میں ٹھنڈک کی غرض سے نہانے کے لئے رمضان المبارک کے عشرۂ آخیرہ کا اعتکاف کرنے والا مسجد سے نکل سکتا ہے اس کے لئے نکلنا جائز ہے یا نہیں، اس سے اعتکاف فاسد تو نہیں ہو گا؟

عبدالرؤف سکھروی معین مفتی دارالعلوم کراچی نمبر ۱۴۔

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ:-

الجواب حامداً ومصلیاً

۱: غسل جمعہ نہ ضروریات طبعیہ میں سے ہے نہ مامورات شرعیہ میں سے ہے۔ اس لئے معتکف اس کیلئے مسجد سے نہ نکلے۔

۲: صراحۃً تو یہ مسئلہ کتب فقہ میں نہیں دیکھا لیکن ضرورت طبعیہ کے لئے نکلنے کی صورت میں عیادت مریض وصلوۃ جنازہ وغیرہ امور کی اجازت ہے غسل جمعہ کی بھی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔

۳: جب گنجائش ہی تبعاً دی گئی ہے تو اس میں دیر نہیں کرنی چاہئے۔ یہ غسل مسنون سنت کے مطابق کرے زوائد کو ترک کر دے۔

۴: غسل تبرید کے لئے بھی مستقل نہ نکلے، ضرورت طبعیہ کے لئے نکلنا ہو تو بالتبع غسل تبرید بھی جلدی سے کر لے ہاں اگر گرمی کی وجہ سے دانے نکل آئیں اور بے چینی کی وجہ سے صبر دشوار ہو گیا ہو تو پھر اس کے لئے نکلنا درست ہو جائے گا۔ محض ٹھنڈک تو پنکھے وغیرہ سے مسجد میں بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔ اور پنکھے پر پانی ڈال کر ہوا کرنے سے مزید راحت ملتی ہے۔ غرض جب تک مسجد میں رہتے ہوئے کام چل سکے باہر نہ نکلے۔ اعتکاف میں بڑا مقصود مالوفات کا ترک بھی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ دارالعلوم دیوبند

۲۷ : ۲ : ۱۴۰۱ھ

**الجواب** ۱: جائز نہیں۔

۲: ۳: صراحۃً تو بلا نہیں البتہ اگر ضرورتِ طبعیہ کے لئے نکلے تو بعجلت غسل کر لینے کی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔ جیسے کہ ایسے نکلنے والے کے لئے عیادتِ مریض یا نمازِ جنازہ کی اجازت ہے۔ البتہ مالکیہ کے نزدیک غسلِ جمعہ کے لئے نکلنا جائز ہے۔ کما فی الاوجز

۴: غسل تبرید کے لئے اس تدبیر بالا سے بھی ٹھہرنے کی گنجائش معلوم نہیں ہوتی۔ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے تولیہ بھگو کر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بدبو بھی پیدا نہ ہوگی۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

مفتی خیر المدارس ملتان ۱۳/ ۹/ ۱۴۰۱ھ

**نوٹ:** عیادتِ مریض کی مذکورہ بالا اجازت اس شرط سے مقید ہے کہ اس کے لئے ٹھہرے نہیں۔ بلکہ چلتے چلتے حال دریافت کر لے جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے موقوفاً و مرفوعاً مروی ہے۔ کانت اذا اعتکفت لا تسئل عن المریض الا وھی تمشی ولا تقف (موطا امام مالک)۔ وقالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یمر بالمریض وھو معتکف فیمر کما ھو ولا یعرج یسأل عنہ۔ (ابوداؤد) باب المعتکف یعود المریض ۳۳۵

اس سے معلوم ہوا کہ حاجتِ طبعیہ کے لئے نکلنے کے بعد بھی اپنے راستے سے ہٹ کر بقصدِ عیادت نہ جائے۔ بس راستے میں مل جائے تو عیادت کر لے۔ نمازِ جنازہ کے لئے بھی مالکیہ کے ہاں یہی شرط لکھی ہے کہ راستے میں بلا انتظارِ جنازہ کی نماز میں شامل ہو جائے تو گنجائش ہے۔ (اوجز) حنفیہ کے ہاں بھی یہ تفصیل ملحوظ رکھنی چاہیئے۔

## پیسے دے کر اعتکاف بٹھانا:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام دریں مسئلہ کہ محلہ کی مسجد میں کوئی آدمی اعتکاف میں نہ بیٹھا ایک باہر کا غیر متعلقہ آدمی تھا مسجد کے متعلقہ آدمیوں نے یہ کہہ کر اس کو اعتکاف میں بٹھا دیا کہ ہم تیری خدمت کریں گے۔ چنانچہ وہ بیٹھ گیا اور مدتِ اعتکاف کے مکمل ہونے پر اس کو ایک صد روپے بطورِ خدمت دیدیئے اب سوال یہ ہے کہ اس غیر متعلقہ آدمی کا اعتکاف محلہ والوں کی طرف سے کفایت کر جائے گا۔ نیز اس کو جو رقم بطورِ خدمت دی گئی وہ مسجد کے فنڈ سے دی گئی ہے کیا یہ درست ہے نیز یہ واضح فرمائیں کہ اجرت دے کر اعتکاف

میں بٹھانا جائز ہے یا نہیں۔؟

**الجواب** اُجرت لے کر اعتکاف بیٹھنے سے نہ معتکف کو کوئی ثواب ملے گا اور نہ ہی بٹھانے والوں کو جنہوں نے مسجد کے مملوکہ فنڈ سے سو روپیہ دیا ہے۔ ان پر لازم ہے کہ وہ سو روپیہ مسجد کے فنڈ میں اپنی گرہ سے جمع کرائیں۔

قال العلامة النسفی النیابة تجری فی العبادات المالیة عند العجز والقدرة ولم تجر فی البدنیة بحال وفی المرکب منہ اتجری عند العجز فقط۔ قال ابن نجیم رحمہ اللہ۔ بیان لانقسام العبادة (الی قولہ) وبدنیة محضة کالصلاة والصوم والاعتکاف والاذکار والجہاد ومرکبة من البدن والمال کالحج والاصل فیہ ان المقصود من التکالیف الابتلاء والمشقة وھی فی البدنیة باتعاب النفس والجوارح بالافعال المخصوصة وبفعل نائبہ لا تتحقق المشقة علی نفسہ فلم تجز النیابة مطلقا لا عند العجز ولا عند القدرة اھ (بحر الرائق ص۶۵ ج۳) فقط۔ واللہ تعالیٰ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ۔

محمد انور عفا اللہ عنہ
۱۵ / ۱۰ / ۱۴۰۶ھ

## اعتکاف مسنون میں روزہ ضروری ہے

**س** رمضان المبارک میں معتکف بیمار ہونے کی وجہ سے روزہ چھوڑ سکتا ہے۔؟ اعتکاف فاسد ہوگا یا نہیں؟

۲۔ معتکف جب حاجت کے لئے گھر جاتا ہے تو چلتے ہوئے گھر اور راستے میں کسی سے بات کر سکتا ہے، یا جواب دے سکتا ہے؟

**الجواب** شامی ص۱۴۱ ج۲ میں ہے کہ اعتکاف مسنون (یعنی رمضان کے آخری عشرہ کے اعتکاف میں روزہ شرط ہے۔ لہٰذا اگر روزہ چھوڑے گا تو اعتکاف

باقی نہ رہے گا۔" قلت و مقتضیٰ ذلک ان الصوم شرط ایضاً فی الاعتکاف المسنون لانہ مقدر بالعشر الاخیر حتی لو اعتکفہ بلا صوم لمرض او سفر ینبغی ان لا یصح عنہ بل یکون نفلاً فلا تحصل بہ اقامۃ سنۃ الکفایۃ اھ

۲۔ راہ چلتے ہوئے بات چیت کی جا سکتی ہے، ایسے ہی گھر جا کر، مگر رُکے نہیں رواں رہے۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

احقر محمد انور ۱۷/ ۱۱/ ۱۳۹۷ھ

## معتکف کے لئے اذان دینے کا حکم

زید اور خالد دونوں علم دین ہیں اور دونوں معتکف ہیں دوران اعتکاف (ان دونوں کا کئی مسئلوں میں اختلاف ہے) زید کہتا ہے کہ معتکف کو اذان کہنا جائز نہیں ہے کیونکہ باہر سے آدمیوں کو بلانا ہے اور معتکف خارج از مسجد آدمی سے بات نہیں کر سکتا ورنہ اعتکاف فاسد ہو جائے گا جبکہ اذان کی جگہ مسجد کے اندر بھی ہے خالد ہر بات اس کے خلاف کہتا ہے خالد معتکف جب وضوء کرتا ہے تو مسجد کے صحن میں بیٹھ کر وضوء کرتا ہے ٹونٹیوں پر وضوء نہیں کرتا کہتا ہے اعتکاف فاسد ہو جائے گا اور جمعہ کا غسل بھی مسجد میں کرتا ہے۔ لہٰذا ان میں نزاع ختم کرنے کے لئے ان کے جوابات عنایت فرمائیں۔

**الجواب** اعتکاف میں اختلافی بحثوں سے اجتناب چاہیئے۔ معتکف کے لئے اذان دینا بالکل جائز ہے خصوصاً جبکہ اذان کی جگہ مسجد کے اندر ہو (شامیہ) (عالمگیری) قاضی خاں) معتکف غیر معتکف سے جائز دینی باتیں کر سکتا ہے۔ اسکی ممانعت نہیں ہے۔

۲۔ خالد کی بات درست ہے اگر مسجد کے اندر وضو کرنا ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں فرض وضوء کے لئے معتکف کو نکلنے کی اجازت ہے۔

فقط واللہ اعلم،

عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## اعتکافِ نفل میں نہانے کے لئے نکلنے کا حکم

زید پورے رمضان کا اعتکاف بایں صورت کرتا ہے دس یا پندرہ دن کے بعد باہر آکر غسل وصفائی کر کے دوبارہ اعتکاف شروع کر دیتا ہے، کیا یہ صورت صحیح ہے اور اس صورت میں پورے ماہ کے اعتکاف کا ثواب ملے گا یا نہیں ؟

**الجواب** اگر ابتدائی بیس روز کا اعتکاف نفلی ہے تو غسل وغیرہ کے لئے نکلنا جائز ہے البتہ اگر اعتکاف واجب ہے تو پھر درمیان میں وقفہ جائز نہیں۔ من نذر اعتکاف رمضان صح نذرہ فان صام رمضان ولم یعتکف کان علیہ ان یقضی اعتکاف شہر آخر متتابعا ویصوم فیہ (ہدایہ ص ۲۱۱ ج ۱)۔ صورت مسئولہ میں اعتکاف درست ہے اور پورے ماہ مبارک کے اعتکاف کے ثواب کی امید رکھی جاتی ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد عبد اللہ
۲۳ / ۱۰ / ۱۴۱۲ھ

## معتکف دوسری مسجد میں تراویح پڑھانے جا سکتا ہے

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام مفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید اعتکاف میں بیٹھنے کا ارادہ رکھتا ہے اور جس مسجد میں بیٹھنا چاہتا ہے اسکی رہائش بھی وہیں ہے لیکن وہ تراویح دوسری مسجد میں پڑھاتا ہے اور ظاہر ہے ختم شریف بھی ہوگا اور اس میں زید کی حاضری لازمی ہے۔

اب آپ ہمیں قرآن وسنت و حدیث و فقہ کی روشنی میں بتائیں کہ وہ کون سے افعال ہیں جن سے اعتکاف فاسد ہو جاتا ہے اور وہ کون سے افعال ہیں جن کے کرنے سے اعتکاف پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔ اور تفصیل سے بتائیں کہ زید کو کیا کرنا چاہیئے جس سے

قرآن شریف کا ختم بھی ہو جائے اور زید کے اعتکاف پر بھی کچھ اثر نہ ہو۔ جبکہ ختم شریف میں بھی حاضری لازمی ہے۔ بینوا و توجروا۔

**الجواب** اس کا طریقہ یہ ہے کہ اعتکاف بیٹھتے وقت یوں نیت کریں "میں ان ایام کے لئے آخری عشرہ کے اعتکاف کی نذر مانتا ہوں البتہ تراویح میں قرآن سنانے کے لئے جایا کروں گا" پھر تراویح کے وقت کے بالکل قریب جایا کریں اور فارغ ہوتے ہی اعتکاف والی مسجد میں آجایا کریں۔ راستہ میں آتے جاتے کسی جگہ کھڑے نہ ہوں۔

ولو شرط وقت النذر والالتزام ان یخرج الی عیادۃ المریض وصلاۃ الجنازۃ وحضور مجلس العلم یجوز لہ ذلک کذا فی التاتارخانیۃ اھ (عالمگیری ص۱۹۹ ج۱) فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالحکیم عفی عنہ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

۱۷/ ۹/ ۱۴۱۷ھ

## معتکف ووٹ ڈالنے جا سکتا ہے

معتکف ووٹ ڈالنے کے لئے مسجد سے نکل سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب** اعتکاف مسنون میں معتکف کے لئے ایسے کاموں کے لئے نکلنے کی اجازت باوجود تبع کے نہیں ملی البتہ اگر اعتکاف منذور میں ابتلاءً بوقت نذر کسی امر کے لئے نکلنے کی تصریح کر لی جائے تو اس کا جواز موجود ہے،

ولو شرط وقت النذر و الالتزام ان یخرج الی عیادۃ المریض وصلاۃ الجنازۃ وحضور مجلس العلم یجوز لہ ذلک کذا فی التاتارخانیۃ اھ

(عالمگیری ۱۹۹/۱)

چونکہ مآلاً اعتکاف مسنون بھی منذور ہی کی طرح ہے کہ اس میں التزام فعلاً ہوتا ہے۔ لہذا مناسب یہ ہے کہ جن لوگوں نے ووٹ ڈالنے کے لئے نکلنا ہو وہ اعتکاف بیٹھتے وقت

یہ تصریح کرلیں "میں اللہ تعالیٰ کے لئے آخری عشرہ کے اعتکاف کی نذر مانتا ہوں البتہ انتخاب والے دن ووٹ ڈالنے کے لئے پولنگ اسٹیشن پر جاؤں گا۔ پھر ایسے وقت نکلیں کہ جاتے ہی ووٹ ڈال سکیں اور پھر فارغ ہوتے ہی مسجد آجائیں اور اعتکاف پورا کریں۔ عورتیں اعتکاف بیٹھی ہوں تو ان کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ فقط واللہ اعلم،

محمد انور

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،
رئیس دارالافتاء خیر المدارس۔ ملتان

۱۳ / ۹ / ۱۴۱۷ھ

## معتکف کھانا لینے جائے تو راستہ میں کوئی چیز خریدنے کا حکم

ایک شخص حالتِ اعتکاف میں مسجد سے گھر کو رفع حاجت کے لئے جاتے ہوئے راستہ میں سے برف کا ٹکڑا خرید کر لے گیا، یا سحری کے وقت رفع حاجت کے لئے گیا۔ ضمناً کھانا کسی روزہ دار کو دے دیا اور اپنا کھانا لا کر مسجد میں کھایا۔ ان دونوں صورتوں میں اعتکاف تو فاسد نہیں ہوا اگر فاسد ہو گیا تو قضاء لازم ہے۔؟

**الجواب** اگر ان دونوں صورتوں میں معتد بہ توقف کرنے کی نوبت نہیں آئی (جس سے کہ کوئی دوسرا شخص دیکھنے والا غیر معتکف کا کام نہ سمجھے) بلکہ چلتے چلتے یہ کام کئے گئے تو پھر اعتکاف فاسد نہیں ہوا۔ ورنہ فاسد ہوا اور قضاء لازم ہو گی۔ فقط واللہ اعلم

بندہ خیر محمد عفا اللہ عنہ
۱۰ / ۱۰ / ۱۳۷۴ھ

## عورت اعتکاف کیلئے جگہ متعین کر کے پھر اسے بدل نہیں سکتی

امام صاحب کے نزدیک یہ بھی شرط ہے کہ جس مسجد میں اعتکاف کرے اس میں پانچو وقت کی جماعت ہوتی ہو۔ صاحبین کے نزدیک شرعی مسجد ہو اگرچہ جماعت نہ ہوتی ہو تو سوال یہ ہے کہ بعض مساجد ایسی ہیں کہ جن میں جماعت نہیں ہوتی۔ لوگ نماز پڑھتے ہیں

تو اس صورت میں فتویٰ کس مسجد پر ہے صرف مسجد یا جس مسجد میں جماعت ہوتی ہو۔

۲۔ کیا ہر گھر میں عورت کو اعتکاف بیٹھنا چاہیئے یا محلہ میں ایک عورت اعتکاف بیٹھ جائے؟

۳۔ عورت گھر میں جگہ کا تعین کیسے کرے اگر اندر کرے تو رات کے وقت حبس اور گرمی ہوتی ہے اور باہر کرے تو دن کو دھوپ ہوتی ہے ؟

۴۔ کیا عورتوں کے لئے بھی مردوں کی طرح اعتکاف کی تاکید آئی ہے نہ بیٹھیں تو گنہگار ہوں گی ؟

**الجواب** ۱۔ بہتر یہی ہے کہ ایسی مسجد میں اعتکاف کیا جائے جس میں جماعت پنجگانہ ہو۔ اگر ایسی مسجد نہیں ہے تو پھر جس میں بیٹھا جائے اسی میں کوشش کی جاوے کہ نماز باجماعت پنجگانہ ادا ہو۔

۲۔ اعتکاف کے لئے جگہ متعین کرنے کے بعد تغیر و تبدیل جائز نہیں ہے۔ اندر ہو یا باہر ہو بہتر یہ ہے کہ برآمدہ وغیرہ کا تعین کیا جائے یا پنکھے وغیرہ کا انتظام کر لیا جاوے۔ اگر زیادہ تکلیف ہو تو ترک کی بھی گنجائش ہے۔ سرے سے اعتکاف ہی نہ بیٹھ

۳۔ عورتوں کے لئے بھی مسنون ہے اور اگر اسی بستی میں کوئی اور معتکف ہو تو گناہ نہیں

الجواب صحیح، فقط واللہ اعلم، فقیر محمد انور،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، ۱۸ / ۹ / ۱۳۹۷ھ

---

## اعتکاف میں حیض آجائے تو اعتکاف ختم ہو جاتا ہے

اگر ایک عورت اپنے گھر کی مسجد میں اعتکاف بیٹھتی ہے اور چلتے چلتے حیض آگیا بتائیں اعتکاف فاسد ہوا یا نہیں ؟

**الجواب** اگر عورت اعتکاف کے دوران حائضہ ہو جائے تو حیض آتے ہی اعتکاف ختم ہو جائے گا بعد میں ایک دن اعتکاف کی قضاء بمع روزہ کے ضروری ہے ہندیہ میں ہے۔ اذا فسد الاعتکاف الواجب وجب قضاؤہ فان کان اعتکاف، شھر بعینہ اذا افطر یوماً یقضی ذلک الیوم وان کان اعتکاف

شہر لغیر عینہ یلزمہ الاستقبال سواء افسدہ بصنعہ من غیر عذر کالخروج والجماع والاکل فی النہار أو لعذر کما اذا مرض فاحتاج الی الخروج أو لغیر صنعہ کالحیض والجنون والاغماء الطویل (ص ۲۱۳ ج ۱)

آخری عشرہ میں اعتکاف کا ٹوٹ جانا بھی اسی حکم میں ہے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۲۷ / ۸ / ۱۴۱۰ھ

## معتکف کے لئے مسجد کی چھت پر رات گزارنے کا حکم

اگر کوئی شخص مسجد میں اعتکاف بیٹھے اور مسجد کے صحن میں ایک سیڑھی رکھی ہوئی ہو اور اس سیڑھی پر چڑھ کر پہلے مسجد کے وضوء خانے کی چھت سے گزر کر مسجد کی چھت پر جاکر رات گزار سکتا ہے یا نہیں یا سیڑھی سیدھی مسجد کی چھت پر جائے یعنی وضوء خانے سے نہ گزرنا پڑے تو اس صورت میں مسجد کے اوپر جاکر رات گزار سکتا ہے؟

**الجواب** دوسری صورت درست ہے اگر مسجد کا بالائی حصہ ابتداء ہی سے نماز کے لئے نہ بنایا گیا ہو تو محض سونے کے لئے اوپر چڑھنا مکروہ ہے فقط واللہ اعلم

محمد انور

## خاوند کی اجازت کے بغیر اعتکاف بیٹھنا

عورت اپنے خاوند کی اجازت کے بغیر اعتکاف رمضان المبارک میں بیٹھ سکتی ہے کہ نہیں؟

**الجواب** عورت خاوند کی اجازت کے بغیر اعتکاف نہ بیٹھے۔ شامیہ میں سراج سے نقل کیا ہے۔

ولا ینبغی لہا الاعتکاف بلا اذنہ (ص۱۲۹ ج۲ شامی) فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

## معتکف کا مسجد میں بیٹھ کر مطب چلانا

ایک حکیم صاحب ہر سال رمضان المبارک میں معتکف ہوتے ہیں اور مسجد کی کھڑکی میں بیٹھ کر ادویات مریضوں کو دیتے ہیں۔ وہیں پر ہی دام وصول کرتے ہیں۔ کیا شرعاً جائز ہے؟

**الجواب** حکیم صاحب مرض کی تشخیص اور ادویات تجویز کر سکتے ہیں۔ البتہ مسجد میں بیٹھ کر دوائیاں فروخت نہ کریں۔ لانہ منقطع الی اللہ فلا ینبغی لہ أن یشتغل بامور الدنیا (شامی ص۱۸۶ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

الجواب صحیح،
عبداللہ عفر لہ،

## اعتکاف ٹوٹ جائے تو اسکی قضا غیر رمضان میں بھی کر سکتا ہے

۱۔ ایک آدمی ایک ایسی مسجد میں اعتکاف بیٹھا ہے جہاں نماز با جماعت ہوتی ہے اور جمعہ بھی ہوتا ہے تو آیا یہ شخص ادائیگی جمعہ کے لئے کسی دوسری مسجد میں جا سکتا ہے یا نہیں یا کسی شخص کی ملاقات کے لئے دوسری مسجد میں جا سکتا ہے۔؟
۲۔ اگر اعتکاف ٹوٹ جائے تو کتنے دنوں کی قضاء کرے اور کب کرے۔ رمضان میں قضاء کرے یا غیر رمضان میں؟

**الجواب** ولا یخرج من المسجد الا لحاجۃ الانسان والجمعۃ (ہدایہ ص۲۱ ج۱)۔ جزئیہ مذکورہ سے معلوم ہوا کہ اعتکاف والی مسجد میں جب جمعہ ہوتا ہے تو دوسری مسجد میں جانے سے اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور اگر

کسی کو ملنے گیا تب بھی اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ ولوخرج من المسجد ساعۃ بغیر عذر فسد اعتکافہ (ہدایہ صفحہ ۲۱ ج۱)

۲۔ رمضان المبارک کے عشرہ اخیرہ کا سنت مؤکدہ اعتکاف اگر ٹوٹ جائے تو صرف اسی دن کی قضا آئے گی۔ جس دن ٹوٹا ہے۔

اما علی قول غیرہ (ای علی قول ابی حنیفۃ ومحمد رحمہما اللہ) فیقضی الیوم الذی افسدہ لاستقلال کل یوم بنفسہ۔ (شامی صفحہ ۱۴۳ ج۲)

قضا چاہے رمضان میں کرے یا غیر رمضان میں دونوں میں جائز ہے۔ غیر رمضان میں نفل روزہ رکھ کر اعتکاف کی قضاء کرنا ہو گی۔ فقط۔ واللہ اعلم،

محمد انور عفی عنہ، الجواب صحیح، بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ

## معتکف کا سحری و افطاری کے لئے گھر جانا

ایک امام مسجد جس کا گھر مسجد سے دو صد قدم دور ہے حقہ نوشی کا عادی ہے اور معتکف ہونا چاہتا ہے صبح و شام بچوں کو قرآن پڑھاتا ہے۔ تقریر کرنے کے بعد جمعہ وغیرہ پڑھاتا ہے اس کا خیال ہے کہ سحری و افطاری کے وقت گھر آیا کرے اور سگریٹ نوشی مسجد سے باہر کرے اسیطرح جمعہ نکاح وغیرہ پڑھائے

**الجواب** معتکف کے لئے اگر مسجد میں کھانے پینے کا انتظام ہو سکتا ہے تو اسے کھانے کیلئے گھر جانا جائز نہیں۔

کما فی الدر المختار وخص المعتکف باکل وشرب ونوم وعقد احتاج الیہ (الی ان قال) فلو خرج لاجلہا فسد لعدم الضرورۃ (شامی صفحہ ۱۸۴ ج۲)

اگر دونوں فریق موجود ہوں۔ مجلس مسجد میں کی گئی تو معتکف نکاح پڑھا سکتا ہے نماز جمعہ تقریر خطبہ جمعہ اقامت بھی جائز ہے جبکہ اسی مسجد میں ہو نماز جنازہ کے لئے

معتکف کا بلا عذر نکلنا مکروہ تحریمی ہے۔ لوخرج لجنازة یفسد اعتکافہ (وکذا لصلوٰتها کذا فی الهندیة صفحہ ۲۱۲ ج ۱) سحری اور افطاری کے وقت اگر پیشاب وغیرہ کے لئے نکلے تو اسوقت سگریٹ پی سکتا ہے۔ پھر منہ صاف کر کے مسجد میں آجائے مسجد میں سگریٹ پینا جائز نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم۔ بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## معتکفین کے لئے مسجد کے صحن کے کنارے پر ٹونٹی لگوانا

رشید آباد کالونی جامع مسجد رشیدیہ میں آخری عشرہ رمضان شریف کا اعتکاف کرنے والوں کے لئے مسجد کے صحن کے کنارہ پر ایک ٹونٹی لگائی گئی ہے اس سے صرف معتکف کو سہولت پہنچانا مقصد تھا۔ جیسے وضو۔ کلّی کرنا۔ ہاتھ دھونا پانی پینا۔ برتن دھونا وغیرہ وغیرہ۔ اور اس ٹونٹی سے جو پانی آتا ہے وہ نہ تو مسجد کے صحن میں گرتا ہے اور نہ ہی ٹھہرتا ہے۔ بلکہ نالی کے ذریعہ سے پانی حدودِ مسجد سے باہر چلا جاتا ہے۔ یہ جگہ کچھ اسطرح ہے کہ مسجد کے صحن کے کنارہ پر پلاسٹک بچھا کر اور اینٹوں سے حوض کی شکل بناکر پانی باہر نکالا گیا ہے۔ ایسا کرنے سے مسجد کے احترام میں یا معتکف کے اعتکاف میں کچھ کمی یا نقص پڑتا ہو تو قرآن و حدیث کی روشنی میں بنایا جائے۔

کیا فرماتے ہیں اس مسئلہ میں علماء کرام۔ وضاحت فرمائی جائے۔

**الجواب** اگر مسجد کے صحن میں مستعمل پانی نہیں گرتا اور نہ ہی مسجد کی آلودگی ہوتی ہے۔ تو شرعاً اسکی گنجائش ہے۔ اعتکاف میں خلل کی بجائے اعتکاف کی تکمیل ہے کیونکہ صرف ہاتھ دھونے یا کلّی وغیرہ کرنے کے لئے معتکف مسجد سے نہیں نکل سکتا۔ فقط، واللہ اعلم۔

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۲۱ / ۹ / ۱۴۰۵ھ

# معتکف کو کن اُمور میں مشغول رہنا چاہیئے

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ آجکل بہت سارے نوجوان رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اعتکاف بیٹھ جاتے ہیں، اور دوران اعتکاف باتیں اور ہنسی مذاق اور مسجد کے آداب کے خلاف حرکات کرتے رہتے ہیں لہٰذا آپ مہربانی فرماکر قرآن وحدیث کی روشنی میں یہ بتائیں کہ کیا ایسی باتیں کرنا شرعاً کیسا ہے۔ نیز اعتکاف کے آداب سے مطلع فرمائیں؟

(المستفتی: محمد طاہر یزمانی)

**الجواب** اعتکاف کی روح اور حقیقت یہ ہے کہ معتکف اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے اپنے آپ کو مکمل طور پر عبادت کے لئے فارغ کرلیتا ہے اور ان تمام دنیوی مشاغل کو چھوڑ دیتا ہے جو اللہ تعالیٰ سے دور کرنیوالے ہیں عالمگیری میں ہے:

فان فیہ تسلیم المعتکف کلیتہ الی عبادۃ اللہ فی طلب الزلفی وتبعید النفس من شغل الدنیا التی ھی مانعۃ عما یستوجب العبد من القربی اھ (ص ۲۱۲ ج ۱)

اس لئے معتکف کے لئے اعتکاف کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے فقہاء کرام نے جو عبادات لکھی ہیں وہ یہ ہیں قرآن حکیم کی تلاوت حدیث اور دیگر دینی علوم میں مشغولیت آنحضرت علیہ السلام کی سیرت طیبہ کا مطالعہ دوسرے انبیاء کرام سلف صالحین کے حالات کو پڑھنا، دینی امور کی کتابت وغیرہ دورانِ اعتکاف دنیاوی باتیں ہنسی مذاق اعتکاف کے مقصد کے بالکل خلاف ہے اور اس میں بعض گناہ کی باتیں بھی ہوجاتی ہیں جو کہ مسجد میں اور پھر حالتِ اعتکاف میں بہت زیادہ نقصان دہ ہیں۔ ویلازم التلاوۃ والحدیث والعلم وتدریسہ وسیر النبی صلی اللہ علیہ وسلم والانبیاء علیہم السلام واخبار الصالحین وکتابۃ امور الدین اھ

(عالمگیری ص ۲۱۲ ج ۱) فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

# كِتابُ الحج

قال اللہ تعالیٰ

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ
مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا (آل عمران)

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
العمرۃ الی العمرۃ کفارۃ لما بینھما والحج المبرور لیس لہ
جزاءٌ الا الجنۃ متفق علیہ (مشکوۃ ص ۲۲۱ ج ۱)

مرتبہ: مفتی محمد انور

## صرف آب زم زم پینے کیلئے مکہ مکرمہ گیا تو اس پر عمرہ لازم ہے

زید نے مدینہ منورہ سے عمرہ کا احرام باندھا اور اسی دن مکۃ المکرمہ پہنچ کر عمرہ کیا احرام کھول دیا سہ پہر کو کسی کام سے نجران چلا گیا چند روز کے بعد واپس مکہ مکرمہ آیا لیکن نہ تو احرام باندھ کر آیا نہ ہی عمرہ کرنے کی نیت تھی محض زم زم پینا مقصود تھا۔ نفلی طواف کی نیت تھی، سلے ہوئے لباس میں نفلی طواف کر لیا۔ اس کے بعد مدینہ منورہ روانہ ہو گیا نجران میقات سے باہر ہے واپس آکر عمرہ کرنا لازم تھا یا نہیں؟

۲۔ درج بالا نیت کے ساتھ میقات میں بلا احرام چلے جانے سے اور سلے ہوئے کپڑے سے طواف کرنے سے جنایت کا دم لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب** ۱۔ ۲: عمرہ کرنا لازم تھا مذکورہ نیت سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ شخص مذکور پر ایک دم اور عمرہ لازم ہے۔

ویجب علی من دخل مکۃ بلا احرام لکل مرۃ حجۃ او عمرۃ الخ لان الواجب علیہ بدخول مکۃ بلا احرام أمران الدم والنسک الخ۔ (شامیہ مع الدر ص ۲۲۸ ج ۲)، فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## پہلے والدین کو حج کرانا ضروری نہیں

میں نے حج کی درخواست دی ہوئی ہے والدین ضعیف العمر ہیں عوام الناس اعتراض کرتے ہیں کہ اپنے سے پہلے والدین کو حج کرانا ضروری ہے جبکہ والدین نے اجازت بھی دے دی ہے کیا ایسی صورت میں میرا حج قبول ہو گا؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں جبکہ والدین نے آپ کو بخوشی حج کرنے کی اجازت دے دی ہے تو آپ شرعی طور پر حج کر سکتے ہیں۔ آپ کا اپنا حج کرنے سے پہلے والدین کو حج کرانا ضروری نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم، بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

## حج کے لئے لوگوں سے چندہ کرنے کا حکم

ایک شخص حج کا شوق رکھتا ہے اور اس کے پاس زادِ راہ نہیں اور حج غیر فرض سمجھتے ہوئے اپنے متعلقین سے اظہار کر دے کہ میں حج کا بڑا شوق رکھتا ہوں کہ تم لوگ بطیب خاطر زکوٰۃ وغیرہ سے امداد کر دو تو میں حج پر جاتا ہوں ورنہ نہیں۔ اب اگر لوگ اپنی مرضی سے امداد کر دیں تو اس کا حج درست ہے یا نہیں؟

**الجواب** بلا ضرورت شدیدہ سوال کرنا جائز نہیں اور جس شخص پر حج فرض نہ ہو اس کو حج کرنا ضرورت شدیدہ نہیں۔ اس لئے حج کرنے کے لئے لوگوں سے چندہ مانگنا جائز نہیں بلکہ ایسی حالت میں اگر لوگ از خود چندہ دینا چاہیں اس کا قبول کرنا بھی ضروری نہیں ہے۔ کما یعنهم من الدر ولو وهب الاب لابنه مالاً یحج به لم یجب قبوله۔ ص۱۹۶ ج۲

رہی یہ بات کہ اگر لوگ از خود خوشی سے شخص مذکور کو اتنی مقدار روپیہ دے دیں کہ اس روپے سے حج فرض ہو جاتا ہے تو اس روپیہ سے اس کا حج فرض ادا ہو جائے گا۔ البتہ زکوٰۃ کا روپیہ اسوقت لینا جائز ہوگا شخص موصوف کو جب تک کہ وہ صاحبِ نصاب نہ ہو۔ اگر اس کے پاس اتنا روپیہ جمع ہو جائے جس سے وہ صاحبِ نصاب بن جائے۔ تو پھر جائز نہیں

فقط واللہ اعلم،
بندہ محمد اسحٰق عفرلہ

الجواب صحیح،
خیر محمد، ۴، ذیعقد ۱۳۷۵ھ

## حجِ بدل کے لئے دی گئی رقم واپس لے سکتا ہے یا نہیں؟

زید ٹی بی کا مریض تھا جس کی وجہ سے سفر کرنے سے قاصر تھا اس نے عمرو کو حج بدل کے لئے رقم دی ابھی درخواست دینے کے دن باقی تھے کہ زید فوت ہو گیا۔ زید کے لڑکے محمد نواز نے عمرو سے مطالبہ کیا کہ وہ رقم واپس کر دو، عمرو نے کہا کہ زید یہ رقم مجھے حج کے لئے دے گیا تھا۔ اگر شریعت اجازت دیتی ہو تو واپس کر دوں گا۔ کیا شرعاً زید کا لڑکا یہ رقم واپس لے سکتا ہے۔؟

**الجواب** نعم لو كان الميت هو الذى دفع للمأمور ثم مات كان فللوارث استرداد ما فى يد المأمور۔ (شامی ص۲۴۳ ج۲ مطبوعہ بیروت)

جزئیہ بالا سے ظاہر ہے کہ صورت مسئولہ میں محمد نواز اپنے حصہ کی رقم واپس لینے کا مجاز ہے۔ زید نے اگرالگ

حج کرنے کی وصیت بھی کی ہو تو دوبارہ سوال بھیج کر جواب حاصل کریں — فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
۱۵ / ۹ / ۸۲ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ غفر اللہ لہٗ
۱۵ / ۹ / ۸۲ھ

## سعودی حکومت کی حج فیس ادا نہ کی تو حج کا حکم

میں نے حج کیا جس میں میرے پاس چار صد روپیہ اپنا تھا اور پانچ صد روپیہ قرض لیا اور حج کو روانہ ہوگیا۔ کراچی جاکر معلوم ہوا کہ حج بیت اللہ کے لئے گیارہ صد روپیہ کی ضرورت ہے بعض حاجیوں نے مشورہ دیا کہ تم حج کے لئے چلے جاؤ اور جو ابن سعود کے ملک کی فیس ہوتی ہے وہ نہ دینا ویسے ہی داخل ہو کر حج کر لینا۔ چنانچہ میں نے ایسے ہی بلا فیس حج کر لیا جس کی رقم تقریباً چار صد روپیہ کے قریب ہوتی ہے آیا یہ حقوق العباد میں سے ہے یا نہیں اور اسکی ادائیگی میرے ذمہ لازمی ہے یا نہیں تاکہ عنداللہ کوئی گرفت نہ ہو اور ادائیگی کی صورت کیا ہے؟

**الجواب** شرعاً ایسے ٹیکس اور فیس لازم نہیں ہیں۔ لیکن موجودہ حکومتِ سعودی بعض مصالح کی بناء پر یا حاجیوں کے جان و مال کی حفاظت کی خاطر ٹیکس وصول کرتی ہے۔ اس لئے احتیاطاً ایک درخواست حکومت سعودی کو ارسال کر کے معاف کرالیا جائے یا ادائیگی کر دی جائے اس وقت سعودی حکومت کی فیس کل ۵۱ ریال (عربی روپیہ) ہے۔

فقط واللہ اعلم، محمد عبداللہ غفر لہٗ خادم الافتاء
۲۴ / محرم ۹۴ھ

الجواب صحیح،
خیر محمد عفا اللہ عنہ،

## (۱) مامور مجبوراً فضائی راستہ اختیار کرے تو زائد خرچ لے سکتا ہے یا نہیں؟

(۱) ایک شخص نے حج کے لئے اپنا نائب مقرر کیا اور بحری جہاز پر سفر کرنے کے لئے نوصد روپیہ دیا ایک مہینہ تک نائب مامور نے کراچی میں رہ کر بحری جہاز کا انتظار کیا لیکن اسے جہاز میسر نہ آیا۔ آخر کار بلا اجازت آمر بحرین کے راستے سے ہوائی جہاز پر جدہ پہنچا

—— اور افعال حج ادا کئے اور واپس آکر کہنے لگا کہ میرے اس سفر میں پندرہ سو روپے خرچ ہو گئے۔ چھ سو مجھے دیا جائے، تو کیا نائب مذکور نیابت سے خارج تو نہیں ہوتا۔ اگر ہو جاتا ہے تو نو سو روپے کی ضمان اس پر لازم ہوگی۔ یا نہ یا نائب رہتا ہے اور آمر کو بقیہ دینا پڑے گا۔؟

## (۲) احرام و تلبیہ کے وقت آمر کا نام نہ لے تو حج بدل ادا ہو جائے گا یا نہیں ؟

(۲) نائب مامور نے احرام کے وقت آمر کی نیابت کا ذکر نہیں کیا اور نہ ہی تلبیہ کے وقت اور کہتا ہے کہ میرے دل میں آمر کی نیابت کا خیال تھا تو اس صورت میں نیابت باقی رہ جاتی ہے یا نہ۔؟

## الجواب

(۱) والمامور بالحج اذا أخذ طریقاً اخر أبعد واکثر نفقۃ فان کان الحاج یسلکہ فلہ ذلک۔ عالمگیری ص۱۳۲ ج۱ (بحر الرائق میں ہے ص۶۹ ج۳ ولو سلک طریقاً ابعد من المعتاد ان کان مما سلکہ الناس ففی مال الآمر والا ففی مالہ) (قاضی خان ص۱۴۳ ج۱) المامور بالحج اذا ترک الطریق الاقرب واختار الابعد بان ترک البغدادی طریق الکوفۃ وذھب فی طریق البصرۃ ان کان الحاج یسلک ذلک الطریق لا یضمن لان الطریق الابعد علی یکون أیسرذھا بامن الاقرب۔)

ان عبارتوں سے واضح ہوتا ہے کہ اگر مامور بالحج ایسا راستہ اختیار کرے جو دور ہو لیکن لوگ اس راستہ پر چلتے ہوں تو اس کے لئے جانا اور ایسے راستہ کو اختیار کرنا جائز ہے۔

(۲) فی العالمگیریۃ ص۱۳۱ ج۱ منھا (ای من الشرائط) نیۃ المحجوج عنہ عند الاحرام والافضل ان یقول بلسانہ لبیک عن فلان (وفی الخانیۃ ص۱۴۴) الحاج عن الغیر ان شاء قال لبیک عن فلان وان شاء اکتفی بالنیۃ۔

ان روایات سے واضح ہوا کہ اگرچہ اولیٰ مامور کے لئے یہی ہے کہ تلبیہ میں آمر کے لئے لبیک عن فلان کہے۔ اگر صرف نیت ہی کرے تو بھی کافی ہے —— دوسری صورت میں جبکہ مامور لمبا راستہ اختیار کرے۔ بشرطیکہ وہ معتاد ہو۔ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ خرچہ آمر کے ذمہ ہوگا۔ خصوصاً ایسی صورت میں جب کہ مامور نے مجبوراً سفر ہوائی اختیار کیا ہو بحری جہاز کی ٹکٹ نہ مل سکنے کی وجہ سے ——

فقط واللہ اعلم بالصواب
بندہ محمد عبداللہ عفرلہٗ
خادم الافتاء خیر المدارس ملتان ۱۱/۳/۱ھ

الجواب صحیح
خیر محمد مہتمم خیر المدارس ملتان
۱۱/۳/۱ھ

## شاذرواں سے ذرا ہٹ کر طواف کیا جائے

بیت اللہ شریف کے تین طرف کی دیوار کے نیچے (سوائے حطیم کی طرف کے) ایک ذراع کے برابر پشتہ بنا ہوا ہے، جس کو شاذرواں بھی کہتے ہیں۔ ہم حنفیوں کے نزدیک یہ بیت اللہ شریف کا حصہ ہے یعنی داخل ہے۔ اگر یہ جگہ داخل ہے تو رکن یمانی کو چلتے ہوئے ہاتھ لگانے سے اتنا حصہ بیت اللہ کے اندر طواف کرتے وقت ہوگا لہذا طواف ہی نہیں ہوگا۔ اگر عضو شاذرواں کے اوپر سے گھوم گیا۔ تو اس قدر طواف میں نقص آگیا۔ لہذا رکن یمانی پر ٹھہر کر ہاتھ لگانا چاہیئے۔ اوپر سے طواف کرتے وقت نہیں گزرنا چاہیئے یا ہم حنفیوں کے لئے کوئی مضائقہ نہیں، طواف کرتے وقت رکن یمانی پر چلتے ہوئے بھی ہاتھ لگا سکتے ہیں۔

**الجواب** مستحب ہے کہ شاذرواں سے ذرا فاصلہ سے طواف کیا جائے اور جب رکن یمانی کا استلام کرنا ہو تو کھڑا ہو کر ہی ہاتھ لگائے اور پھر ہاتھوں کو اسی طرح سیدھے واپس کرے، چلتے ہوئے استلام نہ کرے۔ (قرۃ العینین ص۱۱۱) اگر چلتے ہوئے بھی استلام کرلیا تو بھی کراہت نہیں اور نہ ہی کچھ صدقہ وغیرہ واجب ہوتا ہے۔

لم یذکر الشاذروان وھو الافریز المسنم الخارج عن عرض جدار البیت قدر ثلثی ذراع قیل انہ من البیت بقی منہ حین عمرتہ قریش کالحطیم وھو لیس منہ عندنا لکن ینبغی ان یکون طوافہ وراءہ خروجا من الخلاف کما فی الفتح واللباب وغیرھما (شامی ص۱۸۲ ج۲)

فقط، واللہ اعلم، الجواب صحیح،

بندہ محمد اسحاق غفرلہ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## ربع رأس سے کم بال کاٹنے کی صورت میں احرام ختم ہو جائے گا یا نہیں؟

ارکان عمرہ ادا کرنے کے بعد اور دس ذی الحجہ کو رمی اور قربانی کرنے کے بعد احرام کھولنے

سے پہلے حلق کرانے کا مسئلہ ہے۔ لاکھوں آدمی صرف چند بال سر کے کٹوا لیتے ہیں اور احرام کھول دیتے ہیں۔ بہت سمجھایا مگر سمجھ میں انکی نہیں آتی۔ ہر جگہ ایسے نائی بھی نہیں ملتے جو تمام بال ایک انگلی یعنی انملہ کے برابر کاٹ دے۔ اور یہ لوگ بھی نہیں چاہتے صرف چند بال کٹوا لیتے ہیں، کیا یہ کسی امام کے نزدیک صحیح ہے کہ احرام کھل جائے گا تاکہ عمرہ اور حج ادا ہو جائے اور بیوی حلال ہو جائے۔

**الجواب** واقل ما یجزئ من الحلق والتقصیر عند الشافعی ثلاث شعرات وعند ابی حنیفۃ ربع الراس۔

(نووی شرح مسلم ص۴۲۱ ج۱)

عبارت بالا سے معلوم ہوا کہ امام شافعیؒ کے نزدیک تین۳ بال کاٹنے سے احرام اتر جائے گا لیکن حنفیہ کو اس پر عمل کرنے کی اجازت نہیں۔ بلکہ انکے نزدیک چوتھائی سر کے بقدر انملہ بال کاٹنا واجب ہے۔ فقط واللہ اعلم، محمد انور عفا اللہ عنہ،

## مرحوم بھائی کے پاسپورٹ پر اپنی تصویر لگا کر اسکے نام پر حج کرنا

ایک شخص چچا کے ساتھ حج کو جا رہا تھا۔ دو۲ سال سے خرچہ دے رکھا تھا اس کا نام قرعہ اندازی میں نہ آتا تھا اس سال اس کا نام قرعہ اندازی میں آ گیا ہے اور وہ خود حج کو روانہ ہونے سے قبل فوت ہو گیا ہے جو اسکے ساتھی تیار ہیں کہتے ہیں اسکی جگہ اس کا بھائی حج کر لے اور وہ مرحوم کا نام استعمال کرتے ہوئے حج ادا کریگا۔ ہم مرحوم کا فوٹو اتروا کر اس کے بھائی کا فوٹو لگوا دیں گے اسطرح حج ادا کرنا جائز ہے؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں متوفی کے بھائی کے لئے متوفی کا نام غلط استعمال کرتے ہوئے حج کرنا قانوناً ممنوع ہے اور عرفاً قبیح ہے لہٰذا شرعاً اسکی گنجائش معلوم نہیں ہوتی خصوصاً جبکہ اس میں کذب بیانی و غلط بیانی سے کام لینا پڑتا ہے لہٰذا آئندہ سال صحیح طریقہ پر حج کے لئے درخواست دیں۔ فقط واللہ اعلم،

محمد عبد اللہ عفی لہ،

## حج فرض ہونے کے باوجود بغیر وصیت کئے مر گیا تو کوئی بھی وارث از خود اسکی طرف سے حج کر سکتا ہے؟

ایک شخص جس پر حج فرض تھا ، بغیر حج کئے انتقال کر گیا ۔ اولاد میں صرف ایک لڑکا تھا جو تمام جائیداد کا وارث ہے ۔ لاکھوں روپے کی جائیداد اور لاکھوں روپے نقد موجود ہوتے ہوئے اپنے والد کے لئے حج بدل کروانے کے لئے تیار نہیں ۔

۱ ۔ کیا اس کا بھائی یا اور کوئی رشتہ دار اپنے خرچ پر اس کے لئے حج بدل کر سکتا ہے ۔؟

۲ ۔ مرحوم کا بھتیجا ، بھانجا جدہ میں ملازم ہیں کیا وہ اس کیلئے حج بدل کر سکتے ہیں ؟

۳ ۔ اس کا کوئی رشتہ دار رمضان المبارک میں عمرہ اور بعد میں حج کے ارادہ سے حجاز اپنے خرچ پر جائے تو اس مرحوم کے لئے حج بدل کر سکتا ہے ؟ والسلام

احقر غلام محمد ، انصار کالونی ۔ ملتان

**الجواب** جدہ میں مقیم یا پاکستان سے جانے والا کوئی بھی رشتہ دار مرحوم کے لئے حج کر سکتا ہے ۔ من علیه الحج اذا مات قبل أدائه فان مات عن غير وصية يأثم بلا خلاف وان أحب الوارث ان يحج عنه حج وارجو أن يجزئه ذلك ان شاء الله تعالىٰ كذا ذكر ابو حنيفة رحمه الله اھ (ہندیہ ج ۱ ص ۲۵۸) ۔ فقط ، واللہ اعلم ،

محمد انور ،

## جس پر حج فرض ہو اُس کا حج بدل پر جانا مکروہ ہے

ایک شخص پر حج فرض ہے اسے کوئی عذر بھی نہیں مگر وہ اپنا حج کرنے کی بجائے ایک دوسرے عزیز کی طرف سے حج بدل پر جا رہا ہے کیا یہ جانا درست ہے ؟

نیاز محمد نور پور ۔ نور نگا ۔ ڈیرہ نواب صاحب

**الجواب** ایسے آدمی کا جس پر حج فرض ہے اور کوئی مانع بھی نہیں اپنا فرض حج چھوڑ کر

دوسرے کے لئے حج بدل کرنا مکروہ تحریمی ہے اور بھیجنے والے کے لئے بھی ایسے شخص کو بھیجنا مکروہ تنزیہی ہے۔

والافضل احجاج الحر العالم بالمناسك الذی حج عن نفسه و ذکر فی البدائع کراهة احجاج الصرورة لانه تارک فرض الحج ثم قال فی الفتح بعد ما أطال فی الاستدلال والذی یقتضیه النظر ان حج الصرورة عن غیره ان کان بعد تحقق الوجوب علیه بملك الزاد والراحلة والصحة فهو مکروہ کراهة تحریم لانه تضیق علیه فی اول سنی الامکان فیأثم بترکه وکذا لو تنفل لنفسه ومع ذلك یصح لان النهی لیس لعین الحج المفعول بل لغیره وهو الفوات اذ الموت فی سنة غیر نادر اھ قال فی البحر والحق انها تنزیهیة علی الآمر لقولهم والافضل الخ تحریمیة علی الصرورة المأمور الذی اجتمعت فیه شروط الحج ولم یحج عن نفسه لانه أثم بالتاخیر اھ قلت وهذا لا ینافی کلام الفتح لانه فی المأمور ویحمل کلام الشارح علی الآمر فیوافق ما فی البحر من ان الکراهة فی حقه تنزیهیة وان کانت فی حق المأمور تحریمیة۔ (شامی ص ۲۶۲ ج ۲) فقط۔ واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد انور، ۹/۷/ ۱۴۰۶ھ

## لنگڑے کے لئے حج کا حکم

ایک آدمی دیہات کا رہنے والا ہے۔ ایک پاؤں سے بھی لنگڑا ہے اور دمہ کا مریض ہے اس پر حج فرض تھا اس سال حج کے لئے درخواست دے دی مگر لوگوں سے بہت تنگ آ چکا ہے کیونکہ لوگ اسے کہتے ہیں کہ تم پاؤں سے بھی معذور ہو اور دمہ کے مریض

ہو حج کرنے میں بہت زیادہ تکلیفیں درپیش ہو جائیں گی ہو سکتا ہے کہ تم سے حج کے فرائض اور واجبات رہ جائیں حج میں جانیوالا آدمی یہ کہتا ہے کہ اب تو کرائے کے مزدور ملتے ہیں جہاں کہیں بھی، ہجوم ہوا مجھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے کرائے کے مزدور مل جائیں گے ان کے ذریعہ حج کے فرائض اور واجبات ادا کر لوں گا اس کے متعلق شرع شریف میں کیا حکم ہے۔

**الجواب** شخص مذکور کو چاہیئے کہ کسی ایسے آدمی کے ساتھ سفر حج کرے جو کہ عالم دین بلکہ مفتی یا جو مسائل حج سے بخوبی واقف ہو اور تیمارداری بھی کر سکے بہرحال سفر حج ضرور کریں اور مسائل سیکھنا شروع کر دیں اللہ پاک غیب سے مدد فرمائیں گے۔

فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ،

## ازدحام کی وجہ سے عورتوں کی طرف سے مرد رمی کریں تو دم واجب نہ ہوگا

جن عورتوں نے بوجہ ازدہام جمرات کو کنکریاں نہیں ماریں بلکہ ان کے مردوں نے ماریں یا وکیل نے ماریں ان کے لئے کیا حکم ہے دم واجب ہے یا نہیں؟ فتویٰ مرحمت فرمایا جائے۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں دم واجب نہیں کیونکہ بوجہ خوف زحام بجائے عورتوں کے ان کے مردوں نے رمی کی ہے۔ اگر بوجہ خوف زحام بالکل ترک رمی ہو جائے تب بھی دم نہیں۔ فتاویٰ دار العلوم ص ۵۵۳ ج ۶ میں شامی اور بحر سے نقل فرمایا ہے۔ لو ترک شیئاً من الواجبات بعذرٍ لا شیٔ علیہ علیٰ ما فی البدائع (شامی ص ۲۰۰ ج ۲) درمختار میں وقوف مزدلفہ کے بارے میں فرمایا ہے لکن لو ترکہ بعذرٍ کزحمۃٍ لا شیٔ علیہ قال فی ردالمحتار عبارۃ اللباب الا اذا کان لعلۃٍ او ضعفٍ او یکون

امرأة تخاف الزحام فلا شیء علیه الخ قلت وھو شامل لخوف الزحمة عند الرمی۔ شامی ص۱۴۸ ج۲) فقط۔ واللہ اعلم

محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

## حلال وحرام مال مخلوط ہو تو حج فرض ہوگا یا نہیں؟

آج کل بینکوں میں لوگ رقم رکھواتے ہیں اور بینک والے کہتے ہیں کہ اگر آپکا اتنا روپیہ مثلاً سات ہزار روپیہ اتنی مدت تک ہمارے پاس پڑا رہا تو وہ ہم آپ کو اتنی مدت کے بعد دگنا ادا کریں گے یعنی سات ہزار کا چودہ ہزار تو کیا یہ صورت جائز ہے اگر جائز نہیں تو کیا اس رقم کے ساتھ حج ادا کرنا درست ہے یا نہیں۔ اسی طرح ان کا استعمال دوسرے کاموں میں جیسے تجارت وغیرہ میں درست ہے

**الجواب** بینک میں جو رقم رکھوائی جاتی ہے وہ ایک طرح کا قرض ہوتا ہے اور قرض پر اسطرح متعین کرکے پیسہ لینا واضح طور پر سود ہے ایسی رقم کا اصل حکم تو یہ ہے کہ مالک کو واپس کی جائے اگر مالکان کا پتہ نہ چل سکے تو بلانیت ثواب بغرض ازالہ نجس کسی فقیر ومسکین کو دے دی جائے ایسا مال جب اپنے حلال مال سے مخلوط ہو جائے تو دیگر شرائط وجوب حج پائے جانے کی صورت میں حج فرض ہو جائے گا لیکن حج کا فائدہ اسی صورت میں ہوگا جبکہ وہ پاکیزہ اور طیب مال سے کیا جائے۔ درمختار میں ہے۔ وقد یتصف بالحرمة کالحج بمال حرام اور ردالمحتار میں ہے۔ فقد یقال ان الحج نفسه الذی ھو زیارة مکان مخصوص الخ لیس حراما بل الحرام ھو انفاق المال الحرام ولا تلازم بینھما کما ان الصلاة فی الارض المغصوبة تقع فرضا وانما الحرام شغل المکان المغصوب لا من حیث کون الفعل صلاة لان الفرض لا یمکن اتصافه بالحرمة وھنا کذلك فان الحج فی نفسه مأمور به وانما یحرم من حیث الانفاق وکأنه أطلق علیه

الحرمة لان للمال دخلا فیه فان الحج عبادة مرکبة من عمل البدن والمال کما قدمناه ولذا قال فی البحر ویجتهد فی تحصیل نفقة حلال فانه لا یقبل بالنفقة الحرام کما ورد فی الحدیث مع انه یسقط الفرض عنه معها ولا تنافی بین سقوطه وعدم قبوله فلا یثاب لعدم القبول ولا یعاقب عقاب تارک الحج۔ ص۱۵۲ ج۲ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، عبدالستار عفی عنہ

محمد انور عفی عنہ ۱۶/۳/۱۴۰۹ھ

## جسے ہر گھنٹہ کے بعد پیشاب کا تقاضا ہو وہ حج بدل کرا سکتا ہے

کیا فرماتے ہیں علماء کرام دریں مسئلہ کہ ایک شخص پر حج فرض ہے اسوقت انکی عمر تقریباً ستّر سال ہے۔ پیشاب کی انتہائی تکلیف ہے ہر گھنٹہ بعد تقاضا ہوتا ہے۔ کینسر کی بھی تکلیف ہے بآسانی چل پھر بھی نہیں سکتے۔ مرض شوگر بھی ہے جب شوگر کا دورہ ہو تو اپنے حواس کھو بیٹھتے ہیں۔ اس حال میں وہ چاہتے ہیں کہ میں حج بدل کراؤں۔ شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب** اس صورت میں آپ کو اپنی طرف سے دوسرے شخص سے حج کرانا جائز اور صحیح ہے۔ کیونکہ عاجز ہونا آپ کا سفر حج سے ظاہر ہے۔ درمختار میں ہے

والمرکبة منهما کحج الفرض تقبل النیابة عند العجز فقط لکن بشرط دوام العجز الی الموت لانه فرض العمر ص۲۵۸ ج۲ درمختار علی الشامیة،

الغرض آپ اپنی طرف سے حج کرا سکتے ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ ایسے شخص سے حج کراویں جو اپنا حج فرض پہلے کر چکا ہو اور احکام حج سے واقف ہو۔ شامیہ میں ہے۔

والافضل احجاج الحر العالم بالمناسك الذی حج عن نفسه ص۲۶۱ ج۲ اور اگر اس نے خود اپنی زندگی میں دوسرے سے حج نہ کرایا، تو پھر اسکو وصیت کرنا لازم ہے اس سے وہ سبکدوش ہو جائیگا۔

فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ جامعہ خیر المدارس ملتان

# عُذر کی وجہ سے وقوفِ مُزدلفہ رہ جائے تو دم واجب نہیں ہوگا

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ معذور بیوی اور بُوڑھے والدین ساتھ تھے جن کی وجہ سے عرفات سے جلدی چلنا ممکن نہ ہوا۔ آخری بسوں میں بیٹھے۔ بس مغرب کے تھوڑی دیر بعد عرفات سے چلی اور اس لائن میں چلی جس میں رش زیادہ تھا۔ بس چلتی تو رہی۔ مگر رفتار اتنی کم تھی کہ رات کو مزدلفہ میں داخل نہ ہو سکی بس چھوڑنے کی ہمت اس لئے نہ تھی کہ بوڑھے والدین اور معذور بیوی ساتھ تھی۔ ان کو تکلیف ہوگی۔ شاید اتنا پیدل نہ چل سکیں۔ اسی کشمکش و پیچ میں صبح کی نماز بھی حدود مزدلفہ سے باہر پڑھی۔ اسطرح ہمارا وقوف مزدلفہ چھوٹ گیا۔ اب اس کا کیا حکم ہے اور معذور اور بوڑھے اور ساتھ والوں کا ایک ہی حکم ہے یا الگ الگ جبکہ جوان آدمی کا اُن معذور اور بوڑھوں کو چھوڑنا بھی ممکن نہ تھا کیونکہ اگر چھوڑ دیتے تو پھر ان سے ملاقات مشکل ہوتی اور تنگی ہوتی۔ بینوا توجروا

(المستفتی آفتاب احمد مدرسہ عربیہ رائے ونڈ)

**الجواب** حامداً ومصلیاً، اس عُذر کی بناء پر وقوفِ مُزدلفہ چھوٹنے سے دم وغیرہ نہیں آتا۔ شامی میں ہے۔

لکن لو ترکہ بعذر کزحمۃ لا شئی علیہ وکذا کل واجب اذا ترکہ بعذر لا شئ علیہ کما فی البحر (شامی ص۵۱۲ ج۲) اور بدائع الصنائع میں ہے واما حکم فواتہ عن وقتہ انہ ان کان لعذر فلا شئی علیہ (ص۱۳۶ ج۲) اور ہندیہ میں ہے۔ ولو ترک الجمار والوقوف بالمزدلفۃ لا یلزمہ شئی کذا فی محیط السرخسی (فتاوی عالمگیری ص۲۳۶ ج۱) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

## جس کا کوئی محرم نہ ہو وہ کسی حج پر جانیوالے کیساتھ نکاح کرلے

کوئی عورت حج کرنا چاہتی ہے محرم ساتھ جانیوالا کوئی نہیں ہے یا وہ کسی مرد کا خرچہ برداشت نہیں کر سکتی ، تو کیا وہ مستورات کی ایسی جماعت کے ساتھ حج پر جا سکتی ہے جن کے محرم مرد ساتھ ہوں ۔کیا کوئی صورت بغیر محرم مرد کے حج کرنے کی ہے اور اگر کوئی عورت بغیر محرم سفر حج کرے اس کا کیا حکم ہے ؟ جو محرم مرد ساتھ جائے اس کے کون کون سے اخراجات عورت برداشت کرے اور اخراجاتِ حج کے علاوہ اگر وہ ذاتی رقم ساتھ لے جاتا ہے تو اسکی کیا صورت اور حکم ہے ۔؟

**الجواب** جب اس عورت کے پاس محرم نہیں اور نہ ہی اتنی رقم ہے جس سے کسی محرم کو ساتھ لے جائے تو اس پر حج فرض ہی نہیں ہے ۔البتہ اگر کسی شخص کیساتھ نکاح کرے جو حج کو جا رہا ہو تو اس تدبیر سے حج پر جانا درست ہو جائے گا مگر ایسا کرنا واجب نہیں ہے ۔ کذا فی فتاویٰ قاضی خان ۔ اگر بغیر محرم کے ایسی عورت چلی گئی تو گنہ گار ہوگی اور فریضۂ حج ادا ہو جائے گا فقط ۔ واللہ اعلم ۔

محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس

## بیماری سے شفاء پانے پر حج کی نذر مانی تو حج لازم ہے

زید بیمار ہوگیا تھا ۔ اُس کا کمر کے نیچے سے وجود شل ہوگیا اس میں کوئی حس و حرکت نہ تھی چھ سال تقریباً اسی بیماری میں مبتلا رہا اس بیماری کے دوران زید مذکور نے نذر مانی تھی یا اللہ مجھے شفاء کاملہ عطاء کر، میں پیدل حج کروں گا اس وقت سے وہ شفایاب ہے کیا شرعاً پیدل حج کر سکتا ہے یا نہیں ؟

۲ ۔ اسکے گھر سے تو اجازت ملتی ہے مگر اس کے بچے معصوم ہیں ۔ان بچوں کا خرچ بھی زید دیتا ہے اور اپنا خرچ بھی ہے ۔لہذا بچوں کا نابالغ ہونا اسکی نذر میں مزاحمت تو نہیں کرتا ؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں استحساناً نذر مذکورہ کا پورا کرنا ضروری ہے۔ حرف تعلیق مقدر ہے اگر یہ ظاہر ہوتا تو حج واجب تھا۔ (کما فی الشامیۃ ص ج ۳)

ولو قال ان فعلت کذا فأنا احج ففعل یجب علیہ الحج

پس بصورت تقدیر علیّ نذر لازم ہوگی البتہ اگر پیدل نہ جا سکتا ہو تو سواری پر چلا جائے اور ایک بکری منیٰ میں ذبح کر دے۔ فقط،

الجواب صحیح،
عبداللہ عفرلہ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،
۱۵ / ۱۰ / ۸۲ھ

## خاوند کے روکنے کے باوجود عورت حج پر جا سکتی ہے

میری بیٹی کو عرصہ سے خاوند نے لاتعلق کیا ہوا ہے بیٹی کے اپنے بیٹے جوان ہیں۔ وہ اپنی والدہ کو اپنے ماموں یعنی والدہ کے بھائی کے ساتھ حج پر بھیجنا چاہتے ہیں، خاوند نہ طلاق دیتا ہے نہ حج کی اجازت دیتا ہے۔ تو کیا وہ حج پر جا سکتی ہے۔

**الجواب** حج فرض ہونے کی صورت میں محرم میسر ہونے کی حالت میں جانا ضروری ہے خاوند کے روکنے کی کوئی حیثیت نہیں۔ ولیس لہ منعہا عن حجۃ الاسلام (اھ درمختار) ای اذا کان معہا محرم والا فلہ منعہا کما یمنعہا عن غیر حجۃ الاسلام اھ (شامیہ ص ج ۲) فقط واللہ اعلم،
محمد انور

## زمین بیچ کر حج کرنے کا حکم

زید دس ایکڑ زمین کا مالک ہے اس کے علاوہ نقد یا سامان وغیرہ کچھ نہیں، زمین کی آمدنی سے گزارہ ہوتا ہے اب ارادہ حج کا کیا ہوا ہے مگر بیوی نے منع کیا ہے کہ مجھے حج کرانے کے لئے زمین فروخت نہ کریں اور زید حج کراتا ہے کیونکہ بیوی سے وعدہ کیا تھا تو کیا یہ آدمی زمین فروخت کر سکتا ہے؟

**الجواب** زید کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنی زمین کا حصہ فروخت کر کے خود بھی حج کرے اور بیوی کو بھی کرائے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح
محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،
۶ر محرم الحرام ۹۲ھ

# نادار قرض لے کر حج کر آئے تو غنی ہو جانے پر دوبارہ حج کا حکم

غریب قرض لے کر حج پر چلا جائے پھر مالدار ہو جائے تو کیا پہلا حج کافی ہے یا دوسرا کرے؟

**الجواب** اگر مذکور شخص نے حج نفل کی نیت نہیں کی تو صورت مسئولہ میں اس کا حج فرض ادا ہو گیا — أن الفقير الآفاقي اذا وصل الى ميقات فهو كالمكي في انه ان قدر على المشي لزمه الحج ولا ينوى النفل على زعم انه فقير لانه ما كان واجبا عليه وهو آفاقي فلما صار كالمكي وجب عليه حتى لو نواه نفلاً لزمه الحج ثانيا اھ (شامی ص ۳۳۲ ج ۲) فقط واللہ اعلم

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

# احرام کی چادریں میلی ہو جائیں تو دھونے کا حکم

۱۔ عیدالاضحیٰ کا چاند نظر آنے کے بعد کون سے حج کی نیت سے احرام باندھے؟
۲۔ حنفیہ کے نزدیک کونسا حج افضل ہے تمتع یا قران
۳۔ قران یا افراد میں باندھی ہوئی احرام کی چادریں میلی ہو جائیں تو دھونے یا بدلنے کے لئے کیا حکم ہے؟
۴۔ قران یا افراد والا طواف قدوم کے بعد حج سے پہلے نفل طواف کر سکتا ہے۔
۵۔ احرام کی حالت میں چادر کو سرف کے ساتھ دھونے کا کیا حکم ہے جبکہ سرف خوشبودار ہے

۶۔ احرام کی حالت میں مشروب روح افزا۔ سیون اپ کوئی دوسری ٹھنڈی بوتل اچار، سالن۔ ٹماٹر وغیرہ استعمال کر سکتے ہیں؟

۷۔ قران یا افراد والا آٹھ ذوالحجہ کو احرام والی چادریں تبدیل کرے یا نہیں میلی ہوں یا صاف ستھری ہوں جو کہ زیرِ استعمال ہیں یا وہی باقی رکھے۔

**الجواب** ۱-۲۔ قران افضل ہے

۳۔ چادریں میلی ہو جائیں تو کوئی حرج نہیں، دوران احرام دھونے کا تکلف نہ کریں۔

۴۔ مزید طواف کر سکتا ہے

۵۔ خوشبو والی سرف سے نہ دھوئے ویسے دھو لے۔

۶۔ خوشبودار مشروب استعمال نہ کرے، اچار، ٹماٹر، سالن وغیرہ کھانے کی اجازت ہے

۷۔ پہلے احرام باندھ چکا ہے تو احرام کی چادریں بدلنے کی حاجت نہیں۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## نابینا پر حج فرض نہیں ہے

ایک شخص کی بینائی نہایت کمزور ہے حتیٰ کہ اکیلا سفر نہیں کر سکتا کیا اس شخص پر حج فرض ہے جبکہ حج کی باقی شرائط پائی جاتی ہیں اور کسی معاون کے ساتھ لے جانے کی طاقت نہیں رکھتا۔

**الجواب** شخص مذکور پر بینائی کمزور ہونے سے پہلے حج فرض ہو گیا تھا تو اب اس پر واجب ولازم ہے کسی دوسرے آدمی کو حج پر بھیجے۔ بصورت دیگر وصیت کرے اور اگر بینائی کمزور ہونے کے بعد اس کے پاس مال آیا ہے تو پھر اس پر حج فرض ہی نہیں ہوا اور نہ اس پر وصیت کرنی لازم ہے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ محمد اسحٰق غفرلہٗ

بندہ عبداللہ غفرلہ ۱۳/۸/۸۰ھ ۱۲/۸/۸۰ھ

## والدین خدمت کے محتاج ہوں تو حج پر جانے کا حکم

بوڑھے ماں باپ کی خدمت کرنیوالا کوئی نہ ہو اور وہ اجازت بھی نہ دیں تو کیا حج فرض چھوڑ دیں؟

**الجواب** اگر حج پر چلے جانے کے بعد والدین کو ناقابلِ برداشت تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں نہ جانے کی گنجائش ہے۔ حج کو جائے گا تو گناہ ہوگا دیکرہ الخروج الی الحج اذاکرہ احد ابویہ ان کان الوالد محتاجاً الی خدمۃ الولد (عالمگیری ج۱ ص۲۲۰) فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## نابالغ بغیر احرام کے میقات سے گزر سکتا ہے

نابالغ بچہ جب حدودِ حرم میں داخل ہو تو اسپر احرام باندھنا ضروری ہے یا نہیں۔ نیز اگر وہ عمرہ یا حج کرے تو اس کا احرام کون باندھے وہ خود یا اسکے سرپرست کا احرام کافی ہے بچوں کی عمر ۲ سال، ۴ سال ہے۔

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں نابالغ بچہ بغیر احرام کے حدودِ حرم اور میقات سے تجاوز کرسکتا ہے اسکی وجہ سے کوئی جزا واجب نہیں، ھندیہ میں ہے۔

واما الکافر یدخل مکۃ ثم أسلم ثم یحرم فلا شیٔ علیہ وکذلک الغلام یجاوز ثم یحتلم ویحرم بمنزلۃ الکافر (ج۱ ص۲۵۲)

نابالغ ممیز نے اگر احرام باندھ کر باقاعدہ حج کر بھی لیا تب بھی بالغ ہونے کے بعد دوبارہ حج کرنا ہوگا کیونکہ صحتِ حج کے لئے بلوغ شرط ہے۔ ہندیہ میں ہے

ومنھا البلوغ فلا یجب علی الصبی۔ (ج۱ ص۲۱۷) فقط، واللہ اعلم،

بندہ محمد عبداللہ غفرلہٗ
۱۴ / ۱۱ / ۱۴۱۲ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## جدہ میں رہنے والے کے لئے تمتع کا حکم

ایک پاکستانی آدمی جدہ میں مع اہل وعیال نوکری کی وجہ سے مقیم ہے۔ چھٹی پر پاکستان آتا ہے ذی قعدہ کے ماہ میں جدہ چلا جاتا ہے اس کا ارادہ ونیت ہے کہ جدہ چند دن قیام کے بعد عمرہ کریگا۔ کراچی سے بغیر احرام جاتا ہے جدہ میں کچھ دن قیام کے بعد جدہ سے احرام باندھ کر عمرہ کرتا ہے حلال ہونے کے بعد پھر آٹھ ذوالحجہ کو حج کا احرام باندھ کر حج کے لئے جاتا ہے۔ ا- یہ شخص آفاقی کے حکم میں آئے گا یا مکی کے ۲- کراچی سے روانگی کے وقت اسکی نیت کا اوپر تذکرہ ہو چکا ہے۔ ۳- حل میں رہتے ہوئے اشہر حج میں عمرہ کیا اور اسی سال حج کیا اسطرح تو یہ تمتع ہو گیا۔ جس کی اہل حل کو اجازت نہیں، اب اس کے لئے کیا حکم ہے ۴- آئندہ اگر حج کرنا چاہے تو کیا یہ لازم ہے کہ وہ اشہر حج میں عمرہ کرے یا نہ کرے ؟

**الجواب** ا- جس شخص نے میقات کے اندر تاھل کیا ہوا ہو وہ مکی کے حکم میں ہے والمکی ومن فی حکمہ یفرد فقط ای من أھل داخل المواقیت (درمختار علی الشامیۃ ۱۹۷ ج ۲)

۲- جس شخص کا قصد دخول مکہ نہ ہو وہ میقات سے بغیر احرام کے بھی تجاوز کر سکتا ہے۔ أما لو قصد موضعا من الحل کخلیص وجدۃ حل لہ مجاوزتہ بلا احرام (درمختار علی الشامیہ ۱۵۴ ج ۲)

۳- حل میں رہنے والے شخص نے اشہر حج میں عمرہ کیا اور پھر حج کیا تو یہ متمتع ہو گیا۔ جس کی اہل حل کے لئے اجازت نہیں ہے۔ یہ شخص گنہگار ہوا اور دم جبر لازم ہو گیا۔

والمکی ومن فی حکمہ یفرد فقط ولو قرن او تمتع جاز وأساء وعلیہ دم جبر۔ (شامی ۱۹۷ ج ۲)

۴- آئندہ کے لئے اشہر حج میں عمرہ نہ کرے صرف حج کرے (حوالہ بالا) فقط واللہ اعلم۔

محمد انور

## احرام کی حالت میں ٹیکہ لگوانے کا حکم

ایک شخص مرض ذیابیطس وشوگر میں سخت مبتلا ہونے

کی وجہ سے روزانہ ایک ٹیکہ لگواتا ہے اب وہ حج پر جا رہا ہے کیا احرام کی حالت میں ٹیکہ لگوانا اس کے لئے جائز ہے یا نہیں ؟

**الجواب** کوئی حرج نہیں ہے
فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد اسحاق عفرلہ
۱۸ / ۹ / ۹۲ھ

الجواب صحیح
عبداللہ عفرلہ ، ۱۹/۹/۹۲

## زائد از ضرورت زمین بیچ کر حج کرنا ضروری ہے

کیا فرماتے ہیں علماء دین بندہ کے پاس سالم مربع زمین کا ہے اور میرے اخراجات کے لئے کافی ہے اور نہ ہی مقروض ہوں اور نہ ہی کوئی نقدی جمع ہے ایسی صورت میں قرضہ لے کر یا زمین فروخت کر کے جو سالانہ گذارہ سے زیادہ ہو حج کرنا فرض ہے یا نہیں ؟

(مولانا فضل احمد رائے پوری ربانی جامعہ رشیدیہ چک نمبر ۱۱/۱۱ ایل ساہیوال)

**الجواب** وان کان صاحب ضیعۃ ان کان لہ من الضیاع مالو باع مقدار ما یکفی لزادہ وراحلتہ ذاھبا وجائیا ونفقۃ عیالہ واولادہ ویبقی لہ من الضیعۃ قدر ما یعیش بغلۃ الباقی یفترض علیہ الحج والا فلا۔ (فتاویٰ قاضی خان ص۲۸۲ ج۱)

جزئیہ بالا سے ظاہر ہے کہ اگر زمیندار کے پاس اتنی جائیداد ہو کہ اس کے کچھ حصے کو بیچ کر اخراجات حج نیز واپسی تک گھر کی ضروریات کا انتظام ہو سکے اور باقی ماندہ جائیداد آئندہ گزارے کے لئے بھی کافی ہو تو ایسی صورت میں زمیندار مذکور پر حج واجب ہے ورنہ نہیں۔ عیال سے مراد وہ ہیں جن کا نفقہ لازم ہو۔ کما فی الدر المختار۔ فقط واللہ اعلم
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبداللہ عفا اللہ عنہ

## حکومت کا سیاسی رشوت کے طور پر حج کرانا

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین کہ موجودہ حکومت اور سابقہ حکومتوں کا یہ طریق کار رہا ہے کہ وہ اپنے پارٹی ورکروں کو سرکاری خرچ پر

حج پر بھیج دیتی ہیں نیز ان لوگوں میں قومی، صوبائی اور ممبران سینٹ بھی ہوتے ہیں جو سیاسی رشوت کے طور پر بھیجے جاتے ہیں صاحب استطاعت ہوتے ہیں کیا ان لوگوں کو حج کا ثواب ہو جاتا ہے (۲) کیا حکومت وقت کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ قومی خزانے میں اسطرح کا تصرف کرے دلائل سے واضح فرمائیں۔ (السائل منظور احمد شاہ آسی موضع حدو بانڈی ضلع مانسہرہ)

**الجواب** صاحب استطاعت لوگوں کو اپنے خرچ پر حج ادا کرنا چاہیئے تاکہ مالی عبادت کا ثواب بھی حاصل ہو اگرچہ دوسرے کے خرچ پر ادا کرنے سے فرضیت ساقط ہو جاتی ہے۔ ۲۔ حکومت کے لئے حج کرانے کی گنجائش ہے البتہ صرف اپنے ورکروں کو یا سیاسی رشوت کے طور پر حج نہیں کرانا چاہیئے۔ فقط واللہ اعلم، بندہ محمد اسحاق غفرلہٗ

## محرم کے لئے ہر وقت کندھا کھلا رکھنے کا حکم

جب آدمی عمرہ کا احرام باندھتا ہے اوپر والی چادر کندھے کے نیچے سے نکال لیتا ہے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اوپر والا کندھا ڈھانکنا چاہیئے کچھ لوگ کہتے ہیں ہر وقت ننگا رکھنا چاہیئے۔ شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب** اس کو عربی میں اضطباع کہتے ہیں اور یہ صرف عمرہ کے طواف کی حالت میں مسنون ہے یا ہر اس طواف میں جس کے بعد سعی مسنون ہے باقی اوقات میں نہ مسنون ہے نہ ممنوع البتہ نماز کے وقت کندھا ڈھکا ہوا ہونا چاہیئے۔

(ویسن أن یدخله تحت یمینه ویلقیه علی کتفه الایسر) (درمختار) ویسن أن یدخل) هذا یسمّٰی اضطباعاً وهو مدانف لقول البحر والرداء علی الظهر والکتفین والصدر وما عزاه القهستانی للنهایة وعزاه فی شرح اللباب للبرجندی عن الخزانة ثم قال وهو سهو هم ان الاضطباع یستحب من اول احوال الاحرام وعلیه العوام ولیس کذلک فان محله المسنون قبیل الطواف الی انتهائه لا غیر اه قال بعض المحدثین وفی شرح المرشدی علی مناسك الکنز انه الاصح

وانہ السنۃ ونقلہ فی المنسک الکبیر للسندی عن الغایۃ و مناسک الطرابلسی والفتح وقال ان اکثر کتب المذہب ناطقۃ بان الاضطباع یسن فی الطواف لا قبلہ فی الاحرام وعلیہ تدل الاحادیث وبہ قال الشافعی اھ / شامی ص ۱۷۱ ج ۲ ۔ فقط ۔ واللہ اعلم ،

محرم کے لئے ہر وقت کندھا کھولے رکھنے کو ضروری سمجھنا صحیح نہیں ہے محمد انور

۲ / ۱۱ / ۱۴۰۶ھ

والجواب صحیح ،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ ،

## حجِ بدل فرض کے لئے آمر کے میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے

تقریباً دو سال قبل میرا لڑکا ثناء اللہ سعودی عرب بغرض دنیاوی کاروبار گیا ۔ اس کے ویزا کی کچھ رقم میں نے ادا کی اور باقی رقم اس نے محنت مزدوری کر کے پوری کر دی ۔ پہلے اس نے حج بیت اللہ خود کیا پھر باپ نے اس کو خط لکھا کہ میں بوڑھا ہوں اور بیمار ہوں اور زیادہ چل پھر نہیں سکتا تو لڑکے نے حج اکبر کے موقعہ پر میری طرف سے حج بدل کیا ۔ قرآن وحدیث کی رو سے فتویٰ صادر فرمائیں کہ بوڑھے بیمار کی اجازت سے حج بدل ہو سکتا ہے ۔ شخص مذکور مالدار ہے ۔

**الجواب** برتقدیر صحت واقعہ صورت مسئولہ میں حج بدل حج فرض کے قائم مقام نہ ہوگا ۔ حج بدل کی صحت کے لئے علامہ شامیؒ نے بیس شرطیں بیان کی ہیں ۔ ان میں سے ایک شرط یہ ہے ۔ مامور آمر کے پیسوں سے حج ادا کرے ۔ اپنی رقم سے دائیگی کی صورت میں آمر کا حج نہ ہوگا ۔ ھندیہ میں ہے :

ومنہا أن یکون حج المأمور بمال المحجوج عنہ فان تطوع الحاج عنہ بمال نفسہ لم یجز عنہ حتی یحج بمالہ ص ۲۵۷ ج ۱ ۔

ایک شرط یہ بھی ہے کہ احرام میقات سے باندھا جائے ۔ اگر احرام مکہ مکرمہ سے باندھا گیا تب حج آمر کی طرف سے نہ ہوگا ۔ شامیہ ص ۲۳۹ ج ۲ میں ہے :

الثانی عشر أن یحرم من المیقات فلو اعتمر وقد امرہ بالحج ثم حج من مکۃ لا یجوز

فقط واللہ اعلم محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

## بیوی ناراض ہو کر میکے بیٹھی ہو تو حج کرنے کا حکم

میری دو بیویاں ہیں جو باہمی لڑتی ہیں ایک غیر آباد ہے اب میرا حج کو جانے کا ارادہ ہے

وہ اجازت نہیں دیتی بعض لوگ کہتے ہیں پہلے گھر آباد کرو پھر حج کو جاؤ کیا حج کرنا ضروری ہے یا گھر آباد کرنا ضروری ہے۔
کافی مرتبہ گھر آباد کرنے کی کوشش کی مگر ناکام رہا۔ آپ ہماری رہنمائی فرمائیں۔

**الجواب** حج اگر فرض ہے تو اسکی ادائیگی کیجئے کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہیں ہے نہ بیوی سے اور نہ کسی اور سے، فرض کی ادائیگی ضروری ہے اور گھریلو معاملات کی درستگی کے لئے دوست احباب اور رشتہ داروں سے مشورہ کرکے صحیح صورتحال تک پہنچنے کی سعی کرنی چاہیے۔ فقط۔ واللہ اعلم، بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ،
الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## حج بدل میں اکثر مال آمر کا ہونا ضروری ہے

بندہ نے حج بیت اللہ اور دو عمرے بھی کئے ہیں اب حج بدل کروانا چاہتا ہے۔ ایک شخص کو بحری جہاز کے ذریعے تیار کرلیا تو اب میری بیوی نے کہا کہ جو رقم اس حاجی کو دینا چاہتے ہو مجھے دے دو، میں اپنا بیٹا محرم بنا کر ساتھ لے جاتی ہوں، اور ہوائی جہاز کے ذریعے بقایا کرایہ اپنی گرہ سے ادا کرکے تمہارے لئے حج بدل کر آتی ہوں۔ بیوی نے بھی پہلے حج کر رکھا ہے اور خاوند سے زیادہ مالدار بھی ہے تو کیا ایسا شخص اپنی ایسی بیوی سے حج بدل کرانے کا مجاز ہے اور اسکی بیوی اسکے لئے حج بدل کرے تو یہ حج درست ہوگا۔

۲۔ کیا کسی حدیثِ معتبر سے یہ ثابت ہے کہ دو عمروں کا ثواب ایک حج کے برابر ہے۔

**الجواب** ۱۔ حج بدل کے لئے ضروری ہے کہ اکثر یا کل اخراجات آمر کی طرف سے ہوں درمختار میں ہے۔ وبقی من الشرائط النفقة من مال الآمر کلها أو أكثرها۔ (ص۲۳۹ ج۲)۔

۲۔ ایسی حدیث نظر سے نہیں گزری البتہ رمضان المبارک کے عمرے کے بارے میں یہ فضیلت وارد ہے۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاذا کان رمضان اعتمری

فیہ فان عمرۃ فی رمضان حجۃ ۔ (الحدیث) بخاری ۲۳۹

الجواب صحیح ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

فقط واللہ اعلم ، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ ،

## درخواست منظور نہ ہونے سے حج ساقط نہیں ہوگا

ایک شخص حج کے لئے درخواست دیتا ہے لیکن اس کا قرعہ اندازی میں نام نہیں نکلتا تو کیا اس کو حج کا ثواب مل جائے گا ۔ اور جتنی دفعہ ناکام رہا ہے اتنے حجوں کا ثواب مل جائے گا ؟

**الجواب** حج کی درخواست دینے سے حج فرض ساقط نہیں ہوتا ۔ منظور نہ ہونے کی صورت میں مسلسل دیتے رہنا چاہیئے ۔ حج کرنے کا موقعہ مل گیا تو حج کرنے سے حج ساقط ہو جائے گا اور اگر خدانخواستہ منظوری کی نوبت نہ آئے تو وارثوں کو وصیت کر جانا ضروری ہے کہ میری جانب سے حج ادا کرا دیا جائے ۔ رہا صرف درخواست دینے سے حج کا ثواب ملنا تو یہ معاملہ حق جل شانہ کے فضل پر ہے پورا ثواب بھی ملا تو کوشش و نیت وغیرہ کا ثواب انشاء اللہ ضرور ملے گا ۔ فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح ، خیر محمد عفا اللہ عنہ ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

## جو دو تین میل چل سکتا ہے وہ خود حج کرے : حج عن البدل کے لئے کتنا عجز شرط ہے

کیا ایک آدمی جو باوجود بڑھاپے کے ایک دو میل بلا تکلف چل سکتا ہے ۔ نظر وغیرہ اور باقی اعضاء بھی درست ہیں کوئی بیماری بھی نہیں ایسا شخص حج بدل فرض کرا سکتا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** وفی الشامیۃ قولہ صحیح البدن ای سالم عن الآفات المانعۃ عن القیام بما لا بد منہ فی السفر فلا یجب علی مقعد ومفلوج وشیخ ،

کبیر لا یثبت علی الراحلۃ بنفسہ اھ ص۱۴۲ ج۲۔ اس عبارت سے معلوم ہوا کہ شخص مذکور خود حج کر سکتا ہے لہذا اپنی جگہ کوئی اور آدمی بھیجنا درست نہیں۔

فقط واللہ اعلم،
بندہ محمد اسحاق غفرلہ،

الجواب صحیح،
بندہ عبداللہ غفرلہ ۱۸/۷/۷۶ھ

## معتدہ حج پر نہیں جاسکتی

جو عورت عدت گزار رہی ہو کیا وہ حج کے لئے سفر کر سکتی ہے؟

**الجواب** معتدہ کو دورانِ عدت کوئی سفر نہیں کرنا چاہیئے نہ حج کے لئے نہ کسی اور غرض کے لئے اگر روکنے کے باوجود چلی گئی تو فرض ادا ہو جائے گا البتہ اس معصیت پر استغفار لازم ہے۔

المعتدۃ لا تسافر لا للحج ولا لغیرہ اھ (عالمگیری ص۱۳۸ ج۲)

فقط، واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ،

## فقیر میقات تک پہنچ جائے تو حج فرض ہو گیا

ایک شخص جو کہ فقیر ہے حج کے ارادے سے میقات سے احرام باندھ کر تلبیہ کہہ کر جدہ شریف پہنچ گیا، لیکن وہاں اشتباہ کی وجہ سے محبوس ہو گیا اور واپس اپنے ملک بھیج دیا گیا۔ حج کی اجازت نہ دی گئی۔ مذکورہ آدمی نے اپنی زمین رہن کردی اور اس سے پیسے وغیرہ حاصل کر کے حج کے لئے تیار ہوا لیکن بعد میں بیمار ہو گیا اور زیادہ کمزوری کی وجہ سے اب سفر کرنے کے قابل نہیں اور نہ اتنا مالدار ہے کہ اس پر یہ حج فرض ہوتا۔ قابلِ دریافت امر یہ ہے کہ مذکور کی جانب سے دوسرے آدمی کو یہ رقم دے کر حج کے لئے بھیجا جائے یا یہ رقم دے کر زمین فک کرالی جائے، نیز مذکور عمر رسیدہ بھی ہے ـــــ

**الجواب** مسئلہ مذکورہ میں احرام باندھنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، البتہ محصر ہونے سے فرق ہوگا۔ آفاقی اگرچہ فقیر ہو لیکن میقات پر پہنچنے سے اس پر حج فرض ہو جاتا ہے۔

فی اللباب الفقیر الآفاقی اذا وصل الی میقات فہو کالمکی ــــــ فلما صار کالمکی وجب علیہ اھ شامی ص۱۹۵ ج۲

اگر تندرست ہو تو خود حج کرنا واجب ہوگا۔ اگر قادر نہ ہو تو مرتے وقت حج کرنے کی وصیت کرے، ورثاء پر حج اور عمرہ کرانا لازم ہوگا، جب کہ اس کے تہائی مال سے حج ہو سکے ورنہ ورثاء کو اختیار ہوگا۔ جیسا کہ وصیت نہ کرنے کی صورت میں ہے۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
عبداللہ عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## فقیر حج بدل کے لئے جائے تو اس پر حج فرض نہیں ہوگا

ایک شخص اپنے باپ کی طرف سے

ایک غریب کو حج بدل کرانا چاہتا ہے اور وہاں حرمین شریفین پہنچنے کے بعد اس غریب پر اپنا حج فرض ہو جاتا ہے۔ آپ بتائیں کہ اگر وہ غریب اپنا حج ادا کرتا ہے تو خائن بنتا ہے۔ اگر حج بدل ادا کرتا ہے تو اپنی فرضیت فوت ہو جاتی ہے

۲۔ جو حج بدل کرتا ہے تو کیا متوفی کی طرف سے حج ادا ہوا یا نہیں؟

**الجواب** ۱۔ من حیث الدلیل راجح یہی ہے کہ فقیر حج بدل کے لئے جائے تو اس وجہ سے اس پر حج فرض نہیں ہوگا۔ (جواہر الفقہ ص۵۰۷ ج۱)

۲۔ جس کی طرف سے حج بدل کر رہا ہے۔ اسکی طرف سے ادا ہو جائے گا۔

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس۔ ملتان

فقط۔ واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان

## مقروض بدون اجازت غرماء حج پر نہ جائے

ایک آدمی پہلے سینتیس ہزار ۳۷۰۰۰ روپیہ کا مقروض ہے

ــــــ اور جس آدمی کا اس نے قرضہ دینا ہے وہ بھی مقروض ہے۔ بے روزگار ہے اور پریشان رہتا ہے کئی بار قرض خواہوں نے اسے بہت تنگ کیا ہے جس شخص نے

قرض دینا ہے کئی بار وعدہ کر کے منحرف ہو گیا ہے اور اب وہ حج بیت اللہ کے لئے مکہ مکرمہ جا رہا ہے جبکہ وہ حقوق العباد پورے نہیں کر رہا شریعتِ اسلام کی روشنی میں وضاحت فرما دیں کہ ایسے آدمی کیلئے حج پر جانے سے قبل اپنا معاملہ لوگوں سے صاف کرنا ضروری ہے یا نہیں۔؟

**الجواب** مقروض کو چاہیئے کہ قرض خواہوں سے اپنا معاملہ صاف کر کے حج بیت اللہ کے لئے روانہ ہو۔ بلکہ جن دوکانداروں سے اشیاءِ ضرورت خریدتا رہتا ہے۔ ان سے بھی حق کی ادائیگی یا معافی کی صورت ہو جانی چاہیئے۔ لمبا سفر ہے نہ معلوم دوبارہ واپس آنا نصیب ہی نہ ہو۔ حقوق العباد کا مسئلہ خود حل کر لیں۔ انشاء اللہ، اللہ پاک اپنے حقوق کا مسئلہ خود حل فرما دیں گے اور مغفرت سے نوازیں گے۔ ہندیہ میں ہے۔

ویکرہ الخروج الی الغزو والحج لمن علیہ الدین وأن لم یکن عندہ مال مالم یقض دینہ الا باذن الغرماء ج۱ ص۲۲۱۔ الحاصل بدون ادائیگی و اجازت سفرِ حج مکروہ ہے۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ، الجواب صحیح،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## عمرہ پر گیا ہوا آدمی گرفتار کر کے واپس بھیج دیا گیا تو اس پر حج فرض ہوا یا نہیں؟

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو آدمی حج کی استطاعت نہ رکھتا ہو اس پر حج فرض نہیں ہے

۱۔ لیکن ایک آدمی بغرض عمرہ یا سیر و سیاحت یا کاروبار مکہ مکرمہ پہنچ جاتا ہے اور عمرہ بھی ادا کر لیتا ہے تو کیا اس پر اب حج فرض ہو جائے گا یا نہیں؟ جبکہ یہ آدمی رمضان المبارک میں گیا اور پندرہ بیس روزے کے بعد خود یا سعودی حکومت کے قانون کی زد میں آ کر یہ آدمی پکڑا گیا اور انہوں نے واپس کر دیا۔ یا خود آ گیا۔ تو کیا اس پر حج کی فرضیت باقی رہے گی یا بوجہ مجبوری حج ساقط و معاف ہو جائے گا۔ کیونکہ وہ آدمی بدستور سابق حج کی استطاعت نہیں رکھتا تو حج کی فرضیت باقی رہے گی یا بوجہ مجبوری حج ساقط و معاف ہو جائے گا۔ ——— تو اگر حج کی

فرضیت اس کے ذمہ ہے تو اس کو پورا کرنے کی کیا صورت ہوگی کہ یہ حج ادا کر کے اللہ تعالیٰ کے سامنے سرخرو ہو سکے۔

۲۔ زید کہتا ہے کہ شوال سے ذوالحجہ کا زمانہ ایام حج کہلاتا ہے۔ ان ایام میں اگر کوئی چلا گیا تو اس پر حج فرض ہو جاتا ہے لیکن اگر کوئی محرم سے رمضان شریف تک کے عرصہ میں جاتا ہے تو اس پر حج فرض نہیں ہوتا۔

ا۔ تو اب عرض یہ ہے کہ کیا اس آدمی پر جو رمضان شریف میں مکہ مکرمہ گیا اور واپس آگیا حج فرض ہوا یا نہ؟

۲۔ اگر حج فرض ہو گیا تو اس کے ادا کرنے کی کیا شکل ہے۔ یا بوجہ مجبوری معاف ہے۔

۳۔ کیا زید کی یہ بات درست ہے کہ شوال سے ذوالحجہ تک کا زمانہ حج کی فرضیت کا ہے اور محرم سے رمضان شریف تک کے زمانہ میں جانے سے حج فرض نہیں ہوتا۔

مندرجہ بالا صورتوں میں جواب قرآن و حدیث کی روشنی میں باحوالہ تحریر فرمائیں اور عنداللہ ماجور ہوں۔ تاکہ اسی فتویٰ کے مطابق عمل کیا جائے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

المستفتی: عبدالحمید میو مدرسہ عربیہ رحیمیہ تعلیم القرآن ملتان

**الجواب** صورت مسئولہ میں شخص مذکور پر حج فرض نہیں ہوا۔ یہ درست ہے کہ شوال ذوالقعدۃ اور ذوالحجہ اشہر حج ہیں۔ فقیر ان دنوں مکہ مکرمہ پہنچ جائے تو اس پر حج فرض ہو جاتا ہے بشرطیکہ زاد و راحلہ کا بندوبست بھی ہو۔

(کذا فی قرۃ العینین فی زیارۃ الحرمین ص۲۰)

الجواب صحیح، فقط: واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، محمد انور، ۱۸/۴/۱۴۱۱ھ

## حدودِ حرم سے باہر حلق کیا تو دم واجب ہوگا:

ایک شخص نے عمرہ کا احرام باندھا اب حلال ہونا تھا اس شخص نے حدِ حرم سے باہر جا کر حلق کیا اور حلال ہوا تو کیا اس صورت میں دم آئے گا یا عمرہ قضا کریگا اور اگر دم ہے تو دم وہاں جا کر دینا پڑے گا۔ یا یہیں

دے سکتے ہیں اگر عمرہ قضاء کر سکتا ہے تو مع الدلائل بحوالہ کتب تحریر کریں؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں حاجی صاحب پر دم واجب ہے اور یہ دم ادا بھی حرم کی حدود میں کرنا پڑے گا۔ شامی میں ہے ومن اعتمر فخرج من الحرم وقصر فعلیہ دم عندھما (ص ۲۲۵ ج ۲) ۔ فقط واللہ اعلم ،

محمد انور عفا اللہ عنہ

---

## روضۂ اطہر پر سلام کے الفاظ

مسئلہ صرف اتنا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو یا دیگر حجاج کرام کو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضری دینے کی توفیق بخشے اور آپ یا حجاج کرام جب روضۂ اقدس کے سامنے باادب عاجزی اور انکساری کے ساتھ کھڑے ہوں تو اسوقت آپ اپنے لئے یا دیگر اشخاص کے لئے کیا پڑھنا تجویز فرمائیں گے۔

**الجواب** جب مواجہت میں سامنے حاضر ہو کر کھڑا ہو تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو لحد شریف میں قبلہ کی طرف چہرہ مبارک کئے لیٹے ہوتے تصور کرے اور یہ خیال کرے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جان رہے ہیں کہ فلاں حاضر ہو کر صلوٰۃ وسلام پڑھ رہا ہے۔ درمیانہ آواز سے نہ تو زیادہ بلند آواز ہو اور نہ ہی بالکل آہستہ بلکہ اچھا مؤدبانہ سلام کہے۔ السلام علیك ایھا النبی ورحمۃ اللہ۔ السلام علیك یا خیر خلق اللہ۔ السلام علیك یا خیرۃ اللہ من خلق اللہ السلام علیك یا حبیب اللہ۔ السلام علیك یا سید ولد آدم۔ السلام علیك ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ یا رسول اللہ انی اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریك لہ واشھد انك عبدہ ورسولہ اشھد انك بلغت الرسالۃ وادیت الامانۃ ونصحت الامۃ وکشفت الغمۃ فجزاك اللہ خیراً جزاك اللہ عنا افضل ما جزی نبیاً عن امتہ۔ اللھم اعط لسیدنا عبدك ورسولك محمدن الوسیلۃ والفضیلۃ والدرجۃ الرفیعۃ وابعثہ مقاماً محمودن الذی وعدتہ

انك لا تخلف المیعاد وانزله المنزل المقرب عندك انك سبحانك ذوالفضل العظیم ۔ (قرۃ العینین ص۲۰۴) فقط واللہ اعلم

بندہ محمد اسحاق غفرلہٗ

## حالتِ حیض میں طوافِ زیارۃ کرلیا تو سالم اونٹ ذبح کرنا ضروری ہے

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں ایک عورت طوافِ زیارت سے قبل حائضہ ہوگئی ۔ ابھی پاک نہیں ہوئی تھی کہ اتنے میں روانگی کی تاریخ آگئی ۔ طواف کئے بغیر ہی واپس وطن آگئی ۔ اسکے حج کا کیا حکم ہے ؟ اسکی شرعاً کوئی تلافی ہوسکتی ہے یا کہ نہیں ؟ السائل ، مقصود احمد جالندہری متعلم خیر المدارس ۔ ملتان ۔

**الجواب** یہ صورت کثیر الوقوع ہے ۔ مسئلہ نہ معلوم ہونے کی وجہ سے بہت سی مستورات حج کی ادائیگی سے محروم رہ جاتیں ہیں ۔ مصارف اور سفری صعوبتیں برداشت کرنے کے باوجود ان کا حج نہیں ہوتا ـــــ طوافِ زیارت چونکہ فرض ہے ۔ جو حائضہ عورت طوافِ زیارت کئے بغیر واپس آگئی ہے اس کا حج نہیں ہوا ۔ بلکہ خاوند کے پاس نہ جانے کے بارے میں اس کا احرام بھی باقی ہے اور اس پر لازم ہے کہ اسی احرام کے ساتھ واپس مکہ مکرمہ جاکر طوافِ زیارت کرے ۔ درمختار میں ہے ۔

وبترك اكثره بقي محرما ابداً في حق النساء حتى يطوف الخ

(شامیہ ص۲۲۴ ج ۲ مطبوعہ رشیدیہ)

اس پر علامہ شامی فرماتے ہیں کہ : فان رجع الى اهله فعليه حتما أن يعود بذلك الاحرام ولا يجزى عنه البدل اور حج کی سعی نہیں کرچکی تھی ، تو وہ سعی بھی کرے ۔ اور ایسی حائضہ عورت سے پاک ہونے کے بعد اس کے خاوند نے مجامعت بھی کی تو ایک بکری بطورِ کفارہ حدودِ حرم میں ذبح کرنا واجب ہے اور اگر یہ فعل متعدد بار ہوچکا ہے تو کفارے بھی متعدد واجب ہونگے ۔ الّا یہ کہ احرام توڑنے کی نیت سے مجامعت کی ہو ۔

وفی الباب واعلم ان المحرم اذا نوی رفض الاحرام فجعل یصنع ما یصنعہ الحلال من لبس الثیاب والتطیب والحلق والجماع وقتل الصید فانہ لا یخرج بذلک من الاحرام وعلیہ ان یعود کما کان محرماً ویجب دم واحد لجمیع ما ارتکب ولو اکل المحظورات وانما یتعدد الجزاء بتعدد الجنایات اذا لم ینو الرفض (شامی ص۲۸۶ ج۲)

ایسی صورت میں مستورات اور ان کے وارثوں کے لئے سخت مشکلات ہیں اس لئے حکومت پر لازم ہے کہ ایسی معذور عورتوں کے لئے سفر مؤخر کرنے کی مناسب ہدایات متعلقہ محکمہ کو جاری کرے۔ اور اگر بالفرض پاک ہونے تک عورت کا ٹھہرنا کسی طور پر ممکن نہ ہو تو ایسی حالت ہی میں اگر یہ عورت طواف کرے گی تو اس کا طوافِ زیارت ادا ہو جائے گا۔ مگر دوگانہ طواف پاک ہونے تک نہ پڑھے۔ اور اگر حج کے لئے سعی پہلے نہ کر چکی ہو تو اب طواف زیارت کے بعد سعی بھی کرے۔ حائضہ عورت نے چونکہ یہ طواف ناپاکی کی حالت میں کیا ہے اسلئے بطورِ کفارہ اسپر سالم گائے یا سالم اونٹ کا حدودِ حرم میں ذبح کرنا لازم ہے تاکہ نقصان کی تلافی ہو سکے، علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ سے خوب استغفار کرے اور معافی بھی مانگے۔ شامیہ میں ہے۔

نقل بعض المحشین عن منسک ابن امیر حاج لو ھمّ الرکب علی القفول ولم تطھر فاستفتت ھل تطوف ام لا قالوا یقال لھا لا یحل لک دخول المسجد وان دخلت وطفت اثمت وصح طوافک وعلیک ذبح بدنۃ وھذہ مسئلۃ کثیرۃ الوقوع یتحیر فیھا النساء (ص۱۸۲ ج۲)

فقط: واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## سعی طوافِ قدوم کے بعد افضل ہے

ایک شخص آٹھ ذوالحجہ کو احرام باندھ کر طواف کر کے پہلے سعی کر لیتا ہے اور طوافِ زیارۃ بعد میں۔ دس یا گیارہ یا بارہ ذوالحجہ کو کرتا ہے کیا اس سے حج باطل تو نہیں ہوتا

اگر نہیں جیسا کہ احناف کا مسلک ہے تو اسپر حدیث صحیح مطلوب ہے جو بطلان کا حکم لگانیوالوں پر حجت بن سکے۔ جزئیہ فقہیہ مطلوب نہیں؟

**الجواب** حج میں ایک مرتبہ سعی بین الصفا والمروۃ شافعیہ کے نزدیک فرض ہے اور احناف کے نزدیک واجب ہے اور اس کے لئے یہ ضروری نہیں کہ سعی طوافِ زیارت کے بعد ہی کی جائے جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے اس پر یہ لازم ہے کہ کسی صحیح حدیث سے دلیل پیش کرے بلکہ یہ بھی جائز ہے بلکہ بقول علامہ نووی افضل ہے کہ سعی طواف قدوم کے بعد ہی کیجاوے ہاں طواف زیارت کے بعد تک تاخیر جائز نہیں ہے۔

والافضل ان یکون بعد طواف القدوم ویجوز تاخیرہ الی مابعد طواف الافاضۃ (شرح مسلم صـ۴۱۳)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پہلے طواف کے بعد ہی سعی فرمائی تھی اور طوافِ زیارت کے بعد سعی نہیں فرمائی۔

ففی حدیث جابر رضی اللہ عنہ فرمل ثلثا ومشی اربعا ثم تقدم الی مقام ابراھیم فقرأ وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى (الی ان قال) ثم خرج من الباب الی الصفا فلما دنا من الصفا قرأ ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ ابدأ بما بدأ اللہ بہ فبدأ بالصفا (صحیح مسلم صـ۳۹۵ ج۱)

وفی روایۃ لم یطف النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا اصحابہ بین الصفا والمروۃ الا طوافاً واحداً (مسلم صـ۴۱۲ ج۱)

وفیہ دلیل علی ان السعی فی الحج والعمرۃ لایکرر بل یقتصر منہ علی مرۃ واحدۃ (نووی)

حضرت جابر کی طویل حدیث میں طوافِ زیارت یوں مذکور ہے۔

ثم رکب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فافاض الی البیت فصلی بمکۃ الظھر الحدیث فیہ محذوف تقدیرہ فافاض

فطاف بالبیت طواف الافاضۃ ثم صلی الظہر نووی ص۳۹۹ ج۱)

وفی روایۃ فصلی الظہر بمنیٰ * بہر حال طواف زیارت کے بعد سعی کرنا آنحضرت سے ثابت نہیں۔ فقط۔ واللہ اعلم، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ، ۱۰ر محرم ۹۳ھ

## طائف جاکر واپس آنے والے کے لئے عمرہ کا حکم

طائف حد میقات سے باہر ہے اس وجہ سے فقہ حنفیہ کیمطابق طائف سے مکہ مکرمہ جانے والے پر عمرہ کا احرام باندھ کر جانا ضروری ہے لیکن پٹرول کی کثرت اور موٹروں کی بھرمار اور عمدہ سڑک کے بن جانے کی وجہ سے اب یہ سفر گھنٹہ سوا گھنٹہ کا ہوگیا ہے اور تاجروں سرکاری یا غیر سرکاری ملازموں ٹیکسی چلانے والے ڈرائیوروں کا روزانہ ایک دو مرتبہ آنا جانا ہوتا ہے اور دو مرتبہ احرام باندھ کر آنے میں حرج عظیم ہوگیا ہے اسی وجہ سے سبھی مکہ مکرمہ کو طائف سے بغیر احرام کے آنے لگ گئے کیا مفقود الزوج کی طرح یہ مسئلہ بھی اُمت کے لئے آسان ہوسکتا ہے؟

**الجواب** مذہب حنفی میں تو اسکی گنجائش معلوم نہیں ہوتی الا یہ کہ بحالت مجبوری اس حیلہ کی اجازت دی جائے جو حضرات فقہاء نے ایسے لوگوں کے لئے لکھا ہے وہ یہ کہ آفاق سے آنے والے حل میں کسی مکان میں آنے کی نیت کرکے آئیں اور وہاں قدرے وقف کرلیں پھر مکہ مکرمہ بغیر احرام کے داخل ہوجائیں۔ اہل حل جو داخل میقات رہتے ہیں ان کے لئے اپنے کام کاج کے لئے بدون احرام کے حدود حرم میں داخل ہونے کی اجازت ہے۔ لیکن بعض محققین نے اس حیلہ پر بھی کلام کیا ہے جیساکہ شامی وغیرہ میں ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ بسوں والے میقات پر اڈہ بنالیں۔ اور پھر بس کے لئے ملازم دو ڈرائیور رکھے گئے ہوں ایک ڈرائیور باہر سے میقات تک لاری لائے عین حدود میقات سے ذرا پہلے لاری بالکل آہستہ کرکے اُتر جائے لاری میقات کے اندر داخل ہوکر خود بخود رُک جائے گی اور پھر دُوسرا ڈرائیور بس لے جائے اور اسی طرح لاریوں کا تبادلہ کرلیا کریں۔ تاجروں کے لئے تو اتنا حرج بھی معلوم نہیں ہوتا کیونکہ ہفتہ دو ہفتہ میں ایک مرتبہ جانیکی ضرورت پڑتی ہر دوسرے دن دو مرتبہ آنا جانا ہے جیساکہ عام معمول ہے شاذ و نادر ہی ایک دن دو مرتبہ ایک تاجر کو آنا جانا پڑے گا۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۱۳/۹/۱۳۹۰ھ

# تمتع میں اضحیہ معروفہ کی نیت سے قربانی کی تو دم شکر ادا نہیں ہوگا

ایک مسئلہ میں حضرت کی رائے مطلوب ہے کہ مسلم کمرشل بینک نے حکومت کی طرف سے حجاج کرام کی رہنمائی کے لئے ایک کتابچہ جاری کیا ہے اور اس میں حج کے واجبات لکھے ہوئے ہیں تیسرے نمبر پہ یہ واجب ذکر کیا ہے "تیسرا واجب۔ قربانی"۔ اور اس کی تفصیل میں لکھا ہے کہ انکی اس سے مراد دم تمتع، دم قران ہے لیکن جو الفاظ لکھے ہیں یہ دم شکر کی بجائے اضحیہ پر دلالت کر رہے ہیں۔ اس کتاب کو پڑھنے والا عامی شخص بظاہر جانور اضحیہ سمجھ کر اضحیہ کے ارادے سے ذبح کریگا۔ اب کتاب کی تصحیح کی کوشش کے علاوہ یہ مسئلہ قابل غور ہے کہ جو لوگ اس کتاب کو پڑھ کر قربانی سمجھ کر جانور ذبح کریں گے ان کا دم شکر (دم تمتع، دم قران) ادا ہوگا یا نہیں؟ شامی کی درج ذیل عبارت کا ظاہر مقتضیٰ یہ ہے کہ ان کا دم ادا نہیں ہوگا۔

"واما الاضحیة فهی متعینة فی ذلك الزمن كالمتعة فلا تقع الأضحیة مع تعینها عن غیرها والمراد بتعینها تعین زمنها لا وجوبها حتی یرد علیه انها لا تجب علی المسافر یعنی أن الاضحیة لا تسمی أضحیة إلا اذا وقعت فی ایام النحر وكذا دم المتعة فاما كان زمنها متعیناً وقد نواها أضحیة فلا تقع عن دم المتعة بخلاف الطواف فان التطوع به غیر مؤقت فاذا كان علیه طواف مؤقت ونوی به غیره ینصرف الی الواجب المؤقت لانه یمكنه التطوع بعده وكذا لو نوی طوافاً آخر واجبا ینصرف الی الذی حضر وقته ووجب فیه ویلغوا الآخر مراعاة للترتیب كما لو نوی القارن بطوافه الاول القدوم یقع عن العمرة۔
واجاب الرحمتی بان الدم لیس من افعال الحج والعمرة ولذا لم یجب علی المفرد باحدهما بل وجب شكراً علی المتمتع

بهما فلم يكن داخلا تحت نية الحج والعمرة فلا بدله من النية والتعيين فلو نوى غيره لا يجزى كما لو اطلق النية بخلاف الاطوفة فانها من اعمالهما داخلة تحت احرامهما فتجزئ بمطلق النية شامی ص۱۹۶ ج۲)

لیکن سرسری غور کے بعد بندہ کے ناقص فہم میں یہ بات آرہی ہے (جو بغرض تصویب و استفادہ پیش ہے) کہ چونکہ مذکورہ کتاب میں اس کو واجبات حج میں شمار کیا ہے اس لئے حاجی ذبح شاۃ کو واجب حج سمجھ کر ہی جانور ذبح کریگا۔ اسکی نیت تو واجب حج ادا کرنے کی ہوگی لیکن غلطی سے یہ سمجھ رہا ہے کہ اسکا نام "قربانی" ہے۔ اس غلطی سے کوئی فرق نہیں پڑے گا اور دم ادا ہو جائے گا۔ اور یہ صورت شامی کی مذکورہ صورت سے مختلف ہے۔ شامی کی صورت کا حاصل یہ ہے کہ اس نے حقیقۃً اس اضحیہ کی نیت کی ہو جس میں اور دم تمتع و قران میں تغایر ہے گویا اس نے دم شکر کے غیر کی نیت کی ہے اور ظاہر ہے کہ غیر کی نیت کرنے سے دم شکر ادا نہیں ہو سکتا۔ جبکہ زیر بحث صورت میں دم واجب کی نیت ہے اگر اس کو قربانی کہہ رہا ہے تو یہ سمجھ کر کہہ رہا ہے کہ اس دم واجب کا نام ہی قربانی ہے لہذا یہاں دم شکر کے مغایر کی نیت نہیں پائی گئی۔ بعض اقدامات سے بھی معلوم ہوا کہ عرف عوام دم تمتع کو قربانی اور تمتع کو قربانی والا حج کہتے ہیں لیکن اس کو اضحیہ سے الگ چیز سمجھتے ہیں۔

حضرت والا سے گزارش ہے کہ اس مسئلے میں اپنی رائے گرامی کسی خادم کو بتا کر ان کو مامور فرمادیں کہ بندہ کو مطلع کر دے۔ والسلام،

احقر محمد مجاہد عفا اللہ عنہ، ۱۲/۱۱/۱۴۱۶ھ

**الجواب** یہ درست ہے کہ اگر حاجی اس ذبح شاۃ کو واجبات حج میں سے سمجھ کر ذبح کرے اور اضحیہ معروفہ کی نیت نہ ہو تو اسے دم شکر تصور کیا جائے گا کیونکہ دم شکر کی نیت پائی گئی ہے اس لئے کہ واجبات حج میں سے صرف یہی دم ہے اور واجبات حج ہی سمجھ کر ذبح کر رہا ہے اسے "قربانی" کہنے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا کیونکہ ان ایام میں ذبح ہونیوالے جانوروں کو عموماً اسی قربانی کے نام سے ذکر کیا جاتا ہے۔

دُوسرے یہ کہ اضحیہ معروفہ کی نیت سے ذبح کرے تو اس سے دم شکر ساقط نہ ہوگا، جیسا کہ فقہاء کرام نے اسکی تصریح کی ہے۔ عام حاجی شاید اسی نیت سے قربانی کرتے ہوں، کیونکہ ایام نحر میں معروف قربانی یہی ہے۔ نیز "کتابچہ حج" میں اس کے بارے میں یہ الفاظ لکھے ہیں "یہ قربانی اس عظیم قربانی کی یاد میں ہے جو حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے بیٹے کی قربانی دی تھی"۔ اور یہ سب کو معلوم ہے کہ اضحیہ ہی اسکی یادگار ہے اور اگر یہ دونوں صورتیں نہ ہوں۔ نہ واجب حج کی نیت ہو نہ اضحیہ کی تو پھر بھی دم شکر ادا نہ ہوگا جیسا کہ رحمتی کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے۔ "فلو نوی غیرہ لا یجزئ کما لو اطلق النیۃ۔"

الغرض یہ تنقیح نفس مسئلہ کے لحاظ سے درست ہے کہ واجب حج کی نیت ہو اضحیہ کی نہ ہو تو اسے قربانی کہنے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ لیکن خارج میں کیا ہوتا ہے یا اکثر جہلاء اس میں کیا سمجھتے ہیں اس کے بارے میں کوئی یقینی بات نہیں کہی جا سکتی۔ گویا کُل چار صورتیں ہوئیں ۱۔ دم شکر کی نیت سے ذبح کیا ۲۔ واجبات حج کی نیت سے ذبح کیا ۳۔ دم قران یا دم تمتع کی نیت سے ذبح کیا۔ ان سب صُورتوں میں دَم شکر ادا ہوگیا ۴۔ اضحیہ معروفہ سنت ابراہیمی سمجھ کر ذبح کیا یا کوئی خاص نیّت نہیں کی تو ان دونوں صورتوں میں دم شکر ادا نہیں ہوا۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ'

---

## قارن اور متمتع قربانی کی نیّت سے جانور ذبح کریگا تو دم شکر اَدا نہیں ہوگا

محترم المقام حضرت مفتی صاحب زید معالیکم،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'، مزاج شریف!

ھدی، دم تمتع اور "قربانی" کی غلط العوام بلکہ غلط العلماء بن چکی ہے اس پر راقم نے ایک خط وزیر حج اور متعلقہ محکمہ کے ذمہ داروں کو لکھا ہے اور ایک ایک خط ان کتب کی تصدیق کرنے والے مفتیان کرام کو بھی لکھا ہے "کتاب الحج" اور "سفر سعادت" جو کتب وزارت مذہبی امور

کی طرف سے تقسیم ہو رہی ہیں۔ ان میں تیسرا واجب قربانی کے ذیل میں لکھا گیا ہے کہ یہ قربانی اس عظیم قربانی کی یاد میں ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کی قربانی دی تھی۔ اب ایک حاجی ایک تو لفظ "قربانی"۔ دوسرا "ایام قربانی" تیسرا "مقام قربانی" اور چوتھا جب یہ تصریح پڑھے گا تو پھر وہ اسے دم تمتع یا دم شکر کیسے سمجھے گا میرا تجربہ ہے کہ اس دور میں شاید کوئی ایک آدھ حاجی ہو جو یہ فرق سمجھتا ہو۔ میں ہر سال اس غلطی پر تنبیہ کے لئے ایک اشتہار بھی شائع کرا کر تقسیم کراتا ہوں، وزارت حج میں جا کر ایک تقریر بھی مستقل ریکارڈ کرائی ہے۔ ایک مرتبہ کتاب سے عبارت کی تصحیح بھی کرائی لیکن پھر یہی غلطی دہرائی جا رہی ہے اور افسوس علماء کرام پر ہے جو یہ لکھ کر دے رہے ہیں کہ "حرفاً حرفاً" پڑھ کر تصدیق کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں خطوط اور اشتہار کی کاپی بھی ارسالِ خدمت ہے۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ جس نے یہ "قربانی" دمِ شکر کی نیت سے نہیں کی بلکہ سنت ابراہیمی والی قربانی کی نیت سے جانور ذبح کیا ہے۔ اس پر دمِ تمتع تو عمر بھر کے لئے واجب ہے۔ اب مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی نے لکھا ہے کہ اسے دمِ تمتع کیساتھ دو دم جنایت کے بھی دینے پڑیں گے۔ ایک دم تاخیر کا دوسرا دم ذبح سے قبل احرام کھول دینے کا راقم بھی اسی طرح بتاتا رہتا ہے۔ لیکن جی میں یہ آتا ہے کہ اگر انکی اس غیر اختیاری غلطی کی بناء پر صرف ایک دم تاخیر کا ہو اور ترتیب جو کہ دوسرے ائمہ کے نزدیک نہیں ہے کہ دمِ تمتع سے قبل حجامت بنالی کیا وہ معاف ہو سکتا ہے یا نہیں؟ فقط والسلام،

مولانا منظور احمد چینوٹی۔

## اشتہار منجانب مولانا منظور احمد چینوٹی

پاک و ہند کے اکثر حجاجِ کرام حج تمتع کرتے ہیں۔ یعنی پہلے عمرہ کا احرام باندھتے ہیں اور مکہ مکرمہ پہنچ کر عمرہ کر کے احرام کھول دیتے ہیں۔ پھر منیٰ جانے کے وقت حج کا احرام باندھتے ہیں۔ یہ حج تمتع کہلاتا ہے۔ ان کے لئے دس ذوالحجہ کو بڑے جمرہ (شیطان) کو کنکر

مارنے کے بعد ایک جانور ذبح کرنا واجب ہے کہ اللہ نے انہیں عمرہ اور حج دونوں کو جمع کرنے کا موقع دیا۔ اسے دم تمتع اور دم شکرانہ کہتے ہیں۔ یہ دم شکر اس قربانی سے بہت مختلف ہے جو عید الاضحیٰ کے دن مسلمان کرتے ہیں۔ حج تمتع اور قران کرنے والوں کے لئے دم شکر کا جانور دس ذوالحج کو کنکر مارنے کے بعد بارویں کے سورج غروب ہونے سے قبل ذبح کرنا واجب ہے جب تک یہ جانور شکرانے کی نیت سے ذبح نہ کیا جائے اس وقت تک حاجی کو حجامت بنانا، کپڑے پہننا اور بیوی کے قریب جانا حرام ہے۔ یہ جانور مفرد پر نہیں جو شروع سے ہی صرف حج کا احرام باندھتا ہے اور حج سے قبل عمرہ نہیں کرتا۔ لیکن متمتع اور قارن (جو حج اور عمرہ دونوں کی نیت کرکے اکٹھا احرام باندھے) ان پر یہ جانور شکرانے کے لئے واجب ہے کہ انہوں نے ایک ہی سفر میں دو عبادتیں عمرہ اور حج خواہ ایک احرام سے اکٹھے یا دو علیحدہ علیحدہ احراموں سے ادا کئے ہیں اس کے شکر میں یہ جانور دینا واجب ہے۔

حج کی عام کتب میں چونکہ لفظ قربانی لکھا ہوتا ہے اور وہ ایام سنت ابراہیمی والی قربانی کے بھی ہوتے ہیں اور پھر منیٰ کا مقام بھی سیدنا اسماعیل کی قربانی کا ہے بایں وجہ اکثر حجاج اس شکرانے کے جانور کو سنت ابراہیمی والی قربانی ——————— کی نیت سے ذبح کر دیتے ہیں دم تمتع یا شکرانے کی نیت کا نہ ہی انہیں علم ہوتا ہے اور نہ ہی اس شکرانہ کی نیت سے وہ ذبح کرتے ہیں۔

لہٰذا تمام حجاج پر واضح ہونا چاہیئے کہ جن کا حج افراد نہیں بلکہ حج تمتع یا حج قران ہے انہیں شکرانے کی نیت سے یہ جانور بارویں کی شام سے قبل ذبح کرنا ہے جب تک اس نیت سے یہ جانور ذبح نہ ہوگا اس وقت تک حاجی حلال نہ ہوگا احرام سے نہ نکلے گا۔

باقی رہا سنتِ ابراہیمی والی قربانی وہ ان صاحبِ استطاعت حجاج کرام پر علیحدہ واجب ہے جن کا مکہ مکرمہ میں ۸، ذوالحجہ تک پندرہ روز کا قیام ہے۔

**الحاصل**: جس قارن یا متمتع حاجی نے شکرانہ کی نیت سے جانور بارویں کی شام تک ذبح نہ کیا اور حلال ہوگیا اسے اب تین جانور ذبح کرنے ضروری ہوں گے ایک شکرانہ کا جانور ایک تاخیر کرنے کا دم اور ایک دم جنایت اگر شکرانہ کی نیت سے جانور ذبح کرنے سے قبل

حلال ہوگیا تھا۔

تمام حجاج کرام سے درخواست ہے کہ مسئلہ کو خوب ذہن نشین کریں اور جہاں تک ہو سکے اپنے رفقاء حجاج کو اس غلطی سے متنبہ کریں۔

**الجواب** حاصل یہ ہے کہ جو حاجی (متمتع، قارن) ایام نحر میں قربانی کی نیت سے جانور ذبح کرتا ہے تو اس قربانی سے اس کا دم تمتع یا دم قران ساقط نہیں ہوگا اور یہ اضحیہ دم شکر کے قائمقام نہیں ہے۔

واذا تمتعت المرأة فضحت بشاة لم یجزها عن المتعة لانها أتت بغیر الواجب ــــــــ وکذلک الجواب فی الرجل" وانما خصت المرأة لان السائلة کانت امرأة فوضعت المسئلة علی ما وقع۔ واما لان الغالب من حالهن الجهل۔ ونیة التضحیة فی هدی المتعة لا تکون الا عن جهل۔ ثم لما لم یجزها عن دم المتعة کان علیها دمان سوی ما ذبحت دم المتعة الذی کان واجبا علیها ودم آخر لانها قد حلت قبل الذبح (عنایة علی هامش فتح القدیر ص۴۳۶ ج۲)

لیکن پھر اگر ایام نحر ہی میں دم شکر ذبح کرتا ہے تو اگر اس سے قبل حلق کرا چکا ہے تو اس پر مزید ایک دم آئے گا اور اگر حلق نہیں کرایا تھا تو فقط ایک دم شکر ذبح کرنا ہوگا اور اگر ایام نحر کے بعد دم شکر ذبح کرے تو اس پر مزید دو دم آئیں گے۔ ایک تاخیر کا، دوسرا جنایت کا کہ ذبح سے قبل حلق کرایا تھا۔

ودمان لو حلق القارن قبل الذبح۔ ای یجب دمان عند ابی حنیفة۔ بتقدیم القارن او المتمتع الحلق علی الذبح وعندهما یلزمه دم واحد وقد نص ضابط المذهب محمد بن الحسن فی الجامع الصغیر علی ان احد الدمین دم القران والآخر لتأخیر النسک عن وقته وان عندهما یلزم دم القران

فقط الخ (البحر الرائق ص۲۶ ج۳) . فان حلق القارن قبل ان یذبح فعلیہ دمان عند أبی حنیفۃ رح دم بالحلق فی غیر أوانہ لان أوانہ بعد الذبح ودم لتأخیر الذبح عن الحلق. وعندھما یجب دم واحد وھو الاول الی قولہ فنسبہ صاحب غایۃ البیان الی التخبیط لکونہ جعل احد الدمین ھنا دم الشکر والاخر دم الجنایۃ وھو صواب . وفیما یأتی اثبت عند ابی حنیفۃ دمین آخرین سوی دم الشکر ونسبہ فی فتح القدیر ایضاً الی السھو - ولیس کما قال بل کلامہ صواب فی الموضعین (بحر الرائق ص۳۸۹ ج۲)

البتہ صاحبین رح کے نزدیک فقط ایک دم شکر ہی ہوگا خواہ ایام نحر میں کرے یا ایام نحر کے بعد - فیجب دمان علیٰ قارن ان حلق قبل ذبحہ . دم للحلق قبل أوانہ ودم لتأخیر الذبح عن الحلق وعندھما دم واحد وھو الاول فقط (شرح وقایہ ص۳۴۷ ج۱)

ومنھا ان من اخر اراقۃ دم المتعۃ او القران حتیٰ مضت ایام النحر لزمہ دم لتاخیرہ عن وقت التقدیم لا التأخیر عند ابی حنیفۃ وعندھما لا دم علیہ (تاسیس النظر ص۵)

سوال میں ذکر کردہ دو دو دم کسی بھی امام کا قول نہیں یا تو ایک دم ہوگا یا تین ۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

---

اس کے بعد حضرت مولانا منظور احمد صاحب مدظلہ، کا دوبارہ خط موصول ہوا وہ خط مع جواب درج ذیل ہے ۔

محترم حضرت قبلہ مفتی عبدالستار صاحب . زیدت معالیکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مزاج شریف!

جناب کا مرسلہ جواب موصول ہوا لیکن ابھی پوری تشفی نہیں ہوئی جیسا کہ راقم نے تحریر کیا تھا کہ حجاج کرام کی غالب اکثریت "ھدی" یعنی دم شکر کو نہیں جانتی وہ سنتِ ابراہیمی والی قربانی

کی نیت سے ہی جانور ذبح کرتے ہیں اب دمِ شکر تو اسپر بہرحال عمر بھر واجب رہے گا۔ اب سوال یہ ہے کہ دمِ شکر کے علاوہ مفتیٰ بہ قول کے مطابق اسپر دو دمِ جنایت کے واجب ہیں جیسا کہ بظاہر امام صاحب کے قول سے معلوم ہوتا ہے یا ایک دمِ جنایت ہوگا جیسا کہ صاحب غایۃ البیان اور صاحب فتح القدیر نے دو دمِ جنایت میں سہو اور تخبیط کا قول کیا ہے یا پھر فتویٰ صاحبین کے قول پر ہوگا کہ ایسے حاجی پر صرف دمِ شکر ہی واجب ہے اور کوئی دمِ جنایت واجب نہیں ہے۔

تاسیس النظر ص۳ کی عبارت کے علاوہ جو عبارتیں نقل کی گئیں ہیں۔ ان میں یہ صراحت بھی نہیں ہے کہ یہ صورتِ مسئلہ ایامِ نحر گزرنے سے بعد کی ہے یا ایامِ نحر گزرنے سے قبل کی ہے پھر تاسیس النظر کی عبارت جس میں یہ تصریح ہے کہ ایام نحر اگر گزر گئے ہیں تو صرف ایک دم دمِ جنایت تاخیر کا امام صاحب کے نزدیک ہوگا۔ دو دم نہیں ہیں اور صاحبین کے نزدیک ہر دو صورتوں میں (ایام نحر گزرنے سے قبل یا بعد) اس پر کوئی دمِ جنایت نہیں بلکہ صرف دمِ شکر ہی واجب ہے۔

اب تین اقوال میں مفتی بہ قول کونسا ہے۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ اس مسئلہ میں شدید قسم کا عموم بلویٰ ہے اور یہ غلط فہمی کتابوں والوں نے ڈالی ہے اس لئے اس میں ان "مظلوم" حجاج کی جس قدر رعائیت ممکن ہو کرنی چاہیئے کیونکہ اس غلطی سے وہ کسی حد تک معذور ہیں۔ انہیں ایک تو لفظ "قربانی" سے غلطی لگتی ہے۔ دوسری "مقام قربانی" سے جو کہ منیٰ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کی جگہ ہے اور تیسری سب سے بڑی غلطی کہ جو کتابیں حج سے متعلقہ انہیں دی جاتی ہیں جن پر بڑے بڑے مفتی حضرات کی تصدیقات بھی درج ہیں۔ ان میں صراحت کر دی گئی ہے کہ "تیسرا واجب قربانی" "یہ اس عظیم قربانی کی یاد میں ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کی قربانی دی تھی۔ اب بے چارہ حاجی ان تین اغلاط کی وجہ سے اس دمِ شکر کو سنتِ ابراہیمی والی قربانی سمجھتا ہے یہ علماء کا فرض ہے کہ وہ وضاحت سے یہ فرق ان کو سمجھائیں اور کتابوں میں اس غلطی کی درستگی کرائیں۔ بینوا توجروا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**الجواب**: مخدوم و مکرم حضرت مولانا منظور احمد صاحب زید مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، استفتاء کا جواب ارسالِ خدمت ہے کوئی شبہ ہو تو تحریر

فرمادیں۔ دعاؤں کی درخواست ہے۔

مسئلے کی وضاحت تو کامل طور پر کر دی گئی تھی نہ معلوم تشفی کیوں نہ ہو سکی۔ بہر حال زیرِ بحث صورت میں تین دم واجب ہوں گے ایک دم شکر دوسرا دمِ جنایت ( یعنی حلق قبل الذبح کا ) تیسرا دمِ تاخیر کہ دم شکر کو ایام النحر سے مؤخر کر دیا۔ یہ حضرت امام ابو حنیفہ صاحبؒ کا قول ہے اور اصولی طور پر یہی راجح ہے۔ "لکونه قول الامام ولکونه فی المتون"۔ علامہ ابن عابدینؒ عقود رسم المفتی ص۳۲ میں وجوہِ ترجیح بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:- "او کان فی المتون او قول الامام او ظاهر المروی او جل العظام" اور اس کے مقابلے میں صاحبینؒ کا قول ایسا نہیں لیکن صاحبِ اجتہاد اس قول کو ترجیح دے تو اس کی ذمہ داری اس پر ہے۔ باقی رہا صاحب غایۃ البیان اور ابنِ ہمامؒ کا کلام سو اسکی تفصیل یہ ہے کہ ہدایہ کی عبارت درجِ ذیل ہے۔

فان حلق القارن قبل ان یذبح فعلیه دمان عند ابی حنیفة دم بالحلق فی غیر اوانه لان اوانه بعد الذبح و دم بتاخیر الذبح عن الحلق ص۱۵۷ ج۱

سے دم شکر کے علاوہ جنایت کے دو دموں کا واجب ہونا معلوم ہوتا تھا اگرچہ حاجی نے دم شکر ایام نحر ہی میں ذبح کر دیا ہو جبکہ ذبح سے قبل حلق کرا چکا تھا یعنی صرف حلق قبل ذبح میں ہی دو جنایتیں پائی گئیں ایک تقدیم " حلق علی الذبح " اور دوسری تاخیر ذبح عن الحلق " صاحبِ غایۃ البیان نے ہدایہ کے اس مسئلے میں تخبیط پر تنبیہ کیا ہے کہ اس جنایت میں صرف ایک دم واجب ہوگا۔ دو دم واجب ہوں گے۔ ( جبکہ دم شکر ایام نحر میں ذبح کر دیا ہو۔ اور صاحب بحرؒ نے بھی یہی کہا ہے اور صاحبِ ہدایہ کی عبارت کا جواب یہ دیا ہے کہ ہدایہ کا یہ جزئیہ ایک دوسری مرجوح روایت پر مبنی ہے اس لئے تخبیط نہیں۔ گو راجح دوسری روایت ہے کہ حلق قبل الذبح کی صورت میں صرف ایک جنایت ہو گی نہ کہ دو۔

واضح رہے کہ ہمارے سابقہ فتویٰ میں دم شکر کے علاوہ جو دو دم واجب کئے گئے یہ ہدایہ کے اس جزئیہ پر مبنی نہیں۔ مخفی نہ رہے کہ ہدایہ کے جزئیہ کے مطابق زیرِ بحث صورت میں چار دم واجب ہونے چاہیئے ۱۔ دم شکر ۲۔ جنایت حلق قبل الذبح ۳۔ جنایت تاخیر الذبح عن الحلق ۴۔ تاخیر دم شکر عن ایام النحر۔

بہر حال سابقہ فتویٰ میں تخبیط والے جزئیہ کو نہیں لیا گیا بلکہ اس کے مقابلے میں جو صحیح روایت تھی اسے لیا گیا تھا باقی رہا دمِ شکر کو ایام نحر سے مؤخر کرنے پر امام صاحبؒ کے ہاں مستقل ایک دم کا واجب ہونا صرف تاسیس النظر ہی میں نہیں بلکہ دوسری کتابوں میں بھی صراحتاً ایسے ہی منقول ہے اور واضح رہے کہ یہ دم تاخیر اس دم کے علاوہ ہے جو نفسِ تاخیر ذبح عن الحلق سے واجب ہوا تھا۔ یہ دونوں الگ الگ جنایتیں ہیں۔ عبارات درج ذیل ہیں:

ویتعین یوم النحر أی وقته وهو الایام الثلاثة لذبح المتعة والقران فقط فلم یجز قبله بل بعده وعلیه دم. قوله بل بعده أی بل یجزئه بعده أی بعد یوم النحر أی أیامه الا أنه تارک للواجب عند الامام فیلزمه دم للتأخیر. أما عندهما فعدم التاخیر سنة حتی لو ذبح بعد التحلل بالحلق لا شیئ علیه اھ
(شامی باب الهدی ص۲۷۱ ج۲)

ولا یجوز ذبح هدی المتعة والقران الا فی یوم النحر کذا فی الهدایة حتی لو ذبح قبله لا یجوز اجماعا وبعده کان تارکاً للواجب عند الامام فیلزمه دم هکذا فی البحر الرائق (عالمگیری ص۲۶۱ ج۱)

نیز صورتِ مسئولہ میں تین دم کے واجب ہونے کے بارے میں درج ذیل عبارت بھی ملی ہے۔

وفی الکبیر اذا حلق القارن قبل الذبح وأخر اراقة الدم عن ایام النحر ایضا ینبغی ان یجب علیه ثلاثة دماء. دم لحلقه قبل الذبح ودم لتأخیر الذبح عن ایام. ودم للقران او التمتع.

(غنیة الناسک ص۵۰ بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ ص۲۳۱ ج۵) فقط واللہ اعلم

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ، ۲۰ محرم ۱۴۱۷ھ

---

## اُجرت لے کر کسی کی طرف سے حج کرنا:

زید پر حج فرض ہے۔ وہ معذور ہونے کی بناء پر جا نہیں سکتا۔

اس نے بکر کو کہا کہ آپ میری طرف سے حج بدل کر آئیں ۔بکر نے کہا کہ اتنے عرصہ میں اپنے کاروبار کو چھوڑوں گا، اور اہل وعیال سے دور رہوں گا ۔اس کا معاوضہ بھی آپ کو کچھ دینا ہوگا تو کیا اسطرح بکر کو حج پر بھیجنا درست ہے ؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں بکر کے لئے معاوضہ لینا درست نہیں ہے کیونکہ فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے حج پر اُجرت لینے کو ناجائز قرار دیا ہے ۔لہٰذا کسی ایسے صالح آدمی کو بھیجا جائے جو کہ محض اللہ کی رضا کے لئے یہ فریضہ سرانجام دے ۔یا بکر کو مسئلہ سمجھا دیا جائے البتہ زید پر آنے جانے وغیرہ کا خرچ دینا لازم ہے ۔

وذکر الاسبیجابی انہ لا یجوز الاستئجار علی الحج ولا علی شیئ من الطاعات (الیٰ قولہ) ولہ من الاجر مقدار نفقۃ الطریق فی الذھاب والمجیئ اھ (بحر الرائق ص۲۳ ج۳) ۔ فقط واللہ اعلم ،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ ،

## مدینہ منورہ سے واپسی پر عمرہ کے لئے جدہ سے احرام باندھا تو دم واجب نہیں ہوگا

کیا فرماتے علماء دین دریں مسئلہ کہ ایک آدمی عمرہ کے لئے گیا ہوا ہے ۔عمرہ کرنے کے بعد مدینہ منورہ چلا گیا ۔جب دن ختم ہو گئے تو واپسی کے لئے جدہ پہنچا تو معلوم ہوا کہ جہاز میں کچھ تاخیر ہے ۔جی میں آیا کہ کچھ وقت ہے اس سے فائدہ اٹھالوں ۔ وہیں جدہ سے احرام باندھ کر عمرہ کرنے آگیا عمرہ ادا کرنے کے بعد پھر جدہ آیا اور اس دوران اس کو کسی نے کہا کہ تیرے اوپر ایک دم لازم آگیا ہے کہ تو نے جدہ سے احرام کیوں باندھا ہے ۔کیا اس پر دم ہے یا نہیں ؟

**الجواب** برتقدیر صحت واقعہ صورت مسئولہ میں اگر جدہ سے عمرہ کے لئے احرام باندھا تو اس صورت میں دم واجب نہیں ہے ۔ درمختار علی الشامیۃ میں ہے ۔

میقاتہ الحل الذی بین المواقیت والحرم ۔المیقات لمن بمکۃ للحج الحرم وللعمرۃ الحل ص۱۶۳ ج۲ ۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

## کنکریاں جمرہ سے دُور جاگریں تو دم کا حکم : ایک شخص نے رمی کی مگر بعد میں پتہ چلا

کہ کنکریاں جمرہ سے ایک گز کے فاصلے پر گرتی رہیں جمرہ کو نہیں لگیں، اس کے بعد ذبح کرنے کے بعد حلق بھی کرالیا۔ کیا اس پر کوئی دم وغیرہ واجب ہوگا ؟

**الجواب** اگر کنکریاں ایک گز کے فاصلے پر جمرہ کے قریب جا کر پڑیں تو رمی صحیح ہوگی دم وغیرہ واجب نہ ہوگا۔ (کما فی الدر المختار ص۱۶۸ ج۲)

ان وقعت بنفسہا بقرب الجمرة جاز والا لا و ثلثة اذرع بعید ومادونہ قریب جوھرة۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،
خیر محمد عفا اللہ عنہ،

بندہ عبداللہ غفر لہ،
۲/ ۳/ ۱۳۷۵ھ

## عورت کے پاس محرم کا کرایہ نہ ہو تو حج واجب نہیں ہوگا

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارہ میں کہ ایک عورت جس کی عمر ۷۵ سال ہے وہ حج کرنا چاہتی ہے مگر محرم کا کرایہ نہیں ہے کیا اس کے حج کرنے کی کوئی صورت ہو سکتی ہے اگر ہو تو تحریر فرمائیں۔

**الجواب** جس عورت کے ساتھ محرم نہ ہو یا محرم ہو لیکن اس کے کرایہ کی گنجائش نہ ہو تو اس عورت پر حج فرض نہیں ہے۔

اما شرائط وجوبہ فمنہا الاسلام ومنہا العقل الی قولہ ومنہا المحرم للمرأة شابة کانت او عجوزا اذا کانت بینہا و بین مکة مسیرة ثلاثة أیام ثم ذکر بعد اما شرائط صحة أدائہ فثلاثة الاحرام والمکان والزمان۔ (ہندیہ ص۲۱۸ ج۱ کتاب الحج)

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ غفر لہ،

فقط واللہ اعلم،
بندہ محمد صدیق غفر لہ،

## محصر نے ہدی بھیجے بغیر احرام کھول دیا تو حلال نہ ہوگا:

زید نے عمرے کا احرام باندھا اور حالت احصار میں بغیر ھدی بھیجے بجانب حرم احرام کھول دیا اب زید کے لئے کیا حکم ہے؟ چونکہ احرام تو کھول چکا ہے کیا ہدی واجب ہے؟ اور ہدی کو حرم میں بھیجنا ضروری ہے؟ یا اپنے ملک میں ہی ذبح کردے؟ بعد از ذبح یہ صدقہ ہوگا یا خیرات یعنی اس سے زید گوشت کھا سکتا ہے؟

**الجواب** صورت مذکورہ میں زید پر لازم ہے کہ وہ ہدی حرم بھیج دے یا اس کی قیمت کسی کو دے تاکہ وہ اس سے ھدی خرید کر وہاں ذبح کر دے اور تاریخ متعین کرے اس کے بعد تحلیل کرے ویسے احرام کھولنے سے حلال نہ ہوگا اسی حالت احصار میں جو جنایت خلاف احرام کرے گا تو دم وغیرہ لازم ہوگا اور اس کا کھانا جائز نہیں ہے۔ ہندیہ میں ہے۔

فهو ان يبعث بالهدى اوبثمنه ليشترى به هديا ويذبح عنه وما لم يذبح لا يحل وهو قول عامة العلماء سواء شرط عند الاحرام الاحلال بغير ذبح عند الاحصار أولم يشترط ويجب أن يواعد يوما معلوما يذبح عنه فيحل بعد الذبح ولا يحل قبله حتى لو فعل شيأ من محظورات الاحرام قبل ذبح الهدى يجب عليه مايجب على المحرم اذا لم يكن محصرا (عالمگیری ص۲۵۵ ج۱)

ولا يجوز الاكل من بقية الهدايا كدماء الكفارات والمنذور وهدى الاحصار (عالمگیری ص۲۶۲ ج۱)۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

---

## متمتع عمرہ کے بعد حج سے پہلے جماع کرلے تو کچھ واجب نہ ہوگا

ایک مرد بیوی حج کرنے گئے اور دونوں نے عمرے کا احرام باندھا جب احکام عمرہ

ادا کر لئے اور سر کے بال کٹوا لینے کے بعد احرام کھولا اور حج کے احرام میں دن ابھی باقی رہتے تھے تو وہ مکہ مکرمہ میں پندرہ دن مقیم رہے اسی دوران مرد نے اپنی بیوی سے ہمبستری کی اسکے بعد پھر دوسرا احرام عمرے کا تنعیم سے باندھا وہ عمرہ بھی ختم ہو گیا بعد میں دونوں نے حج کا احرام باندھا اب بتائیں کہ ۱۔ان دونوں میاں بیوی کا عمرہ اور حج ادا ہو گیا یا نہ تمتع ہوا یا نہ ۲۔ان پر دم وغیرہ ہے یا نہ ؟

**الجواب** ۱۔صورتِ مذکورہ میں دونوں کا حج تمتع ہو گیا جماع کرنے سے اس پر کچھ اثر نہیں پڑے گا۔

داقام بمکة حلالاً ثم یحرم للحج دفی الشامیة افاد انه یفعل ما یفعله الحلال فیطوف بالبیت ما بدا له ولیعتمر قبل الحج.( ۱۹۵ ج۲ )

۲۔ان پر دو دمِ شکر واجب ہیں۔ وفی الدر المختار وواجبه نیف وعشرون..... الی قوله وذبح الشاة للقارن والمتمتع اھ

(شامیہ ج۱ ص۱۴۹ مطبوعہ بیروت)

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،
رئیس دارالافتاء جامعہ خیر المدارس ملتان

## میّت کی طرف سے حج کرنے سے اسکا اپنا فرض ساقط ہو جائے گا یا نہیں؟

المرام اینکہ حامل رقعہ ہذا کے پاس ایک کتاب ہے۔ "علم الفقہ" مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے کہ بیٹا اگر اپنے ماں باپ کی طرف سے حج کرے تو اس کے والدین کا بھی حج ادا ہو جاتا ہے اور اس کا اپنا فریضہ بھی ادا ہو جاتا ہے۔ عبارت پر نشان لگے ہوئے ہیں۔

۲۔ ایک شخص کی بیوی فوت ہو چکی ہے۔ وہ اسکی طرف سے حج کرواتا ہے، حالانکہ متوفیہ پر اسکی زندگی میں حج فرض نہیں ہوا تھا اور نہ اس نے وصیّت کی تھی۔ کیا اسکی بیوی کو ثواب

ملے گا۔ یہ حج کون سا ہوگا نفلی یا فرض۔ اور حج کروانے والے نے حج کرنے والے کو عام اجازت دے دی ہے، چاہے قران کرے یا تمتع یا افراد۔ لہٰذا اب حج کرنے والے پر کوئی پابندی تو نہیں کہ فلاں قسم کا حج کرے اور فلاں قسم کا نہ کرے۔ جب کہ یہ حج صرف ثواب پہنچانے کے لئے کرایا جاتا ہے۔

۳۔ جس سے حج کروایا جارہا ہے کیا اس پر بیت اللہ جانے کے بعد حج فرض ہو جائے گا؟

**الجواب** ۱۔ اگر والدین پر حج فرض تھا اور بدوں وصیت کئے فوت ہو گئے، اب کوئی وارث انکی طرف سے حج فرض ادا کرتا ہے تو انشاء اللہ میت کا حج فرض ساقط ہو جائے گا اور ظاہر یہی ہے کہ وارث سے حج فرض ساقط نہیں ہوگا۔ ہاں میت پر حج فرض نہیں تھا تو وارث کا حج ہو جائے گا۔ (کما فصلہ فی الشامیۃ ص ۳۲۷ ج ۲)

۲۔ اس حج کا ثواب بیوی کو ملے گا۔

کما یظہر من ہذہ العبارۃ ومبناہ علی ان نیتہ لہما تلغو لعدم الامر فہو متبرع فتنقح الاعمال عنہ البتۃ وانما یجعل لہما الثواب وترتبہ بعد الاداء فتلغو نیتہ قبلہ فیصح جعلہ بعد ذلک لاحدہما اولہما ولا اشکال فی ذلک اذا کان متنفلاً عنہما (شامی ص ۳۲۶ ج ۲)

۳۔ ایسے شخص پر حج فرض ہوگا یا نہیں، اس میں علماء کا اختلاف ہوا ہے۔ بعض فرضیت کے قائل ہیں اور بعض اس کی نفی کرتے ہیں (شامیہ ص ۳۲۲ ج ۲) اس لئے ایسے شخص کو چاہیئے کہ عملی لحاظ سے احتیاطاً حج کو اپنے ذمہ سمجھے۔

بحث کے آخر سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر خلاف قیاس سقوط عن الوارث کا بھی اعتراف کر لیا جائے تو فضل خداوندی سے کچھ بعید نہیں۔ لیکن معاملہ ادائے فرض کا ہے، اس لئے احتیاط لازم ہے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ — محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

## احرام باندھ کر سیدھے مدینے جانا اور محظورات احرام کے ارتکاب کا حکم

میری والدہ صاحبہ کو ایک عورت کے ہمراہ کراچی سے ہوائی جہاز پر روانہ کر دیا گیا عمرہ کے لئے اور احرام بھی باندھ دیا گیا۔ مگر جدہ میں بجائے میرے والد صاحب کے ایک اور غیر محرم رشتے دار وصول کرنے آئے ہوئے تھے۔ جو دونوں عورتوں کو عمرہ کرانے کے لئے سیدھا مدینہ منورہ لے گئے۔ وہاں جاکر والدہ صاحبہ نے اپنے آپ کو احرام سے فارغ کر دیا۔ اپنے اوپر احرام تصور ہی نہیں کیا۔ منافی احرام افعال کرتی رہیں۔ پھر کچھ دنوں بعد نئے احرام کے ساتھ والد صاحب کے ہمراہ عمرہ کرنے گئیں۔ نئے عمرہ کی نیت تھی، قضاء کی نہیں کی۔ اس صورت میں عمرہ کی قضاء، دم وغیرہ جو حکم ہو تحریر کریں؟

**الجواب** اگر بیوی نے خاوند کی اجازت کے بغیر احرام باندھا تھا اور خاوند کے حکم سے محظوراتِ احرام کا ارتکاب کیا ہے تو وہ عورت ہدی بھیجے بغیر ہی احرام سے فارغ ہو جائے گی اور اس کے لئے احرام سے نکلنے کے لئے افعال عمرہ شرط نہیں خاوند کے لئے اس تحلیل کی شرعاً اجازت ہے۔ حج فرض اور احرام بالاذن کی صورت میں حلال کرنے کی اجازت نہیں۔ درمختار میں ہے:

اشتری محرمة ولو بالاذن لہ أن یحللہا الی ان قال وکذا لو نکح حرة محرمة بنفل بخلاف الفرض ان لہا محرم والا فھی محصرة فلا تتحلل الا بالھدی ولو اذن لامرأتہ بنفل لیس لہ الرجوع لملکہا منافعہا الخ۔ اس پر علامہ شامی فرماتے ہیں۔

وأفاد أیضا أنہ لا یتوقف تحلیلہا علی أفعال الحج بل تخرج من الاحرام بمجرد ماھو من المحظورات (ص ۳۴۷ ج باب الھدی)

عورت پر حلال ہونے کی وجہ سے عمرہ کی قضاء اور ایک ہدی بھیجنا واجب ہے۔

فقط واللہ اعلم۔
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

# موجودہ دور میں بھی عورت بلا محرم سفرِ حج نہ کرے

مکرمی محترمی جناب حضرت مولانا صاحب !

السلام علیکم۔ اُمید ہے کہ مزاجِ گرامی بعافیت ہوں گے۔ جب بھی حج کا زمانہ قریب آتا ہے عورتوں کے لئے حج کا مسئلہ ضرور زیرِ بحث آتا ہے کہ کیا اس زمانہ میں عورت بغیر محرم کے سفرِ حج کر سکتی ہے۔ کیونکہ اس زمانہ میں بہت سی ایسی آسانیاں ہو گئی ہیں جن کا پہلے زمانہ میں تصوّر بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ مثلاً پہلے زمانہ میں سفر پیدل یا اونٹ اور گھوڑے پر ہوتے تھے۔ جن پر بیٹھنے اور اُترنے کے لئے عورت کو سہارے کی ضرورت ہوتی ہے اور عورت کو سہارا صرف محرم مرد ہی دے سکتا ہے۔ جس کی اس زمانے میں ضرورت نہیں ہے۔ یہ اور اس قسم کے دوسرے مسائل ہیں جس میں آپ کی رہنمائی کی ضرورت ہے مجھے اُمید ہے کہ آنجناب اپنے قیمتی وقت میں سے کچھ وقت نکال کر میری معروضات پر غور فرما کر قرآن حدیث اور فقہائے اُمت کے فتاویٰ کی روشنی میں رہنمائی فرمائیں گے۔

فقہائے امت نے حج کے لئے دو قسم کی شرائط متعین فرمائی ہیں — پہلی قسم کی شرائط کا تعلق حج کے واجب ہونے سے ہے۔ دوسری قسم کی شرائط کا تعلق ادائے ارکان حج سے ہے۔

ہر مسلمان مرد عورت جس پر بھی یہ شرائط پوری ہو جائیں گی اس پر حج فرض ہو جائیگا۔ ان شرائط پر تمام فقہائے اُمت متفق ہیں۔ یہ سات شرطیں ہیں۔

۱۔ مسلمان ہونا ۲۔ بالغ ہونا ۳۔ عاقل ہونا ۴۔ آزاد ہونا ۵۔ استطاعت اور قدرت ہونا ۶۔ وقت کا ہونا ۷۔ دار الحرب میں رہنے والے مسلمان کو حج کی فرضیت کا علم ہونا ان شرائط میں عورت کے لئے علیحدہ کوئی شرط نہیں ہے جو بھی ان شرائط پر پورا اُترے گا مرد ہو یا عورت اس پر حج فرض ہو جائے گا۔ اب یہ کہ عورت سفر فرض حج محرم کے ساتھ کرے یا بغیر محرم کے اکثر محدثین کرام نے فرض حج کے سفر میں عورت کو بغیر محرم کے سفر کرنے کی اجازت دی ہے ان محدثین کرام میں امام مالکؒ۔ امام ترمذیؒ ۔ امام بخاریؒ امام احمد رحمۃ اللہ علیہم وغیرہ شامل ہیں۔ ان

محدثین کرام نے فرمایا ہے کہ فرض حج ادا کرنے کے لئے عورت بغیر محرم کے سفر کر سکتی ہے مگر شرط یہ ہے کہ عورت تنہا سفر نہ کرے بلکہ اس قافلہ کے ساتھ سفر کرے جس میں ثقہ مرد اور عورتیں شامل ہوں۔ اسلئے کہ جان بوجھ کر فرض حج ترک کرنے میں گناہِ عظیم ہے

دوسری قسم کی شرائط کا تعلق حج کے واجبات ادا کرنے سے ہے اور یہ پانچ شرطیں ہیں ۱۔ تندرست ہونا ۲۔ راستہ کا پُرامن ہونا ۳۔ قید نہ ہونا یا حکومتِ وقت کی طرف سے پابندی نہ ہونا ۴۔ عورت کا عدت میں نہ ہونا ۵۔ ادائے واجبات حج کے وقت عورت کے ساتھ محرم کا ہونا۔ ان پانچ شرائط میں فقہاء کا سب سے زیادہ اختلاف عورت کے لئے محرم کے بارے میں ہے، کچھ فقہاء کہتے ہیں کہ عورت کے ساتھ محرم کا ہونا وجوب حج کی شرط ہے۔ لیکن قاضی خان نے تصریح کی ہے کہ یہ وجوب ادا کی شرط ہے، محقق ابن ہمام نے فتح القدیر میں اسی کو ترجیح دی ہے کہ یہ وجوب ادائے حج کی شرط ہے اور اکثر مشائخ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ بزاز نے اپنی مسند میں ایک حدیث نقل کی ہے جس کی روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کی ہے کہ معبدِ جُہنی نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا کہ کوئی عورت اس وقت تک حج نہ کرے جبتک اس کے ساتھ اس کا خاوند یا محرم نہ ہو تو معبد جُہنی نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عورت تو حج کے لئے گئی ہے اور میں یہاں جہاد میں آپکے ساتھ ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جہاد چھوڑ دو اور اپنی عورت کو جا کر حج کراؤ۔

اس حدیث سے بھی یہی معلوم ہوا کہ ادائے واجبات حج میں محرم کا ہونا ضروری ہے نہ کہ سفر حج میں ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم معبد جُہنی سے یہ فرماتے کہ تم نے بغیر محرم کے اس کو حج کے سفر میں بھیج کر غلطی کی اب اس کو جا کر حج کراؤ بلکہ یہ فرمایا کہ تم جہاد چھوڑ دو اور جا کر واجبات حج اپنے ساتھ ادا کراؤ۔

اس حدیث کی روشنی میں اور شرائط واجبات ادائے حج کی روشنی سے یہ واضح ہوتا ہے کہ عورت کا محرم اگر پہلے سے وہاں موجود ہے یا کسی اور جگہ سے وہاں آکر اس عورت کے ساتھ حج کرے گا تو یہ عورت بغیر محرم کے فرض حج کے لئے سفر کر سکتی ہے مگر اس شرط کے

ساتھ کہ قافلہ میں ثقہ مرد اور عورتیں شامل ہوں۔ تنہا مرد کے ساتھ یا ایسے قافلے کیساتھ جس میں عورتیں شامل نہ ہوں سفر نہیں کر سکتی اگرچہ ایک حدیث یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ سے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے شوہر حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو مکہ معظمہ پیغام بھیجا کہ تم کسی کے ساتھ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو مدینہ منورہ بھیج دو اور حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے غیر محرم کے ساتھ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو مدینہ منورہ بھیج دیا۔

اس حدیث میں دو باتیں قابلِ غور ہیں پہلی بات یہ کہ وہ زمانہ ایسا شر و فساد کا نہ تھا دوسرے یہ کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی تھیں جن کا احترام واکرام تمام اُمت کرتی تھی۔

ان معروضات کا خلاصہ یہ ہے کہ ۱۔ عورت فرض حج کے لئے بغیر محرم کے اس قافلہ میں سفر کر سکتی ہے کہ جس قافلہ میں ثقہ عورتیں اور مرد شامل ہوں تنہا سفر نہیں کر سکتی یا اس قافلہ میں شرکت نہیں کر سکتی جس میں ثقہ عورتیں شامل نہ ہوں۔

۲۔ دوسرے یہ کہ عورت بغیر محرم کے واجباتِ حج ادا نہیں کر سکتی چاہے محرم وہاں پہلے سے موجود ہو یا کہیں اور جگہ سے وہاں پہنچ جائے۔

مطلب یہ ہے کہ اگر حج فرض ہے تو سفرِ حج بغیر محرم کے ہو سکتا ہے مگر واجبات حج بغیر محرم کے ادا نہیں ہو سکتے۔ مجھے اُمید ہے کہ آنجناب قرآن وسنّت اور فقہائے اُمت کے فتاویٰ کی روشنی میں میری رہنمائی فرمائیں گے۔ فقط، والسلام، مکرم علی

**الجواب** مذہبِ حنفی کے مطابق عورت خاوند یا محرم کے بغیر سفرِ حج نہیں کر سکتی، بلکہ مسافت شرعی سے کم سفر بھی اس فتنہ و فساد کے دَور میں حضرات شیخین کے فرمان کے مطابق دُرست نہیں۔

ولذا قال ابوحنیفۃ وابو یوسف رحمہما اللہ بکراھۃ خروجھا مسیرۃ یوم واحد واستحسن العلماء الافتاء بہ لفساد الزمان (اعلاء ص ۸ ج ۱۰)

اس قول کی تائید بخاری ومسلم کی روایت سے بھی ہوتی ہے۔

لا تحل لامرأۃ تؤمن باللہ والیوم الاخر تسافر مسیرۃ

یوم ولیلۃ الا مع ذی محرم (اعلاء ص۸ ج۱۰)

ایسے ہی دو یوم کے سفر میں ممانعت وارد ہے کما رواہ الشیخان عن ابی سعید الخدری لیکن اصل مذہب حنفی تین دن کے سفر کے بارے میں ہے کیونکہ اکثر روایات میں تین دنوں کا ذکر ہے۔ جب عام سفر شرعی محرم وخاوند کے بغیر درست نہیں تو اس سے سفر حج کو مستثنیٰ قرار دینے کی بظاہر کوئی وجہ نہیں۔ خصوصاً جبکہ سفر حج کے بارے میں بالتخصیص یہ حکم مؤکد طور پر وارد ہوا ہے۔ حدیث ابن عباس بطریق ابن جریج عن عمرو بن دینار قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تحجن امرأۃ الا ومعھا ذو محرم (اخرجہ الدار قطنی وصححہ ابو عوانہ)

اور اس حکم کے خلاف کوئی روایت موجود نہیں۔ ازواج مطہرات نے جو سفر حج کیا اس کا جواب امام صاحب رحمہ سے یہ منقول ہے کہ ازواج مطہرات چونکہ امہات المومنین ہیں اس لئے تمام لوگ ان کے لئے بمنزلہ محارم کے تھے کیونکہ محرم وہ ہی ہوتا ہے جس سے ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہو۔

امام احمد رح کا مشہور قول حنفیہ کے مطابق ہے۔ وتمسك احمد لعموم الحدیث فقال اذا لم تجد زوجا او محرما لا یجب علیھا الحج ھذا ھو المشھور عنہ، وعنہ روایۃ اخری کقول مالک رح وھو تخصیص الحدیث بغیر سفر الفریضۃ (اعلاء ص۹ ج۱۰)

نفلی حج میں سب حضرات محرم کو ضروری قرار دیتے ہیں۔ جب یہ تخصیص کسی روایت سے ثابت نہیں تو معتبر نہیں ہونی چاہیئے۔ باقی جناب نے نفس وجوب اور وجوب ادا کی بحث چھیڑی ہے وہ یہاں چنداں مفید نہیں کیونکہ وجوب ادا کا یہ معنی ہرگز نہیں کہ سفر تو بغیر محرم کے کرے اور ارکان حج کی ادائیگی کے وقت محرم یا زوج ساتھ ہو جائے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ عورت پر زاد وراحلہ پر قدرت کے بعد نفس فرضیت ایک قول کے مطابق ہو جائے گی۔ لیکن گھر سے حج کی ادائیگی کے لئے روانگی کا وجوب محرم یا زوج مہیا ہونے کے بعد ہوگا۔ جبکہ دوسرے حضرات کا فرمان یہ ہے کہ زاد وراحلہ پر قدرت کے باوجود محرم کے بغیر حج فرض

ہی نہیں جس حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ سے آپ نے استدلال کیا ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری میں اس کے الفاظ درج ذیل نقل کئے ہیں۔

لا تسافر المرأة الا مع ذی محرم فقال رجل انی ارید ان اخرج فی جیش کذا وکذا وامرأتی ترید الحج فقال اخرج معہا (اعلاء ج۱۰ فتح ج۴ ص۶۶)

حدیث پاک کے ان الفاظ سے اس امر کی وضاحت ہوگئی کہ یہ صاحب ابھی جہاد میں شریک نہ تھے اور انکی بیوی کا بھی سفر شروع نہ ہوا تھا صرف پروگرام تھا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اخرج معہا بظاہر واقعہ ایک ہی ہے۔ راوی یا مترجم نے مجاز سے کام لیا یا تسامح واقع ہوا ہے۔ تفسیر میں اس حدیث پاک کے الفاظ اس کے قریب قریب ہیں۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے سفر ہجرت کنانہ بن ربیع کے ساتھ کیا مقام بطن یا جج سے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ اور ایک انصاری رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا ان دونوں حضرات کو حضور علیہ السلام نے مقام بطن سے وصولی کے لئے بھیجا تھا مسئلہ ہجرت سے اس پر استدلال محلِ نظر ہے۔ اولاً اس لئے کہ بغیر محرم کے سفر کا ممنوع ہونا سابقاً ثابت نہیں۔

ثانیاً یہ سب کاروائی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ہوئی آپ کا حکم خود شریعت ہے

ثالثاً حضرات نے حج اور ہجرت میں فرق بیان کیا ہے۔ حاشیہ ابی داؤد میں ہے۔

والفرق بینہما ان اقامتہا فی دار الکفر حرام اذا لم تستطع اظہار الدین وتخشی علی دینہا ونفسہا ولیس کذلک التأخر عن الحج فانہم اختلفوا فی الحج ہل ہو علی الفور ام علی التراخی ج۱ ص۲۴۲)

حضرات فقہاء ومحدثین کی ایک جماعت نے محرم کو استطاعتِ سبیل میں شمار کیا ہے

ذہب الحسن۔ والنخعی۔ وابوحنیفۃ واصحابہ۔ واحمد واسحٰق و ابو ثور الخ ان المحرم او الزوج من السبیل فان لم تجد ہما فلا حج علیہا (اعلاء ج۱۰ ص۱)

علامہ ابن منذر رحمہ اللہ فرماتے ہیں امام مالک اور امام شافعی وغیرہ حضرات نے جو شرائط

ثقہ عورتوں وغیرہ کی لگائی ہیں۔ اس سلسلہ میں ان حضرات کے پاس کوئی دلیل نہیں۔

قال ابن المنذر وظاهر الحديث اولى ولا نعلم مع هولاء حجة توجب ما قالوا (اعلاء ص ۱۰ ج ۱۰)

امام ابو بکر رازیؒ فرماتے ہیں:

اسقط الشافعی اشتراط المحرم وهو منصوص عليه وشرط المرأة ولا ذكر لها (اعلاء ص ۱۱ ج ۱۰)

علامہ ظفر احمد عثمانی رح فرماتے ہیں۔

لوجاز لها ذلك لقال عليه السلام امض انت فيما اكتتبت فيه فلا حاجة لها اليك (اعلاء ص ۱۱ ج ۱۰)

محرم کی شرط میں جو اُتارنے اور سوار کرنے میں سہارے کا تذکرہ کیا جاتا ہے یہ اس حکم کی حکمت تو ہو سکتی ہے۔ اسے علّت قرار نہیں دیا جا سکتا لہذا اسپر حکم کا مدار نہیں اصل علّت تو فرمانِ نبوی ہے۔ نفسِ سفر میں اگرچہ بہت سہولتیں میسّر ہیں تاہم اس دور میں خطرات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ جہاز کا اغوار۔ بم دھماکوں کا سلسلہ نیز بیماری کا عذر بھی پیش آسکتا ہے

فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ، ۱۲ / ۳ / ۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## چند آدمیوں کا پیسے جمع کر کے کسی ایک کو قرعہ اندازی کے ذریعہ حج پر بھیجنا

بحوالہ جناب کے فتویٰ جس کا نقل لف ہے) عرض ہے کہ مسئلہ اصلاً غلط طور پر پیش کیا گیا ہے حقیقت یہ ہے کہ ازار تاجران برائے سبزی منڈی روڈ ملتان ملکہ ہر سال کچھ رقم اکٹھی کر کے بذریعہ قرعہ ایک شخص کو حج پر بھیجتے ہیں۔ اسی طرح اس سال ۲۰۰/- روپے فی کس کے حساب سے رقم اکٹھی کی۔ ہر معطی (عطیہ دینے والا) شخص کو قرعہ اندازی میں شامل کر کے ایک معطی کو حج پر بھیجنے کا یہ سلسلہ شرعاً کیسا ہے؟ محمد قاسم توقیر،

**الجواب** قرعہ اندازی کے ذریعہ حج پر بھیجنے کا طریقہ جائز نہیں ہے۔ اس لئے کہ کوئی شخص بھی ہدیہ، ھبہ یا تعاون کے طور پر رقم نہیں دیتا ہے بلکہ اس نیت سے دیتا ہے کہ شاید قرعہ اندازی میں اس کا نام نکل آئے۔ تو چونکہ اس صورت میں ہر شخص کا نفع و نقصان علی الخطر ہے۔ اس لئے یہ عمل قمار (جوا) میں داخل ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: انما الخمر والمیسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشیطٰن فاجتنبوہ الآیۃ۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ،

## حج بیچا نہیں جاسکتا:

ایک عرب ہمارے پاس آیا اس نے کہا کہ میں نے چار حج کئے ہوئے ہیں اور میں ایک حج بیچنا چاہتا ہوں اگر کوئی شخص لینا چاہے تو میں اسکو ایک حج سو روپے کے بدلے دیدوں گا تو ہم سے ایک نے چاہا کہ میں یہ حج والدہ متوفیہ کی طرف سے خرید لوں لیکن بعض لوگوں نے کہا یہ جائز نہیں ہے آخر کار اس پر فیصلہ ہوا کہ ہم اس کو ایک سو روپیہ خدا کے واسطے دیدیں اور یہ ہمیں ایک حج خدا کے واسطے دیدے۔ چنانچہ ایسا کیا گیا کیا ہمارا عمل درست ہے یا نہیں اگر اسطرح زندہ یا مردہ کی طرف سے حج خریدا جائے تو انکی طرف سے حج ادا ہوجاتا ہے؟

**الجواب** حج کی خرید و فروخت اسطرح ناجائز ہے نہ ہی اس سے ثواب پہنچ سکتا ہے اور نہ ہی فرض ادا ہوسکتا ہے فرض کی ادائیگی کے لئے ضروری ہے کہ کسی شخص کو روپیہ دے کر بہ نیت حج بدل روانہ کیا جائے اور اس کے لئے کافی شرائط ہیں جس کی تفصیل آپ علماء کرام سے دریافت فرماسکتے ہیں جو معاملہ آپ نے کیا ہے کہ اللہ کے واسطے آپ نے سو روپیہ دیدیا اور اس نے اللہ کے واسطے حج دے دیا اس سے بھی حج ادا نہیں ہوسکتا۔ دوبارہ کسی شخص کو یہاں سے روانہ کریں تب آپ کی والدہ کا فریضۂ حج ادا ہوگا۔

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۱۲ ربیع الاول ۱۳۷۶ھ

## طوافِ زیارۃ سے پہلے میقات سے نکل گیا تو کیا کرے

دس ذوالحجہ کو میں احرام کھولنے کے بعد شام کو طواف زیارت سے پہلے غالباً غلطی سے میقات سے باہر چلا گیا پھر جلد ہی چند منٹ کے بعد واپس آ گیا کیونکہ ۹، ذوالحجہ سے ۱۳ ذوالحجہ کے درمیان عمرہ جائز نہیں ہے تو اس صورت میں میرے لئے کیا حکم ہے گیارہ ذوالحجہ کو طواف زیارت اور طواف وداع بھی کر لیا تھا میں آفاقی ہوں یعنی میقات سے باہر رہتا ہوں جس میقات سے خطرہ ہے کہ باہر چلا گیا تھا یقین نہیں کہ واقعی باہر چلا گیا تھا۔ اب کیا حکم ہے؟

**الجواب:** صورت مسئولہ میں سائل پر عمرہ واجب ہے اسی میقات میں جا کر عمرہ کا احرام باندھے اور یہ نیت کرے کہ میں اسی عمرے کا احرام باندھتا ہوں جو صورتِ مسئولہ میں واجب ہو گیا تھا اس طرح عمرہ کر لینے کے بعد سائل بری الذمہ ہو جائے گا۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

## عورت کو حج بدل پر بھیجنا خلافِ اولیٰ ہے

زید پر حج فرض تھا مگر اس نے غفلت کی وجہ سے حج ادا نہیں کیا اب وہ ایسا بیمار ہو گیا ہے کہ گھر سے مسجد تک آنا بھی اس کے لئے مشکل ہے اس کے رشتہ داروں میں اسکی پھوپھی ہے جو بہت نیک ہے اور قرآن پاک پڑھاتی ہے زید اس کو حج بدل پر بھیجنا چاہتا ہے کیا اسے بھیجنا درست ہے۔

محمد یونس واثقی خان پوری

**الجواب:** افضل و بہتر تو یہ ہے کہ کسی ایسے مرد کو حج بدل کے لئے بھیجیں جو نیک ہو خوفِ خدا رکھتا ہو، حج کے مسائل کو خوب جانتا ہو اور اپنا حج ادا کر چکا ہو۔ مذکورہ عورت کو بھیجنے سے بھی فرض ادا ہو جائے گا۔

فجاز حج الصرورۃ بمهملة من لم يحج (والمرأة) ولو أمة

والعبد وغيره) كالمراهق وغيرهم أولى لعدم الخلاف. درمختار

أى خلاف الشافعى فانه لايجوز حجهم كما فى الزيلعى ح ولا يخفى ان التعليل يفيد ان الكراهة تنزيهية لان مراعاة الخلاف مستحبة فافهم وعلل فى الفتح الكراهة فى المرأة بما فى المبسوط من أن حجها أنقص اذ لا رمل عليها ولاسعى فى بطن الوادى ولا رفع صوت بالتلبية ولاحلق وفى العبد بما فى البدائع من أنه ليس أهلا لاداء الفرض عن نفسه وأطلق فى صحة احجاج العبد فشمل ما اذا كان باذن مولاه أولغير اذنه كما صرح به فى المعراج فافهم وقال فى الفتح أيضا والافضل أن يكون قد حج عن نفسه حجة الاسلام خروجا عن الخلاف ثم قال والافضل احجاج الحر العالم بالمناسك الذى حج عن نفسه الخ ص ۲۶۱، ۲۶۲ شامی ج ۲ . فقط واللہ اعلم ،

محمد انور

۱۴۱۷/۴/۳ھ

---

## حج کے فرائض و واجبات :

حج میں کتنی چیزیں فرض ہیں اور کتنے واجبات ہیں۔ اس بارے میں وضاحت فرمادیں .

المستفتی ، محمد اشرف وہاڑی ،

**الجواب** اما ركنه فشيئان . الوقوف بعرفة وطواف الزيارة لكن الوقوف أقوى من الطواف كذا فى النهاية . و أما واجباته فخمسة السعى بين الصفا والمروة والوقوف بمزدلفة ، ورمى الجمار . والحلق أو التقصير وطواف الصدر كذا فى شرح الطحاوى (ص ۲۱۹ ج ۱ ہندیہ)

حج کا رکن و فرض دو چیزیں ہیں۔ وقوف عرفہ اور طواف زیارۃ اور وقوفِ عرفہ اصل رکن ہے۔ واجباتِ حج پانچ ہیں ا۔سعی بین الصفا والمروۃ ۲۔ وقوفِ مزدلفہ ۳۔رمیِ جمار ۴۔حلق یا تقصیر ۵۔طوافِ صدر۔ فقط واللہ اعلم،

محمد انور ۲/۸/۱۴۰۹ھ

## آبِ زم زم سے پلید کپڑا دھونا جائز نہیں :

مکہ مکرمہ میں قیام کے دوران کسی مجبوری کے تحت زم زم کے پانی سے کپڑا پاک کر سکتے ہیں یا نہیں ؟ مُراد ناپاک کپڑا ہے اور زم زم کے پانی میں کفن کا کپڑا ترکر کے لانا درست ہے یا نہیں ؟

**الجواب** آب زم زم متبرک پانی ہے کپڑے یا بدن سے نجاستِ حقیقیہ زائل کرنے کے لئے اسے استعمال کرنا جائز نہیں ۔ہاں برکت کے لئے اس میں کپڑا بھگو کر لانا درست ہے ۔

قولہٗ یکرہ الاستنجاء بماء زمزم) وکذا ازالة النجاسة الحقيقية من ثوبه او بدنه حتى ذكر بعض العلماء تحريم ذلك ويستحب حمله الى البلاد فقد روى الترمذي عن عائشة رضي الله عنها أنها كانت تحمله وتخبر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يحمله وفي غير الترمذي أنه كان يحمله و كان يصبه على المرضى ويسقيهم وأنه حنك به الحسن والحسين رضي الله عنهما من اللباب وشرحه ۔ (شامی ص $\frac{۳۵۲}{۲ج}$ ) فقط واللہ اعلم ۔

محمد انور عفا اللہ عنہ

## کسی بیماری کی وجہ سے بال گریں تو کچھ واجب نہ ہو گا

ایک آدمی کے سر اور داڑھی کے بال نہاتے ہوئے وضو سے اور بے وضو بھی بے ارادہ ٹوٹتے رہتے ہیں

اس شخص کی عمر ساٹھ ۶۰ سال کے قریب ہے۔ فرض حج کرنے کا ارادہ کرتا ہے احرام اور بغیر احرام میں کافی بال ٹوٹ جائیں گے۔ ہر بال کے بدلے میں قربانی دینے کی ہمت نہیں ہے بال بغیر اکھاڑے جھڑتے ہیں۔ اب اس کے متعلق شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب** جو بال ہاتھ لگانے سے گرتے ہیں۔ ان کے گرنے پر کفارہ واجب ہے ہر بال پر مٹھی بھر گندم ہے۔

قال فی الشامیة۔ أومسه بیده وسقط فهو کالحلق اھ ص۲۲۱ ج۲

قال فی الخانیة فبکل شعرة کف من طعام ص۱۳۵ ج۱۔

اگر بغیر ہاتھ لگائے مرض کی وجہ سے بال گرتے ہیں تو اس میں صدقہ نہیں و فی الشامیة بخلاف ما اذا تناثر شعره بالمرض أو النار بحر عن المحیط ص۲۲۱ ج۲۔

فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

## دس ذی الحج کو منیٰ اور مکہ میں نماز عید نہ پڑھنے کی وجہ

منیٰ میں اور ایسے ہی مکہ مکرمہ میں دس ذی الحجہ کو نمازِ عید الاضحیٰ کیوں ادا نہیں کی جاتی۔ جبکہ عید کی نماز ادا کرنا ضروری اور واجب ہے۔

**الجواب** ۱۰ ذی الحج کو منیٰ میں حجاج کرام حج کے اہم اُمور رمی، ذبح حلق وغیرہ میں مصروف ہوتے ہیں اسلئے ان سے عید الاضحیٰ کی نماز ساقط کر دی گئی ایسے ہی جنہوں نے مکہ مکرمہ میں عید الاضحیٰ کا اہتمام کرنا ہوتا ہے وہ اس دن منیٰ میں اُمورِ حج میں مصروف ہوتے ہیں اسلئے وہاں بھی ادا نہیں کی جاتی۔ شامیہ میں ہے۔

وأما صلوٰة العید ففی شرح مناسک الکنز للمرشدی عن المحیط والذخیرة وغیرهما أنه لا یصلیها بها بخلاف الجمعة وفی شرح المنیة للحلبی أنه لا یصلیها بها اتفاقاً للاشتغال

فیہ بامور الحج اھ أی لان وقت العید وقت معظم أفعال الحج بخلاف وقت الجمعۃ و لان الجمعۃ لا تقع فی ذلک الیوم الا نادراً بخلاف العید قال فی شرح اللباب وأراد بالا تفاق الاجماع اذ لاخلاف فی المسئلۃ بین علماء الامۃ اھ

و فی شرح الاشباہ للبیری من کتاب الصید أن منی موضع تجوز فیہ صلوٰۃ العید الا أنہا سقطت عن الحاج ولم نر فی ذلک نقلا مع کثرۃ المراجعۃ و لا صلوٰۃ العید بمکۃ یوم الاضحیٰ لا نا ومن أدرکناہ من المشایخ لم نصلہا بمکۃ واللہ تعالیٰ اعلم ما السبب فی ذلک اھ (صـ۲۰۰ ج۲ مطلب فی حکم صلوٰۃ العید و الجمعۃ فی منی) فقط واللہ اعلم۔

محمد انور،

## طواف کے اقسام اور ان کا حکم

عورت کو حج میں خانہ کعبہ کے طواف کے موقعہ پر حیض یا نفاس آجائے تو طواف نہیں کرے گی، اور طواف نہ کرنے کے عوض میں قربانی دینی پڑے گی یا نہیں؟

**الجواب** طواف کی تین قسمیں ہیں۔ ۱۔ **قدوم**:۔ یہ سنت ہے واجب نہیں اگر عورت حیض و نفاس کی وجہ سے نہ کرسکے تو کچھ لازم نہیں۔

۲۔ **زیارت**:۔ یہ فرض ہے حیض و نفاس کی وجہ سے مُعاف نہیں ہوسکتا طہارت تک انتظار کرنا ہوگا۔ بعد طہارت ادا کرنا ضروری ہے

۳۔ **طواف وداع**: یہ واجب ہے لیکن عورتوں کے حق میں اگر حیض و نفاس آجائے تو غیر واجب ہے ترک کی وجہ سے کوئی دم لازم نہ ہوگا (معلم الحجاج صـ۲۲۹)

فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبداللہ غفر لہ،
مفتی جامعہ خیر المدارس

14

# حج نفل پر جانے والے ملازم کو نصف تنخواہ دینے کا حکم

مدارس عربیہ میں ایک اصول ہے کہ جو آدمی فریضۂ حج کے لئے پہلی بار تشریف لے جائے تو اہلِ مدرسہ اسکو نصف تنخواہ ایام حج کی ادا کرتے ہیں لیکن جس نے ملازمتِ مدرسہ سے قبل حج کیا ہوا ہے اور پھر دوران ملازمت مدرسہ حج کو جائے اسکی تنخواہ کا کیا حکم ہے جبکہ وہ دورانِ ملازمت مدرسہ پہلی بار حج پر گیا ہے اگرچہ اس کا یہ حج دوسرا ہے لیکن دورانِ ملازمت مدرسہ میں تو پہلی بار ہے ہمارے مدرسہ کے محاسب اعلیٰ الحاج مولانا فضل احمد صاحب اوکاڑہ والے اس سال حج پر تشریف لے گئے ہیں تو ہمیں یہ مسئلہ درپیش آیا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ انتظامیہ مدرسہ ان کو نصفِ مشاہرہ ایام حج کی رخصتوں کا دے یا وہ مستثنیٰ ہوں گے؟

حبیب اللہ فاضل رشیدی ناظم اعلیٰ جامعہ رشیدیہ ساہیوال

**الجواب** منشاء رعایت ضرورت ہے اور وہ حج فرض میں ہے۔

فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ،

۲۳ / ۲ / ۱۴۰۶ ھ

الجواب صحیح،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

# حکومت کی طرف سے حج پر جانیوالوں کا فرض ادا ہو جائے گا یا نہیں؟

ایک شخص کسی مل یا فیکٹری میں ملازم ہے۔ مل والے اپنی مل کی طرف سے رغبت بڑھانے کے لئے سال کے بعد کچھ لوگوں کو حج پر بھیجتے ہیں اگر کسی خوش قسمت کا نام نکل آیا قرعہ اندازی کے ذریعہ سے تو آیا اس ملازم کا فرض حج شمار کیا جائے گا یا نفل کیا حج فرض کے لئے دوبارہ جانا پڑے گا۔ اور اسی طرح اگر حکومت قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلی کے ممبروں پر مشتمل ایک وفد بھیجے تو ان ارکان کا بھی حج فرض ادا ہو جائے گا، یا نہیں؟

الجواب: مالکان اپنی طرف سے پیسے دیں اور حج کرنے والا فرض کی نیّت کر لے تو فرض ادا ہو جائے گا۔ استطاعت کے بعد دوبارہ فرض نہ ہوگا۔ ایسے ہی حکومت کی طرف سے ممبران اسمبلی کا فرض بھی ادا ہو جائے گا۔ لیکن یہ تحقیق ضروری ہے کہ بلا ضرورت قومی خزانہ سے ان حضرات کو سفرِ حج کرانا درست ہے یا نہیں؟ فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ ۲۸ / ۳ / ۱۴۰۷ھ

## طاقت کے ہوتے ہوئے بجائے دم شکر کے روزے رکھنے کا حکم

ایک شخص حج تمتع یا قران کرتا ہے اور ھدی خریدنے کی بجائے وہ اس رقم کو کسی اور مصرف میں لگاتا ہے مثلاً مجھے کسی مولوی صاحب نے فرمایا کہ ہدی وغیرہ کی کوئی بات نہیں ہے بلکہ دس روزے رکھ لینا کافی ہے اور وہ رقم ہمیں دیدیں کہ ہم ایک ضروری اور اہم کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں کہ پوری فقہ سے مسلک حنفیہ کو باقی تمام مجتہدین کے مسالک سے علیحدہ کریں گے اور چونکہ اس کے لئے کتب فقہ کی ضرورت ہے جو کہ خریدنی ہیں تو کیا قربانی جو کہ متمتع یا قارن پر واجب تھی، باوجود طاقت کے نہ کرنا درست ہے اور حج میں کوئی نقصان ہوا یا کہ نہیں۔

الجواب: قارن اور متمتع اگر مکہ میں ہدی خرید سکتا ہے تو اسے ہدی ہی ذبح کرنی چاہیئے ہدی کی استطاعت ہوتے ہوئے روزے کا مشورہ دینا درست نہیں بلکہ جہالت ہے اور حاجی مذکور پر ذبح نہ کرنے کی صورت میں تین دم واجب ہیں۔ ایک وہی دم قران دوسرا ذبح سے پہلے حلق کرانے کا تیسرا ذبح کو ایام نحر سے مؤخر کرنے کا۔

(کذا فی قرۃ العینین ص۲۵) فقط واللہ اعلم، بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ،

## سعی بین الصفا والمروۃ واجب ہے

کیا صفا مروہ کے درمیان سعی کرنا فرض ہے یا واجب یا سنت؟

۲۔ جو شخص یہ سعی نہ کرے تو کیا اس کا حج ہوگا؟

الجواب: سعی بین الصفا والمروۃ واجب ہے چھوڑنے کی صورت میں دم واجب ہوگا۔

ومن ترک السعی بین الصفا والمروۃ فعلیہ دم وحجہٗ تام کذا فی القدوری ۔ ( عالمگیری ص ۲۴۷ ج ۱ ) ۔ فقط واللہ اعلم ،

محمد انور

۸ / ۱ / ۱۴۰۹ ھ

## احرام کی حالت میں سگریٹ پینے کا حکم

حالتِ احرام میں سگریٹ نوشی عموم بلوی میں شمار ہوگا یا نہیں اگر نہیں تو کیا خلافِ سنت یا خلافِ مستحب ہوگا ، اندریں صورت سگریٹ نوشی پر کفارہ ہوگا یا نہیں ؟ اگر کفارہ واجب ہے تو کتنا ؟

**الجواب** سگریٹ نوشی جبکہ اس میں خوشبودار چیز کی ملاوٹ نہ ہو۔ احرام و حج کے منافی نہیں البتہ سگریٹ نوشی کا جو گناہ ہے وہ علی حالہ قائم ہے۔ اس لئے احرام میں حتی الامکان سگریٹ نوشی اور دیگر تمام منشیات سے بچنا لازم ہے

فقط واللہ اعلم ، بندہ عبداللہ غفر لہٗ ،

الجواب صحیح ،

خیر محمد ، ۱۸ / ۱۰ / ۱۳۷۶ ھ

## بیویوں کے تنہا رہ جانے کی بناء پر کسی کو حج پر بھیجنا

ایک شخص کی دو عورتیں ہیں اولاد نہیں ہے ماں باپ فوت ہو چکے ہیں اور حقیقی بھائی بھی نہیں ہیں اور وہ شخص زمانہ کی رفتار کو دیکھ کر زوجتین کو اکیلے نہیں چھوڑ سکتا اور دنیا کا کاروبار نہ سنبھلنے کی وجہ سے کسی اور کو روانہ کرے تو فریضہٗ حج ادا ہو سکتا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں شخص مذکور کے لئے اپنی جگہ حج پر دوسرا آدمی بھیجنا جائز نہیں ہے۔ خلیفہ بنانا حج میں اسوقت جائز ہوتا ہے ۔ جب خود جانے سے عاجز ہو اور صورت مسئولہ میں عجز نہیں ہے کیونکہ دنیاوی کاروبار

کے لئے ملازم رکھ سکتا ہے اور اپنی عورت کو ان کے والدین کے ہاں چھوڑ جائے اگر توفیق ہو تو ان کو بھی ساتھ لے جائے ۔ فقط واللہ اعلم،

خیر محمد عفا اللہ عنہ،
مہتمم خیر المدارس ملتان

## نفل حج بدل کے لئے کوئی شرط نہیں

ایک شخص سعودی عرب میں ہے دوسرا ملتان میں ہے ملتان والا اگر سعودیہ والے کو پیغام بھیجے کہ میری طرف سے حج یا عمرہ کر دیں یا سعودیہ والا آدمی اپنے کسی زندہ یا مُردہ آدمی کا حج یا عمرہ ادا کرے تو جائز ہے ؟

**الجواب** نفل حج یا عمرہ مُردہ کی طرف سے ہو یا زندہ کی طرف سے جائز ہے اور حج فرض دوسرے کی طرف سے کیا جائے تو اس کے لئے متعدد شرائط ہیں جن کی موجودگی میں یہ بھی درست ہے عام حالات میں جائز نہیں ۔

فقط واللہ اعلم
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## سُودی کاروبار کرنے والے ادارہ کا حج پر بھیجنا

میں ایک ٹیکسٹائل مل میں ملازم ہوں مل والے ہر سال قرعہ اندازی کے ذریعہ آدمی کو حج پر بھیجتے ہیں ۔کیا ان کے خرچ سے حج درست ہے ۔جبکہ ان کی اکثر کمائی سود کی ہوتی ہے ۔

۲۔ ایک آدمی عمرہ کے لئے جائے اور وہاں جاکر چھپ جائے اور حج کرلے تو یہ جائز ہے یا نہیں ؟

**الجواب** ا گنجائش ہے ۔
۲۔ جائز ہے یعنی حج و عمرہ ادا ہو جائے گا ۔فقط واللہ اعلم،
بندہ عبدالستار عفی عنہ،

## بغیر محرم کے ہم عمر بوڑھی عورتوں کے ساتھ سفر حج پر جانا

زینب حج بیت اللہ کا ارادہ رکھتی ہے۔ مگر اس کا خاوند زید ساتھ جانے سے انکاری ہے رضاء و رغبت سے زینب کو حج بیت اللہ کی اجازت دیتا ہے۔ زینب کی عمر پچپن سال کی ہے ہم عمر عورتیں اور بھی اس کے ساتھ تیار ہیں مگر کوئی محرم ساتھ نہیں تو زینب بغیر محرم کے حج کر سکتی ہے؟

**الجواب** اگر زید ساتھ جانے سے انکاری ہے تو زینب کسی دوسرے محرم کو ساتھ لیکر فریضۂ حج ادا کر سکتی ہے۔ محرم کا خرچ بھی زینب کے ذمہ ہوگا۔ اگر کوئی محرم بھی نہیں جاتا اور زید بھی ساتھ جانے کے لئے تیار نہیں۔ تو ایسی صورت میں زینب کو سفرِ حج کرنے کی شرعاً اجازت نہیں۔

قال فی البحر بعد نقل الاحادیث فافادھذا کله ان النسوۃ الثقاۃ لا تکفی الخ

قال فی البدائع فی شرائط فرضیة الحج فاما الذی یخص النساء فشرطان احدھما ان یکون معھا زوجھا او محرم لھا فان لم یجد احدھما لا یجب علیه الحج اھ ص۱۲۳ ج۲)

وعن النبی صلی اللہ علیه وسلم الا لا تحجن امرأۃ الا ومعھا محرم کذا فی البذل ص۹۷ ج۲ وفی الدر المختار ص۱۴۵ ج۲ ومع زوجٍ او محرمٍ بالغ عاقل غیر مجوسیٍ ولا فاسقٍ لعدم حفظھما مع وجوب النفقة لمحرمھا اھ

محرم سے مراد وہ رشتہ دار ہے جس سے عمر بھر نکاح جائز نہیں جیسے بھائی باپ لڑکا وغیرہ۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفی عنہ
خیر المدارس ملتان

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
خادم الافتاء خیر المدارس ملتان
۱۵ / ۶ / ۱۳۷۱ھ

## فدیۂ جنایت اپنے ملک میں بھی دے سکتے ہیں

حالتِ احرام میں قربانی کے بعد اور حلق سے قبل بازو کے دو تین بال جن پر کوئی چیز چپکی ہوئی تھی۔ اس کو اتارتے وقت بال اکھڑ گئے ہیں۔ ۱کتنے بال ٹوٹنے تک معافی ہے ۲۔ بالوں کے ٹوٹنے کا فدیہ کیا ہے ۳۔ فدیہ پاکستان میں بھی ادا کیا جا سکتا ہے ۴۔ بالوں کا قصر کرانا کتنی مقدار تک جائز ہے ۵۔ ایک محرم قربانی سے فراغت کے بعد اپنا یا کسی کا حلق یا قصر کر سکتا ہے ۶۔ صحت مند زندہ یا مردہ کی طرف سے عمرہ کیا جا سکتا ہے

**الجواب** ۱-۲- : ہر بال کے بدلے گندم کی ایک کف صدقہ کرے اگرچہ رمی کے بعد ہی بازو کے بال اکھڑے ہوں۔

۳۔ جنایت کا فدیہ پاکستان میں بھی ادا کیا جا سکتا ہے۔ دمِ واجب کی ادائیگی صرف حرم میں ہی ہو سکتی ہے

۴۔ چوتھائی سر کا قصر واجب ہے جس میں کم از کم ہر بال انگلی کے پورے کے برابر کٹ جائے

۵۔ اپنے حلق و قصر سے قبل اگر کسی محرم یا غیر محرم کا سر مونڈا تو دو سیر گندم صدقہ کرے۔ اور اگر رمی اور ذبح کے بعد اپنا سر مونڈا تو کچھ واجب نہیں، ہاں اگر ناخن اتارے تو جنایت ہوگی۔

حلق رأس محرم او حلال وهو محرم عليه صدقة (هنديه وفي الدر فلو قلم ظفره (اى قبل الحلق مثلاً) كان جناية لانه لا يخرج من الاحرام الا بالحلق اه ص۲۵۱ ج۲)

۶۔ دوسرے شخص زندہ یا مردہ کی طرف سے عمرہ کرنا درست ہے ۔ اس شخص پر حج واجب نہ ہوگا جس کی طرف سے عمرہ کیا جائے

فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## طواف قدوم کے ترک پر کچھ واجب نہ ہوگا

ایک دوست نے اپنی والدہ کو حج کرایا ہے اس میں مندرجہ ذیل غلطیاں کیں، مہربانی فرما کر قرآن و حدیث کی روشنی ڈالیں ۱۔ سائل کی والدہ (ہندہ) نے ایامِ حج میں عمرہ

کیا تھا۔ پھر اس نے حج قران کیا۔ حج قران میں اُنہوں نے پہلے عمرہ کرتے وقت طواف کیا، پھر سعی کی پھر وہ منیٰ چلی گئی، وقوفِ عرفات کے بعد کنکریاں پہلے دودن ماریں طواف زیارۃ ۱۲ تاریخ کو مغرب سے پہلے کیا اس کے ساتھ سعی بھی نہیں کی پھر واپس آتے ہوئے طواف وداع بھی نہیں کیا کیونکہ اس دن ان کو سخت بخار تھا۔ یہ بھی واضح ہو کہ سائل کی والدہ پاکستان سے حج کرنے کے لئے آئی تھیں ایک بات یہ بھی ہے کہ اگر طوافِ قدوم علیحدہ ضروری ہے تو بھی نہیں کیا کیونکہ آتے ہی انہوں نے عمرہ کیا اور سعی کی، آیا ان کا حج ہو گیا ہے یا کہ نہیں ؟

**الجواب** طوافِ قدوم سنت ہے اس کے ترک کرنے سے کسی چیز کا وجوب نہیں۔ ترکِ سعی کی وجہ سے دم واجب ہے

ومن ترک السعی بین الصفا والمروۃ فعلیہ دم وحجہ تام ہندیہ ص۱۲۵ ج۱

گیارہ تاریخ کو جمرات کی رمی نہ کرنے کی وجہ سے بھی دم واجب ہے، درمختار میں ہے۔

او الرمی کلہ او فی یوم واحد الخ شامی ص۲۲۵ ج۲ (جدید نسخہ)

طوافِ وداع بھی واجب ہے اس کے ترک سے بھی دم واجب ہوگا۔ درمختار میں ہے۔

أو ترک طواف الصدر ص۲۲۴ ج۲ شامی جدید نسخہ

الحاصل صورتِ مسئولہ میں ہندہ کا حج تو ہو گیا لیکن طوافِ وداع، سعی اور رمی کے ترک کرنے کی وجہ سے تین عدد بکریوں کا حدودِ حرم میں ذبح کرنا ضروری ہے۔ فقط واللہ اعلم،

محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۲۴ / ۱ / ۱۴۰۸ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## حج بدل میں آمر کے شہر سے روانگی کا حکم

۱۔ حجِ بدل کے لئے احرام تمتع قران۔ افراد، میں سے کس قسم کا باندھنا چاہیئے میں نے درخواست میں بعد ماہِ رمضان المبارک جانے کے لئے تحریر کیا ہوا ہے اگر احرام افراد باندھا جائے تو ۲/۲ ماہ تک باندھنا پڑتا ہے اس صورت میں بغل کے بالوں کی صفائی اور موئے زیرِ ناف کے متعلق کیا حکم ہے۔؟ ۲۔ مقامِ روانگی کون سا ہونا چاہیئے میں چچا جان کے

لئے حج پر جا رہا ہوں انکی ملکیتی اراضی چک ۲۷۷ ج ب ضلع لائل پور ہے لیکن وہ اکثر اپنے لڑکے کے پاس چک نمبر ۲۹۶ ج ب متصل گوجرہ رہتے تھے انتقال کے بعد انکی وصیّت کے مطابق تدفین نہیں ہوئی۔ میں ساہیوال رہتا ہوں۔ حج بدل کے لئے روانگی کس مقام سے ہونی چاہیے؟ ۲۔ اگر کراچی میں عرب ایمبسی سے سرٹیفکیٹ کلیہ لےکر جدہ شریف سے سیدھے مدینہ منورہ چلا جاوے وہاں قیام کر کے یکم ذوالحجہ کے قریب ذوالحلیفہ سے احرام افراد باندھ کر طواف وسعی کر لی جائے اگر یہ سرٹیفکیٹ کراچی سے حاصل نہ ہوا تو بغیر احرام جدہ شریف جا کر معلم کے ذریعہ تنازل میں کہا جاوے تو وہاں سے مدینہ منورہ روانگی ہو جائے اگر وہاں ذوالحلیفہ سے احرام باندھ کر حج بدل کر لیا جائے اگر میقات سے احرام نہیں باندھتے اور تنازل بھی جدہ سے نہیں ملتا تو اس کا کیا حل ہوگا؟

**الجواب** ۱۔ حج بدل کے لئے احرام افراد کا باندھنا چاہیئے البتہ اگر آمر نے قران یا تمتع کی اجازت دیدی ہے تو ان دونوں میں سے کسی ایک کا احرام باندھ سکتا ہے لیکن صورتِ دوم میں دم قران اور تمتع خود حج کرنے والے کے ذمہ ہے درمختار علی الشامی ص ۲۴۷ میں ہے

ودم القران والتمتع والجناية على الحاج ان أذن له الآمر اور شامی میں ہے (قوله على الحاج) أى المأمور أما آلاول فلانه وجب شكراً على الجمع بين النسكين وحقيقة الفعل منه وان كان الحج يقع عن الآمر

۲۔ اپنی جگہ یعنی ساہیوال سے بھی روانگی درست ہے شبہ سے بچنے کے لئے گوجرہ سے روانگی افضل ہے ۳۔ یہ صورت درست ہے لیکن جدہ سے مدینہ منورہ تک آنے جانے کے تمام اخراجات مامور پر ہوں گے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،
محمد عبداللہ عفااللہ عنہ،
یکم رمضان المبارک ۱۳۹۲ھ

بندہ محمد اسحاق عفااللہ عنہ

## پہلے میقات سے احرام نہیں باندھ سکے تو دوسرے سے باندھ لیں

۱۔ کچھ لوگ مدینہ منورہ سے جدہ کی طرف روانہ ہوتے پندرہ دنوں سے زائد رہنے کی اقامت کی

نیّت کی حج تمتع کا ارادہ تھا۔ مدینہ منورہ سے چلتے وقت احرام کی نیت نہ کی بغیر احرام میقات سے گزر کر جدّہ سے احرام تمتع کا باندھا کیا اپر دم واجب ہے۔؟

۲۔ ایک غیر ملکی شخص مکہ مکرمہ میں جانے سے قبل میقات سے احرام نہیں باندھتا اور میقات سے گزرتے ہوئے سویا رہا اسی طرح دوسری میقات سے بھی سوئے ہوئے گزرا۔ کیا دم واجب ہوگا؟

۳۔ ایک آدمی نے مقام رابغ سے احرام باندھا سردی کی وجہ سے سوتے ہوئے سر کو کمبل سے ڈھانپ لیا آنکھ کھلنے پر ہٹاتا رہا۔ دم واجب ہوگا یا نہیں؟

**الجواب** (۱-۲) ولو مر بميقاتين فاحرامه من الابعد افضل ولو اخره الى الثانى لا شئ عليه على المذهب (الشامیہ ص۱۶۶ ج۲)

عبارت ہذا سے ظاہر ہے کہ اگر پہلی میقات سے گزر گیا احرام نہیں باندھا اور دوسری سے باندھ لیا تو دم وغیرہ واجب نہیں۔ اور اگر دوسری میقات سے بھی احرام نہیں باندھا تو اس پر دم واجب ہوگا۔ کما لا یخفی۔

(۳) اگر رابغ سے احرام باندھا اور پھر سونے کی حالت میں سر کو پوری رات نہیں ڈھانپا تو ایسی صورت میں دم واجب نہیں بلکہ صدقہ تقریباً دو سیر گندم واجب ہے۔

أو ستر رأسه يوما كاملا أو ليلة كاملة وفى الاقل صدقة (الشامیہ ص۲۲۰ ج۲)

وحرم تأخير الاحرام عنها كلها لمن أى لآفاقى قصد دخول مكة يعنى الحرم ولو لحاجة غير الحج أما لو قصد موضعا من الحل كخليص وجدة حل له مجاوزته بلا احرام الخ (الشامیہ ص۱۵۴)

عبارت بالا سے ظاہر ہے کہ آفاقی اگر جدہ میں ٹھہرنے کی نیت سے بلا احرام میقات سے گزر جائے تو اس پر دم واجب نہیں۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،
مفتی خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح
عبداللہ عفا اللہ عنہ،
مفتی خیر المدارس ملتان

## قارن کے مقیم اور غنی ہونے کی صورت میں دمِ قران کے علاوہ قربانی بھی اسپر واجب ہے

ایک حاجی مکہ میں حج سے پیشتر پندرہ یوم یا اس سے زیادہ قیام کرتا ہے تو اسپر کتنی قربانیاں ہیں؟
(ب) اگر وہ ایک ہی قربانی کرتا ہے تو کیا اسپر دم واجب ہوگا۔؟
(ج) اگر وہ دم ایامِ نحر میں نہ دے تو ایک دم اور واجب ہوگا یا نہیں؟
(د) نیز یہ دم مکہ مکرمہ میں ہی دینا ہوگا یا وطن واپس آنے پر کرسکتا ہے یا یہ دم وہ کسی کی معرفت وہاں پر کروا سکتا ہے یا پھر خود جا کر کرے؟

**الجواب** ا: اگر یہ حاجی غنی بھی ہے تو قربانی واجب ہے اور اگر تمتع یا قران کیا ہے تو مزید ایک دم واجب ہوگا۔

(ب۔ج۔د) اگر اس نے دمِ قران یا تمتع ایامِ نحر میں ذبح کر دیا ہے تو اس پر نیا دم واجب نہ ہوگا۔ ہاں قربانی اس کے ذمہ رہ گئی ہے جس کی ادائیگی ایک متوسط بکری کی قیمت صدقہ کرنے سے ہو جائے گی۔ جہاں کہیں بھی صدقہ کرنے کافی ہے اور اگر اس کے برعکس اس نے ایامِ نحر میں قربانی کی ہے اور دمِ تمتع یا قران ذبح نہیں کیا تو اسپر مزید ایک دم واجب ہوگا جس کا حرم میں ذبح کیا جانا ضروری ہے۔ یعنی دمِ تمتع یا قران اور اسی طرح دمِ جنایت دونوں کا حرم میں ذبح کیا جانا ضروری ہے۔ گو ایامِ نحر گزر گئے ہوں۔

ويتعين يوم النحر اى وقته وهو الايام الثلاثة لذبح المتعة والقران فقط فلم يجز قبله بل بعده وعليه دم، ويتعين الحرم لا منى للكل اه درمختار على الشامی ص۲۵۰ ج۲ باب الهدى

حاجی کا جانا ضروری نہیں کسی کے ہاتھ رقم بھیج کر بھی حرم میں ذبح کرا سکتا ہے۔ جانور قربانی کی نیت سے ذبح کیا ہے تو دمِ تمتع یا قران ادا نہیں ہوگا اسیطرح اس کے برعکس بھی قال فی الدر ولم تنب الاضحية عنه لانه اتى بغير الواجب عليه اذ لا اضحية على المسافر ولم ينو دم التمتع والتضحية الى قوله وعلى فرض وجوبها لم تجز ايضا لانهما غيران فاذا نوى عن احدهما لم يجز عن الآخر۔
معراج الدرایہ (شامیہ ص۱۹۶ ج۲) فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

# رابغ سے تھوڑا آگے بلا احرام گزرنے پر دم واجب نہیں ہوگا

۱۔ دوسری میقات میں داخل ہونے کے دس پندرہ منٹ یا گھنٹہ آدھ گھنٹہ کے بعد آنکھ کھلی جبکہ لاری کا سفر تھا یا داخل ہونے کے تقریباً پانچ منٹ بعد پھر احرام باندھا تمام صورتوں میں دم واجب ہوگا یا نہ احرام باندھنا دخول میقات کے بعد جائز ہے یا نہ ؟ مثلاً رابغ میں پہنچ کر کسی نے احرام باندھا اور لاری وہاں کھڑی رہی دم واجب ہوگا یا نہ ؟ صورتِ وجوب میں اپنے ملک میں بکرا یا ساتواں حصہ قابلِ قربانی بچھڑے کی موجودہ قیمت یا نادار ہونے کی صورت میں روزے رکھنے جائز ہیں یا نہ ؟ اور کتنے روزے کس طرح پر ؟

۲۔ مدینہ منورہ میں ایسے لوگ جن پر تمتع کا حج فرض تھا مستقل امیر کے حکم سے جو مکہ مکرمہ میں تھے فی الحال بنیت جدہ روانہ ہوئے ۔ رابغ یا جدہ پہنچنے کے بعد امیر کا پیغام ملا کر سیدھے چلے آؤ یا دو تین دن جدہ میں ٹھہر کر چلے آؤ۔ جدہ میں قیام کی نیت نہ کرو جدہ تک جماعت بلا احرام آئی ان پر دم واجب ہوگا یا نہیں ؟ اور اپنے ملک میں ادا کرنے کی یا روزہ رکھنے کی کیا صورت ہوگی؟

**الجواب** آخری میقات سے بلا احرام گزر جانے پر دم واجب ہو جاتا ہے جب کہ دوبارہ واپس لوٹ کر میقات سے احرام نہ باندھے ، گو میقات سے بلا احرام گزرے ہوئے پانچ منٹ ہی ہوئے ہوں لیکن لکھا ہے کہ صورتِ مسئولہ میں اصل میقات جحفہ ہے۔ جو کہ رابغ کے مقام سے میل یا زیادہ گزرنے کے بعد آتا ہے رابغ سے احتیاطاً احرام باندھا جاتا ہے پس اگر رابغ میں احرام باندھ لیا گیا ہے تو دم واجب نہیں یا اس کے بعد ایک میل کے اندر اندر مسافر حرم اگر بدون احرام میقات سے گزر گیا واپس میقات پر آکر احرام باندھے اس صورت میں دم ساقط ہو جائے گا۔ ( کما فی الشامیۃ ص ۳۰۹ ج ۲ )

۲۔ جو شخص مدینہ منورہ سے بہ نیتِ اقامت جدہ روانہ ہوا ۔ میقات سے گزرتے وقت اس پر احرام باندھنا واجب نہیں ۔ گو یہ ارادہ کسی کے امر کی بناء پر کیا ہو ۔ درمختار میں ہے ۔ اما لو قصد موضعاً من الحل کخلیص وجدۃ حل لہ مجاوزتہ بلا احرام ص ۲۱۱ ج ۲ ) امیر کا حکم اگر رابغ میں موصول ہو گیا اور جماعت نے مکہ مکرمہ کا ارادہ کر لیا تو فوراً جحفہ سے قبل

احرام باندھنا واجب تھا۔ اگر جحفہ سے بلا احرام صورتِ مذکورہ میں تجاوز کیا ہے تو دم واجب ہوگا، اور اگر امیر کا حکم جدہ میں پہنچا تو دخولِ مکہ کے لئے احرام باندھنا واجب ہے جبکہ حج یا عمرہ کا ارادہ ہو ورنہ نہیں۔ مذکورہ بالا جزئیہ کے بعد لکھا ہے۔

فاذ احلّ بہ (ای الآفاقی الذی حسن الحل) التحق باھلہ فلہ دخول مکۃ بلا احرام ای مالم یرد نسکا اھ (شامی ص۲۱۱ ج۲)

دم جنایت کی ادائیگی اور ذبح حرم کے ساتھ خاص ہے۔ وہاں پر ہی ذبح کیا جا سکتا ہے حرم سے باہر نہیں۔ ویتعین یوم النحر لذبح المتعۃ والقران فقط ویتعین الحرم لا منی للکل۔ درمختار علی ردالمحتار ص۲۷۱ ج۲

فقط واللہ اعلم
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح،
بندہ عبد اللہ عفا اللہ عنہ

## حج فرض کی طرح حج نفل بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے:

میں سولہ سال سے بمع بال بچوں کے یہاں مقیم ہوں۔ ہر سال اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بمع بچوں کے حج پر چلا جاتا ہوں مگر ہر بار جب بھی حج پر جانے کا ارادہ کرتا ہوں تو یہاں کے لوگ اور ساتھ کام کرنیوالے یہ بات اٹھاتے ہیں کہ جب آپ نے فریضۂ حج ادا کر لیا ہے تو بار بار کیوں حج پر جاتے ہو مت جاؤ تاکہ آنے والے حاجیوں کے لئے آسانی ہو۔ میں یہی جواب دیتا ہوں کہ ہمارے نہ جانے سے حاجیوں کی تکلیف یا آسانی میں اضافہ یا عدم اضافہ نہیں ہوتا تو کیا انکے کہنے پر صرف ایک مرتبہ جو حج کر لیا کافی ہے یا ہر سال جائیں کیا حکم ہے؟ (السید محمد لطیف ص۔ ب ۸۶۔ الریاض سعودی عرب)

**الجواب** حج فرض کی طرح حج نفل بھی بہت بڑی فضیلت رکھتا ہے صحابہ کرام وتابعین سے بار بار حج وعمرہ ثابت ہے پس آپ برابر حج کرتے رہیں جبتک اللہ تعالیٰ کی توفیق شاملِ حال ہے۔

فقط واللہ اعلم،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ
۹۲۰/۱۲/۲۶ ھ

الجواب صحیح
محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

## طوافِ زیارت سے پہلے سعی کرنے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ایک شخص آٹھ ذی الحج کو احرام باندھ کر طواف کر کے پہلے سعی کر لیتا ہے اور طوافِ زیارت بعد میں دس یا گیارہ یا بارہ ذی الحجہ کو کرتا ہے کیا اس کا حج اس سے باطل تو نہیں ہوتا اگر نہیں جیسا کہ مسلک احناف ہے اس پر حدیثِ صحیح مطلوب ہے جو بطلان کا حکم لگانے والوں پر حجت بن سکے۔

**الجواب** حج میں ایک مرتبہ سعی بین الصفا والمروہ شافعیہ کے نزدیک فرض ہے اور احناف کے نزدیک واجب ہے اور اس کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ سعی طواف زیارت کے بعد ہی کی جائے۔ جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے اس پر لازم ہے کہ کسی حدیث صحیح سے دلیل پیش کرے یہ بھی جائز ہے بلکہ بقول علامہ نوویؒ افضل ہے کہ سعی طوافِ قدوم کے بعد ہی کر لی جائے، ہاں طوافِ زیارت کے بعد تک تاخیر جائز نہیں۔ والافضل ان یکون بعد طواف القدوم ویجوز تاخیره الی ما بعد طواف الافاضة (شرح مسلم ص۴۱۳ ج۱)

آنحضرت نے بھی پہلے طواف کے بعد ہی سعی فرمائی تھی اور طوافِ زیارت کے بعد سعی نہیں فرمائی۔

نفی حدیث جابرؓ عن مسلم حتیٰ اذا اتینا البیت معہ استلم الرکن فرمل ثلثاً ومشٰی اربعاً ثم تقدم الی مقام ابراھیم فقرأ واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی (الی ان قال) ثم خرج من الباب الی الصفا فلما دنا من الصفا قرأ ان الصفا والمروة من شعائر الله ابدأ بما بدأ الله به فبدأ بالصفا الحدیث (صحیح مسلم ص۳۹۵ ج۱)

وفی روایة لم یطف النبی صلی الله علیه وسلم ولا اصحابه بین الصفا والمروة الا طوافا واحداً (مسلم ص۴۱۴ ج۱) وفیه دلیل علی ان السعی فی الحج والعمرة لا یکرر بل یقتصر منه علی مرة واحدة (نووی ص۴۱۴ ج۱)

حضرت جابرؓ کی طویل حدیث میں طوافِ زیارۃ کے بارے میں مذکور ہے۔

ثم رکب رسول الله صلی الله علیه وسلم فافاض الی البیت فصلی بمکة الظهر للحدیث فیه محذوف تقدیره فافاض فطاف بالبیت طواف الافاضة ثم صلی الظهر

(نووی) وفی ردا یتہ فصل لا نظہر بمنی ۔ بہرحال طوافِ زیارت کے بعد سعی کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے ۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،
مفتی خیر المدارس ملتان

## حائضہ حج کیسے کرے ؟

ایک عورت اپنے محرم کے ساتھ حج کو جارہی ہے عمرہ کا احرام باندھنے لگی تو اس کو حیض آگیا اب وہ احرام باندھے یا نہ ؟ کیا وہ حضرت عائشہ رض کی حدیث کے تحت مکہ میں احرام کھول سکتی ہے ۔ اگر کھول دے تو کب اس کا احرام باندھے اور کہاں سے ؟

اگر وہ حضرت عائشہ کی حدیث کو سامنے رکھتے ہوئے بغیر احرام عمرہ مکہ میں داخل ہو جائے تو کیا حکم ہے ؟ اگر بغیر احرام داخل ہونے پر دم واجب ہے تو اس دم سے بری ہونیکی کیا صورت ہے ؟ اگر وہ مکہ سے مدینہ چلی جائے اور وہاں سے عمرہ کا احرام باندھ کر آجائے تو دم ساقط ہو جائے گا ؟

**الجواب** حائضہ احرام باندھے گی اور حالتِ احرام ہی میں رہے گی اگر پاک ہونے سے پہلے ایامِ حج شروع ہو گئے تو اب عمرے کا احرام کھول دے اور حج کا احرام باندھ کر منیٰ کو چلی جائے اور افعالِ حج کو بجا لائے بعد از فراغت عن الحج عمرہ کر سکتی ہے احرام خواہ تنعیم سے باندھے یا دوسرے میقات عمرہ سے البتہ پہلے عمرے کا احرام توڑنے کی وجہ سے اس پر دم لازم ہوگا حضرت عائشہ رض احرام عمرہ باندھ کر مکہ میں داخل ہوئی تھیں بغیر احرام نہیں ۔ پس یہ حائضہ بھی احرام باندھ کر داخل ہو ورنہ دم واجب ہوگا ۔ اور اگر پاک ہونے کے بعد کسی میقات پر آکر دوبارہ احرام باندھ لے اور تلبیہ پڑھ لے تو دم ساقط ہو جائے گا بشرطیکہ مکہ مکرمہ میں قبل ازیں عمرہ یا حج نہ کیا ہو ۔ فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح
بندہ محمد اسحاق غفرلہ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان
۸ / ۷ / ۹۴ھ

# آفاقی اشہر حج میں عمرہ کرکے میقات سے باہر چلا جائے تو تمتع کرنے کا حکم

جو لوگ حل یا حرم میں بسلسلہ ملازمت وغیرہ مقیم ہیں وہاں ان کا وطن اصلی نہیں اگر یہ اشہر حج سے قبل آفاق میں آجائیں خواہ وطن میں آئیں یا دوسری جگہ اسی سال یہ قران وتمتع کرسکتے ہیں؟ اگرچہ مکہ پہلے ہی سے ان کا وطن اقامت ہے۔ قران اس لئے کہ یہ اشہر حج سے قبل آفاق میں چلے گئے اور تمتع اس لئے کہ حرم یا حل میں انھوں نے وطن اصلی نہیں بنایا بخلاف متوطن اصلی کے کہ وہ قران کرسکتا ہے تمتع نہیں کرسکتا اس مسئلہ میں تو شرح صدر ہے مگر مندرجہ ذیل دو صورتوں میں تردد ہے ان سے متعلق اظہار رائے مقصود ہے۔

۱۔ اگر یہ لوگ اشہر حج شروع ہونے کے بعد وطن اصلی کے سوا کسی دوسری جگہ آفاق میں چلے جائیں تو عندالصاحبین رحمہما اللہ اسی سال قران یا تمتع کرسکتے ہیں یا کہ نہیں یعنی اس خروج سے حکم مکی سے خارج ہوجائیں گے یا نہیں جبکہ وہاں انکا وطن اقامت باقی ہے۔

۲۔ اگر اشہر حج میں وطن اصلی میں آجائیں تو حرم میں وطن اقامت باقی ہونے کے باوجود حکم مکی سے خارج ہوکر قران یا تمتع کرسکیں گے پہلی صورت میں یہ بھی داخل ہے کہ آفاقی حاجی نے مکہ میں مکان لیکر پندرہ روز کی نیت سے قیام کیا پھر اشہر حج میں سامان اسی مکان میں چھوڑ کر یا اپنے ساتھ لے کر یا کسی واقف کے سپرد کرکے مدینہ منورہ چلا گیا تو وہاں سے عندالصاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ قران یا تمتع کی اجازت ہے یا نہیں شاید تلاش کرنے سے اس بارے میں صریح جزئیہ مل جائے اگر اس کا حکم مل جاتا ہے تو دونوں مسئلے حل ہوجائیں گے۔ غالباً مولانا شیر محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب عمدۃ المناسک میں نظر سے گزرا ہے، تلاش کروں گا۔

**الجواب** آفاقی اشہر حج میں عمرہ کرنے کے بعد اگر میقات سے باہر چلا جائے خواہ وطن اصلی میں یا کسی دوسری جگہ صاحبین کے نزدیک اس کا تمتع باطل ہوجائے گا۔

اب اگر وہ تمتع کرے تو اس کے لئے جائز ہے۔ اسی طرح اس کے لئے قران بھی جائز ہوگا۔ قرۃ العینین میں ایسے ہی آفاقی کے بارے میں لکھا ہے اور صاحبین کے نزدیک پہلا عمرہ مفردہ ہوگیا بہ سبب دو سفر کے اور اب اس ثانی عمرہ سے تمتع منعقد ہوگا ص۲۵۷ نیز لکھتے ہیں کہ میقات کے باہر جانے سے صاحبین کے نزدیک تمتع باطل ہوجاتا ہے المسلک المتقسط ص۱۴۸ میں ہے۔

واما الآفاقی اذا دخل المیقات او دخل مکۃ بعمرۃ وحل منہا قبل اشہر الحج فان مکث بہا حتی یحج فہو کالمکی وان خرج الی الآفاق قبل الاشہر فکالآفاقی او فیہا فکالمکی عند ابی حنیفۃ وکالآفاقی عندھما۔ آفاقی کے لئے توطن بمکۃ تمتع سے مانع بنتا ہے مکہ میں مقیم ہونا مانع نہیں المسلک المتقسط میں ہے۔ ولان جواز التمتع للآفاقی مقید بعدم الاستیطان لا لعدم الاقامۃ اھ ص۱۴۵۔

یعنی بعض صورتوں کی جزئیات میں یہ تو تصریح ہے کہ آفاقی معتمر جو اشہر حج میں مکہ کے اندر رہائش رکھتا ہے اگر میقات سے باہر چلا جائے تو یہ شخص صاحبین کے نزدیک مکی کے حکم سے خارج ہو کر آفاقی کے حکم میں ہوجائے گا اور اس کے لئے تمتع جائز ہوگا اس حکم کو مطلق رکھا ہے مکہ میں اقامت شرعیہ کے بقاء یا عدم بقاء کے ساتھ مقید نہیں کیا تو معلوم ہوا کہ یہ حکم دونوں صورتوں میں عام ہوگا اور اگر نفس سفر شرعی سے بھی اقامت شرعیہ کو باطل کیا جائے تو بھی میقات سے باہر جانا بطلان اقامت کو مستلزم نہیں کیونکہ بعض مواقیت سفر شرعی سے کم پر واقع ہیں جیسے کہ مثلاً قرن جو کہ مکہ مکرمہ سے دو مرحلوں پر واقع ہے۔ الحاصل شل آفاقی بننے کا مدار میقات سے باہر نکل جانے پر رکھا ہے اور میقات سے باہر نکل جانا بطلان اقامت بمکۃ کو مستلزم نہیں تو معلوم ہوا کہ مکہ میں اقامت شرعی باقی ہو یا نہ ہو دونوں صورتوں میں عند الصاحبین یہ شل آفاقی ہو جائے گا یہ بات ذہن میں آتی ہے لیکن بقاء اقامت یا عدم بقاء کی تصریح نہیں دیکھی قرۃ العینین میں آفاقی حاجی والی صورت لکھی ہے لیکن اس میں مکہ کے اندر پندرہ روز اقامت کذا یہ کی تصریح نہیں۔

فقط واللہ اعلم،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،

## تجدید ایمان کے بعد حج فرض دوبارہ کرنا ضروری ہے؟

ایک عورت نے چند کلمات کفر کہے، جس کے نتیجہ میں اُسے تجدید ایمان کرائی گئی ——— کیا سابقہ نمازیں،

روزے اور حج جو ادا کر چکی ہے دوبارہ کرنے پڑیں گے یا نہیں ؟ اور جو فرائض حالتِ اسلام میں رہ گئے ہیں، تجدیدِ اسلام کے بعد ان کی قضاء لازم ہے یا نہیں ؟

**الجواب** حالتِ اسلام میں جو فرائض اُدا کئے ہوئے ہیں ان کی قضاء کی ضرورت نہیں لیکن اگر حج فرض اُدا کیا تھا تو اُسے دوبارہ کرنا ضروری ہے۔ اور حالتِ اسلام میں جو فرائض غفلت کی وجہ سے رہ گئے ہیں تجدید کے بعد ان کی قضاء لازم ہے۔ درمختار میں ہے :

ویقضی ما ترک من عبادۃ فی الاسلام لان ترک الصلوٰۃ والصیام معصیۃ والمعصیۃ تبقی بعد الردۃ وما ادی منہا فیہ یبطل ولا یقضی الا الحج لانہ بالردۃ صار کالکافر الاصلی فاذا اسلم وھو غنی فعلیہ الحج فقط اھ (قولہ الا الحج) لان سببہ البیت المکرم وھو باق بخلاف غیرہ من العبادات التی اداھا لخروج سببھا ولھذا قالوا اذا صلی الظہر مثلاً ثم ارتد ثم تاب فی الوقت یعید الظہر لبقاء السبب وھو الوقت ولھذا اعترض اقتصارہ علی ذکر الحج وتسمیتہ قضاء بل ھو اعادۃ لعدم خروج السبب اھ

(شامیہ ص۳۱۲ ج۳) فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ،

۱۸ / ۴ / ۹۶ھ

الجواب صحیح

عبد الستار عفا اللہ عنہ

## جو مدینہ منورہ میں چالیس نمازیں نہ پڑھ سکا اس کا حج مکمل ہوا یا نہیں ؟

(۱) زید نے احکام حج پُورے اُدا کئے لیکن مدینہ منورہ میں دو یا تین ایام رہا۔ چالیس نمازیں پُوری نہیں کیں عمرو کہتا ہے حج نہیں ہوا۔ لہذا حکمِ شرعی سے مطلع فرمائیں۔

**الجواب** حج مکمل اُدا ہوگیا اس میں کوئی کمی نہیں رہی۔ البتہ مسجد نبوی میں چالیس نمازیں اُدا کرنے کی فضیلت و سعادت سے محرومی رہی۔ یہ بھی ایک بہت بڑا نقصان ہے۔ مگر اس کا حج پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ فقط واللہ اعلم

محمد انور · نائب مفتی خیر المدارس ملتان

## افضل یہی ہے کہ حج بدل پر اسکو بھیجا جائے جس نے حج کیا ہوا ہو،

جس آدمی نے اپنا حج نہ کیا ہوا ہو وہ دوسرے کی طرف سے حج بدل کر سکتا ہے یا کہ نہیں؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں حج بدل اس کو کرایا جائے جس نے پہلے اپنا حج کیا ہوا ہو۔ والافضل للانسان اذا أرادان یحج رجلا عن نفسه أن یحج رجلا قد حج عن نفسه (عالمگیریہ ص۲۵۷ ج۱) فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

## معذور عذر زائل ہونے کے بعد دوبارہ خود حج کرے

ایک شخص نے اپنی بیوی کی طرف سے حج کیا اور اب وہ اسے عمرے پر بلانا چاہتا ہے کیا اس عورت کو پہلا حج کافی ہے یا دوبارہ کرنا پڑے گا عمرہ کے ساتھ۔

(المستفتی، محمد طاہر مدرسہ جامعہ صدیقیہ تعلیم الفرقان شورکوٹ ضلع جھنگ۔)

**الجواب** اگر بیوی معذور نہ تھی تو اسکی طرف سے حج کرنا کافی نہ تھا اور اگر معذور تھی اور اب عذر زائل ہو گیا ہے اور اس پر حج فرض بھی ہے تو اسے خود جاکر حج ادا کرنا ضروری ہے ایسی صورت میں عمرے کو جائے تو حج کر کے آئے۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،

## بوڑھی عورت بھی بغیر محرم کے عمرہ کا سفر نہ کرے

ایک عورت بیوہ جس کی عمر ۵۰ سال ہے وہ حجازِ مقدس کا سفر برائے عمرہ بغیر محرم کے صرف قریبی ہمسایوں کے ساتھ کرنا چاہتی ہے۔ کیا یہ جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب** عورتِ مذکورہ کے لئے یہ سفر جائز نہیں۔ لما فی الصحیحین لاتسافر

امرأة ثلاثاً الا و لها محرم" اھ (بحر کتاب الحج ج ۲) ۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ،
۵/ ۱۲ / ۹۵ ھ

## حج سے واپسی پر گھر والوں کو آمد کی اطلاع کر دینا مناسب ہے

آج کل طریقہ یہ ہے کہ حج سے واپسی پر تاریخ واپسی کی اطلاع کر دی جاتی ہے جس کی وجہ سے دوست احباب اور عزیز و اقارب استقبال کے لئے جمع ہو جاتے ہیں کیا اسطرح مناسب ہے یا خاموشی کے ساتھ بلا اطلاع گھر آ جانا مناسب ہے؟ (عبدالرحیم بلاک ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ )

**الجواب** واپسی پر بلا اطلاع اچانک گھر آجانا مناسب نہیں، شامی میں واپسی کی سنن میں لکھا ہے کہ پہلے اطلاع کر دینا مناسب ہے۔ البتہ مروجہ استقبال کئی مفاسد پر مشتمل ہے لہذا اس سے بچا جائے۔

ومن سنن الرجوع ان یکبر علی کل شرف ... الی قولہ ویرسل الی اهلہ من یخبرھم ولا یبغتھم فانہ منھی عنہ اھ (شامی ص ۳۵۴ ج ۲)

فقط واللہ اعلم
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ،
خیر المدارس ۔ ملتان

## جدہ میں مقیم بلا احرام مکہ جا سکتا ہے

ایک آدمی ملازمت کے سلسلہ میں جدہ رہتا ہے اور وہ ایک سال کے لئے وہاں مقیم ہے ہفتہ میں ہر جمعرات کی شام کو وہ مکہ معظمہ جاتا ہے جمعہ کو حرم شریف میں رہ کر نماز مغرب کے بعد جدہ روانہ ہو جاتا ہے کیا یہ آدمی حرم پاک میں جا کر احرام باندھ کر طواف کر سکتا ہے؟

**الجواب** جدہ مواقیت کے اندر حل میں واقع ہے اہل حل کے لئے بدون احرام مکہ معظمہ میں داخل ہونا جائز ہے تا وقتیکہ حج و عمرہ کا ارادہ نہ رکھتے ہوں۔

کما فی الدر المختار وحل لاھل داخلھا دخول مکۃ غیر محرم مالم یرد نسکاً للحرج فھذہ امیقاتہ الحل اھ (شامیۃ صفحہ ۲۱۱/۲)

اگر عمرہ کا ارادہ ہو تو حرم مکہ میں داخل ہونے سے پہلے حل سے احرام باندھ لیں فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

۲۳ / ۸ / ۸۲ھ

## مکہ میں مقیم تمتع کرے تو دمِ اسائت دینا لازم ہے

ایک عزیز رمضان المبارک میں حج ادا کرنے کے لئے مکہ معظمہ گئے۔ مکہ ہی میں شوال کا چاند دیکھا۔ ایک مولوی صاحب نے ان سے کہا کہ اب تم حج کا احرام باندھ سکتے ہو۔ عمرہ کا نہیں مگر وہ شوال ہی میں مدینہ چلے گئے وہاں سے عمرہ کا احرام باندھ کر آئے اور عمرہ ادا کر کے احرام کھول دیا۔ کیا ان پر دم لازم ہو گیا؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں بر تقدیر صحت واقعہ شخص مذکور مکہ والوں کے حکم میں ہو گیا ہے وہ صرف حج کا احرام باندھ سکتا ہے۔ قران یا تمتع اس کے لئے جائز نہیں اگر یہ شخص قران یا تمتع کرے گا تو اس پر دمِ اسائت دینا لازم ہوگا۔ (قرۃ العینین ص ۲۵۴)

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح

بندہ محمد اسحاق غفرلہ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## معلم حضرات کی فیس کا حکم

حجاج کرام سے معلمین اعلیٰ اور نائب معلمین کے لئے جو فیس طلب کی جاتی ہے۔ وہ جائز ہے یا نہیں؟ نیز جو نائب معلمین کام کرتے ہیں، وہ حسبِ ذیل ہیں ۱۔ فارم درخواست برائے حج مہیا کرنا اور پُر کرنا ۲۔ تاریخ متعینہ پر درخواست دفتر میں بھیجنا ۳۔ بعد منظوری دفتر سے حالات کا جائزہ لینا اور حجاج کو آگاہ کرتے رہنا ۴۔ حجاج کو گھر سے بندرگاہ تک کے کاروبار ٹیکہ وغیرہ لگوانا اور انتظام کرنا۔

**الجواب** حامداً ومصلیاً۔ ان اعمال پر جو معلمین حضرات انجام دیتے ہیں اور جن کی تفصیل

سوال کے اندر مذکور ہے اجرت لینا جائز ہے بوجہ عمل کے معلوم اور متعین ہونے کے ۔

کذا یفهم من نظائر هذا العمل من امداد الفتاوی ص۳۲۸ ، ص۳۳۴ ج۳

فقط واللہ اعلم

بندہ عبداللہ عفرلہ ، مفتی خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح
خیر محمد عفا اللہ عنہ ، مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان

## پورا دن یا پوری رات سر ڈھانپے رکھا تو دم لازم ہو گا

۱۔ محرم سردی کی وجہ سے کپڑا اوڑھ سکتا ہے یا نہیں ۲۔ بوڑھا آدمی سعی بین الصفا والمروہ پر قادر نہ ہو تو کیا کرے ؟ ۳۔ بوڑھا آدمی طواف آہستہ کر سکتا ہے ۴۔ بڑھاپے کی وجہ سے رمی نہ کر سکے تو کیا حکم ہے ؟ ۵۔ طواف کی نیت کس طرح کی جائے ؟

**الجواب** منہ اور سر ڈھانپنے کی اجازت نہیں ہے ۔ باقی جسم کو لحاف اور کمبل وغیرہ سے چھپانا جائز ہے ۔ رات بھر یا دن بھر منہ یا سر کو چھپا لیا تو دم واجب ہو جائے گا ۔ تھوڑے سے وقت کے لئے چھپایا تو صدقہ واجب ہو گا ۔

۲۔ آہستہ آہستہ چل کر یا کرایہ کی کرسی پر سعی کر لی جائے تو بھی واجب اتر جائے گا بالکل چھوڑ دینا جائز نہیں ورنہ دم دینا لازم ہو گا ۳۔ جائز ہے ۴۔ دم واجب ہو گا ۔

۵۔ اے اللہ میں خالص تیری رضا کے لئے تیرے اس گھر کے سات چکر طواف کرنا چاہتا ہوں تو اس کو آسان فرما اور قبول فرما ۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ ،
۱۹/ ۱۱/ ۹۴ ھ

الجواب صحیح ،
بندہ محمد اسحٰق غفرلہ

## حج کے سفر میں پہلے بغداد جانے کا حکم

حج پر روانگی سے پہلے بغداد شریف حاضری دینا ضروری ہے ؟ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ پہلے بغداد جایا جائے اس کے بعد جا کر حج کیا جائے ؟

**الجواب** اللہ تعالیٰ کے گھر کی حرمت کا تقاضا یہ ہے کہ اسی سے ابتداء کی جائے فقہاء بھی یہی فرماتے ہیں کہ حج کرنے والا پہلے مکہ مکرمہ جائے وہاں سے فراغت کے بعد مدینہ جائے اور ان دونوں جگہوں سے پہلے بغداد شریف کی حاضری کو ضروری سمجھنے والا غالی متبع نفس وھویٰ ہے۔

قال الله تعالیٰ ولا تتبع الھویٰ فیضلك عن سبیل الله الآیۃ الافضل ان یبدأ الحاج بمکۃ فاذا قضی نسکہ یمر بالمدینۃ وان بدأ بالمدینۃ جاز اھ (قاضی خاں ص۱۴۵ ج۱) ۔ فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح ، محمد انور عفا اللہ عنہ ،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ ،

## بارہویں کی رمی زوال سے پہلے کی تو دم دینا لازم ہے

**سوال** ایک آدمی نے بارہویں کے دن قبل از زوال ایک گھنٹہ رمی جمار کی ہے آیا وہ رمی جائز ہے یا نہیں اس صورت میں اس شخص پر دم یا صدقہ لازم ہے یا صرف گنہگار ہوگا۔؟ شرعاً حکم بتائیں ؟

**الجواب** بارہویں کو قبل از زوال رمی جائز نہیں اگر زوال سے پہلے ہی کی ہے تو دم لازم ہوگیا (زبدۃ ص۱۸۳) فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح ، محمد انور عفا اللہ عنہ
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ ، نائب مفتی خیر المدارس ملتان شہر

## دس ذی الحج کو جمرۂ عقبیٰ کی رمی نہیں کی تو دم دینا واجب ہے

زید کے ساتھ چند عورتیں ہیں علی الصبح دسویں ذی الحجہ کو ہجوم کی وجہ سے ظہر سے قبل جمرۂ عقبیٰ پر کنکریاں نہیں مار سکا۔ ظہر کے بعد اور عصر سے قبل بجائے جمرۂ عقبیٰ کے لاعلمی کی بناء پر جمرۂ

اولی جو مسجد خیف کے قریب ہے اس پر سات کنکریاں مار دیں۔ اس صورت میں زید پر کوئی کفارہ یا دم ہے یا نہیں؟

**الجواب** دس ذی الحج کو جمرۂ عقبیٰ کی رمی واجب تھی اور وہ نہیں کی گئی لہٰذا دم واجب ہے ولو ترک الجمار کلها أو رمی واحدة أو جمرة العقبة يوم النحر فعليه شاة (عالمگیری ص ۲۴۷ ج ۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ،
۲۴ / ۱۱ / ۱۴۰۷ھ

## آبِ زم زم لانا مستحب ہے

گزارش ہے کہ اتفاق سے ہماری حج سے واپسی سعودی ایئر لائنز سے ہوئی ہم لوگوں نے حسبِ استطاعت آبِ زم زم ساتھ لیا ہوا تھا مگر سعودی ایئر لائنز والوں نے ہمیں ساتھ نہ لانے دیا اور کہا کہ اسکی کوئی خاص حیثیت نہیں ہے۔ آبِ زمزم اپنے وطن لانے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(المستفتی سیف اللہ خالد قادری۔ لاہور)

**الجواب** ردالمحتار میں ہے کہ آبِ زم زم لانا مستحب ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی واپسی کے وقت لے جایا کرتی تھیں اور فرماتی تھیں کہ آنحضرت ﷺ بھی لے جایا کرتے تھے اور اسے بیماروں پر چھڑکا کرتے تھے اور انہیں پلاتے بھی تھے۔

يستحب حمله الى البلاد فقد روى الترمذي عن عائشة رضی اللہ عنہا أنها كانت تحمله وتخبر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يحمله وفي غير الترمذي أنه كان يحمله وكان يصبه على المرضى ويسقيهم وأنه حنك به الحسن والحسين رضي الله عنهما من اللباب وشرحه (شامی ص ۲۵۲ ج ۲) فقط واللہ اعلم

فقیر محمد انور عفا اللہ عنہ،
۱۶ / ۹ / ۹۸ھ

# صرف ازدحام کے خوف سے رمی ترک کردی تو دم دینا لازم ہے

ایک مرد اور اسکی بیوی دونوں حج کے لئے گئے تھے۔ مرد کی عمر تقریباً ۷۴ سال اور اسکی بیوی کی عمر تقریباً ۶۲ سال تھی۔ مرد و بیوی نے حج کے تمام ارکان پورے ادا کئے۔ صرف رمی جمار کے وقت کثرتِ ہجوم کی وجہ سے مرد اپنی بیوی کو رمی جمار کے لئے اپنے ہمراہ نہ لے گیا اور نہ خود اسکی طرف سے رمی کی تو کیا حج جائز ہو گیا۔ بصورتِ عدم جواز اب کیا حکم ہے کیا کوئی صدقہ ادا کیا جائے؟

**الجواب** اگر صرف ازدحام کی وجہ سے خود عورت نے رمی نہیں کی تو دم (بکری) دینا لازم ہے کسی حج پر جانے والے کو پیسے دیدیں۔ وہ انکی طرف سے وہاں ذبح کر دے (زبدۃ ص۱۵۸)۔ فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

# ٹی وی پر حج کا پروگرام دیکھنا

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں کہ ٹیلیویژن دیکھنا بوقت تلاوت کلام پاک یا کسی عالم کی تقریر یا حج کا پروگرام حج کے دنوں میں دیکھنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب** جاندار کی تصویر دیکھنا شرعاً جائز نہیں کاغذ پر ہو یا دیوار پر یا ٹی وی کی سکرین پر۔ اگر صرف مقاماتِ حج کی تصویر ہو تو دیکھنا درست ہے۔

وهذا كله مصرح في مذهب المالكية ومؤيد بقواعد مذهبنا ونصه عن المالكية ما ذكره العلامة الدردير في شرحه على مختصر الخليل حيث قال يحرم تصوير حيوان عاقل او غيره اذا كان كامل الاعضاء اذا كان يدوم وكذا ان لم يدم على الراجح كتصويره من نحو قشر بطيخ ويحرم النظر اليه اذ النظر الى المحرم حرام (از بلوغ القصد والمرام التصوير لاحكام التصوير ص۲۲)

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ،

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## حج کے لئے تصویر کھنچوانے کا حکم

تصویر کھنچوانا بالاتفاق حرام اور اشد حرام ہے بلا ضرورتِ شدیدہ مجبوری کے جائز نہیں تو کیا نفل حج و عمرہ یا ویسے سیاحت کے لئے پاسپورٹ بنوانا جو بغیر تصویر کے ممکن ہی نہیں جائز ہے یا نہ۔ اور کاروبار کے لئے باہر جانا بھی تصویر پر موقوف ہے۔

**الجواب** شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے لئے انتظامی لحاظ سے فوٹو ضروری ہے، اور عامۃ الناس کے لئے اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک ان دونوں سے چارہ نہیں پس اگر مواقع ضرورت میں مالکیہ کے مذہب کے مطابق نصف دھڑ کی تصویر کی اجازت دے دی جائے تو گنجائش ہونی چاہیئے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ توبہ و استغفار بھی ضروری ہے۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## حج فرض ہونے کے بعد بیمار ہو گیا تو حج بدل کرانا فرض ہے

زید پر حج فرض تھا جبکہ باصحت تھا حج کرنے کا ارادہ بھی تھا مگر کسی وجہ سے کر نہ سکا پھر شدید بیمار ہو گیا۔ آپریشن کے بعد ڈاکٹر نے زیادہ چلنے پھرنے سے منع کر دیا اب زید پر حج فرض ہے یا نہیں؟

**الجواب** زید پر حج تو ہر حال میں فرض ہے کیونکہ جب زید باصحت تھا تو اس پر حج فرض ہو چکا تھا۔ اس نے خود کوتاہی کی۔ ادا نہیں کیا حتیٰ کہ اب بیمار ہو چکا ہے تو اب اس پر حج بدل کرانا واجب ہے۔ حج معاف نہیں ہو سکتا۔

ولو ملك الزاد والراحلة وهو صحيح البدن ولم يحج حتى صار زمناً أو مفلوجاً لزمه الاحجاج بالمال بلاخلاف كذا في المحيط اھ

(عالمگیری ج ۱ ص ۲۱۸ کتاب الحج) فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبداللہ عفر لہ،

الجواب صحیح،

خیر محمد عفی عنہ،

۱۵/۴/۷۰ھ

## جو جمرات تک نہ جا سکے وہ نیابۃً رمی کرا سکتا ہے

ایک شخص بیمار تھا۔ مخلوقات کے انبوہ اور جمگھٹے میں داخل نہیں ہو سکتا تھا۔ دوسرے شخص کو اس نے رمی کے لئے وکیل بنایا۔ کیا یہ وکالت جائز ہے اور وہ مؤکل رمی سے سبکدوش ہوگیا یا نہیں؟

**الجواب** جو شخص اتنا بیمار ہو کہ کھڑے ہو کر نماز نہ پڑھ سکتا ہو اور جمرات تک پیدل یا سوار ہو کر آنے میں سخت تکلیف ہوتی ہو تو وہ معذور ہے اگر اس کو آنے میں مرض بڑھنے کا یا تکلیف ہونے کا اندیشہ نہیں۔ تو اب اس کو خود رمی کرنا ضروری ہے اور دوسرے سے رمی کرانا جائز نہیں۔ ہاں اگر سواری یا اٹھانے والا نہ ہو تو پھر معذور ہے۔ دوسرے سے رمی کرا سکتا ہے (زبدۃ صـ۱۶۱) : فقط۔ واللہ اعلم،

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | محمد انور عفا اللہ عنہٗ |
| بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہٗ | نائب مفتی خیر المدارس ملتان شہر |
| مفتی خیر المدارس۔ ملتان | ۲۶ / محرم ۱۴۰۲ھ |

## قیام مزدلفہ کا وقت دسویں کی فجر طلوع ہونے سے لیکر طلوع شمس تک ہے

مزدلفہ کا قیام کیا ہے کب تک ہے اور اس رات کو عبادت کون کون سی حدیث سے ثابت ہے؟

**الجواب** وقوفِ مزدلفہ خواہ ایک لمحہ کے لئے ہو، واجب ہے اور طریقہ یہ ہے کہ غروبِ شمس کے بعد عرفہ سے چلے مغرب وعشاء مزدلفہ میں عشاء کے وقت میں ادا کی جائیں پھر ساری رات عبادت میں مشغول رہے نوافل، دعاء، اذکار، تلاوت قرآن اور تلبیہ میں سے جس میں دلجمعی زیادہ ہو مشغول رہے۔ اسفار تک یہاں ٹھہرنا سنت مؤکدہ ہے فجر امام کے ساتھ منہ اندھیرے ادا کرے اس کے بعد پھر عبادت میں مشغول رہے طلوع شمس سے ذرا پہلے منیٰ کو روانہ ہو جائے (قرۃ العینین صـ۱۵۳)

واضح رہے کہ دسویں کی رات مزدلفہ میں گزارنا سنتِ مؤکدہ ہے اور وقوفِ واجب کا وقت طلوعِ فجر سے طلوعِ شمس تک ہے۔

وصلى الفجر بغلس لاجل الوقوف ثم وقف بمزدلفة ووقته من طلوع الفجر الى طلوع الشمس اھ (درمختار على الشامية ص۲۴۴ ج۲)
(قوله ثم وقف) هذا الوقت واجب عندنا لا سنة والبيتوتة بمزدلفة سنة مؤكدة الى الفجر لا واجبة اھ (شامی ص۲۴۴ ج۲)

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان

فقط واللہ اعلم
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ،
نائب مفتی خیر المدارس ملتان ۲۲/۱/۱۳۹۷

## وجوب سے پہلے ادا کئے گئے دم کا وجوب ساقط نہیں ہوا

ایک شخص اپنی بیوی ہندہ کو حج کے لئے ساتھ لے گیا، لیکن اسکی بیوی نے رمی کرنے سے پہلے قربانی کر لی اور اُسے غلطی کا کوئی احساس نہیں ہوا۔ جمرہ عقبیٰ کو آتے وقت خاوند نے دو دم ادا کر دیئے اور پہلا دم اپنی طرف سے یوں خیال کرتے ہوئے کہ اگر کوئی ماضی میں غلطی ہوئی تو دم ادا ہو جائے۔ اسوقت رمی جمرہ عقبیٰ سے پہلے قربانی کرنے کا کوئی خیال نہیں تھا بعد میں گھر آکر خیال آیا۔ آیا وہی دم ہی کافی ہوگا یا دوسرا دیا جائے؟ (سائل مولانا عبدالشکور صاحب مدرس مدرسہ ہذا)

**الجواب** اگر ہندہ مفردہ بالحج ہو تو ذبح کی تقدیم و تاخیر سے کچھ واجب ہوگا۔ کیونکہ جب خود ذبح بھی واجب نہیں تو اسکی ترتیب بھی واجب نہیں، لیکن قران یا تمتع کی صورت میں وجوب ترتیب کی وجہ سے دم کا وجوب ہے مذکورہ دم کافی نہ ہونا چاہیئے، کیونکہ سبب وجوب سے بھی پہلے دیا گیا ہے۔ شامیہ ص۱۶۲ ج۲ میں ہے:

والحاصل أن الطواف لا يجب ترتيبه على شئ من الثلاثة ولذا لم يذكرها وانما يجب ترتيب الثلاثة الرمي ثم الذبح ثم الحلق لكن المفرد لا ذبح عليه فبقى عليه الترتيب بين الرمي والحلق۔

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

فقط واللہ اعلم۔
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

## طوافِ زیارت کو ۱۲ سے مؤخر کیا تو دم لازم ہو گا

ہم سے حج کے اندر کچھ واجب اور کچھ رکن ادائیگی سے رہ گئے ایک تو ۱۰ ذی الحجہ کو رمی نہیں کی۔ حالانکہ یہ واجب ہے دُوسرے یہ کہ طوافِ زیارت ۱۲ ذی الحجہ کے غروبِ آفتاب سے پہلے پہلے نہیں کیا اور یہ حج کا رکن ہے۔ اب آپ فرمادیں کہ اس سلسلہ میں کیا کیا جائے۔ (صالح محمد۔ ڈی جی خان)

**الجواب** ۱۰ ذی الحجہ کی رمی کو ترک کرنے کی وجہ سے اور اسی طرح طوافِ زیارت ۱۲ ذی الحجہ سے مؤخر کرنے کی وجہ سے دونوں صورتوں میں دم لازم آتا ہے اور دم کے لئے ضروری ہے کہ وہ حرم مکّہ کے اندر ذبح کیا جائے لہٰذا آپ کو اگر اپنے معلم پر اعتماد ہو تو اسکی طرف دو بکروں کی رقم روانہ فرما دیں کہ وہ بکرے خرید کر جناب کی طرف سے ذبح کر دیں اور گوشت فقراء حرم کو کھلا دیں لیکن عموماً معلم اس قسم کے کاموں میں تساہل کر جاتے ہیں لہٰذا اس سے بھی بہتر صُورت یہ ہے کہ مدرسہ صولتیہ کے مہتمم کی طرف یہ رقم ارسال کی جائے اور انہیں لکھا جائے کہ دو بکرے بغرض فدیہ ہر دو جنایات آپ کی طرف سے ذبح کریں۔ یہ مدرسہ با اعتماد ہے

فقط واللہ اعلم،
بندہ عبداللہ عفا اللہ عنہ

## جس متمتع نے حج سے پہلے تین روزے نہ رکھے ہوں، اس پر تین دم لازم ہیں:

زید حج کے لئے روانہ ہوا پانچ ذی الحجہ کو مکہ پہنچا چھ کو رقم گم ہو گئی اور سفر حج پیدل کیا کپڑے وغیرہ بیچ کر جو رقم موصول ہوئی وہ تقریباً دو سو ریال تھی مگر اس نے قربانی کا جانور نہ خریدا۔ روزے کا مسئلہ معلوم نہ تھا بعد میں معلوم ہوا کہ ۷-۸-۹ کا روزہ رکھا جاتا ہے تو اس نے آٹھویں کا روزہ رکھا نو کو عرفات کا پیدل سفر درپیش تھا لہٰذا ۹ کو روزہ نہ رکھا۔ اس نے احرام باندھتے وقت حج تمتع کی نیّت کی تھی۔ اب سوال یہ ہے کہ اس سے قربانی کا وجوب ختم ہوا یا نہیں؟ اگر نہیں تو کتنے دم واجب ہوں گے؟ یہ دم کہاں دیئے جائیں؟ مکہ میں یا پاکستان میں؟

(پروفیسر محمد حمزہ نعیم ایم اے)

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں تین دم لازم ہوں گے ایک دم تمتع، دوم دم تحلل، سوم دم تاخر فان فاتت الثلاثۃ تعین الدم فلو لم یقدر تحلل وعلیہ دمان ای دم التمتع ودم التحلل قبل أوانہ اھ (درمختار علی الشامیۃ ص۲۶۵ ج۲)

یہ دم مکہ میں ادا کئے جائیں۔

ویتعین الحرم لا منیٰ للکل سواء کان دم شکر او جنایۃ اھ (الدر مع الشامیۃ)۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## قارن ذبح سے پہلے حلق کرالے تو دو دم واجب ہوں گے

ایک آدمی زید نے ۱۰ ذی الحجہ کو منیٰ میں قربانی کرنے سے قبل ہی سہواً سر منڈا لیا اور بعد میں قربانی کی اس شخص زید پر دم واجب ہے یا نہیں۔ اگر اس پر کفارہ واجب ہے تو یہ کب ادا کرے۔ شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب** اگر زید نے قران یا تمتع کیا تھا اور دم تمتع یا قران دسویں ذی الحجہ کو سر منڈانے کے بعد ذبح کیا ہے تو زید پر متمتع ہونے کی صورت میں ایک دم واجب ہوگا۔ اور قارن ہونے کی صورت میں دو دم واجب ہوں گے اور اگر صرف افراد کیا تھا تو کوئی دم واجب نہیں۔ ویجب دمان علی قارن حلق قبل ذبحہ (درمختار)

وفی الشامیۃ وانما یجب ترتیب الثلاثۃ الرمی ثم الذبح ثم الحلق لکن المفرد لا ذبح علیہ فیجب علیہ الترتیب بین الرمی والحلق (ص۲۸۶ ج۲)

ذبح سے پہلے سر منڈانے کی وجہ سے جو ایک یا دو دم واجب ہوں گے۔ ان کو اب حرم میں ذبح کر دیا جائے تو بھی کافی ہے۔ حدودِ حرم سے باہر ذبح کرنا درست نہیں۔ اس ذبح کا منیٰ میں ہونا ضروری نہیں۔

ففی الدر مع الرد ویتعین الحرم لا منیٰ للکل بیان لکون الھدی

مؤقتا بالمکان سواء کان دم شکر اوجنایۃ اھ۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## مکہ میں رہنے والا آفاقی کی طرف سے حج بدل کر سکتا ہے؟

ایک بوڑھا آدمی ضعف اور پیرانہ سالی کی وجہ سے حج کے لئے نہیں جا سکتا اس کا بیٹا مکۃ المکرمہ میں رہتا ہے وہ اسکی طرف سے حج بدل کر سکتا ہے، کیا حج بدل کے لئے آمر کے گھر سے مامور کو اخراجات سفر ادا کرنا ضروری ہیں؟ اگر مامور مکہ میں رہنے کی وجہ سے نہ اخراجات لے نیز نہ ہی اسکو سفر کی نوبت آئے کیا آفاقی کی طرف سے حج بدل ہو جائے گا یا نہیں؟

**الجواب** حج فرض میں نیابت چند شرطوں کے ساتھ درست ہے ا۔ آمر پر حج فرض تھا اس کے بعد خود جانے سے معذور ہو گیا اور تا مرگ عاجز ہی رہا۔ ۲۔ اپنی طرف سے حج کرنے کا حکم کرے اور راستے کا خرچ بھی دے اگر خرچ نہ دیا تو حج ادا نہ ہوگا ۳۔ مامور حج کا اہل ہو یعنی مسلمان، عاقل و ممیز وغیرہ ۴۔ جس جگہ سے مامور حج کر رہا ہے آمر نے اس جگہ سے حج کرنے کا حکم کیا ہو ورنہ اس کے وطن کے علاوہ دوسری جگہ سے کرنے سے حج ادا نہ ہوگا لیکن قرۃ العینین میں یہ مسئلہ لکھا ہے اگر باوجود ملکیت مال رکھتے ہوئے اپنے وطن کے بغیر اگرچہ مکہ معظمہ کے نزدیک یا کسی دور جگہ سے حج کرائے تو جائز ہو جائے گا مگر گناہ گار ہوگا۔ لیکن جائز ہونے کے لئے شرط ہے کہ میت نے خود وصیت کی ہو یا مریض خود کہے کہ فلاں جگہ سے میرا حج کرایا جائے تو جائز ہے اگرچہ داخل میقات سے یا مکہ مکرمہ شہر سے ہی کیوں نہ ہو جائز ہے مگر داخل میقات کے حج کرانے سے بسبب ترک میقات کے گناہگار ہوگا ۵۔ احرام کے وقت آمر کے حج کی نیت کرے ۶۔ خود مامور کرے کسی اور سے نہیں کرا سکتا۔ وغیر ذالک من الشرائط۔ بہر حال جو خرچہ خواہ تھوڑا ہو یا زیادہ آمر کو ادا کرنا ہوگا۔ خواہ بعد میں کسی اور وقت کسی دوسرے نام سے واپس کر دے۔ نیز حج میقات سے کیا جائے۔ فقط واللہ اعلم۔ بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

الجواب صحیح،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## مُحرِمَہ پردہ کیسے کرے؟

عورت حج میں احرام کے وقت چہرے کو ظاہر اور کھلا رکھے یا پردہ ضروری ہے اگر پردہ ضروری ہے تو پھر چہرے کو کپڑا مس کرے یا کوئی بھی چیز مس نہ کرے مثلاً چہرے کے اوپر گتہ یا چمڑا یا پلاسٹک وغیرہ غرضیکہ بغیر کپڑا کوئی چیز رکھ کر اوپر برقعہ ڈالدیا جائے تو آیا اس غیر کپڑا کا مس جائز ہے یا نہیں پھر اسکی کیا صورت ہوگی کہ کوئی چیز منہ کو مس نہ کرے اور پردہ شرعی بھی رہے بعض لوگ لوہے کی جالی سر پر باندھ کر جو منہ کے اوپر سے کچھ جدا ہوتی ہے اور پردہ کو اس کے اوپر ڈال لیتے ہیں جالی درمیان میں حائل ہوتی ہے یہ صورت ٹھیک ہے یا نہیں؟

**الجواب** جوان عورت کو پردہ کرنا واجب ہے لوہے کی جالی والی صورت درست ہے ضرورت کے درجہ میں کوئی چیز مثلاً لکڑی یا جالی وغیرہ چہرے سے مس کرے تو قدرے گنجائش ہے۔

لکنها تکشف وجهها لا رأسها ولو سدلت شيئاً عليه وجافته عنه جاز بل يندب اھ وفی الشامية فی الفتح وقد جعلوا الذلك أعواداً كالقبة توضع على الوجه ويسدل من فوقها الثوب اھ قوله جاز أی من حيث الاحرام بمعنی انه لم يكن محظوراً لانه ليس بستر وقوله بل يندب ای خوفاً من رؤية الاجانب وعبر فی الفتح بالاستحباب لكن صرح فی النهاية بالوجوب اھ (شامی ص ۱۸۶ ج ۱)

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفی عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان

محمد انور عفا اللہ عنہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان

---

## طوافِ زیارت بلا نیت بھی اَدا ہو جاتا ہے

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک عورت حج کے لئے مکہ سے جب منیٰ اور عرفات کو روانہ ہونے لگی تو اس کو ماہواری شروع ہوگئی دسویں تاریخ کو اس نے قصر، قربانی اور رمی جمار سے فراغت کرلی اور آخر ایام تشریق میں اس

کا حیض بند ہوگیا۔ چنانچہ اس نے غسل کر کے طوافِ زیارت کر لیا۔ پھر منیٰ چلی گئی۔ لیکن منیٰ میں جا کر اس کو چند قطرے خون آ گیا (پہلے بھی ایسے کبھی کبھی ہو جایا کرتا تھا) اس نے پھر غسل کر لیا اور مکہ آ کر اس نے دو یا تین طواف کئے لیکن طوافِ زیارت کی نیت نہیں کی۔ طوافِ وداع بھی کر لیا کیا وہ طوافِ زیارت ادا ہوگیا۔ کیا دُوسرے غسل سے بعد والا طواف جو بلا نیّتِ طوافِ زیارت کیا گیا ہے طوافِ زیارت کے قائم مقام ہو سکتا ہے۔ دُوسرے غسل کے بعد والے طوافوں میں صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کی اس کا دم لازم آئیگا یا نہیں اور دم بکرے کا ہوگا۔ یا اونٹ اور گائے کا۔ کیا اس کو حج دوبارہ کرنا لازم ہوگا۔؟

**الجواب** مکہ شریف میں آنے کے بعد دوبارہ غسل کر کے جو پہلا طواف کیا ہے۔ یہ طوافِ زیارت بن جائے گا۔ اگرچہ نیّت نہ کی ہو۔ وداع چونکہ الگ کیا ہے۔ لہذا یہ بھی ادا ہو گیا ہے۔ البتہ سعی جو پہلے حالتِ حیض میں طواف کر چکی تھی، وہ معتبر نہیں لہذا ایک بکری حرم میں ذبح کرنا واجب ہے۔

اگر یہ چند قطرے خون اکثر ایامِ حیض کے اندر ہے اور ایامِ نحر ختم ہونے سے پہلے منقطع ہو گیا تھا۔ اور اتنا وقت باقی تھا کہ غسل کر کے کم از کم چار شوط طواف کے کر سکتی تھی مگر آخر یومِ نحر میں اس نے طواف نہیں کیا بلکہ بعد میں کیا ہے تو ایسی صورت میں ایک دم تاخیرِ طواف کی وجہ سے بھی واجب ہو گا۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

مفتی خیر المدارس ملتان
۲۱ / ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

## طوافِ صدر کر کے گئے، پھر دوبارہ مکہ مکرّمہ آئے تو طواف کا حکم

۱۔ اگر مدینہ جا کر واپس آنے کا ارادہ ہو تو طوافِ صدر کر کے جائے یا آ کر کرے؟
۲۔ اگر کر کے جائے اور پھر مکہ آ جائے تو پھر نفل طواف کرے یا نہ کرے؟

۳۔ کیا متمتع قارن مفرد معتمر میں سے ہر شخص پہلے طواف تحیہ کر سکتا ہے ؟

**الجواب** طواف وداع کرکے مدینہ طیبہ جائے ، واپسی پر جب دوبارہ مکہ سے روانہ ہونے لگے تو مستحب یہ ہے کہ پھر طواف کرے ، لیکن واجب ادا ہو چکا ہے ۔

۳۔ طواف تحیہ اس کے لئے ہے جو محرم نہ ہو اور جو محرم ہو اس کا طواف واجب ہی طوافِ تحیہ ہے ۔

واذا دخل مكة بدأ بالمسجد .... ثم أبتدأ بالطواف اھ (تنوير) (قوله ثم ابتدأ بالطواف) فان كان حلالا لأنطواف التحية أو محرما بالحج نطواف القدوم أي الذي قال او بالعمرة فطوافها ولا طواف قدوم لها اھ (شامی ص ۱۷۹ ج ۲)۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ ،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

۱۴ - ۷ - ۱۳۹۶ ھ

## تمتع یا قران فرض ہو یا نفل دم شکر ادا کرنا ضروری ہے ۔

ہم سعودی عرب میں جو لوگ رہتے ہیں کیا ان کے لئے حج پر قربانی دینا واجب ہے کیونکہ پہلے حج پر تو قربانی دی جاتی ہے پہلا حج فرض ہوتا ہے اس کے بعد جو لوگ حج کرتے ہیں وہ تو نفل حج ہونگے تو جو دوسرا یا تیسرا حج ہوگا اس پر قربانی نہ بھی دی جائے تو کیا حج جائز ہے ۔ اور یہاں پر رہنے والوں کے لئے حج کے بعد الوداعی طواف بھی کرکے آنا ضروری ہوتا ہے یا بعد میں بھی ہو سکتا ہے ۔

۲ ۔ جب ہم حج و عمرہ کی نیت سے احرام باندھتے ہیں ، ہم لوگ جدہ میں رہتے ہیں ہم مکہ مکرمہ جاتے

ہیں عمرہ کرنے کے لئے احرام یہاں سے ہی باندھ لیتے ہیں تو کیا دائیں بازو یعنی دائیں کندھے کو یہاں سے ہی ننگا کرنا چاہیئے۔ حج عمرہ کرنے کے بعد احرام بندھا ہی رہتا ہے اور کندھا ننگا کرنے کی ضرورت اب تو نہیں ہے کیونکہ ہم نے جدہ آکر احرام کھولنا ہوتا ہے۔

**الجواب** میقات سے باہر رہنے والا شخص جو آفاقی کے حکم میں ہے اشہر حج میں حج اور عمرہ دونوں ادا کرے تو اس پر شکرانہ کے طور پر ایک دم واجب ہے خواہ حج فرض ہو یا نفل دونوں صورتوں میں دم تمتع یا دم قران واجب ہے، یہ دم قربانی کے علاوہ ہے **الحاصل** حج تمتع یا قران کرنے کی صورت میں ایک بکری ذبح کرنا واجب ہے۔

۲۔ حالتِ احرام میں جو چادر کو کندھے کے نیچے سے گزارا جاتا ہے اسکو اضطباع کہا جاتا ہے یہ ہر ایسے طواف میں مسنون ہے جس کے بعد سعی ہے۔ اضطباع طواف شروع کرتے وقت کیا جائیگا اور طواف ختم ہوتے ہی اسے موقوف کر دیا جائے گا۔

واعلم أن الاضطباع سنة في جميع اشواط الطواف كما صرح به ابن الضياء فاذا فرغ من الطواف تركه (شامی ص۱۶۷ ج۲)

طواف سے قبل یا اس سے فراغت کے بعد سعی وغیرہ کی حالت میں اضطباع مسنون نہیں۔

فقط ، واللہ اعلم،

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ |
| بندہ عبدالستار عفی عنہ | ۲۶ / ۱ / ۱۴۰۹ھ |

## متعدد عمروں میں صرف چند بال کاٹتے رہے تو کتنے دم ہوں گے

میں ابھی دو تین ماہ قبل عمرہ کے لئے گیا تھا۔ مجھے بار بار عمرہ کی سعادت نصیب ہوئی ہے مجھ سے غلطی یہ ہوئی کہ سعی کے بعد مجھے کم از کم ایک چوتھائی سر منڈوانا چاہیئے تھا۔ مگر چھوٹی قینچی سے ذرا سے بال ترشوا لئے۔ اب مجھے عمرہ کی صحت کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟

**الجواب** گھر واپسی کے بعد اگر سر منڈوا دیا تو بھی احرام سے نکل گیا۔ لیکن ایک دم واجب ہے جو کسی کے ذریعے حدودِ حرم میں ذبح کرا دیا جائے۔

أو حلق فی حل بحج فی أیام النحر فلو بعدها فدمان (او عمرة اھ قوله فی أیام النحر) متعلق بحلق بقید کونه للحج ولذا قدمه علی قوله أو عمرة فیتقید حلق الحاج بالزمان أیضا وخالف فیه محمد و خالف أبو یوسف فیهما وهذا الخلاف فی التضمین بالدم لا فی التحلل فانه یحصل بالحلق فی أی زمان أو مکان فتح (شامی ص۲۵۷ ج۲)

اور سر منڈانے سے قبل اگر مجامعت کر لی یا سلے ہوئے کپڑے پہن لئے یا خوشبو لگالی، تو ان جنایات کی وجہ سے ایک دم اور واجب ہوگا۔

ووطؤه بعد اربعة ذبح ولم یفسد وفی الشامیة وشمل کلامه ما اذا طاف الباقی وسعی أولاً لکن بشرط کونه قبل الحلق اھ (شامی ص۲۹۱ ج۲)

صورتِ مسئولہ میں یہ جنایات متعددہ ایک ہی جنایت متصور ہوگی۔ متعدد دم واجب نہ ہوں گے (شامیہ ص۲۸۳ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، ۴/۹/۱۴۵۶ھ

الجواب صحیح، محمد عبداللہ عفر لہ،

---

## حج بدل میں باذن آمر تمتع بھی جائز ہے

**سوال:** ایک شخص جو خود بنفسہٖ حج سے عاجز ہے دوسرے آدمی سے حج کرانا چاہتا ہے۔ سنا ہے کہ مامور آمر کیطرف سے صرف حج مفرد کر سکتا ہے نہ قران نہ تمتع حکومت کی پابندیوں اور سفر کی وجہ سے مامور بھی مجبور ہوتا ہے حسبِ منشا نہیں کر سکتا پس سوال یہ ہے کہ مامور بالحج کیا آمر کی اجازت سے تمتع یا قران کر سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب** فقہاء کا حج بدل کرنے والے کو روکنا مبنی بر احتیاط ہے لہذا اگر بآسانی ممکن ہو تو احتیاط ضرور کیجاوے مگر اس زمانے میں حج و عمرہ کرنے میں

عام آدمی آزاد نہیں کہ جب اور جس وقت جا سکیں اور طولِ احرام سے بچنے کے لئے ایام حج کے بالکل قریب سفر کریں، ہر طرف حکومتی پابندیاں شدید ہیں۔ اس لئے اگر حجِ بدل کرنے والے کو وقت سے زیادہ پہلے جانے کی مجبوری ہو اور واجبات احرام کی طویل پابندی مشکل نظر آوے تو اس کے لئے باذن آمر تمتع کر لینے کی گنجائش ہے کذا افادہ فقیہ العصر علامہ مفتی محمد شفیع قدس سرہ فی (منہج الخیر فی الحج عن الغیر ص۵۱۶) فقط واللہ اعلم،

محمد انور نائب مفتی خیر المدارس
۹۹/۵/۱۹ ھ

الجواب صحیح،
بندہ محمد صدیق غفرلہ،

## ہجوم کی وجہ سے عورتیں اور ضعیف قیامِ مزدلفہ ترک کرنے سے دم واجب ہوگا

مرد مزدلفہ کا قیام نہ کریں تو کچھ واجب نہیں ہوگا اب ظاہر ہے کہ عورتیں اور ضعیف مرد تنہا تو عرفات سے منیٰ نہیں جا سکتے تندرست مردوں کو بھی ان کے ساتھ جانا ہوگا لہٰذا اس صورت میں تندرست مردوں کو بھی ان کے ساتھ منیٰ آنے کی گنجائش ہے یا نہیں؟

**الجواب** تندرست لوگ اگر ترک قیام مزدلفہ کریں گے خواہ کسی وجہ سے ہو ان پر دم دینا لازم ہوگا۔ البتہ معذورین اور عورتیں بسبب مرض و ضعف اور خوف ازدحام اگر وقوف مزدلفہ ترک کریں گے تو ان پر دم واجب نہیں۔ براہِ راست جانا درست نہیں۔ اجازت کی صورت یہ ہے کہ مزدلفہ میں اتریں اور مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھے مزدلفہ میں پڑھیں پھر آخر رات میں یہاں سے روانہ ہو جائیں۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال بعثنی نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسحر من جمع فی ثقل نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کان یقدم ضعفۃ اھلہ فیقفون عند المشعر الحرام بالمزدلفۃ باللیل ثم یدفعون قبل ان یقف الامام وقبل ان یدفع فمنھم من یقدم منیٰ لصلوٰۃ الفجر ص۴۱۸ مسلم ج ۱۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، عبد الستار عفا اللہ عنہ،
بندہ محمد اسحاق غفرلہ

# نوافل اور تلبیہ کے بعد بھی سر ڈھانپے رکھا تو صدقہ لازم ہے

ایک شخص نے احرام باندھنے کے لئے دو رکعت نماز پڑھی بھولے سے ٹوپی پہنے پہنے احرام کی نیت کرلی اور تلبیہ کہہ دیا اور احرام کی چادریں پہلے سے باندھ لی تھیں۔ ایک منٹ ٹوپی پہنی ہوگی یا اس سے کم وقت یاد آتے ہی اُتار دی پھر دوبارہ نیت کی اور تلبیہ کہا احرام قران کا تھا صدقہ یا فدیہ کس مقدار میں ادا کرے؟

۲۔ قران کے احرام کی حالت میں عمرہ سے قبل اور بعد چند بار وضو کرتے ہوئے کپڑے سے چہرہ پونچھا کئی بار اطمینان سے رومال سے ناک صاف کیا یہ سب اس حالت میں ہوا کہ اسطرف خیال نہ گیا کہ چہرہ پونچھنے کی وجہ سے احرام کے خلاف ہوگا۔ اس کا تدارک کیا ہوگا ــــــ؟

**الجواب** ایک صاع گندم صدقہ کرے کما فی الدر المختار و دوام اللبس بعد ما احرم وهو لابسه كانشائه بعده اھ (درمختار)

ای وجوب الدم ان دام يوما او ليلة (شامی ص ۲۷۹ ج ۲) اور بعد الاحرام سر ڈھانپنے میں تھوڑی دیر کے لئے نصف صاع تصدق لازم ہے پس دوام لبس کا بھی یہی حکم ہوگا چونکہ احرام قران کا ہے لہذا یہ صدقہ مضعف ہوگا۔ کما فی الدر ایضا وكل ما على المفرد به دم بسبب جنايته على احرامه فعلى القارن دمان وكذا الحكم في الصدقة فتثنى ايضا لجنايته على احرامه (ص ۳۰۷ شامی) ہر بال کے بدلے میں تقریباً دو مٹھی بھر صدقہ کرے ان نتف من رأسه او انفه او لحيته شعرات فلكل شعرة كف من طعام وفي خزانة الا كمل في خصلة نصف صاع (شامی ص ۲۸۶ ج ۲)

جنایات میں خطاء اور عمد برابر ہے۔ قران کی وجہ سے واجب دوگنا ہوگا ۲۔ چہرہ پونچھنے میں چونکہ کپڑے سے چہرہ چھپ گیا ہے لہذا یہ بھی جنایات موجب صدقہ ہوں گی احتیاطاً نصف صاع ایک مرتبہ کے لئے صدقہ کردے صریح جزئیہ اس کے بارے میں نہیں مل سکا۔ ذیل کے جزئیہ سے کچھ مفہوم یہ ہوتا ہے۔ ولا بأس بتغطية اذنيه وقفاه ووضع يديه على انفه بلا ثوب (قوله بلا ثوب) كذا في الفتح والبحر والظاهر انه لو كان الوضع

بالثوب ففیہ الکراھۃ التحریمیۃ فقط لان الانف لا یبلغ ربع الوجہ أفادہ ط (درمختار علی الشامیہ قدیم ص۲۷۹ ج۲) - دیگر علماء سے بھی اگر تحقیق کرلی جاوے تو مناسب ہوگی، ناک صاف کرنے میں کچھ نہیں۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

الجواب صحیح
خیر محمد عفا اللہ عنہ،

## تمتع حج کی سعی الگ کر کے نہ کرنے کی صورت میں دم لازم ہوگا

ایک شخص نے تمتع کا احرام باندھا اور عمرہ کر کے احرام کھول دیا پھر ایام حج میں حج کا احرام باندھا اور حج کے آخر میں فرض طواف زیارت کو اس طرح ادا کیا کہ اس میں سعی نہیں کی اس خیال سے کہ عمرہ میں سعی کی گئی تھی وہ ہی کافی ہوگی اور عمرے والے طواف کو طوافِ قدوم پر محمول کیا اس مسئلہ مشہورہ کی بناء پر کہ اگر طواف قدوم میں سعی کرلی جائے تو طوافِ زیارت بس فقط طواف کافی ہے۔ سعی ضروری نہیں ہے۔ آیا اس صورت میں اسپر دم واجب ہے یا نہیں اگر ہے تو اب کیا کرے جبکہ اب وطن واپس آچکا ہے دم جنایت حدودِ حرم میں دینا ضروری ہے یا یہاں بھی غرباء کو تصدق کرنے سے ادا ہوسکتا ہے؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں ترک سعی کی وجہ سے شخص مذکور پر دم لازم ہے کیونکہ متمتع پر احرام بالحج باندھنے کے بعد ایک سعی ضروری ہے خواہ وہ سعی طواف زیارۃ میں ادا کی جائے یا طوافِ تطوع میں اور جبکہ صورتِ مسئولہ میں شخص مذکور نے احرام بالحج باندھنے کے بعد سعی نہیں کی ہے اس وجہ سے اس پر دم لازم ہے۔ کما فی الھدایۃ ص۲۲۱ ج۱۔ وفعل مایفعل الحاج المفرد لانہ مؤدٍ للحج الا انہ یرمل فی طواف الزیارۃ ویسعی بعدہ لان ھذا اول طواف فی الحج بخلاف المفرد لانہ قد سعی مرۃ (وفی الشامیۃ ص۲۶۹ ج۲) علی قول الدرو یحج کالمفرد لکنہ یرمل فی طواف الزیارۃ ویسعی بعدہ ان لم یکن قدمھما بعد الاحرام ای عقب طواف تطوع بعد الاحرام بالحج ۔ اور اس دم

کی ادائیگی کی صورت یہ ہے کہ مکہ معظمہ میں مدرسہ صولتیہ کے مہتمم کو اطلاع دیدیں کہ اس شخص پر دم ہے قربانی کر دیں اور قیمت ان کو بھیج دیں۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد اسحٰق غفرلہ
۹ / ۲ / ۷۸ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ غفرلہٗ

## مکہ میں پانچ دن قیام کے بعد منیٰ عرفات جانا ہو تو نیتِ اقامت درست نہیں ،

کیا فرماتے ہیں علماء دین مندرجہ ذیل مسائل میں کہ میں انشاء اللہ اس دفعہ حج پر جا رہا ہوں۔ اور حج سے چند یوم قبل یعنی پانچ روز قبل مکہ مکرمہ پہنچوں گا اور پھر وہاں سے منیٰ عرفات اور مزدلفہ جانا ہوگا اور منیٰ واپسی پر طوافِ زیارت کے لئے مکہ مکرمہ جانا ہوگا جبکہ حج کے بعد مکہ مکرمہ میں پندرہ روز سے زائد قیام کرنا ہے تو یہاں سے سفر کے آغاز سے کب تک مجھے نماز قصر ادا کرنا ہوگی۔

۲۔ کیا اب منیٰ مکہ مکرمہ کے شہر کا حصہ بن چکا ہے تو ایسی صورت میں مزدلفہ سے منیٰ واپسی پر مجھے نماز پوری پڑھنا ہو گی؟ کیونکہ میرا مکہ مکرمہ کا قیام پندرہ روز سے زائد کا ہے۔

**الجواب** عرفات کے بارے میں زیادہ بحث کی حاجت نہیں ہے کیونکہ حجاج وہاں رات نہیں گزارتے اور دن میں کہیں چلے جانا یہ نیت اقامت پر اثر انداز نہیں البتہ مزدلفہ میں رات گزارنا یہ مکہ میں نیت اقامت کے لئے مبطل ہوگا۔ کیونکہ مزدلفہ نہ مکہ میں داخل ہے نہ ہی فناء مکہ میں داخل ہونے کی کوئی دلیل سوال میں مذکور ہے نیز مزدلفہ منیٰ کے ساتھ متصل نہیں بلکہ منیٰ اور مزدلفہ کے درمیان وادی محسّر حائل ہے۔ درمختار میں ہے المزدلفة کلھا موقف الا وادی محسّر ھو واد بین منیٰ و مزدلفة۔ بالفرض متصل بھی ہو تو بھی پورے مزدلفہ کو جو تقریباً دو میل تک پھیلا ہوا ہے منیٰ کے تابع قرار دینا سمجھ میں نہیں آتا مثلاً کسی شہر کے متصل دس میل کا طویل عریض میدان ہے تو اس پورے میدان کو شہری فناء تصور کرنا کیونکر درست

ہوگا؟ جب مزدلفہ نہیں تو عرفات بطریق اولیٰ فناء مکہ میں داخل نہ ہوگا جب کہ منیٰ اور عرفات کے درمیان تقریباً چھ میل کا فاصلہ ہے۔ فوجی انتظامی لحاظ سے حفاظتی چوکیوں کا عرفات سے آگے واقع ہونا یہ کچھ مفید نہیں کیونکہ شاید ایسی چوکیاں پورے راستے پر بنائی جاتی ہیں، جیسے طریقِ مکہ اور مدینہ پر چوکیاں تعمیر کی گئی ہیں۔ منیٰ و مکہ یہ دونوں تو حسبِ تصریح فقہاء بلاشبہ دو مستقل مواضع ہیں ان میں سے ہر ایک کی مستقل حدبندی موجود ہے کہ یہ ابتدائے منیٰ ہے مناسک حج کے اعتبار سے بھی یہ دونوں مواضع ہمیشہ ہمیشہ کے لئے شہر ہی تصور کئے جائیں گے جو احکام منیٰ سے متعلق ہیں۔ وہ اسی قطعہ میں ادا کئے جائیں گے مکہ میں ان کی ادائیگی متصور نہ ہوگی اور اسیطرح اس کے برعکس۔ علاوہ ازیں ایک شخص جب مکہ مکرمہ سے روانہ ہو کر منیٰ کی حدود میں داخل ہوا تو اس پر صادق آئے گا کہ وہ مکہ سے نکل گیا ہے اور یہ کہنا صحیح ہے کہ وہ منیٰ میں ہے مکہ میں نہیں ہے ایک شہر کے مختلف محلوں کے بارے میں ایسی نفی صحیح نہیں ہے یوں کہنا درست نہیں ناظم آباد میں ہے کراچی میں نہیں ان وجوہ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ شریعت نے جن دو مواضع کو مستقل قرار دیا ہے اور ان سے متعلق شرعی احکام بھی الگ الگ ہیں اور انکی واضح طور پر قطعی حدبندی موجود ہے تو انھیں سفر کے بارے میں دو الگ مواضع شمار کیا جائے لہٰذا صورتِ مسئولہ میں شخص مذکور حج سے قبل مقیم نہ ہوگا جیسا کہ تمام فقہاء نے اسکی تصریح کی ہے۔

ان الحاج اذا دخل مكة فی ایام العشر و نوی الاقامة نصف شهر لا يصح لانه لا بد له من الخروج الى عرفات فلا يتحقق الشرط (بحر ص۱۴۳ ج ۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## مقدارِ شرعی سے کم قصر کرے تو دم واجب ہوگا یا نہیں

عمرہ کے بعد آیا سر کے بالوں کا ایک انگلی کے برابر کتروانا ضروری ہے؟ اور

چاروں کونوں سے ضروری ہے یا فقط ایک کونے کے بالوں کا قصر ہی کافی ہے۔ ایک صاحب بضد ہیں کہ صرف ایک طرف سے قینچی کے ذریعہ بال کٹوانے کی صورت میں دَم لازم آتا ہے۔ چاروں کونوں سے بال کٹوانا ضروری ہے۔

المستفتی

قاری محمد طاہر مدرسہ قاسم العلوم ملتان

**الجواب** ربع رأس کا حلق یا قصر ضروری ہے۔ اگر اس سے پہلے محظورات کا ارتکاب کرے گا تو دم لازم ہوگا۔ لیکن مذکورہ قصر سے اس پر کوئی چیز واجب نہیں ہوگی۔

واذا لم یبق علی المحرم غیر التقصیر فبدأ بقص أظفاره فعلیه کفارة وذلك لان احرامه باق ما لم یحلق أو یقص ففعله یکون جنایة علی الاحرام الی قوله ومما یؤیده ان هٰذه الاختلاف فی الحاج لان المعتمر لایحل له قبل الحلق شئی مما مر اتفاقا علی ما ذکره المصنف الی قوله واذا حلق أی المحرم رأسه أی رأس نفسه أو رأس غیره أی ولو کان محرما عند جواز التحلل أی الخروج من الاحرام باداء افعال النسک لم یلزمه شئی الاولی لم یلزمهما شئی وهٰذا حکم یعم کل محرم فی کل وقت اهـ المسلك المتقسط ص۱۱۸

فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

جب اس وقت میں قصر کل جنایت نہیں تو قصر بعض کیوں موجب دم ہوگا۔ کما یفهم من قول الفتح ولذا ان ما یکون محللا یکون جنایة فی غیراوانه کالحلق۔

فالجواب صحیح

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۱۱/۳/۹۷ھ

## زنا کی وجہ سے محرم بننے والے کے ساتھ سفر حج کا حکم

ایک شخص ناصر کسی عیسائی عورت خالدہ سے زنا کا مرتکب ہوتا ہے۔ لیکن کچھ عرصہ بعد اس عورت کی بیٹی حمیدہ سے نکاح کر لیتا ہے۔ نکاح کے وقت وہ اس بات سے لاعلم ہے کہ مزنیہ کی بیٹی سے نکاح جائز نہیں۔ جب اس کو اس بات کا علم ہوتا ہے۔ اس وقت وہ تین بچوں کا باپ بھی بن چکا ہوتا ہے۔ اور وہ عورت مسلمان بھی ہوگئی ہے۔ تو اب احکام شرعیہ کے مطابق زندگی کیسے گزارے۔ بچوں کے نان و نفقہ کا کیا اہتمام کیا جائے۔ بیوی یا ساس سے تعلقات کی نوبت کیا ہو سکتی ہے۔ نیز کیا بیوی اور ساس یا صرف ساس کے ساتھ فریضۂ حج کی ادائیگی بحیثیت محرم جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب** مسمات حمیدہ مسمّی ناصر پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حرام ہے اسے فوراً علیحدہ کر دے۔ ہندیہ میں ہے۔

فمن زنی بامرأة حرمت علیه امها وان علت وابنتها وان سفلت ص۲۷۴۔

بچوں کا نان و نفقہ واجب ہے۔ حمیدہ اور خالدہ سے میل جول ترک کر دے۔ اور بطور محرم کے ان کے ساتھ سفر حج نہیں کر سکتا۔

اذا کان محرمًا بالزنا فلا تسافر معه عند بعضهم والیه ذهب القدوری وبه ناخذ اھ۔ وهو الاحوط فی الدین والابعد عن التهمة۔ (الشامیه ص۱۵۸ ج ۲)

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح<br>بندہ عبد الستار عفی عنہ | فقط واللہ اعلم<br>بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ |

## حج عمر میں صرف ایک بار فرض ہے

کیا ایام حج میں عمرہ کرنے سے حج فرض ہو جاتا ہے؟ مفتی رشید احمد لدھیانوی

نے احسن الفتاوی میں لکھا ہے کہ شوال وہیں شروع ہوگیا اور اس کے پاس حج کے مصارف بھی ہوں تو حج فرض ہو جائے گا الخ چنانچہ اگر کسی شخص نے پہلے حج کر رکھا ہو تو کیا اس پر بھی حج فرض ہو جائے گا۔

ایک شخص کو کاروباری مقاصد کے لئے ایام حج میں متعدد بار مکہ مکرمہ آنا پڑتا ہے۔ تو ایسے شخص پر بھی ہر مرتبہ حج لازم ہوگا۔؟

**الجواب** جس شخص نے ایک مرتبہ حج ادا کرلیا ہے تو اس کے عمرہ ادا کرتے وقت اگر شوال شروع ہوگیا تو اس پر دوبارہ حج فرض نہیں ہوتا۔ کیونکہ حج کی فرضیت عمر میں صرف ایک مرتبہ ہی ہے۔ عالمگیری ص۲۱۶ ج۱ میں ہے۔

فالحج فریضة محکمة ثبتت فرضیتها بدلائل مقطوعة حتی یکفر جاحدها وان لایجب فی العمر الا مرة کذا فی محیط السرخسی۔

لیکن کاروبار کی صورت میں ایام حج میں جانے سے اس پر حج کرنا فرض نہیں ہوگا۔ البتہ میقات سے بدوں احرام گزرنا ممنوع ہے۔ پس اگر کوئی آفاقی شخص مکہ مکرمہ میں جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ تو احرام باندھ کر عمرہ کر کے احرام کھول لے۔ اور پھر کاروبار میں مشغول ہو۔

فقط واللہ اعلم
بندہ محمد اسحاق غفرلہ
۲۶ - ۱۲ - ۱۴۰۹ھ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفی عنہ

# کتاب النکاح

قال اللہ تعالیٰ

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ
مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ (سورۃ النساء)

عن عائشۃ رضـ قالت قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم:
انّ أعظم النکاح برکۃً أیسرہ مؤنۃً
(مشکوٰۃ صـ ۲۶۸ جـ ۲)

مرتبہ: مفتی محمد انور،

## خطبہ ایجاب وقبول سے پہلے ہو

خطبۂ نکاح ایجاب وقبول سے پہلے ہو یا بعد میں؟

**الجواب** پہلے ہونا چاہیئے۔ ویندب اعلانہ وتقدیم خطبۃ اھ (الدر المختار علی الشامیۃ ص۲۶۱ ج۲) فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ، ۱۴/۵/۱۴۰۱ھ

## پانچ سالہ بچے کا ایجاب وقبول معتبر نہیں

کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع مبین اس صورت میں کہ لڑکا نابالغ تقریباً پانچ سال کا اس سے کسی غلطی کے ماتحت ایجاب وقبول کرایا گیا ہے۔ لڑکا بالکل معصوم بچہ ہے، کا نکاح صحیح ہے یا نہ ———— ؟ ویسے اس مجلس میں والد بھی موجود تھا۔ عام لوگوں کو خبر نہیں۔ آیا نکاح ہوگیا ہے۔ والد نے یا مولوی صاحب نے ایجاب وقبول نہیں کیا صرف بچے سے کرایا گیا تھا۔ بینوا وتوجروا (سائل خدا بخش جلالپور پیروالہ تحصیل شجاعباد ملتان)

**الجواب** اگر والد یا مولوی صاحب نے وکالۃً ایجاب وقبول نہیں کیا صرف بچے سے قبول کرایا گیا تھا تو شرعاً یہ نکاح منعقد نہیں ہوا۔

اما شروطہ فمنہا العقل والبلوغ والحریۃ فی العاقد الا أن الاول شرط الانعقاد فلا ینعقد نکاح المجنون والصبی الذی لا یعقل۔ (عالمگیریہ ص۲۶۷ ج۱)۔ لڑکی شرعاً آزاد ہے۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

۲۳/۷/۱۴۱۱ھ

## ایجاب وقبول تین دفعہ کرایا جائے یا ایک دفعہ کافی ہے۔

بوقت نکاح ایجاب سے متعلق سوال کے جواب میں دلہن اپنی رضامندی کا اظہار

کرتے ہوئے جہری آواز سے اجازت دے دیتی ہے اور نکاح نامہ کے چار پرتوں پر دستخط بھی کر دیتی ہے اور پھر ایجاب و قبول بھی ایک دفعہ کرایا جاتا ہے آیا یہ نکاح جو ایک ہی ایجاب و قبول سے ہوا درست ہے یا کہ تین دفعہ ایجاب و قبول ضروری ہے ؟

**الجواب** نکاح ہو جاتا ہے۔ تین دفعہ مکرر ایجاب و قبول کرنے کرانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ وینعقد بایجاب من احدھما وقبول من الاخر ۔ (درمختار علی الشامیہ ص۲۸۵ ج۲) فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح ، بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

## ایجاب و قبول کے وقت لڑکی کا نام نہیں لیا تو نکاح کا حکم

شمیم بی بی کا نکاح ابوبکر سے ہوا لڑکے کے سامنے لڑکی کا نام نہیں لیا گیا اس لڑکی کی اور بھی سات بہنیں ہیں یوں نہیں کہا گیا کہ شمیم خورشید کا نکاح تم سے کیا البتہ بات چیت بڑی لڑکی کی چل رہی تھی ۔ شادی کا جوڑا بھی اسے ہی پہنایا گیا اور سب سمجھتے تھے کہ اسی کا نکاح ہو رہا ہے ۔ اب اختلاف ہو گیا ہے کہ نکاح درست نہیں ہوا ۔ بینوا توجروا ۔

**الجواب** ایجاب و قبول سے پہلے امور مثلاً رشتہ کی بات چیت ۔ رشتہ کی تعین اس بچی کے لئے ہدایا و تحائف کا تبادلہ ، اور اسے شادی کا جوڑا پہنانا وغیرہ کی وجہ سے جب تقریباً سب کے ذہنوں میں (بشمول نکاح خواں گواہاں اور خاوند) یہ متعین تھا کہ نکاح اس بچی کا ہو رہا ہے تو یہ نکاح درست ہو گیا کوئی شبہ نہ کریں ۔

لو جرت المقدمات علی معینۃ و تمیزت عند الشھود ایضاً لیصح العقد و ھی واقعۃ الفتوی لان المقصود نفی الجھالۃ و ذلک حاصل بتعینھا عند العاقدین و الشھود وان لم یصرح باسمھا کما اذا کانت احداھما متزوجۃ اھ (شامیہ ص۲۹۰ ج۲)

فقط واللہ اعلم ، احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## بھانجے کی مطلقہ سے نکاح کرنا

ایک شخص کے بھانجے نے راضی خوشی سے طلاق دے دی تھی کیا ماموں اس کی مطلقہ سے نکاح کرسکتا ہے؟

**الجواب** اگر دوسرا کوئی رشتہ نکاح سے مانع نہیں تو ماموں کا اپنے بھانجے کی مطلقہ عورت سے نکاح جائز ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے اس قول "و احل لکم ما وراء ذلکم الآیۃ" میں داخل ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ

الجواب صحیح۔
خیر محمد عفا اللہ عنہٗ

## صرف ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کا حکم

ایک عورت اور مرد نے صرف ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کیا باقاعدہ ایجاب و قبول کیا تو کیا یہ نکاح درست ہے؟ (المستفتی: محمد اسماعیل بنوی)

**الجواب** نکاح میں دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے اور دونوں کا اکھٹے ایجاب و قبول کو سننا ضروری ہے لہٰذا مذکورہ نکاح درست نہیں ہے۔

ویشترط العدد فلا ینعقد النکاح بشاھدٍ واحد ھٰذا فی البدائع اھ (عالمگیری ص۲۶۷ ج۱)

ومنھا سماع الشاھدین کلامھما معاً اھ (عالمگیری ص۲۶۸ ج۱)

فقط واللہ اعلم،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## سالی کی بیٹی سے زنا کا حکم

بخدمت اقدس جناب حضرت مفتی صاحب السلام علیکم کے بعد عرض یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے اپنی سگی سالی کی بیٹی (خالدہ) سے زنا کیا ہو تو اس صورت میں اس شخص کا اپنی بیوی سے نکاح برقرار رہیگا یا نہیں۔؟ (ریحان احمد۔ یمن آباد کالونی۔ ملتان)

**الجواب** صورت مسئولہ میں نکاح برقرار ہے۔ البتہ خالدہ کو ایک ماہواری آنے تک خاوند کا اپنی بیوی کے قریب جانا حرام ہے۔

وفی الخلاصۃ وطیٔ اخت امرأتہ لا تحرم علیہ امرأتہ۔

شامیہ میں ہے:

لو زنی باحدی الاختین لا یقرب الاخری حتی تحیض الاخری حیضۃ (ص۲۸۱ ج۲)۔

سالی کی لڑکی حکم میں سالی کی مثل ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفی عنہ

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ ۱۶ / ۵ / ۱۴۱۱ھ

## صرف رجسٹر پہ انگوٹھے لگا دینے سے نکاح نہیں ہوتا !

ایک بیوہ عورت اپنے بھائی کے پاس رہتی تھی۔ رشتہ داروں نے زبردستی اغوا کر کے نکاح کرنے کی کوشش کی مگر لڑکی نے باوجود اس کے کہ اسے ہر طرح سے زدوکوب کیا گیا اُس کے کان پھاڑ دیئے گئے پہلے اسے زبردستی ایجاب قبول پر مجبور کیا گیا مگر پھر بھی یہ انکار ہی کرتی رہی اُنھوں نے زبردستی اس کے انگوٹھے رجسٹر پر لگوائے۔ آیا یہ نکاح ہوگیا ہے؟ سائل سے زبانی معلوم ہوا کہ تین آدمیوں نے پکڑ کر زبردستی رجسٹر پر انگوٹھا لگوایا۔

**الجواب** اگر یہ درست ہے کہ عورت نے نکاح کو قبول نہیں کیا اور نہ اسکی اجازت دی تو نکاح نہیں ہوا صرف انگوٹھا لگانا نکاح نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## بیوی کے فوت ہوتے ہی سالی سے نکاح کر سکتا ہے

زید کی بیوی فوت ہو گئی،

زید کے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں کیا وہ اپنی سالی سے فوراً نکاح کر سکتا ہے۔ یا کچھ انتظار کرنا ہو گا؟

**الجواب** خاوند کے ذمہ عدت نہیں ہوتی وہ فوراً سالی سے نکاح کر سکتا ہے۔ ماتت امرأته لهٗ التزوج باختها بعد یوم من موتها۔ (شامی ص۳۰۸ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## محض رجسٹر میں اندراج سے نکاح نہیں ہوتا تاوقتیکہ ایجاب و قبول نہ ہو

زید کی بیٹی معتدہ تھی وہ بکر کو رشتہ دینا چاہتا ہے بوجہ عدت کے ایجاب و قبول نہیں کیا گیا اور نہ رخصتی کی گئی صرف رجسٹر میں اندراج کر دیا گیا تو کیا صرف اندراج سے نکاح ہو جاتا ہے؟

**الجواب** نکاح گواہوں کے سامنے ایجاب و قبول کا نام ہے صرف رجسٹر پر اندراج نکاح نہیں مذکورہ عورت بدستور غیر منکوحہ ہے اور دورانِ عدت ایسا کرنا مناسب بھی نہیں۔

فلو کتب تزوجتك فکتبت قبلت لم ینعقد بحر اھ (شامیہ ص۲۸۸ ج۲)

فقط واللہ اعلم،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## گونگے کا نکاح اشارے سے

محمد نواز ولد مانک قوم سہو گونگا اور بہرہ ہے مسماۃ قائم خاتون کے ساتھ اس کا نکاح ہوا محمد نواز نے اشارے کے ساتھ نکاح کیا کیا یہ نکاح درست ہو گیا اور لازم ہے؟

**الجواب** اگر محمد نواز لکھنا پڑھنا نہیں جانتا تو اس کا اشارے سے نکاح قبول کرنا درست ہے وہ نکاح منعقد ہو چکا ہے اور لازم ہے۔

فان کان الاخرس لا یکتب وکان لهٗ اشارۃ تعرف فی طلاقه ونکاحه وشرائه وبیعه فهو جائز اھ (شامی ص۴۶۱ ج۲ کتاب الطلاق)

فقط واللہ اعلم،

محمد انور

## بیٹے کی منکوحہ باپ کے نکاح میں نہیں آسکتی

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ ایک لڑکا پاگل ہوگیا ہے اس کے نکاح میں ایک لڑکی ہے انکی خلوت صحیحہ ثابت نہیں ہوئی۔ کیا یہ نکاح فسخ کرانے کے بعد یہ لڑکی اس کے والد کے نکاح میں آسکتی ہے؟ واضح ہو کہ پاگل اپنے والد کو بھی اینٹیں مارتا ہے؟

**الجواب** مذکورہ عورت عدالت سے اپنا نکاح فسخ کرا سکتی ہے۔ جس کا طریقہ عند الضرورۃ دریافت کرلیں۔

(۲) عدالت سے فسخ کرانے کے بعد مذکورہ عورت اپنے خاوند کے والد کے عقد میں نہیں ہو سکتی وزوجۃ أصله وفرعه مطلقا ولو بعیدا دخل بها أولا اھ

(درمختار علی الشامیۃ ص۳۰۲ ج۲)

وحلائل ابنائکم الذین من اصلابکم۔ الآیۃ والحلیلۃ الزوجۃ

(ردالمحتار ص۲ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ

مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

## میاں بیوی ساتھ ساتھ مسلمان ہوں تو تجدید نکاح کی ضرورت نہیں

ایک عورت کا خاوند جو کہ ایک ماہ پہلے دوسرے ملک میں مسلمان ہوچکا ہے اور اس

کے کہنے پر اسکی بیوی نے اسلام قبول کر لیا ہے انکار بھی نہیں کیا تو دریافت یہ کرنا ہے کہ ان کا پہلا نکاح ہی درست ہے یا عقدِ ثانی کرنا پڑے گا۔؟

**الجواب** پہلا نکاح بدستور باقی ہے عقد ثانی کی ضرورت نہیں۔ ولو اسلم احد الزوجین عرض الاسلام علی الآخر فان اسلم والا فرق بینهما اھ (عالمگیری ص۳۲۸ ج۱)۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

فقط واللہ اعلم، احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## مجنونہ کے نکاح کا حکم

مجنونہ کا نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب** مجنونہ کا نکاح باپ کی ولایت سے ہو سکتا ہے۔ وللولی انکاح الصغیر والصغیرۃ جبرا ولو ثیبًا کمعتوہ ومجنون شھرًا اھ (الدرالمختار ص۱۹۲ ج۱ شامیۃ ص۴۱۷ ج۲)

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، ۱۶ / ۶ / ۱۴۰۱ھ

فقط واللہ تعالیٰ اعلم، محمد انور عفا اللہ عنہ

## قریبی رشتہ دار با اخلاق نہ ہوں تو انہیں رشتہ نہ دینے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین وشرع متین دریں مسئلہ کہ زید کے قریبی رشتہ دار ابناء عم اور ابناء خال دیندار اور با اخلاق نہیں ہیں اور نہ ضروریات دین سے واقف ہیں کیا زید اگر انکو نظر انداز کر کے اپنی لڑکی کا رشتہ اہل علم میں کر دے تو قطع رحمی تو نہ ہوگی۔؟

**الجواب** ان سے تعلقات رکھیں۔ خوشی وغمی میں ساتھ ساتھ رہیں ہر موقعہ پر خیر خواہی کریں۔ مذکورہ عُذر کے ہوتے ہوئے رشتہ دینا ضروری نہیں۔ مصلحتِ دینی کو مقدم

رکھیں۔ فقط واللہ اعلم۔

محمد انور عفا اللہ عنہ،
۸ / ۱۱ / ۱۴۰۷ھ

## جادوگر سے نکاح کا حکم

ایک شخص کے بارے میں معروف ہے کہ وہ جادوگر ہے کیا مسلمان عورت کا نکاح اس شخص سے ہو سکتا ہے؟

**الجواب** جادو کی مختلف اقسام ہیں۔ جس جادو میں کسی کفر کا ارتکاب کیا گیا ہو۔ مثلاً ستاروں کے متصرف بالذات ہونے کا اعتقاد رکھنا یا قرآن حکیم کی توہین کرنا یا کوئی کلمۂ کفر کہنا ایسا جادوگر کافر ہے اور اس کا حکم کفار جیسا ہے۔ مسلمان عورت کا اس کے ساتھ نکاح نہیں ہو سکتا۔ فهذه انواع السحر الثلاثة قد تقع بما هو كفر من لفظ أو اعتقاد أو فعل وقد تقع بغيره كوضع الاحجار وللسحرة فصول كثيرة فى كتبهم فليس كل ما يسمى سحراً كفراً اذ ليس التكفير به لما يترتب عليه من الضرر بل لما يقع به مما هو كفر كاعتقاد انفراد الكواكب بالربوبية أو اهانة قرآن أو كلام مكفر ونحو ذلك اھ۔

(شامی ص۳۱ ج۱ مطبوعہ بیروت)۔ فقط واللہ اعلم۔

محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ
۴ / ۱۱ / ۱۴۰۷ھ

## تفضیلی شیعہ کے ساتھ نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء کہ تفضیلی شیعہ مرد کا نکاح اہل سنت والجماعت کی عورت کے ساتھ یا برعکس جائز ہے یا نہیں؟

تفضیلی شیعہ اُسے کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرات خلفاء ثلاثہ

رضی اللہ عنہم پر صرف فضیلت دے بس۔ حضراتِ خلفاء ثلاثہ کا پورا احترام کرتا ہو اور انکو خلیفہ برحق تسلیم کرتا ہو۔ غاصب اور منافق وغیرہ خیال نہ کرتا ہو۔ اور ان حضرات خلفاء ثلاثہ اور دیگر تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سے کسی صحابی کی ذرہ بھر توہین یا تنقیص شان کو حرام سمجھتا ہو۔ ایسے تفضیلی شیعہ کے ساتھ مناکحت فیما بین المسلمین جائز ہے۔ لیکن چونکہ پاکستان میں عام طور پر ایسے شیعہ موجود نہیں ہیں۔ عموماً غالی اور سبّی اور بدعقیدہ لوگ ہیں اور اس کے ساتھ تقیہ بھی کرتے ہیں۔ لہذا موجودہ دور کے شیعوں کے ساتھ عقدِ مناکحت (نکاح لینا اور رشتہ دینا) دونوں ناجائز ہیں۔ جواز کا فتویٰ نہیں دیا جاسکتا۔ حتی الامکان اس سے احتراز کرنا لازم ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

وان کان یفضل علیا کرم اللہ تعالیٰ وجھہ علی أبی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ لا یکون کافرا الا أنہ مبتدع اھ (عالمگیری ص ۲۸۳ ج ۲ باب احکام المرتدین) فقط واللہ اعلم

بندہ عبداللہ غفر اللہ لہٗ

## مفقود کی بیوی فسخ کے بعد دوسری جگہ نکاح کرلے اور پھر پہلا خاوند آجائے تو وہ کس کو ملے گی

ایک شخص تقریباً چار پانچ سال سے لاپتہ ہے دو بچے تھے جس وقت گھر والے نااُمید ہو گئے تو گھر والوں نے حکومت میں دعویٰ دائر کیا۔ اور طلاق حاصل کرلی حکومت نے نکاح فسخ کر دیا، دوسرے شخص سے نکاح کر دیا اس سے دو بچے پیدا ہو گئے ہیں۔ اب خاوند کا پتہ چل گیا تقریباً آٹھ نو سال کے بعد خاوند یہ کہتا ہے کہ جب میں نے طلاق نہیں دی میری اجازت کے بغیر دوسرا نکاح کیوں کیا؟ حکومت کی طلاق کو میں نہیں مانتا۔ اب حکومت کی تنسیخ معتبر ہے یا نہیں؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں بر تقدیر صحتِ واقعہ یہ عورت پہلے خاوند کو ملے گی لہذا دوسرے خاوند پر لازم ہے کہ فوراً یہ عورت پہلے خاوند کے سپرد کر دے لیکن شوہرِ اول کو عورت کے پاس جانا عدت گزرنے سے پہلے جائز نہیں اور عدت اس کی

تین حیض ہیں کما فی الحیلۃ الناجزۃ صـ۷۳ـ ۷۴، یہ حکم اسوقت ہے کہ حاکم نے اسے مفقود تصور کر کے اسکی بیوی کو مزید چار سال تک انتظار کا حکم کر دیا ہوا اور انتظار کے بعد اس کا نکاح فسخ کیا ہو۔

فقط واللہ اعلم، بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح، بندہ عبد الستار عفی عنہ

## منکوحہ مرتدہ کسی دُوسرے سے نکاح نہیں کر سکتی

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ایک عورت مسلمہ نے ایک مرد مسلم کے ساتھ نکاح کیا کچھ مُدت کے بعد خاوند اس عورت کا بقضائے الٰہی مر گیا۔ عدت گزارنے کے بعد دُوسری جگہ نکاح ہوا۔ ابھی تک رُخصتی نہیں ہوئی تھی کہ ایک مسلم مَرد نے اس عورت کو اغوا کر لیا اس کو مرتدہ بناکر پھر مسلمان کر کے اس کے ساتھ اپنا نکاح کیا۔ مرتدہ اس لئے بنایا تاکہ خاوند سے طلاق لینے کی ضرورت نہ پڑے۔ آیا نکاح اوّل باقی ہے یا نہیں اگر نکاح اوّل باقی ہے تو مرتد بنانے والے کی کیا سزا ہے ؟

**الجواب** فقہاء متاخرین کے فتوے کی رُو سے عورت کے مُرتد ہوجانے سے اس کا پہلا نکاح نہیں ٹوٹتا بلکہ باقی رہتا ہے جیساکہ حیلۂ ناجزہ کے ملحقہ رسالہ میں موجود ہے۔ صورت مسئولہ میں عورت مذکورہ کا پہلا نکاح باقی ہے نکاح ثانی بعد الارتداد جائز نہیں۔ بلکہ نکاح علی النکاح ہے۔ لہٰذا خاوند ثانی سے علیحدگی و تفریق واجب ہے۔ مرتد بنانے والے کو فہمائش کر کے توبہ و استغفار اور عورت کے علیحدہ کرنے پر مجبور کیا جائے۔ اگر باز نہ آئے تو اس سے قطع تعلق کیا جائے اور برادری کے لوگ اگر ڈرانے دھمکانے کی قدرت رکھتے ہوں اور کسی فتنہ کا اندیشہ نہ ہو تو اُسے کچھ دھمکانا بھی چاہیئے۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ
۱۴ / ۵ / ۱۳۸۳

الجواب صحیح، بندہ عبد اللہ عفا اللہ عنہ،

## بریلویوں سے نکاح کا حکم

وہ لوگ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو حاضر ناظر باذن الٰہی جانتے ہیں اور علم غیب عطائی کے قائل

ہوں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نُور و بشر دونوں مانتے ہوں اور تصرّف اولیاء باذن الٰہی کے قائل ہوں اور استمداد اولیاء باذن الٰہی کے بھی قائل ہوں اور کفریہ عبارات بزعم جہلا جو علماء دیوبند کی کتابوں میں موجود ہیں ان کے لکھنے والوں کی تکفیر کرتے ہوں ایسے عقائد رکھنے والوں کی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ لینا جائز ہے ؟

**الجواب** ایسے لوگوں سے ازدواجی روابط پیدا نہ کئے جائیں ۔
فقط واللہ اعلم ،

محمد انور عفا اللہ عنہ ،
۲۶ / ۶ / ۱۴۰۶ھ

الجواب صحیح ،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

## بیوی خاوند کو پیشاب پلادے تو نکاح کا حکم

اگر ایک عورت اپنے خاوند کو اپنے تابع کرنے کے لئے اپنا پیشاب پلائے اور تعویذ پلائے تو کیا ایسا فعل کرنیوالی عورت کا نکاح رہے گا یا نہیں اور اس پر شرعی حَد کیا ہو گی کیا وہ عورت مسلمان رہے گی یا کافر ہوجائے گی ؟

**الجواب** صُورت مسئولہ میں پیشاب پلانے سے نکاح تو نہیں ٹوٹا البتہ بہت بڑا گناہ کیا ہے توبہ و استغفار بہت ضروری ہے ۔ تعویذ بھی ایسا کرنا جس سے دُوسرا بے اختیار تعویذ کے مطابق عمل کرنے پر مجبور ہو جائے ناجائز ہے ہاں جائز محبّت و تعلق کی حد تک بیوی خاوند کے لئے ایسا کر سکتی ہے ۔ فقط واللہ اعلم ، بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ ،

## جماعت اسلامی والوں کو رشتہ دینا

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ میرا حقیقی بھائی جماعت اسلامی کے خیال کا ہے اور بندہ کا مسلک دیوبندی ہے ہم آپس میں اپنے بچوں کے رشتے کر سکتے ہیں بھائی اور اس کے بچے نماز روزہ کے پابند ہیں ۔

**الجواب** اس بات کا ضرور انتظام کرلیں کہ جماعت اسلامی کے قابلِ اعتراض نظریات کے اثرات آپ کی اولاد تک نہ پہنچیں ۔ فقط واللہ اعلم ،

محمد انور عفا اللہ عنہ ،

۱۷ / ۱۰ / ۱۴۰۷ھ

## صرف پانی پلانے سے نکاح نہیں ہوتا ہے

زید اور ہندہ کو چھوٹی عمر میں انکے والدین نے اپنے رسم ورواج کے مطابق پانی پلایا تھا ۔ ان دونوں کے والدین نے ایجاب وقبول نہیں کیا تھا ۔ اب اس لڑکی اور لڑکے کا نکاح سمجھا جائے گا یا نہیں، اب یہ لڑکی وہاں نکاح کرنے سے انکار کرچکی ہے ؟

**الجواب** اگر واقعۃً صرف پانی پلایا گیا تھا ۔ ایجاب وقبول نہیں ہوا تو صورتِ مسئولہ میں ہندہ آزاد ہے ۔

نکاح کے انعقاد کے لئے ایجاب وقبول شرط ہے ۔ تنویر الابصار میں ہے ۔ وینعقد بایجاب وقبول وضعا للمضی الخ ( شامی ص ۲۶۳ ج ۲ ) فقط واللہ اعلم ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

## حلالہ کے لئے دوسرے خاوند کا ہمبستری کرنا شرط ہے

کیا نکاح کے بعد دوسرے خاوند کا بیوی کے پاس جانا ضروری ہوتا ہے ؟ اگر دوسرے خاوند سے ہمبستری نہ کی ہو تو پہلا خاوند نکاح کرسکتا ہے ؟

**الجواب** دوسرے خاوند کا ہمبستری کرنا شرط ہے ۔ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں پہلا خاوند اس عورت سے نکاح جدید نہیں کرسکتا ۔

أن عائشۃ رضی اللہ عنہا اخبرته ان امرأۃ رفاعۃ القرظی جاءت الی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فقالت یارسول اللہ ان رفاعۃ طلقنی فبت

طلاقی وانی نکحت بعدہٗ عبدالرحمٰن بن الزبیر القرظی وانما معہٗ مثل الھدبۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلک تریدین أن ترجعی الیٰ رفاعۃؓ لا حتیٰ یذوق عسیلتک وتذوقی عسیلتہؓ (الحدیث بخاری ص۷۹۱ ج۲) فقط واللہ اعلم۔

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح<br>بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ | محمد انور عفا اللہ عنہ<br>۱۳ / ۱۰ / ۱۴۱۵ ھ |

## کم از کم مدتِ بلوغ بارہ۱۲ سال ہے

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک لڑکا اسکی پیدائش ۷۸ / ۹ / ۱۲ میں ہوئی اور کوئی علامت بلوغ نہیں ہے تو اس لڑکے کی طرف سے اس کا والد اگر اس کا نکاح کرنا چاہے تو ایجاب وقبول والد کا کافی ہے یا مذکور لڑکے سے ایجاب وقبول کرانا ضروری ہے۔ جبکہ اس لڑکے کا نکاح اسی ماہ میں ہوا ہے۔ (سائل اللہ بخش ملتانی)

**الجواب** مذکورہ لڑکا شرعاً نابالغ ہے اس کے والد کا اس کی طرف سے قبول کرنا درست ہے بلوغ الغلام بالاحتلام والاحبال والانزال الی قولہ وادنی مدتہ لہ اثنتا عشرۃ سنۃ ولہا تسع سنین ھو المختار کما فی أحکام الصغار اھ (درمختار علی الشامیۃ ص۹۷ ج۵)۔ فقط واللہ اعلم،

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح،<br>بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہٗ | محمد انور عفا اللہ عنہٗ<br>۱۶ / صفر ۱۴۱۰ ھ |

## جبراً ایجاب وقبول کرایا جائے تو نکاح کا حکم

لڑکی نے پہلے تو کہا کہ میرے والد صاحب جیسے کریں گے میں بھی ویسے کرونگی، جب انہوں نے مجبور کیا تو لڑکی نے مجبوراً رضامندگی کا اظہار کیا چونکہ دادی اور دادے نے لڑکی کو خوب ڈرایا دھمکایا تھا۔

نوٹ۔ لڑکی کے والد اور دادا کی آپس میں لڑائی ہے۔ دادے نے ضد کی وجہ سے لڑکی کا نکاح کر دیا۔ لڑکی کے نکاح کے وقت دادا نے لڑکی کے والد کو بلوایا لیکن لڑکی کا والد وہاں نہیں گیا۔

**الجواب** اگر لڑکی نے خود ایجاب وقبول کیا ہے خواہ جبر سے ہو اس صورت میں نکاح منعقد ہو چکا ہے۔ اَنّ نکاح المکرہ صحیح۔ الی قولہ ولفظ المکرہ شامل للرجل والمرأۃ (صہ۲ ج۲ شامیہ) بیروت۔

اور اگر پیشگی اجازت یا توکیل تھی خواہ مجبوری سے ہو تو بھی نکاح ہو چکا ہے (شامیہ صہ۱۴۱ ج۲)

فقط واللہ اعلم،
بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ
۱۵ / ۶ / ۱۴۱۵ھ

## ماموں اور بھانجا اپنی اولاد کا باہم نکاح کر سکتے ہیں

ماموں یعنی زید اور بھانجا یعنی بکر کی اولاد جوان ہے کیا مذہبی لحاظ سے وہ "ماما" بھانجا اپنے بچوں کا نکاح آپس میں کر سکتے ہیں یا نہیں؟

**الجواب** زید اور بکر کی اولاد کا باہمی نکاح جائز ہے۔
قال اللہ تعالٰی واحل لکم ما وراء ذلکم الآیۃ

فقط واللہ اعلم،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان
۳ / ۷ / ۹۹ھ

## مروجہ وٹے سٹے کا نکاح جائز ہے

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیانِ عظام کہ ایک شخص دوسرے شخص سے رشتہ کرتے وقت یہ شرط عائد کرتا ہے کہ اگر آپ مجھے اپنی لڑکی کا رشتہ دیں تو میں آپکو وٹہ میں اپنی لڑکی کا رشتہ دوں گا ورنہ نہیں۔ برتقدیرِ صحت سوال یہ رشتہ خالص وٹہ کا رشتہ

قرار پایا۔ مہربانی فرما کر قرآن و حدیث کی روشنی میں درپیش مسئلہ کے متعلق شرعی حکم صادر فرمائیں۔

**الجواب** اگر دونوں لڑکیوں کا مہر علیحدہ علیحدہ ہو تو ایسا نکاح بالاتفاق صحیح ہے شرعاً اسکی کوئی ممانعت نہیں ہے۔

قال زوجتك بنتي على أن تزوجني بنتك فقبل أو على ان يكون بضع بنتي صداقاً لبنتك فلم يقبل الأخر بل زوجه بنته ولم يجعلها صداقاً لم يكن شغاراً بل نكاحاً صحيحاً اتفاقاً اھ (شامیہ ص ۳۶۱ ج ۲) فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس۔ ملتان

محمد انور عفا اللہ عنہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان
۱۶ / ۳ / ۱۴۰۳ھ

## سوتیلی ساس سے نکاح درست ہے

ہندہ زید کی بیوی کی سوتیلی والدہ ہے نیز پہلے خاوند کی وفات کے بعد دوسری جگہ نکاح بھی کر چکی ہے اب زید ہندہ کو بھگا کر لے گیا ہے اور نکاح کرنا چاہتا ہے کیا زید اس سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں جبکہ زید کی بیوی بھی زندہ ہے۔ فقط (المستفتی بشیر احمد)

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں زید کا نکاح ہندہ کے ساتھ درست نہیں کیونکہ اس ہندہ کا دوسرے شخص سے پہلے بھی نکاح ہے اور نکاح پر نکاح حرام ہے۔ اگر یہ مانع نہ ہوتا تو ویسے سوتیلی ساس سے نکاح درست ہے۔

ويجوز بين امرأة وبنت زوجها فان المرأة لو فرضت ذكراً حلت له تلك البنت بخلاف العكس اھ (عالمگیری ص ۲۷۷ ج ۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان
۱۵ / ۸ / ۹۸ھ

## نکاح کے گواہ منحرف ہو جائیں تو نکاح باقی رہے گا یا نہیں؟

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ چار ماہ قبل تقریباً مسمیٰ احمد بخش ولد غلام قاسم قوم کرڑا بلوچ کا شرعی نکاح سماۃ منصب مائی کے ساتھ ہوا تھا۔

اس نکاح میں ۱۔ حاجی غلام محمد کرڑا بلوچ ۲۔ خدا بخش ولد نیاز علی خان

۳۔ رحم علی ولد نہال خان قوم زندوانی بلوچ ۴۔ امیر بخش ولد غلام محمد کرڑا بلوچ ۵۔ غلام محمد سہرانی وغیرہم نکاح میں شریک تھے اور یہ پانچوں گواہ ہیں جن کے دستخط، نشان انگوٹھا وغیرہ رجسٹر میں موجود ہیں۔ اب صورتِ حال یہ ہے کہ پہلے تینوں گواہ زمیندارہ دباؤ کی وجہ سے گواہی سے منحرف ہو رہے ہیں جبکہ چوتھا آدمی (امیر بخش) اُس نے حلفاً نکاح کی تصدیق کر دی ہے اور گواہی دی ہے۔ جبکہ آخری پانچواں (غلام محمد سہرانی) فوت ہو گیا ہے اس صُورت میں نکاح باقی ہے یا نہ؟

**الجواب** برتقدیرِ صحت سوال اگر واقعۃً گواہوں کی موجودگی میں نکاح ہوا تو یہ نکاح باقی ہے۔ بعد میں کسی گواہ کے انحراف سے اسپر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

ومنها مجلس القضاء فلا عبرة بالرجوع عند غير القاضي (بدائع الصنائع ص۲۸۵ ج۶)

ولا يصح الرجوع الا بحضرة الحاكم لانه فسخ للشهادة فيختص بما تختص به الشهادة من المجلس هو مجلس القاضي اي قاض كان (هداية ص۱۷۳ ج۲)

وشرط حضور شاهدين حرين .... مسلمين (درمختار على الشامية ص۲۹۵ ج۲)

فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## باپ کی منکوحہ کی لڑکی سے نکاح کا حکم

زید کے ہاں دو بیویاں پہلے سے تھیں پھر تیسری بیوی سے نکاح کیا جس کی بھانجی اسکے نکاح میں موجود تھی۔ منکوحہ ثالث اس نکاح سے راضی نہ تھی اسلئے وطی وغیرہ نہیں ہوئی۔ ایک مہینہ کی پوری کشمکش کے بعد جب مسئلہ کی حیثیت سے ناکح کو مجبور کیا گیا تو ناکح نکاح

سے دستبردار ہوگیا اور تیسری عورت کو اپنی زوجیت سے علیحدہ کردیا۔ اس عورت نے دوسری جگہ نکاح کیا دوسرے ناکح سے اسکے ہاں لڑکی پیدا ہوئی اب پہلے ناکح زید کا لڑکا جو اسکی دوسری بیوی یعنی اس عورت کی بھانجی کے بطن سے ہے۔ جسے اس نے زوجیت سے علیحدہ کردیا تھا۔ چاہتا ہے کہ اس لڑکی سے شادی کرے کیونکہ لڑکی کی ماں سے صرف عقد ہوا تھا۔ وطی نہیں ہوئی تھی جس کی شہادت گھر والے بھی دیتے ہیں اور خود ناکح کا بیان بھی ہے کہ غلطی سے عقد ہوا تھا۔ صحبت، خلوت وغیرہ نہ ہوئی تھی جب شرعی مسئلہ معلوم ہوگیا تو اُسے علیحدہ کردیا تھا۔

**الجواب** لا بأس بأن يتزوج الرجل امرءة ويتزوج ابنه ابنتها أو أمها كذا فی محیط السرخسی (عالمگیری ص۲۷۷ ج۱) مطبوعہ کانپور

جزئیہ ہذا سے معلوم ہوا کہ منکوحۃ الاب کی اولاد سے نکاح کرنا درست ہے پس صورتِ مسئولہ میں زید کے لڑکے کا نکاح اسکی سابقہ منکوحہ کی لڑکی سے درست ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

| | |
|---|---|
| بندہ عبدالستار عفی عنہ | الجواب صحیح، |
| نائب مفتی خیر المدارس ملتان | عبداللہ عفرلہ |
| ۱۸/۵/۸۱ھ | مفتی خیر المدارس ملتان |

## بھانجی کے نکاح میں ہوتے ہوئے خالہ سے زنا کیا تو نکاح کا حکم

ایک شخص اپنی زوجہ کی حقیقی خالہ کو اغوا کر کے لے گیا اس کا جو پہلا نکاح اسکی بھانجی سے ہے ٹوٹ گیا ہے یا نہیں؟ اگر وہ زوجہ کی خالہ کو اپنے سے الگ کردے تو اس کا پہلا نکاح رہ جائے گا یا نہیں؟

**الجواب** اپنی زوجہ کی حقیقی خالہ کو اغوا کرنے سے شخص مذکور کا نکاح مغویہ کی بھانجی سے فاسد نہیں ہوا ہے بلکہ پہلا نکاح بدستور قائم ہے اور شخصِ مذکور پر لازم ہے کہ فوراً مغویہ کو اپنے گھر سے علیحدہ کردے اور مغویہ عورت کو علیحدہ کرنے کے بعد جب تک مغویہ کو ایک حیض نہ آئے اپنی منکوحہ عورت سے ہمبستری نہ کرے۔

كما في الشامية قوله لا تحرم أي لا تثبت حرمة المصاهرة فالمعنى لا تحرم حرمة مؤبدة ـــــ الى قوله ولو زنى باحدى الاختين

لا یقرب الأخرى حتى تحيض الأخرى حيضة ص ۳۰۵ ج ۲ ۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، خیر محمد بانی ومہتمم خیر المدارس ملتان | بندہ محمد اسحاق غفرلہ ۱/ ۱۱/ ۸۶ھ

## خطبہ کے بغیر بھی نکاح ہوجائے گا

ایک نابالغ لڑکی ہے اور ایک نابالغ لڑکا ہے۔ ان دونوں کا لڑکی کے باپ نے نکاح کر دیا ہے۔ گواہوں کی موجودگی میں اس کا ایجاب وقبول بھی کرایا گیا ہے اور مہر بھی مقرر کیا گیا ہے۔ اور اس پر خطبہ نہیں پڑھا گیا ہے۔ اس کے بارے میں علماء کرام کیا فرماتے ہیں دین کی روشنی میں۔ (محمد ادریس)

**الجواب** خطبہ نکاح کا جزء نہیں ہے اصل نکاح ایجاب وقبول کا نام ہے لہٰذا اگر گواہوں کی موجودگی میں باقاعدہ شرعی قواعد کے مطابق ایجاب وقبول ہوا ہے تو وہ نکاح ہوگیا ہے۔ وينعقد أى النكاح أى يثبت ويحصل انعقاده بالايجاب والقبول اھ (شامیہ ص ۲۸۵ ج ۲) وفى الدر المختار ويندب اعلانه وتقديم خطبة وكونه فى مسجد يوم جمعة بعاقد رشيد وشهود عدول اھ (شامیہ ص ۲۸۴ ج ۲)

فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ | احقر محمد انور عفا اللہ عنہ ۱۴/ ۷/ ۱۴۱۰ھ

## قریبی جائز رشتوں سے نکاح کو نامناسب کہنے والے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین بابت اس مسئلے کے کہ شرعی جائز رشتوں ماموں، چچا اور خالہ کی اولاد کے مابین نیز ننھیال اور ددھیال میں کسی بھی جگہ نکاح کو ناجائز کہنے والے اور ایسا نکاح کرنیوالوں سے بائیکاٹ کرنے والے نیز مذکورہ جائز شرعی نکاح کو ختم بلکہ جبراً ختم کروانے والے لوگ قرآن وسنت کی روشنی میں کس حیثیت میں ہونگے ؟ ایسے لوگوں کی شرعی سزا کیا ہے ؟ ایسے لوگوں کی ضد پر

اُن سے تعلقات رکھے جائیں یا اُن سے بائیکاٹ کرنا جائز ہوگا۔ جبکہ وہ کلمہ گو ہیں۔ جناب سے وضاحت بمطابق احکامِ شریعت مطلوب ہے۔ (سائل: تنظیم فلاحِ دارین۔ ملتان)

**الجواب** مذکورہ رشتوں کو ناجائز کہنا۔ اور اس قسم کے رشتہ کرنے والے لوگوں سے بائیکاٹ کرنا اور ایسے طے شدہ یا آباد شدہ رشتوں کو جبراً ختم کروانا محض جہالت ہے۔ اِن رشتوں کا جواز اللہ جل شانہ کے ارشاد (واحل لکم ما وراء ذلکم الآیۃ) سے ثابت ہے اور ایسے ہی اِن رشتوں میں سے بعض کا جواز صراحتاً سورۂ احزاب میں مذکور ہے، چنانچہ ارشادِ ربانی ہے۔

یاایھا النبی انا احللنا لک...... وبنات عمک وبنات عمّاتک و بنات خالک وبنات خالاتک التی ھاجرن معک (الآیۃ)

حکم شرعی معلوم ہو جانے کے بعد بھی اگر یہ لوگ اپنی ہٹ دھرمی سے باز نہ آئیں۔ تو ایسے لوگوں کو برادری سے خارج کر دیا جائے انہیں اپنی خوشی غمی میں شریک نہ کیا جائے۔

فقط واللہ اعلم،
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۲۷ / ۲ / ۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## غلطی سے چھوٹی بہن کا نکاح بڑے بھائی سے ہوگیا اور بڑے کا چھوٹے سے تو کیا کیا جائے؟

کیا فرماتے ہیں علماء کرام و مفتیانِ دین متین دریں مسئلہ کہ ایک آدمی نے اپنی دو لڑکیوں کا دو آدمیوں سے نکاح کرنا تھا یعنی بڑے لڑکے (خالد) سے بڑی لڑکی (خالدہ) کا، اور چھوٹے لڑکے (ناصر) سے چھوٹی لڑکی (جمیلہ) کا، مگر غلطی سے نکاح خواں نے چھوٹے لڑکے کو بلا کر یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ بڑا لڑکا ہے نکاح بڑی لڑکی سے پڑھا دیا۔ حالانکہ رجسٹر میں نکاح کا اندراج بڑی لڑکی کا بڑے لڑکے سے ہوا جب لڑکیوں سے پوچھے گئے تھے تو اس میں بھی بڑی لڑکی نے بڑے لڑکے سے اور چھوٹی لڑکی نے چھوٹے لڑکے سے نکاح پر رضامندگی کا اظہار کیا تھا لوگوں کے بتلانے پر کہ یہ چھوٹا لڑکا ہے۔ نکاح خواں نے اسی مجلس

میں اصل صورت پر دوبارہ نکاح پڑھادیا۔ اب صورت مسئولہ میں نکاح صحیح ہے یا نہ؟ دوسرے نکاح میں کوئی خلل تو واقع نہیں ہوا۔ جواب دے کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(المستفتی قاری خدا بخش عفا اللہ عنہ)

**الجواب** صورت مسئولہ میں مسمات خالدہ کا نکاح مسمی ناصر سے منعقد ہو چکا ہے اور مسمات جمیلہ کا نکاح ناصر سے نہیں ہوا۔ کیونکہ بہن کی موجودگی میں دوسری بہن سے نکاح نہیں ہو سکتا۔ ولو کان لرجل بنتان کبری اسمها عائشة وصغری اسمها فاطمة وأراد أن یزوج الکبری وعقد باسم فاطمة ینعقد علی الصغری (ص ۲۷۰ ج ۱ هندیہ)

اب مسمی ناصر کو چاہیئے کہ وہ مسمات خالدہ کو طلاق دیدے اور اسی مجلس میں خود جمیلہ سے اور مسمی خالد خالدہ سے نکاح کرے۔ عدت کی ضرورت نہیں۔ مسمی ناصر نصف مہر بھی ادا کرے۔

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

فقط واللہ اعلم
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۲۶ / ۸ / ۱۴۱۴ھ

## قاتل کا پڑھا ہوا نکاح درست ہے

زید اپنی نابالغ بچی کا حقیقی باپ ہونے کی حیثیت سے اس کے نکاح کی اجازت دے دیتا ہے نکاح خواں حافظِ قرآن ہے اور اپنی بیوی کو کسی شبہ کی بناء پر قتل کر کے کئی سال جیل میں بھی رہا ہے مذکورہ قاتل نے زید کی نابالغ بچی کا نکاح پڑھایا۔ اب زید کہتا ہے کہ قاتل کا نکاح پڑھایا ہوا غیر معتبر ہے۔ چنانچہ اب لڑکی کے بالغ ہونے کے بعد زید نے سابقہ خاوند سے طلاق لئے بغیر مذکورہ لڑکی کا نکاح دوسری جگہ کر دیا کیا اسطرح کرنا درست ہے؟

**الجواب** نکاح خواں کی حیثیت محض ترجمان اور معبّر کی ہوتی ہے۔ گویا اصل نکاح خود باپ نے پڑھایا ہے اور باپ کا کیا ہوا نکاح فسخ نہیں ہو سکتا۔ بغیر طلاق لئے دوسری جگہ نکاح منعقد ہی نہیں ہوگا اور مجامعت زنا کے حکم میں ہوگی نیز دوسرے

ح کی مجلس میں شرکت حرام اور سخت گناہ ہے۔ اگر کوئی شخص دیدہ دانستہ شرکت کرے گا تو احتیاطاً خود اس کے نکاح کے فسخ کا حکم کیا جاوے گا۔

فان زوجهما الاب والجد فلا خيار لهما بعد بلوغهما (عالمگیری ص ۲۸۵ ج ۱)

الجواب صحیح، فقط واللہ اعلم۔ محمد انور عفا اللہ عنہ

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ ۱۷ / ۷ / ۹۸ ھ

## ایک بہن کے نکاح میں ہوتے ہوئے دوسری سے نکاح کیا تو دوسرا فاسد ہوگا

ایک شخص ایک عورت سے نکاح کرتا ہے پھر وہ اپنی منکوحہ کی بہن سے نکاح کر لیتا ہے یعنی بیک وقت دونوں بہنیں ایک نکاح میں جمع کر لیتا ہے۔ اب دونوں نکاحوں میں سے کون سا نکاح باقی ہے یا دونوں ختم ہو گئے۔ ہمارے علاقے میں مشہور ہے کہ دونوں نکاح ختم ہو جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے یہ حیلہ کرتے ہیں کہ جس بچے سے طلاق لینی ہو تو اسکی منکوحہ کی بہن سے اسکا نکاح کر دیتے ہیں۔ اس حیلہ سے ان دونوں کو مطلقہ سمجھتے ہیں ——— نیز کیا ان دونوں مطلقہ بہنوں میں سے پھر کسی ایک بہن کا اس بچہ سے نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں یا ان دونوں بہنوں کی کوئی اور بہن ہو جس سے اس بچے کا نکاح نہیں ہوا تھا۔ اس سے اس بچے کا نکاح ہو سکتا ہے۔؟

**الجواب** پہلے جب ایک بہن نکاح میں ہو تو اس کے بعد جب اسکی بہن سے نکاح کیا جائے تو دوسرا نکاح فاسد ہے اور پہلا باقی ہے۔ البتہ اگر ایک ہی عقد میں دونوں سے کرے تو دونوں کا نکاح فاسد ہوگا۔ فان تزوج الاختين فى عقدة واحدة يفرق بينهما وبينه الخ وان تزوجهما فى عقدتين فنكاح الاخيرة فاسد اھ (عالمگیری ص ۲۷۷ ج ۱)

پہلا نکاح بدستور صحیح ہے۔ کوئی فکر نہ کیا جائے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ، بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ،

## جن دو بہنوں کا جسم ایک دوسرے سے الگ نہ ہو انکا نکاح کسی سے درست نہیں

دو جڑواں بہنیں پیدا ہوئیں جن کے کولہے آپس میں ملے ہوئے ہیں باقی تمام اعضاء جدا ہیں اب ان کا نکاح کسی ایک مرد سے ہو سکتا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں شرعی طور پر یہ دو عورتیں تصور ہوں گی ۔ نہ ایک مرد سے ان کا عقد نکاح درست ہے اور نہ ہی دو مردوں سے بلکہ جب تک ان دونوں کو آپریشن کے ذریعہ ایک دوسرے سے الگ نہیں کیا جاتا ان کے نکاح کرانے کی کوئی جائز صورت نہیں ہے ۔ امداد الفتاویٰ ص۲۳۸ ج۲ میں ہے کہ اگر وہ دونوں کسی ذریعہ سے الگ نہ ہو سکیں تو ان کا نکاح کسی سے نہیں ہو سکتا کیونکہ اگر دونوں کا ایک مرد سے نکاح کیا جاوے تب تو دو بہنیں ایک شخص سے نکاح نہیں کر سکتیں اور اگر ایک مرد سے ایک ہی کا کیا جاوے تو اس لئے جائز نہیں کہ اس سے تمتع بدوں دوسری سے تمتع ہوئے ممکن نہیں اور غیر منکوحہ سے تمتع حرام ہے ۔ پس موقوف علی الحرام بھی حرام ہے ۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد اسحاق غفرلہ ،

## اجازت طلب کرنے پر چیخ چیخ کر رونا اجازت نہیں بلکہ نکاح کو رد کرنا ہے

گزارش ہے کہ میرا نام مسماۃ رقیہ بی بی ہے ۔ میں آپ حضرات سے اپنے نکاح کے بارے میں دینی لحاظ سے پوچھتی ہوں کہ میرا نکاح شریعت کی رُو سے ہوا ہے یا نہیں ؟

میں تقریباً عرصہ تین سال سے سنِ بلوغت کو پہنچی ہوئی ہوں ۔ ہوش و حواس قائم ہیں ۔ میرے والد اور میرے بھائی نے میرے رشتہ کی بات چیت شروع کی تو جس آدمی کو میرا رشتہ دینا چاہا تو میں نے اپنی والدہ کو بول کر کہہ دیا کہ میرا رشتہ ہرگز اس شخص کے ساتھ نہ کرنا ۔ مجھے قبول نہیں میرے والد اور میرے بھائی کو آگاہ کر دو ۔ تو میری والدہ نے انہیں کہہ دیا ۔ تو میرے والد ، چچا ، بھائی وغیرہ نے مجھے ستانا شروع کیا کہ ہماری عزت کا سوال ہے تو میں نے بدستور انکار کیا

لیکن والدصاحب نے اپنی مرضی پوری کی ۔ لڑکے والوں کو بلا کر میرا عقد نکاح کرنا شروع کر دیا۔ میرے پاس خود والد صاحب اور دو حقیقی چچے اور میرا بھائی ،میرے باپ کا دوست بھائی اور ایک دوسرا آدمی مسمی عبدالمجید اجازت کے لئے آئے تو میری والدہ اور چند عورتیں موجود تھیں میں نے انکار کا اظہار بلند آواز سے رونے سے کیا ۔ اتنا بلند کہ کسی دوسرے کی بات بھی سنائی نہ دے اور کمرہ سے باہر بھی سنائی دے ۔لیکن چاروں آدمی صبر کرنے اور بس بس کا جواب دے کر چلے گئے اور جاکر نکاح کر دیا ۔میں ابھی تک والد کے گھر ہوں ۔میری رخصتی نہیں ہوئی اور نہ میں رضامند ہوں ۔شرعاً میرا نکاح ہوا یا نہیں ؟

**الجواب** اگر واقعی عورت اجازت نکاح مانگنے پر چیخ چیخ کر روئی ہے تو یہ اجازت نہیں بلکہ ردِّ نکاح ہے ۔پس یہ عورت آزاد ہے ۔

قال فی السنح الاوجه عدم الصحة وان بکت اختلفوا فیه والصحیح أن البکاء اذا کان بخروج الدمع من غیر صوت یکون رضا وان کان مع الصوت والصیاح لا یکون رضا کذا فی فتاوی قاضی خان وهو الاوجه وعلیه الفتوی کذا فی الذخیرة

(عالمگیری ص۲۸۷ ج۱ ) ۔فقط واللہ اعلم ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

مفتی خیر المدارس ملتان ۸ صفر ۱۴۰۲ھ

O

## نکاحِ فضولی کو لڑکی بھی رد کر سکتی ہے بشرطیکہ....

ایک لڑکا زید برطانیہ میں مقیم ہے ۔اس کے بڑے بھائی نے پاکستان میں فضولی کی حیثیت سے ایک پاکستانی لڑکی کا نکاح اس کے لئے قبول کیا جسے چار سال کا عرصہ گزر چکا ہے ۔ابھی تک لڑکے نے علم ہو جانے کے باوجود اس نکاح کو قبول نہیں کیا ۔بلکہ اس نے یہ بھی کہا کہ اگر آپ لڑکی کو برطانیہ بھیجیں تو اپنی ذمہ داری پر میرے ایک دوست عبدالمجید کے پاس بھیج دیں ۔میری ذمہ داری پر نہ بھیجیں ۔

اس کے علاوہ اس نے بعض ایسی باتیں بھی کی ہیں، جن سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنی زوجیت کی ذمہ داری قبول کرنے سے منکر ہے " ایسی صورت میں لڑکی شرعاً اسکی منکوحہ قرار پائے گی یا نہیں شریعت کا اب کیا حکم ہے ؟

**الجواب** اگر واقعی بڑے بھائی نے بحیثیت فضولی اس نکاح کو زید کے لئے قبول کیا تھا اور زید نے اب تک اس نکاح کو قبول نہیں کیا تو لڑکی منکوحہ کو اختیار ہے کہ وہ اس نکاح کو رّد کر کے دوسری جگہ نکاح کرے اور بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ زید بھی اس نکاح کو رَد کر چکا ہے واضح رہے کہ حکم بالا اس صورت میں ہے کہ جبکہ بھائی نے وکالۃً قبول نہ کیا ہو۔ ورنہ زید سے طلاق حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

ولو قبل فضولی عن الغائب فی الفصلین یتوقف علی اجازۃ الغائب فی قول أصحابنا کذا فی شرح الجامع الصغیر لقاضی خان (عالمگیری ص $\frac{۲۹۹}{۱ج}$ ) فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان
۱۳ رجب المرجب ۱۴۰۲ھ

## باپ نے بے بس ہو کر نا بالغ بچّی کا نکاح نامناسب جگہ کر دیا تو خیارِ بلوغ کا حکم !

کیا فرماتے ہیں علماء دین صورت مسئولہ میں: محمد حسین نامی آدمی کے لڑکے غلام محمد پر خود اس کے ماموں نے الزام عائد کیا کہ اس نے اسکی لڑکی سے بدفعلی کی ہے۔ غلام محمد مذکور نے ہر طرح سے اپنی برا ءت پیش کی۔ مگر ماموں نے اسکی کسی بات پر کان نہیں دھرا چنانچہ برادری کے چیدہ چیدہ لوگوں نے یہ فیصلہ کیا کہ محمد حسین ولد غلام محمد برائی کے بدلہ (ڈن) دو معصوم بچیوں کا نکاح ہمراہ ماموں مذکور کے دو لڑکوں سے کر دیوے۔ چنانچہ محمد حسین نے

اپنی مظلومیت اور مرعوبیت کے پیشِ نظر اپنی دو لڑکیوں کا جوکہ نابالغہ ہیں، نکاح ماموں مذکور کے دو لڑکوں سے کر دیا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو قتل و قتال تک سلسلہ پہنچ جاتا۔ نکاح کے بعد سے لیکر آج تک مسلسل دشمنی اور ناچاقی چلی آ رہی ہے۔ دریں حالات کیا شرعاً نابالغہ بچیوں کا نکاح ہو جاتا ہے یا نہ۔ (السائل، محمد حسین۔ بھکر۔

**الجواب** بظاہر اس نکاح میں یقیناً شفقت کو ملحوظ نہیں رکھا گیا۔ بچیوں کا مستقبل بھی مخدوش ہے لہذا صورتِ مسئولہ میں بچیوں کو خیارِ بلوغ حاصل ہوگا۔

ومن زوج ابنتہ الصغیرۃ القابلۃ للتخلق بالخیر والشر فمن یعلم انہ شریر او فاسق فہو ظاہر سوء اختیارہ ولان ترک النظر ھھنا مقطوع بہ فلا یعارضہ ظہور ارادۃ مصلحۃ تفوق ذلک نظراً الی شفقۃ الابوۃ ثم قال وقد وقع فی اکثر الفتاوی فی ھذہ المسئلۃ ان النکاح باطل فظاھرہ انہ لم ینعقد و فی الظھیریۃ یفرق بینھما و لم یقل انہ باطل وھو الحق ولذا قال فی الذخیرۃ فی قولھم فالنکاح باطل ای یبطل انتھی کلام البحر والمسئلۃ شھیرۃ اھ (فتاوی خیریہ ص۲۳)

(از جواہر الفقہ ص۶۷ ج۲) فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ،

۱۱ / ۵ / ۱۴۱۶ھ

## لڑکے کے باپ نے صرف اتنا کہا "قبول کی" تو نکاح اسکا ہوا یا بیٹے کا

نکاح کی مجلس میں نابالغ لڑکی کے باپ سے پوچھا گیا کہ اجازت ہے؟ لیکن یہ تصریح نہیں کی گئی کہ کس لڑکے کے لئے نکاح کی اجازت ہے پھر نکاح خواں نے لڑکے کے باپ کو متوجہ کیا۔ (فلاں کی فلاں لڑکی) تو نے قبول کی اس نے کہا قبول کی۔ ایجاب وقبول دونوں میں لڑکے کا نام

نہیں لیا گیا۔ فقط ایجاب میں لڑکی کا نام تو لیا گیا۔ ویسے تو ہر کسی کو معلوم ہے کہ فلاں لڑکی کا فلاں لڑکے کے ساتھ نکاح ہو رہا ہے۔ یہ نکاح ہوا یا نہیں لڑکے کا نام لینا ضروری تھا یا صرف ارادہ کافی ہے؟

**الجواب** (عالمگیری ص۲ج۴) ولو قال لا مرءة كنت لي او صرت لي فقالت نعم او صرت لك كان نكاحاً سے معلوم ہوتا ہے کہ عبارت خط کشیدہ "فلاں کی فلاں لڑکی الخ" ایجاب ہے اور والد کا کہنا قبول کی "قبول ہے" لیکن والد نے بوجہ لاعلمی کے بیٹے کی طرف اضافتِ قبول نہیں کی۔ لہذا نکاح بجائے لڑکے کے والد کے ساتھ منعقد ہو گیا۔ اور یہ لڑکی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اب اس لڑکے پر حرام ہو گئی اگرچہ باپ طلاق بھی دیدے۔

لو قال ابو الصغيرة لابي الصغير زوجت ابنتي ولم يزد عليه شيئاً فقال ابو الصغير قبلت يقع النكاح للاب هو الصحيح الى ان قال ناقلاً عن الفتح يجوز النكاح على الاب وان جرى بينهما مقدمات النكاح للابن هو المختار لان الاب اضافه الى نفسه (شامی ص۲۷۸ ج۲)

اگر نکاح مذکور غیر مناسب ہو تو والد لڑکے کو طلاق دیدے اور لڑکی کسی دوسری جگہ نکاح کر لے لیکن اس کے لڑکے کے نکاح میں نہیں آسکتی۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،
خیر محمد عفی عنہ،
مہتمم مدرسہ خیر المدارس ملتان

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ،
خادم الافتاء مدرسہ خیر المدارس ملتان

## تحلیل کے لئے آٹھ سالہ بچے سے نکاح کرنا

ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں۔ جبکہ بیوی کو پانچ ماہ کا حمل تھا۔ تقریباً تین ماہ بعد دوبارہ اسی نے اس عورت کے ساتھ شادی کرنا چاہی تو ایک مولوی صاحب نے یہ فتویٰ دیا کہ میرے لڑکے جس کی عمر تقریباً آٹھ سال ہے اس سے شادی کر دی جائے چنانچہ شام کو نکاح کر دیا گیا اور صبح کو اس سے طلاق لے کر پہلے خاوند سے شادی کر دی گئی جو کہ اب راضی خوشی میاں بیوی ہو کر رہ رہے ہیں۔ کیا یہ طریقہ صحیح ہے اور اس مشیر مولوی کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**الجواب** برتقدیر صحت سوال صورتِ مسئولہ میں اگر عورت کا لڑکے کے ساتھ نکاح وضع حمل کے بعد ہوا ہے تو یہ نکاح منعقد ہو گیا اور یہ اسکی منکوحہ ہے اسکی طلاق کا کوئی اعتبار نہیں۔ کیونکہ نابالغ کی طلاق واقع نہیں ہوتی اور نہ ہی اسکی طرف سے اس کا ولی طلاق دے سکتا ہے۔

قال فی الدر المختار واھلہ زوج عاقل بالغ مستیقظ انتہٰی وقال فی الشامیۃ (قولہ واھلہ زوج عاقل الخ) احترز بالزوج عن سید العبد ووالد الصغیر (الی قولہ) وبالبالغ عن الصبی ولو مراھقاً (رد المحتار ج ۲ صـ۴۵۳)

اور اگر وضع حمل سے قبل یہ نکاح ہوا ہے تو یہ نکاح منعقد نہیں ہوا اور عورت پر چونکہ تین طلاقیں واقع ہو چکی تھیں اس لئے سابقہ خاوند کا دوبارہ بغیر حلالہ کے آباد کرنا بہر حال ناجائز ہے اس لئے ان میں تفریق کرائی جاوے۔ نیز حلالہ کے لئے محض نکاح کافی نہیں بلکہ دخول بھی شرط ہے

لا یحل للرجل أن تتزوج حرۃ طلقھا ثلاثا قبل اصابۃ الزوج الثانی۔ (عالمگیری ج۱ صـ۲۸۲)

اور ایسی رائے دینے والا سخت گنہگار ہے اسے توبہ کرنا لازم ہے اگر پہلی صورت ہو تو عورت کو اس کے خاوند سے علیحدہ کر کے لڑکے کے سپرد کر دی جائے۔ جب تک وہ بالغ ہو کر اسے طلاق نہیں دے گا۔ عورت اسکی منکوحہ ہو گی۔ فقط واللہ اعلم،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ، — الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،

---

## انکار کے بعد خاموشی رضامندی کی دلیل نہیں

**س** صغراں کا نکاح پہلوان ولد اللہ بخش کے ساتھ کرنے پر والد بضد تھا۔ جب لڑکی سے پوچھنے گئے تو اس نے صاف انکار کر دیا۔ مگر والد کو لالچ وغیرہ دیا گیا تو اس نے نکاح پڑھ دیا۔ لڑکی اسوقت خاموش ہو گئی مگر بعد میں پھر انکار کر دیا۔ کیا یہ نکاح صحیح ہو گیا۔؟

**الجواب** بالغہ کا نکاح اسکی مرضی کے بغیر جبراً نہیں کیا جا سکتا۔ اگرچہ نکاح کر کے دینے والا باپ ہی کیوں نہ ہو جیسا کہ تمام کتبِ فقہ میں مذکور ہے۔ ولا

تجبر البالغة البكر على النكاح لا نقطاع الولاية بالبلوغ (الدر المختار)

بعض صورتوں میں اسکی خاموشی رضا شمار ہوتی ہے اور بعض صورتوں میں رونا لیکن تنازع کی صورت میں خاموشی رضا متصور نہیں ہو سکتی۔ جب تک اس کا کوئی خاص قرینہ نہ ہو۔ رونے کی صورت میں بھی اگر رونا آواز کے ساتھ ہو تو وہ رضامندی کی دلیل نہیں۔ فلو بصوت لم يكن اذنا (ص۱۹۱ ج۱) اسی طرح جب بچی اس بات کا دعویٰ کرتی ہے کہ نکاح میری مرضی کے بغیر کیا گیا ہے اور خاوند بننے والا اور اس کے وکلاء بچی کے اقرار رضا کا دعویٰ کرتے ہیں تو اس صورت میں بھی جب تک اقرار کے سچے عینی گواہ نہ ہوں۔ لڑکی ہی کی بات کا اعتبار ہوگا۔

وفي الكافي للحاكم الشهيد واذا زوج الرجل ابنته فانكرت الرضى وشهد عليها ابوها واخوها لم يعتبر (حاشیہ ابن عابدین) ص۳۰۲ ج۲

یعنی اگر باپ نے اپنی بیٹی کا نکاح کیا اور بیٹی نے اس بات سے انکار کیا کہ وہ رضامند تھی، تو ایسی صورت میں باپ اور بھائی کی گواہی کا بھی کوئی اعتبار نہیں۔ لہٰذا مذکورہ بالا صورت میں تمام دستاویزات کو دیکھنے سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ لڑکی نکاح پر راضی نہ تھی۔ اس لئے نکاح نہیں ہوا

احقر عبد المالک

مہر دار الافتاء

نائب مفتی مدرسہ اشاعت الاسلام فیصل آباد

صورتِ مسئولہ میں جبکہ لڑکی نے پہلوان کے ساتھ نکاح کر دینے سے انکار کر دیا ہے اور لڑکی کا آواز کے ساتھ رونا بھی اذنِ نکاح نہیں ہے بلکہ نکاح سے انکار ہے اور لڑکی عاقلہ بالغہ ہے۔ تو اس کے باپ کا یہ نکاح پہلوان کے ساتھ کر دینا شرعاً صحیح نہیں ہے۔ لہٰذا پہلوان کے ساتھ اس لڑکی کا شرعاً کوئی نکاح نہیں ہوا۔ لڑکی اپنی رضامندی سے دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے اور مذکورہ بالا جواب صحیح ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

بندہ احمد عفا اللہ عنہ (دار العلوم فیصل آباد)

جملہ بیانات بغور دیکھے گئے صغراں کا نکاح ہمراہ پہلوان ثابت نہیں۔ نکاح سے پہلے پہلوان کے بارے میں صراحۃً انکار ثابت ہے جو ہر فریق کو مسلم ہے۔ اس صریح انکار کے بعد زبردستی کیے گئے نکاح پر خاموشی علامت رضا نہیں بن سکتی۔

استأذنها فی معین فردت ثم زوجها منه فسکتت صح فی الاصح اھ

الدر المختار (ص۱۹۲ ج۱) وفی الشامیۃ الاوجہ عدم الصحۃ لان ذلک الرد

الصریح یضعف کون ذالک السکوت دلالۃ الرضا اھ ص۳۲۵ ج۲

عدم صحت نکاح میں فتویٰ بالا سے ہمیں بھی اتفاق ہے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، 　محمد انور عفا اللہ عنہ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ 　۳ / ۹ / ۱۴۰۰ھ

## عورت مسلمان ہو جائے تو بدوں تفریق قاضی نکاح نہیں کر سکتی

کیا فرماتے ہیں علماء کرام دریں مسئلہ کہ میں پہلے عیسائی مذہب سے تعلق رکھتی تھی اب میں نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اسلام کو قبول کر لیا ہے اور کلمہ شریف پڑھ چکی ہوں۔ اس سے پہلے میں ایک عیسائی سے شادی شدہ تھی۔ میں مسلمان ہو چکی ہوں اس لئے مجھے فتویٰ دیا جائے تاکہ دوسری جگہ کسی مسلمان کے گھر نکاح کر سکوں آپکی بڑی مہربانی ہوگی میری عدت پوری ہو چکی ہے میں نے اپنا اسلامی نام سلمیٰ بی بی رکھا ہے۔

**الجواب** اگر مسمات سلمیٰ بی بی تہ دل سے اسلام قبول کر چکی ہے تو وہ شرعاً مسلمان متصوّر ہوگی۔ اب وہ کسی عیسائی کے گھر آباد نہیں ہو سکتی الا یہ کہ وہ مشرف بہ اسلام ہو جائے مسلمان حاکم سلمیٰ بی بی کے خاوند کو عدالت میں بلا کر اسلام پیش کرے اسلام لانے کی صورت میں سلمیٰ بی بی کا نکاح بدستور قائم رہے گا۔ اگر وہ خدانخواستہ اسلام سے انکار کرے تو عدالت نکاح فسخ کر دے عدالت کی تفریق سے قبل سلمیٰ بی بی دوسری جگہ شرعاً نکاح نہیں کر سکتی۔ درمختار میں ہے۔

واذا أسلم أحد الزوجين المجوسيين أو امرأة الكتابي عرض الاسلام على الآخر فان أسلم فبها والا بان أبى أو سكت فرق بينهما۔ اس پر علامہ شامی لکھتے ہیں۔
ومالم يفرق القاضي فهي زوجته حتى لومات الزوج قبل أن تسلم امرأته الكافرة وجب لها المهر أي كماله (شامی ص۴۲۲ ج۲)

فقط واللہ اعلم،
بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ،
۱۸ / ۹ / ۱۴۰۸ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

## کنایات نکاح میں نیت ضروری ہے

اگر کسی مجلس میں جسے عام طور پر مجلس منگنی کہتے ہیں جبکہ ناکح و منکوحہ ہر دو نابالغ ہوں انکے ورثاء سے وہ الفاظ صادر ہو جائیں جن سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے اور صورۃً ایجاب قبول کا نمونہ ہوں مگر اس وقت فریقین کو اپنے عہد کی پختگی مقصود ہو اور نکاح کا ارادہ نہ ہو اور خواہ وہ الفاظ صریح نکاح کے ہوں یا دال علی التملیک ہوں۔ فریقین سے بصیغہ ماضی صادر ہوں تو کیا ان کے صدور سے نکاح منعقد ہو سکتا ہے یا الفاظ مثل کنایات طلاق محتاج الی النیت ہونگے اور اس وقت مجلس میں یہ الفاظ کہے گئے ہیں کہ میرے چھوٹے بھائی نے اپنی فلاں لڑکی تیرے فلاں لڑکے کو شادی کرنے کے لئے دیدی ہے تیرا کیا خیال ہے اس نے کہا مجھے منظور ہے پھر بڑے بھائی نے کہا اگر منظور ہے تو پھر بحالت نابالغی شادی کرلو تاکہ حاسدین کوئی نقصان نہ دیں۔ لہٰذا ہم کو ہمارے مرشد کو بھی شادی میں شامل کرنا ہوگا اسکے بعد لڑکے کا باپ مرشد کو لینے گیا اور وہ نہ آسکا شادی میں دیر ہوگئی اب لڑکی بحالتِ بالغی کہتی ہے جو خاوند باپ نے مقرر کیا ہے یہ میں نہیں چاہتی۔ میں خود مختار ہوں۔ اب مذکور الفاظ میں نکاح کا ارادہ نہ تھا۔ ان الفاظ کے کہنے سے نکاح تو منعقد نہیں ہو گیا ہے۔؟

**الجواب** الفاظ مذکورہ فی السوال کنایات نکاح میں سے ہیں اور کنایات کے ساتھ بلا نیت نکاح منعقد نہیں ہوتا لہٰذا صورتِ مسئولہ میں یہ الفاظ جب بغرضِ

منگنی استعمال کئے گئے ہیں ان سے نکاح منعقد نہیں ہوا۔ لڑکی مذکورہ دُوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے عالمگیری میں ہے فالصریح لفظ النکاح والتزویج وما عداهما وهو مایفید ملك العین فی الحال کنایة ص۲۷ ج۱ وفی الشامیة انه لا بد فی کنایات النکاح من النیة مع قرینة الخ ص۲۹۲ ج۲ وصرح فی الدرر ان العطیة من الکنایات

فقط واللہ اعلم،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبداللہ غفرلہ
۱/۱/۹۷ھ

## بالغ ہوتے ہی خیار بلوغ استعمال نہ کیا تو نکاح کا حکم

اللہ یار اور مسماۃ رحمت زوجہ اللہ یار یکے بعد دیگرے فوت ہوجاتے ہیں اور پیچھے ایک لڑکا محمد افضل اور چار لڑکیاں چھوڑ جاتے ہیں، جن کی پرورش انکا ماموں انور کرتا ہے۔ بعد میں افضل وکیل و شاہدان بھیج کر اپنی بہن بشریٰ کا نکاح اپنے ماموں کے بیٹے اسلم سے کر دیتا ہے۔ قبول انور کرتا ہے اپنے بیٹے کے لئے اور تین سو کنال زمین انور اپنے بھانجے افضل کو انتقال کرا دیتا ہے۔ افضل کی عمر بوقتِ نکاح ۱۷ سال ۸ ماہ ۱۷ دن ہے اور بشریٰ کی عمر بوقتِ نکاح دس سال کی ہے اور اسلم کی عمر بوقت نکاح آٹھ سال کی ہے۔ بعد میں بوجہ خانگی ناراضگی کے افضل جبکہ تبدیلیٔ پارجات نہیں ہوئے تھے اپنی ہمشیرہ بشریٰ سے عدالت میں دعویٰ خیارِ بلوغ کرا دیتا ہے جبکہ بشریٰ کی عمر بوقت دعویٰ ۲۵ سال کی ہے۔ جج مسلمان اس بناء پر تنسیخ نکاح کا حکم کرتا ہے کہ ابتداء سے نکاح ہوا ہی نہیں۔ کیونکہ افضل کی عمر ۱۸ سال سے کم اور بشریٰ کی ۱۶ سال سے کم ہے۔ اگر تنسیخ شرعاً نہ ہو اور باوجود منع کرنے کے اور جگہ وہ لڑکی نکاح کرلے یا اس کا بھائی افضل کردے تو پھر شرعاً کیا حکم ہے۔ نکاح خواں اور مجلس نکاح میں شریک لوگوں سے قطع تعلقی کی جاسکتی ہے یانہیں؟

**الجواب** لڑکی خیارِ بلوغ کی بناء پر اس صورت میں نکاح فسخ کرا سکتی ہے جبکہ اس نے بالغ ہوتے ہی یہ کہا ہو کہ مجھے یہ نکاح منظور نہیں اور چونکہ یہ شرط نہیں پائی

گئی، لہذا عدالت کے فیصلہ سے حقیقۃً نکاح فسخ نہیں ہوا۔ بلکہ بشریٰ بدستور اسلم کی بیوی ہے دوسری جگہ نکاح درست نہیں۔ نکاح کرانے والا اور دیدہ دانستہ اسمیں شریک ہونیوالے سخت گناہگار ہیں انہیں چاہیئے کہ توبہ واستغفار کریں اور آئندہ اس قسم کے گناہ کبیرہ سے پرہیز کریں۔ واللہ غفور الرحیم

وینبغی أن تقول فی فور البلوغ اخترت نفسی ونقضت النکاح فاذا قالت ذلك لا یبطل حقها بالتاخیر حتی یوجد التمکین۔ (قاضی خان علی عالمگیری ج ۱ ص ۲۱۶)

| الجواب صحیح ، | احقر محمد انور عفا اللہ عنہ |
| --- | --- |
| بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ | نائب مفتی خیر المدارس ملتان |
| مفتی خیر المدارس ملتان | ۲۶/ ۲/ ۹۷ ھ |

## خود خاوند بھی عورت کیطرف سے نکاح کا وکیل بن سکتا ہے۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں سماۃ ہندہ عاقلہ بالغہ بعمر اٹھارہ سال نادیدہ شوہر اس لحاظ سے کہ عنفوانِ جوانی کی وجہ سے اس سے بدکاری نہ ہوجائے اس وجہ سے اس کے والدین ایسے شخص کی طرف اسکی نسبت عقد کرنا چاہتے ہیں کہ جس سے ہندہ کو سخت نفرت ہے حتی کہ اس کو دیکھنا بھی پسند نہیں کرتی اور شرم کی ناجائز رسم کے موافق اپنے ماں باپ کو کسی صورت روک بھی نہیں سکتی خود پسند شوہر بنانے کی خاطر ایک تحریری ایجاب بصورتِ وکالت زید کی طرف ان الفاظ کے ساتھ لکھتی ہے کہ اے زید من ترا اجازت مے دہم و وکیل مے سازم ترا در حق عقدِ نکاح من باخود ے کہ در حضور گواہان معتبر عقدِ نکاح مُن باخود قبول کن و مہر من یکصد روپیہ است۔ زید نے ہندہ کی اس ایجابی تحریر کے موافق دو معتبر گواہ بُلا کر ہندہ کی یہ تحریر دکھاکر بایں الفاظ نکاح قبول کیا کہ من بحسب وکالت نکاح ہندہ باخود نکاح ہندہ بنت بکر بگواہی شما بحق مہر مبلغ یکصد روپیہ قبول کردم اور ان الفاظ کو تین بار دُھرایا اور پھر اسکی خبر ہندہ کو دی، تو کیا ہندہ کا نکاح مذکورہ بالا صورت میں زید کے ساتھ معتبر ہوگا یا نہ۔ کیا گواہان کی نامزدگی بھی ہندہ کے ذمے ہے کہ فلاں فلاں گواہ کے روبرو میرا نکاح قبول کرو۔ یا نہیں ہے۔؟

**الجواب** وفی العالمگیریۃ ص۲۵۱ ج۳ واذا وکل رجلاً غائباً واخبرہ رجل بالوکالۃ یصیر وکیلاً سواء کان المخبر عدلا او فاسقا اخبرہ من تلقاء نفسہ او علی سبیل الرسالۃ صدقہ الوکیل فی ذلک او کذبہ ۔ کذا فی الذخیرۃ وفی العالمگیریۃ ص۱۵ ج۲ امرأۃ وکلت رجلاً بان یزوجھا من نفسہ فقال زوجت فلانۃ من نفسی یجوز وان لم تقل قبلت ۔

ان دونوں روایتوں سے یہ بات معلوم ہوئی کہ ہندہ کا زید کو نکاح کا وکیل بنانا صحیح ہے پس زید کا دو گواہوں کے سامنے ہندہ کا اپنے ساتھ نکاح کر دینا صحیح ہے اور ہندہ کی جانب سے گواہوں کا نام ذکر نا ضروری نہیں ۔ فقط واللہ اعلم ۔

بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ
۲/۷/۷۶ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ غفرلہ
خادم دار الافتاء خیر المدارس ملتان

ھوالصواب والجواب صحیح ،
لیکن شرط یہ ہے کہ یہ شخص اس عورت کا کفو ہو
محمود عفا اللہ عنہ ،
مفتی قاسم العلوم ملتان | ۲/۷/۷۶ھ

## نکاح شغار کی تعریف میں "ولیس بینھما صداق" حضرت ابن عمرؓ سے منقول ہے ۔ صرف حضرت نافع کا قول نہیں !

وٹہ سٹہ کی شادی کے بارے میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ۔ ان یزوج الرجل ابنتہ او اختہ علی ان یزوجہ ۔ ان احادیث میں تو مہر کے بارے میں کچھ ذکر نہیں ۔ اگر کوئی صاحب کہے کہ مہر ہو تو بھی وٹہ سٹہ کی شادی جائز نہیں ۔ اور کہے کہ "ان یزوج الرجل ابنتہ علی ان یزوجہ الآخر ابنتہ ولیس بینھما صداق" یہ عبداللہ بن عمرؓ

سے منقول نہیں۔ بلکہ صرف یہ نافع کا کلام ہے اور وٹہ سٹہ جائز نہیں تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**الجواب** ان یزوج الرجل ابنتہ علی ان یزوج الآخر ابنتہ ولیس بینھما صداق۔ نکاح شغار کی اس تفسیر کو محض نافع کا کلام قرار دینا صحیح نہیں کیونکہ حدیث جابرؓ اور حدیث ابی ریحانہ میں ایسے ہی موجود ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں۔ عن ابی الزبیر عن جابر مرفوعاً نھی عن الشغار والشغار ان ینکح ھٰذہ بھٰذہ بغیر صداق بضع ھٰذہ صداق ھٰذہ وبضع ھٰذہ صداق ھٰذہ واخرج ابوالشیخ فی کتاب النکاح من حدیث ابی ریحانۃ نھی النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن المشاغرۃ والمشاغرۃ ان یقول زوج ھٰذا من ھٰذہ وھٰذہ من ھٰذا بلا مھر (فتح ص۵۷ ج۲۱)

اوران حدیثوں کی سند میں نافع بن سرجیس موجود نہیں اور لغۃً بھی شغار کا یہی مفہوم و معنیٰ ہے۔ قال القرطبی تفسیر الشغار صحیح موافق لما ذکرہ اھل اللغۃ فان کان مرفوعا فھوا لمقصود وان کان من قول الصحابی فمقبول ایضاً لانہ اعلم با لمقال واقعد با لحال (فتح ص۵۷ ج۲۱)۔ قاموس میں ہے۔ والشغار ان یزوج الرجل المرأۃ علی ان یزوجلک اخری بغیر مھر صداق کل واحدۃ بضع اخری۔ بہرحال بغیر صداق یا اس تفسیر کو کلامِ نافع قرار دینا غلط ہے جبکہ لغۃً بھی شغار کی تفسیر یہی ہے تو حضرت نافع اوران کے علاوہ دوسرے رواۃ یا بعض صحابہ نے اگر یہ تفسیر نقل کردی تو بالکل درست ہے۔ فقط واللہ اعلم۔ بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## قرآنِ پاک کو فرسودہ کتاب کہنے والے کے ساتھ نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیانِ عظام اس مسئلہ میں کہ میری لڑکی نجمہ رفیق کی شادی تقریباً ۱۴ ماہ پہلے خضر حیات ولد محمد نواز قوم چاون چاہ بنگلے والا سے ہوئی۔ کچھ عرصہ بعد لڑکی نے

ہمیں بتایا کہ میرا خاوند مجھے نماز پڑھنے سے منع کرتا ہے ۔ میں نے خضر حیات سے معلوم کیا تو اس نے جواب دیا ۔ نعوذ باللہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نبی نہیں بلکہ ایک سیاست دان تھے ۔ قرآن پاک ایک فرسودہ کتاب ہے ۔ زندگی ، موت ، قبر حشر ، بہشت دوزخ کوئی حقیقت نہیں ، سب جھوٹ ہے جو مر گیا ختم ۔ پورا موضع اسکی ان باتوں کا گواہ ہے ۔

اس کے بعد خضر حیات کے بھائیوں سکندر حیات ، شوکت حیات ، ڈاکٹر طاہر محمود سے بات کی تو تمام بھائیوں نے خضر حیات کے مطابق بیان دیا ۔ میں اپنی لڑکی ، نجمہ رفیق کو گھر لے آیا ۔ قرآن و حدیث کے مطابق خضر حیات ، اور اس کے تینوں بھائی مسلمان ہیں یا کافر ۔ خضر حیات کا نکاح نجمہ رفیق سے باقی ہے ، یا ختم ہو چکا ۔ طلاق ہو چکی یا بالغیر طلاق دوسری جگہ نکاح کر سکتے ہیں یا نہیں ۔ قرآن و حدیث کے مطابق فتویٰ صادر فرما کر مشکور فرمائیں ۔

**الجواب** بر تقدیرِ صحتِ سوال اگر نکاح کے وقت بھی شخصِ مذکور کے یہی عقائد تھے تو نکاح منعقد ہی نہیں ہوا اور اگر نکاح کے بعد یہ عقائد اختیار کئے ہیں تو جب سے کئے ہیں اُسوقت سے وہ مُرتد اور دائرہ اسلام سے خارج ہے ۔ بیوی کے ساتھ نکاح ختم ہو گیا ۔ عدت کے بعد وہ آزاد ہے ۔

سوال میں مذکور عقائد میں ضروریات دین کا انکار کیا گیا ہے اور ضروریاتِ دین کا انکار کفر ہے ۔ خضر حیات کے علاوہ بھی جو اِن عقائد کے حامل ہیں ان کا بھی وہی حکم ہے جو اُوپر تحریر ہوا ۔ اور جو ان کو مسلمان سمجھے وہ بھی کافر ہے ۔

وایما رجل مسلم سبّ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم أو کذبہ اوعابہ أو تنقصہ فقد کفر باللّٰہ تعالیٰ وبانت منہ امرأتہ : (شامی ص ۲۹۱ ج ۳)

یکفر بانکار ..... عذاب القبر و بانکار حشر بنی آدم (عالمگیری ص ۲۷۴ ج ۲)

من انکر القیٰمۃ او الجنۃ او النار او المیزان .... یکفر (عالمگیری ص ۲۷۴ ج ۲)

اذا أنکر الرجل آیۃ من القرآن او تسخر بآیۃ من القرآن وفی الخزانۃ أو عاب کفر : (عالمگیری ص ۲۶۶ ج ۲) ۔ فقط واللہ اعلم ، محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح ، بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ ،

## خط کے ذریعے نکاح کا وکیل بنانے سے نکاح کا حکم:

ہندہ عاقلہ بالغہ بعمر اٹھارہ سال نادیدہ شوہر اس لحاظ سے کہ عنفوان جوانی کی وجہ سے بدکاری نہ ہو جائے اس وجہ سے اسکے والدین ایسے شخص کی طرف اس کا عقد کرنا چاہتے ہیں جس سے ہندہ کو سخت نفرت ہے اور شرم کی ناجائز رسم کے موافق اپنے ماں باپ کو روک بھی نہیں سکتی خود پسند شوہر کو ایک تحریری ایجاب بصورت وکالت زید کی طرف ان الفاظ کے ساتھ لکھتی ہے۔

" زید من ترا اجازت مے دہم و وکیل مے سازم ترا درحق عقد نکاح من باخودت کہ درحضور گواہاں معتبر عقد نکاح من باخود قبول کن و مہر من یکصد روپیہ است۔"

زید نے ہندہ کی اس تحریر کے موافق اور معتبر گواہ بلاکر ہندہ کی یہ تحریر دکھاکر بایں الفاظ نکاح قبول کیا کہ من بحسب وکالت نکاح ہندہ باخود نکاح ہندہ بنت بکر را گواہی شما بحق مہر مبلغ یکصد روپیہ قبول کردہ ام اور ان الفاظ کو تین بار دہرایا اور پھر اسکی خبر ہندہ کو دے دی تو کیا مندرجہ بالا صورت میں ہندہ کا نکاح زید کے ساتھ معتبر ہوگا یا نہ گواہوں کی نامزدگی بھی ہندہ نے کرنی ہے کہ فلاں فلاں گواہ کے روبرو نکاح قبول کرو؟

**الجواب** وفی العالمگیریۃ ص۲۵۱ ج۳ واذا وکل رجلا غائبا واخبرہ رجل بالوکالۃ یصیر وکیلا سواء کان المخبر عدلا او فاسقا اخبرہ من تلقاء نفسہ او علی سبیل الرسالۃ صدقہ الوکیل فی ذلک او کذبہ کذا فی الذخیرۃ وفی العالمگیریۃ ص۹۵ ج۲ امرأۃ وکلت رجلاً بان یزوجھا من نفسہ فقال زوجت فلانۃ من نفسی یجوز وان لم تقل قبلت کذا فی الھدایۃ۔

ان دونوں روایتوں سے یہ بات معلوم ہوئی کہ ہندہ کا زید کو نکاح کا وکیل بنانا صحیح ہے پس زید کا دو گواہوں کے سامنے ہندہ کا اپنے ساتھ نکاح کر لینا صحیح ہے اور ہندہ کی جانب سے گواہوں کا نامزد کرنا ضروری نہیں۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،
بندہ عبداللہ غفرلہ
۶/۷/ ۷۶ جو

بندہ محمد اسحٰق غفرلہ،
۲ / ۷ / ۷۶ جو

ہو الصواب الجواب صحیح،
لیکن شرط یہ ہے کہ یہ شخص اس عورت کا کفو ہو۔ محمود عفا اللہ عنہ
مفتی قاسم العلوم ملتان

## آغاخانیوں سے نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے کہ میں اپنی لڑکی کا نکاح ایسے شخص سے کرنا چاہتا ہوں جو آغاخان کے فرقے سے تعلق رکھتا ہے ان کے بزرگوں سے بھی ملاقات کی ہے اور انہوں نے کہا کہ وہ چاروں خلفاء کو مانتے ہیں۔ لیکن بموجب حکم آغاخان ہم حضرت علیؓ کا خاص احترام کرتے ہیں اور تمام ہمارے تہوار اور رنج وغم کے موقعہ پر اہلسنت والجماعت کے طریقے ادا کرتے ہیں، آپ مہربانی فرماکر شریعت کی رُو سے فتویٰ صادر فرمائیے۔ تاکہ عمل کیا جائے۔

بمعہ تفصیل عقائد وطریقہ دعا تعلیم کردہ آغاخان

**الجواب** آغاخانیوں کے عقائد کفریہ ہیں۔ علماء حقہ نے بعد از تحقیق انہیں کافر بتایا ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور آغاخان کے بارے میں ان کے عقائد مشرکانہ ہیں۔ لہٰذا اُن سے مناکحت جائز نہیں۔ مزید تفصیل مطلوب ہو تو لڑکے کے عقائد معلوم کرکے فتویٰ حاصل کریں۔ جس میں یہ وضاحت کریں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خاص احترام کرنے سے کیا مراد ہے

مندرجہ ذیل اُمور کی بناء پر آغاخانیوں کو علماء نے متفقہ طور پر کافر قرار دیا ہے کیونکہ آغاخانی ان اُمور کے مرتکب ہیں۔ ۱۔ سر آغاخان کی تصویر کی پرستش کرتے ہیں، ہندوؤں کے مشہور اوتار کرشن کی مورت اپنے عبادت خانے میں رکھ چھوڑی ہے ۳۔ دیوالی جو ہندوؤں کا مشہور تہوار ہے اس میں اپنے حساب کا کھاتہ تبدیل کرتے ہیں۔ علاوہ اس کے اور بھی بعض مراسم مشرکانہ ادا کرتے ہیں ۴۔ اپنے کھاتہ کے ابتدا میں بجائے بسم اللہ کے لفظ اوم لکھتے ہیں ۵۔ سر آغاخان کے اندر خدائی حلول کے معتقد ہیں وغیر ذلک۔

نماز پڑھو۔ نماز پڑھو۔ نماز پڑھو۔ خدا تم کو برکت دے۔ خدا کا نام لو۔ خداوند شاہ علی تم

کو ایمان اور اخلاق دے، یا شاہ میری شام کی نماز اور دعا قبول کر۔ جو حق تم کو ملا ہیں اس کا واسطہ دیتا ہوں۔ اے ہمارے آقا آغا سلطان محمد شاہ اس کے بعد سجدہ کرو اور اگر رات کی نماز ہو تو اسطرح کہو۔ میری شام کی اور رات کی دعائیں۔ اگر صبح کی نماز ہو تو اسطرح کہو میری شام کی رات کی اور صبح کی دعائیں۔ دوسری مرتبہ سجدہ کرو اور تسبیح پڑھو اور حسب ذیل طریقہ پر دعا درود پڑھو۔ تسبیح میں اپنے گناہوں پر پچھتاتا ہوں۔ دو مرتبہ۔ میں سر سے پاؤں تک تیرا قصوروار اور گنہ گار ہوں۔ اے غفور، رحیم شاہ میرا گناہ معاف کر۔ پیر تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ بندہ دعا مانگتا ہے۔ اے سچے شاہ تو منظور کرنے والا ہے۔ میں شاہ کے اس فرمان کو سر اور آنکھوں پر رکھتا ہوں۔ جو پیر کے ذریعے مجھ کو ملا ہے یہ کہہ کر تسبیح زمین پر رکھ دو اور نیچے بتایا ہوا ورد کرو۔ اشہد سبحان اللہ۔ الحمدللہ۔ لاالٰہ الا اللہ واللہ اکبر، لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ الرحمٰن۔ ذوالجلال والاکرام۔ ان تمام صفتوں سے بنا ہوا قدوس۔ سب پر طاقتور خدا۔ ایران کے ضلع چالدیا میں انسان کا جسم لے کر ستر باپ کی پیٹھ سے نکلا۔ انہتر خدا ہو جانے کے بعد ستر ہویں اوتار کے نطفہ سے اڑتالیسواں امام۔ دسواں بے عیب اوتار، ہمارا خداوند آغا سلطان محمد شاہ داتا۔ اس کے بعد سجدہ کرو۔ حق۔ شاہ اچھا۔ دنیا اور زمین کا شاہ۔ خلیفہ اور گدی کے جانشینوں کے نام کا وظیفہ کرو دنیا اور زمین کے اچھوں کا نام یہ ہے۔ شاہ کے خلیفہ ابوطالب ولی کا نام حسب ذیل ہے۔

۱۔ ہمارا سچا خداوند شاہ علی ۲۔ ہمارا سچا خداوند شاہ حسین ۳۔ ہمارا سچا خداوند زین العابدین۔ ۴۔ ہمارا سچا خداوند شاہ محمد باقر ۵۔ ہمارا سچا خداوند شاہ جعفر صادق الخ اور اسوقت کی امامت کا مالک خداوند زماں، امام شیخ المشائخ۔ امامت کی طاقت رکھنے والا جانو۔ آغا سلطان محمد شاہ داتا۔ بے شمار کروڑوں آدمیوں کا دستگیر۔ اس وقت کے امامت کا مالک۔ اے شاہ جو حق تم کو ملا ہے، بطفیل اس کے اپنے حضور میں میری دعا منظور کر۔ اے ہمارے خداوند آقا سلطان محمد شاہ۔ انتھی

لہٰذا تصویر کی پرستش کرنا۔ کرشن کی تصویر عبادت خانہ میں رکھنا۔ جو شعار کفار کا ہے یا بجائے بسم اللہ کے لفظ ادم لکھنا کہ یہ بھی ان کا شعار ہے یا حلول کا قائل ہونا۔ ان عقائد کی بناء پر حکم بالکفر ظاہر ہے اور دیوالی سے بھی کھاتہ کا حساب شروع کرنا یا مقتداؤں کو لفظ خداوند سے خطاب کرنا یا ان سے دعا مانگنا یہ سب ایسے امور ہیں کہ ان میں تاویل نہیں کی جا سکتی۔ پس ان کفریات کے ہوتے ہوئے

نہ ایسے شخص کا دعویٰ اسلام کافی ۔ نہ اس کا نمازی اور روزہ دار ہونا کافی ۔ نہ اس پر نماز جنازہ جائز ہے ۔ نہ مقابر مسلمین میں دفن کرنا جائز ہے اور نہ ان کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے ۔

(ملخص از امداد الفتاوی ص۱۰۳ ج۶ تا ص۱۰۸ ج۶)

فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح ،

محمد انور عفا اللہ عنہ ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

مفتی خیر المدارس ملتان ۔

۱۷ / ۷ / ۹۸ ھ

## کیمونزم اور مارکسزم کا پرچار کرنے والوں کے ساتھ رشتہ کرنا

کیا فرماتے ہیں علماء کرام دریں مسئلہ کہ ہمارے ملک پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں ایک تنظیم بنام بی ایس او ، یعنی بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ہے جو کہ روس کی آلہ کار ہے اس کے افراد نے اپنے جلسوں اور جلوسوں میں یہ نعرہ لگایا ہے کہ ملاؤں کا اسلام مُردہ باد ، ضیاء الحق کا اسلام مردہ باد ، جماعت اسلامی کا اسلام مردہ باد اور یہ بھی اپنی تقریروں میں کہا ہے کہ یہ اسلام جو کہ ملاّ مسجدوں میں بیانگ دھل بیان کرتے ہیں ہم اس سے بیزار ہیں اس اسلام نے نہ ماضی میں ہماری حفاظت کی ہے اور نہ مستقبل میں ہماری حفاظت کر سکتا ہے ۔ اور یہ بھی نعرہ لگایا ہے کہ مارکس نظام زندہ باد ۔ افغان انقلاب زندہ باد اب ایک شخص مثلاً زید وہ اس سے منسلک ہے اور ان کے جلوسوں اور جلسوں میں شامل ہے نعرہ لگانے میں انکے ساتھ ہے اگر کوئی تنظیم کے خلاف بات کرے تو وہ لڑنے کے لئے تیار ہے اور تنظیم کی طرف سے ہر وقت دفاع کرتا ہے اور وہ اس تنظیم کو صحیح خیال کرتا ہے ۔ نماز بھی کبھی کبھار پڑھتا ہے روزہ بھی رکھتا ہے اگر اس سے مندرجہ بالا اعتقاد کے بارے میں پوچھا جائے (جو کہ کفر ہے) تو وہ اپنی زبان سے کہتا ہے کہ میرا اعتقاد یہ نہیں ہے ۔ دل کا حال اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے ۔

اب سوال یہ ہے کہ ۱ ۔ کیا اس شخص کا نکاح ایک مسلمہ لڑکی کے ساتھ ہو سکتا ہے جب تک توبہ نہ کرے ۲ ۔ اگر قبل ازیں اس کے نکاح میں کوئی مسلمہ عورت ہے وہ بدستور اسکے نکاح میں رہ سکتی ہے ۳ ۔ کیا یہ شخص ایسی تنظیم میں شامل ہونے کی صورت میں مسلمان رہ سکتا ہے جبکہ یہ تنظیم اسلام سے بیزار ہے اور اس نے یہ بھی کہا ہے کہ اسلام نے عورتوں کے حقوق کی حق تلفی کی ہے

**الجواب** کیمونزم اور مارکسزم کی بنیاد ہی خدا اور مذہب کے انکار پر ہے۔ لہٰذا جو اسے مکمل طور پر قبول کر لیتے ہیں۔ یہ لوگ درحقیقت دہریہ ہوتے ہیں۔ گو وقتی ضرورت کے تحت تہجد کیوں نہ پڑھنے لگیں، اور جو اس جماعت میں شامل ہوگا وہ آج یا کل ضرور اسلام سے نکل جائے گا۔ اسلام کو نامکمل سمجھنا کفر ہے اور ایسے ہی اسلام کے قانون کو ظلم قرار دینا بھی کفر ہے۔ صورتِ مسئولہ میں ایسے لوگوں کے ساتھ رشتہ کرنا ہرگز جائز نہیں ۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح — محمد انور عفا اللہ عنہ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، — ۲۰ / ۱۲ / ۱۴۰۷ھ

## جنیہ عورت سے نکاح کا حکم:

مرد کا جنیہ عورت سے یا جن کا انسان کی لڑکی کے ساتھ نکاح ہو سکتا ہے جبکہ ان کی جنس میں اختلاف ہے اس قسم کے شواہدات موجود ہیں کہ بعض خبیث جن انسانی شکل میں آکر عورتوں سے اپنی شہوانی خواہش پوری کرتے ہیں۔ اسی طرح خبیث جنیہ عورت کی شکل اختیار کر کے مردوں سے اپنی خواہش نفسانی پوری کراتی ہیں۔ ایک آدمی کو وہ کہتی ہے کہ تو میرے ساتھ نکاح کرلے تاکہ ہم زنا کی لعنت سے بچ جائیں۔ اگر تو نکاح نہیں کرے گا تو میں تجھے ہرگز نہیں چھوڑوں گی۔ وہ شخص جنیہ عورت کے ساتھ کئی بار جماع بھی کر چکا ہے وہ جنیہ اس مرد کو نہیں چھوڑتی وہ آدمی بہت پریشان ہے۔ شرعاً نکاح کا کیا حکم ہے؟

**الجواب** جنیہ عورت سے نکاح درست نہیں اور اس سے بچنے کے لئے کوئی صورت اختیار کر لی جائے۔

كما فى الدر المختار فخرج الذكر والخنثى المشكل والوثنية لجواز ذكورته والمحارم والجنية وانسان الماء لاختلاف الجنس۔ قوله والمحارم۔ هذا خارج بالمانع الشرعي أيضا وكذا قوله والجنية وانسان الماء بقرينة التعليل باختلاف الجنس لان قوله تعالى والله جعل لكم من أنفسكم أزواجا بين المراد من قوله فانكحوا ما طاب لكم من النساء وهو الانثى من بنات آدم فلا يثبت حل غيرها

بلا دلیل ولان الجن یتشکلون بصور شتی فقد یکون ذکرا تشکل بشکل أنثی وما قیل من أن من سأل عن جواز التزوج بها یصفع لجهله وحماقته لعدم تصور ذلك بعید لان التصور ممکن لان تشکلهم ثابت بالاحادیث والآثار والحکایات الکثیرة ولذا ثبت النهی عن قتل بعض الحیات کما مر فی مکروهات الصلوٰة علی ان عدم تصور ذلك لا یدل علی حماقة السائل کما قاله فی الاشباه وقال ألا تری ان أبا اللیث ذکر فی فتاویه ان الکفار لو تترسوا بنبی من الانبیاء هل یرمی فقال لیسئل ذلك النبی ولا یتصور ذلك بعد رسولنا صلی اللہ علیہ وسلم ولکن أجاب علی تقدیر التصور کذا هذا۔ اھ لا تجوز المناکحة بین بنی آدم والجن وانسان الماء لاختلاف الجنس۔ شامیہ ص۲۸۱ ج۲۔

الاصح أنه لا یصح نکاح آدمی جنیة کعکسه لاختلاف الجنس فکانوا کبقیة الحیوانات اھ شامیہ ص۲۸۲ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## خنثیٰ کو طلاق دینے کے فوراً بعد اسکی بہن سے نکاح کر سکتے ہیں؟

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ زید کی منکوحہ ہندہ ناعورت ہے یعنی خنثیٰ مؤنث ہے جس کی علامت ظاہر عورتوں کی ہے اور باقی راستہ حیض وغیرہ کا نہیں ہے۔ زید نے مطلقہ کر دی ہے اب اسکی بہن سے نکاح کرنا چاہتا ہے فرمائیں کہ ہندہ کی عدت کب ختم ہوگی۔ اور اسکی عدت کی صورت کیا ہے؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت مذکورہ جماع کے قابل نہیں ہے کیونکہ جب حیض کا راستہ ہی نہیں ہے تو جماع کیسے ہوسکتا ہے۔ لہذا ایسی عورت پر عدت نہیں ہے۔ کما یدل علیہ عبارة الدر المختار ص۵۹۹ ج۲ وسبب وجوبها عقد النکاح المتأکد بالتسلیم وما جری مجراه من موت اوخلوة أی صحیحة فلا

علیٰ ۃ بخلوۃ الرتقا۔
لہٰذا عورت مذکورہ کی بہن کے ساتھ بغیر کسی مدت کے انتظار کے نکاح کر سکتا ہے۔

فقط واللہ اعلم،
بندہ اصغر علی عفا اللہ عنہ،
معین مفتی خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ عفرلہ،
خادم دارالافتاء خیر المدارس ملتان ۲۲/۱۱/۰۰ھ

## عدّت میں نکاح فاسد ہے بعد از عدّت اس کو کوئی ترجیح نہیں

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی نے کسی عورت سے عدّت میں نکاح کیا۔ مسئلہ معلوم کرنے سے پتہ چلا کہ عدّت میں نکاح فاسد ہوتا ہے۔ پھر تفریق کر دی گئی عورت نے عدت گزاری اب یہ عورت نکاح کرنا چاہتی ہے۔ آیا مذکورہ آدمی زیادہ حق دار ہے کہ اسی مذکورہ عورت سے نکاح کیا جائے یا عورت جہاں چاہے نکاح کر سکتی ہے؟

**الجواب** عورت آزاد ہے جہاں چاہے نکاح کرے اس شخص کو کوئی ترجیح حاصل نہیں۔ انه ليس احق بها من غيره بل هو خاطب من الخطاب فتنكح من شاءت (التعليق الممجد)۔ فقط واللہ اعلم، محمد انور عفا اللہ عنہ،

## نابالغ کا باپ مجلسِ نکاح میں موجود تھا مگر خاموش رہا تو نکاح کا حکم

ایک نابالغہ لڑکی کے باپ نے ایجاب کیا اور نابالغ لڑکے نے اس نکاح کو قبول کیا۔ لڑکے کا باپ پاس ہی بیٹھا تھا۔ لیکن وہ خاموش رہا۔ کیا شرعاً یہ نکاح منعقد ہو گیا۔

**الجواب** صبی ممیز ہونے کی صورت میں نکاح کے انعقاد میں کوئی شبہ نہیں۔ اور بظاہر مجلس نکاح کا انعقاد بھی باپ نے ہی اپنی رضاء سے کرایا ہوگا۔ تو دلالۃً اذن بھی پایا گیا۔ لہٰذا نافذ ہی متصور ہوگا۔ اور اگر باپ اس نکاح پر راضی نہ تھا بلکہ کسی اور غرض کے لئے شریک ہوا تھا۔ تو دوبارہ سوال کیا جائے۔

واذا باع الصبی شیئا من مالہ او اشتری لنفسہ شیئاً قبل الاذن وھو یعقل البیع والشراء ینعقد تصرفہ موقوفاً عندنا وینفذ باجازۃ الولی (عالمگیری ص ۶۳ ج ۴) قلتُ والنکاح ایضاً کالبیع والشراء لو باع الصبی مالہٗ او اشتریٰ او تزوج الیٰ ان قال توقف علی اجازۃ الولی اھ (شامیہ عن النہایۃ ص ۲۲۷ ج ۲) ویثبت الاذن دلالۃ اھ (در مختار علی الشامیۃ ص ۹۸ ج ۵) فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

## نکاح پر نکاح پڑھانیوالے کو تجدید نکاح کا حکم دینا بطورِ احتیاط ہے

زید کہتا ہے کہ ایک مولوی صاحب نے ایک منکوحہ کا نکاح دوسرے شخص سے کرا دیا، حالانکہ اسے پہلے نکاح کا علم تھا۔ اس نے نکاح کو نکاح پر حلال سمجھا۔ حالانکہ یہ حرام ہے۔ اس لئے اس نے کفر کا ارتکاب کیا۔ لہٰذا اسکی بیوی کا نکاح ٹوٹ گیا، اور وہ اس پر حرام ہو گئی۔ لیکن بکر کہتا ہے کہ اس فعل کا مرتکب کافر نہیں ہوتا۔ البتہ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے۔ اس لئے اس فعل سے کافر نہ ہوگا اور نکاح بھی باقی رہے گا۔ اس بارے میں زید کا قول درست ہے یا بکر کا۔

**الجواب** ارتکابِ حرام سے آدمی کافر نہیں ہوتا۔ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں بکر کا قول صحیح ہے الّا یہ کہ یقین ہو جائے کہ اس نے حلال سمجھ کر ایسا کیا ہے۔

نعم سیذکر الشارح أن ما یکون کفرا اتفاقا یبطل العمل والنکاح وما فیہ خلاف یؤمر بالاستغفار والتوبۃ وتجدید النکاح وظاھرہٗ أنہ أمر احتیاط اھ (شامیہ ص ۲۹۷ ج ۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،
مفتی خیر المدارس، ملتان۔

محمد انور عفا اللہ عنہ
۱۴۰۱/۶/۲۰ھ

## نکاح میں ضروری اُمور

نکاح کیسے ہوتا ہے۔ شرعی ضوابط بمعہ حوالہ کتب تحریر فرمادیں؟

**الجواب** ایجاب وقبول نکاح کے رُکن ہیں۔ اور نکاح کی شرائط میں سے یہ ہے کہ ایجاب وقبول کے وقت گواہ موجود ہوں، گواہان دونوں کی بات سُن رہے ہوں۔ قبول ایجاب کے مطابق ہو، میاں بیوی متعین ہوں۔ اس کے علاوہ اس میں اور بھی بہت سی تفصیل ہے جس کے لئے ملاحظہ فرمائیں، بہشتی زیور، علم الفقہ اردو فتاویٰ شلاً امداد الفتاوی، احسن الفتاویٰ وغیرہ۔

واما ركنه فالايجاب والقبول كذا في الكافي واما شروطه الخ ومنها الشهادة ومنها سماع الشاهدين كلامهما معاً اھ (عالمگیری ص۲۶۸ ج۱) فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفی عنہ، — محمد انور عفا اللہ عنہ، ۲۵ / ۴ / ۱۴۱۱ھ

## گواہوں کے سامنے یہ کہنا کہ یہ "میری بیوی ہے" اس سے نکاح منعقد ہوگا یا نہیں؟

زید بیرون ملک جانا چاہتا تھا وہ ایک عورت کو ساتھ لے گیا اور لوگوں کے سامنے کہا کہ یہ میری بیوی ہے جبکہ نکاح کا کوئی ثبوت اس کے پاس نہیں ہے کیا لوگوں کی موجودگی میں یہ کہنے سے کہ یہ میری بیوی ہے وہ اسکی بیوی بن جائے گی۔

**الجواب** اگر بطورِ اخبار یہ کہا ہے کہ یہ میری بیوی ہے۔ حالانکہ پہلے کوئی نکاح نہیں کیا تھا۔ تو اس غلط کہنے سے وہ بیوی نہیں بنے گی ...... ہاں اگر گواہوں کی موجودگی میں نکاح کے لئے مرد کہے کہ یہ میری بیوی ہے۔ عورت کہے کہ یہ میرا خاوند ہے۔ تو ایسے کہنے سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے۔

قال قاضی خان وینبغی ان یکون الجواب علی التفصیل ان أقرا بعقد ماض ولم یکن بینهما عقد لا یکون نکاحا وان أقر الرجل انه زوجها وهی انها زوجته یکون نکاحا ویتضمن اقرارهما

الا نشاء بخلاف اقرار هما بما ض لانه کذب اھ (شامی ص۲۸۸ ج۲) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، محمد انور عفا اللہ عنہ

بندہ عبد الستار عفی عنہ، ۲۵ / ۴ / ۱۴۱۱ھ

رئیس دار الافتاء جامعہ خیر المدارس ملتان — مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

## جبتک سکول میں رہیں گے میاں بیوی رہیں گے پھر نہیں یہ نکاح موقت ہے اور باطل ہے

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مندرجہ ذیل مسئلہ کے بارے میں کہ ایک اُستاد اور اُستانی نے عقدِ نکاح رُو برو گواہوں کے اس شرط پر کیا ہے جب تک اس اسکول میں پڑھائیں گے تو میاں بیوی ہوں گے جب اس اسکول سے چلے جائیں گے تو ان کا ایک دوسرے پر کوئی حق ازدواجیت نہ ہوگا۔ تو یہ نکاح ازروئے شرع شریف کے ہوگیا یا نہیں ؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں برتقدیر صحت واقعہ استاد کا اُستانی کے ساتھ نکاح منعقد نہیں ہوا۔

وبطل نکاح متعة ومؤقت وان جهلت المدة او طالت درمختار وفی رد المحتار (قوله وان جهلت المدة) كان يتزوجها الى أن ينصرف عنها۔ (ص۳۱۹ ج۲) والنكاح المؤقت باطل كذا فى الهداية ۔ ولا فرق بين طول المدة وقصرها على الاصح ولا بين المدة المعلومة والمجهولة۔ (عالمگیری ص۲۸۳ ج۱)

فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

۲۷ / ۴ / ۱۴۱۷ھ

## فضولی کے ذریعہ نکاح کی گنجائش کب ختم ہوتی ہے

ایک شخص کو گناہ کبیرہ کی عادت تھی جس کو چھوڑنے کے لئے اس نے کئی بار توبہ کی مگر توڑ دی۔ آخر کار اس نے تنگ آکر کہا کہ اگر پھر میں یہ گناہ کروں تو مجھ پر کلما کی طلاق ہے۔ اس کے بعد پھر اس سے وہی گناہ ہو گیا تو ایک مفتی صاحب سے پوچھا تو انہوں نے کہا فضولی کے ذریعے نکاح کرلے درست ہوگا۔ پھر اس نے ایک دن یہ کہہ دیا کہ اگر پھر بھی میں یہ گناہ کروں تو جس حیلہ سے ہر بار میرے نکاح میں جو عورت آئے اس کو طلاق ہے۔ اور یہ الفاظ تین مرتبہ کہے تو کیا اب بھی وہ فضولی کے ذریعے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں، مفصل تحریر کریں؟

**الجواب** نکاح فضولی کی گنجائش ابھی موجود ہے۔ دوسری دفعہ اٹھائی جانیوالی یمین کے باوجود فضولی کے ذریعے نکاح ہو سکتا ہے۔

ومثلہٗ فی عدم حنثہٖ باجازتہٖ فعلاً اھ وانما ینسد باب الفضولی لو زاد أو أجزت نکاح فضولی ولو بالفعل فلا مخلص لہٗ اھ۔

درمختار علی الشامی صفحہ ۱۴۲/۳ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ

## شادی شدہ عورت اگر زنا کرلے تو نکاح فاسد نہیں ہوتا ہے

کیا فرماتے ہیں علماء کرام و مفتیان عظام اس مسئلے میں کہ: اگر شادی شدہ عورت زنا کرلے تو وہ اپنے خاوند پر حلال ہے یا حرام ہے؟ نیز اگر شادی شدہ مرد زنا کرلے تو وہ اپنی بیوی پر یا بیوی اس پر حلال ہے یا حرام ہے۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں یہ مسئلہ بتائیں عین نوازش ہوگی؟

**الجواب** اس حرکت سے نکاح ختم نہیں ہوتا۔ توبہ استغفار کرلے اور آئندہ ایسا نہ کرنے کا عہد کرلے۔ درمختار میں ہے کہ۔ لا یجب علی الزوج تطلیق

الفاجرة ولا علیها تسریح الفاجر ۔( درمختار ص۲۷۲ ج۲ )

قال فی البحر بدلیل الحدیث أن رجلا أتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یارسول اللہ ان امرأتی لا تدفع ید لامس فقال علیہ الصلوۃ والسلام طلقھا فقال انی أحبھا فقال علیہ الصلوۃ والسلام استمتع بھا ( ردالمحتار ص۳۱۸ ج۲ )

اور شامی میں ہے کہ : والمزنی بھا لا تحرم علی زوجھا ( ردالمحتار ص۳۱۸ ج۲ )

پس وہ حلال ہے نہ کہ حرام ۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## دوسرے ملک میں رہتے ہوئے نکاح کا طریقہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ کمترین انگلینڈ میں مقیم ہے جو کہ جلد پاکستان نہیں آسکتا اور میری منگنی ایک لڑکی کیساتھ پاکستان میں ہو چکی ہے جو کہ اپنے وارثوں کے پاس انکی سپردی میں رہتی ہے ہم دونوں کی ابتدائی رسم یعنی منگنی کی رسم تو کی جا چکی ہے اب ہم دونوں حق نکاح ( شادی ) کرنا چاہتے ہیں میرے گھر والے لڑکی کے وارثوں کے پاس نہیں پہنچ سکتے تاکہ حق نکاح کیا جاوے ۔ ایسی صورت میں حق نکاح کا کیا طریقہ ہے تاکہ ہمارے دونوں میں حق نکاح ہو جائے اور لڑکی کو ہم انگلینڈ منگوا سکیں ۔

مولانا ابراہیم صاحب مہتمم مدرسہ عربیہ اسلامیہ میاں چنوں

سائل پاکستان میں کسی ایسے شخص کو اپنا وکیل بنا دے جو لڑکی کے شہر میں رہتا ہو یا وہاں بآسانی پہنچ سکے یہ وکیل اپنے مؤکل کے لئے نکاح کو قبول کرے مہر کی مقدار وغیرہ کا تعین پہلے ہو جاوے مثلاً مقررہ تاریخ پر مجلس نکاح میں لڑکی کا والد وکیل کو کہے کہ میں نے اپنی لڑکی فلانہ کا نکاح اتنے مہر کے بدلے فلاں بن فلاں کے ساتھ کر دیا ہے ۔ وکیل مذکور کہے کہ میں نے یہ نکاح اپنے مؤکل فلاں بن فلاں کے لئے قبول کیا ۔ بس اس سے نکاح منعقد

ہو جائے گا اس کے بعد لڑکی کو خاوند کے پاس بھیجا جا سکتا ہے۔ وکیل بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ سائل کسی خاص شخص کو پاکستان میں یہ لکھ بھیجے کہ تو اتنے مہر پر میرا نکاح فلاں عورت سے کر دے۔

فقط واللہ اعلم، الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

## ماں کی پھوپھی سے نکاح کا حکم

قاسم کا نکاح زینب سے جو کہ اسکی نانی بنتی ہے۔ یعنی اسکی ماں کی حقیقی پھوپھی ہے۔ شرعاً درست ہے یا نہ؟ (سائل محمد ارشد اوکاڑوی)

**الجواب** زینب کا نکاح قاسم سے جائز نہیں۔ المحرمات بالنسب وھن الامھات والبنات والاخوات والعمات اھ واما العمات فثلث الی قولہ وکذا عمات ابیہ وعمات اجدادہ وعمات امہ اھ

(عالمگیری ج۲) فقط واللہ اعلم، الجواب صحیح،
محمد انور عفا اللہ عنہ بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## نابالغ بچے کا خطبۂ نکاح پڑھنا

کیا فرماتے ہیں علماء کرام دریں مسئلہ کہ نکاح کے دیگر امور مثلاً ایجاب وقبول ایک عاقل بالغ عالم کراتا ہے اور خطبہ مسنونہ نکاح کا اس کا چھوٹا نابالغ بچہ پڑھتا ہے کیا یہ جائز ہے کراہت تو نہیں ہے اگر ہے تو کون سی۔؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں نکاح صحیح ہو گیا ہے۔ صبی ممیز کی اذان جیسے معتبر ہے ایسے ہی خطبہ بھی صحیح ہونا چاہیئے۔ اگرچہ بہتر و اولیٰ یہی ہے کہ خطبہ بھی عاقل بالغ پڑھے۔ وینبغی ان یکون المؤذن رجلاً عاقلاً صالحاً تقیاً عالماً بالسنۃ (ھندیہ ص۵۳ ج۱) اذان الصبی العاقل صحیح من غیر کراھۃ

فی ظاهر الروایۃ ولکن اذان البالغ افضل (ھندیہ ص۵۴ ج۱) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

بندہ عبدالستار غفرلہٗ

## بیوی کا خاوند کے ہاں بطورِ بیوی آنا اور رہنا بھی اجازت ہے

زینب کا نکاح زید کے ساتھ ہوا زینب بالغہ تھی مگر زینب سے پوچھا نہیں گیا باپ نے اجازت دے دی زینب سسرال والے کپڑے اور زیور پہن کر زید کے گھر آگئی بعد میں کچھ لوگوں نے اعتراض کیا تو زینب سے اجازت لی گئی مگر زید کو دوبارہ قبول نہیں کرایا گیا۔ تو کیا اس صورت میں نکاح منعقد ہو گیا؟

**الجواب** زینب کا نکاح زید سے صحیح ہے کیونکہ زینب کا زید کے گھر جانا یہ اسکی طرف سے اجازت و اقرار سمجھا جائے گا۔ درمختار میں ہے:

او ماھو فی معناہ من فعل یدل علی الرضی کطلب مھرھا و نفقتھا وتمکینھا من الوطی اھ (درمختار علی ردالمحتار ص۳۰۱ ج۲) فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبداللہ عفر لہ،

خادم الافتاء خیرالمدارس ملتان ۹/۶/۲ھ

## مجنون کا نکاح نہیں ہوسکتا

ایک پاگل کا نکاح اس کو پکڑ کر کیا گیا۔ جہاں اس نے ایجاب و قبول خود کیا۔ لڑکی کی طرف سے اس کے باپ نے اجازت دی تھی۔ آیا نکاح ہوا یا نہیں۔ اگر نہیں ہوا تو آگے نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب** فلاینعقد نکاح المجنون اھ (عالمگیری ص ج۱/۲) معلوم ہوا کہ پاگل کا ایجاب و قبول معتبر نہیں اور اس قبول سے نکاح منعقد نہیں ہوتا بس لڑکی آزاد ہے جہاں چاہے کفو میں نکاح کر سکتی ہے والد کی اجازت دینے سے کچھ نہیں ہو گا

کیونکہ انعقاد نکاح ہی نہیں ہوا۔ اجازت کا اعتبار بعد الانعقاد ہوتا ہے۔ فقط واللہ اعلم
بندہ عبدالستار مفتی خیر المدارس ملتان

۱۸/ ۹/ ۱۴۰۱ھ

## شافعی المسلک عورت سے حنفی کا نکاح کرنا

کیا شافعی عورت سے حنفی مرد کا نکاح جائز ہے؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو جامع الرموز کی اس عبارت کا کیا جواب ہے؟

لا یصح نکاح الشافعیة لانها صارت کافرة بالا ستثناء علی ماروی عن الفضلی ومنهم من قال نتزوج بناتهم الکل فی المحیط ولعل ترک التعرض بمثله اولیٰ فانهم متا ولون فی ذالک کما بین فی محله (جامع الرموز ص۳۰۱ ج۲ از علامہ شمس الدین محمد)

**الجواب** شافعی المسلک عورت سے حنفی المسلک مرد کا نکاح شرعاً جائز ہے۔ جامع الرموز کی ہی مذکورہ بالا عبارت اور مسئلہ اقتدا بالشافعی اس کی واضح دلیل ہے۔ فضلی رح کا یہ قول معتبر نہیں ہے خصوصاً جبکہ یہ قول بصیغۂ مجہول ہے۔ شاید ضعف کی طرف مشیر ہو۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
الجواب صحیح
بندہ محمد اسحاق عفر اللہ لہٗ

۲۸/ ۹/ ۱۴۱۲ھ

## پستان نکل آنا عورت ہونے کی دلیل ہے لہذا اس سے نکاح درست ہے

ہمارے ہاں ایک عورت ہے جس کی عمر چھبیس ۲۶ سال ہے اسکے پستان وغیرہ بھی نکل آئے ہیں مگر تا حال ابھی تک اسے حیض وغیرہ نہیں آیا وہ شادی کے قابل ہے کیا اسکی شادی کر دیجائے؟

**الجواب** پستان کا نکلنا عورت ہونے کی دلیل ہے لہذا اس کا نکاح کسی مرد سے درست ہے اور عمر پندرہ سال ہونے کے بعد شرعاً وہ بالغ ہے چاہے حیض وغیرہ نہ آئے۔

فان بلغ وخرجت لحيته او وصل الى امرأة او احتلم كما يحتلم الرجل (فرجل) وان ظهر له ثدي او لبن او حاض او حبل او امكن وطؤه فامرأة (درمختار علی الشامی ص ۴۶۲ ج ۵)

والجارية بالاحتلام والحيض والحبل ولم يذكر الانزال صريحا لانه قلما يعلم منها فان لم يوجد فيهما شئ فحتى يتم لكل منهما خمس عشرة سنة به يفتى۔ (درمختار علی الشامی ص ۹۷ ج ۵ فصل فی بلوغ الغلام) فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ،

## زانیہ ہونے کی وجہ سے طلاق دی تو توبہ کے بعد دوبارہ نکاح کا حکم،

زید کی بیوی زینب تین دفعہ زنا کی مرتکبہ ہوئی جس کا وہ خود بھی اقرار کرتی ہے اسپر کسی مولوی صاحب نے ان کو یہ کہا کہ جس شخص کی بیوی اسقدر مرتکبۂ زنا ہوئی اور اس نے بیوی کو طلاق نہ دی تو وہ شخص قیامت کے دن بے غیرت شمار ہوگا۔ یہ بات سن کر زید نے اپنی بیوی زینب کو ایک طلاق دیدی اب تک چھ ماہ کا عرصہ ہوا ہے۔ اب زینب دوبارہ زید کے ہاں جانا چاہتی ہے اور وہ کہتی ہے کہ جرم کا اقرار کرتی ہوں، توبہ استغفار کرتی ہوں کہ آئندہ ایسا کبھی نہیں کروں گی۔ آیا زینب کو کس طریقے سے توبہ کرائی جائے کیا دوبارہ زینب سے بعد از توبہ نکاح کرے یا کہ نہیں ؟

**الجواب** اگر زید کو یقین ہے کہ زینب صدقِ دل سے تائب ہوچکی ہے اور موجودہ حالت اسکی شہادت دیتی ہے اور طلاق صرف ایک دی تھی تو اب زید دوبارہ نکاح کرسکتا ہے توبہ کے لئے صرف یہ ہے کہ زینب ماضی پر سخت ندامت محسوس کرے اور آئندہ نہ کرنے کا پختہ عزم کرے استغفار بھی پڑھتی رہے۔ مولوی صاحب نے جو کچھ کہا ہے اس کے بارے میں متعدد کتب دیکھی گئی ہیں۔ مگر کوئی ایسی بات نہیں ملی۔ ان سے دریافت کیا جاوے کہ انھوں نے کس کتاب سے یہ بات نقل کی ہے۔ ومن ادعى نعليه البيان اھ

ولا يجب على الزوج تطليق الفاجرة اھ (درمختار علی الشامیۃ ص ۲۷۴ ج ۵)

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ محمد صدیق غفرلہ
شیخ الحدیث جامعہ خیر المدارس ملتان

محمد انور عفا اللہ عنہ
۹ / ۴ / ۱۳۹۹ھ
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

## مُطلقہ باپ کی بیٹی سے نکاح کرنا دُرست ہے

اکرم نے جنت بی بی سے نکاح کیا کچھ عرصہ کے بعد طلاق دے دی۔ مطلقہ نے بعد از عدت دوسری جگہ نکاح کر لیا اکرم نے بھی دوسری عورت سے نکاح کر لیا نتیجۃً اکرم کو دُوسری بیوی سے اور جنت کو دُوسرے خاوند سے اولاد ہوئی کیا اکرم وجنت کی اس اولاد کا باہم نکاح ہو سکتا ہے؟

**الجواب** اکرم وجنت کی مذکورہ اولاد کا باہم نکاح جائز ہے۔ واما بنت زوجۃ ابیہ اوابنہ فحلال۔ (درمختار علی الشامیہ صـ۳۰۲ ج۲) ۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ،

## سوتیلے بیٹے کی بیوی سے نکاح جائز ہے

عبدالحمید کی بیوی فوت ہوگئی تو اس نے ایک بیوہ عورت سے شادی کر لی اس بیوہ کے ساتھ ایک لڑکا تھا اسکی بھی شادی کر دی گئی۔ پھر یہ لڑکا بھی فوت ہو گیا۔ کیا عبدالحمید اس لڑکے کی بیوہ سے شادی کر سکتا ہے؟ عبدالحمید خان گڑھ

**الجواب** عبدالحمید کا اپنے سوتیلے بیٹے کی بیوہ سے نکاح جائز ہے۔ وحلائل ابناءکم الذین من اصلابکم الی ان قال وذکر الاصلاب لاسقاط حلیلۃ الابن المتبنّٰی اھ۔ (فصل فی المحرمات شامیہ صـ۳۰۲ ج۲)

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ

## بھتیجے کی بیوہ سے نکاح کا حکم

کیا بھانجے یا بھتیجے کی بیوی جو کسی غیر قبیلے یا خاندان سے تعلق رکھتی ہو اور بیوہ ہوگئی ہو۔ خاوند کے ماموں یا چچے کے نکاح میں آسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب** کوئی اور وجہ ممانعت نہ ہو تو نکاح ہوسکتا ہے۔ بھتیجے یا بھانجے کی بیوی ہونا نکاح سے مانع نہیں ہے۔ فقط، واللہ اعلم،

لقوله تعالیٰ واحل لکم ما وراء ذٰلکم (الآیۃ)

الجواب صحیح، — محمد انور عفا اللہ عنہ،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،

## باپ بلا وجہ شادی میں تاخیر کرے تو اولاد کے گناہ میں باپ بھی شریک ہوگا

کیا حدیث شریف میں یہ آتا ہے کہ اگر باپ اپنی اولاد کی شادی نہ کرے اور اولاد کوئی گناہ کرلے تو باپ بھی اس گناہ میں شریک ہوگا؟

**الجواب** اگر باپ نے بلا وجہ تاخیر کی اور اولاد نے کسی گناہ کا ارتکاب کرلیا تو اس کا گناہ باپ کے ذمہ ہوگا۔

عن ابی سعید وابن عباس مرفوعاً من ولدله من ولد فلیحسن اسمهٗ وادبه واذا بلغ فلیزوجه فان بلغ ولم یزوجه فاصاب اثماً فانما اثمه علی ابیه (الحدیث)،

عن عمر بن الخطاب وانس بن مالک رضعن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال فی التوراۃ مکتوب من بلغت ابنته اثنتا عشرۃ سنة ولم یزوجها فاصابت اثماً فاثم ذٰلک علیه (الحدیث)

(مشکوٰۃ شریف صـ ۲۷۱)

الجواب صحیح، — فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ، — محمد انور عفا اللہ عنہ

# نومسلمہ جہاں چاہے نکاح کرسکتی ہے

ایک نومسلمہ عاقلہ وبالغہ خاتون نے اسلام قبول کیا اس کے عیسائی والدین اور رشتہ داروں نے اس سے نفرت ظاہر کرتے ہوئے اس سے قطع تعلق کرلیا اب وہ خاتون نکاح کرنا چاہتی ہے کیا وہ والدین کی رضامندی کے بغیر نکاح کرسکتی ہے ؟ نومسلمہ غیر شادی شدہ ہے ۔ (محمد بلال نواں شہر ملتان)

**الجواب** مذکورہ نومسلمہ کو شرعاً اجازت ہے جہاں چاہے نکاح کرلے ۔

وان لم یکن لہا ولی فہو أی العقد صحیح نافذ مطلقا اھ (درمختار) (قولہ مطلقا) أی سواء نکحت کفوًا او غیرہ (شامیہ ص۲۲۳ ج۲)

ولا ولایۃ للکافر علی المسلم لانہ لا میراث بینہما اھ (بدائع ص۲۳۹ ج۲)

الجواب صحیح ، بندہ عبدالستار عفی عنہ

فقط واللہ اعلم ، احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

۹ / ۴ / ۱۴۱۱ھ

# غیر ولی کے اجازت مانگنے پر صرف سر ہلا دینا کافی نہیں

۲۷ فروری ۱۹۷۸ء کی شب کو چند آدمی زید کے گھر داخل ہوئے اور اسکی بیٹی زینت کو زبردستی اٹھاکر لے گئے لڑکی اور ورثاء چیخ و پکار کرتے رہ گئے لیکن کسی نے نہیں سنی ملزمان لڑکی کو باندھ کر ٹرک میں ڈال کر لے گئے گاؤں میں پہنچ کر لڑکی سے کہا کہ نکاح خواں موجود ہے تم رضامندی ظاہر کرو ، ورنہ تمہیں قتل کردیا جائے گا لڑکی نے بہت منت سماجت کی کہ ایسا نہ کرو ، بالآخر ایک عورت نے کہا کہ تم زبان سے نہیں کہتی تو رضامندی کے لئے سر ہلادو ۔ لڑکی نے ڈر کے مارے سر ہلا دیا ۔ پھر لڑکی نے دوسرے دن عدالت میں واضح طور پر کہہ دیا کہ میرے ساتھ زبردستی کی گئی ہے میں رضامند نہیں تھی کیا شرعاً یہ نکاح منعقد ہوا ؟

**الجواب** برتقدیر صحت واقعہ یہ نکاح منعقد نہیں ہوا مسماۃ زینت بدستور غیر منکوحہ ہے فان استاذنہا غیر الا قرب کاجنبی أو ولی بعید فلا عبرۃ لسکوتہا بل لا بد من القول کالثیب البالغۃ اھ

(درمختار علی الشامیۃ) ص ۳۲۶ ج ۲ باب الولی۔

فقط واللہ اعلم،
محمد انور عفا اللہ عنہ
۹۸/۵/۲ھ

الجواب صحیح،
بندہ محمد صدیق غفرلہ

## ثیبہ کا چپ رہنا دلیلِ رضا نہیں

کنیز بی بی تین سال سے بیوہ ہے اور والدہ کے پاس ٹھہری ہوئی ہے اس کے دیور اس کے بھائی کے رشتہ کی بات چلی۔ کنیز نے مخالفت کی، والدہ نے قرآن لاکر اسکی جھولی میں رکھ دیا۔ کنیز خاموش رہی۔ والدہ اور چچا نے زبردستی انگوٹھے لگوا لئے بعد از رخصتی کنیز بی بی صرف پندرہ منٹ سسرال کے گھر ٹھہری اور واپس آگئی اور نکاح کو قبول نہیں کیا کنیز بی بی نے کسی وقت بھی اظہارِ رضا نہیں کیا بلکہ شادی کے کپڑے بھی نہیں پہنے۔

کیا یہ نکاح صحیح ہوگیا۔؟

**الجواب** برتقدیر صحتِ سوال یہ نکاح شرعاً منعقد نہیں ہوا۔ لڑکی بدستور آزاد ہے ولو استاذن الثیب فلا بد من رضاھا بالقول۔ اھ

(عالمگیری ص ۲۸۹ ج ۱) فقط واللہ اعلم۔

محمد انور عفا اللہ عنہ
۱۹/۱۰/۹۹ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## نکاح خواں فوت ہوجائے تو نکاح باقی رہتا ہے

ایک نکاح خواں نے ایک عورت

اور مرد کا باہمی نکاح پڑھایا ایک عرصہ کے بعد وہ نکاح خواں فوت ہو گیا۔ کیا صورت ہذا میں نکاح خواں کے فوت ہونے سے اس نکاح پر کوئی اثر پڑے گا جبکہ لڑکی والے کہتے ہیں کہ نکاح پڑھانے والا فوت ہو گیا ہے تو نکاح بھی ختم ہو جانا چاہیئے؟

**الجواب** نکاح خواں کے فوت ہونے سے اس کے پڑھائے ہوئے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑتا اس لئے یہ لڑکی بدستور شخص مذکور کے نکاح میں ہے اس سے طلاق لئے بغیر اس کا دوسری جگہ نکاح درست نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم، بندہ محمد اسحٰق غفرلہ،

الجواب صحیح بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

# نکاح میں ایک صیغہ ماضی کا ہو دوسرا حال کا تو نکاح کا حکم

ایک نکاح خواں نے دو آدمیوں کے درمیان نکاح کیا اور لڑکے کو یوں کہا کہ میں تیرا نکاح فلاں بنت فلاں کے ساتھ کرتا ہوں۔ کیا تجھے منظور ہے۔ تو لڑکے نے کہا "ہاں" پھر اس نے لڑکی سے یوں کہا کہ میں تیرا نکاح فلاں بن فلاں کے ساتھ کرتا ہوں کیا تجھے منظور ہے۔ تو لڑکی نے کہا "ہاں" یعنی نکاح میں زمانۂ حال کے الفاظ استعمال کئے۔ زمانۂ ماضی کے الفاظ استعمال نہیں کئے کیا اس سے نکاح ہو جاتا ہے۔ یہ گفتگو نکاح کی تھی منگنی کی نہیں تھی باقاعدہ نکاح ہوا تھا۔ مہر کا بھی اس میں ذکر کیا گیا تھا۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں نکاح خواں کے الفاظ ایجاب ہیں اور لڑکے اور لڑکی کا ہاں کہنا بمنزلہ قبلتُ ہے۔ لہذا نکاح منعقد ہو گیا۔

ینعقد بالایجاب والقبول وضعا للمضی أو وضع أحدهما للمضی والاٰخر لغیرہ مستقبلا کان کالأمر او حالا کالمضارع فاذا قال لها اتزوجك بكذا فقالت قد قبلتُ يتم النكاح الخ عالمگیری ص۲۷۰ ج۱

فقط واللہ اعلم، الجواب صحیح

محمد انور عفا اللہ عنہ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## ساڑھے گیارہ برس کی لڑکی بالغ ہونے کا دعویٰ کرے تو قبول ہے

ایک لڑکی جس کی عمر ساڑھے گیارہ برس تھی۔ اس کے والد نے بغیر لڑکی کی اجازت کے ایک شخص کے ساتھ نکاح کر دیا۔ بوقت نکاح مذکورہ لڑکی کا بھائی موجود تھا تو نکاح کے بعد بھائی نے گھر آکر ہمشیرہ کو بتایا کہ والد صاحب نے تیرا نکاح فلاں سے کر دیا ہے۔ تو یہ سنتے ہی لڑکی نے اپنے دو بڑے بالغ بھائیوں اور والدہ کے سامنے کہہ دیا کہ یہ نکاح مجھے نامنظور ہے۔ میں بالغ ہوں اگر یہ لڑکی بعدہٗ نکاح دوسری جگہ کرے تو یہ نکاح شرعاً نافذ ہے یا نہیں۔؟ بیّنوا توجروا۔

**الجواب** اگر ظاہر حال لڑکی کے اقرار بلوغ کی تکذیب کرتا ہو۔ تو اس کا دعویٰ بلوغ معتبر ہے بناءً علیہ ردِّ نکاح بھی صحیح ہے۔

وادنی مدتہ لہٗ اثنتا عشرۃ سنۃ ولہا تسع سنین ہو المختار کما فی احکام الصغار فان راھقا بأن بلغا ھذا السن فقالا بلغنا صدقا ان لم یکذبھما الظاھر۔اھ

(درمختار علی الشامیۃ طبع بیروت ص۹۷/ج۵) فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ، نائب مفتی خیر المدارس۔ ملتان

## تحکیم سے معزولی کے بعد حکم کا نکاح کو فسخ کرنا

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ مسمّی بہادر نے آج سے قبل بیس سال اپنی لڑکی دولت بی بی کا نکاح دل میر ولد سلطان کے ساتھ کر دیا۔ اس کے بعد اس کو رشتہ دینے سے انکار کر دیا اور ایک پلان کے تحت ایسا کہا کہ جب نکاح ہوا تھا۔ تو نکاح والا بچہ نابالغ تھا۔ اس کو ایجاب و قبول کا علم نہ تھا لہٰذا نکاح ثابت نہیں۔ کچھ علماء نے اس بیان پر فتویٰ دے دیا کہ نکاح ثابت نہیں، چنانچہ بہادر نے دوسری جگہ دولت کا نکاح کر دیا۔

اہلِ علاقہ نے اس نکاح پر شور مچایا۔ تو آخر فیصلہ یہ ہوا کہ مولوی عبدالرشید مدرس پرانی عیدگاہ جھنگ صدر جو فیصلہ کر دے ہمیں قبول ہے۔ مولوی صاحب نے اس علاقہ کے معمر لوگوں کو بُلا کر ایک سرکنی بورڈ بنوالیا۔ اور اسٹامپ پر دونوں فریقوں سے تحریر کروایا کہ ہم جو فیصلہ کریں آپ کو منظور ہوگا۔ اس کے بعد دو ماہ گزر گئے تو لڑکی والے فریق نے مولوی صاحب کو تحکیم سے معزول کر دیا۔ اور کہا کہ آپ ہمارے حکم نہیں اور باقاعدہ تحریری نوٹس دیا۔ مولوی صاحب نے دونوں فریقوں کو کہہ دیا کہ آپ میرے سے کاغذ واپس لے لیں۔ کیونکہ میں آپ کا حکم نہیں رہا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد لڑکی والے کو ایک فتوی اور حکم دیا۔ کہ دلمیر کا نکاح ثابت ہے۔ لیکن چونکہ ان کو رشتہ کی ضرورت نہیں۔ لہذا میں اس نکاح کو فسخ کرتا ہوں۔ بحیثیت حکم ہونے کے۔ اب سوال یہ ہے کہ تحکیم ختم ہو جانے کے بعد مولوی صاحب کو فسخ کرنے کا حق ہے۔ یا نہ ؟ (نور احمد بقلم خود)

**الجواب** ہدایہ میں ہے۔ ولکل واحدٍ من المحکمین ان یرجع مالم یحکم علیھما لانہٗ ..... من جھتھما فلا یحکم الا برضاھما جمیعًا اھ باب التحکیم۔ اور کنز میں ہے۔ لکل واحدٍ من المحکمین ان یرجع قبل الحکم اھ۔ نیز درمختار میں ہے

وینفرد احدھما بلفظہ ای التحکیم بعد وقوعہ کما ینفرد احد العاقدین فی مضاربۃ وشرکۃ ووکالۃ بلا التماس طالب۔ (باب التحکیم)

عبارات بالا سے ظاہر ہے کہ فیصلہ سے قبل ہر فریق کو تحکیم سے رجوع کرنے اور حکم کو معزول کرنے کا اختیار ہے۔ پس صورت مسئولہ میں جب حکم کو ایک فریق نے معزول کر دیا۔ اور حکم نے اس معزولی کو تسلیم کرتے ہوئے متعلقہ کاغذات بھی واپس کر دیئے۔ تو اس حکم کی معزولی میں کوئی شبہ نہیں رہا۔ لہذا معزولی کے بعد اس کا فیصلہ شرعًا کالعدم ہے کسی فریق پر اسکی پابندی لازم نہیں۔ دولت بی بی مذکورہ بدستور دلمیر کی منکوحہ ہے۔ علاوہ ازیں بظاہر تحکیم ثبوت نکاح وعدم ثبوت کے بارے میں تھی کہ متنازعہ فیہ نکاح ثابت ہے یا نہیں۔ ثابت شدہ نکاح کو فسخ کرنے کا اختیار ابتداء ہی سے حکم کو

حاصل تھا۔ یہ الگ بحث ہے کہ تحکیم کن امور میں جائز ہے اور کن میں نہیں۔ حق رجوع سے دستبرداری کے بعد بھی فریقین کو حق رجوع باقی رہتا ہے۔ جیساکہ باب عزل الوکیل سے ظاہر ہے کما فصلہ فی الشامیۃ۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ۔

## سمجھ دار بچے کا ایجاب و قبول معتبر ہے

میاں نور نواز کی اجازت کے بغیر اس کی بیوی نے اسکی بالغ لڑکی کا نکاح کر دیا۔ نیز اس کے لڑکے کا نکاح ڈیڑھ سال میں اسکی اجازت کے بغیر کر دیا۔ جبکہ وہ نابالغ تھا اور کوئی علامت بلوغ اس میں ظاہر نہ تھی اگر یہ نکاح باپ کی مرضی پر موقوف تھا تو اسکی اجازت کے بغیر کرنیوالے حضرات کا کیا حکم ہے۔ نور نواز کے لڑکے کی عمر بوقت نکاح نو سال تھی۔

**الجواب** باپ کی موجودگی میں نابالغ لڑکے کا نکاح دوسرے لوگوں کو کرنے کا حق نہیں ہے۔ باپ کو نکاح کرنے کا حق تھا۔ اس کی اجازت کے بغیر نکاح ہوا ہے اور نابالغ لڑکے کا ایجاب و قبول صحیح نہیں ہے۔ لہٰذا یہ نکاح باطل ہے۔

فلو زوج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازتہ

(کذا فی شرح تنویر الابصار ص۳۱۲ ج۲)

ترجمہ: اگر قریب ولی کے ہوتے ہوئے دوسرے ولی نے نکاح کیا تو قریب ولی کی اجازت پر موقوف ہے اور موجودہ مسئلہ میں قریب ولی لڑکے کا باپ ہے اور باپ نے اجازت نہیں دی ہے۔ لہٰذا نکاح باطل ہے۔

وھو ای الولی شرط صحۃ نکاح صغیر (درمختار)

ترجمہ: صغیر یعنی نابالغ کے نکاح کے صحیح ہونے کی شرط ولی ہے یعنی اگر ولی کی اجازت ہو۔ تو نکاح درست ہوگا ورنہ نہیں (کذا فی فتاوٰی دارالعلوم دیوبند ص۲۷۴ ج۱)

وولی المرءۃ فی تزویجھا ابوھا وھو اولی الاولیاء ثم الجد کذا فی خلاصۃ الفتاوی ص۱۸ ج۲

فالحاصل صورت مسئولہ میں نکاح باطل ہے اور جو حضرات نکاح کرنے والے تھے

وہ عنداللہ مجرم ہوں گے
کتبہ عبدالرحمٰن عفا اللہ عنہ مدرسہ عربیہ احیاء العلوم
بر مہر مدرسہ احیاء العلوم رجسٹرڈ، ماموں کانجن ضلع فیصل آباد
جامع مسجد ماموں کانجن ضلع فیصل آباد۔

**الجواب** نورنواز کے اس لڑکے کا نکاح موقوف تھا۔ نورنواز کی اجازت پر اگر نکاح کی اطلاع ملنے پر اس نے اسے جائز قرار دیا ہے تو یہ نکاح لازم ہو چکا ہے اور اگر اس نے مسترد کر دیا ہے تو ختم ہو گیا ہے۔

فی الدر المختار وما تردد من العقود بین نفع وضرر الخ توقف علی الاذن فان اذن لهما الولی فهما فی شراءٍ وبیع کعبدٍ مأذونٍ اھ۔ (درمختار علی الشامیۃ ص۱۱۵ ج۵)

اور جن لڑکیوں کے نکاح اس کے بعد کئے گئے ہیں وہ علی الاطلاق درست ہیں یعنی اس نکاح کی صحت وعدم صحت سے ان پر اثر نہیں پڑے گا۔ متعلقہ فتویٰ کی یہ عبارت "نابالغ لڑکے کا ایجاب وقبول صحیح نہیں ہے" درست نہیں ہے کیونکہ یہ بات صبی غیر ممیّز کے بارے میں ہے اور صورتِ مسئولہ میں صبی ممیز ہے۔ اذن ولی انعقاد نکاح کے لئے ضروری نہیں ہے۔ البتہ نفاذ نکاح کے لئے ضروری ہے۔ مذکورہ فتویٰ میں عدم اذن کو دلیل عدم انعقاد بنانا درست نہیں۔ واما شروطہ فمنها العقل والبلوغ والحریۃ فی العاقد الا ان الاول شرط الانعقاد فلا ینعقد نکاح المجنون والصبی الذی لا یعقل والاخیران شرطا النفاذ فان نکاح الصبی العاقل یتوقف نفاذہ علی اجازۃ ولیہ اھ (عالمگیری ص۲۶۷ ج۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، مفتی خیر المدارس ملتان

محمد انور، خیر المدارس۔ ملتان۔ ۲۹/۶/۱۴۰۱ھ

## گواہ منکوحہ کو ذاتی طور پر نہ جانتے ہوں تو اس کا اور اس کے باپ دادا کا نام ذکر کرنا کافی ہے۔

بندہ مجلسِ نکاح میں نہیں گواہوں کے سامنے اس کا اس کے باپ اور اسکے دادے کا نام ذکر کیا جاتا ہے کیا اتنا ذکر کرنا کافی ہے؟ اور اس سے وہ معروفہ ہو جائے گی؟ یا شاہدین کا ذاتی طور پر اسے جاننا ضروری ہے؟

**الجواب** ہندہ اور اس کے باپ اور دادا کا نام ذکر کرنے سے وہ معروفہ ہو جائے گی۔ کما فی الشامیۃ ص۳۷۲ ج۲)

والحاصل أن الغائبة لا بد من ذكر اسمها واسم أبيها وجدها وان كانت معروفةً عند الشهود على قول ابن الفضل وعلى قول غيره يكفي ذكر اسمها ان كانت معروفةً عندهم والا فلا وقال قبله بحوالة البحر ثم قال في البحر وان كانت غائبةً ولم يسمعوا كلامها بأن عقد لها وكيلها فان كان الشهود يعرفونها كفى ذكر اسمها اذا علموا أنه أرادها وان لم يعرفوها لا بد من ذكر اسمها واسم أبيها وجدها الى قوله وفي التاتارخانية عن المضمرات ان الاول هو الصحيح وعليه الفتوى الخ

اس سے معلوم ہوا کہ غائبہ مؤکلہ اس کا نام اور باپ دادے کا نام ذکر کرنے سے عند الشاہدین معروفہ ہو جائے گی۔ فقط واللہ اعلم،

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح، | بندہ محمد صدیق غفرلہ، |
| بندہ محمد عبداللہ غفرلہ، | نائب مفتی خیر المدارس ملتان |
| خادم الافتاء خیر المدارس ملتان | ۲۱ / ۵ / ۷۳ھ |

---

## علاتی بھانجی سے نکاح کا حکم

ایک آدمی کی دو بیویاں ہیں ایک بیوی کی ایک لڑکی ہے اسکی لڑکی کی ایک لڑکی ہے دوسری

بیوی کا ایک لڑکا ہے کیا لڑکا مسمی طارق اس تیسری لڑکی مسماۃ خالدہ کے ساتھ اس کا نکاح ہو سکتا ہے ؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں مسمی طارق اور مسماۃ خالدہ کا آپس میں نکاح درست نہیں ہے کیونکہ خالدہ طارق کی علاتی بھانجی ہے اور علاتی بھانجی حقیقی بھانجی کی طرح حرام ہے ہندیہ میں ہے :

واما لاخوات فالاخت لاب وام والاخت لاب والاخت لام وکذا ابنات الاخ والاخت وان سفلن الخ (ہندیہ ص۲ ج۲) فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۱۷/ ۶ / ۱۴۰۹ھ

---

## بھانجے کی لڑکی سے ماموں کا نکاح جائز نہیں

میرے نانا کی پہلی بیوی سے ۴ لڑکیاں تھیں ۔ اس کے بعد میرے نانا نے دوسری بیوی کر لی اس بیوی سے لڑکے پیدا ہوئے ، جو میرے ماموں لگتے ہیں ۔ میں اپنے ماموں سے اپنی لڑکی کی شادی کر سکتا ہوں ؟

**الجواب** آپ کی لڑکی کا نکاح آپ کے ماموں سے شرعاً جائز نہیں ۔

وکذا ابنات الاخ والاخت وان سفلن اھ (عالمگیری ص۲ ج۲)

الجواب صحیح ،
خیر محمد عفا اللہ عنہ ،

فقط واللہ اعلم ،
بندہ محمد اسحاق عفرلہ ،

---

## خاوند نے کہا میں "مسلمان نہیں" تو تجدیدِ نکاح کا حکم ،

کیا فرماتے ہیں علماء اس مسئلہ میں کہ ہم زوجین کے مابین گڑبڑ ہوگئی جس سے ہمارے دلوں میں نفرت کے آثار ظاہر ہوگئے اور پھر پہلے اس نے مجھے بطورِ مذاق سمجھو یا بلانے کی خاطر

السلام علیکم کہا لیکن میں نے اُسے کوئی جواب نہ دیا اسیطرح اُس نے چند بار کیا لیکن میں بدستور خاموش رہا اب وہ مجھے کہتی ہے کہ تم مسلمان نہیں ہو جواب میں مَیں نے کہا کہ نہیں ہوں۔ اب اس جواب سے نہ تو میرا خیال تھا کہ میں واقعی مسلمان نہیں ہوں۔ اور نہ ہی بطورِ مذاق تھا بس اِس قسم کا خیال جس میں یہ جواب دیا گیا تو کیا نکاح ٹوٹ گیا ہے یا نہ۔ اگر نکاح ٹوٹ گیا ہے تو دوبارہ کرنا چاہیئے؟ اس صورت میں حق مہر بھی دوبارہ ادا کرنا ہوگا___؟ اگر نکاح ٹوٹ گیا ہے تو کتنی عدت گزارنی ہے؟

**الجواب** سائل کی کلام میں چونکہ تاویل ہوسکتی ہے لہذا کفر کا فتویٰ نہیں دیا جائے گا البتہ احتیاطاً تجدیدِ نکاح کرلینا چاہیئے___ کم از کم مہر باندھ لیا جائے۔ تجدیدِ نکاح کے لئے عدۃ گزارنے کی ضرورت نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفی عنہ،

الجواب صحیح
عبداللہ غفر اللہ لہ،
خادم دارالافتاء خیر المدارس ملتان

## پھوپھی بھتیجی کو ایک نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں

پھوپھی کے ہوتے ہوئے اسکی بھتیجی یا خالہ کے ہوتے ہوئے اسکی بھانجی سے نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب** جائز نہیں۔ لقوله علیہ السلام لا تنکح المرأة علی عمتها ولا علی خالتها ولا علی ابنة اخیها ولا علی ابنة اختها اھ وھذا مشھور یجوز الزیادة علی الکتاب بمثله اھ (ہدایہ ص۳۰۹ ج۲)

فقط واللہ اعلم،
محمد انور عفا اللہ عنہ۔
۲۲/ ۶/ ۹۶ھ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## نکاح کی شہادت بالتسامع بھی جائز ہے

خیر شاہ بیٹا ہے ہدایت شاہ متوفی کا اور اس کا نکاح نا بالغی کی حالت میں مسماۃ مختار بی بی نابالغہ کے ساتھ ہوا تھا اور سردار بی بی بنت ہدایت شاہ کا نکاح محمد شاہ برادر مختار بی بی کے ساتھ بہ تبادلہ ہوا تھا اور سردار بی بی کے گھر ایک لڑکا تولد ہوا لڑکے کا نام اقبال حسین عمر ایک سال کا موجود ہے اب فتح شاہ والد محمد شاہ کہتا ہے کہ نہ تو لڑکی سردار بی بی کا نکاح میرے لڑکے مسمّی محمد شاہ کے ساتھ ہوا ہے اور نہ ہی مختار بی بی کا نکاح خیر شاہ کے ساتھ ہوا ہے گواہ پھر چکے ہیں کیا مختار بی بی کا نکاح خیر شاہ کے ساتھ موجود ہے یا نہ؟

**الجواب** اگر وہ گواہان جو نکاح کے وقت موجود تھے وہ پھر چکے ہیں اور گواہی کیلئے تیار نہیں۔ تو ایسے گواہ جو مجلس میں حاضر تھے اور انکو باقاعدہ گواہ نہیں بنایا یا ایسے گواہ جو مجلس میں موجود نہیں تھے لیکن سن سُنا کر انکو علم ہو چکا ہے کہ یہ دونوں نکاح واقعہ میں ہوئے ہیں۔ اگر گواہی دے دیں تو بھی نکاح ثابت ہو جائے گا۔ البتہ ان گواہوں کو یہ لفظ کہنے پڑیں گے کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ انکے مابین نکاح ہے یوں نہ کہیں کہ یہ نکاح ہمارے سامنے ہوا۔ (الحیلۃ الناجزہ ص۱۱۶) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، بندہ عبداللہ عفرلہ

خیر محمد عفی عنہ

## نکاح کی اجازت لینے کے وقت گواہوں کا ہونا ضروری نہیں

۱۔ کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں ایک لڑکی بالغہ کے نکاح کے وقت لڑکی کی اجازت دو۲ گواہوں کے سامنے ضروری ہے یا نہیں جواب بحوالہ کتاب فرمائیں؟

۲۔ مسلمان لڑکا اور مسلمان لڑکی کا نکاح ایک مرزائی کرائے تو نکاح ہوتا ہے یا نہیں؟

(فقط والسلام، از میاں جی دوست محمد امام مسجد چک ۲۲۸)

**الجواب** ۱۔ بالغہ لڑکی کے نکاح کی اجازت لینے کے وقت شرعاً گواہوں کا ہونا ضروری نہیں ہے۔ کما فی العالمگیریۃ ص۲۹۵ ج۱ یصح التوکیل بالنکاح

وان لم یحضرہ الشھود کذا فی التاتارخانیۃ ناقلاً من التجنیس لخواھر زادہ لیکن ثبوت کے لیئے گواہ شرط ہیں۔

۲۔ مسلمان لڑکے اور لڑکی کا نکاح اگر مرزائی وکیل بن کے کرائے اور ڈو گواہ مسلمان موجود ہوں تو پھر نکاح تو ہو جائیگا لیکن ایسا کرنا اسلامی غیرت کے خلاف ہے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،
خیر محمد عفی عنہ،
۲۱ر رمضان المبارک ۱۳۷۳ھ

بندہ اصغر علی غفرلہٗ
مفتی خیر المدارس ملتان

## باپ کا ماموں بیٹی کے لئے محرم ہے

زید کی لڑکی کے لئے زید کا ماموں اور چچا محرم بنے گا یا غیر محرم؟

قمر الدین احمد دفتر خیر المدارس ملتان

**الجواب** زید کی لڑکی کے لئے زید کا ماموں محرم ہے کیونکہ وہ لڑکی اسکی بہن کی اولاد ہے وبنات الاخ وبنات الاخت فھن محرمات نکاحاً ووطئاً ودواعیہ علی التابید الی قولہ وکذا بنات الاخ والاخت وان سفلن اھ (ہندیہ ص ۲/۲ج)

اور ایسے ہی زید کا چچا زید کی بیٹی کے لئے محرم ہے کیونکہ وہ بیٹی اسکی اولاد الاخ میں شامل ہے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ،
۲۶ / ۹ / ۹۶ھ

## خاوند اگر ہندو ہو جائے تو نکاح باطل ہو جاتا ہے

ایک لڑکی کی بارہ سال کی عمر میں ہندوستان میں ایک لڑکے کے ساتھ شادی ہو چکی تھی ۱۹۴۷ء میں لڑکی مع والدین پاکستان آ گئی اور لڑکے نے ہندوستان ہیں ماں باپ کے ساتھ ہندو مذہب اختیار کر لیا اور وہ وہیں رہ گیا جب ہندو ہوا تو اسوقت بالغ تھا اور خوشی سے ہوا۔ وہاں کے مسلمان جب پاکستان آنے لگے تو اسکو بھی آنے کا کہا تو

اس نے کہا کہ میں ہندو ہو چکا ہوں ۔ پاکستان نہیں جاؤں گا ۔ اب لڑکی کی عمر ۲۲ سال ہو چکی ہے دوسری جگہ اسکی شادی کر دی گئی ہے ۔ آیا یہ نکاح ثانی درست ہے یا نہیں ؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں لڑکا بالغ تھا اور طوعاً مذہب اسلام کو چھوڑ گیا ۔ لہذا مُرتد ہو گیا اور مرتد کا نکاح فی الحال باطل ہو جاتا ہے ۔ لہذا لڑکی کا نکاح دوسری جگہ درست ہے ۔ ارتد احد الزوجین عن الاسلام وقعت الفرقة بغیر طلاق فی الحال (عالمگیری ص ۳۳۹ ج ۱) ۔ فقط واللہ اعلم ۔

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ ،
خادم دارالافتاء ۔ خیر المدارس ملتان
۴/ ۲/ ۷۴ھ

## علاتی پھوپھی سے بھی نکاح جائز نہیں

میرا نام محمد اشرف ولد نواب دین ہے ۔ میرا ایک لڑکا محمد تسلیم اختر جو کہ میری پہلی بیوی ارشاد بی بی جو کہ بہت عرصہ ہوا فوت ہو چکی ہے کا بیٹا ہے اب میں نے دس سال ہوئے دوسری شادی منیراں بی بی دختر اللہ دتہ سے کر لی ۔ اس سے میرے دو بچے بلال عمر ۸ سال اور صدام ۴ سال پیدا ہوئے اور صرف دو ہی بچیاں پیدا ہوئیں ۔ اب میرا لڑکا محمد تسلیم اختر میری موجودہ بیوی کی ہمشیرہ پروین دختر اللہ دتہ سے شادی کرنا چاہتا ہے دونوں بالغ ہیں اور شادی کرنے پر راضی ہیں آیا یہ شادی شرعی طور پر ہو سکتی ہے ؟

دوسرا اس شادی سے اولاد ہونے کی صورت میں یہ اولاد اشرف کے لڑکے لڑکیوں سے شادی کر سکتے ہیں ؟

**الجواب** ۱۔ مسمی محمد تسلیم اور مسمات پروین کا آپس میں نکاح شرعاً جائز ہے ۔ لقولہ تعالیٰ واحل لکم ماوراء ذلکم (الآیۃ)
۲۔ مسمی محمد تسلیم کی اولاد کا نکاح اس کے والد محمد اشرف کی اولاد (جو دوسری بیوی سے ہے) سے شرعاً جائز نہیں ۔ یہ دونوں اولادیں ایک دوسرے کے لئے ہمیشہ

ہمیشہ کے لئے حرام ہیں۔ کیونکہ صدف۔ صبا محمد تسلیم کی چونکہ علاتی بہنیں ہیں۔ تو یہ محمد تسلیم کی اولاد کی علاتی پھوپھی لگیں۔ حقیقی پھوپھی کی طرح علاتی پھوپھی بھی حرام ہے۔

اما العمات فثلث عمة لاب وام وعمة لاب وعمة لام
(ص ج۲ ہندیہ)

فقط واللہ اعلم،
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح،
بندہ محمد اسحاق عفرلہ،

---

## سیّدہ بلا رضائے اولیاء راجپوت سے نکاح نہیں کر سکتی

ایک عورت بارہ سال سے بیوہ ہے اور گزر کی کوئی صورت نہیں کیا وہ باپ کی اجازت کے بغیر خالہ زاد بھائی کے ساتھ نکاح کر سکتی ہے؟ عورت قوم کے لحاظ سے سیّد شمسی ہے خالہ کا لڑکا راجپوت پنوار ہے۔

(مفتی کلیم اللہ مدرسہ تعلیم القرآن ملتان روڈ میلسی)

**الجواب** غیر کفو میں مفتی بہ روایت عدمِ جواز ہی کی ہے باوجود تلاش کے کوئی جزئیہ مفیدہ نہیں ملا۔ لہٰذا یا تو کفو تلاش کیا جائے۔ یا پھر اولیاء کو راضی کیا جائے۔ لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا الآیۃ۔ فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ،
۸/ ۱/ ۹۸ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

---

## نکاح معلق منعقد نہیں ہوگا

دادے نے اپنی حقیقی پوتی کا نکاح جس کی عمر پانچ سال تھی ایک نابالغ بچے سے کر دیا اور بچی کے والد سے اجازت نہیں لی لیکن نکاح مشروط طور پر کیا کہ اگر والد نے اجازت دی تو نکاح درست ہوگا۔ دو روز گزرنے کے بعد جب لڑکی کے والد کو پتہ چلا تو اس نے انکار کر دیا اور روبرو گواہان کہا کہ میں اپنی بچی کا نکاح جو بچی کے دادا نے کیا ہے نامنظور کرتا ہوں کیا یہ نکاح باقی ہے؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں یہ نکاح باقی نہیں ہے اولاً اسلئے کہ یہ نکاحِ معلّق ہے اور وہ صحیح نہیں بلکہ باطل ہے۔ کما فی الدر المختار والنکاح لا یصح تعلیقه بالشرط کتنروجتك ان رضی ابی لم ینعقد النکاح لتعلیقه بالخطر اھ (صفحہ ۳۲۰ ج ۲)۔ اور باپ نے علم ہوتے ہی اسے رَد بھی کر دیا ہے فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## دونوں گواہوں کا بیک وقت ایجاب و قبول کو سُننا ضروری ہے

میاں بیوی نے پہلے ایک گواہ کے سامنے ایجاب و قبول کیا پھر دُوسری مجلس میں دُوسرے گواہ کے سامنے تو کیا نکاح ہو گیا؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں نکاح منعقد نہیں ہوا۔ وشرط حضور شاهدین حرین مکلفین سامعین قولهما معاً علی الاصح فاهمین انه نکاحٌ علی المذهب اھ درمختار۔ ولو کان بحضرة الرجلین واحدهما اصم فسمع السمیع دون الاصم فصاح السمیع او رجل آخر فی اذن الاصم لا یجوز حتی یکون سماعهما معا اھ عالمگیری (ج ۱ ص ۲۶۷)

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

فقط واللہ اعلم،
محمد انور عفا اللہ عنہ،

## دو مختلف آدمی ایک عورت کے نکاح کے مُدعی ہوں اور دونوں کے پاس بیّنہ ہُوں!

ایک لڑکی کا نکاح اس کے والد نے ہندوستان میں کر دیا تھا اور ۱۵ را گست کے اختلافات میں وہ گم ہو گئی جن کے ہاتھ آئی انہوں نے بھی لڑکی سے اپنا نکاح کر لیا اور انہی کے ہاں رہی حتیٰ کہ اسکے

بطن سے لڑکا پیدا ہوا اب وہ پہلے نکاح والا مدعی ہے کہ یہ میری بیوی ہے اور دوسرے نکاح والا مدعی ہے کہ یہ میری بیوی ہے ۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ لڑکی کس کو ملے گی ۔؟

عبدالکریم مدرسہ نظامیہ علی پور مظفر گڑھ

**الجواب** لڑکی مذکورہ ناکح اول کو ملے گی اس لئے ناکح ثانی پر لازم ہے کہ فوراً اس لڑکی کو ناکح اول کے ہاں بھیج دے لیکن اول بھی جب تک فرقت کے بعد عورت مذکورہ کو ایک حیض نہ آجائے وطی نہیں کر سکتا ۔

وفی العالمگیریۃ رجلان ادعیا نکاح امرأۃ واقاما البینۃ لا یقضی لواحد منہما الا اذا اقرت المرأۃ لاحدھما ھذا اذا لم یؤرخا او ارّخا واحداً وان ارّخا وتاریخ احدھما اسبق فھو اولیٰ ۔ فقط واللہ اعلم !

بندہ محمد اسحاق غفرلہ،

الجواب صحیح،

بندہ عبداللہ عفا اللہ عنہ

۱۱ / ۷ / ۷۶ ھ

لڑکی مذکورہ شرعاً ناکح اول کی منکوحہ ہے ناکح ثانی کا نکاح جائز نہیں جب تک وہ ناکح اول سے طلاق حاصل کر کے عدت گزرنے کے بعد دوبارہ نکاح نہ کرے ۔ خیر محمد مہتمم مدرسہ خیر المدارس ملتان

---

## نابالغ کے خطبۂ نکاح پڑھنے کا حکم :

کیا فرماتے ہیں مفتیان شرع متین وعلماء دین دریں مسئلہ کے حکم میں کہ :

نکاح کے دیگر امور مثلاً ایجاب وقبول تو ایک عاقل بالغ عالم کراتا ہے اور خطبہ مسنونہ للنکاح اس کا چھوٹا نابالغ بچہ پڑھتا ہے ۔ آیا اس نابالغ بچے کا خطبہ مسنونہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں اگر جائز ہے تو کسی قسم کی کراہت تو نہیں اگر کراہت ہے تو کراہت تنزیہی ہے یا تحریمی ہے ؟ اس بچّہ کی عمر دس سال ہے ۔

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں نکاح صحیح ہوگیا ۔ صبی ممیز کی اذان جیسے معتبر ہے ۔ ایسے ہی خطبہ بھی صحیح ہونا چاہیئے ۔ اگرچہ بہتر اولیٰ یہی ہے کہ خطبہ بھی عاقل بالغ

پڑھے ۔ وینبغی ان یکون المؤذن رجلا عاقلا صالحا تقیا عالما بالسنۃ ہندیہ ص۵۳ ج۱
اذان الصبی العاقل صحیح من غیر کراھۃ فی ظاھر الروایۃ ولکن
اذان البالغ افضل ص۵۴ ج۱ ھندیہ) فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح ، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ ،
بندہ عبدالستار غفرلہ ، ۲۷ / ۶ / ۱۴۱۳ھ

## اہلِ تشیع سے نکاح کرنیوالے سے بائیکاٹ کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں کہ ایک عورت مسماۃ ممتاز بی بی کے ایک شیعہ سُنّی کے ساتھ ناجائز تعلقات تھے اس عورت نے اپنے بھائیوں کو مجبور کرکے اپنا نکاح اس شیعہ کے ساتھ کرا لیا ۔ لیکن برادری اہلِ سُنت والجماعت نے اس کے بھائیوں کو مجبور کیا کہ اس کا نکاح اپنے ہم فکر اہل سُنت والجماعۃ میں سے کسی کے ساتھ کردو انہوں نے کہا کہ ہمیں اہلسنۃ والجماعۃ کی کوئی ضرورت نہیں ہم اس کا نکاح اسی شیعہ سبّی مسمی اقبال شاہ سے کریں گے آخر کار برادری نے آئندہ ایسے غلط عمل کے سدِباب کے لئے حلفِ قطع تعلق کر لیا ۔ کیا یہ حلف دُرست ہے یا نہیں ؟ ( المستفتی حاجی جنڈوڈہ اوچ شریف ضلع بہاولپور )

**الجواب:** یہ حلف درست ہے اسکی پابندی کیجائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کا اعادہ نہ ہو ۔ فقط واللہ اعلم ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## غیر مقلدوں سے رشتہ کرنے کا حکم

مسئلہ یہ ہے کہ ایک لڑکا اہلِ حدیث خاندان سے تعلق رکھتا ہے کیا اس کا رشتہ اہل السنۃ خاندان سے ہو سکتا ہے اگر رشتہ ہو گیا تو کیا وہ نکاح درست ہو گا ؟
(فضل الرحمن فیصل آبادی)

**الجواب** بعض غیر مقلد متشدّد ہوتے ہیں ۔ ان سے رشتہ کرنا خلافِ مصلحت ہے اگر ہو گیا ہو تو لڑکی کو تاکید کی جائے کہ وہ اپنے عقائد و اعمال میں پختہ رہے کسی کی باتوں سے متأثر نہ ہو ۔ فقط واللہ اعلم ،
محمد انور عفا اللہ عنہ ،

## مطلقہ کی عدت میں اسکی بھتیجی سے نکاح کا حکم

ایک آدمی نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے اور انقضائے عدت سے قبل اپنی مطلقہ عورت کی بھتیجی سے نکاح کرنا چاہتا ہے آیا یہ نکاح شرعاً صحیح اور قابلِ قبول ہے؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں مذکور آدمی اپنی مطلقہ عورت کی عدت پوری ہونے سے پہلے اس عورت کی بھتیجی سے نکاح نہیں کرسکتا۔ عدت ختم ہونے پر جو نکاح ہوگا۔ وہ صحیح اور قابلِ قبول ہوگا۔

وحرم الجمع بین المحارم نکاحاً ای عقداً صحیحاً وعدةً ولو من طلاق بائن۔ (درمختار ص۲۸۴ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، | محمد انور عفرلہ،

## مرتد کسی سے نکاح نہیں کرسکتا

مسمی رفیق رضیہ سے شادی کرنے کے لئے مرزائی بن گیا۔ شادی کے دو سال بعد مسماۃ رضیہ مرزائیت سے تائب ہوکر مسلمان ہوگئی اور مسمی رفیق بدستور مرزائی ہے اس کے بارے میں شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب** مذکورہ مرد وعورت کا نکاح شرعاً منعقد ہی نہیں ہوا۔ کیونکہ مرتد کا نکاح کسی صورت میں منعقد ہی نہیں ہوتا۔

اعلم ان تصرفات المرتد علی اربعة اقسام الیٰ قوله ویبطل منه اتفاقا ما یعتمد الملة وهی خمس النکاح اھ درمختار قوله النکاح ای ولو لمرتدةٍ مثله اھ شامیہ ص۳۰۱ وفی العالمگیریة ومنها ماهو باطل بالاتفاق نحو النکاح فلا یجوز له ان یتزوج امرأةً مسلمة ولا مرتدة ولا ذمیة لا حرة ولا مملوکة اھ ص۲۷۱ ج۲۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، | محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،
عبدالستار عفا اللہ عنہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے

## نومسلمہ کے ساتھ استبراء سے پہلے نکاح کا حکم

بارے میں ایک شخص نے نومسلمہ سے قبل از استبراء رسم نکاح کیا اور تقریباً دس سال کا عرصہ گزر چکا ہے، آیا اس کا پہلا نکاح صحیح ہے یا نکاح جدید کی ضرورت ہوگی ؟
۲- اگر عدم جواز ثابت ہو تو پھر کیا صورت ہونی چاہیئے اور جو عرصہ گزر چکا ہے اس کا شرعی حکم کیا ہے ؟

**الجواب** ۱- نومسلمہ عورت کے اسلام کے بعد جب تک تین حیض نہ گزر جائیں۔ اس وقت تک نکاح جائز نہیں۔

ولو أسلم أحدهما أى أحد المجوسيين او امرأة الكتابى ثمة أى في دار الحرب وملحق بها كالبحر الملح لم تبن حتى تحيض ثلاثا أو تمضى ثلاثة أشهر قبل اسلام الآخر أقامة لشرط الفرقة مقام السبب وليست بعدة لدخول غير المدخول بها (الخ (درمختار علی الشامی ص۳۹۰ ج۲) وهكذا فی فتاوی دار العلوم ص۱۲۵ ج۲)

۲- اب آئندہ کے لئے تجدید نکاح ضروری ہے اور گزشتہ کے لئے توبہ واستغفار کریں۔

فقط واللہ اعلم،
بندہ اصغر علی عفا اللہ عنہ، الجواب صحیح،
مفتی خیر المدارس ملتان بندہ محمد عبداللہ عفرلہ،

## زوجۂ اوّل کی دل شکنی سے بچنے کے لئے دوسری شادی نہ کرنا

ایک شخص دوسری شادی کرنا چاہتا ہے مگر پہلی بیوی رضامند نہیں ہے۔ کیا وہ دوسری شادی کر سکتا ہے ؟ (محمد زبیر قصبہ مڑل)

**الجواب** اگر یہ توقع ہے کہ دونوں بیویوں کے حقوق ادا کر سکے گا تو دوسری شادی کرنے کی اجازت ہے اگر یہ توقع نہ ہو تو ایک پر اکتفا کرے۔ قال اللہ تعالیٰ

فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ لیکن اگر انصاف پر قادر ہوتے ہوئے دوسری شادی صرف اسلیئے نہ کرے کہ پہلی بیوی غمگین ہوگی تو ان شاء اللہ اجر ملے گا۔

مصرع دل بدست آور کہ حج اکبر است

مع انهم قالوا اذا ترك التزوج على امرأته كيلا يدخل الغم على زوجته التى عنده كان ماجورا اھ (بحر ص۱۱۳ ج۳) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، محمد صدیق عفرلہ مدرس خیر المدارس ملتان

محمد انور عفا اللہ عنہ، ۱۹ / ۶ / ۹۶ ھ

## باپ معروف لبوء الاختیار ہو تو اس کا کیا ہوا نکاح نافذ نہیں

میرے والد نے میرے ایام نابالغی میں میری منگنی میرے ماموں زاد برادر کے ساتھ کی، بعد ازاں ایک شخص محمد حیات قوم جٹ سکنہ ڈھڈی والا کے ہمراہ مبلغ تین صد روپیہ پر رشتہ کرنے کا وعدہ کیا۔ بعد ازاں غلام محمد قوم فقیر کے ساتھ چھ سو روپے میں ... دا کیا جو عملی صورت اختیار نہ کر سکا۔ پھر مجھے پیر محمد ولد رحیم بخش قوم جو لاھا کے ہاتھ مبلغ پانچ سو میں فروخت کر دیا۔ پیر محمد نے اپنے آپ کو غیر شادی شدہ ظاہر کیا حالانکہ وہ شادی شدہ بال بچے دار ہے۔ پیر محمد کے ساتھ نکاح کے وقت سائلہ نابالغہ تھی اور پیر محمد کی عمر ۳۵ سال تھی کیا سائلہ حسب منشاء کسی سے نکاح کر سکتی ہے؟

**الجواب** بشرط صحت صورت مسئولہ میں چونکہ باپ کا معروف لبوء الاختیار ہونا اور فاسق متہتک ہونا ثابت ہوگیا ہے اور بعض معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ باپ ایسا ہی ہے لہذا نکاح مذکور صحیح نہیں ہوا، جیسا کہ حیلۂ ناجزہ (ص۱۴۲ فاروقی پریس) سے معلوم ہوتا ہے۔ فقط واللہ اعلم،

احقر عبداللہ رائے پوری، مدرس رشیدیہ منٹگمری

الجواب صحیح، بندہ عبداللہ غفرلہ، مفتی خیر المدارس۔ ملتان

## عورت کے اپنے آپکو غیر منکوحہ بتانے پر اس سے نکاح کرنے والے کا حکم

مسماۃ رشیداں نے آکر کہا کہ میں غیر منکوحہ ہوں اس کے تسلّی دلانے پر اس کا نکاح حاجی قاسم سے کر دیا گیا پھر وہ عورت کہیں چلی گئی۔ اب حاجی قاسم کو شبہ ہے کہ وہ پہلے منکوحہ تھی کیا حاجی قاسم پر اور ان لوگوں پر کوئی گناہ تو نہیں جو نکاح میں شریک ہوئے ہیں۔

**الجواب** اگر ان حضرات کو تحقیق کے بعد اس کی بات پر یقین آ گیا تھا کہ سچ کہتی ہے اور اسوجہ سے نکاح کیا ہے تو شرعاً ان پر کوئی مواخذہ نہیں ہو گا۔ البتہ خلافِ واقعہ ظاہر ہونے کی وجہ سے استغفار کرتے رہیں۔

لو قالت منکوحة رجل لآخر طلقنی زوجی ولا نقضت عدتی جاز تصدیقها اذا وقع فی ظنه عدلة كانت ام لا ۔

( ردالمحتار باب الرجعة ج۲ ص۵۸۶ ) ۔ فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ، محمد انور عفا اللہ عنہ ،

## منکوحۂ غیر ہونے کا علم ہونے کے باوجود نکاح کیا تو نکاح باطل ہے

مسماۃ بکھاں محمد بخش کی منکوحہ تھی نور محمد اسے اغواء کر کے لے گیا اور جا کر نکاح پڑھ لیا۔ کیا یہ نکاح صحیح ہے؟ اور اگر پہلے خاوند کے پاس بھیجی جائے تو اس پر کوئی عدت وغیرہ آئے گی؟

**الجواب** مساۃ بکھاں مذکورہ کو جب کہ اس کے خاوند نے طلاق بھی نہیں دی اور نہ ہی عدالت سے فسخ کرایا گیا تو اس کا یہ نکاح ہرگز جائز نہیں بالکل حرام اور قطعاً باطل ہے نور محمد نے چونکہ اس کے منکوحہ ہونے کے علم کے باوجود اس سے نکاح کیا ہے۔ لہٰذا اس میں کوئی عدّت وغیرہ بھی نہیں ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة ان علم أنها للغير اھ (شامیہ ص۴۸۲ ج۲ باب العدة) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح ، خیر محمد عفا اللہ عنہ ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ،

## اہلِ تشیع کے ساتھ نکاح کا حکم

شیعہ کے عقائد تو بالکل واضح ہیں مثلاً قرآن مجید کو محرف مانتے ہیں۔ سب شیخین کرتے ہیں۔ اور قذف عائشہ رضی اللہ عنہا کے قائل ہیں۔ اکثر صحابہ کو مرتد کہتے ہیں۔ ایسے شیعہ لڑکے سے سُنی لڑکی کا نکاح درست ہے یا نہ۔ اور ایسے لڑکے سے کئے گئے نکاح پر طلاق کی ضرورت ہے۔ یا بغیر طلاق عقد ثانی کیا جا سکتا ہے؟

**الجواب** ایسے عقائد رکھنے والے شخص کے ساتھ مسلمان سُنّی عورت کا نکاح ہرگز نہ کیا جاوے۔ اور اگر بوقت نکاح اسکے یہی عقائد ہوں تو شرعاً وہ نکاح منعقد نہیں ہوتا۔ وبهذا اظهر ان الرافضی ان كان ممن يعتقد الالوهية فی علی أو ان جبریل غلط فی الوحی أو كان ينكر صحبة الصديق أو يقذف السيدة الصديقة فهو كافر (شامی ص۲۸۹ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ

## دس سالہ بچے کا ایجاب و قبول باپ کی اجازت سے نافذ ہو جائے گا

ایک لڑکے اور لڑکی کا نکاح پڑھا گیا لڑکے کی عمر دس سال تھی لڑکے کا باپ بھی مجلس میں موجود تھا اور وہ اس نکاح پر راضی تھا لیکن قبول لڑکے نے کیا ہے کیا یہ جائز ہے؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں باپ کے اس نکاح پر راضی ہونے سے اور لڑکے کے قبول کو جائز رکھنے سے نکاح منعقد ہو گیا۔

فان نكاح الصبی العاقل يتوقف نفاذه علی اجازة وليه هكذا فی البدائع۔ (عالمگیری ص ج۱)۔ فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح، بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ | فقیر محمد انور عفا اللہ عنہ، ۱۱/۷/۹۶ھ |

## لفظ "صدقہ" سے نکاح منعقد ہونے کا حکم

عورت نے گواہوں کی موجودگی میں مرد کو کہا کہ "میں نے اپنے وجود کو تجھ پر صدقہ کیا"۔ مرد نے کہا میں نے قبول کیا تو نکاح ہوگیا ہے یا نہیں؟

**الجواب** اگر لفظ صدقہ سے مراد نیت نکاح تھی اور یہ مرد اس عورت کا کفو تھا تو نکاح ہوگیا۔

وما عداهما كناية هو كل لفظ وضع لتمليك عين كاملة فلا يصح بالشركة فى الحال خرج الوصية غير المقيدة بالحال كهبة وتمليك وصدقة وعطية اھ۔ (درمختار علی الشامیہ ص۲۹۱ ج۲)

فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ،

## تجدید ایمان کے بعد تجدید نکاح ضروری ہے

ایک شادی شدہ عورت کی اپنی ساس سے لڑائی ہوئی۔ لڑائی کے دوران ساس نے کہا کہ کلمہ پڑھ لے غصہ رفع ہوجائے گا اس نے کہا کہ میں کلمہ نہیں پڑھتی، نہیں پڑھتی بس میں کافر ہوں۔ یہ بات اس نے غصے میں کہہ دی تو آیا یہ کلمہ کفر ہے کہ نہیں۔ اگر ہے تو نکاح ٹوٹا کہ نہیں اور تجدید نکاح کی کیا صورت ہے، حق مہر کا کیا طریقہ ہوگا؟ نیز وہ عورت بعد میں نادم ہوئی اور غصے کے چلے جانے کے بعد اس نے توبہ کی تو سوال یہ ہے کہ اس بعد کی توبہ کا اثر پہلے کلمات پر پڑے گا یا نہیں۔ اور اگر پڑے گا تو صرف آخرت کا گناہ معاف ہوگا یا صرف دنیاوی معاملات پر ہی اس کا اثر مرتب ہوگا۔

**الجواب** احتیاطاً تجدید ایمان اور تجدید نکاح بحضور شاہدین اقل مہر پر کرلیا جائے۔

ما كان فى كونه كفرا اختلاف فان قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة والرجوع عن ذالك بطريق الاحتياط (عالمگیری ص۲۸۹ ج۲) فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ،

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## ماموں کی بیوی سے نکاح کا حکم

ایک شخص نے اپنے حقیقی ماموں کے فوت ہونے کے بعد اسکی زوجہ یعنی اپنی سگی مامی کے ساتھ نکاح کرلیا کیا یہ ازروئے شریعت جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب** مامی محرمات میں سے نہیں ہے اس لئے اس سے نکاح جائز ہے بشرطیکہ مامی ہونے کے علاوہ اور کوئی وجہ حرمت موجود نہ ہو۔ لقولہ تعالیٰ واحل لکم ما وراء ذلکم (الآیۃ۔) فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ ۹/۱۰/۱۴۰۸ھ

## خالہ اور اسکی بھانجی ایک نکاح میں جمع نہیں ہوسکتیں

زاہد نے مریم سے شادی کی اور اولاد نہ ہونے کی صورت میں زوجہ مریم نے اپنی سگی بھانجی سے زاہد کی دوسری شادی کر دی۔ آیا مریم اور اسکی بھانجی (یعنی خالہ بھانجی) ایک شخص کے نکاح میں بیک وقت جمع ہوسکتی ہیں یا نہیں؟

**الجواب** زاہد کا نکاح اپنی منکوحہ مریم کی بھانجی سے صحیح نہیں کیونکہ خالہ اور بھانجی کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے۔

فلا یجوز الجمع بین امرأۃ وعمتها نسباً أو رضاعاً وخالتها كذالك ونحوها اھ (عالمگیری ص۲۷۷/ج۱)
أيتهما واحدة منهما فرضت ذكراً لم يحل للاخرى كالجمع بين المرأة وعمتها أو خالتها۔ (ردالمحتار ص۲۸۴/ج۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ ۲۶/۲/۱۴۰۶ھ

## نکاح، نکاح ہے خواہ ڈرامے کے طور پر کیا جائے

شرعاً اگر ہزلاً طلاق دیدی جائے تو واقع ہوجاتی ہے۔ آج کل بعض ڈرامے اور فلمیں ان کی کہانی اس طور پر بنائی جاتی ہے کہ مرد اور عورت کا باقاعدہ ایجاب و قبول کروا کر نکاح کردیا جاتا ہے اور اگرچہ یہ نکاح تمثیلاً ہوتا ہے۔ لیکن صورتِ مسئولہ یہ ہے کہ جس طرح ہزلاً طلاق واقع ہوجاتی ہے آیا اسی طرح ہزلاً کیا ہوا نکاح منعقد ہوجاتا ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

**الجواب** ڈرامے میں غیر محرم مرد اور عورت کا جبکہ وہ عورت کسی دوسرے شخص کے نکاح میں بھی نہ ہو اگر باقاعدہ شرعی گواہوں کی موجودگی میں ایجاب قبول ہو تو وہ نکاح منعقد ہوجائے گا ورنہ نکاح نہیں ہوگا۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ثلث جدھن جد وھزلھن جد النکاح والطلاق والرجعۃ۔ (الحدیث) — (مشکوٰۃ شریف ص۲۸۴)

وینعقد أی النکاح أی یثبت ویحصل انعقادہ بالایجاب والقبول۔ (رد المحتار ص۲۸۵ ج۲)

فقط واللہ اعلم۔
محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفی عنہ

## بالغہ نکاح کی اطلاع ملنے پر انکار کردے تو نکاح ختم ہوگیا

والد نے نکاح خواں کو بلا کر نکاح پڑھانے کے لئے کہا۔ والد نے پہلے لڑکی سے نہیں پوچھا کہ تیرا نکاح کردوں یا نہ کروں؟ لڑکی کی عمر اس وقت اٹھارہ سال تھی۔ نکاح کے تھوڑی دیر بعد سب سے پہلے اس کو ایک چچا اور ایک چچا زاد بھائی نے جاکر اطلاع دی کہ تیرا نکاح کردیا ہے۔ وہ دونوں حلفیہ بیان کرتے ہیں کہ لڑکی نے انکار کردیا کہ یہ نکاح مجھے منظور نہیں واضح رہے کہ اس نکاح کی عام شہرت نہ تھی بلکہ کچھ برادری کے تنازعات تھے جن کو نمٹانے کے لئے یہ عقد کیا گیا۔ نکاح منعقد ہوا یا نہ؟

**الجواب** برتقدیر صحت جملہ سوال یہ نکاح منعقد نہیں ہوا۔ لڑکی بدستور آزاد ہے اور جہاں چاہے عقد کر سکتی ہے۔

لا یجوز نکاح أحد علی بالغۃ اھ (عالمگیری ص۱۱ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

محمد انور عفا اللہ عنہ

## اپنے ہی بیٹے نکاح کے گواہ ہوں تو نکاح کا حکم

ایک آدمی نے نکاح کرایا اور گواہ اس کے دونوں بالغ بیٹے تھے اور خطبہ خاوند نے خود پڑھا آیا یہ نکاح صحیح ہے یا نہیں؟ کچھ لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ چونکہ گواہ اس کے بیٹے ہیں، اس لئے نکاح صحیح نہیں ہوا، اور نیز یہ کہ ان گواہوں کے اپنے نکاح بھی ٹوٹ گئے ہیں۔ شرعاً واضح فرمائیں؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں شرعاً نکاح صحیح ہوگیا ہے اور باقی ان گواہوں کے نکاح بھی برقرار ہیں۔ ان میں کوئی فرق نہیں آیا۔ لوگوں کا کہنا غلط ہے۔

فقط واللہ اعلم،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

## سوتیلی ماں کی اولاد سے نکاح کا حکم

زید نے ہندہ بیوہ سے شادی کی تو کیا زید کا لڑکا ہندہ کی پہلی بیٹیوں میں سے کسی کے ساتھ نکاح کر سکتا ہے؟

**الجواب** زید کے بیٹے کا نکاح مذکورہ لڑکیوں سے درست ہے لا بأس بان یتزوج الرجل امرأۃ ویتزوج ابنہ ابنتھا أو أمھا کذا فی محیط السرخسی اھ (عالمگیری ص۲۷۷ ج۱)۔

فقط واللہ اعلم
محمد انور غفرلہ،

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،

## نہ ایجاب و قبول ہوا ہو اور نہ گواہ ہوں تو نکاح کا حکم

غلام حیدر شاہ سے اس کے دوست نے رشتہ مانگا اس نے کہا کہ ابھی بچی نابالغ ہے۔ بڑے ہونے پر دیکھیں گے ایک دن وہی دوست آیا، صحن میں بیٹھے تھے کہ اس نے کچھ پڑھنا شروع کر دیا۔ کوئی بات ایجاب و قبول کی نہیں ہوئی اور نہ ہی گاؤں کا کوئی آدمی پاس تھا۔ کچھ دنوں کے بعد وہ دوست کہتا ہے کہ میں نے تو وہ نکاح پڑھا تھا۔ غلام حیدر شاہ کہتا ہے کہ مجھے تو نکاح کا کوئی پتہ ہی نہیں مجھے معلوم نہیں تم نے کیا پڑھا تھا۔ تو کیا یہ نکاح ہو گیا ہے؟

**الجواب** برتقدیر صحت سوال مذکورہ واقعہ کو نکاح قرار دینا بالکل غلط ہے۔ اول تو ایجاب و قبول ہی نہیں ہوا اور یہ نکاح کا رکن ہے۔ عالمگیری ج۱/۲ میں ہے

واما رکنہ فالایجاب والقبول کذا فی الکافی

اور رکن کے نہ پائے جانے سے چیز کا نہ پایا جانا ظاہر ہے۔ نیز صورتِ مسئولہ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ غلام حیدر اور اس دوست کے علاوہ کوئی اور موجود نہ تھا تو گواہ بھی نہ ہوئے حالانکہ گواہوں کا موجود ہونا نکاح کے جائز ہونے کی شرط ہے۔ عالمگیری میں ہے

ومنھا الشھادۃ قال عامۃ العلماء انھا شرط جواز النکاح ج۱/۲

لہٰذا صورتِ مسئولہ کے واقعہ کو نکاح قرار دینا صحیح نہیں۔ فقط واللہ اعلم، محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

---

## بیوی کی بھانجی سے نکاح کر کے ہمبستری کر لی تو بیوی کے پاس جانے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی نے پہلے ایک عورت سے نکاح کیا ہے پھر اس عورت کی موجودگی میں اس عورت یعنی اپنی اس بیوی کی بہن کی لڑکی سے نکاح کر لیا ہے۔؟ کیا شرعی لحاظ سے اپنی بیوی کی بہن کی لڑکی کو بیک وقت نکاح میں رکھ سکتا ہے یا نہیں؟ (السائل، عطاء محمد، رائیڑز کالونی۔ ملتان)

**الجواب** بر تقدیر صحت واقعہ دوسرا نکاح جو بیوی کی بھانجی سے کیا ہے یہ نکاح صحیح نہیں اس شخص پر لازم ہے کہ دوسری بیوی کو چھوڑ دے۔ اگر دوسری بیوی سے ہمبستری بھی ہو گئی ہے تو اس پر عدت اور شوہر پر مہر واجب ہے جب تک اس دوسری بیوی کی عدت ختم نہ ہو اس وقت تک پہلی بیوی سے ہمبستری کرنا جائز نہیں۔ کیونکہ ان دونوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے۔

کما فی الھندیۃ: فی المحرمات والاصل ان کل امرأتین لو صورنا احداھما من أی جانب ذکرا لم یجز النکاح برضاع أو نسب لم یجز الجمع بینھما (وبعد سطر) وان تزوجھما فی عقدتین فنکاح الاخیرۃ فاسد ویجب علیہ أن یفارقھا الی قولہ....) وان فارقھا بعد الدخول فلھا المھر.... وعلیھا العدۃ ویثبت النسب ویعتزل عن امرأتہ حتی تنقضی عدۃ أختھا کذا فی محیط السرخسی (عالمگیریۃ ص۲۷۸ ج۱)

فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالحکیم عفی عنہ
۱۶/۴/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفی عنہ

## فاسق نکاح خواں کا حکم

محمد کامل ایک علاقہ میں نکاح خواں اور امام ہے عرصہ ہوا اس نے ایک منکوحہ مسماۃ مریم سے ناجائز تعلقات قائم کر لئے۔ اسے بہکایا کہ اپنے خاوند سے رہا ہونے کے لئے عیسائی مذہب اختیار کرلے چنانچہ اس عورت نے بوساطت محمد کامل گرجا گھر میں عیسائی مذہب اختیار کر لیا۔ قانوناً اس کا خاوند اس سے دست بردار ہو گیا اور ادھر محمد کامل نے اس عورت کو بغیر دوبارہ مسلمان کئے اور بغیر نکاح کئے اپنے گھر بٹھا لیا اور آج تک علانیہ زنا کر رہا ہے علاوہ ازیں اپنی خواہشات کی تکمیل کی خاطر چند اور بھی عورتوں کو گھر میں رکھا ہوا ہے کیا ایسا شخص نکاح خوانی کے قابل ہے کیا اس عرصہ میں محمد کامل

کے پڑھائے ہوئے نکاح درست ہیں دیگر مسلمانوں کو اس سے تعلق رکھنا درست ہے یا نہیں
کیا اسکی امامت درست ہے ؟

**الجواب** کسی مسلمان کو کفر پر آمادہ کرنا کفر ہے اور غرضِ نفسانی کے لئے اسلام سے انحراف یا اسکی ترغیب موجب غضب خداوندی ہے اعاذ نا اللہ من ذالک پس شخص مذکور ہرگز ہرگز لائق امامت نہیں فوراً الگ کر دیا جائے اور اسے نکاح خوانی سے بھی معزول کرنا ضروری ہے اور جبتک شخص مذکور اپنی ان حرکات سے تائب ہو کر تجدید اسلام اور تجدید نکاح نہ کرے اس سے قطعاً تعلقات قائم نہ کئے جائیں۔ اگر حکومت سے کوئی سزا دلوائی جاسکے تو مزید بہتر ہوگا۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ عبدالستار عفی عنہ ، مفتی خیر المدارس ملتان | الجواب صحیح ، عبداللہ غفرلہ ،

## اہلِ تشیع مجلسِ نکاح میں شریک ہوں تو نکاح کا حکم

زید نامی ایک شخص جو کہ مسلکاً اہلِ سُنّت والجماعت سے تعلق رکھتا ہے، اس کے نکاح کے موقعہ پر کچھ لوگ شریکِ دعوت غیر سُنّی بھی ہوئے لیکن لڑکا سُنّی، بیوی سُنّی، گواہ سُنّی، اہلِ محفل سُنّی۔ اہلِ تشیع صرف نکاح میں بیٹھے ہیں کیا انکی شرکت سے نفسِ نکاح میں نقص وارد ہو جائے گا یا نہیں ؟

۲۔ ایسے ہی کچھ لوگ اہلِ تشیع جنازہ میں شریک ہوئے۔ امام بھی سُنّی اور باقی مقتدی بھی سُنّی تو نماز جنازہ میں کچھ خلل تو واقع نہیں ہوا۔

۳۔ ایک آدمی خود تو سُنّی ہے لیکن عورت اور نابالغ اولاد شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے ہیں، کیا ایسا آدمی اہلِ سنت کے ساتھ جماعت میں نماز ادا کر سکتا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** اہلِ تشیع اور دیگر فرقِ باطلہ سے خصوصی مراسم رکھنا اگرچہ درست نہیں، لیکن مجلسِ نکاح میں انکی موجودگی صحتِ نکاح پر کوئی اثر انداز نہ ہوگی۔ لما فی الهداية النكاح ينعقد بالايجاب والقبول ۔ فتاوی عالمگیریہ میں ہے ۔ اما ركنه فالايجاب

والقبول کذا فی الکافی ص۲ کتبِ فقہ میں صحتِ نکاح اور نفاذِ نکاح کی شرائط ذکر کی گئی ہیں، ان میں کہیں اس کا ذکر نہیں کہ مجلسِ نکاح اہلِ تشیع سے خالی ہو۔ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں نکاح بلاشبہ درست ہے

۲۔ کتبِ شیعہ میں لکھا ہے۔ اول تو سُنّی کا جنازہ نہ پڑھا جائے۔ اگر بضرورت پڑھے تو بجائے دعا کے میت پر بددعا کرے۔ چنانچہ تحفۃ العوام ص۱۳۸ میں ہے۔ اگر میت سُنّی خلافِ مذہب ہو اور بضرورت، نماز پڑھنا پڑے تو بعد چوتھی تکبیر کے کہے۔ اللھم اخز عبدک فی عبادک و بلادک اللھم اصلہ حر نارک اللھم اذقہ اشد عذابک۔

ترجمہ:۔ اے خدا اس بندے کی میت کو اپنے بندوں اور شہروں میں ذلیل ورسوا کر، اے خدا اس بندے کی میت کو نارِ جہنم میں جلا، اے خدا اسے سخت ترین عذاب دے۔

چونکہ یہ سُنّی میت پر بددعا کرتے ہیں۔ اس لئے شرکت کی اجازت نہ دی جائے۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ، ۲۴ / ۱۱ / ۱۴۰۳ھ

## عیسائیوں کی عورتوں سے نکاح کا حکم

دو آدمیوں میں بحث ہوئی۔ ایک کہتا ہے کہ مسیحی عورت سے نکاح جائز ہے جبکہ دوسرا کہتا ہے کہ جائز نہیں۔ جب اسکی توجہ اسطرف مبذول کرائی گئی کہ وہ اہلِ کتاب ہیں تو کہا اس وقت دُنیا میں کوئی اہلِ کتاب نہیں۔ سب مُشرک ہو چکے ہیں اور مُشرک سے نکاح جائز نہیں۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ بات کہاں تک صحیح ہے۔ حالانکہ حضور ؐ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ۵۰۰ سال بعد تشریف لائے ہیں اور یہ اعلان فرمایا کہ: الیوم احلّ لکم الطیبات و طعام الذین اوتوا الکتاب حلّ لکم الاٰیۃ۔ اور قرآن پاک ہی کے مطابق عیسائی آنحضرت ؐ کے وقت مُشرک ہو چکے تھے۔ جیسا کہ فرمایا، واذ قال اللہ یٰعیسی ابن مریم ءانت قلت الاٰیۃ۔ تو اب ان میں کونسی بات ہے جو بڑھ گئی ہے جس کی بناء پر مندرجہ بالا حکم میں ترمیم کریں؟

**الجواب** موجودہ دَور کے عیسائی اور یہودی فقط نام کے عیسائی یا یہودی ہوتے ہیں۔ درحقیقت دہریہ اور منکرِ خُدا ہوتے ہیں۔ اسلئے انکی عورتوں کا بھی

وہی حکم ہے، جو دیگر مشرکین کی عورتوں کا ہے۔ جو لوگ حقیقۃً یہودیت ونصرانیت پر قائم ہوں انکی عورتوں کے ساتھ نکاح کرنا اگرچہ فی نفسہٖ حلال ہے۔ مگر بہت سے مفاسد اور خرابیوں کی بناء پر جمہور صحابہؓ وتابعینؒ انکی عورتوں کے ساتھ نکاح کو مکروہ سمجھتے تھے۔ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں دو تین صحابہؓ نے اہلِ کتاب کی عورتوں سے نکاح کر لیا تھا۔ حضرت عمرؓ کو پتہ چلا تو سخت ناراض ہوئے اور حکم دیا کہ ان کو طلاق دیں، چنانچہ طلاق دِلوا بھی دی۔ آج کا دور اُس دور سے بہت مختلف ہے۔ آج تو اور زیادہ شدت سے اجتناب کی ضرورت ہے۔ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ تفسیر معارف القرآن ج۲ ص۳ میں لکھتے ہیں۔ قرآن وسنت اور اسوۂ صحابہؓ کی رُو سے مسلمانوں پر لازم ہے کہ آجکل کی کتابی عورتوں کو نکاح میں لانے سے کلّی پرہیز کریں۔

قال فی الدر المختار وصح نکاح کتابیۃ وان کرہ تنزیہاً مؤمنۃ بنبیّ مرسل مقرۃ بکتاب منزل اھ قال فی الشامیۃ (قولہ وان کرہ تنزیہا) سواء کانت ذمیۃً اوحربیۃ فان صاحب البحر استظہران الکراھۃ فی الکتابیۃ الحربیۃ تنزیہیۃٌ فالذمیۃ اولیٰ قلت علل ذٰلک فی البحر بان التحریمیۃ لا بد لہا من نہی اوما فی معناہ لانہا فی رتبۃ الواجب وفیہ ان اطلاقہم الکراھۃ فی الحربیۃ یفید انہا تحریمیۃ والدلیل عند المجتہد علی ان التعلیل یفید ذٰلک ففی الفتح یجوز تزوج الکتابیات والاولیٰ ان لا یفعل ولا یأکل ذبیحتہم الا للضرورۃ وتکرہ الکتابیۃ الحربیۃ اجماعا لافتتاح باب الفتنۃ من امکان التعلق المستدعی للمقام معہا فی دار الحرب وتعریض الولد علی التخلق باخلاق اھل الکفر وعلی الرق بان تسبی وھی حبلی فیولد رقیقا وان کان مسلماً اھ فقولہ والاولیٰ أن لا یفعل یفید کراھۃ التنزیھیۃ فی غیر الحربیۃ وما بعدہ یفید کراھۃ التحریم فی الحربیۃ تأمل. (رد المحتار فصل فی المحرمات ص۳۱۴ ج۲) فقط واللہ اعلم، احقر محمد انور عفا اللہ عنہٗ

# ظنِ غالب ہو کہ خاوند فوت ہو گیا ہے تو دوسری جگہ نکاح درست ہے

بخدمت شریف پنچایت صاحبان دریا خان تحصیل بھکر ضلع میانوالی ۔

جناب عالی مؤدبانہ گزارش ہے کہ عرصہ سولہ ۱۶ سال سے میرا خاوند عبدالستار گم ہے اور آج تک لاپتہ ہے لہذا بعد تحقیق میرا شرعی فیصلہ فرمایا جائے تاکہ حسب شرع نکاح ثانی کر کے گزر اوقات کر سکوں واجباً عرض ہے ۔ (العارضہ: قریشہ بیگم دختر حافظ نور محمد)

پھر اس درخواست کی تصدیق کے لئے ممبران کے مطابق ممبران کے رُوبرو چار سے زائد گواہوں نے شہادت دی ہے کہ واقعی قریشہ بیگم کی درخواست واقعہ پر مبنی ہے اور سچی پکار ہے جن پر گواہوں اور ممبران کے دستخط بھی موجود ہیں ۔ مثلاً فیض محمد، عبدالرحمان، عبدالعزیز رفیق احمد ۔ عبدالمجید ۔ ان سب کی طرف سے نقل آمدہ کارڈ مورخہ ۲۴/۶/۶۱ منجانب کریم الدین خانیوال بنام محمد یوسف مدرس دریا خان ۔

مکرمی جناب ماسٹر محمد یوسف صاحب ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ کے بعد عرض یہ ہے خط آپکا آیا حال معلوم ہوا ۔ دیگر احوال یہ ہے کہ آپ نے جو عبدالستار کی بابت لکھا ہے عرصہ ۱۷ سال ہوئے عبدالستار میرے پاس آیا تھا اور پاجامہ سفید پہن رکھا تھا اور اس کا بدن جلا ہوا تھا اور میرے پاس سے وہ آگے چلا گیا ہے اس کے بعد میرے پاس جاٹوں والوں کے گجر آئے اور انہوں نے ذکر کیا تھا کہ عبدالستار ہمارے پاس ٹھہرا اور صبح کو اٹھتے ہی پہاڑ میں چلا گیا ہے اور جب ہم اپنے مویشی چرانے کے لئے گئے تو وہ پہاڑ میں مرا ہوا پڑا تھا ۔ باقی سب خیریت ہے اور بچوں کو سلام و پیار اور کوئی پنچائیت میں پوچھے تو بتانے کے لئے تیار ہوں ۔

نوٹ: کریم الدین اور محمد یوسف مدرس آپس میں کوئی رشتہ نہیں رکھتے اور کریم الدین نے جو دیر سے اطلاع دی اس کی وجہ پہلے کریم الدین کی محمد یوسف مدرس سے ناواقفیت ہے بعد میں جاکر محمد یوسف کے بھائی سے کریم الدین ملا تو عبدالستار کے تذکرہ میں کریم الدین نے اسکی فوتگی کی خبر دی تو محمد یوسف کو اپنے بھائی کے ذریعہ پتہ چلا تو تحقیقات سے واقفیت نکلی اور نکالی تو یہ اطلاع آئی ۔ ۱۲

**الجواب** اخبرها واحد بموت زوجها أو بردته أو بتطليقها حل لها التزوج ولو سمع من هذا الرجل آخر له ان يشهد لانه من باب الدين فيثبت بخبر الواحد الخ (شامی ص۶۶۸ ج۲ مطبوعہ کوئٹہ) عن جامع الفصولين۔

جزئیہ بالا سے معلوم ہوا کہ اگر سائلہ کو اپنے خاوند کی موت کا غلبہ ظن ہو جائے اور اس کے نزدیک موت کی خبر مذکور درست ہو تو اسے دوسری جگہ نکاح کرنا جائز ہے۔ واقعہ چونکہ قدیم ہے لہذا عدت گزر چکی ہے بلا انتظار نکاح ثانی کی اجازت ہے۔ درمختار میں جزئیہ مذکورہ کے ساتھ ان اکبر رأيها انه حق کی قید موجود ہے جس کی بناء پر جواب میں غلبۂ ظن کی قید کا اضافہ کیا گیا فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،
خادم دار الافتاء ۱۹/۱/۸۱ جو

الجواب صحیح،
عبد اللہ غفر لہ،

## ایجاب کے جواب میں بجائے قبلت کے الحمد للہ کہنا

ایک جانب سے ایجاب ہونے کے بعد دوسری جانب سے بجائے قبول کہنے کے الحمد للہ کہنے سے نکاح منعقد ہوگا یا نہیں بعض علماء کہتے ہیں کہ لفظ الحمد للہ تملیک عین پر دلالت نہیں کرتا اسلئے نکاح صحیح نہیں ہوگا اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ چونکہ ہمارے علاقہ کے عرف میں لفظ الحمد للہ کو لفظ قبول سمجھا جاتا ہے۔ لہذا اس سے نکاح صحیح ہو جانا چاہیئے؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں بجائے قبلت الحمد للہ کہنے سے نکاح منعقد ہو گیا جبکہ ارادہ نکاح کرنے کا ہو۔

امرأة قالت لرجل زوجت نفسی منك فقال الرجل بخدا دند کاری پذیرفتم يصح النكاح ولولم يقل الرجل ذلك لكنه قال لها شاباش ان لم يقل بطريق الطنز يصح النكاح كذا فی الخلاصة (عالمگیری ص۲۷۲ ج۱)

فقط واللہ اعلم
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ،

ایجاب وقبول دونوں کا تملیکِ عین کے لئے موضوع ہونا ضروری نہیں بلکہ صرف ایجاب کا ایسا ہونا کافی ہے ورنہ "قَبِلْتُ" کہنے سے بھی قبول معتبر نہیں ہونا چاہیئے۔

ہاں آئندہ کے لئے احتیاط لازم ہے کہ قبول کے لئے لفظِ صریح استعمال کیا جائے کیونکہ معاملہ نکاح کا ہے۔ فقط واللہ اعلم،

والجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## مفقود کے بارے میں غیر مقلدین کے فتوے پر عمل نہ کریں

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیانِ عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسماۃ ہندہ کا عقدِ نکاح زید کے ساتھ ہوا نکاح سے چند روز بعد ان کا آپس میں اختلاف ہوگیا جس کی وجہ سے ہندہ واپس اپنے میکے آگئی۔ اس کے بعد ہندہ کا خاوند عرصہ پانچ سال تک مفقود الخبر رہا۔ ہندہ کے والد نے ہندہ کا نکاح کسی دوسرے شخص سے کرنے کی کوشش کی مگر مقامی مولوی صاحب نے نکاح نہ پڑھایا۔ آخر ہندہ کے والد نے ہندہ کو بغیر نکاح کے رخصت کر دیا۔ اب عرصہ پندرہ سال سے ہندہ بغیر نکاح کے دوسرے آدمی کے گھر آباد ہے۔ دریں اثناء پہلے خاوند کے متعلق باوجود جستجو اور تلاش کے کچھ معلوم نہیں ہوسکا۔ اب سوال یہ ہے کہ جس آدمی کے ساتھ عرصہ پندرہ سال سے زندگی گزار رہی ہے کیا اس کا نکاح مذکور آدمی سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب** مذکورہ بالا مسئلہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول (جسے امام مالک نے مؤطا میں نقل کیا ہے) کافی سمجھا جاسکتا ہے۔ عن سعید بن المسیب ان عمر رضی اللہ عنہ قال ایما امرأۃ فقدت زوجھا فلم تدر این ھو فانھا تنتظر اربعۃ اشھر وعشراً ثم تحل یعنی جس عورت کا خاوند گم ہوجائے چار سال کے گزرجانے کے بعد مزید چار ماہ دس دن عدت گزار کر نکاح ثانی کرسکتی ہے۔ حافظ ابن حجر، حضرت عثمانؓ عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کے اقوال کو حضرت عمرؓ کے قول کے مطابق نقل کرتے ہیں سعید بن المسیبؒ اور امام زہریؒ کا بھی یہی کہنا ہے عقل کا تقاضا بھی یہی ہے ہاں فقہاء کرام کا یہ کہنا ہے کہ عورت کو جب تک اس کے گم شدہ خاوند کے فوت ہوجانے

کا علم نہ ہو جائے نکاح ثانی نہیں کر سکتی ۔ باقی عورت جس شخص سے خاوند کے گم ہو جانے کے بعد غیر شرعی طور پر تعلقات قائم کر چکی ہے اس کا اس شخص کے ساتھ نکاح کر دینا زیادہ موزوں ہے جیسے الخبیثٰت للخبیثین والخبیثون للخبیثات والطیبات للطیبین والطیبون للطیبٰت سے معلوم ہوتا ہے ۔ ہٰذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محمد حسین مدرس مدرسہ تعلیم الاسلام

لقد اصاب من اجاب محمد صادق مدرس مدرسہ ہٰذا ۔

مذکورہ بالا فتویٰ پر نکاح ثانی کر دیا گیا ۔ مگر اب چند اشخاص اس نکاح کو ناجائز کہہ رہے ہیں یہاں تک کہ نکاح خواں و شرکاء مجلس نکاح کو کہا جا رہا ہے کہ اب تمہارے نکاح بھی ٹوٹ گئے ہیں ۔ لہٰذا اب فتویٰ دیا جائے کہ کیا واقعی نکاح ناجائز تھا اور نکاح خواں اور شرکاءِ مجلس نکاح تمام کا نکاح فسخ ہو گیا ؟ یا کہ نکاح صحیح تھا ؟

**الجواب** عورت مذکورہ کا جو مذکورہ بالا فتویٰ کی بناء پر نکاح کیا گیا ہے یہ نکاح صحیح نہیں ہوا ۔ کیونکہ اس نکاح سے پہلے پہلا نکاح فسخ کرانا ضروری تھا اور نکاحِ اوّل کو فسخ نہیں کرایا گیا ویسے ہی نکاح کر دیا تو گویا یہ نکاح علی النکاح ہو گیا یہ صحیح نہیں ہے لہٰذا اب بھی پہلے اول نکاح کو فسخ کرائیں پھر دوبارہ اس مرد کے ساتھ نکاح کریں ۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبد اللہ غفرلہٗ

## نام چھوٹی کا لیا اور صفت کبریٰ کی ذکر کی تو نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ ایک شخص مسمی کریم اللہ نے اپنی چھوٹی لڑکی نسیمہ بی بی کا عقدِ نکاح مسمی گاما سے کرانا تھا والد صاحب کی غلطی کی بناء پر نکاح جس جگہ ہوا ۔ وہاں جھگڑا پڑ گیا کہ چھوٹی لڑکی کا نام نہیں لیا گیا بلکہ اس جگہ پر بڑی کا نام لیا گیا ہے کیونکہ والد جاہل ہے اس بناء پر والد چھوٹی اور بڑی کے نام میں تمیز نہ کر سکا ۔ لہٰذا آپ شریعتِ حنفیہ سے حکم فرمائیں کہ آیا جس لڑکی کا جس لڑکے سے نکاح ہونا قرار پایا تھا وہ نہ ہوا لہٰذا بڑی لڑکی کا نکاح ہوا یا نہیں یا دونوں میں کسی کا ہوا یا نہیں ؟

**الجواب** اگر کسی شخص کی دو لڑکیاں ہوں۔ مثلاً ایک بڑی اور ایک چھوٹی تو نکاح کے وقت والد بجائے چھوٹی کے بڑی کا نام لے دے یا برعکس تو جس کا نام لے گا اسی کا نکاح ہو گا خواہ اسکے ذہن میں تعیین دوسری کی ہو۔ لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ صرف نام ہی لیا ہو نام کے ساتھ چھوٹی یا بڑی کا لفظ نہ کہا ہو مثلاً اگر نام چھوٹی کا لیا اور اس کے ساتھ لفظ بڑی کا کہا یا برعکس تو اس صورت میں نکاح منعقد ہی نہیں ہوگا کیونکہ اس نام کی اسکی بڑی لڑکی یا عکس کی صورت میں چھوٹی لڑکی کوئی نہیں ہے لہذا نکاح کسی کا بھی منعقد نہیں ہوگا بخلاف پہلی صورت کے۔

کما فی الدر المختار علی الشامیة ص۲۷۵ ج۲ ولو له بنتان أراد تزویج الکبری فغلط فسماها باسم الصغری الخ وفی الشامیة علی قوله ولو له بنتان الخ أی بأن کان اسم الکبری مثلاً عائشة والصغری فاطمة فقال زوجتك بنتی فاطمة وقبل صح العقد علیها وان کانت عائشة هی المرادة وهذا اذا لم یصفها بالکبری اما لو قال زوجتك بنتی الکبری فاطمة یجب أن لا ینعقد العقد علی احداهما لانه لیس له ابنة کبری بهذا الاسم الخ شامی ص۲۷۵ ج۲

لہذا باپ نے جس لڑکی کا نام لیا اس کا نکاح ہوگیا، دوسری کا نہیں ہوا۔

فقط واللہ اعلم، محمد عبداللہ غفرلہ، خادم الافتاء خیر المدارس ملتان

## نماز پڑھنے کی شرط پر نکاح کر دینا اور پھر خاوند نماز نہ پڑھے

زید کے پاس اس کی برادری کے آدمی آئے کہ تم اپنی لڑکی ہندہ کا نکاح بکر کے ساتھ کر دو زید نے جواب دیا کہ بکر کو نہ ایمان کی پرواہ ہے اور نہ نماز پڑھتا ہے لہذا میں اپنی لڑکی ہندہ کا نکاح کسی دیندار نمازی کے ساتھ کروں گا تم اگر مجھے مجبور کرتے ہو تو میں بکر کا نکاح کسی اور جگہ کرا دوں گا۔ برادری نے مجبور کیا کہ تم ہندہ کا نکاح بکر کے ساتھ اسی شرط پر کر دو کہ جس

دلانا ہم یاد کریں گے تم نماز وغیرہ آئیں ایمان سن لینا اور نماز پڑھنے کے متعلق تشفی کر لینا۔
چنانچہ اس شرط پر زید نے ہندہ کا نکاح بکر کے ساتھ کر دیا عرصہ تین چار سال کا گزر چکا ہے
بکر کو نہ نماز آتی ہے اور نہ پڑھتا ہے بکر نے اس چیز کا اقرار ایک معتبر عالم کے رو برو کیا ہے
کیا نکاح اذا فات الشرط فات المشروط کے قاعدہ کے تحت ٹوٹ جائیگا یا نہ ترک نماز عمداً
گناہ کبیرہ اور فسق ہے کیا ماتحت مسئلہ کفو کے آئیگا — اور مولانا عبدالحی صاحب اپنے فتاویٰ
صد ۳۴۲ کے اندر رقمطراز ہیں کہ ہدایہ میں لکھا ہے کہ — ولا ممن یأتی بابامن
الکبائر التی یتعلق بھا الحد للفسق۔ اسی عبارت ہدایہ سے معلوم ہوا کہ صرف ایک
گناہ کبیرہ کے ارتکاب سے فسق ثابت ہو جاتا ہے اور درمختار باب الکفاءۃ میں لکھا ہے۔

دیانۃ أی تقوی فلیس فاسق کفوء الصالحۃ أو فاسقۃ بنت صالح
معلناً کان أولا علی الظاھر۔

اور شامی نے معلناً کان کے نیچے لکھا ہے۔

أما إذا کان معلنا فظاھر وأما غیر المعلن فھو بان یشھد علیہ بأنہ فعل
کذا من المفسقات وھو لا یجھر فیفرق بینھما بطلب الاولیاء۔ بینوا توجروا

**الجواب** صورت مسئولہ میں نکاح صحیح ہو چکا ہے۔ اذا فات الشرط فات
المشروط والا قاعدہ نکاح کے باب میں نہیں چلتا بلکہ اس میں قاعدہ
یہ ہے کہ نکاح صحیح ہو جاتا ہے اور شرط خود فاسد ہو جاتی ہے۔ والنکاح لا یصح تعلیقہ
بالشرط الی قولہ ولکن لا یبطل النکاح بالشرط الفاسد وانما یبطل الشرط
دونہ (درمختار صہ ۳۲ ج ۲) اور جو عبارۃ آپ نے نقل فرمائی ہے۔ اس کا انطباق اس صورۃ پر نہیں
ہوتا کیونکہ جب شرط فاسد لغو ٹھہری تو گویا کہ نکاح بلا شرط برضاء الولی علی عدم کفاءت ہوا
تو جب ولی یعنی والد یا دادا غیر کفو میں رضامندی کے ساتھ نکاح کر دے تو وہ نکاح صحیح اور درست
ہو جاتا ہے بعد میں فسخ کا اختیار نہیں رہتا لہٰذا نکاح مذکور باقی اور صحیح ہے۔ عدم کفاءت کی بناء
پر قابل فسخ نہیں۔ (بندہ اصغر علی غفر اللہ لہ)
لہٰذا جب لڑکی بالغہ اور اس کے اولیاء فسق کو دیکھتے ہوئے نکاح پر راضی ہو چکے ہیں تو

اب بوجۂ عدم کفارت کے نکاح کا فسخ نہیں ہو سکتا۔ والجواب صحیح،

محمود عفا اللہ عنہ، مفتی مدرسہ قاسم العلوم ملتان شہر ۱۴/ ۸ /۶۷ء

## نکاح سے پہلے طے کی گئی شرائط کو اخلاقاً پورا کرنا لازم ہے

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص قبل عقدِ نکاح چند شرائط کہہ دے کہ اگر میں مسماۃ فلانہ کے ساتھ نکاح کروں تو تادم بقائے نکاح ان شرائط کا پابند رہونگا۔

ان میں سے یہ کہ تادم بقائے نکاح منکوحہ کو والدین کے گھر رہائش پذیر کرکے خدمت گزار رہونگا اور یہ کہ اگر بغیر رضائے والدین منکوحہ خود کو کہیں باہر لیجانے کا بلکہ میرا بغیر رضا چلے جانے کا مجھے حق نہ ہوگا پس بعد نکاح یہ بغیر رضا خود چلا جاتا ہے کبھی منکوحہ کو بغیر رضا ماں کے لے جاتا ہے باوجود تنبیہ کے اس حرکت سے باز نہیں آتا۔ آیا یہ شرعاً پابند ہے یا نہ؟ دیگر اس کے فیملی بچے ہیں چھوٹا شیر خوار بڑا لڑکا بارہ سالہ ہے۔ آیا انکی تربیت تعلیم مفروضہ اس کا فرض ہے یا غیر کا؟

**الجواب** شخص مذکور نے قبل از نکاح جن شرائط کی پابندی کا عہد کیا تھا ان کا ایفاء اس کے ذمہ اخلاقاً وشرعاً لازم ہے لقولہ تعالیٰ واوفوا بالعھد ان العھد کان مسئولاً الآیۃ۔ صیغہ امر مفید للوجوب ہے احادیثِ شریفہ میں بھی ایفائے عہد کی غایت درجہ تاکید موجود ہے۔ کما لا یخفی علی اھل العلم حتیٰ کہ وعدہ خلافی کو علامت نفاق بتایا گیا ہے کما فی قولہ علیہ السلام آیۃ المنافق ثلث اذا حدث کذب واذا وعد اخلف واذا ائتمن خان او کما قال علیہ السلام۔ فقہاء کی کلام سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ جب کوئی وعدہ اس طرح سے کر لیا جائے کہ اس سے احکامِ شرعیہ کی ممانعت لازم نہ آتی ہے تو اس وعدہ کا ایفاء لازم ہو جاتا ہے، بیع کی ایک صورت کے بارے میں علامہ شامی لکھتے ہیں۔

قلت وفی الجامع الفصولین ایضاً لو ذکر البیع بلا شرط ثم ذکر الشرط علی وجہ العدۃ جاز البیع ولزم الوفاء بالوعد اذ المواعید قد تکون

لا زمة فیجعل لازما لحاجة الناس جے ۱۳۷) مطلب فی الشرط الفاسد اذا ذکر بعد العقد او قبله

اور اس صورتِ مسئولہ میں منکوحہ کو گھر سے باہر نہ لے جانے اور اس کے خدمت گزاری کی جو شرط میں لگائی گئی ہیں یہ جائز اور درست ہیں جبکہ مہر مسمیٰ کے ساتھ ہیں کما یظہر من البحر الرائق ج۳ ص۱۷۱

تحت قول الماتن ولو نکحہا بالف علی أن لا یخرجہا أو علی ان لا یتزوج علیہا قال فی البحر بیان لمسئلتین الاولی ضابطہا أن یسمی لہا قدر امہر مثلہا اکثرمنه ویشترط منفعة لہا او لابیہا اولذی رحم محرم منہا فان وفی بما شرط فلہا المسمی لانه صلح مہراً وقدتم رضاہا به اھ بحر

اس جزئیہ سے ایسی شرائط کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ جو منکوحہ کی شخص مذکور کے ذمہ ہیں لیکن مواقع ضرورت بقدر حاجت کے مستثنیٰ ہوں گے عرفاً جانبین کو اس میں تنگی کی بجائے فراخدلی سے کام لینا چاہیئے تاکہ نبھاؤ کی صورت ہو سکے اولاد کی نگہداشت اور تربیت والدین کے ذمہ ہے، یہ ایک اجماعی امر ہے جس میں کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کما فی الفصل الثالث من باب الولی فی النکاح من المشکوٰۃ عن ابی سعید وابن عباس قالا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ولد له ولد فلیحسن اسمه وادبه فاذا بلغ فلیزوجه الحدیث۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، الجواب صحیح، محمد عبداللہ عفی عنہ مفتی خیر المدارس ملتان

## لقیط کی ولایت نکاح صرف حکومت کو ہے

کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین ذیل کے مسئلہ کے بارے میں (۱) ۱۹۴۷ء کے فسادات کے موقع پر ایک عورت ایک لاوارث لڑکی کو جب کہ اس کا کوئی وارث نہ ملا اپنے ہمراہ پاکستان لے آئی اور اسکی پرورش کی ابھی وہ بالغ نہیں ہوئی تھی کہ اس عورت نے اس لڑکی کا نکاح اپنے لڑکے سے کر دیا آیا یہ نکاح درست ہے یا نہیں۔؟

نوٹ: بچی کی عمر چار سال کی تھی دودھ پلانے کی مدت گزر چکی تھی (۲) بعض کہتے ہیں کہ

بغیر ولی کے نابالغ کا نکاح درست نہیں ہے مگر اس لڑکی کا بوقت نکاح بھی کوئی اس کا خاندانی ولی یا وارث نہ مل سکا صرف پرورش کنندہ عورت نے اپنی رضامندی سے نکاح اپنے لڑکے کے ساتھ کر دیا۔ جواب سے مطلع فرمائیں۔؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں عورت مذکورہ کا لڑکی مذکورہ کا عقد نکاح اسکی نابالغی کی حالت میں اپنے لڑکے سے کرنا درست نہیں ہوا ہے کیونکہ لڑکی مذکورہ کی ولایت حکومت کو حاصل ہے۔ کما فی العالمگیریۃ واللقیط حرٌ ولیہ السلطان حتی ان الملتقط اذا زوجہ امرأۃ او کانت جاریۃ فزوجھا من آخر لم یجز کذا فی خزانۃ المفتین ص۲۰۹ ج۲۔ اب لڑکی اگر بالغ ہو چکی ہے تو اسکی رضامندی سے لڑکے مذکور سے نکاح ہو سکتا ہے اور اگر نابالغ ہے تو حکومت سے اجازت حاصل کر کے نکاح جدید کیا جائے۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح، بندہ عبداللہ غفرلہٗ

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ، مفتی خیر المدارس ملتان

## نکاح میں ذکر کردہ نام سے "کُتیا" مراد لینے کے دعویٰ کا حکم

فتح محمد کا لڑکا شاہ محمد غلام محمد کے گھر رات کو دیر تک بیٹھا رہا جبکہ غلام محمد گھر میں نہ تھا رات کا کافی حصہ گذرنے کے بعد غلام محمد کی بیوی کو برائی کی دعوت دی اس نے انکار کیا۔ معاملہ ہاتھا پائی تک پہنچا۔ آخر عورت کے شور مچانے پر وہ بھاگ گیا۔ خاوند کے آنے پر عورت نے اسے سارا واقعہ سنایا۔ دوسری رات غلام محمد کی برادری پڑوس میں اکٹھی ہوئی۔ اور عزت کا بدلہ لینے کے لئے اس لڑکے کے والد فتح محمد کو بلوایا۔ اور کہا کہ تیرے بیٹے نے غلام محمد کی بیوی کی بے عزتی کی ہے اس لئے بدلہ میں ہمیں اپنی بیٹی کا رشتہ دو۔ اس پر فتح محمد راضی ہو گیا۔ اور مولوی صاحب کو بلایا گیا۔ اور ایک نابالغ لڑکے کے ساتھ نکاح کر دیا اب لڑکی جوان ہو چکی ہے مطالبے پر فتح محمد کہتا ہے کہ میں نے اپنی بیٹی کا نکاح تو نہیں کر دیا تھا۔ بلکہ اس وقت میری ایک پالتو کتیا تھی جس

کا نام بینو تھا محض اپنی جان بچانے کے لئے نکاح میں اس کا نام لیا۔ اگرچہ اپنی بیٹی کہا تھا لیکن نام اسی کتیا کا لیا تھا۔ اب بعض کہتے ہیں کہ نام یاد نہیں کہ کیا لیا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ امیر خاتون کا نام لیا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں بینو کا۔ شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب** اگر بچی کا نام صحیح لیا گیا تھا تو عقد ہو گیا ورنہ بچی کا نکاح شرعاً منعقد نہیں ہوا۔ اسکی تحقیق کر لی جائے۔ ہندیہ میں ہے۔

رجل له بنت واحدة اسمها فاطمة قال لرجل زوجتک ابنتی عائشة ولم تقع الاشارة الی شخصها ذکر فی فتاوی الفضلی انه لا ینعقد النکاح (ص۲۷۰ ج۱ جدید، قدیم ص ج۲)

لیکن اگر مذکورہ گواہ قابلِ اعتبار ہوں تو پھر نکاح شرعاً منعقد ہو جائے گا۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

## مرزائی کو بیٹی کا رشتہ دینے والے کا حکم

زید نے اپنی ایک بیٹی کا نکاح مرزائی سے کر رکھا ہے اور وہ بچی صاحبِ اولاد ہے اور زید کا مرزائیوں سے ملنا جلنا جاری ہے شنید میں ہے کہ ایک بچی کا رشتہ زید نے شیعہ سے کر رکھا ہے۔ براہِ کرم تحریر فرمائیں کہ زید جو خود مدعی اہلِ سنت والجماعت ہے اس کے بیٹے کے ساتھ کسی مسلمان بچی کا نکاح درست ہے یا؟

**الجواب** ایسے مرزائیت پسند لوگ بھی عجب نہیں کہ مرزائیوں کے زمرہ میں شامل کر دیئے جائیں قال تعالیٰ ومن یتولهم منکم فانه منهم یہودیوں اور نصرانیوں سے دوستانہ تعلقات رکھنے والوں کے بارے میں وعید فرمائی گئی ہے اور مرزائی بھی چونکہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ پس ان کے ساتھ یا مرزائیت پسند لوگوں کے ساتھ میل جول رکھنا یا رشتہ داری کے تعلقات پیدا کرنا ہرگز ہرگز جائز نہیں۔ لہذا زید کے بیٹے کے ساتھ کسی مسلمان بچی کا نکاح نہ کیا جائے تاوقتیکہ وہ قطعی طور پر اپنے والدین سے برأت وعلیحدگی اختیار نہ کرے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

الجواب صحیح محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

## سوتیلی بہن کی پوتی سے نکاح کا حکم

زید کا اپنی سوتیلی بہن کی پوتی سے عقدِ نکاح شرعاً جائز ہے یا نہیں مفصلاً و مدللاً بیان فرمائیں ؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں برتقدیرِ صحتِ واقعہ زید کا عقدِ نکاح سوتیلی بہن کی پوتی سے شرعاً درست نہیں ہے۔ رشتہ میں یہ لڑکی اولادِ اخوات میں شمار ہے اور بہن (اگرچہ سوتیلی ہو) کی اولاد سے عقدِ نکاح درست نہیں ہے۔ (عالمگیری ص۲۷۳ ج۱) میں ہے۔

وھن الامھات والبنات والاخوات والعمات والخالات وبنات الاخ وبنات الاخت فھن محرمات نکاحا ووطأ ودواعیہ علی التأبید۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفی عنہ

بندہ محمد اسحاق غفرلہ،
جامعہ خیرالمدارس ملتان

## دانستہ نام غلط لیا مگر اشارہ اسی لڑکی کی طرف کیا تو نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام و مفتیانِ عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ منظور احمد کی عمر اس وقت پانچ سال تھی، لڑکی کا صحیح نام ظفراں بی بی ہے۔ والد نے بتلایا کہ اگر تم شرعی نکاح کر سکتے ہو تو کرلو، بستی والوں کو بُلانے کی ضرورت نہیں۔ والد کا ارادہ بالکل نہیں تھا، اس لئے نام تبدیل کر کے گوساں بی بی کہا اور ساتھ ہی اشارہ کر دیا، اور حافظ اللہ بخش کی لڑکی فقط ایک ہی ہے۔ اب ہم جواب کے انتظار میں ہیں ؟

**الجواب** برتقدیرِ صحت واقعہ صورتِ مسئولہ میں مسماۃ ظفراں بی بی کا نکاح ممی منظور احمد کے ساتھ ہو گیا ہے جب تک منظور احمد بالغ ہونے کے بعد طلاق نہ دے مسماۃ ظفراں کا دوسری جگہ نکاح نہیں ہو سکتا۔ جب کہ ایجاب و قبول کے وقت اصلی طرف اشارہ بھی کیا گیا ہو۔ ہندیہ میں ہے۔

رجل له بنت واحدة اسمها فاطمة قال لرجل زوجت منك ابنتی عائشة ولم تقع الاشارة الی شخصها ذکر فی فتاوی الفضلی أنه لاینعقد النکاح۔ (ج۱۲ ص۲۷ مصری)

کتبِ مذہب میں چونکہ مفہوم معتبر ہوتا ہے اسلئے اشارہ کرنے کی صورت میں نکاح ہوجائیگا۔

فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

۲۶ / ۱۰ / ۱۴۰۷ھ

الجواب صحیح،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## نکاح خواں کے بغیر ایجاب و قبول کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین اندریں مسئلہ کہ ایک شخص اگر اپنا نکاح خود پڑھے تو نکاح ہوجاتا ہے یا نہیں؟

**الجواب** اگر دو گواہوں کے رُوبرو عورت اور مرد اپنا نکاح کر دیں۔ تو ان کا عقد نکاح منعقد ہوجائے گا۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ ۸/۹/۸۲ھ

## عورت پہلے زوجِ ثانی کی وطی کا انکار کرتی رہی اب اقرار کرتی ہے

زید نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں۔ بعد ازاں عمرو سے حلالہ کرایا۔ تقریباً پانچ سال بعد جبکہ دو بچے اور ہوگئے ہیں۔ عمرو نے بتایا کہ اس نے ہمبستری نہیں کی تھی بلکہ یوں ہی باتوں میں رات گزار دی تھی۔ عمرو کے اچانک انکشاف سے قبل عورت نے زید کو کئی مرتبہ کہا شرعی رُو سے میرا زید سے دوبارہ نکاح نہیں ہو سکتا۔ جبکہ حلالہ کے وقت عمرو نے مجھ سے ہمبستری نہیں کی تھی۔ عورت اب دوبارہ برادری کے خوف سے بیان بدل رہی ہے کہ عمرو نے ہمبستری کی ہے اس مسئلہ کے بارے میں آپ فیصلہ فرمائیں؟

**الجواب** اگر اس بات کا ثبوت موجود ہے کہ عورت نے زید سے کہا کہ "میرا نکاح تم سے درست نہیں۔ کیونکہ عمرو نے ہمبستری نہیں کی" تو یہ نکاح زید کے ساتھ فاسد ہے ان دونوں میں تفریق کر دی جائے۔ اگر ثبوت نہ ہو۔ مگر زید اعتراف کرتا ہے کہ مجھے عورت نے یہی بات کہی تھی تو بھی ان کا نکاح فاسد ہے۔ بدوں حلالہ اب بھی پہلے کے لئے حلال نہیں۔ زید اب اپنی زبان سے کہے کہ میں نے اس عورت کو "چھوڑ دیا"۔ عدت گزارنے کے بعد دوسری جگہ نکاح کرے۔ زوجِ ثانی وطی کرے۔ بالتوں میں رات نہ گزارے، عورت پھر عدت گزارے پھر پہلے خاوند سے نکاح ہو سکتا ہے۔

ولو قالت دخل بی الثانی والثانی منکر فالمعتبر قولها وکذا فی العکس اھ (شامی ص ۵۴۲ ج ۲) فقط واللہ اعلم۔

| | |
|---|---|
| العبد الاحقر محمد انور عفا اللہ عنہ | الجواب صحیح، |
| نائب مفتی خیر المدارس۔ ملتان | بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ |

## باپ بیٹی کے نکاح کا کسی کو وکیل بنا دے تو پھر بھی باپ کی ولایت ختم نہیں ہوئی

زید نے اپنی زوجہ کو اس کے مطالبہ پر اشٹام لکھ دیا کہ اللہ تعالیٰ جو بیٹی تیرے پیٹ سے عرصہ پانچ سال کے اندر پیدا کرے تو اسکے نکاح کی تو مالک ہو گی مجھے اس پر کوئی اختیار نہ ہو گا لڑکی ہوئی مگر خاوند زید نے اس اشٹام کی خلاف ورزی کی اور اپنی بیوی کی مزاحمت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے بچی کا بچپن میں اسکی ماں کی غیر موجودگی میں نکاح کر دیا۔ اب لڑکی بلوغ کی عمر میں پہنچ گئی ہے۔ والد نے جہاں نکاح کر دیا تھا انہوں نے رخصتی کا مطالبہ کیا ہے بیوی نے علماء سے مسئلہ پوچھ کر دوبارہ مزاحمت شروع کر دی ہے کہ جب تُو نے مجھے حق نکاح دیا تھا تو تیرا نکاح کر دینا درست نہیں۔ از روئے شریعت کیا حکم ہے؟

**الجواب** اول تو یہ تعلیق و توکیل ہی محلِ نظر ہے۔ بالفرض صحیح بھی ہو تو باپ کے خود نکاح کر دینے سے یہ توکیل ختم ہو گئی۔

وينعزل الوكيل بلا عزل بنهاية الشئ الموكل فيه كما لو وكله بقبض دين فقبضه بنفسه أو وكله بنكاح فزوج الوكيل الخ قوله وينعزل بتصرفه أی الموكل بنفسه فيما وكل فيه تصرفا يعجز الوكيل عن التصرف معه.

(درمختار علی الشامیۃ ص ۴۶۵ ج ۴) فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفی عنہ،

## معتبر ذرائع سے پتہ چلے کہ خاوند فوت ہوگیا ہے تو عورت عدت گزار کر دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے

ایک شخص نے ایک عورت سے شادی کی اور کچھ عرصہ بعد وہ بیرون ملک چلا گیا پھر معتبر ذرائع سے معلوم ہوا کہ وہ شخص اس دنیا سے رخصت ہوگیا ہے عورت نے عدت گزار کر دو سال بعد نکاح کرلیا۔ کچھ عرصہ بعد یعنی کل پانچ سال کے بعد پہلا خاوند واپس آگیا اب پہلا خاوند کہتا ہے کہ یہ میری بیوی ہے دوسرا کہتا ہے کہ یہ میری بیوی ہے آیا دوسرا نکاح منعقد ہوا تھا یا نہیں اگر ہوا تھا تو اب باقی ہے یا نہیں دوسرے خاوند کو پہلے نکاح کا قطعی علم نہیں ہے کیا اس عورت یا مرد پر زنا کی حد لگائی جاسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب** نکاح پہلے ہی خاوند کا باقی ہے اور یہ اسی کی بیوی ہے البتہ دوسرے خاوند کی عدت گزارنا بھی لازم ہے اس عدت کے دوران پہلا خاوند اپنی عورت کے قریب نہیں جاسکتا۔ پہلے خاوند کو نئے نکاح کی ضرورت نہیں ہے دوسرا نکاح ہوگیا تھا مگر ختم ہوگیا۔ اس عورت اور مرد پر حدِ زنا نہیں لگائی جائے گی۔

اذا اخبرها ثقة ان الزوج طلقها وهو غائب وسعها ان تعتد وتتزوج ولم يقيده بالديانة (ردالمحتار ص ۵۲۴ ج ۲) فقط واللہ اعلم،

محمد انور غفرلہٗ

## عورت کو خیارِ بلوغ تھا مگر اسے علم نہیں تھا کہ خیار ہوتا ہے تو خیار ساقط ہو گیا

سوال: مسماۃ بہاراں کا عقدِ نکاح تقریباً پانچ سال کی عمر میں اس کے چچا مسمی احمد نے کر دیا تھا مسماۃ بہاراں نے بالغ ہونے کے ایک ماہ بعد چھ آدمیوں اور اپنی والدہ کے سامنے کہا کہ مجھے اپنے چچا کا کیا ہوا عقد منظور نہیں ہے۔ چونکہ عورت دیہات میں رہنے والی ہے، مسائل سے واقف نہیں اس لئے بعد از بلوغ فوراً رد نہیں کر سکی اب کیا حکم ہے؟

الجواب: اگر بالغ ہونے کے وقت مسماۃ بہاراں کو عقد نکاح کا علم تھا۔ پھر وہ جہالت کی بناء پر خاموش رہی تو خیارِ بلوغ باطل ہو گیا۔ اب اس کا نکاح کو رد کرنا معتبر نہ ہوگا۔ اور نہ دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔

کما فی الهندیة واذا علمت بالعقد ساعة ما بلغت لکن جهلت بثبوت الخیار فسکتت بطل خیارها۔

اگر بوقتِ بلوغ نکاح کا علم نہ تھا تو خیار باطل نہ ہوگا۔ جب تک نکاح کا علم نہ ہو خیار باقی رہے گا۔ أما اذا لم تعلم بالعقد ساعة ما بلغت کان لها الخیار (عالمگیری صفحہ ۱ جلد ۲) فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ،

## ایجاب و قبول، دونوں میں صرف لفظ قبول کہا گیا تو نکاح ہوا یا نہیں؟

زید کا نکاح فرزانہ سے ہوا۔ گواہ صرف دو آدمی تھے وہ دونوں آدمی بیان کرتے ہیں کہ ہمارے روبرو نکاح اس طرح ہوا نکاح خواں نے فرزانہ بیگم کو کہا تو نے زید کو قبول کیا؟ اس نے کہا قبول کیا۔ تیسرے دن نکاح خواں نے ایک گواہ عبد القادر کو پیغام بھیجا کہ زید کو کہو اگر نکاح کو بالکل مکمل اور صحیح کرانا ہے تو مجھے مبلغ تیس روپے دیدے ورنہ جس طرح نکاح پڑھا گیا ہے میں اس کا ہرگز ذمہ دار نہیں تو کیا صورتِ مسئولہ میں نکاح ہو گیا؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں زید کا نکاح فرزانہ کے ساتھ درست ہو گیا۔ کیونکہ لفظ قبول سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے۔

قیل للزوج پذیرفتی فقال پذیرفت ینعقد النکاح وان لم تقل المرأۃ دادم والزوج پذیرفتم اھ (عالمگیری ص۲۷۱ ج۱)

فقط واللہ اعلم، بندہ محمد عبداللہ غفرلہٗ

۱۳ ربیع الثانی ۱۳۷۶ھ

## عورت کے معتدہ ہونے کا علم ہوتے ہوئے اس سے نکاح کیا جائے تو نکاح باطل ہے

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک عورت (غلام جنت) کا خاوند فوت ہو گیا۔ اور وہ عورت بوقت وفات خاوند حاملہ تھی۔ خاوند کے دوسرے بھائیوں نے مشورہ کیا کہ یہ عورت اگر وضع حمل کے بعد چلی جائے تو ہم کیا کریں گے تو انہوں نے آپس میں مل کر بغیر حق المہر حالتِ حمل میں اس عورت کا نکاح ایک بھائی سے کرا دیا۔ نکاح کا ایجاب وقبول بھی عورت نے بذاتِ خود نہیں کیا، بلکہ ایک دوسری عورت جو اس کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی ہاں کہتی تھی۔ خاوند کا بھائی (ناکح) حالتِ حمل میں ہی اس عورت کے ساتھ مجامعت کرتا رہا ہے۔ کیا اس صورت میں نکاح ہو گیا ہے۔

۲۔ اس عورت کے شکم سے بعد میں ایک لڑکا پیدا ہوا۔ تین سال تک وہ عورت اس مرد کے ساتھ رہی۔ اب دس سال ہو گئے ہیں کہ یہ عورت اپنے میکے بیٹھی ہوئی ہے۔ اور اب وہ حج کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس کو لوگ کہتے ہیں کہ جب تک تجھے خاوند اجازت نہ دے۔ آپ نہیں جا سکتی۔ اگر یہ عورت حج کو جائے تو کیا بغیر اجازت کے جا سکتی ہے؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں بر تقدیر صحتِ واقعہ یہ نکاح باطل ہے عورتِ مذکورہ اس نکاح سے آزاد ہے۔

کما فی الشامیۃ (ص۴۸۲ ج۲) ولکن فی البحر عن المجتبیٰ کل نکاح اختلف العلماء فی جوازہ کالنکاح بلا شہود فالدخول فیہ

موجب للعدة اما نکاح منکوحة الغیر ومعتدته فالدخول فیہ لا یوجب العدة ان علم انها للغیر لانه لم یقل احد بجوازہ فلم ینعقد اصلا۔
اس لئے اب اگر یہ عورت حج پر جانا چاہے تو دوسرے خاوند (جس نے عدت کی حالت میں اس سے نکاح کیا ہے) سے اجازت حاصل کئے بغیر بھی جا سکتی ہے۔ البتہ حج پر جانے کے لئے محرم کا ساتھ ہونا ضروری ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد اسحٰق غفرلہ،
نائب مفتی خیر المدارس۔ ملتان۔

## نکاح خواں کو جس لڑکے کیساتھ نکاح کرنے کا کہا تھا اس نے اسکی جگہ دوسرے سے کر دیا تو نکاح نہیں ہوا

چند نکاح ایک مجلس میں ہوئے ...... لڑکی اور لڑکے سب نابالغ ہیں۔ اور جس لڑکی کا نکاح بڑے لڑکے کے ساتھ ہونا قرار پایا تھا اس کا نکاح چھوٹے کے ساتھ ہو گیا۔ مولوی صاحب بتانے پر بھی بھول گئے اور بڑے کا چھوٹی لڑکی کے ساتھ اور چھوٹے کا بڑی لڑکی کے ساتھ کر دیا اور چھوٹا لڑکا نابالغ ہے۔ شرعی حکم بتلائیں کہ اس کے ماں باپ اس بڑی لڑکی کو طلاق دے سکتے ہیں یا نہیں، خلاصہ یہ ہے کہ بڑی لڑکی کا بڑے لڑکے کے ساتھ اور چھوٹی کا چھوٹے کے ساتھ ہونا قرار پایا تھا لیکن ہو گیا اس کے برعکس؟

**الجواب** جہاں بھی نکاح خواں وکیل نے غلطی کی تھی یعنی اولیاء کے منشاء کے خلاف برعکس نکاح کر دیا تو یہ نکاح صحیح نہیں ہوا اور اب دوبارہ نکاح کیا جا سکتا ہے بڑے لڑکے کا بڑی لڑکی کے ساتھ، اور چھوٹے لڑکے کا چھوٹی لڑکی کے ساتھ
وکلہ ان یزوجہ من قبیلتہ فزوجہ من قبیلة اخری لم یجز کذا فی الخلاصة اھ (عالمگیری ص ۲۹۶ ج ۱) فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبداللہ عفرلہ ۲۶/۱۱/۱ھ

## جس کو مذہب پیغمبر اور دین وغیرہ کا کوئی پتہ نہ ہو اُسکی نابالغی کی حالت میں کئے ہوئے نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص مرد ہو یا عورت کہ دنیاوی اُمور میں اس قدر ہوشیار ہیں کہ مشکل سے مشکل کام کو خواہ کتنی ہی تکلیف کرنی پڑے حاصل کر کے رہتے ہیں۔ رات و دن دنیاوی کاموں میں سرگرداں اور محو ہے انہی کاموں کے حاصل کرنے کے شوق میں رات دن گزار دیتے ہیں۔ دینی اُمور کے سیکھنے میں اسقدر سستی اور کوتاہی کی ہوئی ہے کہ اتنا بھی پتہ نہیں ہے کہ میں کس دین یا مذہب پر ہوں اپنے دین یا مذہب کا نام ہی نہیں جانتا اور نہ ہی جانتا ہے کہ میں کس پیغمبر کی اُمت سے ہوں اور ان کا نام کیا ہے۔ بالغ ہونے کے بعد سے اس نے ابھی تک اپنے ایمان کی صفت اجمالی یا تفصیلی کو ہرگز کسی سے نہیں سیکھا ہے اور نہ ہی سیکھنے کی کوشش کی ہے اور نہ ہی اسکے سیکھنے کو ضروری سمجھا ہے اسکے ناواقف دین ہونے کی یہ حالت ہے۔ اب بتائیے جس شخص کی یہ حالت ہو بالغ ہونے کے بعد اگر وہ مر جائے تو مسلمانوں کو ایسے شخص کا نماز جنازہ پڑھنا شریعت کی رُو سے جائز ہے یا ناجائز، اگر صغر سنی کی حالت میں اس کا نکاح کسی شخص نے ولی بن کر باپ دادا وغیرہ نے کیا ہے۔ بالغ ہونے کے بعد ایسی حالت میں وہ نکاح برقرار رہے گا یا نہیں ؟

**الجواب** جو بچہ مسلمان کے گھر پیدا ہو کر جوان ہوا ہو تو بعد البلوغ جب تک وہ صراحتاً اپنی زبان سے کسی مذہب میں داخل ہونے کا اظہار نہ کرے یا کوئی کلمہ کفر کا نہ کہے معاذ اللہ تو اسوقت تک اس کو مسلمان ہی سمجھا جائے گا۔

لقوله عليه السلام كل مولود يولد على فطرته الخ

نیز اولاد دین میں والدین کے تابع ہوتی ہے اس لئے ایسے شخص پر جنازہ پڑھ لینا چاہیئے اور اس کا بچپن کا کیا ہوا نکاح بعد البلوغ باقی رہتا ہے۔ فقط واللہ اعلم

بندہ اصغر علی غفرلہٗ

الجواب صحیح ،
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

## زنا سے پیدا شدہ لڑکی کی ولایت نکاح اسکی ماں کو ہو گی

۱۔ غیر منکوحہ مزنیہ اپنی حرام زادی لڑکی کی متولی نکاح بن سکتی ہے یا نہ؟
۲۔ کیا خیارِ بلوغ میں عین وقت بلوغ میں انکار ضروری ہے۔ اگر پہلے انکار کرتی رہے اور بوجہ لاعلمی کے عین وقت پر ساکت رہے کیا یہ انکار معتبر ہو گا؟
(المستفتی، مولانا علی محمد صاحب دار العلوم عیدگاہ کبیر والا)

**الجواب** ۱۔ بن سکتی ہے۔ درمختار میں ہے۔
فان لم یکن عصبۃ فا لولایۃ للام (شامیہ ص۳۲۹ ج۲)
جیسا کہ ماں اپنی اس اولاد کے کل مال کی وارث بنے گی جن کی بابت اس نے خاوند سے لعان کیا ہو۔ شامی میں ہے۔
لماروی واثلۃ بن الاسقع عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال تحرز المرأۃ ثلاث مواریث عتیقہا ولقیطہا وولدہا الذی لاعنت علیہ (شامی ص۴۹۵ ج۵)
جبکہ انکی ماں کے سوا کوئی وارث نہ ہو۔ ۲۔ جس وقت آثارِ بلوغ ظاہر ہوں۔ اسی وقت بلا کسی تاخیر کے زبان سے یہ کہہ دے کہ میں اس نکاح پر راضی نہیں ہوں۔ اگر عین اسی وقت میں ساکت ہو گئی اگرچہ پہلے انکار بھی کرتی رہی ہو تب بھی اس کا خیارِ بلوغ باطل ہو گا۔
ویبطل ھذا الخیار فی جانبھا بالسکوت اذا کانت بکرا ولا یمتد الی آخر المجلس حتی لو سکتت کما بلغت وھی بکر بطل الخیار۔ (عالمگیری ص۲۸۶ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہ
۱۵/۵/۱۳۸۹ھ

## عدالت کے سامنے اقرار کرنا کہ ہمارا نکاح ہے حالانکہ نکاح نہیں تھا

زید کے ہندہ کے ساتھ عرصہ دو تین سال سے ناجائز تعلقات تھے اب ہندہ کے بھائیوں نے

اس کا نکاح دوسری جگہ کرنا چاہا اور اس غرض سے وہ ہندہ کو جبراً اس آدمی کے گھر بٹھا آئے تھے زید نے عدالت کو بیان دیا کہ میرا ہندہ سے پہلے کا نکاح ہے ہندہ کے بھائیوں نے جبراً بکر کے گھر بغرض نکاح بند کیا ہوا ہے۔ عدالت نے دفعہ نمبر ۱۰۰ کے وارنٹ بکر کے خلاف جاری کر کے ہندہ اور بکر کو گرفتار کرا لیا اور بیانات قلمبند کرنے کے لئے پولیس نے انہیں عدالت میں پیش کیا ہندہ سے مجسٹریٹ نے پوچھا کہ کیا تمہارا زید کے ساتھ نکاح ہے (زید وہاں حاضر تھا) ہندہ نے جواب دیا کہ ہاں میرا نکاح ہے اور میری بچی جو تقریباً ایک ماہ کی ہے وہ اس زید کے نطفہ سے ہے مجسٹریٹ نے یہ سوال تین مرتبہ کیا ہندہ نے وہی جواب دیا۔ مجسٹریٹ نے ہندہ کا نکاح تسلیم کرتے ہوئے ہندہ کو زید (دعویدار) کے حوالے کر دیا عدالت میں بیان لینے کے وقت تین وکلاء۔ دو سپاہی دو منشی ہندہ اور بکر موجود تھے۔ کیا زید کو دوبارہ نکاح شرعی کی ضرورت ہے یا زید کا دعویٰ نکاح اور عورت کی تصدیق نکاح رُوبرو گواہوں کے نکاح کے لئے کفایت کر جائے گا۔

۲۔ اگر یہ نکاح صحیح نہیں ہے دوبارہ پڑھانے کی ضرورت ہے تو کیا یہ نکاح پڑھانے والا اس صورت میں گنہگار یا موجب ملامت ہوگا۔ وہ جانتا تھا کہ پہلے نکاح نہ تھا بلکہ ناجائز تعلقات تھے۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں چونکہ عورت نے نکاح سابق کی خبر دی ہے اور مقصود انشاء نہیں اور فی الواقع پہلے نکاح نہ تھا پس یہ نکاح عورت وغیرہ کے اقرار کرنے سے منعقد نہیں ہوا۔ وقال فی الفتح قال قاضیخان وینبغی أن یکون الجواب علی التفصیل ان أقر العقد ماض ولم یکن بینهما عقد لا یکون نکاحا الخ (الشامیۃ ص۲۸۹ ج۲)

لہٰذا دوبارہ نکاح کی ضرورت ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح، | بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ |
| عبداللہ عفا اللہ عنہ | مفتی خیرالمدارس |
| مفتی خیرالمدارس ملتان | |

## نکاح فضولی کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ مسمی شیر احمد کوئٹہ بلوچستان کا باشندہ ہے یہاں بمقام ایبٹ آباد وارد ہوا یہ شخص اپنے فرزند

کی منکوحہ تلاش کر رہا تھا چنانچہ مسمی زید نے اپنی جوان لڑکی اس کے فرزند کو دے دی لیکن دولہا یہاں موجود نہ تھا اس کے والد شیر احمد نے ایجاب کے جواب میں قبول کا لفظ کہا ہے شاہدین کے سامنے یہ ایجاب و قبول ہوا ہے اور دونوں گواہ مقامی دو عاقل مسلمان ہیں۔ اب یہ دونوں فریق آپس میں ناراض ہو گئے ہیں شیر احمد کا دعویٰ ہے کہ میری قبولیت سے یہ نکاح منعقد قرار پایا ہے اور لڑکی کا والد مدعی ہے کہ شیر احمد نے وہاں کوئٹہ میں اپنے جوان فرزند سے گواہوں کے رُوبرو قبول ہی نہیں کرایا اور ایجاب کے مقرر گواہ یہاں موجود ہیں اور یہ شیر احمد مذکور اپنے فرزند کی طرف سے وکیل بھی مقرر نہ تھا صرف تلاش کے لئے اس علاقہ میں وارد ہوا تھا عند الشرع اس نزاع کو کیسے حل کیا جائے جب باپ بیٹے کی طرف سے وکیل مقرر نہ ہوا چانک رشتہ تلاش کرتے مل جائے اور بحضور شاہدین غائب فرزند کے لئے باپ قبول کرے تو ایسا نکاح درست ہے یا کہ نہیں۔ اس کے متعلق وضاحت سے جواب عنائت کریں،

(المستفتی حکیم مولوی محمد زمان۔ ایبٹ آباد)

**الجواب** صورت مسئولہ میں مسمی شیر احمد کا گواہوں کے سامنے قبول کر لینے سے یہ نکاح منعقد ہو گیا۔ مگر موقوف ہے لڑکے کے قبول کر لینے پر اگر وہ قبول کرے گا تو لازم بھی ہو جائے گا اور اگر رد کر دے تو ختم ہو جائے گا لہٰذا اگر لڑکے نے اطلاع ملنے پر اس نکاح کو درست قرار دیا ہے تو اب یہ نکاح لازم و باقی ہے۔ اور لڑکے کا اس صورت میں باقاعدہ گواہوں کے سامنے قبول کرنا کوئی ضروری نہیں۔ باپ فضولی کی حیثیت سے بھی قبول کر سکتا ہے۔

أمره بتزويج امرأة اھ شرع في بعض مسائل الوكيل والفضولي وذكرها في باب الولي لان الوكالة نوع من الولاية لنفاذ تصرفه على الموكل ونفاذ عقد الفضولي بالاجازة يجعله في حكم الوكيل اھ (شامی ص ۳۲۵ ج ۲)

اگر یہ مجلس نکاح کے لئے تھی تو مذکورہ الفاظ سے نکاح ہو گیا ورنہ صرف منگنی ہو گی، نکاح نہیں ہو گا فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ

## دو ولیوں نے مختلف جگہ نکاح کر دیا اور متقدم کا علم نہ ہو تو دونوں باطل ہیں:

مُسمّی زید اپنے والد بکر کو اجازت دیتا ہے کہ میری لڑکی مسماۃ ہندہ نابالغہ یعنی اپنی پوتی کا نکاح کر دے جہاں چاہے چنانچہ ہندہ کے دادا نے اپنے لڑکے کی غیر حاضری میں مسماۃ ہندہ کا نکاح کر دیا اور دادا چونکہ کہیں باہر سفر میں گیا ہوا تھا اور ہندہ کا نکاح والد مُسمی زید نے کسی اور شخص سے پہلے نکاح کے عدم علم ہونے کی وجہ سے کر دیا۔ کیا اب دادا کا نکاح کیا ہوا درست ہے ؟ یا دوسرا نکاح والد کا کیا ہوا درست ہے ؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں دونوں نکاحوں کے لئے وجہ جواز موجود ہے دادے کے نکاح کے لئے وجہ جواز کہ اس کے لڑکے نے اسے اجازت کلی دے رکھی ہے دوسرا اس نے لڑکے کی غیر حاضری میں نکاح کیا۔ وللولی الابعد التزویج لغیبۃ الاقرب (درمختار ص۳۱۵ ج۲) اور والد کے نکاح کے لئے بھی وجہ جواز موجود ہے ولو زوجہا الاقرب حیث ھو جاز درمختار ص۳۱۵ ج۲) جب دونوں نکاحوں کے لئے وجہ جواز موجود ہے تو ایسی صورت میں جو تاریخ کے لحاظ سے مقدم ہوگا۔ وہ واقع ہوگا اور اگر دونوں ایک ہی ساعت میں واقع ہوئے یا سابق کا علم نہیں ہو سکتا تو دونوں باطل ہو جائیں گے کما فی الدر المختار ص۳۱۴ ج۲ ولو زوجہا ولیان مستویان قدم السابق فان لم یدر أو وقعا معاً بطلا۔ فقط واللہ اعلم، بندہ محمد عبداللہ غفرلہ، مفتی خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح، خیر محمد عفی عنہ، ۶/ ۲/ ۷۰ء

## شہناز کی جگہ ممتاز کا نام لے دیا تو نکاح کس کا ہوگا

دو لڑکیاں ہیں جن میں سے ایک کا نام شہناز بی بی اور دوسری کا نام ممتاز بی بی بڑی شہناز بی بی اور چھوٹی ممتاز بی بی ہے جب ان میں سے ایک کا نکاح کیا گیا تو شہناز کی عمر تقریباً تین سال اور ممتاز کی عمر تقریباً ڈیڑھ سال تھی ان کے والدین نے جب ان میں سے ایک کا نکاح

کیا تو انہوں نے اپنی بڑی بیٹی شہناز بی بی کو نئے لال کپڑے پہنائے اور اس کو گود میں لے کر بیٹھ گئے اور جو کچھ مولوی صاحب یعنی نکاح پڑھانے والے نے پڑھایا وہ پڑھتے گئے، کیونکہ اُس وقت لڑکی نابالغ اور ناسمجھ تھی۔ اور اس لڑکی کو جسے کپڑے پہنائے گئے تھے گود میں لے کر کلمہ بھی پڑھایا گیا یعنی کہ بظاہر بڑی لڑکی شہناز بی بی کا نکاح پڑھا گیا اور دعا خیر بھی کی گئی۔ لیکن جب کاغذات پر نام لکھوایا گیا تو اس پر شہناز بی بی کے بجائے ممتاز بی بی لکھوا دیا گیا اور کچھ سال گزرنے کے بعد شہناز بی بی بچپن میں انتقال کر گئی اور اب ممتاز بی بی جوان ہوگئی ہے اور جن کو شہناز بی بی کا نکاح دیا گیا اور نام اسکی بجائے ممتاز بی بی کا لکھوایا گیا تھا وہ شادی کرنے کے لئے آئے تو اس لڑکی کے والدین قسم دینے کے لئے تیار ہو گئے کہ ہم نے جس لڑکی کا نکاح دیا تھا۔ وہ انتقال کر گئی ہے اور اِس لڑکی کا نکاح نہیں دیا ہے اور اب وہ ممتاز بی بی کا رشتہ ہم سے لینا چاہتے ہیں۔ اور اب ہم آپ سے یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ نکاح اُس لڑکی کا تھا جسے گود میں بٹھایا گیا کپڑے پہنائے گئے اور گود میں لیکر نکاح پڑھا گیا اور کلمہ پڑھایا گیا۔ اور وہ وفات بھی پا گئی یا جس لڑکی کا صرف نام لکھوایا گیا تھا اُس کا نکاح ہے اور جس لڑکے کا نکاح شہناز کے ساتھ ہوا تھا۔ اس نے دُوسری جگہ شادی کر لی اور اب وہ صاحب اولاد ہے۔ ایجاب وقبول کے وقت نام بھی شہناز کا لیا گیا، ممتاز کا کوئی ایجاب و قبول نہیں ہوا ؟

**الجواب** اگر واقعہ یہی ہے کہ شہناز کو سامنے بٹھایا گیا اور ایجاب و قبول کے وقت اسی کا نام لیا گیا تو وہی منکوحہ بنے گی۔ رجسٹر میں ممتاز کا نام درج کرنے سے وہ منکوحہ نہیں بنے گی۔ فانها لو كانت مشار اليها وغلط فی اسم أبیها أو اسمها لا يضرّ لأن تعريف الاشارة الحسية أقوى من التسمية لما فی التسمية من الاشتراك العارض فتلغو التسمية عندها اھ

(شامی ص ۲۷۵ ج ۲)۔ فقط واللہ اعلم،

۱۴ / ۲ / ۱۴۱۰ھ محمد انور عفا اللہ عنہ،

## خنثیٰ اور دریائی انسان کے نکاح کا حکم

۱۔ نکاح خنثیٰ کا کیا حکم ہے اگر اس میں علامت مذکر موجود ہو تو کیا حکم ہے اور علاماتِ مؤنث ہوں تو کیا حکم ہے ؟

۲۔ دریائی انسان کا نکاح خشکی والی عورت سے ہو سکتا ہے یا نہیں اور اسی طرح انسان کا نکاح جنیہ سے ہو سکتا ہے ؟ (المستفتی، محمد طاہر بلوچستانی)

**الجواب** اگر کوئی آدمی بالغ ہو جائے تو اس میں مختلف قسم کی علامات پائی جا سکتی ہیں مذکر ہونے کی علامات یہ ہیں۔ ذکر سے جماع کرنا اور ڈاڑھی نکلنا اور مردوں کی طرح احتلام ہونا اور پستان کا نہ ابھرنا۔

اور مؤنث ہونے کی علامات یہ ہیں پستان ابھر آنا یا پستان میں دودھ اتر آنا یا حیض آنا یا مرد کا اس سے فرج میں صحبت کر سکنا۔ لہٰذا جس میں جو علامات ہوں گی اس کا وہی حکم ہوگا، مردوں والی ہوں تو مرد کے حکم میں ہوگا۔ عورتوں والی ہوں تو عورت کے حکم میں ہوگا۔

كما في العالمگيرية بعد ذكر هذه الاحتمالات قالوا وانما يتحقق هذا الاشكال قبل البلوغ فاما بعد البلوغ والادراك يزول الاشكال فان بلغ وجامع بذكره فهو رجل وكذا اذا لم يجامع بذكره ولكن خرجت لحية فهو رجل كذا في الذخيرة وكذا اذا احتلم كما يحتلم الرجل او كان له ثدي مستو ولو ظهر له ثدي كثدي المرأة او نزل له لبن في ثدييه او حاض او حبل او امكن الوصول اليه من الفرج فهو امرأة وان لم تظهر احدى هذه العلامات فهو خنثى مشكل وكذا اذا تعارضت هذه المعالم كذا في الهداية واما خروج المني فلا اعتبار له لانه قد يخرج من المرأة كما يخرج من الرجل كذا في الجوهرة النيرة قال وليس الخنثى يكون مشكلا بعد الادراك على حال من الحالات لانه اما ان يحبل او يحيض او يخرج له لحية

او یکون له ثدیان کثدی المرأة و بهذا یتبین حاله وان لم یکن له شئی من ذالك فهو رجل لان عدم نبات الثدیین کما یکون للنساء دلیل شرعی علی انه رجل کذا فی المبسوط شمس الائمة السرخسی رح جلد ۷ ص۲۸۵)

۲۔ شامی میں ہے لا تجوز المناکحة بین بنی آدم والجن وانسان الماء لاختلاف الجنس۔ (الشامیة ص۲۸۱ ج۲)

لہذا یہ نکاح شرعاً درست نہیں۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفر اللہ لہٗ

بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ
۳/۲/ ۱۴۱۳ھ

## متعہ، شغار اور مؤقت کی تعریفات اور ان میں باہم فرق

نکاح متعہ، شغار، مؤقت،

حلالہ کی تعریفات شرعیہ کیا ہیں۔ ان میں کیا فرق ہے ؟

۲۔ شرعی حکم کیا ہے حرام یا حلال منعقد ہوں گے یا نہیں ؟

۳۔ ان میں جو شرطیں لگائی جاتی ہیں مثلاً مؤقت میں وقت متعین کیا نکاح متعہ میں اجل مقرر کی اور حلالہ میں شرط ایک بار دخول کے بعد چھوڑنے کی یہ شرطیں باطل ہیں یا شروع اسی طرح نکاح شغار میں اپنی لڑکی کے عوض میں دوسرے کی لڑکی لینا اور شرط لگانا جائز ہے یا نہیں ؟

۴۔ شرط باطل پر عاقدین عقد بیع یا عقد نکاح کو موقوف ٹھہرائیں بایں طور کہ اگر شرط فوت یا لغو کر دی جائے تو مشروط کو لغو اور کالعدم تصور کر لیا جائے اور یہی طریقہ لوگوں میں متعارف ہو تو اس عقد کا شرعاً کیا حکم ہے ؟

**الجواب** نکاح شغار یہ ہے کہ ایک شخص اپنی لڑکی دوسرے شخص کو اس شرط پر دیتا ہے کہ وہ اپنی لڑکی کو اس کے بدلہ میں نکاح میں دیوے اور مہر مقرر نہ ہو بلکہ یہ لڑکی ہی دوسری لڑکی کا مہر ہو اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اس کا مرتکب گنہگار ہے لیکن

اگر کوئی کرے تو نکاح منعقد ہوگا اور مہر مثل واجب ہوگا۔

قال فی النہر وھو (ای الشغار) أن یشاغر الرجل أی یزوجہ حریمتہ علی أن یزوجہ الآخر حریمتہ ولا مھر الا ھذا کذا فی المغرب (شامیہ ص۳۶۱ ج۲)

نکاح متعہ یہ ہے کہ کوئی شخص کسی عورت کو کہے کہ میں اتنے روپوں کے بدلہ میں تجھ سے متعہ کرتا ہوں، یا تو مجھ سے متعہ کر، تو یہ نکاح باطل ہے۔

نکاح مؤقت یہ ہے کہ گواہوں کے سامنے وقت مقررہ تک کے لئے نکاح منعقد کیا جائے یہ بھی باطل ہے۔ (فی الدر المختار وبطل نکاح متعۃ ومؤقت) وفی الحاشیۃ قال فی الفتح قال شیخ الاسلام فی الفرق بینھما أن یذکر الوقت بلفظ النکاح والتزویج وفی المتعۃ أتمتع أو أستمتع اھ یعنی ما اشتمل علی مادۃ متعۃ والذی یظھر مع ذلک عدم اشتراط الشھود فی المتعۃ وتعیین المدۃ وفی المؤقت الشھود و تعیینھا (ردالمحتار ص۳۱۸ ج۲)

صورتِ حلالہ یہ ہے کہ مطلقہ عورت کسی دوسرے آدمی سے عدت گزرنے کے بعد نکاح کرے اور جب وہ وطی کرکے از خود طلاق دیدے تو دوبارہ عدت گزار کر یہ عورت اس پہلے خاوند کے نکاح میں آسکتی ہے لیکن دوسرے نکاح کے وقت شرط لگانا کہ وطی کرکے طلاق دینا ہوگی یہ مکروہ تحریمی ہے۔

وان کان الطلاق ثلاثاً فی الحرۃ وثنتین فی الامۃ لم تحل لہ حتی تنکح زوجاً غیرہ نکاحاً صحیحاً ویدخل بھا ثم یطلقھا أو یموت عنھا کذا فی الھدایۃ (عالمگیری ص۴۷۳ ج۱) فقط واللہ اعلم،

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح<br>بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ، | بندہ محمد صدیق غفر اللہ لہ،<br>۲۳/ ۸/ ۱۳۷۱ھ |

## مطلقہ ثلاث سے بدوں حلالہ دوبارہ نکاح باطل ہے یا فاسد؟

واقعہ درپیش ہے کہ مطلقہ ثلاثہ کے ساتھ چار سال بعد نکاح کرلیا گیا۔ یا اس خیال پر کہ

تین طلاقیں ایک ہوتی ہیں ۔ یا اس خیال سے کہ طلاق بائن دی ہے ۔ حالانکہ لوگوں کو کہتا رہا ۔ کہ میں تین دے چکا ہوں اور مغلظہ کر چکا ہوں ۔ جب اس کو کہا گیا کہ یہ نکاح باطل ہے ۔ کالعدم ہے حلالہ ضروری ہے تو ایک حیض کے بعد نکاح کرادیا اور محلل نے طلاق دے دی اور عدت گزار رہی تھی ۔ ایک حیض باقی رہتا ہے ۔ شبہ یہ ہوا کہ سابق نکاح کی عدت تھی یا نہ حلالہ ہوگیا یا دوبارہ نکاح کرا کر حلالہ کیا جائے ۔ روایات فقہیہ کی طرف رجوع کیا گیا تو مختلف اقوال سامنے آئے کہ یہ تو بالاتفاق مل گیا کہ تین طلاق مجمع علیہ ہیں ۔ مبسوط نے اس کو محارم کے ساتھ تشبیہ دی ہے جس سے معلوم ہوا کہ عدت نہیں کیونکہ محارم میں نفی عدت ونسب ہے ۔ (شامی ج۲ ص۲۸۷ اور کتاب الفقہ للمذاہب الاربعہ ص۱۱۹) میں فاسد کی تقسیم کی ہے اور یہ لکھا ہے جس کے جواز پر کسی نے قول نہ کیا ہو ۔ اس پر نہ عدت ہے نہ نسب کتاب الفقہ ص۱۲۴ پر شبہۃ العقد کی تفصیل کی ہے اور حد کو ساقط لکھا ہے لان العقد احدث عندہ شبہۃ المحل ۔ بعض مفتی حضرات اس سے نکاح فاسد کا شبہ کرتے ہیں ۔ شامی کی ذیل عبارت سے ایک فقیہ نے کہا جس سے باطل معلوم ہوتا ہے حلالہ صحیح ہوگیا ہے ۔ قالت المطلقۃ الثلاث تزوجت غیرک وتزوجها الاول ثم قالت کنت کاذبۃ فیما قلت لم اکن تزوجت فان لم تکن اقرت بدخول الثانی کان النکاح باطلا وان اقرت لم تصدق کتاب الفقہ ج۴ ص۵۱۵ ، اب عرض یہ ہے کہ آپ فرمائیں کہ کیا کیا جائے ۔ حلالہ صحیح ہے یا دوبارہ حلالہ کیا جائے ۔

(مولانا) علی محمد مہتمم دار العلوم عید گاہ کبیر والہ

**الجواب** صورت مسئولہ میں نکاح بعد الطلقات الثلاثۃ باطل ہے ۔ اس پر ائمہ اربعہ اور سلف صالحین کا اجماع ہے کہ ایک مجلس کی تین طلاق واقع ہو جاتی ہیں اہل حدیث حضرات کا اختلاف اس نکاح کے جواز کے بارے میں اسے باطل سے فاسد بنانے میں مؤثر نہیں اور فقہاء کرام کے اصول کے ماتحت " کل نکاح اختلف العلماء فی جوازہ " سے بھی یہ باطل ہے ۔ کیونکہ اس نکاح کی حرمت تمام اہل علم ائمہ اربعہ وغیرہم کے نزدیک اجماعی ہے لہٰذا زنا کے اس نکاح ثانی پر عدت نہیں ہوگی ، اور اس کو حد کے سقوط پر قیاس کرکے اتحاد دینا ۔ ۔ ۔ اغلب معلوم نہیں ہوتا لہذا زوج محلل کا نکاح اور تحلیل صحیح ہے ۔ خاوند اول

بعد از عدت گزرنے کے نکاح کر سکتا ہے ۔ فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد عبداللہ غفراللہ لہٗ
۱۳۷۸/۵/۲۴ھ

## ایک گواہ کہتا ہے کہ میں نے لفظ قبول سنا ہے دوسرا منکر ہے تو نکاح کا حکم

ایک عورت باکرہ نابینی جس کا باپ دادا بھائی حقیقی نہیں ہیں صرف ابناء العم ہیں تو ان میں سے ایک نے اپنے ساتھ اس کا نکاح کر لیا اب وہ عورت نکاح کو نہیں مانتی بلکہ کہتی ہے کہ میں نے ہرگز ہرگز قبول نہیں کیا صرف مار پیٹ کے ڈر سے کلمہ طیبہ پڑھا تھا انکار کرتی رہی نکاح خواں مولوی صاحب کا بیان ہے کہ رو برو دو گواہاں اس نے کلمہ طیبہ پڑھ کر قبول کیا تھوڑی دیر بعد پھر انکاری الفاظ کہنے لگی ایک گواہ کہتا ہے کہ پہلے مجلس میں انکار کرتی رہی تسلی دلانے پر کلمہ طیبہ پڑھا اور آہستہ سے قبول بھی کیا بعد میں انکاری ہو گئی دوسرا گواہ کہتا ہے کہ میں نے قبول کا لفظ نہیں سنا صرف کلمہ طیبہ پڑھا بعد میں آہ و فغاں اسی مجلس میں کرنے لگی جناب والا دیہات میں اس طرح مروّج ہے کہ قبل از قبول کلمہ طیبہ پڑھاتے ہیں۔ اس کو رضا سمجھتے ہیں تو اندریں صورت نکاح ہوا یا نہ اگر ہوا تو خلاصی کی صورت ہے ۔ بینوا توجروا ۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں نکاح منعقد نہیں ہوا کیونکہ لفظ قبول کے سننے پر ایک گواہ ہے اور دوسرا گواہ لفظ قبول کے صادر ہونے سے انکار کرتا ہے اس کے بیان میں صرف کلمہ طیبہ پڑھنا مذکور ہے البتہ اگر ناکح بھی علاوہ نکاح خواں اور دو گواہاں کے مجلس میں موجود تھا تب نکاح منعقد ہو جائے گا کیونکہ لفظ قبول کے سننے پر ایک شاہد موجود ہے اور دوسرا شاہد نکاح خواں ہو جائے گا اور ناکح خود مباشر نکاح قرار پائے گا ۔

یدل علیہ ما فی الدر المختار ص۲۷۶ ج۲ أمر الاب رجلا أن یزوج صغیرته فزوجها عند رجلٍ أو امرأتین والحال أنّ الاب حاضر صح لانه یجعل عاقدًا حکما والالا والدلیل علی الاول ذکره

فی صفحة ۲۷۲ ج ۲ وشرط حضور شاهدين حرين أو حر وحرتين مكلفين سامعين قولهما معاً الخ فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح،
خیر محمد عفی عنہ،

محمد عبداللہ خادم الافتاء خیر المدارس
ملتان شہر

## ولیٔ اقرب غائب بغیبتِ منقطعہ ہو تو ولی ابعد کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو ولی اقرب کو تھے

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ مسمی محمد ولی نے اپنے بھائی شیر ولی کی عدم موجودگی میں اسکی ڈو نابالغ لڑکیوں کا عقد نکاح کر دینا چاہتا تھا بوقت انعقاد نکاح مجلس میں سوال پیدا ہوا کہ نابالغ لڑکیوں کا والد زندہ ہے اور غیر حاضر ہے نکاح کس طرح ہوگا۔ محمد ولی مذکور اور مولوی نواب علی نکاح خواں نے جواب دیا کہ لڑکیوں کا والد جرمن کا قیدی ہے ہم بوقت روانگی شیر ولی کے سیالکوٹ ملاقات کے لئے گئے تھے اس نے ہمیں کہا تھا کہ میری دونوں لڑکیاں محمد ولی جہاں چاہے دیکھہ اپنی شادی کر لے اس جواب کے بعد مولوی نواب نے نکاح کر دیا۔ اور رخصتی بھی ہوگئی بعدہ طرفین میں نااتفاقی ہوگئی بالغ ناکح سے طلاق لی گئی اور نابالغ ناکح کا بعد از بلوغت طلاق دینے کا وعدہ کیا گیا شیر ولی قید سے رہا ہو کر آیا تو وہ اجازت کا منکر ہوگیا اب وہ ناکح بھی بالغ ہوگیا اور شیر ولی نے بغیر طلاق لئے مولوی نواب علی مذکور کے بھتیجے سے نکاح کر دیا اور وہی مولوی نواب علی نکاح خواں ہوا اب چند امور طلب تشریح ہیں ۱۔ کیا مندرجہ بالا صورتوں میں باجازت والد جیسا کہ مذکور ہے نکاح اول درست ہے یا کہ بلا اجازت بھی درست ہے (۲) اگر نکاح ہر دو صورتوں میں درست ہے تو متناکحین اور نکاح خواں اور جو ممد و معاون انکے ہیں ان کے ساتھ مسلمانوں کے برتاؤ کا کیا حکم ہے (۳) نکاح خواں مذکور کے پیچھے فرض عین اور فرض کفایہ کی نماز درست ہے یا نہ ۴۔ ایسے لوگوں پر تعزیر طعام مساکین بحسب طاقت ہے یا نہ اگر پہلا نکاح درست ہی نہیں تو معاملہ صاف ہے۔

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں نکاح اوّل جو محمد دین نے اپنی بھتیجیوں کے بصورت قید ہونے لڑکیوں کے والد شیر ولی) کے کر دیئے صحیح ہو گئے کیونکہ والد شیر ولی کا قیدی ہونا جرمن کا غیبتِ منقطعہ ہے پھر اس کے ساتھ والد کی اجازت بھی بقول انکے برادر کے شامل ہے بہرحال نکاح صحیح ہو گیا اور لڑکیوں کو بوقتِ بلوغ خیارِ فسخ حاصل تھا جب ان لڑکیوں نے خیارِ فسخ استعمال نہ کیا تو برادر کے کئے ہوئے نکاح لازم ہو گئے بغیر طلاق کے دوسری جگہ نکاح کرنا جرم ہے سو جس لڑکی کے خاوند سے طلاق حاصل کر کے دوسری جگہ نکاح کر دیا گیا ہے وہ تو صحیح ہے اور جس لڑکی کا بغیر حصول طلاق نکاح کیا گیا وہ ناجائز ہے نکاح خواں اور شرکارِ مجلس سب مجرم ہیں جو کہ اس نکاح میں ممد و معاون ہیں ایسی صورت میں اہلِ قریہ اور دیگر مسلمانوں کا فرض ہے کہ ان سے علیحدگی اختیار کر لیں یہاں تک کہ وہ اپنے فعل سے تائب ہوں اور ایسے امام کی امامت بھی جائز نہیں جو ایسے افعال کا مرتکب ہو۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، | بندہ محمد عبداللہ عفر لہ
خیر محمد عفا اللہ عنہ، | خادم الافتاء خیر المدارس

۲۸ / ۶ / ۱۳۷۵ھ

## باپ سے اکراہ کی حالت میں نابالغہ کا نکاح لے لیا تو نکاح کا حکم

مسمی شیر محمد کا بیان ہے کہ میں موسم سردی میں رات کے وقت اکیلا کمرہ میں سویا ہوا تھا اور شدت کا بخار چڑھا ہوا تھا تو مسمی بڈھا دروازے پر آیا اور کنڈی کھٹکھٹائی اور بولا کہ باہر نکل آ۔ میں نے جواب میں کہا کیوں؟ اس نے کہا کہ تو اپنی لڑکی مسماۃ زینب کا جس کی عمر تقریباً ۶، ۷ سال ہے مسمی امام بخش کے لڑکے صغیر سے نکاح کر دے تو میں نے کہا کہ یہ بات نہیں ہوگی۔ ہم امام بخش کو نہیں دینا چاہتے چنانچہ اس نے اندر سے کنڈی کھولی اور مجھ تک پہنچ گیا نہ میں لڑنے کا تھا اور نہ مزید جوابی کاروائی کا۔ بخار زوروں پر تھا۔ تو مسمی بڈھا نے کہا اگر تو اپنی لڑکی مسماۃ زینب صغیرہ کا نکاح نہیں کرواتا تو میں تمہیں مار دوں گا۔ خدا کی قسم دونوں گھر تباہ ہو جائیں گے اگر پھانسی پر چڑھ جاؤں گا تو کوئی بات نہیں لیکن تجھے ختم کر دوں گا۔ ڈر کے مارے میں بڑی مشکل سے ایک کمرہ سے دوسرے کمرہ میں گیا۔ اس کمرہ میں ایک مولوی صاحب ناکح کا باپ اور دو اور آدمی شیر محمد کو مجبور کرنے والے ہیں اور کوئی مجمع عام

نہیں اور کوئی شیرینی وغیرہ نہیں بانٹی گئی اور گھر والوں کو کوئی پتہ نہیں جب صبح ہوئی تو شیر محمد نے اپنی بیوی کو اطلاع دی اسکی بیوی نے شور مچا دیا اور اپنے خاوند کو گالی گلوچ دینی شروع کر دی اور یہ بات آہستہ آہستہ پھیلتی گئی جو کوئی شیر محمد سے پوچھتا تو وہ کہتا کہ موت وحیات کا سوال تھا میں کیا کرتا اسطرح بھی کوئی نکاح پڑھا جاتا ہے جس طرح مجھ سے پڑھوایا گیا چنانچہ اسکی بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی اب تک انہوں نے جبکہ وہ لڑکی بالغہ ہو چکی ہے امام بخش کے گھر سے کوئی عید برات نہیں لی جب گواہوں سے پوچھا گیا تو انھوں نے بھی کہا کہ اگر شیر محمد نکاح نہ کر دیتا تو اس کو جان سے ختم کر دیا جاتا مسمی بڈھا کا بیان ہے کہ میرے پاس لوڈ شدہ پستول تھا اور حلفیہ کہا کہ اگر وہ نکاح نہ کرتا تو میں اسے پستول مار کر ہلاک کر دیتا مسمی امام بخش اور شیر محمد ایک ہی قوم کے ہیں کیا مذکورہ بالا صورت میں نکاح ہو جاتا ہے یا نہیں۔ علاقہ کے علماء اور فضلاء فرماتے ہیں کہ نکاح منعقد نہیں ہوگا؟

(السائل، شیر محمد)

**الجواب** اذا اکرہ الرجل ان یزوج ابنتہ الصغیرۃ من رجل لیس بکفؤ لہا او باقل من مہر مثلہا ففعل فان کان النکاح باقل من مہر مثل لا ینفذ الا ان یبلغ بہ مہر مثلہا وان لم یکن کفؤا لا یصح النکاح خانیہ ص۲۸۴ ج۳، وفی الدر المختار صح نکاحہ وطلاقہ وعتقہ لو بالقول لا بالفعل کشراء قریبہ (الی ان قال) وتوکیلہ بطلاق وعتاق الخ مقتضاہ انہ لو اکرہ علی التوکیل بالنکاح یصح وینعقد ولکن لم ارہ منقولاً۔

(شامی ص۹۶ ج۵ کتاب الاکراہ)

جزئیہ بالا سے یہ ظاہر ہے کہ صورتِ مسئولہ میں نکاح منعقد ہو جائے گا کیونکہ جن اُمور میں ہزل مؤثر نہیں ان میں اکراہ بھی مؤثر نہیں اور نکاح انہیں اُمور سے ہے اور اگر یہ توکیل بالنکاح ہے تو بھی اکراہ مضر نہیں نوٹ واضح رہے کہ اگر اس نکاح میں مہر مہر مثل سے کم باندھا گیا تھا تو پورا مہر مثل دینا لازم ہوگا تب نکاح نافذ ہوگا ورنہ خیار فسخ ہوگا، فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## فون پر ایجاب وقبول کا حکم

مکرم ومحترم جناب حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، گزارش بخدمت آنکہ

دو عدد مسئلوں کا جواب درکار ہے۔ مرحمت فرمادیں۔

۱۔ ٹیلیفون پر نکاح جائز ہے جبکہ لڑکا سعودیہ میں ہے۔ لڑکی پاکستان میں ہے تو پاکستان میں مجلس نکاح منعقد کی جاتی ہے۔ پھر لڑکے سے فون کے ذریعہ رابطہ کیا جاتا ہے نکاح کے گواہ اچھی طرح لڑکے کی آواز پہچانتے ہیں کہ یہ وہی مطلوبہ لڑکا ہے اور اس کے قبول کو اچھی طرح سنتے سمجھتے ہیں۔ آواز کی پہچان میں کسی قسم کا اشتباہ بھی نہیں۔ آیا مکتوب غائب عن المجلس کی طرح یہ نکاح صحیح ہو جائے گا۔

۲۔ کوئی حافظ بیوی بچوں کے ساتھ گھر میں تراویح ادا کرتا ہے اور اس خیال سے فرض کی جماعت بھی گھر ہی کر دالیتا ہے کہ اہل خانہ بھی جماعت کا ثواب حاصل کرلیں کیا اس کا یہ فعل درست ہے یا اُسے فرض مسجد میں ادا کرنے چاہئیں۔ (المستفتی، شیر محمد جامعہ دار العلوم ربانیہ)

**الجواب** ۱۔ نکاح کے انعقاد کے لئے مجلس کا ایک ہونا ضروری ہے۔ مجلس سے غائب ہونے کی صورت میں نکاح نہ ہوگا۔ ہندیہ میں ہے۔

ومنها أن يكون الايجاب والقبول في مجلس واحد حتى لو اختلف المجلس. لا ينعقد وكذا اذا كان أحدهما غائبا لم ينعقد الخ (ص۲ ج۲)

اگر ایسی ضرورت درپیش ہو تو خاوند کسی کو وکیل بنادے وہ وکیل اس کا نکاح کردے پھر فون پر خاوند کو مطلع کردے اور خاوند اجازت دیدے۔

۲۔ مسجد میں فرض ادا کرنا بہتر ہے۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ، ۷/۱۰/۱۴۱۷ھ

### جواب مذکور پر تحریر ذیل موصول ہوئی۔

بحضور جناب مولانا مفتی عبد الستار صاحب دامت برکاتہم،
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، گزارش بخدمت آنکہ،

۱. بندہ نے آپ کے نام اس مسئلہ کے بارہ میں کہ غائب کا نکاح براہِ راست فون کے ذریعہ درست ہے کہ نہیں۔ ارسال کیا جس کا جواب ۹۰/۹ دار الافتاء کی طرف سے یہ موصول ہوا کہ یہ نکاح درست نہیں اسلئے کہ ہندیہ کی تصریح کے مطابق اتحاد مجلس شرط ہے جو یہاں موجود نہیں، حالانکہ ہندیہ کی اتحاد مجلس کی شرط کی تفصیل بلا توکیل مکتوب غائب کی صورت میں نکاح کا جواز ذکر کیا ہے اور اسکی وجہ یہ لکھی ہے کہ مجلس کا اتحاد معنوی کافی ہے ولو ارسل الیھا رسولاً او کتب بذلک الیھا ...... جاز لاتحاد المجلس من حیث المعنی ص۲۶۹ ج۱، اسی طرح در مختار کے اس قول ولا بکتابة حاضر بل غائب بشرط اعلام الشهود کے تحت صاحب ردّ المحتار تحریر فرماتے ہیں فانه ینعقد النکاح بالکتاب.... وصورته ان یکتب الیها یخطبها فاذا بلغها الکتاب ص۳۶۴ ج۲ وکذا فی فتاوی دار العلوم دیوبند) تو جب بلا توکیل کتابت کے ذریعہ غائب کا ایجاب معتبر ہے اور اس سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے، اس وجہ سے کہ اس میں مجلس کا اتحاد معنوی کافی ہے تو فون کے ذریعہ گواہ غائب کے ایجاب کو واضح طور پر پہچانیں اور اسکی آواز کی اچھی طرح شناخت کریں تو بطریق اولیٰ جائز ہونا چاہیئے۔

۲۔ ہمارے ہاں گوالوں کی یہ عادت ہے کہ شروع کا نکالا ہوا دودھ جو بہت پتلا اور روغن سے خالی ہوتا اور آخری حصہ جو بہت گاڑھا اور گھی سے بھرپور ہوتا ہے لیکن وہ اپنے خریداروں کو دھوکہ سے پہلے حصہ کا دودھ دیتے ہیں (گاہکوں سے یہ بات چھپاتے ہیں کہ ہم دودھ کا آخری حصہ خود رکھتے ہیں اور قیمت صحیح دودھ کی لیتے ہیں آیا انکا فعل جائز ہے اور بیع الغرر کے زمرہ میں تو نہیں آتا۔

فقط جوابات کی نوازش فرمائیں (شیر محمد مدرس جامعہ دار العلوم ربانیہ)

**الجواب** دراصل فون دو طرح کے ہیں ایک وہ کہ اسکی آواز صرف وہی شخص سن سکتا ہے جس نے فون اٹھایا ہوا ہو۔ دوسرا فون وہ ہے جس کی آواز سب حاضرین کو سنائی دیتی ہے پہلی قسم کے فون پر نکاح منعقد نہ ہوگا۔ کیونکہ ایجاب و قبول کو معاً دونوں گواہوں کا سننا شرعاً ضروری ہے۔ اس فون پر معاً سننا نہ ہوگا بلکہ علی التعاقب ہوگا۔ در مختار میں ہے۔

وشرط حضور شاهدین حرین او حر وحرتین مکلفین سامعین قولهما معاً (شامیہ ص۲۷۲ ج۲)

چونکہ عموماً فون ایسے ہی ہیں۔ اس لئے نکاح کے عدم انعقاد کا قول کیا گیا ہے مذکورہ قسم کے فون میں چونکہ مذکورہ شرط پائی جائے گی اس لئے نکاح منعقد ہو جائے گا۔ فون کے ذریعہ جو براہ راست آواز آتی ہے اسے رسول کے پیغام ایجاب یا خط کے مضمون کے اعادہ کی طرح قرار دیں گے۔

فقط واللہ اعلم،
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،
۵ / ۱۱ / ۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## عورت نکاح کے معاملہ میں کس حد تک آزاد ہے؟

اس میں شک نہیں کہ یہ رحمت کائنات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لایا ہوا دین ہی ہے کہ جس نے انسان کو انسان کی قدر کرنا سکھلایا، عدل وانصاف کا قانون جاری کیا، عورت کو آزاد وخود مختار بنایا اور اس کو اپنی جان ومال کا ایسے ہی مالک قرار دیا جیسے کہ مرد اپنی جان ومال کا مالک ہے کوئی شخص خواہ وہ باپ دادا ہی کیوں نہ ہو زبردستی اسے نکاح پر مجبور نہیں کر سکتا اگر وہ زبردستی نکاح کر بھی دے تو وہ اسکی اجازت پر موقوف رہے گا۔

لیکن جیسے عورت کو اس کے حقوق مناسبہ نہ دینا ظلم وجور اور قساوت وشقاوت ہے اسیطرح اُن کو بالکل کھُلی چھٹی دے دینا اور مردوں کی نگرانی وسیادت سے آزاد کر دینا بھی بہت سے فتنوں و فسادات کا ذریعہ ہے۔ عورت کو مردوں کی سیادت ونگرانی سے بالکل آزاد کر دیا جائے تو یہ پورے انسانی معاشرہ کے لئے خطرۂ عظیم ہے جس سے فساد وخون ریزی اور طرح طرح کے فتنوں کا پیدا ہونا لازمی ہے۔ جیسا کہ روزمرہ کا مشاہدہ ہے اسلئے قرآن حکیم نے عورتوں کے حقوق واجبہ کے بیان کے ساتھ ساتھ یہ بھی ارشاد فرمایا کہ وللرجال علیھن درجۃ جس کا معنی یہ بنتا ہے کہ مرد ان کے نگران اور ذمہ دار ہیں۔

عورتیں جب مردوں کی نگرانی وسیادت سے آزاد ہوتی ہیں تو ایسے ایسے نتائج بد سامنے آتے ہیں کہ انسانیت سر پیٹ کر رہ جاتی ہے۔ نکاح وشادی وغیرہ کے مسئلہ میں شریعت کا منشاء یہ ہے کہ یہ امور عورت کے اولیاء اور سرپرست انجام دیں۔ ارشاد باری ہے۔

وانکحوا الایامیٰ منکم والصٰلحین من عبادکم جو بے نکاح ہوں تم ان کا نکاح کر دیا کرو الخ قولہ وامآءکم الآیۃ (سورۃ نور آیت ۳۲) تمہارے غلام اور لونڈیوں میں جو اس کے لائق ہوں۔

آیتِ مذکورہ کے طرزِ خطاب سے باتفاق ائمۂ فقہاء یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ خود اپنا نکاح کرنے کے لئے کوئی مرد یا عورت بلاواسطہ اقدام کی بجائے اپنے اولیاء، وسرپرستوں کے واسطے سے یہ کام سرانجام دے اس میں دین ودنیا کے بہت سے مصالح اور فوائد ہیں بالخصوص لڑکیوں کے معاملہ میں کہ لڑکیاں اپنے نکاح کا معاملہ خود طے نہ کریں یہ ایک قسم کی بے حیائی بھی ہے اور اس میں فواحش کا راستہ کھل جانے کا بھی خطرہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ احادیث میں عورتوں کو خود اپنا نکاح بلاواسطۂ ولی کرنے سے روکا گیا۔

آیتِ کریمہ فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن کی تفسیر میں امام شافعیؒ لکھتے ہیں " ھذہ أبین آیۃ فی کتاب اللہ تعالیٰ تدل علی ان النکاح لایجوز بغیر ولی اھ (مبسوط سرخسی ص۱۱ ج۵)

کہ قرآن حکیم میں یہ آیت واضح ترین ہے جو یہ بتاتی ہے کہ نکاح ولی کے بغیر جائز نہیں، ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ میں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی روایت آتی ہے۔

،، کہ ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا ایسے ہی ترمذی اور ابن ماجہ میں حضرت عائشہؓ کی روایت ہے۔ ایما امرأۃ نکحت نفسھا بغیر اذن ولیھا فنکاحھا باطل فنکاحھا باطل فنکاحھا باطل " کہ جو عورت ولی وسرپرست کی اجازت کے بغیر نکاح کرے گی وہ نکاح باطل ہے، باطل ہے، باطل ہے۔

سنن ابن ماجہ میں تو اس سے زیادہ واضح لفظوں میں ارشاد فرمایا گیا۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاتزوج المرأۃ المرأۃ۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔ ولا تزوج المرأۃ نفسھا (ابن ماجہ)

کہ کوئی عورت، عورت کا نکاح نہ کرے اور کوئی عورت اپنا نکاح خود بخود نہ کرے۔

البتہ ان احادیث کا یہ مطلب نہیں کہ بالغہ کفو میں نکاح کرلے تو منعقد ہی نہیں ہوگا بلکہ مقصد یہ کہ انکے ایسے نکاح مآلاً" باطل ہو جاتے ہیں۔ فقط واللہ اعلم، محمد انور عفا اللہ عنہ

# ایجاب کے جواب میں دولہا کے آمین کہنے سے نکاح کا حکم

نکاح خواں مولوی نکاح خوانی کے وقت دولہا کو کہتے ہیں فلاں دختر فلاں اتنے مہر کے بدلے میں آپ کی ملک کی، اور دولہا کو بجائے لفظ قبول کرنے کی تلقین کے لفظ آمین کہنے کی تلقین کرتا ہے اور اسی طرح نکاح خواں کی طرف سے لفظ ملک اور دولہا کی طرف سے لفظ آمین کہنے پر نکاح ہو جاتا ہے مزید برآں کہ نکاح خواں کو بروقت آگاہ بھی کیا گیا کہ آپ لفظ ملک کی بجائے لفظ نکاح استعمال کریں اور دولہا لفظ آمین کی بجائے لفظ قبول استعمال کرے لیکن وہ ضد پر مصر ہیں اور اسی طرح نکاح کر دیا گیا یہ نکاح مطابق شریعت ہے ؟

**الجواب** نکاح ہر ایسے لفظ سے منعقد ہو جاتا ہے جو مفید تملیک ہو جبکہ یہ لفظ بنیت نکاح استعمال کیا جائے وانما یصح بلفظ تزویج ونکاح لانھما صریح وما عداھما کنایۃ وھو کل لفظ وضع لتملیک عین فی الحال کھبۃ و تملیک اھ درمختار ملخصاً۔ پس صورت مسئولہ میں ایجاب تو درست ہے لیکن قبول کی بجائے آمین کہنا اس میں تردد ہے کہ قبول شرعی بنایا نہیں لغوی معنی کے اعتبار سے اس لفظ کا قبول نہ ہونا ظاہر ہے کیونکہ اس کا معنیٰ استجب وغیرہ ہے جس کی حقیقت طلب شئی ہے اخبار واظہار عن تحقق الشئی نہیں چونکہ انعقاد نکاح کے لئے قبول بھی رکن ہے اور وہ بظاہر متحقق نہیں ہوا لہٰذا نکاح منعقد نہیں ہوگا۔ تجدید نکاح ضروری ہے کم از کم احتیاطاً واجب ہے کیونکہ معاملہ نکاح کا ہے۔

نوٹ : ایسے ضدی نکاح خواں کو تنبیہ کی جائے کہ آئندہ ایسی بے احتیاطی نہ کرے ایجاب میں لفظ نکاح استعمال کیا کرے اور قبول میں یہ کہلوائے کہ میں نے قبول کیا فقط۔ واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، الجواب صحیح، بندہ عبد اللہ غفرلہ،

## جواب مذکور پر حسب ذیل تحریر موصول ہوئی۔

ہمارے علاقہ میں ایک مفتی صاحب نے قبل ازیں ایک فتویٰ صادر فرمایا ہے جس میں انہوں نے بوقت نکاح دولہا کی طرف سے لفظ آمین کے جواز کا فتویٰ صادر فرمایا تھا اور کہا کہ لفظ آمین کے معنی معروف و مشہور ہیں

"میں قبول کرتا ہوں" ان معنوں کا ثبوت مانگنے پر انہوں نے دوسرا فتوی صادر فرمایا جس میں انہوں نے حسب ذیل دلائل پیش کئے ا۔ سب سے پہلی بحث یہ ہے کہ لفظ آمین کے معنی قبول کے ہیں کہ نہیں؟ اس بحث کے متعلق گزارش ہے لغت کی مشہور کتاب فیروز اللغات کے صا۲۱ میں لفظ آمین کی بحث میں لکھتے ہیں کہ آمین کہنا ا۔ قبول کرنا ۲۔ ماننا ۳۔ ہاں میں ہاں ملانا۔ آمین کہنے والا ہاں میں ہاں ملانے والا ہے اس اقتباس سے معلوم ہوا کہ آمین کا معنیٰ صرف قبول کرنے کے ہی نہیں ہیں بلکہ اس کے معنی ماننے وغیرہ کے بھی آتے ہیں دوسرے یہ کہ آمین کے صلات میں تغیر سے اس کے معنیٰ بھی تبدل پذیر ہوجاتے ہیں مثلاً آمین کا صلہ اللہ آئے اور آمین اللہ کہا جائے تو اس کے معنی ہیں خدا کی پناہ ۲۔ خدا نہ کرے ۳۔ نعوذ باللہ وغیرہ جب اس کا متعلق لفظ ہونا ہو یعنی آمین ہونا کا لفظ بولا جائے تو اس کا معنی ا۔ امن چین سے ہونا ۲۔ خوشیاں منانا ۳۔ مراد بر آنا آتے ہیں۔ جب آمین کا معنیٰ ماننے اور ہاں میں ہاں ملانے اور قبول کرنے کے آتے ہیں تو مجھے آمین ہے کا معنیٰ مجھے قبول ہے کیوں نہ ہوگا۔ پنجابی زبان کے مشہور قادر الکلام شاعر بلکہ تاج الشعراء پیر وارث شاہ اپنی معروف اور زبانِ زدِ خلائق کتاب ہیر وارث شاہ میں لکھتے ہیں

جنہاں شک کیتا او گمراہ ہوئے — پڑھ کے دیکھ ولاالضالین قاضی
اک وار جے رانجھناں دید دیوے — آکھاں مکھ تھیں لکھ آمین قاضی

یعنی قاضی صاحب جو کھیڑے کے ساتھ نکاح پڑھانے پر مجبور کرتے ہیں یہ میں کبھی تسلیم نہیں کروں گی لیکن میرا محبوب رانجھا ایک بار منہ دکھادے تو لاکھ بار میں قبول و منظور کروں گی۔

۲۔ حکیم عبد اللطیف المعروف عارف اپنی مشہور و معروف تصنیف کملی والے صا۲ے پر لکھتے ہیں۔

ہو آزاد بلال نے آن ملی خدمت رحمۃ اللعالمین میاں
سر دین توں وارجائن کیونکہ جنہاں بولیا حرف آمین میاں

یعنی جنہوں نے اسلام قبول کرلیا وہ حضور علیہ السلام کے در مقدس کو کیسے اور کیونکر چھوڑ سکتے ہیں ان حوالہ جات سے معلوم ہوا کہ آمین کہنا بمعنی قبول کرنا نہ صرف لغتاً مستعمل ہے بلکہ اہل زبان بھی اسکو عام طور پر استعمال کرتے ہیں۔

دوسری بحث یعنی عقود میں معانی کا اعتبار ہے کا حاصل یہ ہے کہ فقہاء کرام کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ عقود کے انعقاد کے لئے ہر وہ لفظ یا چیز کافی ہے جو مقصود کو متعین کرنے

پر دال ہو مثلاً عقدِ بیع میں مبادلۃ المال بالمال بالتراضی مقصود ہے۔ اس مقصد پر جو چیز بھی دلالت کرے گی وہی کافی ہے۔ ایجاب کے لئے بعت اور قبول کے لئے قبلت یا اشتریت ضروری نہیں بلکہ جو چیز بھی مقصود پر دلالت کرے گی انعقادِ بیع کے لئے کفایت کرے گی حتیٰ کہ بعض اوقات ایجاب وقبول کے الفاظ سرے سے ناپید ہوتے ہیں یہ الفاظ بولے ہی نہیں جاتے بلکہ پھر بھی بیع شرعاً متحقق ہو جاتی ہے جیسے بیع بالتعاطی میں صرف مبیع اور ثمن کا لین دین ہوتا ہے فقہا کرام کے ارشادِ گرامی کا یہ مقصد لینا کہ عقد میں قبول کے لئے وہ لفظ معتبر ہوگا جس کا معنیٰ میں قبول کرتا ہوں، ضروری ہے جہالت ونادانی پر مبنی ہے یہ بات اہلِ علم کی شان سے بعید ہے۔

چند باتیں جواب طلب ہیں ا۔ مفتی صاحب نے جن کتب سے حوالہ جات دیئے ہیں خصوصاً ہیر رانجھا اور کملی والے کیا یہ علماء کرام کے نزدیک قابلِ قبول ہیں اور فقہ کی مشہور ومعروف کتب کے مقابلے میں حجت ہیں ۲۔ اگر واقعتاً آمین کا معنیٰ میں قبول کرتا ہوں کے ہیں جیسا کہ مفتی صاحب نے سابقہ فتویٰ میں تصریح فرمائی ہے تو طلبِ ثبوت میں مفتی صاحب نے کیوں نہ عربی تفسیر یا فقہ کی کتاب کا حوالہ دیا ۳۔ کیا کسی مفتی دین کی شان کے لائق ہے کہ کتاب وسنت وفقہ کو چھوڑ کر ہیر رانجھا جیسی فحش کتاب اپنے فتویٰ میں بطورِ دلیل پیش کرے ان جملہ گزارشات کا جواب تفصیل سے عنایت فرمائیں؟

## الجواب

واضح رہے کہ سوال بدلنے سے جواب بدل جاتا ہے آپ نے جو سوال تحریر کیا تھا اس میں تھا کہ ناکح نے جواب میں کہا آمین چونکہ تنہا آمین کہہ دینا عرف میں قبول نہیں بنتا اس لئے نکاح کو غیر منعقد کہہ دیا گیا اب ہمارے ہاں دوسرا سوال مع جواب موصول ہوا ہے جس کے دلائل کو آپ ذکر کر کے تردید کر رہے ہیں اور ہم سے تصدیق کے طالب ہو رہے ہیں۔ ہم نے اس دوسرے سوال وجواب کو پورا دیکھا ہے اس میں ناکح کے یہ الفاظ مذکور ہیں کہ مجھے آمین ہے اس پورے جملے میں اور صرف آمین کہنے میں فرق ہے اس پورے جملے کہنے سے مجھے آمین ہے قبول ہو جاتا ہے اور نکاح منعقد ہو جاتا ہے لہٰذا ہم نے مفتی عبداللطیف صاحب کے جواب کی تصدیق کر دی ہے مفتی صاحب کے کلام میں جو اشعار پنجابی وغیرہ کے ہیں۔ یہ قرآن و حدیث کے مقابلے میں استدلال کے طور پر پیش نہیں کئے گئے بلکہ محاورہ وغیرہ کے اثبات میں ہیں اس لئے اس پر اعتراضات صحیح نہیں ہیں۔ حاصل کلام یہ ہے کہ آپ تحقیق کر لیں کہ اگر ناکح نے کہا

ہے کہ مجھے آمین ہے تو نکاح منعقد ہے اور اگر صرف آمین کہاہے تو نکاح غیر منعقد ہے یا کم از کم مشکوک ہے احتیاطاً تجدید ضروری ہے نیز ہم نے نکاح خواں کو تنبیہ لکھ دی ہے کہ قبول جیسے معروف لفظ کو چھوڑ کر مجھے آمین ہے کے الفاظ سے قبول نہ کرائیں اس میں فتنہ برپا ہوتا ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

## باپ کا غیر کفو میں کیا ہوا نکاح بھی لازم ہوتا ہے

۱۔ ایک لڑکی کی عمر ۲۵ سال عاقلہ بالغہ قوم مسی مذہب شیعہ مفرور ہوکر دومیل کے فاصلہ پر ایک لڑکا عمر ۲۵ سال اہل السنۃ والجماعۃ قوم کمہار کے ساتھ بلا اجازت باپ کے نکاح کر لیا ہے آیا یہ نکاح غیر کفو میں جائز ہے یا نہ ؟

۲۔ لڑکی کے باپ نے زمینداروں کی امداد سے ایک ہفتہ کے اندر لڑکی کو واپس کر لیا ہے اب لڑکی کا باپ، دوسری جگہ نکاح کرنا چاہتا ہے آیا بغیر طلاق کے دوسری جگہ نکاح کر سکتا ہے یا نہ ؟

۳۔ ایک شخص نے جان بوجھ کر اپنی نابالغہ لڑکی کا نکاح غیر کفو میں کر دیا ہے اور اب لڑکی بالغ ہو گئی ہے تو باپ کے کئے ہوئے نکاح کو منظور نہیں کرتی اور کہتی ہے کہ میرے خاندان میں کیوں نہیں کیا گیا وہ لڑکی نہیں مانتی اور غیر کفو میں انکاری ہے۔ اسکی کوئی صورت ہو سکتی ہے ؟

۴۔ ایک شخص کی دو عورتیں ہیں ایک کا نام اللہ وسائی اور دوسری کا نام نور بی بی ہے۔ اللہ وسائی کی ایک لڑکی عطاء الٰہی ہے۔ اب عطاء الٰہی کا نکاح در محمد کے ساتھ ہو گیا ہے در محمد نور بی بی کے ساتھ ناجائز زنا کاری کرتا رہا ہے کیا در محمد کا نکاح جائز ہوگا یا نہ ؟

**الجواب** ۱۔ اگر لڑکی اپنی مرضی سے بغیر اجازت ولی غیر کفو میں نکاح کرے تو فتویٰ اس پر ہے کہ نکاح منعقد نہیں ہوتا۔ ویفتی فی غیر الکفو بعدم جوازہ اصلاً وھو المختار للفتویٰ درمختار ص۴۰۹ ج۲ پس اگر قوم مسی قوم کمہار کو پیشہ و درجہ میں کم سمجھتی ہے تو یہ دونوں کفو نہیں اور نکاح ان دونوں کا منعقد نہیں ہوا۔

۲۔ اور جب نکاح منعقد نہیں ہوا تو لڑکی کے والد کو اختیار ہے کہ لڑکی کی رضامندی سے دوسری جگہ اس کا عقد کر دے۔

۳۔ یہ نکاح صحیح اور لازم ہو گیا۔ لڑکی کا انکار غیر معتبر ہے درمختار میں ہے۔ وللولی الآتی

انکاح الصغیر والصغیرۃ ولزم النکاح ولو بغبن فاحش او زوجھا بغیر کف ءان کان الولی المتزوج بنفسہ بغبن ابا أو جدا اھ ص۳۳۲ ج۲ درمختار علی الشامیۃ

۴۔ مستفتی در محمد نور بی بی سے ناجائز تعلق رکھنے کی وجہ سے گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوا ہے لیکن عطا الٰہی سے اس کا نکاح باقی ہے کیونکہ نور بی بی عطاء الٰہی کی والدہ نہیں ہے فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، سید احمد علی سعید

سید مہدی حسن صدیقی نائب مفتی دارالعلوم دیوبند ۵/۷

الاجوبۃ صحیحۃ،

بندہ محمد عبداللہ غفرلہ خادم الافتاء خیرالمدارس ملتان

## عورتوں کی خرید و فروخت کا کاروبار کرنیوالوں سے کوئی عورت خرید کر اس کے ساتھ نکاح کرنا

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض افغانی وغیرہ لوگ سندھ میں کچھ عورتوں کو اغواء کر کے لاتے ہیں اور یہاں ان کو فروخت کر کے چلے جاتے ہیں۔ یہ لوگ اس تجارتی کاروبار کو منظم طریقہ سے چلارہے ہیں۔ یہ لوگ بوقت فروختن مذکورہ عورتوں کو اپنی بیویاں اور بہنیں ظاہر کرتے ہیں لیکن بعد میں ساری زندگی بھی نہ انکے پاس آتے جاتے ہیں اور نہ خط و کتابت جاری رکھتے ہیں۔ جن سے ان عورتوں کا مغویہ ہونا مبیّن طور سے معلوم ہوتا ہے۔ یہاں کے کچھ لوگ ان عورتوں کو ان سے قیمتاً خرید کرتے ہیں۔ کبھی اپنے پاس رکھتے ہیں اور کبھی دوسروں کو بیچ دیتے ہیں۔ پھر بعض لوگ تو ان سے نکاح بھی کر لیتے ہیں اور بعض لوگ بلا نکاح ان سے ازدواجی تعلقات قائم رکھتے ہیں اکثر حالات میں بالخصوص جبکہ افغانی ہو، دیکھا گیا ہے کہ عورت بالکل نہ سندھی زبان بول سکتی ہے اور نہ اُردو اور نہ ان دونوں کو سمجھ سکتی ہے لیکن باوجود اس کے لالچی مُلّا نکاح خواں ان عورتوں کا نکاح پڑھ دیتے ہیں جس کے باعث عورت جاہل لوگوں کے پاس ازدواجی زندگی پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ اب آپ حضرات سے مندرجہ ذیل اُمور کا جواب مطلوب ہے۔ براہ کرم کافی غور سے جواب باصواب سے ممنون فرمادیں۔

۱۔ آیا یہ کام ان لوگوں کا عندالشرع جائز ہے یا حرام واجب الترک ۲۔ نیز ان عورتوں کا خریدنا

تعاون علی الاثم میں داخل ہے یا نہیں ۳۔ اور ان سے نکاح کرنا عندالشرع ناجائز ہے مکروہ ہے یا مشتبہ ہے یا حرام ہے اور جبکہ عورت ایجاب وقبول کے الفاظ کو نہ سمجھ سکتی اور نہ بول سکتی ہے۔ ایسی حالت میں ایجاب وقبول درست ہے یا نہیں اور صرف باہمی ازدواجی تعلقات کو علامتِ رضا قرار دے کر نکاح کے جواز اور صحت کا حکم دینا صحیح ہے یا غلط۔ اگر جواب اثبات میں ہے تو ان میں اور اس شخص میں جو بلا نکاح ازدواجی تعلقات قائم رکھتا ہے۔ ان دونوں میں وجہ فرق کیا ہے۔ اگر ہر دو صورتیں حرمت سے خالی ہیں تو کیا یہاں کے جو وڈیرہ اور متمول لوگ جو کسی عورت غیر منکوحہ کو بلا نکاح آشنائی کے طور پر اپنے پاس رکھتے ہیں اور ان سے جماع وغیرہ ہوتا رہتا ہے۔ تو کیا یہ عورت بھی باہمی ازدواجی تعلقات کی بناء پر ان کی منکوحہ زوجہ شمار کی جائے گی اور ان سے پیدا شدہ اولاد حلالی اور میراث کی حقدار ہو گی یا نہ۔ اگر جواب نفی میں ہے تو براہِ کرم وجہ فرق بیان کریں اگر کچھ مدت گزرنے کے بعد (جبکہ عورت زبان دانی پر قادر ہو جائے) اگر عورت یہ بیان دے کہ بوقتِ اغواء میرا خاوند اپنے وطن میں زندہ تھا اور میں اسکی منکوحہ ہوں۔ تو آیا اس کے اس بیان کو صحیح تصور کیا جاوے گا یا نہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو یہاں جو اسکی اولاد ہوئی وہ ثابت النسب ہو گی یا نہیں، براہِ کرم جواب تحریر فرما کر عنداللہ ماجور اور عندالناس مشکور ہوں (المستفتی مولوی احمد خطیب جامع مسجد پڈ عیدن)

**الجواب** اغواء اور مغویہ عورتوں کی خرید و فروخت دونوں امر ناجائز اور حرام ہیں۔ اگر بالفرض یہ عورتیں لانے والوں کی بیٹیاں وغیرہ بھی ہوں، تب بھی ان کی خرید و فروخت حرام ہے۔ ۳۔ احتیاط اسی میں ہے کہ ایسی عورتوں کے نکاح سے احتراز کیا جائے، لیکن اگر لانیوالے کے قول پر اعتماد و یقین آ جائے تو نکاح کر لینے کی بھی گنجائش ہے۔ وکذا لو قالت لرجل طلقنی زوجی وانقضت عدتی فلا بأس ان یتزوجھا (ہدایہ ص۴۵۳ ج۴)

ایسے امور میں خبر واحد کو فقہاء نے مقبول لکھا ہے جبکہ صدق کا غلبہ ظن ہو جائے اور اس کے خلاف کوئی دلیل موجود نہ ہو۔ کما فی الھدایۃ ایضاً ومن علم بجاریۃ انھا لرجل فرأی اٰخر یبیعھا وقال وکلنی صاحبھا ببیعھا فانہ یسعہ ان یبتاعھا ویطأھا لانہ اخبر بخبر صحیح لا منازع لہ وقول الواحد فی المنازعات مقبول علی ای وصف کان لما مرّ من قبل الی ان قال وھٰذا

اذا کان ثقة وکذا اذا کان غیر ثقة واکبر رأیه انه صادق لان عدالة المخبر فی المعاملات غیر لازمة للحاجة علی ما مر وان کان اکبر رأیه انه کاذب لم یسع له ان یتعرض لشیٔ من ذلك الخ (الهدایة ص۴۶۶ ج۴) عبارت ہذا کے آخری حصہ سے بھی یہ معلوم ہوا کہ اگر غلبۂ ظن شخص مذکور کے کذب کا ہو تو اس صورت میں ان عورتوں سے نکاح کرنا جائز نہیں ہوگا۔

لہ واذا کان احد العوضین او کلاهما محرما فالبیع فاسد کالبیع بالمیتة والدم والخمر والخنزیر وکذا اذا کان غیر مملوک کالحر۔ (الهدایة ص۵۳ ج۳)

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، مفتی خیر المدارس ملتان

خیر محمد عفا اللہ عنہ ۱۵/۱/۱۳۸۶ھ

## ایجاب و قبول عقد نامہ کی شکل میں لکھ لینے سے نکاح نہیں ہوتا تاوقتیکہ زبان سے نہ کہا جائے

ایک عورت غیر ملک میں جاتی ہے جہاں اس کا محرم نہیں اور وہ مطلقہ ہے اور وہاں کسی دوسرے آدمی سے نکاح کرتی ہے اس کا علم صرف اسکی بہن اور اس کے تین دوستوں کو ہے شادی کے بعد شوہر اور بیوی کی طرح بدنامی کی وجہ سے ظاہر نہیں ہوئے اور عورت کا شوہر کے ہاں قیام نہیں دونوں بر تھ کنٹرول کے طریقے سے اولاد کا سلسلہ بھی ختم کر رہے ہیں چونکہ لوگوں کو ان کے عقد نکاح کا علم نہیں اس لئے بے باکی سے ملنے کو برا سمجھتے ہیں کیا یہ عقد جائز ہے اور ان کا اسی طرح زندگی گزارنا صحیح ہے۔؟

۲۔ مرد اور عورت کا آپس میں ارادہ نکاح کا ہوا مرد کسی شیخ کے پاس جاکر عقد نامہ لکھواتا ہے مہر مقرر ہوا عورت خود شیخ کے سامنے حاضر نہ ہوئی۔ شیخ کو مرد کے بتانے سے رضاء عورت کا علم ہوا دو گواہ جانتے ہیں مگر وہ عورت کو نہیں جانتے بلکہ صرف مرد کو جانتے ہیں۔ نکاح میں مہر مقرر کرکے شیخ عقد نامہ لکھدیتا ہے یہ نکاح جائز ہے یا نہ؟

**الجواب** ۱،۲ عورت اگر کسی مرد سے کہے کہ تو مجھ سے نکاح کر تو شخص مذکور اگر اس عورت کو اس کے باپ دادا کیطرف منسوب کرکے دو گواہوں کے سامنے کہدے کہ

میں نے اپنا نکاح فلانہ بنت فلاں سے کر دیا تو یہ نکاح شرعاً صحیح متصور ہوگا اور اگر الفاظ خط کشیدہ زبان سے نہیں کہے اور ویسے ہی عقد نامہ تحریر کرا لیا گیا تو محض تحریر عقد نامہ سے بدوں ایجاب و قبول کے نکاح منعقد نہ ہوگا گو تحریر میں انشاء عقد ہو کما فی الدر المختار ص۴۴۸ ج۲ ویتولی طرفی النکاح واحد بایجاب یقوم مقام القبول (الی قولہ) کان اصیلاً من جانب ووکیلاً او ولیاً من آخر.... لیس ذلک الواحد بفضولی من جانب وان تکلم بکلامین علی الراجح پس صورت مسئولہ میں چونکہ محض تحریر عقد نامہ ہی ہوا ہے ایجاب و قبول کرایا ہو تو دوبارہ سوال لکھ کر جواب حاصل کریں۔

واضح رہے کہ فقہاء نے کتابت کی جس مخصوص صورت میں نکاح کو منعقد سمجھا ہے وہ صورت یہاں موجود نہیں ہے۔

۱۔ عورت مذکورہ سے اگر نکاح صحیح ہوتا تو اس سے میل جول رکھنے کی گنجائش تھی مگر بہتر اظہار و اعلان ہی تھا لیکن اب چونکہ نکاح میں شبہ ہو گیا۔ لہذا سابقہ تعلقات فی الحال منقطع کرنا ضروری ہیں تا وقتیکہ نکاح کا وجود متحقق نہ ہو جائے۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

الجواب صحیح،

عبداللہ مفتی خیر المدارس ملتان۔

نوٹ: آپکے سوال سے جو صورت ذہن میں آئی تھی اس کا حکم تو اُوپر لکھ دیا گیا البتہ اگر یہ صورت ہوئی کہ شیخ کے پاس جا کر جب آپ نے اپنا قصد ظاہر کیا تو شیخ نے عورت کی طرف سے ایجاب زبانی کر دیا ہو کہ میں نے فلانہ کا نکاح تمہارے ساتھ کر دیا اور آپ نے اسے الفاظ آئندہ کے ساتھ قبول کر لیا تو اس صورت میں نکاح درست متصور ہوگا جبکہ بعد میں عورت مذکورہ اس پر راضی ہو گئی ہو اور تمکین دیدی ہو فقط، عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## مطلقہ مغلظہ مرتد ہو جائے تو بدون حلالہ دوبارہ نکاح کا حکم

زید نے نومسلمہ عورت ساجدہ سے نکاح کیا۔ مگر برادری نے مجبور کر کے اسے تین طلاق دلوادیں جو منسلکہ طلاقنامہ میں درج ہیں۔ ساجدہ پھر عیسائی ہو گئی۔ زید بہت پشیمان

ہے وہ چاہتا ہے کہ ساجدہ کو دوبارہ مسلمان کرے پھر اس سے نکاح کرلے ۔
کیا بدوں حلالہ کے نکاح کر سکتا ہے ؟

**الجواب** ساجدہ کے دین سے مرتد ہوجانے سے حرمت مغلظہ ختم نہیں ہوئی ۔ وہ بدستور حرام ہے ۔ اسلام لانے کے بعد بھی تاوقتیکہ دوسری جگہ نکاح اور وظیفۂ زوجیت ادا ہونے کے بعد طلاق نہ ہو زید کے لیے حلال نہیں ہو سکتی
لو طلقھا ثنتین وھی امۃ ثم ملکھا او ثلاثا وھی حرۃ فارتدت ولحقت بدار الحرب ثم سبیت وملکھا لا یحل لہ وطؤھا بملک الیمین حتی یزوجھا فید خل بھا الزوج ثم یطلقھا اھ (شامیہ صـ۲۱۲ ج ۳) فقط واللہ اعلم
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ ۱۱ ـ ۹ ـ ۱۴۰۴ھ

## صرف صبی غیر ممیز نے قبول کیا تو نکاح نہیں ہوا

**سوال**: دو بچوں کے نکاح اس طرح ہوئے ۔ ایک بچے کی عمر ۸ سال اور لڑکی کی عمر ۶ سال ، دوسرے بچے کی عمر ۵ سال لڑکی کی عمر ۴ سال بچوں کے والدین کے اہتمام پر چند لوگوں کے مجمع میں مولوی صاحب نے بچے کو ایمان مجمل ومفصل ، کلمہ طیبہ وغیرہ پڑھائے اور نام لے کر کہ فلاں بن فلاں کی لڑکی بنام فلاں تمہارے نکاح میں دی جاتی ہے تمہیں قبول ہے پھر بچہ نے اپنے والد کی ترغیب پر اقرار قبولیت کیا ۔ نیز لڑکی کے والدین سے مولوی صاحب نے رجوع نہیں کیا ۔ بہر حال رضامند تھے ۔ اور تذکرہ حق مہر بھی نہیں ہوا ۔ دوسرے بچے کے نکاح کی صورت بھی یہی تھی کیا نکاح ہوئے یا نہیں ؟ (المستفتی عبد الحق کلرک معرفت عبد العزیز ٹیپر دائزر)

**الجواب** برتقدیر صحتِ واقعہ صورتِ مسئولہ میں ہر دو نکاح منعقد نہیں ہوئے لہذا دوبارہ کئے جائیں اور ایجاب وقبول لڑکے لڑکی کے والدین کریں ۔
واما شروطہ فمنھا العقل والبلوغ الخ الا ان الاول (ای العقل) شرط الانعقاد فلا ینعقد نکاح المجنون والصبی الذی لا یعقل ا
(عالمگیری صـ۲۶۷ ج ۱) والشرط لصحۃ الاذن أن یعقل البیع سالباً للملک

عن البائع والشراء جالباً له الخ (درمختار علی ھامش رد المحتار ص۱۱ ج۵)

فقط واللہ اعلم،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## ولی البعد کے نکاح کر دینے پر بالغہ کا سکوت کرنا رضامندی نہیں بلکہ اسے سکوت کے بعد بھی رَدّ وقبول کا اختیار ہے :

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ ایک لڑکی مسمات زینب باکرہ بالغہ جس کا باپ زندہ ہے اس کے چچا نے غائبانہ بغیر اذن لڑکی اور اطلاع دینے باپ کو زید کے ساتھ روبرو گواہان کے نکاح کر دیا چچا نے خود یا اس کے رسول نے لڑکی کو اطلاع دی کہ تیرا فلاں یعنی زید کے ساتھ نکاح کر دیا گیا تو لڑکی نے سکوت اختیار کیا کیا یہ نکاح منعقد ہوگا یا نہیں ؟

**الجواب** صورت مسؤلہ میں صرف لڑکی کے سکوت سے نکاح کا انعقاد متصور نہیں ہوگا بلکہ ابھی تک لڑکی مذکورہ کے لئے اس نکاح کو رَدّ کرنے یا قبول کرنے کا اختیار باقی ہے کیونکہ جب ولی اقرب کی موجودگی میں غیر ولی اقرب بلا اطلاع ولئ اقرب ولڑکی کے از خود لڑکی عاقلہ بالغہ کا کسی جگہ نکاح کر دے تو لڑکی اس نکاح کی خبر ملنے پر سکوت اختیار کرے تو یہ سکوت اسکی رضا نہیں سمجھی جاتی ۔ (کما فی العالمگیری ص۱۱ ج۲)

واذا قال لہا الولی الخ قولہ اذا کان المزوج ھو الولی وان کان لہا ولی اقرب من المزوج لا یکون السکوت منہا رضاً ولہا الخیار ان شاءت رضیت وان شاءت ردّت ۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ اصغر علی غفر اللہ لہٗ
نائب مفتی

الجواب صحیح
محمد عبداللہ غفر اللہ لہٗ
مفتی خیر المدارس ملتان

# خُفیہ نکاحوں کا حُکم

زمانۂ حال میں یہ ہورہا ہے کہ بیوہ عورت سے خفیہ نکاح کیا جاتا ہے اور اس نکاح کو صیغۂ راز میں رکھتے ہیں زانیوں کی طرح خفیہ شہوت رانی کرتے ہیں، بچہ پیدا نہیں ہونے دیتے بلکہ بذریعہ ادویہ نکالدیتے ہیں۔ مابین الزوجین ارث کا اجرا بھی نہیں ہوتا البتہ بوقتِ نکاح گواہ موجود ہوتے ہیں اور ان کو اخفاء نکاح کا کہا جاتا ہے۔ کیا اندریں حالات یہ نکاح صحیح ہے یا نہ؟ اور ایسے نکاح سے حلّت بین الزوجین ثابت ہے یا نہ؟ بلکہ نکاح سر اور فاسد واجب التفریق ہے یا نہ، فتاوی نور الھدی معروف بجامع الفوائد صہ۹۴ پرحسب ذیل جواب لکھا ہوا ہے۔ ملاحظہ ہو عبارت مرقومہ فی الفتاوی ـــــ

ولا یجوز نکاح السر صورتہ ان ینکح امرأۃ سرًا بحضور الشاھدین ویمنعھما عن الاعلان استحیاءً لانھا لا ترضی باعتبارہ خوفا أو عارًا کما تفعلہ بعض النساء فان ھذا النکاح غیر جائز وھما زانیان ابدًا وقد فعل ھذا النکاح بعض الکلبیۃ وقتلوا علیہ وبعض القاصرین الذین لا یعلمون بحقیقۃ الروایات یحکمون بصحۃ ھذا النکاح من جھل الخ ـ اس کتاب میں بالتغلیظ اس نکاح کو فی حکم الزنا بیان کیا گیا ہے اور اکثر کتب فقہ میں دو گواہ موجود ہونے پر حلت اور صحتِ نکاح کا حکم دیا جاتا ہے۔ اب قابلِ استفسار یہ ہے کہ ایسے نکاح میں حلت کا حکم دیا جائے یا تفریق کا؟ ـــــ

**اَلجَوَاب** صورتِ مسئولہ میں جب شرائطِ نکاح موجود ہوں تو نکاح کو صحیح کہا جائے گا۔ البتہ گواہوں کو چاہیئے کہ وہ اس نکاح کا اظہار کریں اور توارث بھی جاری ہوگا۔ البحر الرائق میں ہے: ـــــ

ان النکاح بحضور الشاھدین یخرج عن أن یکون سِرًّا ویحصل بحضورھما الاعلان (ج۳ ص۹۴)

بدائع میں ہے: ما روی اللہ تعالیٰ عنہ عن نکاح السرّ فنقول بموجبہ لکن نکاح السرّ مالم یحضرہ شاھدان فاما ما حضرہ شاھدان فھو نکاح علانیۃ لا نکاح السرّ اذ السرّ اذا جاوز اثنین خرج من ان یکون سرًا قال الشاعر... وسرّ ما کان عند امرئٍ... وسر الثلاثۃ غیر الخفی وکذلک قولہ صلی اللہ علیہ وسلم اعلنوا النکاح لانھما اذا احضراہ شاھدین فقد اعلناہ اھ صہ۲۵۳ ج۲ ـ فتح القدیر میں ہے:۔ وقول الکرخی نکاح السر مالم یحضرہ شھود فاذا حضروا فقد اعلن.... فالتحقیق انہ لا خلاف فی اشتراط الاعلان وانما الخلاف بعد

ذلك في ان الاعلان المشترط هل يحصل بالاشهاد حتى لا يضره بعده توصية الشهود بالكتمان اذ لا يضر بعد الاعلان التوصية بالكتمان اولا يحصل بمجرد الاشهاد حتى يضر فقلنا نعم وقالوا لا اھ ـــــ (ص۱۱۱ ج۲)

عبارت بالا سے ظاہر ہے کہ دو گواہوں کی موجودگی میں کیا گیا نکاح سِرّ نہیں البتہ امام مالکؒ کے نزدیک ایسا نکاح، نکاح سِرّ ہے جو ان کے نزدیک حرام وبدکاری ہے۔ ولو حضرة شهود وشرط عليهم الكتمان لم يجز (يعني عند مالكؒ) (بدائع ص۲۵۲ ج۲) فتاویٰ نور الهدی میں غالباً امام مالکؒ کا مذہب نقل کیا گیا ہے۔

فقط واللہ اعلم ـــــ

بندہ

عبد الستار عفا اللہ عنہ

## کیا ناخن پالش لگانے سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے؟

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ بعض خواتین ناخن پالش لگا کر وضو کر کے نماز ادا کر لیتی ہیں آیا اس طریقے سے نماز ادا کرنے سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے اور کفر صادر ہو جاتا ہے اگر یہ درست ہے تو نکاح جانے کی صورت میں کیا کیا جائے؟

**الجواب** ناخن پالش لگا کر وضو کرنے سے نماز ادا کرنا صحیح نہیں لیکن اس سے نہ کفر لازم آتا ہے اور نہ نکاح ٹوٹتا ہے کیونکہ بلا وضو نماز پڑھنا اس وقت موجب کفر ہے جبکہ بطورِ استخفاف ہو۔ وبحث فيه في الحلية احدهما ما اشار اليه الشارح ثانيهما ان الجواز بعذر لا يؤثر الا في عدم الاكفار في هذه المسائل هو الاستهانة فحيث ثبتت الاستهانة في الكل تساوى الكل في الاكفار وحيث انتفت منها تساوت في عدمه وذلك لانه ليس حكم الغرض لزوم الكفر بتركه والا كان كل تارك لفرض كافرا وانما حكمه لزوم الكفر بجحده بلا شبهة دارئة اھ اى والاستخفاف في حكم الجحود (شامی کتاب الطہارۃ ص۸۶ ج۱)

أما لو كان بمعنى عدد ذلك الفعل خفيفا وهينا من غير استهزاء ولا سخرية بل لمجرد الكسل أو الجهل فينبغي ان لا يكون كفرا عند الكل (رد المحتار ص۸۶ ج۱) فقط واللہ اعلم محمد انور عفا اللہ عنہ ۲۵-۱۲-۱۴۰۸ھ

الجواب صحیح۔ بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ رئیس دار الافتاء جامعہ خیر المدارس ملتان

# خاوند مسلمان ہو جائے تو عیسائی بیوی بدستور منکوحہ رہے گی

## عیسائیوں کے نزدیک بھی دو بیویاں جائز ہیں

محمد عبداللہ نومسلم عیسائیت سے مسلمان ہوا اس کے ساتھ اس کی دوسری بیوی سکینہ بھی مسلمان ہوگئی۔ عیسائیوں نے اس کی دوسری بیوی پر قبضہ کر لیا اور اسے دوبارہ عیسائی بنالیا۔ اور دلیل یہ پیش کی کہ عیسائیت میں دو شادیاں جائز نہیں۔ لہٰذا یہ عبداللہ کی منکوحہ ہی نہیں تھی اس مسئلہ میں شرعی حکم سے آگاہ فرماویں پہلی بیوی بدستور عیسائی ہے اس کا حکم بھی بیان فرماویں۔ عیسائی کتب سے چند حوالہ جات جمع کردہ مولانا محمد یوسف رحمانی مدظلہ ہمراہ ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیوں کے ہاں دو شادیاں جائز ہیں۔

محمد عبداللہ نومسلم ساکن مکی مسجد میاںچنوں ضلع ملتان

عیسائیت کی مسلمہ کتاب مقدس یعنی بائیبل کی رو سے ایک بیوی سے زائد بیویاں نکاح میں لانا کوئی جرم نہیں ہے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل حوالہ جات بغور دیکھیں۔

۱۔ حضرت ابراہیمؑ کی تین بیویاں تھیں۔ سارہ۔ ہاجرہ۔ قطورہ۔ (کتاب پیدائش باب ۱۱/۲۹۔ ۱۶/۱،۲،۳۔ ۲۵/۱)

۲۔ حضرت یعقوب کی چار بیویاں تھیں۔ لیاہ۔ راخل۔ بلہا۔ زلفہ۔
(کتاب پیدائش ۲۹/۲۲۔ ۲۹/۲۸۔ ۳۰/۳۔ ۳۰/۹)

حضرت یعقوب کی اولاد چار بیویوں سے ہوئی (کتاب پیدائش ۳۵/۲۳)

۳۔ حضرت عیسو کی تین بیویاں تھیں۔ عدہ۔ اُہلیبامہ۔ بشامہ (کتاب پیدائش ۳۶/۲ ۳۶/۳ ۳۶/۴)

۴۔ حضرت داؤد کی ایک بیوی میکل کا ذکر (کتاب سموئیل اول ۱۸/۱۹)

۵۔ حضرت داؤد کی دو اور بیویوں ابیجیل اور اخینوعم کا ذکر۔ (سموئیل اول ۲۵/۴۲ ۲۵/۴۳ ۲۷/۳)

۶۔ حضرت داؤد کی چھ اور بیویوں کا ذکر (سموئیل دوم ۳/۲۔۵)

۷۔ حضرت داؤد کی اور حرمیں اور بیویاں جن سے گیارہ بچے ہوئے (سموئیل دوم ۵/۱۳)

۸۔ حضرت داؤد کا اوریاہ کی بیوی سے نکاح (سموئیل دوم ۱۱/۲۷)

۹۔ حضرت داؤد نے یروشلم میں اور عورتوں سے بھی نکاح کیا جنکی تعداد معلوم نہ ہے (تواریخ اول ۱۴/۳)

۱۰۔ حضرت سلیمان کی سات بیویاں اور تین سو حرم میں تھیں (سلاطین اول ۱۱/۱) (تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ)

بائبل مقدس کے مندرجہ بالا دس حوالہ جات سے یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہوتی ہے کہ ایک سے زیادہ بیویاں نکاح میں لانا جرم نہیں۔ اس کے برعکس پوری کتاب مقدس بائبل سے ایک حوالہ بھی نہیں ملتا جس سے ثابت ہو سکے کہ ایک بیوی سے زائد بیوی سے نکاح کرنا حرام ہے ہاں البتہ جو شخص پادری ہو یا کلیسیا کا سربراہ ہو۔ اس کے لئے پولوس کے خطوط سے اشارہ ملتا ہے کہ وہ صرف ایک بیوی کا شوہر ہو۔ عام آدمی کے لئے کوئی شرط اور قید نہیں۔ وہ جتنی چاہے۔ ایک بیوی سے زائد نکاح کر سکتا ہے جیسا کہ مندرجہ بالا حوالہ جات سے معلوم ہوا۔

چنانچہ پادری کے لئے صرف ایک بیوی کا شوہر ہونا مندرجہ ذیل حوالہ جات سے معلوم ہوتا ہے

(پولوس کا خط طیطس ۱/۶ تیمتھیس اول ۳/۲ دیکھئے)

انہی حوالہ جات کی بنا پر ایپسکوپل پاکستان مشن چرچ نے اپنی قرار دادوں میں لکھا ہے کہ دو بیوی کا شوہر کلیسیا میں تو مع خاندان شامل ہوگا مگر اس کو مذہبی عہدہ نہ دیا جائے گا نہ کلیسیا کے انتظامی امور میں شامل ہو سکتا ہے (مختصر ہسٹری ایپسکوپل چرچ پاکستان ص)

محمد عبداللہ کا نکاح کرنے والا بشپ بھی ایپسکوپل مشن چرچ آف پاکستان سے تعلق رکھتا ہے اس کے عقیدہ اور مذہب کے مطابق مسیحی دوسرا نکاح کر سکتا ہے

مخالفین کا تعلق چونکہ میتھوڈسٹ چرچ سے ہے۔ جو کہ غیر ملکی چرچ ہے جن کے ممبران اعلیٰ کنٹربھری یارک وغیرہ نے برطانیہ میں فعل ہم جنسی کو تو جائز قرار دیا ہے مگر کسی عیسائی کو دوسری شادی کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ فوا اسفا۔

میتھوڈسٹ چرچ کا فتویٰ ایپسکوپل پاکستان مشن چرچ کے لئے کوئی حجت دلیل نہیں ہے کیونکہ میتھوڈسٹ چرچ کے اصول و فروع اور ہیں۔ ایپسکوپل پاکستان مشن چرچ کے اصول و فروع اور ہیں۔ دونوں میں باہمی اصولی اختلافات پائے جاتے ہیں جو ایک دوسرے کیلئے دلیل نہیں ہیں

مختصراً صرف دس حوالہ جات پر اکتفا کیا گیا ہے۔ اگر مزید تفصیل درکار ہو تو بندہ اس کی تفصیلات کے لئے بھی تیار ہے جب حکم ہو حاضر خدمت ہو کر پوری تفصیل عرض کر سکتا ہے۔

واللہ یہدی الی الحق والی صراط مستقیم حسبنا اللہ ونعم الوکیل

محمد یوسف بقلم خود

خطیب جامع مسجد مکی چوک ــــ میاں چنوں ضلع ملتان

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں دونوں میاں بیوی کے اکٹھے مسلمان ہو جانے سے ان کا پہلا نکاح بدستور باقی تھا۔ ولو اسلم احد الزوجین عرض الاسلام علی الآخر فان اسلم والا فرق بینھما کذا فی الکنز اھ (عالمگیری ص ۳۳۸ ج ۱) اور محمد عبداللہ نومسلم مذکور کی پہلی بیوی عیسائیت پر رہتے ہوئے بھی شرعی قوانین کے تحت بدستور محمد عبداللہ مذکور کی بیوی ہے عالمگیری میں ہے وان اسلم زوج الکتابیۃ بقی نکاحھما کذا فی الکنز اھ (ص ۳۳۸ ج ۱) محمد عبداللہ اور اس کی بیوی جب مسلمان ہو گئے تو ان پر مسلمانوں والے احکام ہی نافذ ہوں گے اور مسلمانوں کے لئے چار شادیوں کی اجازت ہے قال اللہ تعالیٰ فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنیٰ و ثلٰث و ربٰع الآیۃ سکینہ مرتد ہو جانے کے باوجود وہ کسی اور جگہ نکاح نہیں کر سکتی ---
حیلۂ ناجزہ میں مرتدہ عورت کے احکام بیان کرتے ہوئے بطور خلاصہ فتویٰ لکھا ہے۔
"اس مجموعہ سے خلاصہ اس فتویٰ کا یہ حاصل ہوا کہ عورت بدستور سابق اسی خاوند کے قبضہ میں رہے گی۔ کسی دوسرے شخص سے ہرگز نکاح جائز نہیں اور اسے اسلام لانے پر سختی سے مجبور کیا جائے گا لیکن جب تک تجدید ایمان کر کے تجدید نکاح نہیں ہو جائے گا۔ خاوند اس سے استمتاع نہیں کر سکتا" (حیلۂ ناجزہ ص ۱۱۹)

واضح رہے کہ اسلامی ملک میں اسلام کے مطابق ہی فیصلے ہوں گے۔ عیسائیوں کو یہ حق نہیں کہ اپنی مرضی مسلمانوں پر مسلط کریں۔ اول تو عیسائیوں کے ہاں بھی ایک سے زائد شادیاں جائز ہیں۔ بالفرض نہ بھی ہوتیں۔ تو بھی جب وہ میاں بیوی مسلمان ہو گئے۔ تو اب عیسائیوں کو ان پر کسی قسم کا اختیار نہیں رہا۔ ان پر تمام احکام مسلمانوں والے نافذ ہوں گے۔

لہٰذا اربابِ اقتدار پر فرض ہے کہ مسمی محمد عبداللہ مذکور کی دونوں بیویاں اس کو دلانے پر پورا پورا تعاون کریں۔ فقط واللہ اعلم احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

---

## معتدۂ بائنہ کو کنایۃً پیغام نکاح دینا

مطلق بائنہ کی عدۃ میں اس کو خطبہ کی تعریض کرنا جائز ہے یا نہیں

اس کے متعلق مختلف کتب کا مطالعہ کیا، شامی اور ہندیہ وغیرہ سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ

معتدہ بائنہ کا حکم متوفی عنہا زوجہا والا نہیں یعنی اس کو تعریض کرنا بھی جائز نہیں لیکن حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے بیان القرآن میں لکھا ہے کہ اس کا حکم متوفی عنہا زوجہا والا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکو تعریض کرنا جائز ہے مختلف عبارات سامنے آنے سے بندہ متذبذب ہے بندہ کا زیادہ رجحان اسطرف ہے کہ تعریض جائز نہ ہونی چاہئے جیسے فقہاء نے لکھا ہے آپ براہِ مہربانی اس مسئلہ میں بندہ کی راہ نمائی فرمائیں۔ وہ عبارات درج ذیل ہیں۔

وفی الدر المختار تحرم خطبتها وصح التعريض لو معتدة الوفاة لا المطلقة اجماعاً لافضائه الى عداوة المطلق وفی الشامية تحت قوله لا المطلقة اجماعاً الخ نقله فی البحر والنهر عن المعراج وشمل المطلقة البائن وبه صرح الزيلعی وفی الفتح ان التعريض لا يجوز فی المطلقة بالاجماع فانه لا يجوز لها الخروج من منزلها اصلاً فلا يتمكن من التعريض على وجه لا يخفى على الناس ولا نضائه الى عداوة المطلق وينافی نقل الاجماع ما فی الاختيار حيث قال ما نصه وهذا كله فی المبتوتة والمتوفى عنها زوجها اما المطلقة الرجعية فلا يجوز التصريح ولا التلويح لان نكاح الاول قائم۔

(شامی باب العدة فصل فی الحداد ص۵۳۲ ج۳ ایچ ایم سعید)

لا يجوز للاجنبی خطبة المعتدة صريحاً سواء كانت مطلقة او متوفى عنها زوجها كذا فی البدائع ثم اجمعوا على منع التعريض فی الرجعی وكذا فی البائن عندنا وانما التعريض فی المتوفى عنها زوجها كذا فی غاية السروجی (هندية ص۵۳۴ ج۱)

ولا تخطب معتدة الا تعريضا ولا تخرج معتدة الرجعی والبائن من بيتها اصلاً (شرح الوقاية ص۱۵۳ ج۲)

قوله الا تعريضا ظاهره ان جوازه يعم كل معتدة لكن ذكر فی البحر

والنھر والمعراج والفتح وغیرھا ان التعریض لا یجوز فی مطلقۃ الرجعی لقیام نکاح الاول ولا فی مطلقۃ البائن فانہ لا یجوز لہا الخروج من منزلہا اصلاً فلا یتمکن من التعریض ولافضائہ الی عداوۃ المطلق فعلی ھذا یختص جواز التعریض بمعتدۃ الوفاۃ لکن ذکر فی الاختیار جوازہ فی المبتوتۃ ایضاً والتعریض الخ (حاشیہ شرح الوقایہ صـ۱۵۳ جـ۲)

اور حضرت تھانوی نے بیان القرآن میں ولاجناح علیکم فیما عرضتم بہ من خطبۃ النساء او اکننتم" کے تحت لکھا ہے۔

"مسئلہ جو عورت طلاق بائن کی عدۃ میں ہو اس کا بھی یہی حکم ہے ممکن ہے کہ حضرت تھانوی سے اس کے حکم بیان کرنے میں تسامح ہوا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت کے نزدیک مختار یہی ہو کہ اس کا حکم متوفی عنہا زوجہا والا ہو کیونکہ ایک روایت اختیار میں اس کے متعلق بھی ہے جیسا کہ مذکورہ عبارات سے واضح ہے تو آپ برائے مہربانی اپنی رائے سے مطلع فرمادیں۔ بندہ محمد ادریس عفی عنہ"

دارالافتاء جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد

**الجواب** حامداً ومصلیاً۔ مندرجہ ذیل عبارات میں یہ تصریح ہے کہ مطلقہ بائنہ کی عدت میں اس کو تعریض کرنا جائز نہیں؟

۱۔ لا یجوز للاجنبی خطبۃ المعتدۃ صریحاً سواء کانت مطلقۃ او متوفی عنہا زوجہا کذا فی البدائع اجمعوا علی منع التعریض فی الرجعی وکذا فی البائن وانما التعریض فی المتوفی عنہا زوجہا کذا فی غایۃ السروجی۔ (عالمگیری صـ۵۳۴ جـ۱)

۲۔ ولا بأس بالتعریض فی الخطبۃ اراد المتوفی عنہا زوجہا اذ التعریض لا یجوز فی المطلقۃ بالاجماع۔ (فتح القدیر صـ۱۶۵ جـ۴)

۳۔ ولا ینبغی ان تخطب المعتدۃ ولا باس بالتعریض فی الخطبۃ الی قولہ وھذا فی

المتوفی عنها زوجها۔ اما المطلقة فلا یجوز التعریض بخطبتها لانها لا تخرج من منزلها فلا یتمکن من ذٰلک ۔ (الجوهرة ص۱۵۹ ج۲)

۴۔ المعتدة ولا بأس بالتعریض هذا فی معتدة الوفاة واما فی معتدة الطلاق فلا یجوز التعریض سواء کان رجعیا او بائنا فعلی هذا لو قید المصنف بمعتدة الوفاة لکان اولیٰ ۔

(مجمع الانهر شرح ملتقی الابحر ص۴۸۰)

۵۔ واما التعریض فلا یجوز ایضاً فی عدة الطلاق ولا بأس به فی عدة الوفاة (بدائع الصنائع ص۲۰۴ ج۳)

۶۔ ولا بأس بالتعریض للمتوفی عنها زوجها نحو انی ارید التزوج ۔ الی قوله واما المطلقة فلا یجوز التعریض لها بالاجماع لافضائه الی عداوة المطلق الی قوله لکن فی القهستانی وفیه اشارة الی جواز التعریض لکل معتدة مع انه لایجوز للمعتدة الرجعیة اصلاً وکذا فی معتدة البائن کما فی النهایة لکن فی المختار انه یجوز کالمتوفی عنها زوجها اتفاقاً (در المنتقی شرح الملتقی علی هامش مجمع الانهر ص۴۸۰)

۷۔ وفی الدر مختار تحرم خطبتها وصح التعریض لو معتدة الوفاة لا المطلقة اجماعاً لافضائه الی عداوة المطلق ۔ وفی الشامیة تحت قوله لا المطلقة اجماعاً الخ نقله فی البحر والنهر عن المعراج وشمل مطلقة البائن وبه صرح الزیلعی وفی الفتح ان التعریض لایجوز فی المطلقة بالاجماع فانه لا یجوز لها الخروج من منزلها اصلا فلا یتمکن من التعریض علی وجه لا یخفی علی الناس ولافضائه الی عداوة المطلق وبنا فی نقل الاجماع ما فی الاختیار حیث قال ما نصه وهذا کله فی المبتوتة والمتوفی عنها زوجها اما المطلقة الرجعیة فلا یجوز التصریح ولا التلویح لان نکاح الاول قائم ۔ (شامی ص۶۴۲ ج۲)

۸۔ (ویذرون ازواجا) ولا یمکن حملها علی الاستغراق لان من النساء من یحرم التعریض بخطبتهن فی العدۃ کالرجعیات والبائنات فی قول.
والاظہرعند الشافعی رضی اللہ عنہ جوازہ فی عدتهن قیاساً علی معتدات الوفاۃ

(روح المعانی ص۱۵۰ ج۲)

۹۔ وظاهرهٗ ان التعریض جائز لکل معتدۃ ولیس کذلک بل لا یجوز الا للمتوفی عنها زوجها بالاجماع واما المطلقۃ فغیر جائز لما فیه من ایراث العداوۃ بین المطلق والخاطب بخلاف المیت فان النکاح قد انقطع فلا عداوۃ من المیت ولا ورثته (بحرالرائق ص۱۶۵ ج۴)

۱۰۔ ولا تخطب معتدۃ الا تعریضاً (شرح وقایہ ص۱۵۳ ج۲) اس کی تشریح حاشیہ کے اندر یوں ہے۔ قوله الا تعریضاً ظاهرهٗ ان جوازہ یعم لکل معتدۃ لکن ذکر فی البحر والنهر والمعراج والفتح وغیرها ان التعریض لا یجوز فی مطلقۃ الرجعی لقیام نکاح الاول ولا فی مطلقۃ البائن فانه لا یجوز لها الخروج من منزلها اصلاً فلا یتمکن من التعریض ولافضائه الی عداوۃ المطلق فعلی هذا یختص جواز التعریض بمعتدۃ الوفاۃ لکن ذکر فی الاختیار جوازہ فی المتبوتۃ ایضاً۔ (حاشیہ ۶ شرح وقایہ ص۱۵۳ ج۲)

*مذکورہ بالا عبارات سے واضح ہے کہ معتدہ بائنہ کے لئے بھی تعریض جائز نہیں اسی پر حضرات فقہاء کا اتفاق نقل کیا گیا ہے اور اسے مدلل بیان کیا گیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اختیار کی روایت غیر مختار ہے۔ علامہ شامی راجح مرجوح کی بحث میں لکھتے ہیں ؎*

کذا اذا ما واحداً قد علّلوا ؏ له وتعلیل سواہ اهملوا

وفی شرحه قال (وکذا) لو ذکروا قولین مثلاً وعللوا لاحدهما کان ترجیحاً له علی غیر المعلل کما افادہ الخیر الرملی فی کتاب الغصب من فتاواہ الخیریۃ ونظیرهٗ ما فی التحریر وشرحه فی فصل الترجیح فی المتعارضین ان الحکم الذی تعرض فیه للعلۃ یترجح علی الحکم الذی

لم یتعرض فیہ لہا لان ذکر علتہ یدل علی الاھتمام بہ والحث علیہ انتہی

(عقود رسم المفتی ص۳)

عقود کے اندر ایک اور جگہ ذکر ہے وفی شرح البیری علی الاشباہ ان المقرر عند المشائخ انہ متی اختلف فی المسئلۃ فالعبرۃ بما قالہ الاکثر انتہی۔

(عقود ص۳۳) فقط واللہ اعلم، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

## جب اور جس طرح میرے نکاح میں آئے اُسے طلاق کہنے کے باوجود فضولی کے ذریعہ نکاح کی گنجائش موجود ہے

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ بندہ نے زبان سے کہا ہے کہ کلما تزوجت وکالۃً اصالۃً طفیلیاً حلیمہ بنت نور محمد فہی طالق۔ طالق۔ طالق۔ اور ہر آن وزمان ہر وقت میرے نکاح میں آئے جس طرح آئے مجھ پر حرام ہے، حرام ہے، حرام ہے۔ بحوالہ جات تسلی فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں حالف جب بھی حلیمہ سے نکاح کرے گا، اس پر طلاق واقع ہو جائے گی۔ لیکن اگر کوئی شخص از خود حلیمہ کا نکاح حالف سے کردے اور اُسے آکر اطلاع دیدے اور حالف اجازت بالفعل دے تو حانث نہیں ہوگا۔ حالف کے الفاظ او طفیلیاً سے اجازت بالفعل پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

حلف لا یتزوج فزوجہ فضولی فاجاز بالقول حنث وبالفعل لا اھ کل امرأۃ تدخل فی نکاحی او تصیر حلالاً لی فکذا فاجاز نکاح فضولی بالفعل لایحنث اھ در مختار ومثلہ فی عدم حنثہ باجازتہ فعلاً ما یکتبہ الموثقون فی التعالیق من نحو قولہ ان تزوجت امرأۃ بنفسی او بوکیلی او بفضولی او دخلت فی نکاحی بوجہ ما تکن زوجتہ طالقاً لان قولہ او بفضولی الخ عطف علی قولہ بنفسی عاملہ تزوجت وھو خاص بالقول وانما ینسد باب الفضولی لو زاد او اجزت نکاح فضولی ولو بالفعل فلا مخلص لہ اھ (شامی ص۷۱۲ ج۲) فقط واللہ اعلم،

| | | |
|---|---|---|
| الجواب صحیح، | الجواب صحیح، | محمد انور عفا اللہ عنہ |
| محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ، | محمد صدیق عفرلہ | نائب مفتی خیر المدارس ملتان |

# زانی اور مزنیہ کی اولاد کے باہم نکاح کا حکم

زید نے عمرو کی منکوحۂ ہندہ کے ساتھ زنا کیا ۔جبکہ عمرو حالتِ حیات میں ہے ۔ اسی حالت نکاح میں ہندہ کی ایک بچی پیدا ہوئی ۔ہندہ کی اس لڑکی کے ساتھ زید کے لڑکے کا نکاح ہوا اور بچے بھی ہوئے تو نکاح درست ہے یا نہ ؟

مودودی نے یہ جواب دیا ۔کہ فقہاء حنفیہ کے فتویٰ کے مطابق زانی جس سے زنا کرتا ہے ۔اس عورت کے اصول و فروع زانی پر حرام ہو جاتے ہیں ۔جہاں تک زانی کی اولاد کا تعلق ہے اس میں اختلاف ہے کہ اس کے اور مزنیہ کے اصول و فروع میں بھی حرمت مصاہرہ واقع ہوتی ہے یا نہ ؟ کتب احناف میں مندرجہ بعض اقوال سے معلوم ہوتا ہے کہ حرمت مصاہرہ کا تعلق صرف زانی سے ہے ۔لیکن ہمارے نزدیک یہ صحیح نہیں ۔ اس کے بالمقابل انہی کتابوں میں دوسرا اقوال موجود ہیں ۔جن سے معلوم ہوتا ہے ۔کہ حرمت مصاہرہ زانی کے اصول و فروع میں بھی متعدی ہوتی ہے ۔مثال کے طور پر مبسوط ص۲۰۸ ج۴ پر امام سرخسی نکاح کے علاوہ وطی مس بالشہوۃ اور نظر الی الفرج کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں ۔

وحرمة المصاهرة بهذه الاسباب تتعدى الى ابائه وان علوا وابنائه وان سفلوا من قبل الرجال والنساء ۔

ان اسباب سے حرمتہ مصاہرہ زانی کے آباء اور اس کی اولاد کی طرف منتقل ہوتی ہے ۔خواہ مرد ہوں یا عورتیں ۔صاحب درمختار فصل فی المحرمات میں فرماتے ہیں ۔

حرم على المتزوج ذكرًا كان او انثى نكاح اصله و فرعه ان علا او نزل وبنت اخيه واخته وبنتها ولو من الزنا ۔

نکاح کرنے والا مرد ہو یا عورت ۔اس کا اپنے اصول و فروع سے نکاح حرام ہے ۔اوپر نیچے تک اپنی بھتیجی اور بہن اور بھانجی سے مرد کا نکاح حرام ہے ۔خواہ یہ زنا کے نطفہ سے ہی پیدا ہوئے ہوں ۔

اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ زانی نے جس عورت سے زنا کیا ہے اس عورت

کا اولاد بھی زانی کی اولاد پر حرام ہوگی۔ اور اس میں وہی حرمت ہے جو بہن بھائی میں ہے۔
اس کی شرح میں علامہ شامی فرماتے ہیں۔ أما التحريم على آباء الزاني وأولاده فلاعتبار الجزئية اشامی صـ ... مذکورہ بالا تحریم جو زانی کے آباء و اولاد پر وارد ہوتی ہے۔ وہ اس وجہ سے ہے کہ اولاد والدین کا جز ہوتی ہے۔ تجنیس کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ زنى بامرأة فولدت فأرضعت بهذا اللبن صبية لا يجوز لهذا الزاني تزوجها ولا لأصوله وفروعه۔ ایک مرد نے عورت سے زنا کیا پھر عورت کے ہاں ولادت ہوئی۔ اس عورت نے اس دودھ سے کسی بچی کو دودھ پلایا تو اس مرد کے لئے اس بچی سے نکاح جائز نہیں ہے اور نہ زانی کے اصول و فروع کے لئے اس بچی سے نکاح جائز ہے۔ ہمارے نزدیک یہی اقوال صحیح تر اور قابل ترجیح ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ زانی کے علاوہ زانی کی اولاد اور مزنیہ اور اس کی اولاد کے مابین بھی حرمت مصاہرہ قائم ہو جاتی ہے۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں زید کے لڑکے کا نکاح ہندہ کی لڑکی سے جائز ہے۔ کیونکہ مزنیہ کے فروع کے ساتھ اولاد زانی کا نکاح حلال ہے۔ ہاں خود مزنیہ کے ساتھ اصول زانی یا اس کے فروع کا نکاح درست نہیں۔
قال في البحر أراد بحرمة المصاهرة الحرمات الأربع حرمة المرأة على أصول الزاني وفروعه نسبا ورضاعا وحرمة أصولها وفروعها على الزاني نسبا ورضاعا كما في الوطئ الحلال ويحل لأصول الزاني وفروعه أصول المزني بها وفروعها شامی صـ ۳۸۴ ج ۲ -
۲۔ امام سرخسی نے ملک یمین نکاح اور زنا میں حرمت مصاہرہ کو مساوی قرار دیا۔ کہ تینوں صورتوں میں حرمات اربعہ لازم آئیں گے۔ امام سرخسی فرماتے ہیں۔
اذا وطئ الرجل امرأة بملك يمين او نكاح او فجور يحرم عليه امها وابنتها وتحرم هي على آبائه وابنائه الخ (صـ ۲۰۴ ج ۴)
اور نکاح میں بلا شبہ منکوحۃ الاب کی سابقہ لڑکی سے واطی کی اولاد کا نکاح جائز ہے۔ ایک شخص اپنی سوتیلی والدہ کی سابقہ لڑکی سے نکاح کرنا چاہے تو حرام نہیں ہے۔

جیسا کہ حوالہ جات ذیل سے معلوم ہوتا ہے۔ تو مزنیہ کی اولاد سے اولاد زانی کا نکاح کیونکر حرام ہو سکتا ہے۔ حوالہ جات۔

واما بنت زوجۃ ابیہ او ابنہ فحلال قال الرملی ولا تحرم بنت زوج الام ولا امہ (شامی ص ۳۸۳ ج ۲)

عالمگیریہ میں ہے لا بأس بان یتزوج الرجل امرأۃ و یتزوج ابنہ ابنتہا او امہا ص ۲۷۶ ج ۲ کذا فی البحر۔

مبسوط سرخسی میں ہے۔ وکذلک لا بأس بان یتزوج المرأۃ و یتزوج ابنہ امہا او بنتہا فان محمد بن الحنفیۃ تزوج امرأۃ و زوج ابنتہا ابنہ وھذا لان بنکاح الام تحرم الام ھی علی ابنہ فاما ابنتہا وامہا تحرم علیہ لا علی ابنہ فلہذا اجاز لابنہ ان یتزوج امہا او ابنتہا۔ واللہ سبحانہ اعلم ص ۲۱۱-۲۱۲ ج ۴۔

مسئلہ اور تعلیل سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ واطی پر موطوءۃ کے اصول و فروع حرام ہیں۔ مگر واطی کی اولاد پر حرام نہیں۔ بصورت نکاح و ملک یمین بالاجماع حرمت مصاہرہ ثابت ہے اور بصورت زنا اس کا ثبوت مختلف فیہ ہے۔

احناف کے نزدیک سفاح مثل النکاح ہے اور امام شافعیؒ اس کے منکر ہیں۔ پس جب اجماعی صورت میں فروع مزنیہ اولاد زانی پر حرام نہیں۔ کما مر۔ تو مختلف فیہ صورت میں یہ فروع اولاد زانی پر کیسے حرام ہوں گے اور خاندان نبوت میں قرن ثانی میں ایسا نکاح ہوا ہے۔ محمد بن الحنفیہ صاحبزادہ علیؓ نے ایک عورت سے نکاح کیا اور اس کی سابقہ لڑکی سے اپنے سابقہ لڑکے کا نکاح کر دیا۔ کما مر۔ قرن صحابہ و تابعین میں حلت نکاح کا جو مسئلہ خاندانِ نبوت میں موجود ہے۔ اس کی تردید کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ استفتار کے ہمراہ لاہور کا فتوٰی پیش کیا گیا ہے۔ جس میں ایسے نکاح کو ناجائز کہا ہے اور فقہار کی تین عبارتوں سے استدلال کیا گیا ہے۔ ذیل میں بقدر ضرورت اس کی تردید کی جاتی ہے۔ فاضل مجتہد لکھتے ہیں۔ کہ حرمت مصاہرہ زانی کے اصول و فروع میں بھی متعدی ہوتی ہے۔ مبسوط ص ۲۰۸ ج ۴ میں ہے۔ حرمۃ المصاھرۃ بہذا الاسباب

تتعدا الی أبائه وان علوا وابنائه وان سفلوا من قبل الرجال والنساء۔

**تردید** فاضل مجتہد کو اس عبارت کے سمجھنے میں غلطی لگ گئی ہے۔ امام سرخسیؒ وہی بات فرما رہے ہیں جو تمام فقہاء کرام نے لکھی ہے۔ حرمت مصاہرہ سے مراد حرمات اربعہ ہیں۔ یعنی مزنیہ زانی کے اصول وفروع کے لئے حرام ہوگئی اور مزنیہ کے اصول وفروع زانی کے لئے حرام ہوگئے اور منکوحہ موطوٴۃ واطی کے اصول وفروع پر حرام ہے۔ یہ مقصد نہیں کہ موطوءہ کے فروع واطی کے فروع پر حرام ہوگئے۔ امام سرخسیؒ کا اگر یہی مطلب ہوتا تو اس باب کے آخر میں سوتیلی والدہ کی لڑکی سے نکاح کو کیسے جائز قرار دیتے۔ امام سرخسیؒ کے یہ جملے اصل مسئلہ کی تشریح میں واقع ہوئے ہیں۔ اصل مسئلہ وہی ہے جو بحوالہ مبسوط پہلے ہم نقل کر آئے ہیں۔ اذا وطئ الرجل امرأة بملك يمين الخ جس میں صرف حرمات اربعہ کی تصریح ہے۔

۲۔ فاضل مجتہد نے دوسرے نمبر پہ اخت من الزنا کے ساتھ درمختار سے نکاح کا عدم جواز ثابت کیا ہے۔ اور اس طرح سے مسئلہ زیر بحث میں حرمت کے قائل ہوتے ہیں۔ یہ استدلال بھی غلط ہے۔ کیونکہ صورتِ مسئولہ کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں۔ اس لئے کہ درمختار کا یہ جزئیہ ہر مزنیہ کی ہر اولاد کے بارے میں نہیں۔ بلکہ خاص مزنیہ کے ایک خاص بچے کے متعلق ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ کسی نے غیر منکوحہ باکرہ عورت سے زنا کیا اور اس کو اپنے گھر میں محفوظ رکھا۔ کسی دوسرے مرد کو اس کے قریب نہیں آنے دیا۔ اس مزنیہ سے جو بچی پیدا ہوگی زانی کے لئے بمنزلہ بیٹی کے سمجھی جائے گی۔ اس کا نکاح شاید زانی کی اولاد سے جائز نہ ہوگا۔ کیونکہ بنت من الزنا صرف اسی صورت میں متصور ہوگی۔ ولو من الزنا پہ شامی نقل کرتے ہیں۔

أی بأن يزنی الزانی ببكر ويمسكها حتی تلد بنتا بحر عن الفتح قال الحانوتی ولا يتصور كونها ابنته من الزنا الا بذلك اذ لا يعلم كون الولد الا به الخ أی لانه لو لم يمسكها يحتمل أن غيره زنی بها لعدم الفراش النافی لذلك الاحتمال (شامی بیروت ص۲۷۰ ج۲)

امام سرخسی نے بھی یہی خاص صورت نقل کی ہے۔ پس اس سے ظاہر ہے دوسرے

کی منکوحہ سے زنا کرنے کی صورت میں جو اولاد پہلے سے موجود ہے یا بعد الزنا پیدا ہوئی ہے۔ وہ زانی کے لئے بنت من الزنا قرار نہیں دی جا سکتی بلکہ یہ ناکح کی جائز اولاد متصور ہوگی۔ الولد للفراش وللعاهر الحجر (الحدیث) خصوصاً وہ اولاد جو قبل الزنا موجود ہے وہ یقیناً ناکح کی ہے اور زانی کی قطعاً نہیں۔ پس اولاد زانی کے لئے ان کی حرمت کا سوال قطعاً پیدا نہیں ہوتا۔

۳۔ تجنیس کا جزئیہ لبن من الزنا کے بارے میں ہے۔ اس سے حرمت رضاعت ثابت ہے یا نہ؟ واضح رہے کہ اس میں اختلاف ہے۔ شامی نے کتاب الرضاع میں اس کے بارے میں دو روایتیں نقل کی ہیں۔ اور علامہ ابن الہمام فرماتے ہیں، عدم ثبوت اوجہ ہے۔ علامہ شامی نے بھی۔ اسی کو اختیار کیا ہے۔ پس تجنیس کا جزئیہ غیر اوجہ پر مبنی ہے۔ ثانیاً یہ ہے کہ لبن من الزنا کا تحقق اس خاص شکل میں ہوگا۔ جبکہ زانی باکرہ سے زنا کر کے گھر میں محفوظ رکھے۔ اور بچہ پیدا ہو۔ کما مر۔ اور صورت مسئولہ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ کیونکہ یہاں منکوحہ سے زنا ہوا ہے جس کا فراش صحیح قائم و موجود ہے پس زیر بحث صورت میں لبن من الزنا کا تحقق متصور نہیں۔ ثالثاً یہ کہ زیر بحث صورت حرمۃ مصاہرہ کی ہے۔ اور جزئیہ تجنیس حرمت رضاعت کے بارے میں ہے اور دونوں کے احکامات الگ الگ ہیں۔ حرمت رضاعت رضیع کیلئے بھی ثابت ہوتی ہے اور اولاد رضیع کے لئے بھی ثابت ہوتی ہے۔ رضیع کی اولاد کا نکاح مرضعہ کی اولاد سے یا اولاد الاولاد سے جائز نہیں۔ اور اولاد زوج کا نکاح منکوحہ کی سابقہ اولاد سے جائز ہے۔ پس ایک حرمت کو دوسری حرمت پر قیاس کرنا ممنوع ہے۔

الغرض حرمۃ مصاہرہ حرمات اربعہ میں منحصر ہے۔ لہٰذا صورت مسئولہ میں زانی کے لڑکے کا نکاح مزنیہ کی لڑکی کے ساتھ درست ہوا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں۔ ہرگز تردد نہ کیا جائے۔

فقط واللہ اعلم بالصواب
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

# باپ کے کیئے ہوئے جس نکاح کے بارے میں یقین ہو کہ بقصدِ اضرار کیا گیا ہے۔ وہ منعقد ہی نہیں ہوگا۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ حاجی اللہ وسایا اور مسمی پیر بخش کی آپس میں عداوت تھی۔ اللہ یار کے گھر حاجی اللہ وسایا کی لڑکی شادی شدہ گھر میں آباد تھی۔ پیر بخش نے اپنے عداوتی جذبہ کے ماتحت اللہ یار سے کہا کہ اگر میں تیری دوسری شادی فلانہ باکرہ بالغہ سے کرادوں تو کیا حاجی اللہ وسایا کی لڑکی کو گھر سے نکال دے گا۔ پھر نہ کبھی خرچ دینا ہوگا نہ کبھی طلاق۔ تادم زلیست اس طرح کرنا ہوگا۔ اور یہ جو تیری لڑکی اس کے بطن سے ہے۔ جس کی عمر ایک دو ماہ ہے۔ میرے لڑکے سے نکاح کر دے۔ العجب جس لڑکی کی طرف اللہ یار کی شادی کے واسطے اشارہ کیا گیا تھا۔ وہ اس کی والدہ کے ساتھ قصور وار تھا۔ مگر دوسری شادی کی خوشی اور لالچ میں آکر حرمت مصاہرہ کی پرواہ نہ کرتے ہوئے تمام شرائط محظورہ منظور کرلیں۔ چنانچہ شادی ہونے کے بعد ایفاء شرائط ہوا بائیس سال حاجی اللہ وسایا کی لڑکی اپنی لڑکی سمیت حاجی اللہ وسایا کے گھر رہیں۔ اس مدت میں اللہ یار سے اپنی لڑکی کے واسطے خرچ وغیرہ کا ایک جوتک وصول نہ ہوا اور نہ ہی عورت کو طلاق دی۔ اسی وقت عورت فوت ہوگئی۔ لڑکی بالغہ ہونے کے وقت حالات سے آگاہی پاکر اس نکاح سے متنفر تھی۔ اب دریافت اس امر کی ہے کہ مسمی اللہ یار ان منہیات کے ارتکاب کرنے سے فاسق متہتک بے باک بے غیرت ہوسکتا ہے۔ وہ بھی سیئ الاختیار کے حکم میں ہے۔ کمافی ادائل باب الولی من الحیلۃ الناجزہ ص۹۵ اور پھر فرمایا ہے۔ کہ دونوں شرطوں کا حاصل یہ ہے۔ کہ جب اس نے نکاح کیا ہے۔ اس وقت اس کی ظاہری حالت سے کم ازکم خیر خواہی کی توقع ہوسکتی ہو۔ اللہ یار مذکور بالا پر بہت آدمی شاہد ہیں۔ کہ جب اس نے اپنی لڑکی کا نکاح کیا تو لوگوں نے ملامت کی تو اس نے جواب دیا کہ لڑکی صغیرہ ہے۔ پتہ نہیں مرے گی یا بچے گی۔ کیا یہ لڑکی اپنے باپ کے فاسق متہتک ہونے کی بنا پر خیار بلوغ استعمال کر سکتی ہے۔

عدالت مسلمہ حکومت پاکستان سے یہ لڑکی فسخ کرا چکی ہے ۔

**الجواب** بشرط صحت سوال لڑکی مذکورہ کا والد فاسق متہتک ہے ۔اس لئے اس کا اپنی نابالغہ لڑکی کا نکاح کر دینا صحیح نہیں ۔یہ لڑکی اس شخص سے طلاق حاصل کیئے بغیر دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے ۔کذا فی الحیلۃ الناجزۃ ص۹۵ ۔

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | فقط واللہ اعلم |
| بندہ عبداللہ غفرلہ | بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہ |
| مفتی خیر المدارس ملتان | ۲ / ۵ / ۱۳۷۷ھ |

## جواب از دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم ملتان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اقول وباللہ التوفیق ھذا الجواب غیر صحیح لان الفاسق المتھتک وان کان فی حکم سیئ الاختیار لکن صرح فی الشامیۃ ان المعروف بسوء الاختیار لو زوجھا من کفو بمھر المثل صح لعدم الضرر المحض انتہٰی وفی الصورۃ المسئولۃ علیٰ حسب بیان السائل الاب انما زوجھا نسبًا وحرفۃً ومالاً ودینًا فکیف یقال بعدم صحۃ النکاح ولو سلم فالشامی صرح بان المانع من النکاح ھو کون الاب مشھورًا بسوء الاختیار قبل العقد فاذا لم یکن مشھورًا بذٰلک ثم زوجھا من فاسق صح وان تحقق بذٰلک انہ سیئ الاختیار واشتھر بہ عند الناس فلو زوج بنتًا اخریٰ من فاسق لم یصح الثانی لانہ کان مشھورًا بسوء الاختیار قبلہ بخلاف العقد الاول لعدم وجود المانع قبلہ اذ فی الصورۃ المسئولۃ یقول السائل لم یکن ھذا الرجل قبلہ مشھورًا بسوء الاختیار ولم یکن زوج بنتًا اخریٰ من فاسق بل لم یزوج ھٰذہ البنت ایضًا

من ناسق او غیر کفو فکیف السبیل الی القول بعدم جواز النکاح وقال مولانا التھانوی قدس سرہ فی الحیلۃ الناجزۃ لفظہ۔ اگر کوئی شخص لالچ یا ناعاقبت اندیشی میں مشہور و معروف ہو۔ وہ اگر نابالغ بیٹے یا بیٹی کا نکاح غیر کفو سے کر دے یا مہر میں غبن فاحش کرے الخ صفحہ ۸ وقال قبل ھٰذا بسطرتین۔ یعنی اس کے قبل کوئی واقعہ نہ ہوا ہو جس کی بنا پر الخ فبناءً علی ھذا القول ھذا النکاح صحیح بلا ریب واما الفسخ من الحاکم فلیس لہ وجہ شرعی لان الزوج یقبلھا وھی ناشزۃ متنفرۃ عنہ بلا وجہ شرعی فیلزمھا الذھاب الی بیت الزوج لا محالۃ والمعاونون لھا علی النشوز ممن یتعاون علی الاثم والعدوان فقط واللہ اعلم ان الکفاءۃ اعتبارھا عند ابتداء العقد فلا یضر زوالھا بعدہ فلو کان وقتہ کفواً ثم فجر لم یفسخ (درمختار باب الکفاءۃ) وھما الزوجان وقت النکاح کانا صغیرین معصومین وابواھما کانا فاسقین واما الآن ای بعد البلوغ لو سلم فسق الزوج فلا یضر والنکاح صحیح کما کان۔

واللہ تعالیٰ اعلم

محمود عفا اللہ عنہ

مفتی قاسم العلوم ملتان

**الجواب از خیر المدارس**

جاننا چاہیئے کہ نابالغ اولاد پر باپ کی ولایت نظریہ ہے۔ بچوں کا معاملہ اور نکاح کی باگ ڈور باپ کے ہاتھ اس لئے سونپی گئی ہے۔ تاکہ ان کے مصالح کی حفاظت ہو سکے۔ چنانچہ حضرات فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے جا بجا اس کی تصریح فرمائی ہے۔ ایک مقام پر صاحب ہدایہ فرماتے ہیں۔ ولنا ان ھٰذہ ولایۃ نظریۃ ولیس من النظر التفویض الیٰ من لا ینتفع برأیہ الخ ص۲۹۹ ج۲۔ اور ایک دوسرے مقام پر صاحب ہدایہ فرماتے ہیں۔ ومعنیٰ ھٰذا الکلام انہ لا یجوز العقد عندھما

لان الولایۃ مقیدۃ بشرط النظر فعند فواتہ یبطل العقد ص۳۰۱ ج ۲

یہ آخری عبارت صاحب ہدایہ نے ایک مسئلہ خلافیہ کے ضمن میں صاحبین کے مسلک کی دلیل میں پیش فرمائی ہے۔ وہ مسئلہ یہ ہے کہ باپ دادا اگر نابالغہ کا نکاح کریں۔ اور اس کا مہر کم کر دیں تو نکاح منعقد ہوگا یا نہیں۔ صاحبین نکاح مذکور کے عدم انعقاد کے قائل ہیں۔ دلیل مذکور سے صاف ظاہر ہے کہ صاحبین نے فوات نظر کے ساتھ کس طرح سے بطلان عقد کا حکم دے دیا۔ امام صاحب نکاح مذکورہ کے جواز کے قائل ہیں۔ لیکن وہ بھی اس کی وجہ یہ نہیں بتلاتے کہ باپ کو اپنی نابالغ اولاد پر ولایت مطلقہ حاصل ہے۔ بلکہ اس وجہ سے کہ ممکن ہے کہ اس ظاہری ضرر سے بڑھ کر کوئی دوسری مصلحت باپ کے پیش نظر ہو۔ جب یہ ہے تو جن صورتوں میں نابالغ اولاد کا ضرر تحقق ہو۔ ان میں باپ کا تصرف نافذ نہیں ہوگا۔ اور یقینی ضرر کے تحقق کی صورت میں باپ کی شفقت مظنونہ کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ نابالغ اولاد وغیرہ پر ولی کے نفاذ تصرف کے لئے یہ شرط ہے۔ کہ وہ تصرف مولیٰ علیہ کے لئے مضر نہ ہو۔ چنانچہ بدائع ص۲۴۵ ج ۲ میں ہے۔ واما الذی یرجع الی نفس التصرف فهو ان یکون التصرف نافعًا فی حق مولیٰ علیہ لاضارًا فی حقہ والاضرار لایدخل تحت ولایۃ الولی لان اطلاق التصرف لهؤلاء مقید بالنظر اس سے آگے چل کر سابق الذکر مسئلہ خلافیہ پر بحث کرتے ہوئے صاحبین کی دلیل میں صاحب بدائع فرماتے ہیں۔

وجہ قولهما ان ولایۃ الانکاح تثبت نظرا فی حق المولیٰ علیہ ولا نظر فی الحط بل فیہ ضرر بهما والاضرار لایدخل تحت ولایۃ الولی لسوء الاختیار۔

اور سکران والد کا کیا ہوا نکاح عام حالات میں درست تسلیم نہیں کیا جاتا۔ (جبکہ وہ غیر کفو میں ہو) یا غبن فاحش سے ہو۔ اس کی علت صاحب بحر تحریر فرماتے ہیں۔

لظهور سوء الاختیار فلا تعارضہ شفقۃ المظنونۃ
(بحر بحوالہ درمختار علی الشامیۃ ص۴۱۹ ج ۲)

صاحب فتح القدیر اس قسم کے ایک مسئلہ کی تعلیل میں فرماتے ہیں۔

لان ترك النظر ههنا مقطوع فلا تعارضه شفقته المظنونة

انتہی بحاصلہ۔

عبارات بالا سے یہ امر بخوبی واضح ہو جاتا ہے کہ ولی کا جو تصرف مولیٰ علیہ کے حق میں یقیناً مضر ہو۔ وہ تصرف مولیٰ علیہ پر نافذ نہیں ہوگا۔ تحریر بالا سے دو امر ثابت ہوئے۔ ایک یہ کہ باپ کی اپنی نابالغ اولاد پر ولایت نظریہ ہے۔ دوم یہ کہ تحقق ضرر کی صورت میں باپ کو مسلوب الولایۃ قرار دیتے ہوئے اولاد کے حق میں اس کے تصرف کو کالعدم قرار دیا جائے گا۔ امر دوم کی تحقیق و تفصیل یہ ہے۔ کہ باپ کی دو حالتیں ہیں جن کا صراحۃً تذکرہ فقہاء کی کلام میں ملتا ہے۔

۱۔ باپ کی عام حالت یعنی غیر معروف لبسوء الاختیار اور غیر سکران ہونے کی حالت جس کو فقہاء نے صاحی سے تعبیر کیا ہے۔

۲۔ معروف لبسوء الاختیار یا سکران ہونے کی حالت ان دونوں میں کئے گئے تصرفات کے اندر تحقق ضرر کا معیار علیحدہ علیحدہ ہے۔ صاحی والد کا کیا ہوا نکاح امام صاحب کے نزدیک ہر صورت میں درست تسلیم کیا جاتا ہے۔ اگرچہ غیر کفو میں ہو۔ یا مہر میں غبن فاحش کے ساتھ کیا گیا ہو۔ گویا کہ اس صورت میں ان کے نزدیک ضرر متحقق ہی نہیں ہوتا۔ کیونکہ دلیل شفقت سکر اور سوء الاختیار سے خالی ہونے کی حالت میں موجود ہے۔ اور دلیل شفقت کا بدیں صفت موجود ہونا عقد مذکور کے بارہ میں یہ احتمال پیدا کرنے کے لئے کافی ہے۔ کہ اگرچہ یہ عقد بظاہر مفید نہیں۔ لیکن ممکن ہے کہ اس میں مضرت ظاہرہ سے بڑھ کر کوئی مصلحت خفیہ موجود ہو۔ لہٰذا یہ مضرت ظاہرہ ثبوت اضرار کے لئے کافی دلیل نہیں۔ لیکن معروف لبسوء الاختیار یا سکران والد کے تصرف کا یہ حکم نہیں بلکہ غیر کفو میں یا غبن فاحش کے ساتھ اس کا کیا ہوا نکاح نافذ نہیں۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ دلیل شفقت اگرچہ یہاں موجود ہے۔ لیکن والد کی ظاہری حالت سے مطلوبہ مصلحت بینی اور عاقبت اندیشی کی توقع نہیں۔ بلکہ اس کی حالت اپنی سفاہت یا طمع کی وجہ سے عدم تامل کی ہے۔ وہ اس حالت میں نابالغ اولاد کی

مصلحت نہیں سوچ سکتا۔ لہٰذا ایک صورت میں اس کو مسلوب الولایۃ قرار دیا جائے گا اور ایک صورت میں نہیں۔ علامہ شامی لکھتے ہیں۔

لان الظاهر من حال السكران انه لا يتأمل اذ ليس له رأى كامل فبقى النقصان ضررًا محضًا والظاهر من حال الصاحى انه يتأمل بحر عن الذخيرة۔

فقہاء کی عبارات کو بنظر غائر دیکھنے سے باپ کی ایک تیسری حالت بھی معلوم ہوتی ہے۔ وہ قصداً اضرار کی حالت ہے، ظاہر ہے کہ عدم تامل اور قصد اضرار دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ اور باہم ان میں بہت بڑا تفاوت ہے۔ تو جب باپ کو دوسری حالت میں صرف اس کے عدم تامل کی بناء پر مسلوب الولایۃ قرار دے دیا جاتا ہے۔ تو کوئی وجہ نہیں کہ قصد اضرار کی حالت میں اسے مسلوب الولایت نہ قرار دیا جائے۔ ہاں یہ فرق لازماً ہونا چاہیئے کہ عدم تامل کی حالت چونکہ قصد ضرر کی حالت نہیں۔ (اس میں کئے ہوئے تصرف کے بارہ میں یہ امکان موجود ہے۔ کہ یہ تصرف حقیقت کے اعتبار سے اتفاقاً مفید پڑ جائے۔ یا کم از کم مضر نہ ہو۔ کیونکہ عدم تامل کی حالت میں احتمال نفع و ضرر دونوں بدرجہ مساوی موجود ہیں۔ اسی لئے نفاذ تصرف اور عدم نفاذ کا معیار مفید اور مضر کی ظاہری علامات کو ٹھہرا دیا گیا) اس میں کیا گیا تصرف اگر بظاہر مضر نہیں تو نافذ ورنہ نافذ نہیں۔ بخلاف قصد ضرر کی حالت کے کہ اس میں کیا گیا تصرف کبھی نافذ نہ ہوگا۔ کیونکہ جب اس نے قصد ضرر کیا تو ولایت کہاں رہی۔ اس لئے کہ اضرار ضد ہے شفقت کی اور یہ ولایت شفقت ہی پر مبنی تھی۔ جیسے کہ پہلے محقق ہو چکا ہے۔ نیز اس وجہ سے بھی کہ عدم تامل کے ساتھ ضرر لازم نہیں۔ لیکن اضرار کے ساتھ ضرر لازم و متحقق ہے۔ استفتاء متنازعہ فیہ میں ہمارے نزدیک باپ کی تیسری حالت ہے۔ لہٰذا اس حالت میں باپ مذکور کا کیا ہوا نکاح منعقد نہیں خصوصاً جب کہ تا ایندم بھی لڑکی اور سسرال والوں کے مابین عداوت موجود ہے۔ اور ظاہری حالات سے معاشرۃ بالمعروف کی قطعاً کوئی توقع نہیں۔ باپ مذکور کا قصد اضرار سیاق استفتاء کے علاوہ استفتاء کی خط کشیدہ عبارت سے ظاہر ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے نکاح مذکور کو ضرر محض تسلیم کرتے ہوئے لوگوں کی ملامت

کو ایک احمقانہ جواب کے ذریعے اپنے سے ٹالنا چاہتا ہے تو اس صورت میں نکاح کے نفاذ کا فتویٰ دے دینا بہت مشکل اور تفقہ کے بالکل خلاف معلوم ہوتا ہے (واضح رہے شامی وغیرہ سے جو جزئیہ نکاح مذکورہ کے جواز میں پیش کیا گیا ہے اس کا صحیح محمل وہی ہے۔ جو ہم اوپر تفصیل سے بتلا چکے ہیں۔ یعنی یہ اس وقت ہے جب کہ باپ کی ظاہری حالت عدم تامل کی ہو نہ کہ قصد ضرر کی اور ان کا باہمی فرق اوپر واضح ہو چکا ہے) لہٰذا صورت مسئولہ میں لڑکی مذکورہ کا نکاح باطل ہے۔

فقط واللہ اعلم
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان
۲۹ - ۱۲ - ۱۳۷۸ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد عبد اللہ غفر اللہ لہ
خادم دارالافتاء خیر المدارس ملتان

## جمعہ کی اذان اوّل کے بعد کیے جانے والے نکاح کا حکم

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اذان جمعہ کے بعد نکاح یا دوسرے مشاغل جو سعی الی الجمعہ میں مخل ہوں بالاتفاق مکروہ تحریمی ہیں اور احتیاطاً ان کا اعادہ ضروری ہے۔ ذیل میں تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

قرآن کریم میں جمعہ کی اذان کے بعد خرید و فروخت کو مطلقاً منع فرمایا ہے لیکن اس سے دوسرے مشاغل کو نکالنا کہ وہ سعی کو مخل نہیں درست نہیں۔ بلکہ وہ بھی اگر سعی کو مخل ہوں تو بیع کی طرح منع ہیں۔ کیونکہ اصل میں مقصود سارے مشاغل کا منع کرنا تھا جن میں زراعت، تجارت، مزدوری مجلس نکاح وغیرہ سب معاملات وعقود شامل تھے۔ چنانچہ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب نور اللہ مرقدہ اپنی مایہ ناز تفسیر معارف القرآن میں لکھتے ہیں۔

"اور باتفاق فقہاء امت یہاں بیع سے مراد فقط فروخت کرنا نہیں ہے۔ بلکہ ہر وہ کام ہے جو جمعہ کی طرف جانے کے اہتمام میں مخل ہو وہ سب مفہوم میں داخل ہے۔

اس لئے اذان کے بعد کھانا پینا۔ سونا کسی سے بات کرنا یہاں تک کہ کتاب کا مطالعہ کرنا وغیرہ سب ممنوع ہیں۔ صرف جمعہ کی تیاری سے متعلق جو کام ہوں وہ کیئے جا سکتے ہیں۔

(معارف القرآن ص۴۴۱،۴۴۲ ج ۸)

علامہ ابن عربیؒ نے اپنی کتاب احکام القرآن میں اس کی صراحت کی ہے۔ کہ بیع کی طرح نکاح وغیرہ تمام عقود منع ہو جاتے ہیں، کیوں کہ بیع کی ممانعت سعی جمعہ میں مخل ہونے کی وجہ سے ہے تو عقود میں سے ہر وہ کام جو اس میں مخل ہوگا وہ حرام ہوگا۔

"والصحيح فسخ الجميع لان البيع انما منع للاشتغال به فكل امر يشغل عن الجمعة من العقود كلها فهو حرام الخ"

(احکام القرآن لابن العربی ص۱۷۹۴ ج ۴)

حضرت مولانا محمد ادریس صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے احکام القرآن میں ابن عربی کی اس عبارت کو نقل کیا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مرحوم کے نزدیک بھی اذان جمعہ کے بعد نکاح نہیں ہوتا۔ ملاحظہ ہو احکام القرآن ص۴۴ ج ۶۔

## مذہب شافعی کی تحقیق

مذہب شافعی کے مشہور امام علامہ نوویؒ شرح المہذب میں لکھتے ہیں کہ جب ہم نے بیع کو حرام کیا ہے تو تمام عقود جو سعی الی الجمعہ میں مخل ہوں وہ بھی حرام ہوں گے۔ اور یہ متفق علیہ مسئلہ ہے۔ اور حرمت زائل نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ جمعہ سے فارغ نہ ہو جائیں۔

"حيث حرمنا البيع حرمت عليه العقود والصنائع وكل ما فيه تشاغل عن السعي الى الجمعة وهذا متفق عليه ولا يزال التحريم حتى يفرغوا من الجمعة الخ"

(شرح المہذب ص۵۰۰ ج۴ بحوالہ اعلاء السنن)

مذہب حنبلی کے مشہور امام ابن قدامہ اپنی تصنیف "المغنی" میں اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بیع کے علاوہ دوسرے عقود حرام نہیں ہوتے اور قیل کے ساتھ اپنے مسلک کے بعض حضرات کا مسلک نقل کرتے ہیں کہ دوسرے عقود وغیرہ بھی حرام ہو جاتے ہیں۔

"وقیل یحرم لانہ عقد معاوضۃ یشبہ البیع الخ ص ۱۲۶ ج ۲)

مذہب مالکی کے مشہور امام علامہ ابن رشد اپنی کتاب بدایۃ المجتہد میں اس پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ سارے عقود میں احتمال ہے کہ ان کا الحاق بیع کے ساتھ کر دیا جائے۔ کیونکہ ان میں بھی وہی علت ہے جو بیع میں ہے کہ یہ بھی سعی الی الجمعۃ میں مخل ہیں۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ ان کو بیع کے ساتھ ملحق نہ کیا جائے۔ کیونکہ یہ اس وقت میں بہت کم واقع ہوتے ہیں بخلاف بیوع کے۔

" واما سائر العقود فیحتمل ان تلحق بالبیوع لان فیھا المعنی الذی فی البیع من الشغل بہ عن السعی الیھا و یحتمل ان لا تلحق بہ لانھا تقع فی ھذا الوقت نادرًا بخلاف البیوع الخ ص ۱۰۲ ج ۲۔

مذہب مالکی کے ایک دوسرے امام ابی البرکات احمد بن محمد بن احمد، شرح الصغیر میں لکھتے ہیں کہ بیع جیسے عقد کے حکم سے مفہوم ہوتا ہے کہ نکاح، ہبہ، صدقہ، کتابۃ فسخ نہیں ہونگے اگر اذان کے وقت واقع ہوں۔ اگرچہ ایسا کرنا حرام ہے۔

" ومفہوم بیع ونحوہ ان النکاح والھبۃ والصدقۃ والکتابۃ لا تفسخ ان وضعت عند الاذان الثانی وان حرم۔ ص ۵۱۴ ج ۱ "

**مذہب حنفی کی تحقیق** ۔مذہب حنفی کے مشہور امام علامہ ابن نجیم صاحب البحر الرائق رقمطراز ہیں کہ بیع سے مراد ہر وہ کام ہے جو سعی الی الجمعہ میں مخل ہو۔ اگر بیع کے علاوہ کسی اور کام میں مشغول ہو جائے تو وہ بھی مکروہ ہوگا۔ مکروہ تحریمی کے ساتھ۔

والمراد من البیع ما یشغل عن السعی الیھا حتی لو اشتغل بعمل آخر سوی البیع فھو مکروہ ایضًا الی ان قال) وتصریح الوجوب یفید ان الاشتغال بعمل آخر مکروہ کراھۃ تحریم الخ ص ۱۵۶ ج ۲ ۔

مذہب حنفی کے مشہور محدث حضرت مولانا علامہ ظفر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ اعلاء السنن میں اس پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ کہ اذان جمعہ کے بعد بیع سے منع کی علت سعی الی الجمعہ میں مخل ہونا ہے۔ اور یہ علت دوسرے عقود میں بھی پائی جاتی ہے۔ لہٰذا جہاں علت پائی جائے گی وہاں حرمت کا حکم آجائے گا۔

مذکورہ بالا تفصیل سے یہ بات صراحت کے ساتھ معلوم ہوگئی۔ کہ اذانِ جمعہ کے بعد بیع کی طرح دوسرے عقود و معاملات مذہب شافعی میں حرام اور مذہب مالکی میں بھی منع بیع کے ساتھ ملحق کرنے کا احتمال ہے۔ اور مذہب حنفی میں بھی دوسرے عقود کراہت سے خالی نہیں۔ اور مکروہ تحریمی ہیں۔ جیسا کہ البحر الرائق کے حوالہ سے گزر چکا ہے۔ اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ نکاح اور دوسرے عقود کا اذانِ جمعہ کے بعد ہونا مکروہ ہے اور اس پر فقہاءِ امت کے اتفاق کا بھی اظہار کیا گیا ہے۔ جیسا کہ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کے حوالہ سے گزر چکا ہے۔ اور اس پر بھی اتفاق ہے کہ ہر وہ کام جو سعی جمعہ میں مخل ہو وہ نہی عن البیع کے حکم میں ہے۔ جیسا کہ شرح المہذب کے حوالہ سے گزر چکا ہے۔ جن حضرات نے نکاح اور دوسرے عقود وغیرہ کو منع بیع کے حکم میں شامل نہیں کیا۔ ان کی دلیل ان عقود کا اذانِ جمعہ کے بعد واقع ہونا نادر بتایا گیا ہے۔ لیکن جب باوجود نادر ہونے کے منع کے وقت ان کا وقوع ہوگا۔ تو علت اصل منع کی طرف لوٹ آئے گی۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ ان حضرات کے وقت کا زمانہ اور وہ لوگ آج کل کی بنسبت بہت نیک ہوتے تھے۔ وہ لوگ جمعہ کے دن تمام کام چھوڑ کر صبح سے جمعہ کی تیاری کر کے مساجد میں چلے جاتے تھے۔ جیسا کہ آج کل لوگ جمعہ کو اس طرح کاموں کے لئے غنیمت سمجھتے ہیں۔ اس لئے کہ تمام ملازمین بآسانی مجلس نکاح میں شریک ہوجاتے ہیں۔

اگرچہ جمعہ کے دن شادی کرنا منع تو نہیں۔ لیکن جمعہ کے دن ہونے والی مجلس نکاح اور دعوت طعام وغیرہ اذانِ جمعہ کے بعد ہوتی ہیں اور تقریباً ہمارے دیار کا عرف عام بن چکا ہے۔

اس ساری تفصیل سے اس پر فقہاء کا اتفاق نظر آتا ہے۔ کہ اذانِ جمعہ کے بعد اگرچہ نکاح پڑھانے سے منعقد ہوجاتا ہے۔ لیکن کراہت اس میں باقی رہتی ہے۔ چونکہ نکاح جہاں ایک عقد ہے وہاں عبادت بھی ہے۔ لہٰذا عوام الناس پر لازم ہے کہ اذانِ جمعہ کے بعد نکاح کی مجلس منعقد نہ کریں اور آئمہ حضرات کو ضروری ہے کہ اذانِ جمعہ کے بعد نکاح پڑھ لیں تو اگرچہ نکاح ہوجاتا ہے۔ لیکن احتیاطاً بعد الجمعہ دوبارہ نکاح پڑھا لیں تاآنکہ عام لوگ اس وقت مجلس نکاح منعقد ہی نہ کریں۔ لیکن اگر اذانِ جمعہ کے بعد پڑھائے ہوئے نکاح کا دوبارہ اعادہ نہ کیا جائے گا۔ اور اولاد ہوجائے۔ تو چونکہ اصلاً نکاح ہو گیا ہے۔ اس لئے اولاد ثابت النسب ہوگی۔

ھذا عندی واللہ اعلم بالصواب علمہ اتم واحکم۔

نوٹ:۔ حضرت شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم۔ اور حضرت مولانا مفتی عبدالواحد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی رائے یہ ہے کہ بعد اذان الجمعۃ نکاح بعد الجمعہ واجب الاعادہ ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

احقر عبدالشکور عفا اللہ عنہ

دارالافتاء۔ مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

جمعہ کی اذان اوّل کے بعد مجلس نکاح کا انعقاد منع ہے۔ لیکن ایسی مجلس میں پڑھا گیا نکاح فاسد نہیں اور اعادے کی بھی حاجت نہیں۔ پس اولاد صحیح النسب تصور کی جائے گی۔

والجواب صحیح بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## ولی اقرب کتنی مسافت پر ہو تو ولی البعد اس کے قائم مقام ہو گا

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ صغیر یا صغیرہ کا ولی اقرب یعنی باپ مثلاً لاہور ہے اسکی عدم موجودگی اور اسکی اجازت کے بغیر ولی ابعد نے اسکی لڑکی یا لڑکے کا نکاح کیا۔ ولی اقرب کو جب اس نکاح کی خبر اور اطلاع ہوئی تو اس نے اس نکاح پر ناراضگی کا اظہار کیا اگر ولی اقرب کو نکاح کی پہلے خبر دیتے یا بلاتے تو وہ ضرور آ بھی سکتا تھا اور اس کے آنے تک کفو بھی زائل نہ ہوتی، اور نہ ہی اس کے آنے کے انتظار میں رشتہ کے نقصان اور فوت ہونے کا اندیشہ تھا۔ اب اس صورت میں ولی اقرب کا لاہور ہونا غیبۃ منقطعہ میں داخل ہے یا نہیں۔ اگر اس کا لاہور ہونا غیبۃ منقطعہ میں داخل نہ ہو تو ولی اقرب کی عدمِ اجازت کی صورت میں ولی بعید نے جو اسکی لڑکی یا لڑکے کا نکاح کیا ہے وہ شرعاً ناجائز قرار دیا جائے گا یا نہیں؟

۲۔ ولی اقرب کا لاہور رہنا اگر غیبۃ منقطعہ میں داخل ہے اور ولی بعید نے جو اسکی اجازت کے بغیر اور اسکی عدم موجودگی میں اسکی لڑکی یا اس کے لڑکے کا نکاح کیا ہے وہ اسکی اجازت پر موقوف تھا تو اس صورت میں جب اس کو نکاح کی خبر ہوئی اور اس نے نکاح پر

ناراضگی اور عدم رضا کا اظہار کیا تو وہ نکاح شرعاً جائز قرار دیا جائے گا یا ناجائز؟

(سائل مولوی محمد عالم جہلم)

**الجواب** ولی اقرب کا یہاں سے دُور ہونا اصح قول کے مطابق غیبتہ منقطعہ میں داخل نہیں جب ولی اقرب کا اتنے دور سفر پر غائب ہونا غیبتہ منقطعہ میں داخل نہیں تو اسکی عدم موجودگی میں اسکی لڑکی یا لڑکے نابالغ کا نکاح ولی بعید کرے تو شرعاً وہ نکاح ہرگز لازم نہ ہوگا جیسا کہ صاحب شامیؒ نے تصریح کی ہے شامی جلد دوم ص۳۲۲ پر مکتوب ہے۔ وقال فی الذخیرۃ الاصح انہ اذا کان فی موضع لو انتظر حضورہٗ او استطلاع رأیہ فات الکفء الذی حضر فالغیبۃ منقطعۃ والیہ اشار فی الکتاب الٰی ان قال فینبغی ان ینظر ھنا الی الکفء ان رضی با لانتظار مدۃ یرجی فیہا ظہور الاقرب المختفی لم یجز نکاح الابعد والا جاز پس شامی کی اس روایت سے ثابت ہوا کہ اتنے سفر پر ولی اقرب کا غائب ہونا غیبتِ منقطعہ نہیں اور صُورتِ مذکورہ میں ولی بعید کا ولی اقرب کے لڑکے یا لڑکی نابالغہ کا نکاح کرنا ہرگز لازم نہیں۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد عبداللہ غفرلہٗ
خادم الافتاء خیر المدارس ملتان ۲۵/۵/۷۲ھ

---

## مرزائی کے پڑھائے ہوئے نکاح کا حکم

زید نے اپنی لڑکی نابالغہ کے نکاح کے لئے مجلس منعقد کروائی اور ایک مولوی صاحب کو برائے عقد نکاح بلایا۔ اس مولوی صاحب نے باپ سے اجازت لے کر نکاح کر دیا۔ اس وقت معلوم نہ تھا بعدہٗ معلوم ہوا کہ وہ مولوی مرزائی تھا۔ پھر نکاح بھی اسطرح کیا کہ گواہ وغیرہ بالکل متعیّن نہ کئے۔ ویسے اس مجلسِ نکاح میں باپ بھی موجود تھا اور سامعین ایجاب وقبول بھی موجود تھے فقط گواہوں کی تعیین نہیں کی گئی۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس صُورت میں جبکہ ناکح ومنکوحہ ومتولیان وغیرہ مسلم ہیں تو اس مرزائی مُلاں کا باپ سے اجازت لے کر ایجاب و

قبول کر دینے سے اور عدم تعیینِ گواہوں سے نکاح میں کوئی خلل آیا یا نہ یہ نکاح معتبر ہے، یا کالعدم ہے کہ دوبارہ کیا جاوے یا دوسری جگہ کر دیا جاوے۔

مستفتی : مولٰینا منظور الحق صاحب مدرس مدرسہ دار العلوم کبیر والہ ۔

**الجواب** شامی میں ہے صفحہ ۲۹۷/۲ (قولہ لانہ یجعل عاقداً حکماً) لان الوکیل فی النکاح سفیر ومعبر ینقل عبارۃ الموکل فاذا کان الموکل حاضراً کان مباشراً لان العبارۃ تنتقل الیہ وھو فی المجلس ولیس المباشر سوی ھذا بخلاف ما اذا کان غائباً لان المباشر ماخوذ فی مفھومہ الحضور فظھر ان انزال الحاضر مباشراً جبری الخ اھ۔

صورتِ مسئولہ میں مذکور مرزائی مولوی زید کیطرف سے اسکی لڑکی مذکورہ کے نکاح کا وکیل تھا پس جب اس نے زید کی موجودگی میں نکاح پڑھایا ہے تو وہ سفیر محض تھا حقیقت میں نکاح پڑھانے والا زید خود ہی تھا (بحوالہ بالا) اس لئے اس کے نکاح پڑھانے سے نکاح کے انعقاد پر کوئی اثر نہیں پڑا اور نکاح کے لئے گواہوں کا مقرر اور متعین ہونا ضروری نہیں صرف مجلس نکاح میں دو گواہوں کی حاضری کا ضروری ہے اس لئے عدم تعیینِ گواہوں کی وجہ سے نکاح میں کوئی خلل نہیں آتا۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ محمد اسحاق عغفرلہ،
۳۰ر محرم الحرام ۱۳۸۰ھ

الجواب صحیح،
عبد اللہ غفر اللہ لہ،

## صرف "میں نے بچہ دے دیا" کہنے سے نکاح منعقد نہیں ہوگا بوجہ عدم تعیین کے

خدا بخش نے اپنی لڑکیوں کا نکاح اور شادی کے دن مقرر کر دیئے لوگوں نے اسکی مخالفت شروع کر دی حتیٰ کہ خدا بخش کو زبردستی بال بچے سمیت گھر سے نکال دیا ان کا یہ مطالبہ تھا کہ خدا بخش اپنی لڑکیوں کے معاوضہ میں ہم کو رشتہ لے کر دے خدا بخش نے اپنا گھر چھوڑ دیا ہے۔ لیکن رشتہ دلوانے سے انکار کر دیا ہے۔ خدا بخش نے زید سے کہا کہ میری لڑکیوں کے معاوضہ میں

رات لوگ تجھ سے مطالبہ کریں گے اگر مجھ کو زبردستی لے کر آئیں تو میں بھی ساتھ آؤں گا۔ لیکن تم رشتہ دینے سے صاف انکار کر دینا سوموار کی رات، کو مخالف پارٹی نے علماء گھڑتے تھے کو بھیج دیا خدا بخش کو بھی ساتھ لے گئے زید نے رشتہ دینے سے صاف انکار کر دیا ——— غلام حیدر نے کہا زید سے بھی منوا دو کہ جس طرح تم نے صدیق سے منوایا تھا اس بات کے جواب سے زیادہ شرارت ہو گئی خدا بخش نے زید سے کہا کہ ان لوگوں سے خطرہ ہے کہ بوقت نکاح کوئی شور شرابہ کریں تاکہ زید کوئی نہ کوئی تدبیر نکالے لیکن زید نے اپنی مصلحت تمام لوگوں سے چھپا رکھی تھی وہ مصلحت یہ تھی کہ ایسے الفاظ زبان سے نکالوں گا جس سے نکاح کا تعلق ہی نہ ہوگا اور نہ ہی نکاح ثابت ہو سکے، جب خدا بخش کی تین لڑکیوں کے نکاح مکمل ہو گئے تو زید نے نکاح پڑھنے والے پر رعب ڈالا تاکہ حافظ کی ضرورت باقی نہ رہے جو الفاظ نکاح سے تعلق رکھتے ہیں ان کا مطالبہ نہ کرے زید نے کہا کہ میں نے اپنا بچہ دے دیا بچے کے الفاظ سے زید بکر کا پتہ نہیں چل سکتا اپنے بچے کا نام مذکر یا مؤنث نہیں لیا مخالف پارٹی کو اپنے بچے کا نام بتایا اور نہ کسی نے ان سے پوچھا دونوں فریق اپنے داؤ پر تھے زید نے بچے کا لفظ اپنے منہ سے اس لئے نکالا ہے کہ فتنہ فساد ختم ہو جائے اور اس کے ساتھ نکاح کے تمام فرض ختم کر دیئے ہیں۔ دونوں فریق کے دو، دو چار چار یا کم و بیش بچے ہیں اپنے اپنے بچوں کے نام بتانے کی بات چیت نہیں ہوئی اب آپ اس کا جواب فرمائیں کہ بچے کے لفظ سے نکاح ہو گیا یا نہیں۔ سائل نے بتایا کہ مخالف پارٹی کی طرف سے نہ قبول ہوا اور نہ مہر کا ذکر ہوا نہ خطبہ مسنونہ پڑھا گیا۔ خلاصہ یہ کہ زید نے صرف یہی الفاظ کہے کہ میں نے بچہ دے دیا، فریقین نے نہ بچے کی تعیین کی نہ بچی کی نہ پہلے سے کسی قسم کی تعیین تھی مخالف پارٹی کے کئی بچے ہیں

(المستفتی: محمود احمد موضع بیٹ خاروالا تحصیل و ضلع لیہ)

**الجواب** ———— برتقدیر صحتِ واقعہ صورتِ مسئولہ میں اگر زوجین کی یا کسی ایک کی تعیین نہیں کی گئی تو یہ نکاح شرعاً معتبر نہیں بلکہ صرف یہ لفظ (میں نے اپنا بچہ دے دیا) کہنے سے تعیین کی صورت میں بھی نکاح نہیں ہوتا صحتِ نکاح کی شرطیں بیان کرتے ہوئے عالمگیریہ میں لکھا ہے۔ ومنها أن يكون الزوج والزوجة معلومين إلى قوله أبو الصغيرة اذا قال زوجت بنتي فلانة من ابن فلان وقال فلان قبلت لابني ولم

یسم الابن ان کان له ابنان لایجوز الخ (ہندیہ ص۲۷ ج۱) ، فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ ،

دوسری طرف سے قبول بھی نہیں پایا گیا لہٰذا حسب سوال نکاح نہیں ہوا ۔

الجواب صحیح ،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ ۱۳/۱۰/۱۴۰۳ھ

## لفظِ نکاح استعمال ہو تو نکاح ہی ہوگا خواہ مجلس منگنی کی ہو !

مسمی زرداد خان فضل داد خان کے ہاں مہمان کی صورت میں آئے اور دو آدمیوں کو لے کر فضل داد خان کو کہنے لگے کہ زرداد خان کی کوئی اولاد نرینہ نہیں ہے تم اپنی لڑکی زرداد خان کو دے دو اور زرداد خان کی لڑکی بلقیس اپنے لڑکے کے لئے لے لو چنانچہ وہاں زرداد خان مذکور نے کہہ دیا کہ میں نے اپنی لڑکی مسماۃ سکینہ جان آپ کے لڑکے کے لئے دی فضل داد خان نے کہا کہ میں نے اپنے لڑکے کے لئے قبول کی فضل داد خان نے کہا کہ میں نے اپنی لڑکی تم کو نکاح میں دیدی مہر وغیرہ کچھ مقرر نہیں ہوا ۔ دوسرے دن زرداد خان گھر چلا گیا اور خط لکھا کہ میں نہ تمہاری لڑکی نکاح میں لیتا ہوں نہ اپنی لڑکی تمہارے لڑکے کے نکاح میں دیتا ہوں ۔ عرصہ تقریباً چار سال کا ہوگیا اب ایک مولوی صاحب نے کہا کہ فضل خان اپنی لڑکی کا جہاں چاہے نکاح کر سکتا ہے کیونکہ یہ وعدہ ہے دوسرے مولوی صاحب نے کہا ہے کہ یہ نکاح ہے دوسری جگہ نکاح نہیں کر سکتا ۔ اب علماء سے استفسار ہے کہ صورت مذکورہ منگنی ہے یا نکاح ؟ دوسری جگہ عقد سکینہ اور بلقیس کا جائز ہے یا نہیں ، جو مسئلہ شرعاً ہو بحوالہ کتب مع عبارت تحریر فرمائیں تاکہ اس پر عمل کیا جائے ؟

**الجواب** از دار العلوم دیوبند

یہ مجلس جس میں ایجاب و قبول ہوا مجلس نکاح نہیں تھی بلکہ یہ مجلس اور یہ گفتگو رشتہ کی تھی جو دراصل وعدۂ نکاح ہے لہٰذا اس صورت میں نکاح نہیں ہوا ، اس لئے مسماۃ سکینہ اور بلقیس کا دوسری جگہ نکاح جائز ہے جیسا کہ فتاویٰ انقرویہ میں ہے ۔

قال له هل اعطيتها فقال اعطيت فان كان المجلس للوعد

فوعد وان کان لعقد النکاح فنکاح ۔ فقط واللہ اعلم ،

مسعود احمد عفا اللہ عنہ نائب مفتی دار العلوم دیوبند

**الجواب** از جامعہ خیر المدارس ملتان

ہماری رائے میں دونوں نکاح لازم ہو گئے ہیں اسلئے کہ زرداد خان نے دو آدمیوں کے سامنے فضل داد سے درخواستِ نکاح کی اور اپنی لڑکی نکاح میں دینے کا ارادہ ظاہر کیا۔ یہاں تک یہ مجلس مجلسِ خطبہ تھی اس کے بعد فضل داد نے یہ کہہ کر میں نے اپنی بیٹی سکینہ جان تم کو نکاح میں دی۔ زرداد نے کہا کہ میں نے قبول کی۔ اب یہ مجلس، مجلس نکاح ہو گئی بوجہ صراحتِ نکاح کے اس کے بعد زرداد نے اپنی لڑکی فضل داد کے لڑکے کو دی اور فضل داد نے اپنے لڑکے کے لئے قبول کر لیا۔ یہ دوسرا نکاح ہو گیا۔ اور هل اعطیتها والا جزئیہ اسکے مطابق نہیں کیونکہ وہاں مجلس واحد ہے۔ اور اعطیتها محتمل نکاح اور خطبہ دونوں کے لئے ہے۔ برخلاف صورتِ مسئولہ کے کہ اس میں مجلس میں تغیر آچکا ہے مجلس کا پہلا حصہ خطبہ کا ہے اور مجلس کا آخری حصہ مجلس نکاح بن گیا ہے اور ایسا ہو سکتا ہے ایک شخص کھانا کھاتا ہے یہ مجلس اکل ہے اس کے بعد کھانے سے فارغ ہو کر تلاوت، قرآن کریم شروع کر دیتا ہے اب یہ مجلس، مجلس تلاوت، ہو گی۔ نیز اس جگہ تصریح موجود ہے کہ میں نے اپنی لڑکی تمہارے نکاح میں دیدی زرداد خان نے کہا قبول کی اور اعطیتها میں نکاح کی تصریح موجود نہیں وہاں وعدۂ نکاح کا احتمال ہے لہذا مجلس کو قرینہ بنایا جائے گا اور جہاں تصریح ہو وہاں قرینہ کی ضرورت نہیں صریح کے منطوق پر عمل کیا جائے گا نیز شامی ص۳۶۵ ج۲ میں مرقوم ہے۔

وانما يصح بلفظ التزوج والنكاح لانهما صريح ۲۔ وما ينعقد به النكاح نوعان صريح وكناية فالصريح لفظ النكاح والتزويج .

ان دو عبارات سے معلوم ہوا کہ تزویج اور نکاح کا لفظ انعقادِ نکاح کے لئے صریح ہے پس اب مجلس مذکور کا مجلسِ خطبہ ہونا اثر انداز نہیں ہو گا جیسا کہ طلاق صریح میں۔ پس نکاح اول بوجہ صراحت کے منعقد ہو گیا اور عقدِ ثانی اگرچہ اس میں لفظِ نکاح صریح نہیں ہے۔ لیکن یہ عقدِ اول کے بدلہ میں کیا جا رہا ہے، اس لئے یہ بھی منعقد ہو جائے گا۔ فقط واللہ اعلم ، محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ ،

## بیوی کو ماں بہن کہنے سے بیوی نکاح سے خارج نہیں ہوگی۔

کوئی آدمی بغیر ذکرِ حرفِ تشبیہ کے اپنی بیوی سے کہتا ہے کہ تو میری ماں ہے یا تو میری بہن ہے۔ اس سے طلاق واقع ہوجائے گی یا نہیں ؟

احسن الفتاویٰ میں ایک مفصل فتویٰ بعنوان " بیوی کو ماں کہنا طلاق بائن ہے" موجود ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ان الفاظ کے کہنے سے بلا نیت بھی طلاق بائن واقع ہوجاتی ہے۔ احسن الفتاویٰ کا فتویٰ بھی پیش کرتا ہوں براہِ کرم اپنی تحقیق سے مطلع فرمائیں کہ بیوی کو ماں، بہن کہنے سے بلا نیت طلاق ہوجائے گی یا نہیں۔؟ بیّنوا توجروا،

المستفتی ! احقر عبدالقدیر ٹانکوی
متعلّم افتاء جامعہ خیر المدارس ملتان

### بیوی کو ماں کہنا طلاقِ بائن ہے:

سوال: ایک آدمی نے اپنی عورت کو کہا کہ تو میری ماں ہے، یا تو میری بہن ہے (انت امی وانت اختی) اور حروفِ تشبیہ میں سے کوئی حرف ذکر نہیں کیا، آیا طلاق واقع ہوجائے گی یا نہیں؟ بیّنوا توجروا،

الجواب : طلاق واقع ہوجائے گی، قال فی شرح التنویر والا ینوشیئا اوحذف الکاف لغا، وفی الشامیۃ (قولہ لغا) لانہ مجمل فی حق التشبیہ فمالم یتبین مراد مخصوص لا یحکم بشیٔ فتح (رد المحتار ص۲۳۶ ج ۲) اس سے ثابت ہوا کہ تعین ارادۂ طلاق کی صورت میں طلاق واقع ہوجائے گی، اس کے بعد علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ "فتح القدیر" سے نقل فرماتے ہیں:

وفیہ حدیث رواہ أبوداود ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمع رجلا یقول لامرأتہ یا اخیۃ فکرہ ذلک ونھی عنہ ومعنی النھی قربہ من لفظ التشبیہ ولولا ھذا الحدیث لامکن أن یقال ھو ظھار لان التشبیہ فی أنت امی أقوی منہ مع ذکر الاداۃ ولفظ یا اخیۃ استعارۃ بلا شک وھی مبنیۃ علی التشبیہ لکن الحدیث أفاد کونہ لیس ظہارا حیث لم یبین فیہ حکما سوی الکراھۃ والنھی فعلم انہ لا بد فی کونہ ظھارا من التصریح بأداۃ التشبیہ شرعًا۔ (رد المحتار ص۲۳۶ ج۲)

ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس تحقیق کا حاصل یہ ہے کہ حذفِ اداۃِ تشبیہ کی صورت میں بمقتضائے قیاس بطریقِ اولیٰ وقوعِ طلاق یا ظہار کا حکم ہونا چاہیئے، مگر حدیث کی وجہ سے قیاس کے مطابق حکم نہیں لگایا جائے گا۔ ابن

ہمام رحمۃ اللہ تعالیٰ کے استدلال میں یہ اشکال ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس شخص کے بارے میں قرائن سے یہ علم تھا کہ اس نے یہ الفاظ بنیت طلاق نہیں کہے اور اس وقت ان الفاظ سے طلاق کا عُرف عام بھی نہیں تھا۔ اس لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق کا حکم نہیں فرمایا، طلاق کی نیت یا عُرف کی صورت میں حدیث سے عدمِ وقوع ثابت نہیں ہوتا، لہٰذا بمقتضائے قیاس تشبیہ بلیغ سے بطریق اولیٰ طلاق بائن واقع ہوگی کما یدل علیہ ما نقلنا عن الشامی عن قول ابن الھمام نفسہ فمالم یتعین مراد مخصوص لا یحکم بشئی اھ، وقال الشیخ الانور رحمۃ اللہ تعالیٰ قال العلماء لابد فی الظھار من التشبیہ، واذ قال انت امی لایکون ظھارا بل لغو، اقول لابدّ من ان یکون طلاقاً بائناً عند النیۃ، وقد روی عن ابی یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ فی العمدۃ (العرف الشذی ص۳۸۰) ———

وقال الحافظ العینی رحمۃ اللہ تعالیٰ تحت باب اذا قال لامرأتہ وھو مکرہ ھذہ اختی فلا شئی علیہ، قال ابن بطال اراد البخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ بھذا التبویب رد قول من نھی ان یقول الرجل لامرأتہ یا اختی فمن قال لامرأتہ کذلک وھو ینوی ما نواہ ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والسلام فلا یضرہ شئی * قال ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ ان لم یکن لہٗ نیۃ فھو تحریم وقال محمد بن الحسن ھو ظھار اذا لم یکن لہ نیۃ ذکرہ الخطابی ——— (عمدۃ القاری ص۲۵ ج۲۰) ———

وقال ایضاً فی باب الظھار اعلم ان الالفاظ التی یصیر بھا المرأ مظاھرا علی نوعین، صریح نحو انت علیّ کظھر امی او انت عندی کظھر امی وکنایۃ نحو ان یقول انت علیّ کامی او مثل امی او نحوھما یعتبر فیہ نیتہ فان اراد ظھاراً کان ظھاراً وان لم ینو لا یصیر ظھاراً وعند محمد بن الحسن رحمہ اللہ تعالیٰ ھو ظھار وعند ابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ ھو مثلہ ان کان فی الغضب وعنہ ان یکون ایلاء وان نوی طلاقا کان طلاقاً بائناً (عمدۃ القاری ص۲۸۱ ج۲۰) ———

عمدۃ القاری کی عبارتِ اُولیٰ میں اداۃ تشبیہ محذوف ہے اور عبارتِ ثانیہ میں مذکور ہے، معہٰذا دونوں میں حکم واحد ہے، اسی طرح حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی دونوں صورتوں میں حُرمت تحریر فرمائی ہے۔ ونصہ تحت قولہ تعالیٰ وان اللہ لعفو غفور ای عما کان منکم فی حال الجاھلیۃ وھکذا ایضاً عما خرج من سبق اللسان ولم یقصد الیہ المتکلم کما رواہ ابوداؤد ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمع رجلاً یقول لامرأتہ یا اختی فقال اختک ھی؟ فھذا انکار ولکن لم یحرمھا بمجرد ذلک لانہ لم یقصدہ ولو قصدہ لحرمت علیہ لانہ لافرق علی الصحیح بین الام وبین غیرھا من سائر المحارم من اخت وعمۃ وخالۃ وما اشبہ ذلک (تفسیر ابن کثیر ص۳۲۱ ج۴ سورۃ المجادلۃ) غرضیکہ حذف اداۃ تشبیہ کی صورت میں بھی نیت یا عُرفِ طلاق

سے طلاق بائن ہوجاتی ہے، آج کل کے عرف عام میں یہ الفاظ صرف طلاق ہی کے لئے متعین ہیں، لہٰذا بدون نیت بھی طلاق بائن واقع ہوجائے گی بلکہ زوج کوئی دوسری نیت بتائے تو بھی طلاق ہی کا حکم دیا جائے گا، اس کا قول خلافِ ظاہر ہونے کی وجہ سے قبول نہیں کیا جائے گا۔

## العبارات المزيدة :

(۱) قال الحافظ رحمہ الله تعالى تحت "باب اذا قال لامرأته وهو مكره هذه اختى فلا شئ عليه الخ" قال ابن بطال اراد بذلك رد من كره ان يقول لامرأته يا اختى وقد روى عبدالرزاق من طريق ابى تميمة الهجيمى مر النبى صلى الله عليه وسلم على رجل وهو يقول لامرأته يا اخية فزجره قال ابن بطال ومن ثم قال جماعة من العلماء يصير بذلك مظاهراً اذا قصد ذلك فارشده النبى صلى الله عليه وسلم الى اجتناب اللفظ المشكل ——— (فتح البارى شرح صحيح البخارى ص۳۴۰ ج۹)

(۲) وقال الشيخ محمد زكريا رحمہ الله تعالى وقال الباجى ان قال انت على كامى فقد قال مالك وهو مظاهر قال ابوالقاسم كانت له نية اولا قال ابن القاسم وكذلك ان قال انت امى خلافاً لابى حنيفة والشافعى فى قوليهما ان لم ينوا الظهار فهو محمول على البر والكرامة

انتهى ——— (اوجز المسالك ص۵۰ ج۱۰)

(۳) وقال العلامة ابوالوليد الباجى رحمہ الله تعالى وان اثبت للجملة حكم الجملة فقال انت على كامى فقد قال مالك رحمہ الله تعالى هو مظاهر قال الشيخ ابوالقاسم كانت له نية اولم تكن قال ابن قاسم وكذلك اذا قال لها انت امى قال القاضى ابومحمد خلافاً لابى حنيفة والشافعى رحمهما الله تعالى فى قوليهما ان لم ينوا الظهار فانه محمول على البر والكرامة وهذا يقتضى ان يكون مظاهراً ان لم تكن له نية جملة واما ان كانت له نية الاكرام والبر فيجب ان لا يكون مظاهراً (المنتقى ص۳۸ ج۴)

(۴) وقال العلامة السهارنفورى رحمہ الله تعالى تحت "باب فى الرجل يقول لامرأته يا اختى" ان يكون النهى عنه والكراهة سداً للباب فانه يحتمل انه اذا لم ينبه على ذلك يعتدون فيه ويمكن ان يتكلموا بلفظ يؤدى الى الظهار فتحرم عليه وتجب الكفارة والفراق اذا نوى الظهار، قال الحافظ تعالى ابن بطال ومن ثم قال جماعة من العلماء، يصير بذلك مظاهراً

اذا قصد ذلك فارشدہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم الیٰ اجتناب اللفظ المشکل، قال ولیس بین ھذ الحدیث وبین قصۃ ابراھیم معارضۃ لان ابراھیم علیہ السلام انما اراد بھا اختہ فی الدین فمن قال ذلك ونوی اخوۃ الدین لم یضرہ (بذل المجہود ص۲۷۶ ج۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

# الجواب وھو الموفق للصواب

الفاظِ ظہار کی دو قسمیں ہیں (۱) صریح جیسے کہ انت علی کظہر امی او انت عندی کظہر امی۔ (۲) کنایہ جیسے کہ انت علی کامی او انت علی مثل امی۔ کنایہ میں نیّت کا اعتبار ہوگا۔ اگر نیّت ظہار کی ہے تو ظہار ہوگا طلاق کی نیّت کی تو طلاق بائن واقع ہوگی۔ عمدۃ القاری میں ہے:۔

اعلم ان الالفاظ التی یصیر بھا المرء مظاھرا علی نوعین صریح نحو انت علی کظہر امی او انت عندی کظہر امی وکنایۃ نحو ان یقول انت علی کامی او مثل امی او نحوھما یعتبر فیہ نیتہ فان اراد ظہارا کان ظہارا وان لم ینو لا یصیر ظہارا و عند محمد بن الحسن ھو ظہار وعن ابی یوسف ھو مثلہ ان کان فی الغضب وعنہ ان یکون ایلاء وان نوی طلاقا کان طلاقا بائنا۔ (عمدۃ القاری ص۲۸۱ ج۲۰)

عالمگیریہ میں ہے: لو قال لامرأتہ انت علی کظہر أمی کان مظاھرا سواء نوی الظہار او لا نیۃ لہ اصلا ولو قال لھا انت علی مثل امی او کامی ینوی فان نوی الطلاق وقع بائنا وان نوی الکرامۃ او الظہار فکما نوی ھکذا فی فتح القدیر (عالمگیریہ ص۵۰۷ ج۱)

اور بلا حرفِ تشبیہ انت امی کہنے سے طلاق واقع نہ ہوگی خواہ نیّتِ طلاق سے کہے یا بلا نیّتِ طلاق، کیونکہ یہ لفظ نہ طلاق وظہار کے صریح الفاظ میں شامل ہے نہ کنایات میں بلکہ حضراتِ فقہاءؒ نے اسے الفاظِ کنایہ کے مقابلہ میں ذکر کرتے ہوئے اس کی لغویت کی تصریح کی ہے ۔

درمختار میں ہے:۔ وان نوی بأنت علی مثل أمی أو کامی وکذا لو حذف علی خانیۃ برا أو ظہارا أو طلاقا فصحت نیتہ ووقع ما نواہ لانہ کنایۃ والا ینو شیاء أو حذف الکاف لغا وقال الشامیؒ تحت قولہ أو حذف الکاف بأن قال أنت أمی ۔

(درمختار مع الشامیۃ ص۹۳۶ ج۲)

اس تقابل اور لغویت کی تصریح کا بالکل واضح مطلب یہی ہے کہ نیت کرنے سے بھی اس لفظ کے ساتھ طلاق واقع نہ ہوگی ——

حضرات فقہاء کے علاوہ اکابر علماء، جو مدارِ فتویٰ ہیں۔ ان اکابر نے بھی اس لفظ انت امی کے لغو ہونے کی تصریح کی ہے۔ ملاحظہ ہو امداد الفتاویٰ ص۴۸۰ ج۲ ، مجموعۃ الفتاویٰ ص۹۶ ج۲ ، عزیز الفتاویٰ ص۶۲۹ ج۲ ، کفایت المفتی ص۴۳۰ ج۶ ، امداد المفتین ص۴۲۵ ) ——

حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ لکھتے ہیں: "اس لفظ کہنے سے نہ طلاق ہوئی نہ ظہار لغو اور مہمل لفظ تھا بیکار گیا" —— اگر اس میں نیت کا اعتبار ہوتا تو یہ لفظ کنایات طلاق و ظہار میں شامل ہوتا اور اسے لغو نہ قرار دیا جاتا ——

الفاظ کنایات کو کسی نے لغو قرار نہیں دیا، لغو ہونے کا معنیٰ ہی یہی ہیں کہ نیت یا بلا نیت کسی طرح سے اس لفظ کے ساتھ طلاق و ظہار نہ ہوگا۔ جیسے بیوی کی طرف سے ظہار لغو ہے اس سے کچھ نہیں ہوتا۔ قال فی الدر المختار وظهارها منه لغو فلا حرمة ولا كفارة ——

لغو ہونے کے علاوہ حضرات فقہاء نے انت امی کے بطلان کی بھی تصریح کی ہے اگرچہ نیت بھی کی ہو۔ چنانچہ علامہ شامیؒ نے صاحب درمختار کے قول تشبیہ المسلم کے تحت ذکر کیا ہے واحترز به عن نحو أنت أمي بلا تشبيه فانه باطل وان نوى الخ (شامی ص۶۳۶ ج۲ )

• پس لغو اور باطل لفظ میں نیت طلاق کا معتبر نہ ہونا ظاہر ہے۔ جب تک حرف تشبیہ ذکر نہیں کیا جائے گا باوجود نیت کے بھی ان الفاظ سے ظہار یا طلاق واقع نہ ہوگی تقریباً سب فقہائے اس کی تصریح فرمائی ہے ——

علامہ شامیؒ ردالمحتار میں فرماتے ہیں . بأن قال أنت أمي ومن بعض الظن جعله من باب زيد أسد درمنتقى عن القهستاني قلت ويدل عليه ما نذكره عن الفتح من أنه لا بد من التصريح بالاداة —— (شامی ص۶۳۶ ج۲ )

علامہ شامیؒ نے چند سطر بعد فتح القدیر سے یہ عبارت نقل کی ہے۔ فعلم أنه لا بد فى كونه ظهارا من التصريح بأداة التشبيه شرعا —— (شامی ص۶۳۶ ج۲ )

بحرالرائق میں بھی یہی الفاظ ہیں —— (بحرالرائق ص۱۰۷ ج۴ )

الغرض انت امی میں معنوی تشبیہ سے انکار نہیں —— لیکن یہ تشبیہ مؤثر نہیں۔ طلاق و ظہار بننے کے لئے لفظی تشبیہ کا پایا جانا ضروری ہے۔ جیسا کہ عبارات بالا سے ظاہر ہے ——

# عبارات حضرات فقہاءؒ

(۱) درمختار میں ہے:۔ وان نوی بأنت علی مثل أمی أو کامی و کذا لوحذف علی خانیۃ براً أو ظهاراً أو طلاقاً صحت نیته ووقع مانواه لانه کنایة والا ینو شیأ أوحذف الکاف لغا وتعین الادنی أی البر یعنی الکرامة ویکره قوله أنت أمی ویا ابنتی ویا أختی ونحوه وقال الشامی تحت (قوله ویکره) جزم بالکراهة تبعا للبحر والنهر والذی فی الفتح وفی أنت أمی لا یکون مظاهرا وینبغی أن یکون مکروها فقد صرحوا بأن قوله لزوجته یا أخیة مکروه وفیه حدیث رواه أبو داؤد ان رسول الله صلی الله علیه وسلم سمع رجلاً یقول لامرأته یا أخیة فکره ذلک ونهی عنه ومعنی النهی قربه من لفظ التشبیه ولولا هذا الحدیث لامکن أن یقال هو ظهار لان التشبیه فی أنت أمی أقوی منه مع ذکر الاداة ولفظ یا أخیة استعارة بلاشك وهی مبنیة علی التشبیه لکن الحدیث أفاد کونه لیس ظهارا حیث لم یبین فیه حکما سوی الکراهة والنهی فعلم أنه لابد فی کونه ظهارا من التصریح بأداة التشبیه شرعا ومثله أن یقول لها یا بنتی أو یا أختی ونحوه اھ —— (شامی ص۶۲۶ ج۲)

(۲) فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے:۔ لو قال لها أنت أمی لا یکون مظاهرا وینبغی أن یکون مکروها ومثله أن یقول یا ابنتی ویا اختی ونحوه ولو قال لها أنت علی مثل أمی أو کامی ینوی فان نوی الطلاق وقع بائنا وان نوی الکرامة أو الظهار فکما نوی هکذا فی فتح القدیر۔ وان لم تکن له نیة فعلی قول أبی حنیفة (رحمه الله تعالی) لا یلزمه شیء حملا للفظ علی معنی الکرامة کذا فی الجامع الصغیر والصحیح قوله هکذا فی غایة البیان وان نوی التحریم اختلفت الروایات فیه والصحیح أنه یکون ظهاراً عند الکل قال لها أنت مثل أمی ولم یقل علی ولم ینو شیأ لا یلزمه شیء فی قولهم کذا فی فتاوی قاضی خان۔ (فتاویٰ عالمگیریہ ص۵۰۷ ج۱)

(۳) صاحب بحر الرائق علامہ زین الدین ابن نجیمؒ انت علی مثل امی کے تحت فرماتے تھے۔ وقید با لتشبیه لانه لو خلا عنه بان قال أنت أمی لا یکون مظاهرا لکنه مکروه لقربه من التشبیه وقیاسا علی قوله یا اخیة المنهی عنه فی حدیث أبی داؤد المصرح بالکراهة ولولا التصریح بها لامکن القول بالظهار فعلم انه لابد فی کونه ظهارا من التصریح باداة التشبیه شرعا ومثله قوله یابنتی یا أختی ونحوه اھ

———— (بحر الرائق ص۱۰۷ ج۴)

## فتاویٰ اکابرؒ

حضرت مولانا عبدالحیؒ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں: ظہار نہ ہوگا اگرچہ نیت بھی کی ہو الوالمکارم شرح نقایہ میں لکھتے ہیں: ولوقال أنت أمی بدون اداۃ التشبیہ فالظاهرانہ مثل کامی علی ماعرف فی زید اسد لکن فی فتاویٰ صدرالاسلام انہ لونوی بہ الظہار فہو باطل لانہ کذب وھکذا یروی عن محمد رحمہ اللہ وفی العالمگیریۃ انت امی لا یکون مظاهرا وینبغی ان یکون مکروها ومثلہ ان یقول یا ابنتی ویا اختی ونحوہ الخ ——— (مجموعۃ الفتاویٰ ص۶۲ ج۲)

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں: "یہ کہنا کہ تو میری ماں ہے محض لغو ہے اس سے کچھ نہیں ہوتا"۔

(امداد الفتاویٰ ص۴۸۰ ج۲)

عزیز الفتاویٰ میں ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ یہ قول اس شخص کا لغو ہے۔ طلاق کسی قسم کی واقع نہیں ہوگی کیونکہ یہ لفظ نہ کنایات طلاق سے ہے کہ نیت طلاق سے اس میں طلاق واقع ہو جائے اور نہ الفاظ ظہار میں سے ہے کہ ظہار ہو جائے اور نہ ایلاء ہے۔ شامی میں ہے ویدل علیہ ما نذکرہ عن الفتح من انہ لابد من التصریح بالاداۃ الخ وفیہ ایضا والذی فی الفتح وفی أنت أمی لا یکون مظاهرا وینبغی أن یکون مکروها ومثلہ ان یقول لها یا ابنتی أو یا أختی ونحوہ۔ ——— (عزیز الفتاویٰ ص۶۳۹ ج۲) ———

کفایت المفتی میں ہے۔ ایک شخص نے اپنی منکوحہ بیوی کو غصہ کی حالت میں یہ کہہ دیا۔ کہ میری ماں ادھر سے ادھر آجا ———

**الجواب** اس لفظ کے کہنے سے نہ طلاق ہوئی نہ ظہار، لغو اور مہمل لفظ تھا بیکار گیا۔ (کفایت المفتی ص۴۲ ج۶)

عبارات فقہا اور اکابر کے فتاویٰ سے انت امی کے بارے میں امورِ ذیل معلوم ہوئے ———

(۱) یہ طلاق یا ظہار کے صریح الفاظ میں سے ہے نہ کنایہ میں سے (۲) محض لغو ہے (۳) باطل ہے۔ (۴) اس میں نیت کا اعتبار نہیں ورنہ یہ کنایہ ہوتا (۵) صریح یا کنایہ بننے کے لئے حرف تشبیہ کا لفظ مذکور ہونا ضروری ہے۔ (۶) اگر حدیث ابی داؤد نہ ہوتی تو اس کا کنایہ بننا ممکن تھا۔ یعنی اس حدیث نے اس کے کنایہ بننے کا امکان بھی ختم کردیا ہے۔ ان امور کی روشنی میں یہ امر قطعی طور پر واضح ہوگیا کہ انت امی محض لغو ہے۔ اس کے کہنے سے طلاق واقع نہ ہوگی۔ اگرچہ نیت طلاق کی ہو یا اس کا عُرف ہو ———

اس لئے احسن الفتاویٰ میں مذکور یہ فتویٰ صحیح نہیں کہ بدون نیت طلاق کے طلاقِ بائن واقع ہوجائیگی بلو

زوج کوئی دوسری نیت بھی بتائے تو بھی طلاق ہی کا حکم کیا جائے گا۔ احسن الفتاویٰ کے مطابق انتِ امّی کا لفظ گویا صریح الفاظ طلاق سے بھی بڑھا ہوا ہے۔ طلاق صریح میں تو غیر طلاق کی نیت فی الجملہ معتبر ہے۔ لیکن انتِ امّی میں بالکل معتبر نہیں۔ جس لفظ کو تمام فقہاءؒ اور اکابرؒ نے بالکل لغو قرار دیا ہے احسن الفتاویٰ کے مطابق وہ طلاق صریح سے بھی زیادہ سخت ہے۔ یہ امر ناقابلِ فہم ہے ـــــ

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ احسن الفتاویٰ کے ان دلائل کا بھی سرسری جائزہ لے لیا جائے جو فتویٰ بالا کے سلسلہ میں ذکر کئے گئے ہیں ـــــ

## احسن الفتاویٰ کا اہم استدلال

علامہ شامیؒ کی نقل کردہ تعلیل سے ہے۔ قوله لغا لانه محتمل فی حق التشبیه فما لم یتعین مُراد مخصوص لا یحکم بشیء فتح تعلیل ہذا کے پیشِ نظر حضرت مُفتی صاحب لکھتے ہیں "کہ اس سے ثابت ہُوا کہ تعیین ارادہ طلاق کی صورت میں طلاق واقع ہو جائے گی۔" (احسن الفتاویٰ ص۱۸۵ ج۵)

**الجواب** مذکورہ استدلال محلِ نظر ہے۔ علامہ شامی رحمہ اللہ کی مذکورہ تعلیل کو حرفِ تشبیہ اور عدمِ حرفِ تشبیہ والی دونوں صورتوں کے لئے عام سمجھ لیا گیا ہے۔ حالانکہ اس عموم کی کوئی دلیل نہیں۔ ظاہر یہ ہے کہ اس تعلیل کا تعلق صرف حرفِ تشبیہ والی صورت کے ساتھ ہے (اور اس صورت کا مُراد کے تعین کے بغیر غیر مؤثر ہونا متفق علیہ ہے) اور یہ تعلیل حذفِ تشبیہ والی صورت (انتِ امّی) کو شامل نہیں۔ اس کی چند وجوہ ہیں۔

(الف) لفظ لغا تنویر الابصار کی عبارت ہے جس کے اثبات کے لئے علامہ شامیؒ یہ تعلیل نقل کر رہے ہیں۔ اور تنویر الابصار میں صرف حرفِ تشبیہ والی صورتیں مذکور ہیں حذفِ تشبیہ والی صورت مذکور نہیں ـــــ

(ب) علامہ شامیؒ نے یہ تعلیل بحوالہ فتح القدیر نقل کی ہے۔ اور فتح القدیر میں یہ تعلیل انتِ علی مثل امّی (حرفِ تشبیہ والی صورت) کے متعلق ذکر کی گئی ہے۔ انتِ امی کے بارے میں نہیں۔ انتِ امّی کا مفصل حکم کراہت اور عدمِ وقوعِ ظہار وغیرہ ذکر کرنے کے بعد علامہ ابن الہمامؒ لکھتے ہیں (وفی مثل أمّی أو کامی ینوی فان نوی الطلاق وقع بائنا کقوله أنت علی حرام وان نوی الکراهة أو الظهار فکما نوی کما فی الکنایات وأفاد انه کنایة فی الظهار فعلم ان صریحه بکون التشبیه بعضو وان لم یکن له نیة فلیس بشیء عندهما وهو ظهار عند محمد رحمه الله (الی ان قال) فما لم یتبین مراد مخصوص لا یحکم بشیء خصوصًا والحمل علی الظهار حمل علی المعصیة ولا یجوز الزام المسلم المعصیة من غیر قصد الیها ولا لفظ صریح فیها وما أمکن صرف تصرفاته عنها وجب اعتبار ذلک فی حقه وان

نوی به التحریم لا غیر ——— (فتح القدیر ج ۴ ص ۹۱)

معلوم ہوا کہ ابن الھمامؒ کے نزدیک اس تعلیل میں عموم نہیں ——

ج —— علامہ شامیؒ کے نزدیک اس تعلیل کو عموم پر محمول کرنا ممکن نہیں، ورنہ ان کی دو عبارتوں میں تناقض لازم آئے گا۔ علامہ شامیؒ پہلے تصریح کرکے آئے ہیں کہ انت امی نیت ظہار وغیرہ کرنے کی صورت میں بھی لغو ہے، اگر علامہ شامیؒ کے نزدیک یہ تعلیل (حرف تشبیہ اور حذف تشبیہ والی دونوں صورتوں کو شامل ہے تو اس سے لازم آتا ہے کہ انت امی سے بصورت نیت طلاق واقع ہوجائے گی حالانکہ خود پہلے اس کی صراحۃً نفی کرچکے ہیں اور یہ کھلا تناقض ہے ——

(الغرض اصل معلل ابن الھمامؒ اور اس کے ناقل علامہ شامیؒ دونوں کے نزدیک یہ تعلیل حذف تشبیہ والی صورت انت امی کے ساتھ متعلق نہیں ہے۔ پس مسئلہ زیر بحث کے لئے اس تعلیل سے استدلال کرنا درست نہیں — (ح) اگر بالفرض اس تعلیل سے بصورتِ نیت وقوعِ طلاق مفہوم بھی ہوتا ہو۔ تو بھی استدلال محلِ نظر ہے کیونکہ صریح منطوق کے مقابلہ میں ضمنی مفہوم کو کسی طرح قابلِ عمل اور باعثِ ترجیح قرار نہیں دیا جا سکتا یا اُخیہ کہنے والے شخص کے متعلق یہ کہنا، کہ حضور علیہ السلام نے قرائن سے جان لیا تھا کہ اس کی نیت طلاق کی نہیں ہے " یہ دعویٰ خیالِ محض ہے جس کے لئے کوئی دلیل پیش نہیں کی گئی اور احتمال محض کافی نہیں خصوصاً جبکہ یہ خیال حضرات فقہاء کی واضح تصریحات کے خلاف بھی ہے ——

حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا قائل سے نیت دریافت نہ کرنا یہ سب اس امر کی دلیل ہے کہ کراہت اور عدمِ وقوعِ طلاق کا حکم مطلق ہے خواہ نیت کرے یا نہ کرے کیونکہ محل استفصال میں ترک تفصیل کو اطلاق حکم کی دلیل تصور کیا جاتا ہے، حضرت مفتی صاحب کا عدم عُرف کا دعویٰ کہ بیوی کو ماں بہن کے الفاظ سے طلاق دینے کا عُرف نہ تھا بلادلیل ہے جو قابلِ قبول نہیں بظاہر عہدِ رسالت بلکہ زمانۂ جاہلیت میں بھی اس نوعیت کے الفاظ کو طلاق کے لئے استعمال کیا جاتا تھا اسلام نے اسے حرمت موقتہ ظہار سے بدل دیا —

قال سعید بن جبیرؓ کان الایلاء والظهار من طلاق الجاهلیة فوقت الله للایلاء اربعة اشهر وجعل فی الظهار الکفارة —— (تفسیر ابن کثیر ج ۴ ص ۳۲۱)

جبکہ حدیث شریف کی رو سے بلا تشبیہ یا اختی وغیرہ کے الفاظ لغو ہیں — کما مر ——

اگر عدمِ عُرف کو تسلیم کرلیا جائے تو گویا صاحب بحر، ابن الھمامؒ، علامہ شامی، حضرت تھانویؒ مولانا عزیز الرحمٰن مولانا مفتی محمد شفیع رحمہم اللہ حضرات کے وقت تک یہ عُرف معدوم رہا — اور احسن الفتاویٰ کے وقت یہ عُرف

یکبارگی تبدیل ہو گیا ــــ

عرف شذی میں حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ نے صرف اپنا خیال ظاہر کیا ہے ۔ انت امی سے وقوعِ طلاق کا فتویٰ نہیں دیا اور نہ ہی عرف شذی کتب فتاویٰ میں شامل ہے ۔ علاوہ ازیں یہ ہے کہ بظاہر شاہ صاحب رحمۃ اللہ کے اس قول کا ماخذ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ کی وہ روایت ہے ۔ حضرت شاہ صاحب نے عمدۃ القاری سے جس کا حوالہ دیا ہے اور عمدۃ القاری کی اس عبارت کا مفصل جواب آگے آرہا ہے جو یہ ہے ــــ

عمدۃ القاری کی پہلی عبارت مجمل ہے بظاہر علامہ خطابی کی مذکورہ عبارت انت علی مثل امی حرف تشبیہ والی صورت پر محمول ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ علامہ خطابی رحمۃ اللہ نے اس صورت کے بارے میں امام ابو یوسف و امام محمد رحمہما اللہ کا اختلاف نقل کیا ہے کہ نیت نہ کرنے کی صورت میں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ کے نزدیک یہ تحریم بن جائے گا اور امام محمد رحمۃ اللہ کے نزدیک ظہار بنے گا ــــ

قال ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ ان لم یکن لہ نیۃ فھو تحریم وقال محمد بن الحسن ھو ظھار اذا لم یکن لہ نیۃ ــــ ذکرہ الخطابی (عمدۃ القاری ص ۲۵ ج ۲۰) ــــ

اور صاحبین رحمہما اللہ کا باہمی اختلاف انت علی مثل امی کے بارے میں تو حضرات فقہاء نے ذکر کیا ہے ۔ لیکن انت امی بلا حرف تشبیہ کے متعلق صاحبین رحمہما اللہ کا ایسا کوئی اختلاف کسی فقیہ نے قطعاً ذکر نہیں کیا کہ انت امی بلا نیت کہنے سے بھی ایلاء یا ظہار ہو جائے گا ۔ امام قاضی خان رحمۃ اللہ پہلے اختلاف کے بارے میں لکھتے ہیں : ولو قال انت علی کامی او مثل امی ونوی به البر والکرامۃ لا یلزمہ شیء

بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ علامہ خطابی رحمۃ اللہ کو ان الفاظ کے بارے میں اشتباہ واقع ہوا ہے انت امی اور مثل امی کو برابر تصور کرتے ہوئے دوسرے لفظ کا اختلاف پہلے میں ذکر کر دیا ۔ علاوہ ازیں یہ ہے کہ جب انت امی کا مسئلہ کتبِ حنفیہ میں واضح طور پر مذکور ہے تو فتویٰ کے لئے اسی پر اعتماد کیا جائے گا ۔ کسی شافعی المذہب کی نقل غریب کو مفتیٰ بہ قرار دینا خلافِ اصول ہے ــــ

انت علی مثل امی اور انت امی چونکہ مفہوماً قریب قریب ہیں اس لئے علامہ خطابی رحمۃ اللہ نے انت امی میں انت مثل امی کا حکم ذکر کر دیا ۔ چنانچہ تفسیرِ عثمانی میں حضرت خولہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ نقل کرتے ہوئے بیوی کو ماں کہہ دیا نقل کیا ہے ۔ اور حضرت تھانوی رحمۃ اللہ بیان القرآن میں " اَلَّذِیْنَ یُظٰھِرُوْنَ کی تفسیر میں ارشاد فرماتے ہیں ۔ " اور وہ لوگ جو بیویوں کو ماں کہتے ہیں بلاشبہ ایک نامعقول اور جھوٹ بات ہے " ۔ (ص ۱۱۱)

حالانکہ اصل واقعہ انت علی کظھر امی کا ہے ۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ دونوں لفظ مفہوماً قریب قریب ہیں ۔ اس لئے علامہ خطابی رحمۃ اللہ نے " انت مثل امی " والا حکم واختلاف " انت امی " میں ذکر کر دیا ۔

عمدۃ القاری کی عبارت سے استدلال اس لئے بھی درست نہیں کہ اس میں بلانیت طلاق، تحریم کا حکم ذکر کیا گیا ہے۔ احسن الفتاوی کی تحریر کا مقتضٰی یہ ہے کہ نیت طلاق کرنے کی صورت میں انت امی کے الفاظ سے "طلاق بائن" واقع ہوگی ورنہ نہیں ۔

اگر کہا جائے کہ احسن الفتاوی میں بلانیت بھی وقوع طلاق کا حکم لگایا گیا ہے تو جواب یہ ہے کہ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے لیکن درحقیقت ایسا نہیں کیونکہ احسن الفتاوی کی تحریر کا حاصل یہ ہے کہ عُرف عام کی وجہ سے ارادہ و نیّت خود بخود متعیّن ہے اور اس میں نیّت طلاق خواہ مخواہ ہوتی ہے۔ یہ مطلب نہیں کہ اگر کوئی شخص اکرام و احترام کی نیّت سے انت امّی کہے اور فی الواقع نیّت طلاق بالکل نہ ہو اور وہ قبل ازیں اس کے گواہ بھی بنا چکا ہو تو بھی طلاق واقع ہو جائے گی۔ ہرگز ایسا نہیں ۔۔۔ اس لئے عمدۃ القاری کی عبارت سے استدلال صحیح نہیں ۔۔۔

علاوہ ازیں خود عمدۃ القاری کی دوسری عبارت میں اس کی وضاحت موجود ہے کہ صاحبینؒ کا یہ باہمی خلاف کن الفاظ کے بارے میں ہے ۔۔۔ علامہ عینیؒ لکھتے ہیں ۔۔۔

اعلموا ان الالفاظ التی یصیر بھا المرأ مظاھرا علی نوعین ، صریح نحو انت علی کظھر امی وکنایۃ نحو ان یقول انت علی کامی اومثل امی اونحوھما یعتبر فیہ نیتہ فان اراد ظھارا کان ظہارا وان لم ینو لا یصیر ظھارا وعند محمّد بن الحسنؒ ھو ظھار وعند ابی یوسف رحمۃ اللہ ھو مثلہ ان کان فی الغضب وعنہ ان یکون ایلاء وان نوی طلاقا کان طلاقا بائنا ( عمدۃ القاری ص ۲۸۱ ج ۲۰)

تفصیل بالا سے یہ حقیقت بالکل واضح ہوگئی کہ صاحبینؒ کا باہمی اختلاف انت علیّ مثل امی کے بارے میں ہے۔ بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ علامہ خطابیؒ یا ابن بطال کے کلام میں اشتباہ واقع ہوا ہے یا اختی کو حرف تشبیہ والی صورت کے مساوی سمجھتے ہوئے اس میں بھی صاحبینؒ کا باہمی اختلاف نقل کر دیا ہے تو ایسی مبہم اور مشتبہ عبارت پر ہرگز فتوی نہیں دیا جا سکتا خصوصاً جب کہ فقہاء احنافؒ کی واضح تصریحات اس کے خلاف ہیں۔ آخر اس کی کیا ضرورت پیش آئی کہ اپنے مذہب کی واضح تصریحات چھوڑ کر شافعیہ کی مبہم عبارات کو مدار فتوی بنایا جائے

دوسری بات یہ ہے کہ حنفی مسلک کا مسئلہ شافعیؒ حضرات یا دوسرے مسلک والوں سے پوچھنے کی بجائے حنفیوں سے پوچھنا چاہئے ، شامی ، بحر ، فتح القدیر وغیرہ کتب مذہب کی طرف رجوع کرنا چاہئے علامہ خطابی شافعی المسلک ہیں ان کی نقل کتب حنفیہ پر حجت نہیں ہو سکتی

تیسرا حوالہ تفسیر ابن کثیرؒ کا ہے وہ بھی شافعی المسلک ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ بھی شافعی ہیں اور انہوں نے حکم طلاق یا ظہار کو حنفیہ کی طرف منسوب بھی نہیں کیا۔ تو ان کی عبارات مفید مدعٰی نہیں اور نہ ہی احناف پر حجت

ہیں ـــــ حضرت مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری رحمہ اللہ کی نقل کردہ عبارت مفید مدعیٰ نہیں کیونکہ ان کے فرمان کا حاصل یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سداً للباب یا اُختی کہنے سے منع فرمایا کیونکہ لوگ تجاوز کرتے کرتے کوئی ایسا لفظ نہ بول دیں جس سے عند النیۃ ظہار مُراد لیا جا سکتا ہو، پھر ظہار بن کر عورت حرام ہو جائے اور کفارہ دینے کی نوبت آئے ـــــ عبارت درج ذیل ہے ـــ

قال العلامۃ السہارنفوری رحمہ اللہ تحت "باب فی الرجل یقول لامرأتہ یا اختی" ویحتمل ان یکون النہی عنہ والکراھۃ سداً للباب فانہ یحتمل انہ اذا لومنہ علیٰ ذلک یعتدون فیہ ویمکن ان یتکلموا بلفظ یؤدی الی الظہار فتحرم علیہ وتجب الکفارۃ او الفراق اذا نوی الظہار۔ (بذل المجہود ص۲۸۲ ج۳)

عُرف عام کی بات اس لئے بھی معتبر نہیں۔ اگر بالفرض ایسا عُرف ہو بھی تو بھی زیادہ سے زیادہ یہ تصوّر کیا جائے گا کہ "انت اختی" کہنے والے نے بظاہر نیتِ طلاق کی ہوگی کیونکہ لوگ اسی نیت سے یہ الفاظ کہتے ہیں۔ صرف "بظاہر" ہی نہیں بلکہ قائل نے جب قطعی طور پر طلاق کی نیت کی ہو ـــــ تو ایسی صورت میں بھی حسب تصریحات فقہاء رحمہم اللہ اجمعین، طلاق واقع نہیں ہوتی۔ تو "بظاہر نیت" کی صورت میں کیونکر طلاق واقع ہو جائے گی۔؟

ھذا ما عندنا واللہ اعلم بالصواب ـــ

بندہ عبدُ الستّار عفی عنہ

۲۶ / ۵ / ۱۴۱۷ ھ

## نابالغہ کا نکاح باپ کر دے تو اسے خیارِ بلوغ نہ ہونے کے حدیث سے دلائل۔

اگر باپ صغیرہ کا نکاح کر دے تو کیا بالغ ہونے کے بعد اسے فسخ نکاح کا اختیار ہے یا نہیں۔ شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں وضاحت فرمائیں ـــــ (السائل، عبدُ الصمد لودھروی متعلّم الافتاء)

**اَلجَواب** حامداً ومُصلیاً ومُسلماً۔ امّا بعد! صاحب ہدایہ فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| ویجوز نکاح الصغیر والصغیرۃ اذا زوجھا الولی بکراً کانت الصغیرۃ او ثیباً ـــ | نابالغ لڑکے اور نابالغ لڑکی کا نکاح اگر ان کا وَلی کر دے تو جائز ہے خواہ وہ نابالغ لڑکا یا لڑکی بکر ہوں یا ثیب ـ |

بکر کا معنیٰ کنواری ہے اور بکارت دوشیزگی اور کنوارے پن کو کہتے ہیں (مصباح اللغات ص۶۹) اور ثیب بکر کی ضد ہے یعنی شادی شدہ خواہ بالغ ہو یا نابالغ۔ اور شرح وقایہ میں ہے:۔ "جو عورت بکر ہے اور نابالغہ ہے تو اس پر

ولی جبر کر سکتا ہے۔ واسطے نکاح کے اتفاقاً اس پر اجماع ہے مجتہدین کا۔ اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ ہر ولی کو نابالغہ کے نکاح کا حق ہے

اور شرح وقایہ میں ہی ہے کہ "اگر نکاح کر دیا باپ یا دادا نے اپنے نابالغ لڑکے یا لڑکی کا اگرچہ ثیب ہو تو یہ نکاح لازم ہوگیا"۔ (ف) یعنی وقت بالغ ہونے کے اُن کو اختیار نکاح کے فسخ کا نہیں (نور الہدایہ ترجمہ شرح وقایہ ص۱۳ ج۲) اس مسئلہ پر اجماع ہے۔ چنانچہ امام موفق الدین ابن قدامہ حنبلی فرماتے ہیں: اما البکر الصغ فلاخلاف فیھا کہ نابالغہ، کنواری کے اس نکاح کے لازم ہونے اور فسخ کا اختیار نہ ہونے میں کوئی اختلاف نہیں، اور امام ابن المنذر ۳۱۸ھ فرماتے ہیں: اجمع کل من نحفظ عنہ من اھل العلم ان نکاح الاب ابنتہ البکر الصغیرۃ جائز ـ یعنی تمام اہل علم جن کے مذاہب محفوظ ہیں کا اجماع ہے کہ باپ اپنی نابالغہ کنواری بیٹی کا نکاح کر دے تو جائز ہے (اوجز المالک ص۲۳۹ ج۴) اور امام مالکؒ ۱۷۹ھ "مؤطا مالک" میں روایت کرتے ہیں۔

مالک انہ بلغہ ان القاسم بن محمد وسالم بن عبد اللہ وسلیمان بن یسار کانوا یقولون من البکر یزوجھا ابوھا بغیر اذنھا ان ذالک لازم لھا۔ (مؤطا مع الاوجز ص۲۴۵ ج۴)

امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت قاسم بن محمد، سالم بن عبد اللہ اور سلیمان بن یسار فرمایا کرتے تھے کہ کنواری کی شادی اس کا باپ اُس سے اجازت لئے بغیر کر دے تو یہ نکاح اُس پر لازم ہو جاتا ہے یعنی اب اُسے فسخ نکاح کا اختیار نہیں رہتا۔

**حضرت سالمؒ** آپ خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پوتے اور مدینہ منورہ کے نامور فقیہ ہیں۔ آپکا قول حجت ہے۔ اور آپ کی ذات میں علم و عمل اور زہد و شرف جیسے صفات عالیہ مجتمع ہیں۔ ۱۰۶ھ میں وصال فرمایا۔ (تذکرۃ الحفاظ اردو ص۸۸ ج۱)

**حضرت سلیمان بن یسارؒ** آپ مدینہ منورہ کے رہنے والے چوٹی کے فقیہ ہیں۔ آپ کا شمار آئمہ مجتہدین میں ہوتا ہے۔ کوئی شخص حضرت سعید بن المسیبؒ کے پاس فتویٰ لینے جاتا تو فرماتے سلیمان بن یسارؒ کے پاس جاؤ ۱۰۷ھ میں وصال فرمایا (تذکرۃ الحفاظ ص۹۰ ج۱)

**حضرت امام قاسم بن محمدؒ** آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں۔ مدینہ منورہ کے ممتاز فقیہ ہیں۔ اپنی پھوپھی اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی گود میں پرورش پائی۔ انہیں سے فقہ اور حدیث سیکھی ۱۰۶ھ میں وصال فرمایا حضرت عمر بن عبد العزیزؒ فرمایا کرتے تھے۔ اگر میرے اختیار میں ہوتا تو میں ان کو خلیفۃ المسلمین نامزد کر دیتا۔ (تذکرۃ الحفاظ ص۹۵ ج۱) یہ تینوں حضرات مدینہ منورہ کے فقہائے سبعہ میں

ہیں مصنف ابن ابی شیبہ ص۱۳۷ ج۴ پر ان کے فتویٰ کے آخر میں یہ الفاظ ہیں۔ وہ نکاح لازم ہے۔ وان کرھت اگرچہ وہ اس کو ناپسند کرے۔ ان تینوں کے فتویٰ کی کسی نے مخالفت نہیں کی۔ یہ تو مدینہ منورہ کے فقہاءؒ کا اجماع ہوا مدینہ منورہ کے بعد خیر القرون میں کوفہ بہت بڑا علمی مرکز تھا ـــــ امام شعبیؒ جنہوں نے پانچسو صحابہ کرامؓ کی زیارت کی۔ فرماتے ہیں۔ لا یجبر علی النکاح الا الاب ۔ نکاح پر باپ کے علاوہ کوئی جبر نہیں کر سکتا۔ (مصنف عبد الرزاق ص۱۶۵ ج۶) یعنی کوئی اور ولی نکاح کرے تو نابالغہ کو خیار بلوغ حاصل ہوگا جیسا کہ اسی صفحہ پر عطاء اور طاؤس سے مروی ہے مگر باپ کے نکاح کے بعد خیار بلوغ نہ ہوگا۔ امام شعبیؒ کے بعد کوفہ میں امام حمادؒ اور امام ابو حنیفہؒ کا بھی یہی فتویٰ تھا۔ "عن ابی حنیفۃؒ عن حماد قال النکاح جائز ولا خیار لھا" (مصنف ابن ابی شیبہ ص۱۳۷) کہ نکاح جائز ہے اور اس صغیرہ کو خیار نہیں۔" اور کسی بھی فقیہ نے اس فتویٰ کی مخالفت نہیں کی۔ اسی طرح مرکز علمی بصرہ میں امام حسن بصریؒ یہی فتویٰ دیتے تھے۔ عن الحسن انه کان یقول نکاح الاب جائز علی ابنته بکراً کان او ثیبا کرھت اولم تکرہ (ابن ابی شیبہ ص۱۳۶ ج۴) ـــــ امام حسنؒ فرماتے تھے کہ باپ کا نکاح بیٹی پر جائز ہے خواہ وہ کنواری ہو یا ثیبہ، وہ اس نکاح کو پسند کرے یا نہ کرے۔ اور یہاں بھی کسی فقیہ نے ان کے اس فتویٰ کی مخالفت نہیں کی، جس سے معلوم ہوا کہ خیر القرون میں اس مسئلہ پر اجماع تھا۔ اسی لئے آئمہ اربعہ کا بھی اس مسئلہ پر اجماع ہی رہا۔ صاحب ھدایہ اس کی یوں وضاحت فرماتے ہیں کہ ولی کو ولایت نکاح حاصل ہے۔ اس لئے ولی جو نکاح نابالغہ کا کرے گا وہ نکاح ہو جائے گا۔ البتہ سب اولیاء میں وہ کامل شفقت نہیں ہوتی جو باپ اور دادا میں ہوتی ہے، اس لئے باپ اور دادا کے علاوہ کوئی اور نکاح کرے تو ان کو ولایت حاصل ہے اس لئے نکاح ہو جائے گا، لیکن قصور شفقت کی وجہ سے اس لڑکی پر جبر نہیں ہوگا جب وہ بالغہ ہوگی تو اس کو خیار بلوغ کا حق ہوگا۔ اس کے برعکس باپ دادا میں جس طرح ولایت کامل ہے۔ شفقت بھی کامل ہے۔ اس لئے ولایت کے کامل ہونے کی وجہ سے نکاح منعقد ہو جائے گا۔ اور چونکہ شفقت بھی کامل ہے۔ اس میں کوئی قصور نہیں اس لئے خیار بلوغ کا حق نہیں ہوگا (ہدایہ ص۳۱۷ ج۲)

البتہ امت کے اس اجماع کے خلاف غیر مقلدین نابالغہ کے نکاح میں اگرچہ باپ نے کیا ہو، خیار بلوغ دیتے ہیں اس بارے میں نہ تو ان کے پاس کوئی آیت قرآنی ہے۔ اور نہ ہی کوئی حدیث نبوی جس میں صراحت ہو کہ نابالغہ بیٹی کا نکاح اگر باپ نے بھی کیا ہو تو بالغ ہونے پر اسے فسخ نکاح کا اختیار ہے۔ البتہ حضرت خنساء بنت خذامؓ کی روایت سے دھوکا دیتے ہیں۔ کہ ان اباھا زوجھا وھی ثیب فکرھت ذالک کہ اس کے باپ نے اس کا نکاح کیا حالانکہ وہ ثیبہ تھی۔ اس نے اس نکاح کو ناپسند اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا فرد نکاحھا تو آپ نے اس نکاح کو رد فرما دیا (بخاری ص۷۷۱ ج۲) حالانکہ اس حدیث میں ثیب کا لفظ ہے۔ اس سے ان کی مطلب براری نہیں ہوتی۔ تو کہتے ہیں کہ بخاری کی یہ روایت

غلط ہے، صحیح نسائی کی روایت ہے جس میں بکر کا لفظ ہے۔ اور بکر کا لفظ بالغہ اور نابالغہ دونوں پر بولا جاتا ہے۔ اس لئے دونوں کا یہی حکم ہے تو غرض یہ ہے کہ یہ خالص دھوکا ہے۔ اس حدیث میں آپؐ نے کوئی عام قانون تو بیان نہیں فرمایا بلکہ یہ ایک خاص عورت کا واقعہ ہے اور وہ یقیناً ایک ہی وقت میں بکر اور ثیب دونوں نہیں ہو سکتی جب تک غیر مقلدین اُس کے نابالغہ ہونے کی صراحت نہ دکھائیں اُن کی دلیل نہیں بن سکتی۔ پھر حدیث کے مفہوم میں اگر فقہاء اور سفہاء میں اختلاف ہو تو فقہاء کے بیان کردہ مفہوم کا اعتبار ہے جیسا کہ حدیث مشہور "رب حامل فقہ غیر فقیہ" سے ثابت ہے۔ اور امام ترمذیؒ فرماتے ہیں :۔

قال امام الحرمين الذى اليه ذهب اهل التحقيق ان منكرى القياس لا يعتدون من علماء الامة وحملة الشريعة لانهم معاندون مباهتون فيما ثبت استفاضة وتواتر لان معظم الشريعة صادرة عن الاجتهاد ولا تفى النصوص بعشر معشارها وهؤلاء ملتحقون بالعوام

امام الحرمین ؒ فرماتے ہیں۔ علماء محققین کا کہنا ہے کہ منکرین کا شمار علماء اُمت میں نہیں اور نہ ہی حاملین شریعت میں ہو سکتا ہے۔ کیونکہ وہ عناد و مباحثہ پر اُتر کر مستفیض اور متواتر کا انکار کر رہے ہیں۔ کیونکہ احکام شرعیہ کا بڑا حصہ اجتہاد سے صادر ہوا ہے اور نصوص سے تو دسویں کا دسواں حصہ مسائل میں ثابت نہیں اس لئے یہ منکرین قیاس عوام میں شامل کئے جائیں گے (نہ کہ علماء میں)۔"

علامہ نوویؒ کے ارشاد سے ثابت ہوا کہ قیاس پر عمل اُمت میں مستفیض اور متواتر ہے۔ اور متواتر و مستفیض کے انکار سے اکثر احکام شریعت کا انکار لازم آتا ہے۔

(۳) منکرینِ قیاس کا شمار علماء میں ہے ہی نہیں، اس لئے اُن کے اختلاف سے اجماع پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ لہذا غیر مقلدین کے فتویٰ سے منکوحہ کا نکاح آگے کر دینے سے نکاح نہیں ہوتا ساری عمر کا گناہ ہے اور اجماع کی مخالفت کی وجہ سے آخرت میں جہنمی بنیں گے اور خسر الدنیا والآخرہ کا مصداق ہوں گے، خدا تعالیٰ فتنوں سے محفوظ رکھے۔ آمین۔ فقط محمد امین صفدر

۶ رجمادی الثانی ۱۴۱۸ھ

الجواب صحیح
محمد انور عفا اللہ عنہ

## کسی عورت سے اس لئے نکاح کرنا کہ یہ پہلے کے لئے حلال ہوجائے۔

کہ ایک شخص نے اپنی عورت کو غصہ میں آکر تین طلاقیں دے دیں ہیں لیکن بعد میں دونوں میاں بیوی پریشان ہیں اور آباد ہونا چاہتے ہیں تو چونکہ بغیر حلالہ کے اب دوبارہ آباد نہیں ہوسکتے اس لئے شخص مذکور کا ایک دوسرا بھائی ہے جو چاہتا ہے کہ میں اس عورت کے ساتھ نکاح کرلوں اور پھر بعد میں طلاق دیدوں تاکہ میرے بھائی کا گھر آباد ہوجائے۔ اس شخص پر شرعاً کوئی گناہ ہے یا نہیں۔؟

**اَلجَواب** ایسی صورت میں حلالہ کی شرط لگا کر نکاح کرنا اور بعد میں ناکح کو طلاق دینے پر مجبور کرنا یہ تو مکروہ تحریمی ہے۔ حدیث میں ایسے شخص پر لعنت بھیجی گئی ہے۔ لعن المحلل والمحلل لہٗ ہاں البتہ اگر حلالہ کی شرط نہ لگائی جائے اور نہ ہی ناکح کو طلاق پر مجبور کیا جائے۔ بلکہ اپنی مرضی سے طلاق دے دے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں خصوصاً جبکہ وہ اپنے بھائی کی خیر خواہی اور اصلاح کی غرض سے یہ کام کرے گا تو یہ اس کے لئے موجب اجر ہوگا۔ (کما فی الدر من الشامیہ ص۸۴۳ ج۲)

کرہ تحریماً بشرط التحلیل وان حلت للاول وأما اذا أضمر ذلک لایکرہ؛ کان الرجل مأجوراً ــــ

لہٰذا شخص مذکور واقعی اپنے بھائی کی خیر خواہی اور اصلاح کے لئے یہ کام کرنا چاہتا ہے کہ میرے بھائی کا گھر آباد ہوجائے تو اس پر اس کو کوئی گناہ نہیں بلکہ ثواب کی امید ہے بشرطیکہ نکاح میں حلالہ وغیرہ کی شرط نہ لگائی جائے ــــ اور نہ بعد میں اس شخص کو طلاق دینے پر مجبور کیا جائے، بلکہ اس کو اپنی مرضی پر چھوڑ دیا جائے اور اس شخص کے لئے بھی مناسب یہ ہوگا کہ اس بات کو ظاہر نہ کرے اور عورت کو پانچ دس دن اپنے پاس رکھ کر اپنی خوشی سے اصلاح کی نیت سے طلاق دے دے۔ یہ یاد رہے کہ عورت کے ساتھ زوج ثانی کا ہمبستری کرنا ضروری ہے خواہ ایک ہی مرتبہ ہو۔ ورنہ عورت پہلے کے لئے حلال نہ ہوگی ــــ

فقط واللہ اعلم ــــ

بندہ اصغر علی عفا اللہ عنہٗ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان

الجواب صحیحٌ
بندہ عبداللہ غفرلہٗ

## خاوند نکاح کے گواہ پیش کرے اور عورت عدمِ نکاح کے تو کس کے گواہ معتبر ہونگے؟

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص (گودر خان) کہتا ہے کہ میرا نکاح شرع محمدی کی رُو سے مسماۃ شفیعہ بیگم کے ساتھ پڑھا ہوا ہے اور مسماۃ شفیعہ بیگم نکاح کی منکرہ ہے اور ہر دو فریق اپنے اپنے مُدعیٰ پر اگر مجلسِ قضاء میں شہادت پیش کریں اور قاضی بھی تراضیٔ طرفین سے مقرر کیا ہو تو قاضی کے نزدیک مُدعی کی شہادت معتبر ہے یا کہ مُدعیٰ علیہ کی۔ شرع محمدی کی رُو سے قاضی کو ہر دو فریق کی شہادت سے کس فریق کی شہادت سماعت کرکے فیصلہ کرنے کا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

**الجواب** صورت مذکورہ میں مسمیٰ گودر خان اثباتِ نکاح کا مدعی ہے اور مسماۃ شفیعہ بیگم نکاح سے مُنکرہ ہے اور مدعیٰ علیہ ہے۔ از رُوئے قواعد شرعیہ اور ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر کے شہادت گودر خان مدعی کی جانب سے معتبر ہے نہ کہ شفیعہ بیگم کی طرف سے جو نکاح سے منکرہ اور مدعیٰ علیہ ہے۔ شارع علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے شہادت اثبات کے لئے مقرر کی ہے نہ کہ انکار و نفی کے لئے جیسا کہ مجمع الانھر ص ۱۶۲ ج ۲ پر مرقوم ہے لان البینۃ للاثبات لا للنفی یعنی شہادت اثبات کے لئے ہوا کرتی ہے نہ کہ نفی اور انکار کے لئے۔ نفی اور انکار کی شہادت شرعاً ہرگز قابلِ سماعت نہیں۔ جیسا کہ شامی ص ۱۱۵ ج ۴ پر مرقوم ہے۔

قولہ لان شہادۃ النفی لا تعارض الاثبات لان البینات للاثبات لا للنفی فتقبل شہادۃ المثبت لا النافی بحر أی لان المثبت معہ زیادۃ علم الخ

اور اسی طرح شامی ص ۳۲۹ ج ۴ پر مرقوم ہے۔

ان الشہادۃ علی النفی غیر مقبولۃ مطلقاً أحاط بہ علم الشاھد أولا۔

اور اسی طرح مجمع الانھر ص ۲۶۴ ج ۲ پر لکھا ہوا ہے۔

شارع علیہ السلام نے انکار کے لئے قسم اور اثبات کے لئے شہادت وضع اور مقرر کی ہے پس ان تمام روایات سے ثابت ہوا کہ صورت مسئولہ میں قاضی کو گودر خان کی شہادت سماعت کرنے

کا حق حاصل ہے جو کہ نکاح کے اثبات کا مدعی ہے اور شفیعہ بیگم کی شہادت اس مقام میں ہرگز قابلِ قبول نہیں۔ اور نہ وہ غور کرنے کے قابل ہے۔ اس لئے کہ وہ نکاح کی نفی اور انکار کرنے والی ہے۔ اور نفی اور انکار پر جو شہادت قائم کی جائے۔ وہ شرعاً ہرگز قابلِ قبول نہیں ہو سکتی ہے۔

فقط واللہ اعلم ، بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح ، بندہ محمد عبداللہ غفرلہ،

## متعہ کے بارے میں تحقیق انیق قائلین جواز کا مدلل و مسکت جواب

متعہ کیوں جائز نہیں ہے۔ جبکہ آج کل کے دور میں جائز ہونا چاہیئے؟ اور شیعہ متعہ کو کیوں جائز قرار دیتے ہیں اور ہماری طرف سے ان کا جواب کیا ہے؟ وضاحت فرما کر مستفید فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیراً المستفتی عبدالبصیر سول سیکرٹریٹ پشاور

**الجواب:** حامداً و مصلیاً و مسلماً۔ اما بعد۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اس کی بنیادی ضرورتیں دو قسم کی ہیں جلب منفعت اور دفع مضرت۔ جلب منفعت کا مطلب ہے۔ کہ انسان کو جن ضروریات سے چارہ نہیں اُن کو حاصل کیا جائے۔ اور دفع مضرت کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو نقصان پہنچانے والی یا حصول ضروریات میں رکاوٹ بننے والی چیزیں ہیں۔ اُن سے کس طرح بچا جائے۔ ان دونوں قسم کی ضروریات کے لئے اللہ تعالیٰ نے انسان کو دو قسم کی قوتیں عطا فرمائیں۔ قوت شہویہ جلب منفعت کے لئے اور قوت غضبیہ دفع مضرت کے لئے۔ ان کو جذبات بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ قوتیں انسان کو دفع مضرت یا جلب منفعت کے لئے آمادہ کرتی اور کھینچتی ہیں پھر قوتِ شہویہ کی بھی دو قسمیں کر دی گئیں۔ ایک شہوتِ بطن جو انسان کی بقائے اصل کے لئے ہے۔ انسان کو بھوک لگتی ہے۔ پیاس لگتی ہے۔ وہ کھاتا پیتا ہے۔ اور اس سے اُس کی زندگی قائم رہتی ہے۔ دوسری شہوت شرمگاہ جو انسان کی بقائے نسل کے لئے رکھی گئی۔ انسان اس شہوت کی تسکین کے لئے نکاح کرتا ہے۔ اور اسی سے توالد و تناسل کا سلسلہ شروع ہو کر خدا کی زمین بھی آباد ہوتی ہے۔ ان جذبات میں افراط و تفریط اور بے راہ روی سے انسان بلکہ اس کا پورا معاشرہ برباد ہوتا ہے۔ اور ان جذبات کے فوائد پیچھے رہ جاتے

ہیں۔ اور مفاسد سے پورا معاشرہ تباہ ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس بے راہ روی کا بعض اوقات اتنا شدید ردّ عمل ہوتا ہے کہ دین و دنیا دونوں برباد ہو جاتے ہیں۔ اخلاقیات تباہ ہو جاتے ہیں۔ اس لئے اِن جذبات کو بے راہ روی سے بچانے کے لئے عقل اور شریعت کی لگام دینا نہایت ضروری ہے۔

**نکاح** اِس شہوت کی تسکین کے لئے شریعت نے دو طریقے بتائے ہیں۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| والذین هم لفروجهم حافظون | اور جو اپنی شہوت کی جگہ کو تھامتے ہیں۔ |
| الا علیٰ ازواجهم او ما ملکت | مگر اپنی عورتوں پر یا اپنے ہاتھ کے مال |
| ایمانهم فانهم غیر ملومین | باندیوں پر۔ سو اُن پر نہیں کچھ الزام۔ |
| فمن ابتغیٰ وراء ذلك فاولئك | پھر جو کوئی ڈھونڈے اس کے سوا۔ |
| هم العادون (المؤمنون ۵-۷، المعارج ۲۹ تا ۳۱) | سو وہ ہی ہیں۔ حد سے بڑھنے والے۔ |

یعنی اپنی منکوحہ عورت اور باندی کے سوا کوئی اور راستہ قضائے شہوت کا ڈھونڈے۔ وہ حلال کی حد سے آگے نکل جانے والا ہے۔ اس میں متعہ، زنا، لواطت، استمناء بالید وغیرہ سب صورتیں آگئیں۔ خداوند قدوس نے ان دو صورتوں کے علاوہ کوئی اور راستہ تلاش کرنے والے کو حد سے گذرنے والا فرمایا۔ مگر شیعہ نے علی الاعلان اس حد کو توڑ کر دو کو چار کر لیا۔ چنانچہ ابن بابویہ لکھتا ہے۔ اسباب حل المرأة عندنا اربعة النکاح وملک الیمین والمتعة والتحلیل (اعتقادات ابن بابویہ) ہمارے ہاں عورت کے حلال ہونے کے چار اسباب ہیں۔ ۱۔ نکاح۔ ۲۔ ملک یمین یعنی باندی ہونا۔ ۳۔ متعہ۔ ۴۔ تحلیل۔ اس کو عاریۃ الفرج بھی کہتے ہیں۔ یعنی اپنی بہن، بیٹی وغیرہ کو ادھار کھاتے میں مفت بطور احسان کسی اور کے لئے حلال کر دینا۔ شیعہ نے اس مسئلہ میں قرآن پاک کی کھلی مخالفت کی ہے۔ کیونکہ جس عورت سے متعہ کیا جاتا ہے۔ وہ نہ تو بیوی ہے۔ کیونکہ نہ مرد پر اُس کا نان ونفقہ فرض ہے نہ ہی اس کے لئے طلاق نہ عدّت اور نہ میراث۔ اور نہ وہ باندی ہے نہ اُس کی خرید وفروخت جائز نہ کسی کو ہبہ کرنا درست نہ اُس کو آزاد کرنا صحیح۔ جب یہ عورت نہ بیوی ہے نہ باندی۔ تو لامحالہ فمن ابتغیٰ وراء ذلك فاولئك هم العادون میں شامل ہوئی۔ اس لئے متعہ احکام شرعیہ سے تجاوز کرنا اور حلال کو چھوڑ کر حرام میں

پڑتا ہے۔ اسی لئے متعہ کے حرام ہونے پر صحابہ کرام اور تابعین کا اجماع ہے۔ اور چاروں آئمہ مجتہدین اس کے حرام ہونے پر متفق ہیں۔ دوسری جگہ خدا وند لایزال فرماتے ہیں۔ ولاتکرھوا فتیٰتکم علی البغاء (النور۔ ۳۳) اور نہ زبردستی کرو اپنی چھوکریوں پر بدکاری کے واسطے۔ عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین کے پاس کئی لونڈیاں تھیں۔ جن سے بدکاری کرا کر روپیہ حاصل کرتا تھا۔ اسی بدکاری کو جس کو قرآن نے بغا کہا ہے اِس کا نام شیعہ کے ہاں متعہ ہے۔ اور قرآن پاک کے خلاف ان کا کہنا ہے کہ "متعہ سنت موکدہ ہے۔ مگر مخالفین نے ظلم و عناد سے منع کیا۔ اس بارہ میں احادیث صحیحہ وارد ہوئی ہیں۔ منجملہ ان کے یہاں ایک حدیث کا ترجمہ نقل کیا جاتا ہے۔ جو حضرت سلمان فارسیؓ مقداد بن اسود الکندیؓ۔ اور عمار بن یاسرؓ رضی اللہ عنہم سے روایت کی گئی ہے۔ راویانِ حدیث کہتے ہیں کہ ہم لوگ ایک دن خدمت باسعادت حضرت سرورِ اصفیار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر تھے۔ کہ آپؐ خطبہ کے لئے کھڑے ہوئے اور فرمایا۔ حمد و ثنا مخصوص خدائے پاک کے لئے ہے۔ پھر اپنے اوپر درود بھیج کر ازراہِ التفات اپنا روئے مبارک ہماری طرف پھیر کر ارشاد فرمایا۔ اے گروہِ مردم تحقیق کہ آیت فما استمتعتم الخ کا تحفہ لے کر پروردگار عالم کی طرف سے میرے بھائی جبریلؑ مجھ پر نازل ہوئے۔ خدائے واحد نے ایسی نعمت سے ہمیں سرفراز کیا۔ جو پیغمبران ماسبق میں سے کسی کو نہیں بخشی گئی۔ میں تم کو متعہ کرنے کا حکم دیتا ہوں۔ تاکہ میرے بعد اور میرے زمانے میں میری سنت رہے۔ جو میرا قول قبول کرکے اس پر عامل ہوگا اور اسے رواج دے گا وہ مجھ سے ہے۔ جس نے امورِ متعہ میں اختلاف کیا اس نے حکم خداوندی کی مخالفت کی۔ جتنے لوگ اس مجلس میں ہیں۔ آگاہ ہو جائیں۔ کہ مجھ سے عداوت رکھنے کی وجہ سے جو اس کی تکذیب یا اُسے معطل اور برطرف کرے۔ میں اُس پر حضرتِ ربّ العزت کو گواہ کرکے کہتا ہوں۔ کہ وہ اہل جہنم سے ہے اور خدا کی لعنت اُس پر ہے۔ جس نے احکامِ متعہ میں میری مخالفت کی۔ گویا وہ خدا کا مخالف ہے اور دشمنِ خدا دوزخی ہے۔ واضح ہو کہ مخصوص کیا خدا تعالےٰ نے متعہ کرنا میرے اور میری امت کے لئے۔ اس شرف کی وجہ سے جو دوسروں کے مقابلہ میں مجھے حاصل ہے (عجالہ حسنہ ترجمہ رسالہ متعہ ملا باقر مجلسی صلا) شاید یہی روایت پڑھ کر کسی منچلے نے کہہ دیا تھا۔

28

۵ منظور ہے کہ سیم تنوں کا وصال ہو مذہب وہ چاہیئے کہ زنا بھی حلال ہو

بات دور نکل گئی۔ اصل یہی تھا کہ اس شہوت کی تسکین کے لئے نکاح تمام ادیان میں رائج ہے۔ اور انسان کے لئے حیوانات سے مابہ الامتیاز۔ نکاح اور حفاظتِ نسب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پانچ چیزوں کی حفاظت کا اہتمام ہر ملت و مذہب میں ضروری ہے۔ ۱۔حفاظتِ نفس۔۲۔حفاظتِ دین۔۳۔حفاظتِ عقل۔۴۔حفاظتِ نسب۔۵۔حفاظتِ مال۔ تاہم اسلام چونکہ دین کامل ہے۔ اس میں ان کی حفاظت کا سب سے زیادہ اہتمام ہے۔ اس لئے حفاظتِ نفس کے لئے قصاص۔ حفاظتِ دین کے لئے حدّ ارتداد۔ حفاظت عقل کے لئے حدّ خمر حفاظتِ نسب کے لئے حدّ زنا۔ اور حفاظتِ مال کے لئے حدّ سرقہ مقرر کی ہے۔ اور انسان کی عزّت کی حفاظت کے لئے حدّ قذف زائد کی ہے۔ نکاح کے بعد اب متعہ کا مطلب بھی سمجھنا چاہیئے۔

**مُتعہ** متعہ کا لفظ متاع سے مشتق ہے۔ جس کے معنٰی تھوڑا فائدہ حاصل کرنے کے ہیں۔ چنانچہ آخرت کی ابدی زندگی کے مقابلہ میں اس دنیا کی چند روزہ زندگی کو قرآن نے متاع فرمایا ہے "انما ھذہ الحیوۃ الدنیا متاع"۔ مطلقہ عورت کو جو کپڑوں کا جوڑا دیا جاتا ہے۔ اُس کو بھی متعہ اُسی لئے کہتے ہیں کہ بمقابلہ مہر کے وہ نفع قلیل ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ فمتعوھنّ اور فرمایا وللمطلقات متاع بالمعروف اسی طرح نکاح جو زندگی کا معاہدہ ہے۔ اس کے مقابلہ میں عورت سے تھوڑا نفع حاصل کرنے کو بھی متعہ کہتے ہیں۔ اور اس کی دو قسمیں ہیں۔ ۱۔نکاحِ مؤقت کہ ایک مدّت معینہ کے لئے گواہوں کے سامنے کسی عورت سے ازدواجی تعلق قائم کر لیا جائے۔ اور مدّتِ معینہ گزرنے کے بعد بلا طلاق مفارقت ہو جائے۔ لیکن مفارقت کے بعد استبرارِ رحم کے لئے ایک ماہواری کا انتظار کرے۔ تاکہ دُوسرے کے نطفہ کے ساتھ اختلاط سے محفوظ رہے۔ یہ نکاحِ مؤقت کا طریقہ عرب میں اسلام سے پہلے رائج تھا۔ لمبے سفر یا دوسرے ملک میں تجارت یا جنگ وغیرہ کی وجہ سے کچھ عرصہ قیام کے لئے یہ طریقہ استعمال کر لیتے تھے۔ جس طرح اسلام سے قبل لوگ سود لیتے تھے۔ شراب پیتے تھے۔ مگر ان کی حرمت اسلام میں بھی شروع میں ہی نازل نہ ہوئی۔ تو بعض لوگ اسلام لانے کے بعد بھی اُس

عادت پر رہے۔ بالآخر اسلام نے ان کو حرام قرار دے دیا۔ اسی طرح یہ متعہ بمعنی نکاح مؤقت جو جاہلیت سے رائج تھا۔ اس سے ابتدائے اسلام میں ہی منع نہ کیا گیا۔ بلکہ بعد میں اس متعہ کی حرمت کا اعلان ہوا۔ اور اب باجماع امت یہ قیامت تک حرام ہے۔
دوسری قسم متعہ کی یہ ہے کہ جیسے آج کل بعض عورتیں متعہ کا لائسنس لے کر بازارِ حسن میں بیٹھ جاتی ہیں یا اپنا الگ کاروبار چلاتی ہیں۔ چونکہ اُن سے بھی لوگ منکوحہ کے مقابلہ میں بہت تھوڑا نفع اٹھاتے ہیں۔ اس لئے اس کو بھی متعہ کہتے ہیں۔ لیکن یہ متعہ خالص زنا ہے۔ صرف نام کا دھوکا ہے۔ جیسے کوئی خنزیر کا نام بکرا۔ شراب کا نام شربت اور سود کا نام غنیمت رکھ لے۔ کیونکہ زنا اسی کو کہتے ہیں کہ ایسی عورت سے جنسی تسکین کرنا جو نہ بیوی ہو نہ باندی۔ اور متعہ والی عورت نہ بیوی ہے اور نہ باندی۔ متعہ کی یہ قسم جو زنا کا دوسرا نام ہے یہ کسی دین میں بھی جائز نہ تھی۔ اسلام نے سود۔ جوا اور شراب کو تو کچھ مدت تک برداشت کیا۔ مگر اس متعہ کو اسلام نے کبھی بھی برداشت نہیں کیا۔

## فضائلِ متعہ

اس متعہ سے سب دین بیزار ہیں۔ مگر روافض کے ہاں یہ صرف جائز ہی نہیں بلکہ ایک بہت بڑی عبادت ہے۔ اور اس کے ثواب کو نہ نمازیں پہنچ سکتی ہیں نہ روزے نہ زکوٰتیں نہ حج۔ چنانچہ جناب ملا باقر مجلسی نقل کرتے ہیں۔
"حضرت سلمان فارسی و مقداد بن اسود کندی اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم حدیث صحیح روایت کرتے ہیں۔ کہ جناب ختم المرسلین نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اپنی زندگی میں ایک دفعہ متعہ کرے گا وہ اہل بہشت میں سے ہے۔ جب متعہ والی عورت کے ساتھ متعہ کے ارادہ سے کوئی بیٹھتا ہے۔ تو ایک فرشتہ اترتا ہے۔ اور جب تک اس مجلس سے وہ باہر نہیں جاتے اُن کی حفاظت کرتا ہے۔ دونوں کا آپس میں گفتگو کرنا تسبیح کا مرتبہ رکھتا ہے۔ جب دونوں ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑتے ہیں تو اُن کی انگلیوں سے اُن کے گناہ ٹپک پڑتے ہیں۔ جب مرد عورت کا بوسہ لیتا ہے۔ خدا تعالیٰ ہر بوسہ پر اُنہیں ثواب حج و عمرہ کا بخشتا ہے۔ جس وقت وہ عیشِ مباشرت میں مصروف ہوتے ہیں ـــــ پروردگار عالم ہر ایک لذت اور شہوت پر اُن کے حصہ میں پہاڑوں کے برابر ثواب عطا کرتا ہے۔ جب فارغ ہو کر غسل کرتے ہیں۔ بشرطیکہ وہ اس کا بھی یقین رکھتے ہوں۔ کہ ہمارا

خدا حق سبحانہ وتعالیٰ ہے۔ اور متعہ کرنا سنتِ رسول ہے۔ تو خدا تعالیٰ ملائکہ کی طرف خطاب کرتا ہے۔ کہ میرے اِن بندوں کو دیکھو۔ جو اُٹھے ہیں۔ اور اِس علم ولیقین کے ساتھ غسل کر رہے ہیں۔ کہ میں اُن کا پروردگار ہوں۔ تم گواہ رہو۔ میں نے ان کے گناہوں کو بخش دیا ہے۔ وقتِ غسل جو قطرہ اُن کے موئے بدن سے ٹپکتا ہے ہر ایک بوند کے عوض دس دس ثواب عطا۔ دس دس گناہ معاف۔ اور دس دس درجہ مراتب اُن کے بلند کئے جاتے ہیں۔ راویانِ حدیث (حضرت سلمانؓ وغیرہ) بیان کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین علیؓ بن ابی طالب نے متعہ کی فضیلتیں سن کر عرض کیا۔ اے حضرت ختمی مرتبت میں آپ کی تصدیق کرنے والا ہوں۔ جو شخص اس کارِ خیر میں سعی کرے (کمیشن ایجنٹ) اُس کے لئے کیا ثواب ہے۔ آپؐ نے فرمایا جب وہ فارغ ہو کر غسل کرتے ہیں۔ تو باری تعالیٰ عزّ اسمہ ہر قطرہ سے (جو اُن کے بدن سے جُدا ہوتا ہے) ایک ایک فرشتہ پیدا کرتے ہیں جو قیامت تک خدا کی تسبیح وتقدیس کرتا ہے۔ اور اُس کا ثواب اِن (کمیشن ایجنٹوں) کو پہنچتا ہے۔ جناب امیر المؤمنین فرماتے ہیں جو اس سنت کو دشوار سمجھے اور اسے قبول نہ کرے۔ وہ میرے شیعوں سے نہیں ہے۔ میں اس سے بیزار ہوں۔ حضرت سیّد عالمؐ نے فرمایا۔ جس نے زنِ مؤمنہ سے متعہ کیا گویا اس نے ستّر مرتبہ خانہ کعبہ کی زیارت کی۔ جناب سیّد البشر شفیع محشر نے فرمایا۔ اے علی۔ مؤمنین اور مؤمنات کو رغبت دلانی چاہیئے کہ دنیا سے اٹھنے سے پہلے متعہ کر لیں۔ اگرچہ ایک ہی مرتبہ ہو۔ خدائے پاک نے اپنے نفس کی قسم کھائی ہے۔ کہ آتش دوزخ سے اُس مرد اور عورت پر عذاب نہ کروں گا جس نے متعہ کیا ہو۔ پس ایک دفعہ متعہ کرنے والا نارِ جہنم سے بے خوف رہے گا۔ جو دو مرتبہ کرے گا اُس کا حشر نیک بندوں کے ساتھ ہوگا۔ تین مرتبہ متعہ کرنے سے جنّت کی سیر نصیب ہوگی۔ جس نے اِس کارِ خیر میں زیادتی کی ہوگی۔ پروردگار عالم اُس کو مدارج اعلیٰ عطا کرے گا۔ اے علیؓ۔ قیامت کے دن اس مرد اور عورت کے لئے ایسی نورانی سواریاں لائی جائیں گی۔ جن کے پاؤں مروارید کے۔ کان زبرجد سبز۔ آنکھیں یاقوت شکم لؤلؤ اور مرجان کے ہوں گے۔ یہ لوگ بجلی کی طرح پُل صراط سے گزر جائیں گے۔ ان کے ساتھ ساتھ ستّر ستّر صفیں فرشتوں کی ہوں گی۔ دیکھنے والے کہیں گے یہ لوگ

شاید خدا کے مقرب فرشتے ہیں۔ یا نبی اور رسول ہیں۔ فرشتے جواب دیں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے سنّتِ پیغمبرؐ (متعہ) کی اجابت کی ہے۔ اور وہ بہشت میں بغیر حساب داخل ہوں گے۔ یا علیؑ۔ برادرِ مومن کے لئے جو (کمیشن ایجنٹ بن کر) کوشش کرے گا۔ اُس کو بھی انہیں کی طرح ثواب ملے گا۔ یا علیؑ جب وہ غسل کریں گے کوئی قطرہ اُن کے بدن سے جدا نہ ہوگا مگر یہ کہ خدا تعالیٰ ہر بوند کی تعداد میں ایسے فرشتے پیدا کرے گا۔ جو تسبیح تقدیس باری تعالیٰ بجا لا کر اُس کا ثواب انہیں بخشیں گے۔ (عجالہ نافعہ صہ۱۴ تا صہ۱۷)

ایک ذاکر نے یہ احادیث سنا کر کہا کہ لوگو غور کرو۔ سب نبی اور آئمہ معصومین میدان قیامت میں ہاتھ ملتے رہ جائیں گے اور ایران کی طوائفیں اور بھڑوے کس شان سے پُل صراط پار کر کے جنت میں داخل ہوں گے۔ دوسرے صاحب بولے انجیل سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ کہ کسبیاں سب سے پہلے خدا کی بادشاہت میں داخل ہوں گی۔ تیسرا بولا اس عمل کا نام متعہ کسی دشمن نے رکھا ہے۔ متعہ کے معنی تھوڑا فائدہ اٹھانا ہوتا ہے۔ یہاں تو اتنا فائدہ ملا۔ کون ہے جو ایک ہی پیشہ در طوائف کے حج اور عمروں کو شمار کر سکے۔ اور خانہ کعبہ کی ہر دفعہ سترّ بار زیارت کے ثواب کا شمار کر سکے ایک طوائف جس نے اس کارِ خیر کے لئے زندگی وقف کر دی ہے۔ اُس کے عمر بھر کے غسلوں کے ہر قطرے سے جو فرشتے پیدا ہوئے۔ اُن کا شمار کون کر سکتا ہے۔ چوتھے صاحب بولے ابھی تو آپ نے وہ حدیث ہی سنی ہے۔ جس میں جناب نبیٔ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جب وہ غسل کرتے ہیں۔ تو اُن کے جسم سے گرنے والے پانی کے ہر قطرہ سے ایک فرشتہ پیدا ہوتا ہے۔ مگر بعد میں آئمہ کرام کے زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے اِس ثواب میں مزید اضافہ فرما دیا۔" امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ جو شخص متعہ کرے پھر غسل جنابت کرے۔ پانی کے ہر قطرہ سے جو اُس کے بدن سے گرے۔ خدا تعالیٰ ستر ستر فرشتے پیدا کرتا ہے۔ جو اُس شخص کے لئے قیامت تک دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔

(برہان المتعہ صہ۵ مولفہ سید علی الحائری)

**درجاتِ عالیہ** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص ایک دفعہ متعہ کرے درجہ امام حسنؑ کا پائے۔ جو دو دفعہ متعہ کرے تو درجہ

امام حسینؓ کا حاصل ہو۔ تین دفعہ متعہ کرنے سے علیؓ کا مرتبہ ملے۔ اور چار مرتبہ متعہ کرنے والا رسولِ پاکؐ کا ہم مرتبہ ہو جاتا ہے۔ (تفسیر منہج الصادقین ص۲۹۳ ج ۲)

یہ روایت سن کر ایک لطیفہ گو کہنے لگے۔ اس روایت میں ایک کمی رہ گئی۔ آخر میں یہ اضافہ ہونا چاہیئے تھا۔ کہ جو پانچ مرتبہ متعہ کرے۔ اُس کا درجہ اللہ تعالیٰ جیسا ہوگا۔ تاکہ متعہ کی عظمت وشان پورے طریقے سے ثابت ہو۔ (تحفہ اثنا عشریہ ص۱۵)

اس پر دوسرے صاحب بولے کہ جو طوائف عمر بھر متعہ میں مصروف رہی وہ کب حضرت امام حسینؓ یا حضرت علیؓ یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خاطر میں لائے گی۔ یہ حضرات تو جنت میں اُس کا مقام دیکھنے کو ترس جائیں گے۔ خیر اس متعہ کا ثواب تو ختم ہونے والا نہیں۔ بس ایک حدیث اور سن لیں۔ تفسیر منہج الصادقین میں ہے۔ کہ "جو اِس دنیا سے فوت ہو گیا۔ اور اُس نے ایک دفعہ بھی متعہ نہیں کیا۔ تو روزِ قیامت وہ نہایت بدشکل اٹھایا جائے گا۔ اُس کے کان اور ناک کٹے ہوئے ہوں گے۔ (ص۲۹۴ ج ۲)

خدا معاف کرے روایات کی روشنی میں تو یہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ حضرات معاذ اللہ حضرات انبیاء علیہم السلام اور حضرات آئمہ معصومین ہوں گے۔ جن سے یہ کارِ خیر ایک دفعہ بھی ثابت نہیں۔ ڈاکٹر تیجانی جس کی کتابیں آج کل شیعہ خوب پھیلا رہے ہیں کہ وہ پہلے سنّی مالکی تھا۔ اور اب بڑی تحقیق کے بعد شیعہ ہو گیا۔ اُس نے اپنے شیعہ ہونے کی اصل وجہ یہی لکھی ہے۔ کہ میں جب کالج میں پڑھتا تھا۔ اور وہاں مخلوط تعلیم تھی۔ شب و روز نوجوانوں کا میل جول۔ تو میرے دل میں یہ بات بار بار اٹھتی تھی۔ کہ ایسے معاشرے میں جنسی تعلقات پر حدود وغیرہ اور پابندی ایک ظلم ہے۔ اُس کے دل میں یہ بات تھی۔ اب اس نے کتابوں کا مطالعہ شروع کیا۔ اُسے اس جنسی آزادی کی اتنی کھلی چھٹی۔ اور اتنا اجر و ثواب نہ یہود کے ہاں ملا نہ ہنود کے ہاں۔ نہ سکھوں میں نہ عیسائیوں میں۔ اس سخاوت اور عبادت میں شیعہ مذہب دنیا میں وحدہٗ لاشریک ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر تیجانی صاحب فوراً شیعہ ہو گئے۔ اس پر شیعہ حضرات نے متعہ زندہ باد کے نعرے لگائے۔ اور سنیوں نے خس کم جہاں پاک کہے۔

## شیعہ کی دلیل

شیعہ کہتے ہیں۔ کہ قرآن پاک میں متعہ کا حکم ہے۔ فما استمتعتم به منهن فاتوهن اجورهن فريضة (الآیۃ)
"کہ جن سے تم متعہ کرو اُن کو متعہ کی اُجرت دے دو۔ مگر اس استدلال میں شیعہ نے آیت کو سیاق و سباق سے بالکل کاٹ کر ایسا ہی استدلال کیا ہے۔ جیسے ایک بے نماز نے استدلال کیا تھا۔ کہ قرآن پاک میں صاف اور صریح آیت ہے کہ لاتقربوا الصلوٰۃ نماز کے قریب بھی نہ جاؤ۔ اور لفظ استمتاع سے خاص متعہ مراد لینا ایسا ہی ہے جیسے عیسائی قرآن پاک سے حضرت اسماعیلؑ کا غلام ہونا اس آیت سے ثابت کرتے ہیں۔ فبشرناه بغلام حليم۔ حالانکہ یہاں غلام بمعنی زر خرید کسی نے نہیں کہا اس آیت سے پہلے نکاح اور محرمات کا بیان چلا آرہا ہے۔ جن عورتوں سے نکاح حرام ہے۔ اُن کی تفصیل بیان کر کے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ واحل لكم ما وراء ذالكم ان تبتغوا باموالكم محصنين غير مسافحين اور حلال ہیں تم کو سب عورتیں ان کے سوا بشرطیکہ طلب کرو اُن کو اپنے مال کے بدلے قید میں لانے کو نہ مستی نکالنے کو۔ علامہ عثمانیؒ فرماتے ہیں۔ "یعنی جن عورتوں کی حرمت بیان ہو چکی۔ اُن کے سوا سب حلال ہیں۔ چار شرطوں سے اوّل یہ کہ طلب کرو۔ یعنی زبان سے ایجاب قبول دونوں طرف سے ہو جائے۔ دوسری یہ کہ مال یعنی مہر دینا قبول کرو۔ تیسری یہ کہ اُن عورتوں کو قید میں لانا مقصود ہو۔ صرف مستی نکالنا اور شہوت رانی مقصود نہ ہو۔ جیسا کہ زنا میں ہوتا ہے۔ یعنی ہمیشہ کے لئے وہ اُس کی زوجہ ہو جائے۔ چھوڑے بغیر کبھی نہ چھوٹے۔ مطلب یہ کہ کوئی مدت مقرر نہ ہو۔ اس سے متعہ کا حرام ہونا معلوم ہو گیا۔ جس پر اہل حق کا اجماع ہے۔ اور چوتھی شرط دوسری آیت (ولامتخذات اخدان) میں ہے۔ کہ مخفی طور پر دوستی نہ ہو۔ یعنی کم سے کم دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں اس معاملہ کی گواہ ہوں۔ اگر بدوں گواہوں کے ایجاب و قبول ہوگا تو وہ نکاح درست نہ ہوگا زنا سمجھا جائے گا۔"

الغرض جب آیت سے پہلے نکاح کا ذکر اور متعہ جو صرف مستی نکالنے کے لئے کیا جاتا ہے اُس کی حرمت ہے تو اب استمتاع سے مستی نکالنے والا متعہ کیسے مراد ہو سکتا ہے۔ کیونکہ بیوی کا ذکر چل رہا ہے۔ فما استمتعتم به منهن فاتوهن اجورهن فريضة

یعنی جب بیویوں کو تم قید میں لا چکے ہو۔" پھر جن کو تم کام میں لائے اُن (منکوحہ) عورتوں میں سے تو اُن کو اُن کے حق (مہر) جو مقرر ہوئے ہیں۔" یعنی نکاح کے بعد جب ایک دفعہ ہی وطی یا خلوت صحیحہ ہو گئی تو اب اُس بیوی کا مہر پورا لازم ہو گیا۔ پھر اس حق مہر کی بات ختم کر کے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔" اور جو کوئی تم میں نہ رکھے مقدور کہ نکاح میں لائے بیبیاں مسلمان۔ تو نکاح کر لے اُن سے جو تمہارے ہاتھ کا مال ہیں۔ جو تمہاری آپس کی لونڈیاں ہیں مسلمان" یعنی جس کو اس بات کا مقدور نہ ہو کہ آزاد عورت سے نکاح کر سکے۔ اور اُس کے مہر اور نفقہ کا تحمل کر سکے تو بہتر ہے کہ ایسا شخص آپس میں کسی کی مسلمان لونڈی سے نکاح کر لے کہ اُس کا مہر کم ہوتا ہے اور نفقہ میں بھی یہ سہولت ہے کہ مالک نے اگر اُس کو اپنے یہاں رکھا جیسا کہ اکثر ہوتا ہے۔ تو زوج اُس کے نفقہ سے فارغ البال رہے گا۔ اور اگر زوج کے حوالہ کر دیا تو بھی بہ نسبت حرّہ کے تخفیف ضرور رہے گی۔

اس سے تو صاف معلوم ہوا کہ جو آزاد عورت کے مہر و نفقہ کی قدرت نہ رکھتا ہو۔ اُس کے لئے ایک ہی طریقہ ہے کہ مسلمان لونڈی سے نکاح کرے۔ جس کا مہر و نفقہ کم ہے۔ اگر متعہ کی بھی گنجائش ہوتی تو اُس طرف رہنمائی ضرور ہی تھی۔ جہاں سرے سے نفقہ کا بوجھ ہے ہی نہیں۔ اور اس سے آگے ان عورتوں سے منع کیا جو صرف مستی نکالنے والی اور چھپی یاریاں کرنے والی ہیں۔ اور سب جانتے ہیں۔ کہ متعہ والی عورت صرف مستی نکالنے والی اور چھپی یاریاں کرنے والی ہوتی ہے۔ جب آیت کے سیاق میں بھی متعہ کی حرمت ہے۔ اور سباق میں بھی تو درمیان سے ایک ٹکڑا کاٹ کر سیاق و سباق کے خلاف متعہ کا جواز نکالنا کلام الٰہی کی تحریف ہے۔ یحرفون الکلم عن مواضعہ یہود کی عادت تھی۔ اُسی عادت کی مشق یہ لوگ کر رہے ہیں۔ جب قرآن پاک کی اس آیت سے یہ مسئلہ ثابت نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کے سیاق و سباق سے متعہ کی حرمت واضح ہوتی ہے۔ تو متواتر قرآن کو چھوڑ کر حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی ایک شاذ قرآۃ کا سہارا لے کر متعہ کی خر مستیوں کا جواز نکالا جاتا ہے۔ حالانکہ امام نوویؒ ۶۷۶ھ فرماتے ہیں۔

وقرأۃ ابن مسعود ھذہ شاذۃ لا یحتج بھا قرآنا ولا خبرا (نووی ص ۴۵۰ ج ۱)

یعنی حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی یہ قرآت (جس میں لاجل مسمّی ہے) شاذ ہے نہ اس سے

بحیثیت قرآن دلیل لی جاسکتی ہے نہ بحیثیت حدیث" کیونکہ نہ شاذ قرآت بمقابلہ متواتر مقبول ہے۔ نہ ہی شاذ حدیث بمقابلہ قرآن و اجماع امت۔

قال محمد اخبرنا ابو حنیفۃ عن حماد عن ابراھیم عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ فی متعۃ النساء قال انما رخصت لاصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی غزاۃ لھم شکوا فیھا العزوبۃ ثم نسختھا آیۃ النکاح والمیراث والصداق۔ (کتاب الآثار ص۲۶۳)

امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے ہمیں خبر دی حماد سے انہوں نے ابراہیم نخعی اور انہوں نے ابن مسعودؓ سے کہ عورتوں سے متعہ کی رخصت صحابہ کے لئے ایک غزوہ میں ملی جس میں انہوں نے مجرّد ہونے کی شکایت کی۔ تو آیت نکاح، آیت میراث اور آیت صداق نے اس کو منسوخ کر دیا۔

اس سے تو معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ قرآن پاک کی تین آیات سے متعہ کو منسوخ مانتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ متعہ سے نکاح کے مقاصد برباد ہوتے ہیں۔ کیونکہ نکاح کا مقصد حفاظتِ نفس کے ساتھ حفاظت نسب و حفاظت نسل بھی ہے۔ جب کوئی شخص محلّہ محلّہ بستی بستی۔ ملک ملک متعہ کرتا پھرے گا تو ظاہر ہے کہ اوّل تو اُسے پتہ ہی نہ چلے گا۔ کہ اس کے نطفہ کے گل بوٹے کہاں کہاں کھلے۔ پتہ چل بھی جائے۔ تو سب کو اپنی زیر تربیت رکھ کر اُن کی حفاظت کیسے کرے گا۔ لامحالہ ایسے بچے آوارہ گردوں کی طرح بلیں بڑھیں گے جو معاشرہ کے لئے مستقل ناسور ہوں گے۔ اور اُن میں یقیناً لڑکیاں بھی ہوں گی۔ تو اور بھی مصیبت کہ ان کے لئے ہم قوم۔ ہم نسل اور ہم کفو شوہر ملنا تصوّر میں بھی نہیں آسکتا۔ نکاح میں اولاد کی تربیت کی ذمہ داری تھی۔ متعہ میں اولاد کی تباہی و بربادی ہے۔ پھر متعہ کی صورت میں خود نکاح بھی تو خراب ہوں گے۔ ایک آدمی سفر میں گیا ہر جگہ متعہ کرتا گیا۔ پندرہ بیس سال بعد وہ لڑکیاں جوان ہو چکی ہیں جو اُس کے نطفہ سے پیدا ہوئیں۔ لیکن کس کو یاد ہے یہ کون ہے۔ اُس کا بیٹا جا کر نکاح کرے۔ خود باپ ہی متعہ کے وسیلہ سے اُس سے جا ٹکرائے۔ اب باپ کی بیٹی سے بھائی کی بہن سے چچا کی بھتیجی سے ماموں کی بھانجی سے مڈبھیڑ ہو رہی ہے۔ محرمات کی حرمتیں پامال ہو رہی ہیں۔ نکاح برباد ہو رہے ہیں۔ یہ ہیں متعہ کے شگوفے۔ اسی لئے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

آیت نکاح سے متعہ کو منسوخ مان رہے ہیں۔ اور عورت کا مہر بھی اس کی شرافت کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ متعہ نے اس کا بھی ستیاناس کر دیا۔ اور میراث کا مسئلہ ہی ناقابل عمل ہوگیا۔ کیونکہ متعہ کی اولاد نہ وارث بن سکے گی نہ مورث۔ اُس کو معلوم ہی نہیں اُس کے باپ بھائی کون کون ہیں اور کہاں کہاں ہیں۔ اور جب تک تمام ورثاء کی تعداد کا پتہ نہ چلے تو میراث کیسے تقسیم ہوسکتی ہے۔ اسی طرح اُن وارثوں کی جنس کا حال معلوم نہیں کہ کون عورت ہے کون مرد۔ اور وہ کتنے ہیں۔ جب تک یہ تفصیل معلوم نہ ہو تو میراث کیسے تقسیم ہوگی۔ اس لئے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اس ارشاد میں متعہ کو نکاح۔ صداق اور میراث کا برباد کرنے والا قرار دے کر حرمت متعہ پر ایسی دلیل قائم فرمائی کہ سب کے سب بنون متعہ اور بنات متعہ مل کر بھی اس کا جواب نہیں دے سکتے۔ اور حیرانی ہے کہ اس کے بعد بھی شیعہ دھوکا دیتے ہیں۔ کہ معاذ اللہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جواز متعہ میں اُن کے ہمنوا ہیں۔

## متعہ وطن میں یا سفر میں

انسان وطن میں رہتے ہوئے نکاح بھی کرتا ہے اور بوقت ضرورت ملک یمین سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ لیکن کسی صحابی سے ابتداء اسلام میں بھی ثابت نہیں کہ کسی نے وطن میں رہتے ہوئے متعہ کیا ہو۔ حالانکہ مکہ و مدینہ میں حالتِ قیام میں ابتدائے اسلام میں شراب پینا ثابت ہے۔

قال الامام ابو جعفر الطحاوی کل هٰؤلاء الذین رووا عن النبی صلی اللہ علیه وسلم اطلاقها اخبروا انها کانت فی سفر وان النهی لحقها فی ذالك السفر بعد ذلك فمنع منها ولیس احد منهم یخبر انها کانت فی حضر۔
(تفسیر قرطبی ص۱۳۱ ج ۵)

امام ابو جعفر طحاوی ۳۲۱ھ فرماتے ہیں کہ جتنے لوگوں نے بھی متعہ کی رخصت کا بیان کیا ہے۔ سب نے بالاتفاق یہی بیان کیا ہے کہ یہ وقتی رخصت فقط حالتِ سفر میں پیش آئی ہے۔ اور پھر یہ بھی بیان کیا کہ پھر اسی سفر میں رخصت کے بعد متصل فوراً ہی متعہ کی ممانعت کا اعلان ہوا ہے۔ اور ایک راوی بھی ایسا نہیں کہ جو یہ بیان کرتا ہو کہ متعہ کا واقعہ حضر میں پیش آیا ہو۔

اسی طرح امام حازمی ۵۸۴ھ بھی بحث متعہ کے ضمن میں فرماتے ہیں۔

وانما کان ذلك فی اسفارھم ولم یبلغنا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اباحہ لھم و ھم فی بیوتھم۔
(کتاب الاعتبار ص۱۷۸)

متعہ کا جو واقعہ بھی ہوا وہ جز این نیست کہ سفر میں ہوا۔ اور ہم کو کسی ایک راوی سے یہ خبر نہیں پہنچی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر اور وطن میں رہنے کی حالت میں بھی متعہ کی اجازت دی ہو۔ یعنی ایسا کبھی نہیں ہوا کہ وطن میں رہ کر کسی نے متعہ کیا ہو۔

## حرمتِ متعہ کا بار بار اعلان

متعہ کی حرمت کی تاکید کے لئے اس کا بار بار اعلان کیا گیا۔

محمد قال اخبرنا ابو حنیفۃ قال حدثنا نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام غزوۃ خیبر عن لحوم الحمر الاھلیۃ وعن متعۃ النساء وما کنا مسافحین۔
(کتاب الآثار ص۲۶۳)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے سال گھریلو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا۔ اور عورتوں سے متعہ کرنے سے منع فرمایا۔ حالانکہ ہم مستی نکالنے والے نہیں تھے۔ غزوۂ خیبر محرم ۷ھ میں واقعہ ہوا۔

حضرت علیؓ:۔ امام بخاریؒ اپنی صحیح بخاری میں باب باندھتے ہیں۔ نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن نکاح المتعۃ اخیرًا۔ آخر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح متعہ یعنی نکاح مؤقت سے منع فرمادیا۔ چنانچہ امام محمد بن حنفیہ سے روایت لاتے ہیں۔

ان علیًّا قال لابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن المتعۃ وعن لحوم الحمر الاھلیۃ زمن خیبر۔ (بخاری ص۷۶۶ ج۲)

حضرت علیؓ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے فرمایا۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ اور گھریلو گدھوں کے گوشت سے زمانۂ خیبر میں منع فرمایا تھا۔

اس کے بعد امام بخاریؒ فرماتے ہیں۔ کہ حضرت علیؓ نے وضاحت فرمادی کہ نبیؐ نے متعہ کو منسوخ فرمایا (بخاری ص۷۶۷ ج۲)

پہلی روایت سے معلوم ہوا کہ خیبر میں متعہ کا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔ البتہ خیبر میں

مالِ غنیمت بکثرت ہاتھ آیا۔ اور بہت سی لونڈیاں ہاتھ آئیں۔ تو احتمال وقوع متعہ کا تھا۔ اِس لئے وقوع سے قبل ہی حرمت کا اعلان کروا دیا۔

عن علیؓ بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ قال نہٰی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن المتعۃ قال وانما کانت لمن لم یجد فلما انزل النکاح والطلاق والعدۃ والمیراث بین الزوج والمرأۃ نسخت۔

(کتاب الاعتبار صـ۱۳۹)

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے سے منع فرمایا۔ یہ تو اُس وقت تھا جب مقدرت نہ تھی۔ جب میاں بیوی کے درمیان نکاح۔ طلاق۔ عدت۔ میراث کی وضاحت ہوگئی۔ تو متعہ منسوخ قرار دے دیا گیا۔

ان احادیث سے صاف طور پر معلوم ہوا۔ کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ متعہ کو منسوخ مانتے تھے۔ لیکن متعہ کے شیدائی اپنی مستی کے جوش میں نہ علیؓ کی سنتے ہیں۔ نہ نبی کی۔ اور نہ ہی خداوند قدوس کی۔

عن ثعلبۃ بن الحکم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہٰی یوم خیبر عن المتعۃ رواہ الطبرانی فی الاوسط۔

(مجمع الزوائد صـ۲۶۵ ج ۴)

حضرت ثعلبہ بن الحکم سے روایت ہے کہ نبیٔ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن متعہ سے منع فرمایا۔ روایت کیا اس کو طبرانی نے اوسط میں۔

عن ربیع بن سبرۃ الجھنی عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہٰی عن المتعۃ وقال الا انہا حرام من یومکم ھذا الیٰ یوم القیامۃ۔

(صحیح مسلم صـ۴۵۲ ج ۱)

حضرت ربیع بن سبرۃؓ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع فرمایا۔ اور فرمایا خبردار متعہ آج کے دن سے قیامت تک کے لئے حرام ہے۔

یہ اعلان آپؐ نے فتح مکہ کے دن رمضان ۸ھ میں باب کعبۃ اللہ اور رکن یمانی کے درمیان کھڑے ہو کر فرمایا۔ (صحیح مسلم صـ۴۵۱ ج ۲)

اور چونکہ اسی سال یکے بعد دیگرے غزوۂ حنین اور غزوہ اوطاس پیش آئے۔ تو

بعض راویوں نے اِن دونوں کا بھی ذکر کر دیا۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ بار بار حرمت کا تاکیدی اعلان فرمایا ہو۔

غزوۂ تبوک رجب ۹ھ کے بارہ میں حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت جابرؓ سے احادیث مروی ہیں کہ آپؐ نے خیموں کے پاس کچھ عورتوں کو دیکھا۔ پوچھا یہ کون عورتیں ہیں۔ ہم نے عرض کیا۔ ہم نے ان سے متعہ کیا تھا (کبھی پہلے) قال فغضب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتّٰی احمرت وجنتاہ وتغیر لونہ واشتد غضبہ وقام فینا خطیباً فحمد اللہ واثنیٰ علیہ ثم نہی عن المتعۃ (کتاب الاعتبار ص۱۷۹)

پس غصہ میں آگئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ آپؐ کے رخسار مبارک سرخ ہو گئے۔ اور غصہ سے آپؐ کا رنگ مبارک متغیر ہو گیا۔ اور غصہ میں بہت شدت آگئی تو آپؐ خطبہ کے لئے کھڑے ہوئے۔ اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد متعہ سے منع فرمایا۔ اور بعض روایات میں ہے کہ آپؐ نے حجۃ الوداع کے موقع پر بھی متعہ کی حرمت کا اعلان فرمایا۔ گویا ۷ھ سے ۱۰ھ تک ہر سال آپ بار بار متعہ کی حرمت کا اعلان فرماتے رہے۔ بعض راویوں کو تحریم متعہ کے اس بار بار اعلان سے یہ گمان ہو گیا کہ متعہ دو یا تین مرتبہ حلال کیا گیا اور دو تین مرتبہ حرام کیا گیا۔ حالانکہ دوبارہ اور سہ بارہ کوئی جدید تحریم نہ تھی۔ بلکہ تحریم قدیم اور نہی سابق کا اعادہ اور تاکید تھی۔ کیونکہ لوگ نئے نئے مسلمان ہوتے تھے۔ تو اُس کی حرمت کو بار بار یاد دلایا جاتا تھا۔

بعد ازاں حضرت عمرؓ کے زمانۂ خلافت میں اسلام خوب پھیلا۔ بہت سے لوگ حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ جو متعہ کی حرمت سے ناواقف تھے۔ اور بعض کے ناواقفیت کی وجہ سے جن کو تحریم متعہ کی خبر نہ پہنچی تھی۔ اس فعل کا ارتکاب کر بیٹھے تو حضرت فاروق اعظمؓ کو جب یہ خبر پہنچی تو سخت ناراض ہوئے اور منبر پر چڑھے اور خطبہ دیا اور متعہ کی حرمت کا اعلان فرمایا۔ تاکہ اس کی حرمت میں کوئی شبہ نہ رہے۔ اور فرمایا کہ میرے اِس اعلان کے بعد اگر کوئی متعہ کرے گا تو میں اُس پر زنا کی حد جاری کر دوں گا۔ اُس وقت سے متعہ بالکل موقوف ہو گیا۔ اور اسی پر تمام صحابہؓ کا اجماع ہو گیا۔

چنانچہ علامہ حازمی ۵۸۴ھ فرماتے ہیں۔

فلم یبق الیوم فی ذلك خلاف بین فقہاء الامصار وائمۃ الامۃ الا شیئاً ذھب الیہ بعض الشیعۃ۔

اب تمام شہروں کے فقہاء اور اُمت کے اماموں میں متعہ کے حرام ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے ۔سوائے چند شیعہ کے ۔

(کتاب الاعتبار فی الناسخ والمنسوخ من الآثار ص۱۳۹)

**حکایت** جاء عبد اللہ بن عمیر اللیثی الیٰ ابی جعفر فقال لہ ما تقول فی متعۃ النساء فقال احل اللہ فی کتابہ وعلیٰ لسان نبیہ فہی حلال الیٰ یوم القیامۃ فقال یا ابا جعفر مثلك یقول ھذا۔ وقد حرمہا عمرؓ ونہی عنہ فقال وان کان فعل فقال اعیذك باللہ من ذلك ان تحل شیئاً حرمہ عمر قال فقال لہ فانت علیٰ قول صاحبك وانا علیٰ قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ فہلم الاعنك فان القول ما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وان الباطل ما قال صاحبك قال فاقبل عبد اللہ بن عمیر فقال ایسرك ان نساءك وبناتك واخواتك وبنات عمك یفعلن فاعرض عنہ ابو جعفرؒ

عبد اللہ بن عمیر لیثی امام باقر کے پاس آیا اور پوچھا کہ آپ متعہ کے بارہ میں کیا فرماتے ہیں ۔ آپ نے فرمایا۔ اللہ نے اپنی کتاب میں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان سے عورتوں سے متعہ کرنے کو حلال کیا ہے اور یہ قیامت تک حلال ہے۔ اس نے کہا حضرت آپ ایسا فرماتے ہیں جب کہ حضرت عمرؓ نے متعہ کو حرام فرمایا ۔اور منع کیا فرمایا اگرچہ اُس نے ایسا کیا۔ اُس نے کہا ۔ میں تجھے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں کہ تو اس چیز کو حلال کہے جسے عمرؓ نے حرام کیا ہے۔ امام نے فرمایا تو اپنے ساتھی کے قول پر ہے۔ اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول پر ہوں۔ آؤ مباہلہ کریں - بے شک بات وہی ہے۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ۔ اور عمرؓ کا قول باطل ہے ۔ تو عبد اللہ بن عمیر امام کی طرف متوجہ ہوا ۔ اور کہا کیا آپ کو پسند ہے - کہ آپ کی عورتیں ، بیٹیاں، بہنیں ، پھوپھیاں یہ فعل کریں ۔ تو امام باقر نے اس سے منہ پھیر لیا ۔

حین ذکر نساءہٗ وبنات عمہ۔ جب اُس نے آپ کی عورتوں اور پھوپھیوں کا ذکر کیا۔ (فروع کافی صفحہ ۱۹۱ ج ۲)

ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ یہ قصہ یار لوگوں کی بنا وٹ ہے اور محض غلط ہے۔ اگر امام باقرؒ معاذ اللہ متعہ کے اتنے قائل ہوتے کہ اِس کو سنّتِ رسول اور قیامت تک جائز سمجھتے۔ تو پھر عورتوں کا ذکر آجانے پر کیوں خفگی آجاتی۔ کہ ایسے خاموش ہوئے کہ کوئی جواب بن نہ پڑا۔ یہ عجیب بات ہے کہ جو فعل اتنا بڑا ثواب کا ہو۔ وہ مردوں کے لئے قیامت تک حلال ہو اور باعث ثواب ہو۔ اور عورتوں کے لئے باعث شرم و عار ہو۔ کوئی حکم اسلام میں ایسا نہیں کہ مرد کے لئے مباح اور عورت کے لئے حرام ہو۔ اس سے ثابت ہوا کہ متعہ مرد و عورت کے لئے یکساں حرام ہے۔ نہ عقل اسے درست مانتی ہے اور نہ نقل سے اس کا ثبوت ہے۔ بہرحال امام باقرؒ ایسے لاجواب ہوئے۔ کہ اس کا اثر اُن کے صاحبزادہ پر بھی رہا۔

چنانچہ مفضل روایت کرتے ہیں۔ کہ میں نے امام جعفر صادق سے سنا۔ وہ فرماتے تھے۔ متعہ چھوڑ دو۔ کیا تمہیں شرم نہیں آتی کہ کسی عورت کی شرمگاہ دیکھو اور اُس کا ذکر اپنے بھائیوں اور احباب سے جا کر کرو۔ (فروع کافی صفحہ ۱۹۲ ج ۲)

اور امام ابوالحسنؒ نے اپنے بعض خدام کو لکھا کہ متعہ پر اصرار نہ کرو۔ صرف سنت بجا لاؤ اور اس میں مصروف مت ہو جاؤ۔ تاکہ تم اپنی منکوحہ عورتوں اور کنیزوں سے ہٹ جاؤ۔ اور وہ معطل رہیں۔ اور وہ ہمارا گریبان پکڑیں اور ہم پر لعنت برسائیں (کیونکہ ہم نے متعہ کا حکم دے کر اُن پاکبازوں کے حقوق تلف کرائے (فروع کافی صفحہ ۱۹۲ ج ۲)

**فطرتِ سلیمہ** آپ نے پڑھا کہ حضرت باقرؒ اپنی عورتوں کے بارہ میں متعہ کا ذکر آتے ہی خاموش ہو گئے۔ امام جعفر صادقؒ بھی تسلیم فرماتے ہیں۔ کہ متعہ بے شرمی اور بے حیائی ہے۔ اور حدیث پاک میں ہے الحیاء شعبۃ من الایمان۔ حیا، ایمان کا ایک شعبہ ہے۔ اور امام ابوالحسن بھی اپنا تجربہ یہی بتاتے ہیں۔ کہ متعہ باز اپنی بیویوں کے حقوق تلف کرتے ہیں۔ اور وہ بیچاری تنگ آمد بجنگ آمد کے ماتحت شیعہ مفتیان کرام کا گریبان پکڑتی اور اُن پر لعن طعن کرتی ہیں۔

آج بھی آپ تجربہ کرکے دیکھ لیں۔ کہ ہر شریف الطبع سلیم الفطرت باغیرت انسان اپنی بیٹی اور بہن کے نکاح کے اعلان کو فخر سمجھتا ہے۔ اور غایت مسرت اور انبساط کے ساتھ ولیمۂ نکاح پر اقارب اور احباب کو مدعو کرتا ہے۔ بخلاف متعہ کے۔ کہ اس کو چھپاتا ہے۔ اور اپنی بیٹی۔ بہن اور ماں کی طرف متعہ کی نسبت کرنے سے عار محسوس کرتا ہے۔ آج تک کسی ادنیٰ غیرت مند بلکہ کسی بے غیرت کے متعلق بھی یہ نہیں سنا گیا کہ اس نے کسی مجلس میں بطور فخر یا بطورِ ذکر ہی یہ کہا ہو کہ میری بیٹی اور بہن اور میری ماں نے اتنے متعے کرائے۔ نیز تمام عقلاء نکاح پر مرد عورت کو اور اس کے والدین کو مبارک باد دیتے ہیں۔ مگر متعہ کے متعلق کہیں مبارک باد دیتے نہیں سنا گیا۔ النجم رسالہ میں ایک واقعہ پڑھا کہ لکھنؤ میں ایک شیعہ لڑکی کی شادی تھی۔ بارات آئی۔ بہت تکلف کیا گیا تھا۔ نکاح پڑھا گیا۔ کھانے پینے سے فارغ ہوئے۔ بارات والوں نے کہا کہ دلہن کو جلد تیار کردیں تاکہ ہم جلد گھر پہنچ جائیں۔ کئی بار یہ کہا مگر دلہن کوئی تیاری نظر نہ آتی تھی۔ آخر بار بار کے اصرار پر دلہن کے والد نے بارات والوں سے معذرت کی۔ کہ آپ حضرات آج واپس تشریف لے جائیں۔ کیونکہ دلہن متعہ کے مقدس حمل سے حاملہ ہے۔ جب وضع حمل ہوجائے پھر آکر لے جانا۔ یہ سنتے ہی بارات پر تو سناٹا چھا گیا۔ اور دلہا میاں کے تو تن بدن کو آگ لگ گئی۔ اُس نے کہا۔ کہ اب اُس کو متعہ ہی کے لئے رکھو۔ وہ نکاح کے قابل نہیں رہی۔ ایک دو ساتھیوں نے کہا۔ اتنا غصہ تو نہیں چاہیئے۔ آخر متعہ بھی تو سنّتِ رسول ہے۔ دولہا میاں نے کہا۔ میں ایسے مذہب پر لعنت بھیجتا ہوں۔ جس میں معاذ اللہ رسول اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی بے غیرت ثابت کیا جاتا ہے۔ اور اُس نے مذہب اہل سنت والجماعت قبول کرلیا۔ حقیقت یہی ہے کہ کسی کی غیرت یہ گوارا نہیں کرتی کہ اُس کی بیٹی، بہن، ماں متعہ کراتی پھرے۔

**بحث و مناظرہ** ایک دفعہ ایک شیعہ ڈاکٹر نے متعہ پر مناظرہ طے کرلیا۔ وہ اپنے ذاکر صاحب کو لے آیا۔ اُس نے کہا۔ میں تین دلیلیں دوں گا۔ ایک فرمان خداوندی سے دوسری عمل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ اور تیسری

فقہ حنفی سے۔ پہلی دلیل میں اُس نے قرآن کی وہی آیت پڑھی جس کی تفصیل گذر چکی۔ اور سیاق وسباق سے کاٹ کر پیش کی۔ جیسے کسی بھوکے سے پوچھا گیا تھا۔ دو اور دو کتنے اُس نے کہا چار روٹیاں۔ جب میں نے بتایا کہ اس آیت کے سیاق میں متعہ کی حرمت ہے اور سباق میں بھی اور یہ تو نکاح اور مہر کا ذکر ہے۔ تو سب لوگ سمجھ گئے کہ یہ قرآن پر جھوٹ بول رہا ہے۔ اب شیعہ صاحبان نے شور مچایا کہ اگر قرآن نے متعہ کو حرام کہا ہوتا تو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم خود متعہ کیوں کرتے۔ کیا حضور پاکؐ کو قرآن نہیں آتا تھا۔ یہ سن کر لوگ دم بخود ہو گئے۔ کہ معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود متعہ کیا۔ ہم نے پوچھا کب کیا۔ کہاں کیا۔ کس سے کیا۔ کتنی دفعہ کیا۔ اُس نے کہا میں تمہاری صحاح ستہ سے دکھاؤں گا۔ چنانچہ اس نے حدیث پڑھی۔ تمتع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ بخاری۔ مسلم۔ ابو داؤد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ہم نے کتابیں پیش کیں۔ کہ ذرا نکال کر پڑھیں۔ وہ کہنے لگا۔ پہلے لکھ کر دو۔ کہ یہ حدیث ان کتابوں میں نہیں ہے۔ اور اگر ہم نے دکھا دی تو تمہیں شیعہ ہونا پڑے گا۔ ہم نے لکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی عورت سے کبھی متعہ نہیں کیا۔ نہ ہی صحاح ستہ میں کوئی ایسی حدیث ہے۔ اگر کوئی صاحب دکھا دیں تو ہم اُلٹا بات مان لیں گے۔ آخر میں نے کہا بھئی یہ حدیث نکال کر نہیں دکھائیں گے۔ ہاں پورے علاقے میں شور مچائیں گے۔ کہ ہم صحاح ستہ کی حدیث سنا آئے ہیں۔ میں نے بخاری، مسلم، ترمذی سے کھول کر دکھایا۔ کہ یہ حدیث کتاب الحج میں ہے اور ابو داؤد اور نسائی میں کتاب المناسک میں ہے۔ خود قرآن پاک میں ہے۔ فمن تمتع بالعمرۃ الی الحج فما استیسر من الھدی (۲۔۱۹۶) اور جو کوئی فائدہ اٹھائے عمرہ کو ملا کر حج کے ساتھ۔ تو اس پر ہے جو کچھ میسر ہو قربانی سے۔ تو یہ تمتع حج کی ایک قسم ہے۔ آپؐ نے حج تمتع فرمایا تھا۔ نہ کہ کسی عورت کے ساتھ معاذ اللہ متعہ کیا تھا۔ اس پر تو ہر طرف سے لعنت لعنت۔ جھوٹے جھوٹے۔ دیکھو متعہ کی محبت میں نبی پاکؐ پر بھی جھوٹ بولنے سے نہیں شرمائے۔ میں نے کہا لوگو۔ متعہ کے شیدائی نے متعہ کے شوق میں خداوند قدوس پر جھوٹ بولا۔ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ بولا۔ اب یہ فقہ حنفی پر بھی جھوٹ بولے گا۔ اب

وہ تو جان چھڑا رہا تھا۔ مگر ہمارے ساتھیوں نے کہا کہ حوالہ بتاؤ۔ اُس نے کہا میں حوالہ صرف بتاؤں گا دکھاؤں گا نہیں۔ ہم نے کہا چلو بتا ہی دو۔ اس نے کہا فقہ حنفی کی مشہور کتاب ہدایہ میں لکھا ہے۔ کہ متعہ واجب ہے۔ میں نے ہدایہ شریف کھولی۔ اور سب کو مسئلہ دکھایا۔ کہ یہاں لکھا ہے کہ کسی عورت سے نکاح ہوا۔ لیکن مہر مقرر نہیں تھا۔ اور رخصتی سے قبل اس کو طلاق ہوگئی۔ تو اس عورت کو ایک جوڑا کپڑوں کا دینا واجب ہے۔ اس جوڑے کو متعہ کہتے ہیں۔ قرآن پاک میں ہے۔ فمتعوھن۔ اس کا اُس متعہ سے کیا تعلق۔ بس اب کیا تھا یہ جا وہ جا۔ اُنہوں نے اپنی خیر اسی میں سمجھی۔ اہل حق اُن کے دھوکوں سے اچھی طرح آگاہ ہوگئے۔ اور اُن کے پلّے ذلّت اور رسوائی کے سوا کچھ نہ رہا۔ **جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا** کا نظارہ لوگوں نے آنکھوں سے کرلیا۔

**آخری سہارا** چند روز بعد وہی ڈاکٹر صاحب آئے۔ کہنے لگے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ تو جواز متعہ کے قائل تھے۔ میں نے کہا۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی پیدائش ہجرت سے ایک یا دو سال پہلے کی ہے۔ اور آٹھ یا نو سال کی عمر تک وہ اپنے والدین کے ساتھ مکّہ مکرمہ میں ہی رہے۔ فتح مکّہ کے بعد ۸ھ میں جب حضرت عباسؓ نے مع اہل وعیال ہجرت فرمائی تو ابن عباسؓ اپنے والدِ محترم کے ساتھ مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے۔ اور غزوۂ خیبر (جس میں حرمت متعہ کا اعلان ہوا تھا۔ وہ آپ کے مدینہ منورہ آنے) سے پہلے ہوچکا تھا۔ اس لئے انہوں نے متعہ کے بارہ میں خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ نہیں سنا دوسرے صحابہ سے سنا۔ اور قرآن پڑھا۔ ترمذی شریف میں ہے۔

| | |
|---|---|
| عن ابن عباسؓ قال انما کانت | حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں۔ کہ متعہ |
| المتعة فی اول الاسلام کان الرجل | شروع اسلام میں تھا۔ کوئی آدمی ایسے شہر |
| یقدم البلدة لیس له بها معرفة | میں جاتا۔ جہاں کوئی واقفیت نہ ہوتی۔ تو |
| فیتزوج المرأة بقدر مایریٰ | وہ عورت سے متعہ کرلیتا وہ اس کے سامان کی بھی |
| انه یقیم فتحفظ له متاعًا | حفاظت کرتی اس کی ضروریات بھی تیار کرتی |
| وتصلح له شیئهٗ حتّٰی اذا | پھر جب آیت نازل ہوئی۔ کہ بیوی یا |

نزلت الآیة إلاعلیٰ أزواجهم أو ما ملكت أيمانهم قال ابن عباس فكل فرج سواهما حرام ۔(۱۵-۲۱۳)

باندی کے علاوہ زیادتی ہے ۔ تو ابن عباسؓ نے فرمایا ۔ ان دونوں کے علاوہ سب فرج حرام ہیں ۔

توحضرت عبداللہ بن عباسؓ تو قرآنی حکم کے موافق متعہ کو حرام فرماتے تھے ۔ البتہ وہ یہ قیاس کرتے تھے ۔ کہ جس طرح قرآنی فیصلہ کے مطابق مردار حرام ہے ۔ خنزیر کا گوشت حرام ہے ۔ مگر جان بچانے کے لئے بوقت اضطرار بوقتِ ضرورت بقدرِ ضرورت ان کا استعمال مباح ہے ۔ اسی طرح متعہ بھی مردار اور خنزیر کی طرح حرام ہے ۔ مگر حالت اضطرار میں مباح ہے ۔ اس پر بھی حضرت علیؓ اُن کے خلاف تھے ۔ یہاں تک کہ رجل تائہ تک فرمایا ۔ اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے تو بہت ہی سخت جملے ارشاد فرمائے ۔ جو صحیح مسلم میں ہیں ۔ چنانچہ اُن کے اس قیاس کو کسی صحابی نے نہ مانا ۔ اور حافظ ابن حجرؒ نے تو فرمایا کہ بعد میں انہوں نے اس قیاس سے رجوع فرمالیا تھا ۔ امام حازمی لکھتے ہیں ۔

قال الخطابی فهذا يبين لك أنه سلك فيه مذهب القياس وشبهه بالمضطر الى الطعام الذى به قوام الانفس وبعدمه يكون التلف وانما هذا من باب غلبة الشهوة ومصابرتها ممكنة وقد تحسم مادتها بالصوم والعلاج وليس احدهما فی حكم الضرورة كالآخر والله اعلم ۔(كتاب الاعتبار ص۱۴۱)

خطابی نے کہا کہ اس سے یہ بات واضح ہوئی کہ (حضرت ابن عباسؓ) اس مسئلہ میں قیاس پر چلے ہیں اور اس کو مضطر الی الطعام کے ساتھ تشبیہ دی ہے حالانکہ طعام بقائے حیات کا ذریعہ ہے اور اس کے بغیر موت واقع ہوجاتی ہے ۔ مگر یہ مسئلہ غلبۂ شہوت سے متعلق ہے ۔ جس پر صبر بھی ممکن ہے اور اس غلبۂ شہوت کے مادہ کو روزہ اور علاج سے توڑا بھی جاسکتا ہے اس لئے ان دونوں مسئلوں میں فارق موجود ہے ۔ ایک کو دوسرے پر قیاس نہیں کیا جاسکتا ۔

خلاصہ یہ ہے کہ روافض میں رائج الوقت متعہ خالص زنا ہے ۔ اس کی کسی دین اور کسی زمانہ میں اجازت نہیں رہی ۔ یہ پوچھنا کہ متعہ کیوں جائز نہیں جبکہ آج کل کے

دور میں جائز ہونا چاہیئے؟ ایسا ہی ہے جیسے کوئی پوچھے کہ زنا کیوں جائز نہیں؟ جبکہ آج کل کے دور میں جائز ہونا چاہیئے۔ حالانکہ خدائے بصیر نے زنا و متعہ کو حرام فرمایا ہے۔

فقط واللہ اعلم،
محمد امین صفدر
۲۸ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۸ھ

واضح رہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بعد میں مضطر کے لئے بھی اس کے جواز سے رجوع کر لیا تھا۔

چنانچہ ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

واما ما یحکی فیها عن ابن عباس فانه کان یتأول اباحتها للمضطر الیها بطول الغربة وقلة الیسار والجدة ثم توقف وامسک عن الفتوی بها (نصب الرایہ ص ۱۸۱ ج ۳)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے جو جوازِ متعہ کا قول منقول ہے وہ بھی مضطر کے لئے ہے اور بعد میں انہوں نے اس سے بھی رجوع کر لیا تھا اور اس کو جائز کہنے سے رک گئے تھے

والجواب صحیح،
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ،

# حُرمتِ مصاہرہ کے مسائل

## بہت کمسن بچی کو ہاتھ لگانے سے حرمت مصاہرہ ثابت نہ ہوگی

۱۔ ہمبستری کے وقت جبکہ اپنی لڑکی شیرخوار چیخ رہی ہو اس کا باپ خاموش کرانے کے لئے تھپکیاں دے تو کیا اس صورت میں حرمت مصاہرہ ثابت ہوجاتی ہے۔

۲۔ عورت بچے کو دودھ پلا رہی ہو اور خاوند ہمبستری میں مشغول ہوجائے تو اس صورت میں حرمت مصاہرہ ثابت ہوجائیگی؟ جبکہ شیرخوار بچی کو بوسہ دینا یا سونے کی وجہ سے اس کے جسم پر ہاتھ پھیرتا ہے۔ تو اس صورت میں کیا حکم ہے۔

**الجواب** دونوں صورتوں میں حرمت مصاہرہ ثابت نہ ہوگی۔

کما فی الدر المختار علی هامش رد المحتار هذا اذا كانت حية مشتهاة ولو.... أما غيرها يعني الميتة وصغيرة لم تشته فلا تثبت الحرمة بها أصلاً اھ (ص۳۰۵ ج۲) فقط واللہ اعلم۔ محمد انور عفا اللہ عنہ

## سُسر نے بہو کے بوسے لئے اور کہتا ہے کہ شہوت نہیں تھی

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شادی شدہ عورت کو اس کے حقیقی سسر نے زبردستی دبوچ کر چھیڑ خانی کی۔ منہ پہ دانتوں سے کاٹا اور پستانوں سے پکڑا۔ حتیٰ کہ اس کا بیٹا (یعنی عورت مذکورہ کا شوہر) اچانک آگیا اور اس نے بھی دیکھ لیا۔ از روئے شریعت اس عورت کے لئے کیا حکم ہے اور کیا اس کا نکاح برقرار ہے؟ سسر کہتا ہے کہ میں نے یہ سب کچھ محبت میں کیا ہے۔ مجھے شہوت نہیں تھی۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں بر تقدیر صحتِ واقعہ مذکورہ عورت اپنے خاوند پر حرام ہوچکی ہے۔ خاوند کو چاہیئے کہ زبان سے بھی کہہ دے کہ میں نے اسے چھوڑا۔ تاکہ وہ عدت کے بعد دوسری جگہ نکاح کر سکے۔

لومس أو قبل وقال لم أشته صدق الا اذا كان المس على الفرج والتقبيل فى الفم ــــ (شامیہ ص۳۰۶ ج ۲) فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ

## سوتیلی ماں سے زنا کرنے والے کا اپنی بیوی کے ساتھ نکاح کا حکم

زید کو اس کی بیوی ہندہ نے اپنی سوتیلی ماں خالدہ کے ساتھ بدفعلی کرتے ہوئے پکڑا اور پھر حلفاً اس بات کو لوگوں کے سامنے بیان کیا۔ دوسری دفعہ بیوی کے علاوہ ہمسایہ اور پڑوس کے لوگوں نے بھی مذکورہ شخص کو اپنی سوتیلی ماں کے ساتھ بدفعلی کا مرتکب پایا۔ پھر چیئرمین کے پاس لے گئے۔ جس نے مذکورہ شخص کو سرعام بھرے بازار میں رسوا کیا اور جوتے لگائے۔ اب مذکورہ شخص کا اپنی بیوی ہندہ کے ساتھ نکاح باقی ہے یا نہیں؟ جو کہ اس کی چچازاد بہن بھی ہے۔

۲۔ اپنی سوتیلی ماں سے بدفعلی کرنے کی وجہ سے اب مذکورہ شخص کے والد بکر کا اس کی سوتیلی ماں سے نکاح باقی ہے یا نہیں۔؟

**الجواب** ہندہ اور زید کا باہمی نکاح باقی ہے کیونکہ ہندہ خالدہ کے اصول فروع میں سے نہیں۔ لیکن خالدہ بکر کے گھر آباد نہیں ہو سکتی۔ بشرطیکہ بکر مذکورہ واقعہ کو تسلیم کرتا ہو۔ یا شہادت شرعیہ موجود ہو۔

قال فى البحر أراد بحرمة المصاهرة الحرمات الاربع حرمة المرأة على أصول الزانى وفروعه نسبا ورضاعا الخ (شامی ص۲۹ ج ۲) قال فى الفتح وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها الى قوله و على هذا ينبغى أن يقال فى مسه اياها لا تحرم على أبيه وابنه الا أن يصدقاه الخ (شامی ص۲۸ ج ۲)

فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

۱۴ / ۶ / ۱۴۰۶ ہجری

## بیٹی سے وطی کرنے سے اس کی ماں حرام ہو جاتی ہے

ایک شخص بوجہ بدبختی اپنی آٹھ سالہ بچی کے ساتھ کئی بار مرتکب زنا ہوا اور اب نادم ہوکر صورت خلاصی چاہ رہا ہے ۔ کوئی صورت ہے ۔ کیا وہ حدِ شرعی کا سزاوار ہے یا نہیں؟ اس کی زوجہ اس کے لئے حلال ہے یا حرام اور کیا کوئی صورتِ توبہ ہے ۔؟

**الجواب** بیٹی سے وطی زنا محض ہے اور موجب حد ہے ۔ ثبوت شرعی کے بعد قاضی حد شرعی جاری کرے گا ۔

ولو وطی أمۃ المحرمۃ علیہ برضاع او نسب او صہریۃ کاختہ و بنتہ منہما او امۃ من الرضاع وموطوءۃ ابیہ او ابنتہ یجب الحد علی الاظہر (فتح القدیر ص۵۸ ج۲) قاضی کے پاس مقدمہ جانے سے پہلے اگر اس فعل کو چھپا لے تو جائز ہے ۔ مگر توبہ واستغفار ضروری ولازم ہے ۔ امید ہے کہ عذاب اخروی سے بچ جاوے گا

وفی البحر عن الظہیریۃ رجل اتی بفاحشۃ ثم تاب واناب الی اللہ تعالیٰ عزّوجل فانہ لا یعلم القاضی بفاحشتہ لاقامۃ الحد علیہ لان الستر مندوب الیہ وفی شرح الاشباہ للبیری عن الجواہر رجل شرب الخمر وزنی ثم تاب ولم یحد فی الدنیا ھل یحد لہ فی الآخرۃ قال الحدود حقوق اللہ الا انہ تعلق بہا حق الناس وھو الانزجار فاذا تاب توبۃ نصوحا أرجو ان لا یحد فی الآخرۃ اھ (شامیہ ص۱۴۰ ج۳)

بیٹی سے وطی کرنے والے کی زوجہ یعنی بیٹی کی والدہ قطعی حرام ہو گی واطی پر ۔

وتثبت بالوطئ حلالا کان اوعن شبہۃ او زنا کذا فی فتاوی قاضی خان فمن زنی بامرأۃ حرمت علیہ امہا وان علت اھ (عالمگیری ص۴ ج۲)

فقط واللہ اعلم ،

محمد انور عفا اللہ عنہ ،

## ساس کے ساتھ زنا کرنے سے بیوی حرام ہوگئی

بیوی نے خاوند کو اپنی ماں سے زنا کرتے دیکھ لیا۔ اور وہ آٹھ سال سے نہ اپنے خاوند کے گھر آباد ہوئی اور نہ ہی حقوق زوجیت ادا کئے۔ تو کیا اب دوبارہ آباد ہو سکتی ہے۔ یا بغیر طلاق کے دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔ یا ویسے ہی بیٹھی رہے؟

**الجواب** اگر خاوند بھی اس کا اعتراف کرتا ہے تو اہل اثر ورسوخ کو چاہئیے کہ خاوند کو مجبور کریں۔ کہ وہ کہہ دے میں نے اس عورت کو چھوڑا۔ تاکہ وہ عدت گذار کر دوسری جگہ نکاح کر سکے۔ اگر اس طرح دباؤ سے کوئی کامیابی نہ ہو۔ تو عدالتی چارہ جوئی کر لی جائے۔ بہرحال خاوند کے متارکہ یا عدالت کے فیصلے کے بغیر دوسری جگہ عقد صحیح نہ ہوگا۔

وأم زوجته وأن لم توطأ الزوجة لما تقرر أن وطئ الامهات يحرم البنات ونكاح البنات يحرم الامهات كذا في الشامية ص۳۸۲ ج ۲۔

فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## فعلِ بد سے حرمتِ مصاہرہ ثابت نہیں ہوگی

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے ایک نابالغ لڑکے سے بدفعلی کی ہے۔ تو کیا مفعول کو فاعل مذکور اپنی لڑکی دے سکتا ہے یا نہیں۔

بینوا توجروا ۔ مستفتی حافظ عبداللہ کریم بخش میانوالی۔

**الجواب** فعل بد سے حرمت مصاہرہ متحقق نہیں ہوتی۔ لہذا صورت مذکورہ میں عقد نکاح جائز ہے۔

اتى رجل رجلاً له أن يتزوج ابنته لان هذا الفعل لو كان في الاناث لا يوجب حرمة المصاهرة ففي الذكر أولىٰ اھ (شامی ص۳۸۶ ج۲) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح۔ بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ
۱۲٫۲۳ ۹۸ھ

## خاوند حرمۃ مصاہرہ کا اقرار کرے تو تفریق ضروری ہے

ایک عورت نے مشہور کیا کہ فلاں نے اپنی بہو کے ساتھ زنا کیا ہے، جب کہ سسر اور بیوی انکار کرتے ہیں، شوہر نے صرف ایک مرتبہ اقرار کیا ہے۔ اب وہ بھی انکار کرتا ہے۔ خاوند کے اس اقرار پر تین گواہ موجود ہیں۔ عورت حاملہ ہے نکاح باقی ہے یا نہیں۔

**الجواب** برتقدیر صحت سوال صورت مسئولہ میں خاوند کے اقرار کی بنا پر عورت اس پر حرام ہو چکی ہے۔

رجل قبل امرأة أبيه بشهوة أو قبل الأب امرأة ابنه بشهوة وهي مكرهة وأنكر الزوج أن يكون بشهوة فالقول قول الزوج وان صدقه الزوج وقعت الفرقة ويجب المهر۔ (عالمگیری ص ج ۲/۵)

اقرار کے بعد خاوند کا انکار حکم مذکور پر اثر انداز نہیں ہوگا۔ خاوند پر لازم ہے کہ وہ زبانی طور پر کہہ دے کہ میں نے چھوڑ دیا۔ اس کے بعد وہ عدت گزرنے پر یعنی وضع حمل کے بعد دوسری جگہ نکاح کر سکے گی۔ اگر خاوند اس پر آمادہ نہ ہو۔ تو کسی عدالت سے تفریق کرا لے۔ ان دونوں صورتوں کے بغیر عورت دوسری جگہ نکاح نہیں کرا سکتی۔ اگرچہ خاوند پر حرام ہو چکی ہے اور اس کے قریب نہیں جا سکتی۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ  احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

---

## نو سال سے کم عمر بچی کو چھونے سے حرمۃ مصاہرہ ثابت نہیں ہوگی

زید نے اپنی بیوی کی اس لڑکی کو جو اس کے پہلے خاوند سے ہے۔ دو مرتبہ پشت پر ہاتھ لگایا۔ جب دوسری مرتبہ ہاتھ لگایا تو خیال پیدا ہوا کہ کہیں گناہ تو نہیں؟ لڑکی کی والدہ نے بتلایا کہ لڑکی کی عمر چار ماہ کم نو سال ہے۔ تو کیا اس چھونے سے حرمت ثابت ہوئی یا نہیں؟ ، میاں جند وڈہ قصبہ سمینہ

**الجواب** اگر لڑکی کی عمر نو برس نہیں ہوئی ہے یا درمیان میں کپڑا حائل تھا۔

تو حرمتِ مصاہرہ ثابت نہیں ہوئی۔

وفیما بین الخمس والتسع اختلاف الروایۃ والمشائخ والاصح انها لاتثبت الحرمۃ اھ (شامی ص۴۸۹ ج۲)

الجواب صحیح فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ محمد انور عفا اللہ عنہ

۲۶/۱/۱۴۰۰ھ

## اپنی بیوی کی بھتیجی سے زنا کرنے کی وجہ سے اسکی بیوی اس پر حلال رہتی ہے

ایک شخص کے گھر اس کی بیوی کی حقیقی بھتیجی ملنے کے لئے گئی۔ لیکن اس آدمی کا دل بے ایمان ہوگیا۔ اس نے رات کے گیارہ بجے کے قریب اس کو دونوں بازوؤں سے پکڑ کر اٹھایا اور اپنی خواہش ظاہر کی۔ مگر اس لڑکی نے شور مچانا شروع کر دیا جس سے باقی عورتیں جو اس کے قریب سوئی ہوئی تھیں جاگ اٹھیں۔ اس لئے وہ شخص اپنے ناپاک ارادے میں ناکام ہوگیا۔ صبح کو لڑکی نے والدین کو بتایا اس نے اقرار بھی کر لیا ہے جس سے ان کے درمیان رنجش پیدا ہوگئی ہے۔ الغرض اس آدمی کا نکاح بیوی کے ساتھ باقی ہے یا نہیں۔

**الجواب** شخص مذکور کا فعل ناجائز اور خلافِ شریعت ہے۔ اس سے توبہ استغفار کرنی چاہیئے۔ لیکن اس فعلِ بد کی وجہ سے اس کا نکاح نہیں ٹوٹا۔ بلکہ نکاح اس کا باقی ہے اور بیوی اس کی اس پر حلال ہے۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح بندہ اصغر علی غفرلہ

خیر محمد عفی عنہ معین مفتی خیر المدارس۔ ۲۷/۱۱/۱۳۸۷ھ

## بیوی کی رضاعی ماں سے زنا کرنا بھی موجب حرمت مصاہرہ ہے

زید کی دو بیویاں تھیں۔ اللہ وسائی اور مہر مائی۔ مہر مائی کی دختر سرور مائی نے اپنی سوتیلی والدہ کا دودھ پیا۔ پھر سرور مائی کا نکاح ایک شخص مسمّی حاجی سے ہوگیا۔

اس کے بعد مسمی حاجی کا ناجائز تعلق سرور مائی کی سوتیلی و رضاعی والدہ سے ہوگیا یعنی اس نے زنا کیا گواہوں نے بھی تصدیق کر دی۔ اب سرور مائی بالغ ہو چکی ہے۔ لہٰذا از روئے شریعت سرور مائی کا نکاح مسمی حاجی سے ہو سکتا ہے؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں سرور مائی اپنے خاوند مسمی حاجی پر حرام ہو گئی ہے۔ کیونکہ اللہ وسائی حاجی کی بیوی کی رضاعی والدہ ہے اور اپنی بیوی کی رضاعی والدہ سے نکاح کرنا بھی موجب حرمت مصاہرہ ہے جیسے کہ نسبی کے ساتھ۔

قال فی البحر أراد بحرمة المصاهرة الحرمات الاربع حرمة المرأة علی اصول الزانی وفروعه نسبا ورضاعا الخ (شامیہ صفحہ ۲۸ ج ۲)

لہٰذا صورت مسئولہ میں سرور مائی حاجی پر حرام ہو چکی ہے اور ان کی تفریق کسی مسلمان حاکم سے کرائی جائے۔ کیونکہ اس میں قضاء قاضی شرط ہے۔ ھکذا فی الحیلۃ الناجزہ ص۵۵

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | فقط واللہ اعلم |
| خیر محمد عفی عنہ | بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ |
| مہتمم خیر المدارس ملتان | خادم الافتاء خیر المدارس ملتان |
| | ۷ رمحرم ۱۳۷۴ھ |

## محض جسم دیکھنے سے حرمت مصاہرہ ثابت نہیں ہوگی

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حامد نے اپنے بیٹے زید کی بیوی کو جب کہ وہ غسل خانہ میں غسل کر رہی تھی۔ جھانک کر ایک نظر سے دیکھ لیا۔ اور حامد کے بیٹے کی بیوی نے غسل کرتے ہوئے حامد کو دیکھ لیا۔ حامد نہایت دیندار صوم و صلوٰۃ کا پابند تہجد گزار ہے۔ وہ اپنے اس عمل پر نہایت پشیمان اور شرمندہ ہے۔ کہ یہ فعل مجھ سے کیسے ہوگیا۔ جبکہ اس کے دل میں کبھی بھی بہو کے متعلق برا خیال تک نہ آیا تھا۔ بلکہ وہ اپنی بیٹی ہی تصور کرتا آیا ہے۔ غیر اختیاری طور پر یہ فعل سرزد ہوگیا ہے۔ حامد اس وقت رو رو کر استغفار کر رہا ہے۔ کہ میری سابقہ زندگی برباد ہوگئی۔ اور میں ہلاک ہوگیا۔ دیگر یہ کہ اپنے بیٹے کی بیوی اور بیٹے سے معافی مانگی جائے اگر وہ معاف کر دیں پھر کیا صورت ہے؟

**الجواب** زید پر اسکی بیوی حرام نہیں ہوئی۔ کیونکہ حرمت کا ثبوت فرج داخل کی

طرف نظر کرنے سے ہوتا ہے۔ شامیہ میں ہے۔

انھم اتفقوا علیٰ ان النظر بشھوۃ الی سائر أعضاءھا لاعبرۃ بہ ماعدا الفرج (الی قولہ) لان ھذا حکم تعلق بالفرج والداخل فرج من کل وجہ والخارج فرج من وجہ والاحتراز عن الخارج متعذر فسقط اعتبارہ۔ (فصل فی المحرمات ص۳۰۴ ج۲)

حامد کو چاہیئے توبہ کے ساتھ ساتھ حسبِ توفیق خیرات بھی کر دے۔ اللہ پاک معاف فرمانے والے ہیں۔ توبہ کے بعد ذھن کو اس گناہ کی طرف نہ لائیں۔ خالدہ اور زید سے تذکرہ کرنے سے کشیدگی ہو سکتی ہے اس لئے تذکرہ نہ کریں۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

۱۸/۱۲/۱۴۰۶ھ

## فرجِ داخل کو شہوت سے دیکھنے سے حرمتِ مصاہرہ کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے عورت کے اندامِ نہانی کو عمداً دیکھا بلکہ دیکھنے میں ڈاکٹر کی طرح معائنہ کیا۔ لیکن زنا نہیں کیا، تو کیا اس عورت کی بچی سے نکاح کر سکتا ہے۔ مستفتی رحیم بخش منڈی یزمان

**الجواب** اگر شرمگاہ کا اندرونی حصہ شہوت سے دیکھا ہے یا شہوت سے بلا حائل جسم کو چھوا ہے۔ جیسا کہ اس صورت میں ظاہر ہے کہ ہوا ہوگا تو حرمتِ مصاہرہ ثابت ہو گئی۔ مذکورہ عورت کی بچی سے نکاح درست نہیں ہے۔

وحرم أصل مزنیتہ وأصل ممسوستہ بشھوۃ والمنظور الی فرجھا الداخل ولو من زجاج او ماء ھی فیہ وفروعھن (درمختار علی الشامیۃ ص۳۸۴ ج۲)

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ
۵/۱۲/۱۳۹۸ھ

## ڈاکٹر یا حکیم کو مریضہ کی نبض دیکھتے وقت شہوت پیدا ہو جائے تو حرمت کا حکم

جناب محترم المقام حضرت مولانا مفتی اعظم پاکستان محمد شفیع صاحب

**امّا بعد** ۔ مندرجہ ذیل مسئلہ کی وضاحت کا طالب ہوں ۔

صورت حال یہ ہے کہ زینب جو عمرو کی خالہ زاد بہن ہے ۔ اس نے عمرو خالہ زاد بھائی کو کوئی کھانے کی چیز بطور ہدیہ اپنے ہاتھ سے دی ۔ محض صلہ رحمی کی بنا پر اور کسی قسم کی نیت اور بُرا ارادہ طرفین میں موجود نہیں تھا ۔ جب عمرو نے ہاتھ بڑھایا ہدیہ پکڑنے کے لئے تو اچانک دل میں یہ تصور کر لیا کہ اگر یہ خالہ زاد بہن بنام زینب میرے نکاح میں ہوتی ۔ اور اس طرح اشیاء اپنے ہاتھ سے بوجہ زوجیت دیتی تو کیا خوب ہوتا ۔ اس تصور کے دوران طبع میں سرور پیدا ہوا ۔ اور انتشار انگیزی بھی وجود میں آئی ۔ اس وقت عمرو نے سوچا کہ زینب کے ہاتھ سے ہدیہ لوں ۔ کیونکہ شہوت سے ہاتھ لگ جائے گا تو گناہ ہوگا ۔ اور مصاہرت ثابت ہوگی ۔ لیکن ماحول اور زینب کی رنجیدگی کی وجہ سے ہدیہ زینب سے عمرو نے وصول کیا اور کچھ ہاتھ کی انگلیوں کے سرے زینب کے ہاتھ کو لگ گئے ۔ بس فوراً ہاتھ ہٹا لیا ۔ شہوت اور سرور کی حالت بعد میں تدریجاً ہٹ گئی ۔ کیا اتنے مس کرنے سے اور تصور کرنے سے زینب کے ساتھ حرمت مصاہرہ ثابت ہو جائے گی ۔ اور زینب کی لڑکی کے ساتھ عمرو کا نکاح جائز ہو گا یا نہ ۔ یا کوئی حکیم یا ڈاکٹر عورت کو نبض سے پکڑتے وقت شہوت کا خیال کرے اور اسے انتشار پیدا ہو جائے تو اس ڈاکٹر کی بھی اس مریضہ عورت کے ساتھ حرمت مصاہرہ ثابت ہو جائے گی یا نہ ۔

سائل کی زبانی معلوم ہوا کہ شخص مذکور کو لمس سے شہوت کا ازدیاد نہیں ہوا ۔ البتہ تصور سے تدریجاً شہوت کا بڑھتا گیا ۔ شرم کے مارے مجھ کو وہ ہدیہ لینا نصیب نہ ہوا ۔

**الجواب** (۱) فی الدر المختار (وحدّها) لا ی الشہوۃ فیہما ای المس والنظر تحرک آلتہ او زیادتہ ..... بہ یفتی وفی رد المحتار وفرع علیہما لو انتشر وطلب امرأتہ الی قولہ لا تحرم أمہا مالم یزدد الانتشار ۔ ص ۳۵۸ ج ۲

اس روایت سے معلوم ہوا کہ صورۃ مذکورہ میں حرمۃ مصاہرہ نہ ہوگی ۔

۲- حکیم یا ڈاکٹر کو اجنبیہ عورت کی نبض پکڑتے وقت ایسی شہوت ہوئی کہ جس میں تحرک آلہ اور انتشار میں ازدیاد تھا۔ تو حرمت مصاہرہ ثابت ہوگی ۔

فقط واللہ اعلم

احقر العباد محمد صابر غفر اللہ لہ

نائب مفتی دار العلوم کراچی

الجواب صحیح

ولی حسن غفر اللہ لہ

دار الافتاء دار العلوم کراچی

الجواب صحیح ۔ بندہ عبداللہ غفر اللہ لہ خادم الافتاء خیر المدارس ملتان شہر ۔ ۶/۶/ ۵ ھ

جواب دار العلوم کراچی والا صحیح ہے ۔ خیر محمد عفا اللہ عنہ ۶/۶/ ۵ ھ

## محض شبہ سے حرمتِ مصاہرہ ثابت نہ ہوگی

ایک شخص موسم سرما میں پلنگ پر اس طرح سویا کہ پاؤں کی طرف اس کی بیوی اور لڑکی سو گئی ۔ رات کے وقت نیند سے بیدار ہوا ۔ تو بیوی کی پنڈلی کو پکڑا ۔ بعد میں شبہ ہوا ۔ کہ یہ لڑکی کی پنڈلی ہے ۔ اس حادثہ کو چودہ ۱۴، پندرہ ۱۵ سال گزر گئے ۔ اتنا یاد ہے کہ پنڈلی کے پکڑتے وقت شہوت کا درجہ میلان قلب تھا ۔ اور ممکن ہے کہ حرکت قلب ہو یاد نہیں ۔ انتشار آلہ اور ازدیاد انتشار بالکل یاد نہیں ظن غالب ہے کہ انتشار کا درجہ نہ تھا ۔ صرف میلان تھا ۔ اس حادثہ کے بعد قریب زمانہ میں بیوی سے دریافت کیا ۔ کہ فلاں رات تمہاری پنڈلی کو پکڑا تھا ۔ اس نے کہا کہ میری پنڈلی تھی ۔ الغرض یہ شبہ رہا کہ پنڈلی بیوی کی تھی یا کہ لڑکی کی ۔ مس کے وقت شہوت کا درجہ غالباً میلان قلب تھا ۔ اس سے زیادہ موہوم ہے ۔ یہ بھی معلوم نہیں کہ لڑکی کی عمر اس وقت نو سال تھی ۔ یا کم یا زیادہ ۔ دریافت اب یہ ہے ۔ کہ ان حالات میں حرمت مصاہرہ ثابت ہوگی یا نہیں ۔ بیوی حرام ہوگی یا نہ ۔ بیوی حرام ہونے کی صورت میں متارکت فرض ہے یا نہیں ۔ یا احتیاطاً بیوی کو علیحدہ رکھے یا پاس رکھے وہ صاحب اولاد ہے اور عمر رسیدہ ہے ۔

المستفتی محمد حسن بانی ومفتی جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور ۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوئی ۔ بایں وجوہ کہ

شہوت کا درجہ میلان قلب ہے۔ اور اس سے زائد توہم کے درجہ میں ہے۔ شریعت میں موہوم کا اعتبار نہیں۔ غلبۂ ظن ہونا ضروری ہے۔

قال فی الفتح ثم ھذا الحد فی حق الشاب أما الشیخ والعنین فحدھما تحرك قلبه أو زیادته ان كان متحركا لا مجرد میلان النفس فانه یوجد فیمن لا شھوۃ له أصلا كالشیخ الفانی (شامیہ ص ۳۸۶ ج ۲)

ثانیاً جب قریب زمانہ میں بیوی سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ پنڈلی بیوی کی تھی۔ تو اب شبہ کرنا موہوم اور وسواس ہے۔ شریعت میں وساوس اور توہمات کا اعتبار نہیں۔ بلکہ غلبۂ ظن کا اعتبار ہے۔ چنانچہ عورت کے مس کرنے میں لکھا ہے۔

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن یصدقها ویقع فی اکبر رأیه صدقها (شامیہ ص ۳۸۵ ج ۲)

بہرحال صورت مسئولہ میں از روئے قواعد فقہیہ حرمت مصاہرہ ثابت نہیں ہوئی۔

فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبد اللہ غفر اللہ لہ مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان۔ ۳/۱۲/۱۳۷۶ھ

## بیٹی سے مُتَّہَم کو شرعاً کیا تعزیر لگائی جائے

ایک شخص پر ایک شخص نے شہادت دی۔ قرآن شریف کو سر پر رکھ کر کہا۔ کہ فلاں شخص نے اپنی لڑکی سے زنا کیا اور زنا کرتے خود میں نے اپنی آنکھ سے دیکھا۔ لیکن اس کی لڑکی اور وہ خود منکر ہے۔ اور نیز اس شخص پر اس کے پوتے کی زوجہ نے مجمع عام میں کہا اور خطیب شہر کے پاس شہادت دی کہ ایک رات میں اور میرے خاوند کے دادا اکیلے تھے۔ نصف رات مجھ کو کہا کہ چارپائی اندر ڈالو۔ اور جب مجھے کہا تو اس کا آلہ منتشر تھا اور مجھے اس کی بُری نیت کا خیال ہوگیا تو میں نے انکار کیا۔ کہ اندر چارپائی نہیں ڈالتی۔ انکار پر اس نے مجھ پر گھونسے چلائے اور وہ شخص گھونسے مارنے اور چارپائی اندر ڈلوانے کا اقراری ہے۔ لیکن بُرے ارادے کا منکر ہے۔ اور کہتا ہے کہ میں قلبہ رانی کے لئے جا رہا تھا۔ کوٹھا اکیلا تھا۔ حفاظت مال کے لئے

اندر سونے کے لئے کہا ۔میری نیت بد نہ تھی ۔اس کے علاوہ ایک عورت جو اس کی پڑوسی ہے وہ شہادت دیتی ہے کہ اس کی زوجہ مرگئی ہے ۔کئی مدت سے اس کی لڑکی اس کی حویلی میں اکیلی اس کے ساتھ رہتی ہے ۔اور کئی دن صبح کو اس شخص اور اس کی لڑکی کو غسل کرتے دیکھا ہے ۔ان شہادات کی بناپر اب اس شخص پر شہر کے مفتی نے بائیکاٹ کا حکم دیا ہے ۔اب سوال یہ ہے کہ آیا ان شہادتوں کی بناپر عدم برتاؤ کا حکم صحیح ہے یا نہ ۔اس مفتی کے خلاف اور مفتی ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ جب تک چار گواہ شہادت نہ دیں تو اس پر حد نہیں آسکتی ۔لہذا ان گواہوں کی شہادت نزور ہے اور یہ قابل حد قذف ہیں ۔لیکن سوال یہ ہے کہ اگر اس سے عدم برتاؤ نہ کیا جائے ۔تو عوام کی جرأت اس قسم کے گناہ پر بڑھ جائے گی ۔اور اب صاف کہہ رہے ہیں کہ مولوی رشوت لے کر لڑکی کے ساتھ جماع کو جائز کہہ رہے ہیں ۔کیا ایسی صورت میں از روئے سیاست مفتی ایک یا دو سال کے لئے حکم عدم برتاؤ اور مالی جرمانہ کا کر دے ــــــــــ تو کیا لیا جاسکتا ہے ۔شخص مذکور نے سات لڑکیوں کو رقم لے کر فروخت کیا ہے ۔عام شہر کے لوگ اس سے بدظن ہیں ۔

**الجواب** حد اور تعزیر میں رات دن کا سا فرق ہے ۔اس میں شک نہیں کہ زنا کے معاملہ میں جب تک چار گواہ شہادتیں نہ دیں کسی پر حد نہیں آسکتی ۔لیکن تعزیر میں اتنی شہادتیں ضروری نہیں ہیں ۔بلکہ ایک شخص محض اتہام اور شبہ کی بناپر بھی قابل تعزیر ہوسکتا ہے ۔الاشباہ والنظائر ص۱۵۲ ۔التعزیر یثبت مع الشبھۃ درمختار علی ھامش ردالمحتار ص۱۹۳ ج۳ میں ہے للقاضی تعزیر المتھم و ان لم یثبت علیہ اور تہمت کا اثبات ایک ہی عادل کی شہادت اور مستورین کی شہادتوں سے ہوسکتا ہے ۔ درمختار کے مذکورہ قول کے تحت علامہ شامی لکھتے ہیں ۔

ذکرافی کتاب الکفالۃ ان التھمۃ تثبت بشھادۃ مستورین او واحد عدل ۔نیز درمختار میں ہے ۔ وکل تعزیر للہ تعالیٰ یکفی فیہ خبر العدل لانہ فی حقوقہ تعالیٰ یقضی فیھا بعلمہ اتفاقاً بناء علیہ ۔

صورۃ مسئول عنہا میں جس شخص پر سنگین بدکاری کی تہمت مذکور ہے وہ

محض تہمت و شبہ کی بنا پر بھی لائق تعزیر ہو سکتا ہے۔ لیکن وہاں تو عینی شاہد بھی موجود ہے۔ جس نے حلف اٹھا کر شہادت دی ہے تو اب اس کے قابل تعزیر ہونے میں کون سا تردد ہو سکتا ہے۔ تہمت اتنی سنگین ہے کہ اس سے درگزر کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ لہٰذا سوال میں جس تعزیر کو تجویز کیا گیا ہے وہ ہرگز شرعاً قابل اعتراض نہیں ہے۔ بلکہ یہ تعزیر ایسے شخص کے لئے اقل درجہ کی تعزیر ہے۔ علاوہ ازیں عدم برتاؤ کی تعزیر ماثور بھی ہے۔ کتب حدیث و تفسیر میں اس سلسلہ کی ایک حدیث موجود ہے۔ جس کا مختصر مضمون بطور واقعہ کے یہ ہے کہ چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم غزوۂ تبوک میں شامل نہ ہو سکے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس آ کر ان کے لئے یہی عدم برتاؤ کی تعزیر مقرر فرمائی اور مسجد کے ستون سے باندھے بھی رہے (خازن زیر آیت واٰخرون اعترفوا بذنوبہم) تو اس مقام پر تفسیر خازن کے لفظ یہ ہیں۔ فارسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الیہم فاطلقہم وعذرھم تو معلوم ہوا کہ عدم برتاؤ کی تعزیر ایک ایسی تعزیر ہے جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مقرر کردہ تعزیر ہے۔ لیکن عدم برتاؤ کے لئے میعاد مقرر کرنا اس کی کوئی اصل نہیں بلکہ عدم برتاؤ کا حکم اس وقت تک بحال رہنا چاہیئے۔ جب تک متہم کے اس جرم سے تائب ہونے کا بہمہ وجوہ یقین نہ ہو جائے۔ اگر ذرہ بھی اشتباہ اور اثبات کا ہو۔ کہ اس نے یہ جرم تا حال نہیں چھوڑا۔ اور اس نے جرم کے مطابق توبہ نہیں کی تو اس وقت تک اس پر تعزیر جاری رکھی جاتے۔ بہرحال یہ تعزیر ماثور و شرعی تعزیر ہے۔ جس سے شرعاً انکار کی کوئی گنجائش نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ المسکین غلام فخر الدین گانگوی بمقام میانوالی

**الجواب** مالی تعزیر جرمانہ وغیرہ کرنا ناجائز ہے۔ شامی ص ۱۲۸ ج ۳ میں ہے۔ لایاخذ مال فی المذھب قال فی الشرح ای رد المحتار والحاصل ان المذھب عدم التعزیر باخذ المال۔ باقی جواب صحیح ہے۔

فقط بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ،

خادم الافتاء خیر المدارس ملتان مورخہ ۲/۱۲/۱۳۷۱ھ

## حرمتہ مصاہرہ ثابت ہوجانے کی صورت میں حضرت امام شافعیؒ کے مسلک پر عمل کی گنجائش ہے یا نہیں۔

زید شادی شدہ ہے۔اس کی بیوی کو زید کے والد نے بشہوۃ مس کیا۔کچھ دنوں کے بعد معلوم ہوا کہ اس صورت میں نکاح فسخ ہوجاتا ہے۔اور عورت خاوند پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوجاتی ہے۔اس نے اپنی بیوی سے یہ مسئلہ بیان کیا۔تو وہ بہت روئی اور پریشان ہوئی۔کیونکہ اس کو خاوند سے بے حد محبت ہے۔ایسی صورت میں عورت کیا خاوند کے نکاح میں رہ سکتی ہے یا نہیں۔فقہ حنفی سے تو مسئلہ اسی طرح معلوم ہوتا ہے۔لیکن شوافع وغیرہ کے ہاں کچھ توسع معلوم ہوتا ہے۔تو ایسی صورت تبلائی جائے کہ ان دونوں کی جدائی نہ ہو۔اور دونوں خاوند بیوی بن کر رہیں۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں جب عورت مس بشہوۃ کی مدعیہ ہے اور خاوند کے نزدیک وہ جھوٹ بھی نہیں بول رہی بلکہ غلبۂ ظن اس کے صادق اور سچے ہونے کے ساتھ متعلق ہے۔تو حرمت مصاہرت ثابت ہوئی اور عورت دائما حرام ہوگئی۔اب خاوند کو لازم ہے۔کہ بیوی سے کسی قسم کا تعلق نہ رکھے اور زبان سے کہہ دے کہ میں نے تجھے چھوڑ دیا یا تجھے طلاق دے دی۔اور اس مسئلہ پر آج تک کسی حنفی عالم نے فقہ شافعی پر فتوی نہیں دیا اور نہ ہی اس کو ضرورت تسلیم کیا گیا ہے۔ایسی ضرورتیں تو ہر مستفتی کو پیش آتی ہیں۔ایسی ضرورتوں کی بناء پر دوسرے امام کے قول پر فتوی دینا دین کو لہو ولعب قرار دینا ہے۔جو کہ حرام ہے۔

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح۔ خیر محمد — بندہ محمد عبد اللہ ۲۴ شوال ۱۳۷۱ھ

## خاوند حرمتہ مصاہرہ کا اقرار کرنے کے بعد انکار کرتا ہے تو حرمتہ ثابت ہوگی یا نہیں

اللہ دسایا کاروبار کے لئے باہر گیا ہوا تھا۔گھر میں بیوی، والد اور بھائی تھے۔رات کے وقت اللہ دسایا کا والد اور اس کی بیوی ایک مکان میں سوئے تو اس کے والد نے اللہ دسایا کی بیوی سے زنا کیا اور بھائی کو پتہ چل گیا۔واپسی پر بھائی نے اس کو اطلاع دی۔اللہ دسایا

نے اپنی زوجہ سے پوچھا۔ تو پہلے تو وہ خاموش رہی پھر اقرار کرلیا۔ اس پر اللہ دسایا ناراض ہو کر بیوی کو لے کر سسرال چلا گیا۔ اور اپنے سسر سے دونوں نے یہ واقعہ بیان کیا۔ اس واقعہ کی حاجی کریم بخش اور موسیٰ کو بھی اطلاع ہوگئی۔ اللہ دسایا کا باپ چالاک آدمی تھا وہ اپنے بیٹے کو واپس لانے کی کوشش کرتا رہا۔ تو برادری نے ایک عالم کو بلایا۔ اس نے بیوی سے بیانات لئے مگر کوئی فیصلہ نہ کیا۔ اب اللہ دسایا اپنے باپ کے پاس واپس آگیا اب اللہ دسایا کا والد اس فعل سے منکر ہے اور لڑکی بھی اپنے خاوند کے پاس رہنا چاہتی ہے۔ شرعاً کیا حکم ہے۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں حرمت مصاہرہ ثابت ہونے کی وجہ سے عورت اپنے خاوند پر حرام ہو چکی ہے۔ خاوند کو چاہئے کہ وہ اسے چھوڑ دے۔ وہ دوبارہ اس کے گھر آباد نہیں ہو سکتی۔

فقط واللہ اعلم

بندہ محمد صدیق غفرلہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان
۲۳ ر ۴ ر ۷۲ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ غفرلہ
۲۵ ر ۳ ر ۷۲ھ

جواب مذکور پر حضرت مولانا فیض اللہ صاحب صدر مدرس مدرسہ نعمانیہ ملتان کا شبہ

صورتِ مسئولہ میں حرمتِ مصاہرہ کے ثبوت کی کوئی وجہ عبارت مرقومہ بالا سے ظاہراً معلوم نہیں ہوتی۔ لہٰذا نائب مفتی صاحب خیر المدارس کی خدمت میں مؤدبانہ عرض ہے۔ کہ تصریح فرماویں وجہ ثبوت کی مدعی علیہ پر بینہ ہیں یا اس کا اقرار ہے یا کوئی اور وجہ ثبوت کی ہے۔ ناراضگی معاف۔

فیض اللہ صدر مدرس مدرسہ نعمانیہ ملتان
۲۵ ربیع الثانی ۱۳۷۲ھ

**مستفتی کے بیانات** مستفتی سے معلوم ہوا کہ اللہ دسایا خاوند نے حاجی موسیٰ اور کریم بخش کے سامنے متعدد مرتبہ اقرار کیا کہ میرے والد نے میری زوجہ کے ساتھ زنا کیا ہے۔ لیکن اب والد کے سمجھانے کی وجہ سے منکر ہے۔ حاجی موسیٰ نے کہا کہ یہ لڑکی تمہارے اوپر حرام ہے۔

تم دوسرا نکاح کرلو۔ تو اُس نے کہا کہ تم اس بات کو اخفاء میں رکھو اور ایسے ہی رہنے دو۔
مستفتی اس شخص کو لانے کے لئے تیار ہے جس کے سامنے اس نے اقرار کیا ہے یعنی حاجی موسیٰ
نیز اُس کے اقرار پر دوسرا گواہ کریم بخش موجود ہے۔

باسمہٖ تعالیٰ

بجواب حضرت مولانا فیض اللہ صاحب صدر مدرس مدرسہ نعمانیہ ملتان شہر۔
معروض ہے کہ اگرچہ اللہ دسایا اب اپنے اقرار سے منحرف ہو چکا ہے۔ لیکن اس کے اقرار پر دو گواہ موجود ہیں۔ حاجی موسیٰ، کریم بخش اور دوسرے لوگ بھی اور وہ خود بھی اپنے اقرار کو مانتا ہے۔ اگرچہ تاویل کرتا ہے کہ میں نے بہکانے سے اقرار کیا وغیرہ۔ بہرحال اقرار اللہ دسایا کا موجب حرمۃ مصاہرہ ہے۔

عالمگیری میں ہے ص۲۷۴ ج۲ لواقر بحرمة المصاهرة يواخذ به ويفرق بينهما الخ اس کے بعد لکھتے ہیں۔ والاصرار على هذا الاقرار ليس بشرط حتى لو رجع عن ذلك وقال كذبت فالقاضي لا يصدقه ولكن فيما بينه وبين الله تعالى ان كان كاذبا فيما اقر لا تحرم عليه امرأته
نیز واضح رہے کہ اقرار سابق کے لئے علم یقینی شرط نہیں ہے بلکہ غلبۂ ظن بھی کافی ہے شامی میں ہے تحت قوله شرى امة أبيه لم تحل له ان علم انه وطئها اه
قال العلامة الشامي في شرح هذا القول المراد بالعلم ما يشمل غلبة الظن اذ حصول العلم اليقيني في ذلك نادر ومنه اخبار الاب بانه وطئها وهي في ملكه الخ (شامی مصری ص۳۸۴ ج۲ ۔ فصل فی المحرمات)
بحرالرائق میں ہے ص۱۰۱ ج۳ تزوج امرأة على انها بكر فلما أراد مجامعتها وجدها مفتضة قال لها من افتضك فقالت أبوك ان صدقها الزوج بانت منه ولا مهر لها وان كذبها فهي امرأته۔
اس عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ زوج کا اپنی بیوی کے قول کی تصدیق کر لینا اور اس کے کہنے پر اقرار کر لینا اقرار صحیح ہے۔ اور موجب حرمۃ مصاہرہ ہو جاتا ہے

فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبداللہ غفرلہ
خادم الافتاء
خادم الافتاء خیر المدارس ملتان

# حرمتِ مصاہرہ کے گواہوں کی گواہی ایک دفعہ رد کردی جائے تو دوبارہ انہی کی گواہی کی وجہ سے حرمت کا حکم نہیں لگا سکتے۔

## ایک اہم مفصل فتوٰی

مسمّی دلمیر ولد محمد نے الزام لگایا ہے کہ مسمّی زید ولد عنایت کا ناجائز تعلق اپنی ساس کے ساتھ ہے۔ یہ واقعہ پنچائیت کے سپرد کیا گیا۔ پنچائیت کے اشخاص سات ہیں۔ مذکورہ بالا اشخاص کی پنچائیت کے سامنے واقعہ پیش ہوا۔ پس پنچائیت مذکور نے مسمّی دلمیر سے گواہ طلب کئے۔ مسمّی دلمیر نے اس پر امیر ولد شاہ محمد قوم موچی مسمّی غلام رسول ولد شاہ محمد کو بطور گواہان پیش کیا۔ پنچائیت نے فیصلہ کیا کہ مدعی دلمیر پنچائیت کے سامنے حلف اٹھائے کہ میرا الزام سچ ہے اور گواہان امیر اور غلام رسول قسم اٹھائیں کہ ہم الزام مذکور کے بچشم گواہ ہیں۔ تو ہم پنچائیت والے ملزم زید سے طلاق لیتے ہیں۔ تو مدعی دلمیر اور گواہ غلام رسول اور گواہ امیر تینوں نے قسم اٹھانے سے انکار کر دیا۔ تو پنچائیت نے فیصلہ کیا۔ کہ چونکہ دعوٰی شرعاً گواہوں سے ثابت ہوتا ہے۔ اور نہ تم اور نہ تمہارے گواہ حلف اٹھاتے ہیں۔ اس واسطے ہم پنچائیت والے تجھے جھوٹا تصور کرتے ہوئے مقدمہ خارج کرتے ہیں۔ یہ واقعہ ۸۱-۷-۲۶ کا ہے۔ اب ایک سال گزر جانے کے بعد مدعی مذکور دلمیر دوبارہ کہتا ہے۔ کہ میں قسم اٹھاتا ہوں کہ میرا الزام سچ ہے۔ کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ اب ایک سال گزر جانے کے بعد قسم اٹھانا شرع شریف میں قابل قبول ہے اور جائز ہے یا ناجائز۔

تنقیح۔ سائل سے زبانی معلوم ہوا کہ دلمیر اور اس کے گواہ چشم دید بات پر بیان نہیں دیتے۔ بلکہ یوں ہی کہتے ہیں کہ ہم نے سنا ہے۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں برتقدیر صحت واقعہ حرمت مصاہرہ ثابت نہیں ہوتی۔ کیونکہ حرمت مصاہرہ کے ثبوت کے لئے مدعا علیہ کا اقرار یا دو گواہ عادل کا ہونا ضروری ہے۔ جو کہ صورت مسئولہ میں متحقق نہیں ہے۔ اس لئے زید مذکور کی عورت بدستور اس کے نکاح میں ہے۔ لیکن یہ معاملہ چونکہ حلت وحرمت

کلہے ۔ لیے اگر زید مذکور سے حقیقت میں یہ گناہ سرزد ہوا ہے ۔ تو پھر اس پر لازم ہے
کہ اس عورت کو طلاق دے کر اپنے سے علیحدہ کرے اور فعل مذکور سے توبہ تائب ہو۔

فقط واللہ اعلم
بندہ محمد اسحٰق غفراللہ لہٗ

الجواب صحیح
عبداللہ غفراللہ لہٗ

۲۱ / ۴ / ۱۳۷۸ھ

مذکورہ بالا جواب پر کچھ دنوں کے بعد ایک تحریر موصول ہوئی جو درج ذیل ہے ۔
آج بتاریخ ۲۴ جمادی الاخریٰ ۱۳۷۹ھ کو مسمی دلمیر قوم موچی ساکن حرمل پور
ضلع جھنگ اور مسمی زید ولد عنایت قوم موچی ساکن حرمل پور ضلع جھنگ مدعی علیہ
حاضر ہوئے ۔ مدعی مذکور نے قسم کے ساتھ بیان کیا کہ میں نے اپنی آنکھوں سے زید
مدعی علیہ کو دیکھا ہے ۔ کہ مسماۃ عنایت ، ساکنہ خسانہ ضلع جھنگ کے ساتھ زنا کر رہا تھا۔
جس پر میں نے زید کی ہمشیرہ کو (جو کہ مدعی کی عورت ہے) سارا قصہ بیان کیا اور
مسمی غلام رسول ولد شاہ محمد قوم موچی ساکن خسانہ ضلع جھنگ اور اللہ دتہ قوم موچی
ساکن نگھیانہ نے قسم اٹھا کر بلفظ اشہد کہا کہ ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے ۔ کہ
مذکور عنایت مذکورہ کے ساتھ بدکاری کر رہا تھا ۔ ہم نے دونوں کو خوب پہچانا ۔
لہٰذا فیصلہ دیا جاتا ہے ۔ کہ عنایت مذکورہ کی لڑکی زید مذکور پر ابداً حرام ہے ۔
حرمت مصاہرہ کی وجہ سے اس کے نکاح میں نہیں رہ سکتی ہے ۔
تحریر مذکور کا خیر المدارس کی طرف سے یہ جواب دیا گیا۔

**الجواب** صورت مسئولہ کے بارے میں ایک دفعہ مقدمہ خارج ہو چکنے کے
بعد جناب مولانا قمر الدین صاحب کا دوبارہ اس کے متعلق گواہی لینا
اور فیصلہ کرنا شرعاً درست نہیں ۔ کیونکہ پہلی مرتبہ دلمیر کے گواہوں کی گواہی رد کی جا
چکی ہے اور شہادت کے متعلق اصول ہے ۔ کہ ایک دفعہ مردود ہونے کے بعد اس
حادثہ میں دوبارہ شہادت قابل سماعت نہیں ہوتی ۔ قال صدر الشریعۃ
اذا ردت مرۃ فی حادثۃ لاتقبل فیہا ابداً (شرح وقایہ صفحہ ۲۹۵ ج ۲)
نیز یہ حرمت مصاہرہ حقوق اللہ میں سے ہے ۔ جس میں بلا دعویٰ شہادت

مسموع ہے (شامی صـ۳۸۶ ج۴) اور ان میں تقادم حادثہ ایک قول کے مطابق مُسقط شہادت ہے۔ اور تقادم ایک شبہ کے ساتھ مقدر ہے۔ تو گواہان مذکور کی گواہی اگر قبل ازیں مردود نہ بھی ہوتی تو بوجہ تقادم کے ساقط ہوجانی چاہیئے تھی چہ جائیکہ وہ پہلے سے مردود ہے۔ لہٰذا جناب موصوف کا فیصلہ قواعد کے خلاف ہونے کی وجہ سے ناقابل التفات اور غیر صحیح ہے اور ہمارا سابقہ فتویٰ بالکل درست ہے کہ حرمتہ مصاہرۃ ثابت نہیں۔ مخفی نہ رہے کہ ہمارے زمانہ میں استحلافِ شہود جائز ہے

(صرح بہ فی البحر صـ۶۹ ج۷)

وفی التہذیب للقلانسی وفی زماننا لما تعذرت التزکیۃ بغلبۃ الفسق اختار القضاۃ کما اختار ابن ابی لیلیٰ استحلاف الشہود بغلبۃ الظن الخ قلت ولا یضعفہ ما فی الکتب المعتبرۃ کالخلاصۃ والبزازیۃ من انہ لا یمین علی الشاہد لانہ عند ظہور عدالتہ والکلام عند خفائہا خصوصًا فی زماننا الخ

اور پنچایت کا دلمیر کے گواہوں کی گواہی کو رد کرنا بوجہ انکار حلف درست متصور ہوگا۔ نیز واضح رہے کہ قضاءً یہی فیصلہ ہے۔ جو مذکور ہوا۔ لیکن اگر فی الواقع زید سے یہ فعل شنیع واقع ہوا ہے۔ تو دیانتًا اس پر واجب ہے کہ فورًا اپنی بیوی کو طلاق دے کر الگ ہوجائے۔ ورنہ سخت گنہگار ہوگا۔ گواہوں کو علم ہونا الگ بات ہے۔ لیکن خود زید تو اپنی حرکات کو خوب جانتا ہے اور حق تعالیٰ سبحانہ کو بھی پورا علم ہے۔

فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

۲ / ۷ / ۱۳۷۹ھ

الجواب صحیح

عبداللہ عفا اللہ عنہ

مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

اس کے بعد حضرت مولانا خواجہ قمر الدین سیالوی دامت برکاتہم کی طرف سے پھر ایک تحریر موصول ہوئی۔ جو درج ذیل ہے۔

بسم الله الرحمٰن الرحیم

الصورة النفس الامرية هذه انه لما جائتنى حامل القرطاس الذى نمقت فيه اولاً قال ان المدعى نكل عن دعواه كما امتنع عن الحلف وكذ الشهود فنكولهم كتب ان حكم پنچائت صحيح ولما ارسلوا الى المدعى ومن ادعى عليه والشهود وثبت ان المدعى امتنع عن الحلف فقط كما ان الشهود امتنعوا عن الحلف فقط واما عن الدعوى والشهادة فلانهم باقون مستبدون مستقلون عليها الى الآن وقد ادعى المدعى المذكور حسب ما ادعى عند پنچائت واشهد الشهود على المدعى عليه بعد انكاره حكم بثبوت حرمة المصاهرة هٰذا هو الواقع۔ واما من ردقولى فلا يعلم ان رد الشهادة لا يعتبر الا بوجه صحيح كما فى فتاوى الامام الغزى على صفحة ص۲۰۰ وامتناع المدعى والشهود عن الحلف ليس لله وجه شرعى حتى يرد الشهادات والدعوى بذلك وفى المناقب الكردرى اعلم ان تحليف المدعي والشاهد امر منسوخ بطلانه والعمل بالمنسوخ حرام وقد ذكر فى فتاوى القاعدى وخزانة المفتين ان السلطان اذا امر قضاته بتحليف الشهود يجب على العلماء ان ينصحوا السلطان ويقولوا له لا تكلف قضاتك امراً ان اطاعوك يلزم منه سخط الخالق وان عصوك يلزم منه سخطك الى أخر ما فيها (الاشباه والنظائر وشرحه للحموى ص۳۳۸ ج۲ ص۳۳۹ ج۲) فالعجب كل العجب بمن يجعل الامر الباطل الحرام الموجب سخط الخالق وجها شرعيًا لرد الدعوى والشهادة الحق ان حرمة المصاهرة ثابتة قطعًا يقينًا ومن قال خلاف ذالك فلا يصغىٰ اليه ولا يعبأ بما يقول۔

حرره المفتقر قمر الدين السيالوى

۲۹ رجب المرجب ۱۳۷۹ھ

**الجواب** ہمارے سابقہ فتویٰ کے بارے میں بعض علماء نے جو عربی میں رد تحریر فرمایا ہے وہ درست نہیں۔ کیونکہ اگر بالفرض گواہوں کو پنچائت کے رد کی بناء پر مردود الشہادۃ نہ بھی قرار دیا جائے تو بھی تقادم حادثہ کے سبب ان کی شہادت مردود ہوگی (جیسا کہ ہم اپنے سابقہ فتویٰ میں تحریر کر چکے ہیں) اس لئے کہ حرمت مصاہرت حقوق اللہ میں سے ہے (شامی ص۳۸۶ ج۴) اور تقادم حادثہ حقوق اللہ میں مسقط شہادت اور موجب تفسیق شہود ہے۔ خصوصاً جبکہ زوجین بدستور اکٹھے رہ رہے ہوں۔ اور شاہدین یہ سب کچھ دیکھنے کے باوجود عدالت میں پہنچ کر ان میں تفریق نہ کرائیں۔

کما صرح به غیر واحد۔ علامہ ابن نجیم بحر الرائق میں فرماتے ہیں۔

وانما قیدنا بحقوق العباد لما فی القنیة اجاب المشائخ فی شهود شهدوا بالحرمة المغلظة بعد ما اخروا شهادتهم خمسة ایام من غیر عذر انها لا تقبل ان کانوا عالمین بانهما یعیشان عیش الازدواج ثم نقل عن العلاء الحمانی والخطیب الانماطی و کمال الائمة البیاضی شهدوا بعد ستة اشهر باقرار الزوج بالطلقات الثلاث لا تقبل اذا کانوا عالمین بعیشهم عیش الازدواج وکثیر من المشائخ اجابوا کذلك فی جنس هذا وان کان تاخیرهم بعذر تقبل مات عن امرأة وورثته فشهد الشهود انه کان اقر بحرمتها حال صحته ولم یشهدوا بذلك حال حیاته لا تقبل اذا کانت هذه المرأة مع هذا الرجل وسکتوا لانهم فسقوا (البحر ص۶۳ ج۷)

۲۔ درمختار میں ہے۔ متی اخر شاهد الحسبة شهادة بلا عذر فسق فترد (درمختار علی حاشیۃ ابن عابدین ص۳۸۶ ج۴)

وجہ اس رد شہادت کی یہ ہے۔ کہ ممکن ہے کہ اب کسی دنیوی عداوت کے سبب مدعا علیہ کے خلاف گواہی دے رہے ہوں۔ ورنہ اتنی مدت تک تاخیر کی کیا وجہ۔ مخفی نہ رہے کہ بعض مقامات میں جو تقادم کو پندرہ سال وغیرہ سے محدود کیا گیا ہے یہ اس وقت

ہے کہ جب دعویٰ حقوق العباد کے بارے میں ہو۔جن میں سماعت شہادت کے لئے تقدم دعویٰ شرط ہے۔حقوق اللہ میں ایسا نہیں۔جیسا کہ بحر الرائق کی عبارت سے ظاہر ہے۔ اور دیگر کتب فقہ میں مصرح ہے۔نیز تنازعہ ہذا کا ایک دفعہ پنچائت میں پیش ہوجانا مانع تقادم نہیں۔جبکہ دوبارہ موصوف کے پاس پورے سال بھر کے بعد پیش کیا گیا۔ کیونکہ دونوں دعواجات کی درمیانی مدت ایک ماہ سے زائد ہے۔جس سے تقادم کو مقدر کیا گیا ہے۔

کما صرح بہ فی الشامی فی بحث الرابع عدم سماعہا حیث تحقق ترکہا ھذہ المدۃ فلو ادعی فی اثنائہا لا یمنع بل تسمع دعواہ ثانیا مالم یکن بین دعویٰ الاولی والثانیۃ ھذہ المدۃ (شامی ص۳۹۳ ج۴ بحث من الدعوی فی حقوق العباد خمس عشر سنۃ)

خواجہ قمر الدین صاحب نے تحلیف شہود کو جو امر ممتنع باطل اور اس پر عمل کرنے کو حرام قرار دیا ہے۔سوادلاً تو گزارش ہے کہ اگر یہ صحیح ہے۔تو موصوف نے پنچائت کے فیصلہ کی تصدیق کیسے کی۔حالانکہ وہاں بھی امتناع عن الحلف تھا رجوع نہ تھا۔عربی تحریر میں نکول مدعی اور شہود کا تذکرہ بھی غلط ہے۔نیز بعد میں جو فریقین تنازعہ موصوف کے پاس لے گئے ہیں۔تو خود موصوف اس حرام یعنی تحلیف شہود کے کیوں کر مرتکب ہو دئے۔اور کیا موصوف کے اس دانستہ ارتکاب حرام کے بعد متذکرہ فیصلہ پر تو کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ثانیاً یہ درست ہے کہ اصل مذہب میں تحلیف شہود نہیں۔جیسا کہ اصل کتب مذہب میں مسطور ہے۔البتہ تزکیۂ شہود کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔لیکن جب بوجہ غلبہ فسق تزکیہ متعذر ہوجائے تو بعض فقہاء نے تحلیف شہود کو اختیار فرمایا ہے۔جیسا کہ بحوالہ بحر سابقہ فتویٰ میں ہم لکھ چکے ہیں۔اور صاحب درمختار نے بھی اسے نقل کیا ہے اور فرمایا۔

اقرہ المصنف ثم نقل عنہ عن الصیرفیۃ تفویضہ للقاضی قلت فلا تنافیہ ما مر عن الاشباہ (ص۳۸۸ ج۴)

شامی میں سابقہ فتویٰ میں خود صاحب بحر کی طرف سے دونوں لفظوں میں

تحلیف بھی ذکر کی گئی تھی ۔تاکہ دوسری عبارات سے کسی کو دھوکہ نہ ہوکہ عدم تحلیف شہود ظہورِ عدالت کے وقت ہے اور تحلیف اس کے خفاء کے وقت ۔ تو اب جو عبارات تحلیف شہود کے عدم جواز پر پیش کی گئی ہیں وہ ہمارے خلاف نہیں ۔پس ہمارے زمانے میں اگر کوئی قاضی وغیرہ کسی مقدمہ میں تحلیف شہود کو ضروری سمجھے تو شاہدین کو قسم کھانا ضروری ہوگا اور انکارِ حلف کی صورت میں اگر قاضی کا غلبہ گمان یہ ہو کہ گواہ جھوٹے ہیں تو اسے گواہان مذکورکو رد کرنے کا بھی حق حاصل ہے ۔ تو پنچایت کی شہادت کو بوجہ انکارِ حلف رد کرنا درست متصور ہوگا ۔نیز موصوف نے جو عبارت اشباہ سے نقل کی ہے ۔اس کا مطلب یہ ہے کہ سلطان کے لئے تحلیف شہود کا قانون بنانا درست نہیں ۔کہ ہر گواہ سے قسم لینا ضروری ہو اور حاکم اس کا مکلف ہو ۔اور یہ مطلب نہیں کہ کسی خاص مقدمہ میں اگر کوئی قاضی حلف لینا ضروری سمجھے تو اس کی بھی اجازت نہیں

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | فقط واللہ اعلم |
| بندہ محمد عبد اللہ غفر اللہ لہٗ | بندہ عبد الستار عفی عنہ |
| | ۲۹ / ۸ / ۱۳۷۹ھ |

ھذا الجواب وما اشبہہ حق والحق احق ان یتبع وما عارض الحق الا صاحب الفساد فلا یکون علی قولہ الاعتماد ربنا لا تزغ قلوبنا بالتعنت والالحاد وانا الافقر الراجی الی رحمۃ ربہ الاحد۔

خیر محمد
مدیر المدرسہ خیر المدارس بملتان
۳۰ / ۸ / ۱۳۷۹ھ

# جمہور فقہاءِ امّت حرمتِ مصاہرہ کے قائل ہیں اور اس کے حوالہ جات

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے سگے بیٹے کی بیوی کے پستان خواہشاتِ نفسانی کے ساتھ کھینچے یعنی ملے۔ اور بیٹا خود اس عمل کو دیکھ کر اپنی بیوی کو گھر رکھ سکتا ہے یا نہیں۔ کیا معافی کی کوئی صورت ہے؟ اور باپ کے اوپر اس کا کیا اثر پڑے گا۔ عورت کے پانچ بچے ہیں۔ بڑے کی عمر سات سال ہے۔

**الجواب** یہ عورت اپنے خاوند پر حرام ہو چکی ہے۔ خاوند کو چاہیئے کہ یہ کہہ دے میں نے اس عورت کو چھوڑا۔ تاکہ بعد از عدت وہ دوسری جگہ نکاح کر سکے۔ ولا تذروها كالمعلقة كذا في عامة كتب الفقه۔ ہر چند دلائل لکھنا ضروری تو نہیں کیونکہ دلائل کو سمجھنا اور ان کے ضعف و قوت کو معلوم کرنا عام آدمی کا کام نہیں۔ لیکن چونکہ سوال کے متعلق کسی غیر مقلد کا فتویٰ بھی بھیجا گیا ہے۔ لہٰذا ہم فتویٰ کی قابل جواب عبارتوں پر مختصر سا تبصرہ کرتے ہیں۔

(۱) مجیب مذکور نے حرمتِ مصاہرہ کے مسئلہ کو کوفی شریعت قرار دیا ہے ان کا دعویٰ ہے کہ اس کوفی مذہب کا جمہور علماء اسلام نے انکار کیا ہے۔ ہم یہ بدگمانی تو نہیں کرتے کہ مجیب مذکور کو پتہ ہونے کے باوجود کہ یہ مذہب احناف کے علاوہ کس کس کا ہے۔ پھر بھی اس کو صرف حنفیہ کا مذہب قرار دیا ہے۔ بلکہ حسنِ ظن کی بنا پر یہی سمجھتے ہیں کہ مجیب مذکور کو چونکہ پتہ نہیں ہوگا۔ اس لئے اسے صرف حنفیہ کا مذہب کہا ہے۔ یہ بتانے سے قبل کہ جمہور امت میں سے حرمت مصاہرہ کا کون کون قائل ہے۔ یہ گزارش ضرور کریں گے۔ کہ اگر علمی معلومات اس درجہ کم ہوں تو شریعت کے ایسے اہم مسائل میں فتویٰ دینے اور بحث کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے۔

قال النبي صلى الله عليه وسلم اجرأكم على الفتيا اجرأكم على النار او كما قال۔

بہرحال یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ صحابہ کرام میں سے حضرت عمرؓ، ابن مسعودؓ، ابن عباسؓ، عمران بن حصینؓ، جابرؓ، اُبیؓ، عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کا یہی مسلک ہے۔

جمہور تابعین مثلاً حسن بصری، شعبی، نخعی، اوزاعی، طاؤس، مجاہد، سعید بن المسیب، سلیمان بن یسار، حماد، ثوری، اسحٰق بن راہویہ رحمہم اللہ تعالیٰ بھی اسی کے قائل ہیں۔ ائمہ اربعہ میں سے امام مالکؒ کی ایک روایت اور امام احمدؒ کا بھی یہی مذہب ہے۔

مجیب مذکور کو ان اسمائے گرامی سے اندازہ ہو جائے گا کہ جمہور فقہاء کس مسلک کے پیروکار تھے۔

(۲) مجیب مذکور فرماتے ہیں کہ شریعت محمدیہ میں ان مسائل کا نام و نشان ہی نہیں ہے اور ان پر کوئی دلیل موجود نہیں۔ یہ لکھنے کے بعد کہ یہ مسلک اتنے جلیل القدر صحابہ و تابعین اور ائمہ کا ہے۔ کسی دلیل کی حاجت تو نہیں رہتی مگر پھر بھی فاضل مجیب کی علمیت میں اضافہ کرنے کے لئے چند دلائل لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ قولہ تعالیٰ ولا تنکحوا ما نکح اٰباءکم الآیۃ نکاح کا حقیقی معنی وطی ہے۔ یعنی جن عورتوں سے تمہارے آباء نے وطی کی ہے۔ تم ان سے وطی نہ کرو۔ حاصل یہ ہے کہ باپ کی موطوءہ بیٹے کے لئے حرام ہے۔ باپ نے وطی حلال کی ہو یا حرام۔ کیونکہ اصل سبب حرمت وطی ہے نہ کہ نکاح۔ نکاح صحیح میں جو حرمت ثابت ہوتی ہے اس کا سبب بھی وطی ہے نہ کہ نفس نکاح۔ اور اثبات حرمت کے لئے وطی کو مقید بحلال کرنا زیادۃ علی الکتاب ہے۔

۲۔ حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! میں نے جاہلیت میں ایک عورت سے زنا کیا تھا۔ کیا میں اس عورت کی لڑکی سے نکاح کر سکتا ہوں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ میں اس کو جائز نہیں سمجھتا (فتح ص ۱۱۹ ج ۳)

۳۔ عن ابن جریج ان النبی علیہ السلام قال فی الذی یتزوج المرأۃ فیغمز ولا یزید علی ذلک لا یتزوج ابنتہا۔ اھ

۴۔ روی الجوزجانی باسنادہ عن وھب بن منبہ قال ملعون من نظر الی فرج امرأۃ وابنتہا۔ اھ

۵۔ اخرج ابن ابی شیبۃ مرفوعا من حدیث ام ھانی من نظر الی فرج امرأۃ لم تحل لہ امہا ولا ابنتہا اھ

۶۔ اخرج ابن ابی شیبۃ بسندہ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ ھکذا اھ

۷۔ بیہقی نے یہی روایت حجاج بن ارطاۃ کے واسطہ سے ام ہانی سے نقل کی ہے۔

اور حجاج مسلم کے رواۃ میں سے ہیں مزید احادیث و آثار کتب میں موجود ہیں۔ ہم خوف طوالت کی وجہ سے اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔ تعجب ہے کہ فاضل مجیب نے اتنے دلائل کے ہوتے ہوئے کیسے کہہ دیا کہ اس پر کوئی دلیل نہیں۔ مسلک کے خلاف دلائل کا نقل نہ کرنا تو ایک بات بھی ہے گو انصاف کے خلاف ہے۔ مگر فریق مخالف کے دلائل کا سرے سے انکار ہی کر دینا یہ جرأت تو فاضل مجیب میں ہی دیکھی ہے۔

(۳) فاضل مجیب نے جن دلائل کی بنا پر فتویٰ دیا ہے۔ اب ذرا ان کی حقیقت بھی ملاحظہ ہو۔ سب سے پہلے حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما نقل کی ہے۔ اس کی سند میں اسحٰق بن ابی فروہ موجود ہے اور وہ متروک الحدیث ہے۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث نقل کی ہے۔ اس کے بارے میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ یہ حدیث ہی نہیں۔ بلکہ عراق کے کسی قاضی کا کلام ہے۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے واسطہ سے جو روایت نقل کی جاتی ہے۔ اس میں عثمان بن عبد الرحمٰن وقاصی موجود ہے۔ اس کے بارے میں یحییٰ ابن معین فرماتے ہیں کہ وہ کذاب ہے۔ امام بخاری، امام ابوداؤد، اور امام نسائی رحمۃ اللہ علیہم فرماتے ہیں۔ ھو لیس بشئ۔

فاضل مجیب نے جن دلائل کی بنا پر اتنا طویل و عریض فتویٰ لکھا ہے۔ ان میں سے سند کے اعتبار سے کوئی بھی صحیح نہیں۔ اب بتائیں کہ دلائل ان کے پاس نہیں ہیں یا احناف کے پاس۔

**الحاصل** مذکورہ عورت اپنے خاوند پر حرام ہو چکی ہے۔ اس پر عمل کرنا ضروری ہے جبکہ مس بلا حائل ہوا ہو اور انزال بھی نہ ہوا ہو۔ اس غلط فتویٰ سے وہ عورت اس کے لئے حلال نہیں ہو سکتی۔ فتویٰ میں جواب کم اور احناف پر اعتراضات زیادہ کئے گئے ہیں۔ ہم ایسی باتوں کو فتویٰ اور عالمانہ شان کے منافی سمجھتے ہوئے ان کے جواب سے گریز کرتے ہیں۔

ع۔ گفتگو آئین درویشی نبود۔ ورنہ با تو ماجراہا داشتیم۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح | محمد انور عفا اللہ عنہ

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ ۔ ۷/ ۱۲/ ۱۳۹۸ھ

## حرمتِ مصاہرہ میں گواہ نہ ہوں تو خاوند کا تصدیق کرنا ضروری ہے۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین متین اس بارے میں۔ کہ ایک عورت ہندہ مسمی زید کی منکوحہ مدخولہ ہے۔ اس کے بطن سے دو بچے بھی پیدا ہوئے ہیں۔ جو کہ بقید حیات ہیں۔ زید کے والد حقیقی نے ہندہ (اپنی بہو) کے ساتھ زنا بالجبر کیا۔ خدا اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق آیا ہندہ زید کے حق میں رہ سکتی ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔ اس واقعہ میں زید اپنی بیوی کی تصدیق کرتا ہے۔ اور اس کا غالب گمان یہ ہے کہ میرے باپ نے یہ فعل بد کیا ہے۔

اللہ بچایا ولد حاجی ملک وزیر احمد

**الجواب** برتقدیر صحت واقعہ صورت مسئولہ میں مسمات ہندہ مسمی زید پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی ہے۔

قال فی الفتح وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها ويقع فی اكبر رأيه صدقها وعلى هذا ينبغی أن يقال فی مسه اياها لاتحرم على ابيه وابنه الا أن يصدقاه او يغلب على ظنهما صدقه ثم رأيت عن ابی يوسف مايفيد ذلك اهـ (ص ۲۸۰ ج ۲ شامی)

زید کو چاہیے کہ وہ ہندہ کو فوراً علیحدہ بھی کر دے اور اسے کہہ دے کہ میں نے ہندہ کو چھوڑ دیا (طلاق دی) اس کے بعد ہندہ عدت گزار کر دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔

درمختار میں ہے۔ وبحرمة المصاهرة لايرتفع النكاح حتى لايحل لها التزوج بآخر الابعد المتاركة وانقضاء العدة (ص ۲۸۳ ج ۲ شامیہ)

| | |
|---|---|
| فقط واللہ اعلم | الجواب صحیح |
| بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ | بندہ عبد الستار عفی عنہ |
| ۱۶ / ۷ / ۱۴۰۱ھ | خیر المدارس ملتان |

# رضاعت کے مسائل

## بیوی کی رضاعی ماں سے نکاح کرلیا جائے تو دونوں حرام ہوگئیں دونوں کو چھوڑنا ضروری ہے

مسماۃ پیراں مائی میری سرپرستی میں ہے میری ماموں زاد بہن بھی ہے اب وہ جوان ہے۔ متوفی والد مسماۃ مذکورہ نے اپنے پیچھے دو بیوگان کو چھوڑا ہے متوفی نے مذکورہ کا نکاح بوقت نابالغی باز محمد سے پڑھ دیا۔ نکاح کے رجسٹر میں اس لڑکی کا انگوٹھا رضامندی کا ابھی تک نہیں لگا ہے۔ مسمّی باز محمد نے اس لڑکی کی رضاعی ماں سے شادی کرلی ہے۔ مذکورہ اپنی ماں کا دودھ بھی پی چکی ہے۔ تو مذکورہ لڑکی مسمیٰ باز محمد کے نکاح میں رہی ہے یا نہیں۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں پیراں جو کہ اپنی سوتیلی ماں کی رضاعی بیٹی ہے کا نکاح چونکہ اس کے باپ نے حالت نابالغی میں کردیا تھا اس لئے نکاح صحیح ہوا اور دوسرا نکاح جو کہ باز محمد نے اس کی سوتیلی ماں جو کہ اس لڑکی مذکورہ کی رضاعی ماں بھی ہے سے کیا صحیح نہیں ہوگا، کیونکہ رضاعی ماں اور رضاعی لڑکی کو ایک نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں۔ (والدلیل علیہ قول العالمگیریۃ ص ۴)

والاصل ان کل امرأتین لو صورنا احداھما من ایّ جانب ذکراً لم یجز النکاح بینھما برضاع او نسب ۔۔۔۔ اور جن دو کو جمع کرنا جائز نہیں انہیں سے جس سے بعد میں نکاح کیا ہوا سی سے نکاح فاسد ہوتا ہے۔ والدلیل علیہ وان تزوجھما فی عقدتین فنکاح الاخیرۃ فاسدۃ۔

نوٹ: باز محمد پر لازم ہے کہ دوسری بیوی کو علیحدہ کردے اور اس عورت پر عدت لازم ہے اور نسب اسی خاوند سے ثابت ہوگا اور عورت کے لئے مہر مقررہ اور مہر مثل میں سے جو اقل ہو وہ دینا پڑے گا۔ بشرطیکہ باز محمد دوسری عورت سے دخول کرچکا ہو۔ والدلیل علیہ قول العالمگیریۃ وان فارقھا بعد الدخول فلھا المھر ویجب الاقل من المسمٰی ومن المھر المثل وعلیھا العدۃ ویثبت النسب۔ (نوٹ) صورت مسئولہ میں پہلی بیوی بھی حرام ہوگئی، حرمت مصاہرہ ثابت ہونے کی وجہ سے کیونکہ جب اس نے اس کی رضاعی ماں سے جماع کرلیا تو اب اس کی پہلی بیوی حرام ہوگئی۔ لہٰذا جس طرح دوسری بیوی کو چھوڑنا لازم ہے پہلی کو بھی چھوڑنا لازم ہے حرمت مصاہرہ کے لئے فسخ یا طلاق کی ضرورت ہوتی ہے، اسی لئے خاوند کو مجبور کیا جائے گا کہ وہ طلاق دے، ورنہ عدالت سے فسخ کرالیا جائے ۔۔۔۔ فقط واللہ اعلم بندہ محمد عبداللہ

# رضاعت میں نفی کی گواہی قبول نہیں۔

زوجہ نے شہادت میں رضاع بین المتناکحین کو ثابت کیا اور زوج نفی رضاع پر شہادت پیش کرے تو کیا یہ شہادت شرعاً صحیح ومقبول ہے۔؟

**الجواب** شہادت نفی غیر معلوم بالتواتر پر مقبول نہیں۔ شامی باب الیمین فی البیع میں ہے۔

(قولہ لو تقبل الخ) حاصلہ ان لا یفصل فی النفی بین ان یحیط بہ علم الشاھد فتقبل الشہادۃ والا فلا بل لا تقبل علی النفی مطلقاً۔

الجواب صحیح، سراج محمد | حررہ عبدالواحد خانپوری

صورت مسئولہ میں اگر رضاع پر دو گواہ مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں عادل ہیں تو رضاع ثابت ہو جائے گی اور نفی رضاع پر گواہی معتبر نہیں۔ والجواب صحیح

بندہ محمد عبداللہ غفراللہ لہٗ

# سفید پانی سے بھی رضاعت ثابت ہو جائے گی

بڑی بہن اور چھوٹا بھائی ممتاز اکٹھے سوئے تھے جبکہ بڑی بہن کی لڑکی عرصہ تقریباً دو ماہ سے فوت ہو چکی ہے تو ممتاز نے اپنی بڑی بہن کے پستانوں کو چوسا جبکہ اس کی بڑی بہن کا بیان ہے میرا دودھ خشک ہو چکا تھا سفید پانی آتا تھا مسمی ممتاز احمد کی عمر تقریباً دو سال تھی۔ کیا مسمی ممتاز احمد کی رضاعت ثابت ہوتی ہے یا نہیں، اگر ہوتی ہے تو کیا ممتاز احمد کی لڑکی ناصرہ اس کی بڑی بہن کے لڑکے طارق کا آپس میں نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں، وضاحت فرمائیں۔

**الجواب** مسماۃ ناصرہ اور طارق کا آپس میں نکاح نہ کیا جائے۔ یہ سفید پانی درحقیقت دودھ ہے جو کسی وجہ سے متغیر ہو گیا ہے لہٰذا یہ رشتہ نہیں ہو سکتا۔ لقولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب الحدیث، فقط واللہ اعلم، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ۔

اگر ممتاز نے دودھ ۲½ سال کے اندر پیا ہے تب تحریم ثابت ہوگی۔

فی الجوھرۃ انہ فی الحولین ونصف ولو بعد الفطام محرم وعلیہ الفتوی۔ (درمختار علی الشامیہ ص ۲۲۷ ج ۲)

والجواب صحیح۔ بندہ عبدالستار عفی عنہ

## رضیعہ کا نکاح رضاعی باپ کی دُوسری بیوی کی اُولاد سے بھی درست نہیں

ہندہ، خالدہ کی رضیعہ ہے، خالدہ کے خاوند کی دُوسری بیوی زینب ہے، کیا ہندہ کا نکاح خالدہ کے خاوند کی دوسری بیوی زینب کی اُولاد سے ہوسکتا ہے۔

**الجواب** ہندہ کا نکاح خالدہ کے خاوند کی دُوسری بیوی زینب کی اولاد سے بھی جائز نہیں۔

یحرم علی الرضیع أبواہ من الرضاع وأصولھما وفروعھما من النسب والرضاع جمیعا حتی ان المرضعۃ لو ولدت من ھذا الرجل أو غیرہ قبل ھذا الارضاع أو ارضعت امرأۃ من لبنہ رضیعا فالکل اخوۃ الرضیع وأخواتہ وأولادھم أولاد اخوتہ وأخواتہ الخ۔ (عالمگیری ص۳۴۳ ج۱)

الجواب صحیح
بندہ خیر محمد عفا اللہ عنہ

فقط واللہ تعالیٰ أعلم
بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ
۶/۲/۱۳۸۷ھ

## رضاعت کے عادل گواہ موجود ہوں تو غیر مدخولہ ہونے کی صورت میں فسخ قاضی کی کوئی ضرورت نہیں

غیر شادی شدہ (غیر مدخولہ) عورت کے ہاں دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت رضاعت گزری جس پر اس نے اپنا نکاح فسخ کرکے بذریعہ درخواست مجسٹریٹ سے تفریق کی طالب ہوئی جس نے گواہ نفی رضاعت مقدم رکھ کر فیصلہ عدم رضاع دیا۔ کیا شرعاً نکاح رہا یا نہ؟

**الجواب** بوجہ غیر مدخولہ ہونے کے تفرق ابدان سے نکاح فسخ ہوگیا۔ قضاءِ قاضی کی یہاں ضرورت نہیں کیونکہ رضاعت سے نکاح فاسد ہوا جس میں غیر مدخولہ کے فسخ نکاح کے لئے تفریق ابدان کافی ہے اور مدخولہ کے لئے قضاءً قاضی ضروری ہے جبکہ زوج متارکہ نہ کرے، فیصلہ قانونی برخلاف فتویٰ شرعیہ ہونے کے کالعدم ہے مگر دفع جرم قانونی ازدواج مکرر سے بچنے کے لئے تجدید نکاح کی اجازت لینا ضروری ہے۔ شامی ص۵۶۹ ج۲ میں ہے:۔

قولہ وحجتہا حجۃ المال وھی شھادۃ عدلین او عدل وعدلتین لکن لا تقع الفرقۃ الا بتفریق القاضی لتضمنہا حق العبد الخ الحاصل ان المذھب عندنا ان النکاح لا یرتفع بحرمۃ الرضاع والمصاھرۃ بل یفسد وفی الفاسد لا بد من تفریق القاضی او المتارکۃ بالقول واللہ اعلم ——— (از دار الافتاء سراج العلوم خان پور)

اگر رضاعت کا ثبوت عینی شہادت سے ہو جاوے اور شہادت میں تمام شرائط ملحوظ ہوں تو ثابت ہوا کہ عورت نکاح کے وقت محرّمات میں سے تھی اور نکاح محارم باطل ہے کما ھو قولھما و ھو المفتی به تو تفریق کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور اگر اس نکاح کو فاسد بھی کہا جائے۔ کما ھو قول الامام تو بھی علیٰ وفق جواب المجیب، عورت مذکورہ کو فسخ نکاح اوّل اور تجدید نکاح کا اختیار حاصل ہے —

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | واللہ اعلم |
| محمد عبداللہ غفرلہٗ | محمود عفا اللہ عنہٗ |
| مفتی خیر المدارس ملتان | مفتی قاسم العلوم ملتان |

## تین سال کی عمر میں دودھ پینے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ ایک لڑکے نے کچھ دن اپنی نانی کا دودھ پیا اس وقت لڑکے کی عمر تین سال تھی اور اسکے ساتھ اسکی خالہ نے بھی دودھ پیا جس کی عمر ۵ یا ٦ دن تھی اس لڑکے کا نکاح بڑی خالہ کی لڑکی سے ہو سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں دودھ پینے والے لڑکے کا نکاح خالہ کی لڑکی سے شرعاً درست ہے کیونکہ تین سال کی عمر میں رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔

فی وقت مخصوص ھو حولان و نصف عندہ وحولان فقط عندھما وھو الاصح، فتح: وبه یفتی کما فی تصحیح القدوری عن العون (درمختار علی الشامیة ص ۴۴۷ ج ۲) فقط واللہ اعلم۔

محمد انور

## رشتہ نہ ملنے کی وجہ سے رضاعت کی گواہی دینا

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ میں اپنے لڑکے کا نکاح اپنی بھانجی سے کرنا چاہتا ہوں ایک شخص کچھ دنوں سے یہ کہہ رہا ہے کہ اس لڑکے اور لڑکی نے اپنی نانی کا دودھ پیا تھا۔ اس بات کا قائل شخص مذکور کے علاوہ اور کوئی نہیں اور ان بچوں کی نانی بھی فوت

ہو گئی ہے اس شخص نے یہ باتیں اسوقت کہنی شروع کیں جب اس کو یہ رشتہ مانگنے پر نہ ملا۔ آیا اس ایک شخص کے کہنے سے حرمت ثابت ہو گی یا نہ ؟

**الجواب** برتقدیر صحت واقعہ اگر آپ کے لڑکے اور بھانجی نے نانی کا دودھ نہیں پیا تو ان کا عقدِ نکاح شرعاً درست ہے محض ایک آدمی کے کہنے سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔ والرضاع حجتہ حجۃ المال وھی شھادۃ عدلین او عدل وعدلتین (درمختار علی الشامیۃ ص۴۴۸ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم ،

محمد انور

## مزنیہ کی رضیعہ سے نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین دریں مسئلہ کہ زید کے ہندہ سے ناجائز تعلقات تھے خالدہ نے ہندہ کا دودھ پیا تھا تو کیا زید ہندہ کی رضیعہ خالدہ سے نکاح کر سکتا ہے؟

**الجواب** زانی مزنیہ کی رضاعی اولاد سے نکاح نہیں کر سکتا کیونکہ مزنیہ عورت زانی کے اصول وفروع پر خواہ وہ نسبی ہوں خواہ رضاعی حرام ہے اسی طرح مزنیہ کے اصول وفروع خواہ نسبی ہوں یا رضاعی زانی پر حرام ہیں لہٰذا زید خالدہ سے نکاح نہیں کر سکتا۔ أراد بحرمة المصاهرة الحرمات الاربع حرمة المرأة على أصول الزاني وفروعه نسباً ورضاعاً وحرمة أصولها وفروعها على الزاني نسباً ورضاعاً كما في الوطء الحلال۔ (بحر الرائق ص۱۰۸ ج۳ فصل فی المحرمات)

فقط واللہ اعلم ،

محمد انور
مفتی خیر المدارس۔ ملتان

## سوئے ہوئے بچے کے منہ میں پستان دے دیا تو حرمۃ کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین دریں مسئلہ کہ ایک بچہ نیند کی حالت میں سویا ہوا تھا

کہ ایک عورت نے اسی حالت میں پستان اس کے منہ میں دے دیا بچے کی طرف سے دُودھ چوسنے کے بارے میں کوئی حرکت نہیں ہوئی بچہ بدستور سویا رہا پستان منہ سے نکالنے کے بعد بھی بچہ سویا ہوا تھا۔ تو کیا اس سے حرمت رضاعت ثابت ہوگی؟

**الجواب:** حرمتِ رضاعت اسوقت تک ثابت نہیں ہوتی جب تک قطعی طور پر دودھ کے حلق تک پہنچنے کا یقین نہ ہوجائے۔

فلو التقم الحلمة ولم يدر أدخل اللبن فی حلقه أم لا لم يحرم لان فی المانع شكا (الدر المختار ص۴۳۹ ج۲)

لو أدخلت الحلمة فی فی الصبی وشكت فی الارتضاع لا تثبت الحرمة بالشك۔ (رد المحتار ص۴۳۹ ج۲) فقط واللہ اعلم، محمد انور

۱۴۰۶/۲/۱۱

---

## دُودھ پینے کے بعد قے کردی تو بھی رضاعت ثابت ہوجائے گی

کیا فرماتے ہیں علماء دین دریں مسئلہ کہ میری والدہ نے میری پھوپھی زاد بہن کو دو مرتبہ دُودھ پلایا اور اس نے قے کردی اب میرے والدین اس لڑکی سے میرا نکاح کرنا چاہتے ہیں، جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** برتقدیر صحت واقعہ جس بچی نے آپکی والدہ کا دودھ پیا ہے اس سے آپ کا نکاح نہیں ہوسکتا کیونکہ دُودھ پینے کی وجہ سے وہ لڑکی آپ کی رضاعی بہن ہے اور رضاعی بہن سے شرعاً نکاح درست نہیں قے کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا بشرطیکہ یہ دودھ پینا مدتِ رضاعت میں ہوا ہو۔

ويثبت به وان قل ان علم وصوله لجوفه من فمه أو أنفه (رد المحتار علی الشامیة ص۴۳۹ ج۲)

فقط واللہ اعلم۔

محمد انور ۵/۱۲/۱۴۱۲ھ

## ناک کان میں دُودھ ڈالنے سے رضاعت کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دریں مسئلہ کہ کسی مرض کی وجہ سے عورت کا دودھ بچے کے کان : ناک : آنکھ میں ڈالا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اگر استعمال کر لیا تو ایسا کرنے سے رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں ؟

**الجواب** بغیر کسی عُذر کے عورت کا دودھ استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ البتہ بطور دواء اسوقت استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جب مسلمان حاذق حکیم تجویز کرے کہ اس کے علاوہ کوئی دواء کارگر نہ ہوگی۔

والانتفاع به لغیر ضرورة حرام علی الصحیح (درمختار) ص ۴۳۸ ج ۲

وفی الشامیة وقیل یرخص اذ علم فیه الشفاء ولم یعلم دواء آخر کما رخص الخمر للعطشان وعلیه الفتوی۔ ص ۴۳۸ ج ۲

اگر مدتِ رضاعت میں منہ اور ناک کے ذریعے دودھ استعمال کیا تو رضاعت ثابت ہو جائے گی۔ مگر کان کے ذریعے استعمال کرنے سے رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔

ویثبت به وان قل ان علم وصوله لجوفه من فمه أو أنفه لا غیر۔ (درمختار باب الرضاع) (ص ۴۳۹ ج ۲)

ثم أجاب بان المراد بالمص الوصول الی الجوف من المنفذین

(شامی ص ۴۳۷ ج ۲)

ولا الاحتقان والاقطار فی أذن واحلیل وجائفة وآمة

(درمختار ص ۴۴۴ ج ۲ علی الشامیة باب الرضاع) فقط واللہ اعلم۔

محمد انور

## حُرمت کے لئے وقتِ رضاعت ایک ہونا ضروری نہیں

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ کیا حُرمتِ رضاعت کے لئے ضروری ہے کہ لڑکی اور لڑکے نے اکٹھے دُودھ پیا ہو اگر لڑکی نے بیس سال پہلے اور لڑکے نے بیس سال بعد

دُودھ پیا ہو تو کیا حرمتِ رضاعت پھر بھی ثابت ہو گی ؟

**الجواب** جب دو بچوں نے ایک عورت کا دُودھ پیا ہے تو ان میں حرمتِ رضاعت ثابت ہو گئی تقدیم و تاخیر کا اعتبار نہیں ۔

ولا فرق فی التحریم بین الرضاع الطارئ والمتقدم کذا فی المحیط (عالمگیری ص ۳۴۵ ج ۱)

قولہ وان اختلف الزمن کأن أرضعت الولد الثانی بعد الاول بعشرین سنۃ مثلاً وکان کل منہما فی مدۃ الرضاع

(شامی ص ۴۴۳ ج ۲) فقط واللہ اعلم ،

محمد انور ، ۱۱ / ۲ / ۱۴۰۷ھ

## مُردہ عورت کا دُودھ پینے سے بھی رضاعت ثابت ہو جائے گی

کیا فرماتے ہیں عُلمائے دین دریں مسئلہ کہ ایک بچی کو مردہ عورت کا دودھ پلا دیا جائے تو کیا اس سے حرمت رضاعت ثابت ہو جائے گی ۔ بدلیل جواب دیں ۔

بینوا بیانا شافیا توجروا اجرا وافیا ، المستفتی ، محمد ارشاد جھنگوی

**الجواب** بر تقدیر صحتِ واقعہ صُورتِ مسئولہ میں جس بچی نے مُردہ عورت کا دودھ پیا ہے اُس کی حرمتِ رضاعت ثابت ہو گئی ۔

ولبن الحیۃ والمیتۃ سواء فی التحریم کذا فی الظہیریۃ ۔

(عالمگیری ص ۳۴۴ ج ۱ مطبوعہ رشیدیہ کوئٹہ)

واذا حلب لبن المرأۃ بعد موتہا فاوجر الصبی تعلق بہ التحریم

(ہدایہ ص ۳۳۲ ج ۲) فقط واللہ اعلم ۔

محمد انور ۲۷ / ۱۲ / ۱۴۱۷ھ

## از خود دودھ اُتر آئے تو حُرمت صرف مرضعہ سے ثابت ہوگی

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ اصغر نے کبریٰ سے نکاح کیا ایک عرصہ تک کوئی اولاد نہ ہوئی بدون اولاد ہی کبریٰ کو دودھ اُتر آیا اور اس نے وہ دودھ ایک بچی کو پلایا۔ کیا مذکورہ بچی کا نکاح اصغر کے اس لڑکے سے ہو سکتا ہے جو پہلی بیوی سے ہے۔

**الجواب** بدون ولادت دودھ اُتر آئے تو حرمت کا تعلق صرف مرضعہ سے ہوگا لہٰذا اس لڑکی کا نکاح خاوند کی پہلی بیوی کے لڑکے کے ساتھ جائز ہے۔

رجل تزوج امرأة ولم تلد منه قط ثم نزل لها لبن فارضعت صبیا کان الرضاع من المرأة دون زوجها۔ (عالمگیری ص ۳۴۳ ج ۱)

فقط واللہ اعلم ، بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

۲/۹/۱۱ ۱۴ھ

## بیوی کا دُودھ پینے سے بیوی حرام نہیں ہوئی

کوئی خاوند جوشِ محبت میں اپنی بیوی کی چھاتیوں کو چوسنے لگے۔ اور اس وجہ سے ان سے دُودھ نکل کر خاوند کے منہ میں چلا جائے تو اس کے بارے میں اسلام کیا کہتا ہے۔ کیا اس شخص کا نکاح ٹھیک رہے گا یا نہیں۔ برائے مہربانی اس مسئلے کے بارے میں جلد از جلد لکھیں۔

**الجواب** بیوی کا دودھ پی لینے سے نکاح نہیں ٹوٹتا۔ اور بیوی حرام نہیں ہوتی۔ البتہ دانستہ بیوی کا دودھ پینا حرام ہے اور دودھ آنے کا اندیشہ ہو تو چوسنے سے بھی پرہیز کی جائے جو ہو چکا اس کے لئے استغفار کیا جاوے۔

مص رجل ثدی زوجته لم تحرم۔ (درمختار ص ۴۴۹ ج ۲)

الجواب صحیح، فقط واللہ اعلم،

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، محمد انور ۸/۱۰/۱۴۰۱ھ

## رضیعہ کا نکاح مرضعہ کے پوتے کے ساتھ

مسماۃ ساجدہ دختر غلام رسول نے سرور خاتون زوجہ اللہ بخش کا دودھ پیا ہے جبکہ اسوقت ساجدہ کی عمر ایک سال ہوگی سرور خاتون کا لڑکا اسلم اور مسماۃ ساجدہ دونوں نے ملکر مسماۃ سرور کا دودھ پیا ہے اب سرور خاتون مسماۃ ساجدہ کا رشتہ اپنے پوتے ارشد بن رضا حسین کے لئے مانگ رہی ہے کیا مسماۃ ساجدہ کا نکاح ارشد کے ہمراہ جائز ہے یا نہیں۔ طارق، محلہ قدیر آباد۔ ملتان

**الجواب** درمختار علی الشامیہ ص۴۲۹ج۲ میں ہے۔ و یثبت ابوۃ زوج مرضعۃ ... به امومیۃ المرضعۃ للرضیع الی قوله فیحرم منه ای بسببه ما یحرم من النسب۔

روایت بالا سے معلوم ہوا کہ مسماۃ ساجدہ کا عقد نکاح مسمی ارشد بن رضا حسین سے شرعاً درست نہیں ہے رشتہ میں ارشد مذکور مسماۃ ساجدہ کا رضاعی بھتیجا ہے جس سے عقد نکاح درست نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم، بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ

الجواب صحیح، بندہ عبد الستار عفی عنہ ۱۱/۵/۱۴۱۵ھ

## رضاعی ماموں اور بھانجی کا نکاح درست نہیں

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام دریں مسئلہ کہ ایک عورت شرمن نامی کی ایک بہن حمیدہ ہے اور شرمن کا ایک بیٹا عبد الحمید ہے۔ ان دونوں نے شرمن کا دودھ پیا ہے۔ اب حمیدہ کی بھی شادی ہوگئی ہے۔ اور لڑکی پیدا ہوگئی ہے اور شرمن کی دوسری جگہ شادی ہوگئی ہے اور لڑکا پیدا ہوا ہے۔ اب شرمن کے دوسرے گھر والے لڑکے سے حمیدہ کی لڑکی کی شادی ہوسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب** صورت مذکورہ میں شرمن کے دوسرے گھر والے لڑکے سے حمیدہ کی لڑکی کا نکاح جائز نہیں ہے کیونکہ ان دونوں کے درمیان بھانجی اور

ماموں کا رشتہ ہے۔ ولاحل بین الرضیعة وولد مرضعتها أي التي أرضعتها وولد ولدها لأنه ولد الأخ " درمختار ص۲۱۳ "

فتاویٰ دار العلوم دیوبند ص ۲۲۸/ ج ۸ ) فقط واللہ اعلم ،

بندہ محمد اسحاق غفرلہ،

## رضاعت کے لئے کس طرح کی گواہی ضروری ہے

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں صورت حال یہ ہے کہ اکرم کی شادی ہوئی ہاجرہ سے جس کو تقریباً پندرہ سال ہو گئے ہیں۔ ایک بچہ بھی اسوقت موجود ہے۔ دوسرا بچہ فوت ہو چکا ہے کندن ایک بوڑھی عورت ہے۔ جو کہ اکرم کی نانی اور ہاجرہ کی دادی ہے کہتی ہے کہ میں نے اکرم کو اکرم کے بچپن میں اپنی چھاتی پر لگایا ہے لیکن دودھ نہیں پلایا اور میں اس بارے میں قرآن اٹھانے کے لئے تیار ہوں۔ کیونکہ اسوقت میرا سب سے چھوٹا بچہ کئی سال کا تھا اور میرے پستانوں میں دودھ خشک ہو چکا تھا۔

لیکن ہاجرہ کے گھر والے کندن کے اس قول کی آڑ میں (کہ میں نے چھاتی پر لگایا) اپنا مقصد (ہاجرہ کو چھڑانا) پورا کرنا چاہتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہم زنا کروانا نہیں چاہتے آپ فرمائیں کہ کیا محض بچہ کو چھاتی پر لگانے سے حرمت ثابت ہو جاتی ہے؟

**الجواب** اوّل تو محض عورتوں کی گواہی سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی پھر وہ بھی دودھ پلانے کی نفی کرتی ہے لہذا اس کو بنیاد بنا کر کوئی فیصلہ کرنا درست نہیں ہاں اس کے علاوہ کوئی ثبوت ہو تو ذکر کریں۔

والرضاع حجته حجة المال وهي شهادة عدلين أو عدل وعدلتين اھ (درمختار علی الشامیة ص ۴۳۸/ ج ۲) ، فقط واللہ اعلم ،

الجواب صحیح ، محمد انور

بندہ عبد الستار عفی عنہ، غرۃ رجب ۱۴۱۵ھ

## مرضعہ حالتِ نیند میں دُودھ پلادے تو رضاعت کا حکم

گزارش ہے ناصرہ کی والدہ اپنی بچی ناصرہ کے ساتھ سوئی ہوئی تھی ساتھ ہی اس کا بھتیجا سویا ہوا تھا اچانک وہ رونے لگا تو ناصرہ کی والدہ نے اس بھتیجے کو دُودھ پلا دیا نیند کی حالت میں، اور اسی حالت میں سوئی رہی نہ معلوم بچّہ نے کتنا دودھ پیا، کتنی دیر پیا کہ اس عورت کی بھابی یعنی لڑکے کی والدہ نے اس کو آکر جگایا۔ اب ناصرہ اور اس لڑکے کی شادی ہو رہی ہے کیا نکاح کرنا مذکورہ صورت میں جائز ہوگا؟ نیز اہلِ محلہ کے لئے اس بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا شرکت کریں یا کہ شرکت نہ کریں۔ والسلام،

قاری محمد عرفان

اقرأ مسجد محبوب آباد ملتان شہر

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں ناصرہ مذکورہ لڑکے کی رضاعی بہن ہے لہٰذا شرعاً ان کا آپس میں نکاح جائز نہیں اگر کریں گے تو جائز نہ ہوگا اور بدکاری کے مرتکب گردانے جائیں گے اہلِ محلہ کو چاہیئے کہ ان کی شادی میں شرکت نہ کریں۔

کما فی الھندیۃ یحرم علی الرضیع أبواہ من الرضاع وأصولھما وفروعھما من النسب والرضاع جمیعاً (ص ۳۴۳ ج ۱) فقط واللہ أعلم،

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ محمد انور

## رضاعت کی شہادت میں تناقض کا حکم

زید اور خالدہ کا آپس میں رشتہ ہو رہا ہے۔ عبدالغفور گواہی دیتا ہے۔ کہ زید اور خالدہ آپس میں رضاعی بہن بھائی ہیں۔ جبکہ یہی عبدالغفور پہلے اس رشتہ کا حامی تھا اور جو لوگ رضاعت کا دعویٰ کرتے تھے ان کی تردید کرتا تھا۔ ویسے عبدالغفور کے علاوہ ایک عورت اور ایک مرد بھی گواہ ہیں۔ (سائل: زین العابدین کرنالوی)

**الجواب** قاضی خان کے مطابق مسئلہ رضاع میں قبل النکاح ایک عادل معتمد شخص کی گواہی قابلِ قبول ہے اور نکاح کی شرعاً اجازت نہیں۔

لکن فی محرمات الخانیۃ ان کان قبلہ ای النکاح والمخبر عدلٌ ثقۃ لا یجوز النکاح (ص۲۱۳ ج۲)

صورتِ مسئولہ میں دو مردوں اور ایک عورت کی گواہی موجود ہے مسمی عبدالغفور کی شہادت شرعاً قابلِ قبول ہے تناقض کی وجہ سے رد نہیں کی جاسکتی کیونکہ فقہائے نے تصریح کی ہے کہ مسئلہ رضاعت میں تناقض مؤثر نہیں درمختار میں ہے۔

قال لزن وجته هذه رضیعتی ثم رجع عن قوله صدق لان الرضاع مما یخفی فلا یمنع التناقض فیه (درمختار علی الشامیہ مطبوعہ کوئٹہ ص۴۴ ج۲)

لہذا سابقہ مسئلہ ہی درست ہے۔ فقط واللہ اعلم،

محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۲۲/ ۶ / ۱۴۰۶ھ

## رضاعی بہن سے نکاح حرام ہے

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں کہ خالدہ اور ساجد نے ہندہ نامی عورت کا دودھ پیا ہے۔ آیا خالدہ اور ساجد کا نکاح باہم جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب**: برتقدیر صحت واقعہ صورتِ مسئولہ میں خالدہ اور ساجد کا باہم نکاح جائز نہیں کیونکہ ہندہ کا دودھ پینے کی وجہ سے یہ رضاعی بہن بھائی ہیں۔

لقوله تعالٰی واخواتکم من الرضاعة (الآیۃ)

فقط واللہ اعلم، محمد انور

## مدتِ رضاعت کے بعد دودھ پلینے سے حرمت ثابت نہ ہوگی

مسئلہ۔ ایک لڑکی نے تین یا چار سال کی عمر میں ایک اجنبیہ عورت کا دودھ پیا اور

وہ عورت ایک لڑکے کی بھی والدہ ہے اور لڑکا بعمر ڈیڑھ سال یا دو سال کا ابھی تک دودھ پیتا ہے۔ تو انکا نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں۔ کیا یہ آپس میں رضاعی بہن بھائی بن گئے یا نہیں۔ اور دودھ پلانے والی رضاعی ماں بن گئی؟ شرعاً کیا حکم ہے۔

**الجواب** اڑھائی سال کے بعد کوئی بچہ کسی عورت کا دودھ پیئے تو بالاتفاق اُس سے حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔ لہذا جس لڑکی نے تین چار سال کی عمر میں اُس عورت کا دودھ پیا ہے وہ عورت اس کے لئے رضاعی ماں نہیں بنی اس کے لڑکے کے ساتھ اس لڑکی کا نکاح درست ہے۔

ویثبت التحریم فی المدۃ فقط ولو بعد الفطام والاستغناء

(درمختار علی الشامیۃ) ص۴۳۸ ج۲ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح ، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ محمد انور عفا اللہ عنہ،

## دَوا سے اُترنے والے دُودھ سے رضاعت کا حکم

گل محمد نے اپنی دادی کا دودھ پیا ہے اس حال میں کہ اسکی دادی کی آخری اولاد کی عمر دس بارہ ۱۲ سال تھی یعنی اس کا دُودھ ختم ہو گیا تھا دواء وغیرہ کرنے سے دُودھ اُترا اب اس جدہ کی لڑکی کی بیٹی سے یعنی جدہ کی نواسی سے گل محمد کی شادی کرنا جائز ہے؟

**الجواب** اس صُورت میں یہ نواسی گل محمد کے لئے بھانجی بن گئی ہے رضاعی بھانجی سے نکاح جائز نہیں ہے دوا وغیرہ کے ذریعے سے جو دودھ اُترے وہ بھی حرمت پیدا کرتا ہے۔ فقط محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

الجواب صحیح، خیر محمد عفی عنہ بانی و مہتمم خیر المدارس ملتان ۸ / ۲ / ۷۱ھ

## رضاعی بھتیجی سے نِکاح دُرست نہیں

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ میرے چھوٹے

بھائی عبدالشکور کے بچے محمد مدنی نے میرے سب سے چھوٹے بھائی اقبال کے ساتھ مل کر میری والدہ کا دودھ پیا ہے۔ اب کیا میرے لئے عبدالشکور کے اس لڑکے (محمد مدنی) سے اپنی لڑکی کا عقدِ نکاح کرنا درست ہے یا نہیں؟ المستفتی، عبدالعزیز۔ نیو ملتان

**الجواب** مذکورہ صورت میں یہ نکاح دُرست نہیں ہے۔ اس لئے کہ محمد مدنی ولد عبدالشکور دادی کا دُودھ پینے کی وجہ سے آپ کا رضاعی بھائی بن گیا ہے اور آپ کی لڑکی اسکی بھتیجی ہے

یحرم علی الرضیع أبواہ من الرضاع وأصولهما وفروعهما من النسب والرضاع جمیعا ..... الی قولہ : فالکل اخوۃ الرضیع وأخواتہ وأولادهم أولاد اخوتہ وأخواتہ الخ عالمگیری ص ۳۴۳ ج ۱

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفی عنہ، بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ،

## نسبی بھائی کی رضاعی بھانجی سے نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں مفتیان عظام اور علماء شرع شریف کہ ایک شخص افضل نامی نے اپنی خالہ (ماسی) کے ساتھ ملکہ دونوں نے ایک ہی عورت کا دُودھ پیا یعنی افضل نے اپنی نانی کا اور خالہ نے اپنی والدہ کا دودھ پیا تو ایسی صورت میں افضل خود تو خالہ کی بیٹی کے ساتھ نکاح نہیں کر سکتا۔ افضل کا ایک حقیقی چھوٹا بھائی اصغر ہے۔ وہ اپنی خالہ کی بیٹی کے ساتھ نکاح کر سکتا ہے یا نہیں، مسئلے کا جواب جلدی عنایت فرمادیں۔ شکریہ والسلام۔

المستفتی محمد رمضان غفرلہ خطیب جامع مسجد ریتڑہ

**الجواب** رضاعت سے افضل کی رشتہ داری ثابت ہوگی اصغر کی نہیں۔ اصغر اپنے بھائی کی رضاعی بہن اور خالہ کی لڑکی سے نکاح کر سکتا ہے۔

للقاعدۃ المعروفۃ وتحل اخت اخیہ رضاعا اھ۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا عنہ محمد انور عفا اللہ عنہ،

## مرضعہ کی نواسی سے نکاح جائز نہیں

دادی نے زید کو دودھ پلایا۔ یہ دودھ علاج معالجہ سے اُتارا گیا۔ کیونکہ دادی کا خاوند پندرہ سال سے فوت ہو چکا ہے۔ دُودھ مدتِ رضاعت کے اندر پلایا گیا۔ زید اپنی پھوپھی کی لڑکی سے شادی کر سکتا ہے؟

**الجواب** زید کا نکاح پھوپھی کی لڑکی سے جائز نہیں کیونکہ وہ رشتہ میں اسکی رضاعی بھانجی ہے اور رضاعی بھانجی کے ساتھ نکاح درست نہیں۔

الجواب صحیح،
بندہ محمد عبداللہ غفرلہ

فقط واللہ اعلم
بندہ اصغر علی غفرلہٗ

## بوجہ مجبوری ڈھائی سال کے بعد بھی دُودھ پلانا

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ ایک بچہ بہت کمزور ہے حکماء کہتے ہیں ڈھائی سال کے بعد بھی اس کو دودھ پلاؤ۔ کیا شریعتِ مطہرہ میں اسکی گنجائش ہے؟

**الجواب** اگر عذر اور ضرورت شدیدہ ہو تو اڑھائی سال تک دُودھ پلایا جا سکتا ہے اس سے زیادہ قطعاً جائز نہیں ہے۔

ولم یبح الارضاع بعد مدتہ لانہ جزء آدمی والانتفاع بہ لغیر ضرورۃ حرام علی الصحیح اھ درمختار (قولہ ولم یبح الارضاع بعد مدتہ) اقتصر علیہ الزیلعی وھو الصحیح کما فی شرح المنظومۃ بحر لکن فی القھستانی عن المحیط لو استغنی فی حولین حل الارضاع بعدھما الی نصف ولا تأثم عند العامۃ خلافا لخلف بن ایوب۔ اھ (ردالمحتار ص ۴۳۸ ج ۲)

فقط واللہ اعلم،
محمد انور عفا اللہ عنہ

## بیٹے کی رضاعی بہن سے نکاح کا حکم

عبدالستار کے لڑکے منیر احمد نے منظور مائی کا دودھ مدت رضاعت میں پانچ چھ روز پیا۔ پھر منیر احمد چند دن کے بعد فوت ہوگیا عبدالستار منظور مائی کی لڑکی کے ساتھ نکاح کرنا چاہتا ہے۔ جبکہ لڑکی منیر احمد سے بڑی ہے۔ سائل نے بتایا کہ عبدالستار کا منظور مائی کے ساتھ یا اسکی لڑکی کے ساتھ اس کے علاوہ اور کوئی رشتہ محرم نہیں ہے۔

**الجواب**: اگر کوئی اور شرعی مانع نہ ہو۔ تو عبدالستار کا نکاح منظور مائی کی لڑکی کیساتھ درست ہے۔ وقس علیہ اخت ابنہ وبنتہ اھ درمختار وفی الشامیۃ بان نقول انما حرمت علیہ اخت ابنہ وبنتہ نسباً لکونہا بنتہ او بنت امرأتہ وھذا المعنی مفقود فی الرضاع ۔ الخ ص۴۰۷ ج۲ مطبوعہ بیروت

فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح،

محمد انور عفا اللہ عنہ،

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

## سوتیلے رضاعی ماموں سے نکاح کا حکم

سائلہ رضیعہ زہراں بی بی کا بیان ہے کہ میں دو تین ماہ کی تھی کہ میری والدہ فوت ہوگئی۔ میرے چچا ملک موسیٰ کی دختر مسماۃ لعل خاتون جو کہ میرے ماموں شیر محمد کی بیوی ہے نے مجھے اپنا دودھ پلایا یہاں تک کہ میں سات آٹھ برس کی تھی کہ میری رضاعی ماں فوت ہوگئی۔ میں اپنے والد کے گھر واپس آگئی۔ جب بالغ ہوئی، تو میرے چچا نے میرا رشتہ اپنے بیٹے کیلئے طلب کیا تو مفتی صاحب سے مسئلہ پوچھا گیا۔ انھوں نے کہا کہ زہراں ملک موسیٰ کی رضاعی نواسی ہے، اس کی اولاد پر حرام ہے میرے ماموں شیر محمد نے دوسرے ایک قوم کی جھنڈیرنی عورت خرید کے شادی کی اس سے احمد یار پیدا ہوا تو زہراں کی دختر مہر خاتون سے احمد یار کا نکاح کر کے شادی کردی کہتے ہیں کہ احمد یار تو غیر عورت جھنڈیرن کے پیٹ سے پیدا ہوا زہراں رضیعہ کی دختر مہر خاتون اس کے لئے کیسے حرام ہوسکتی ہے۔ دودھ پینے کی بہت سی عورتیں اور بہت سے مرد بلکہ زہراں کا شوہر بھی چشم دید شہادت دیتا ہے۔

مسئلہ پوچھنے کا بہت ساری برادری کو انتظار ہے۔ شرعاً کیا حکم ہے۔ رضاعت ثابت ہے یا نہیں، اور جو تسلیم نہ کریں ان پر شرعاً کیا جرم ہے۔ برادری اور مقامی مولویوں پر اور زمینداروں پر شرعاً کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا۔

**الجواب** مہر خاتون، احمد یار کی رضاعی بھانجی ہے۔ ان کا نکاح باہم جائز نہیں۔ نکاح کرنے والوں نے سخت ترین غلطی کی ہے۔ سب مسلمانوں پر لازم ہے کہ فوراً ان میں تفریق کرائیں۔

حتی أن المرضعة لو ولدت من هذا الرجل أو غيره قبل هذا الارضاع أو بعده أو أرضعت رضيعاً أو ولد لهذا الرجل من غير هذه المرأة قبل هذا الارضاع أو بعده أو أرضعت امرأة من لبنه رضيعاً فالكل أخوة الرضيع وأخواته وأولادهم أولاد أخوته وأخواته اھ عالمگیری ص۳۴۳ ج۱

فقط واللہ اعلم۔ الجواب صحیح،

محمد انور عفا اللہ عنہ، نائب مفتی خیر المدارس ملتان

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ، مفتی خیر المدارس ملتان ۲ صفر ۱۴۰۲ھ

## پندرہ برس کی عمر میں دودھ پیا تو رضاعت کا حکم

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میرے کل پانچ بچے ہیں جب میرا بڑا بیٹا پانچ ماہ کا تھا تو میری چھوٹی بہن نسیم اختر جو تقریباً پندرہ برس کی کنواری تھی۔ دودھ کی زیادتی کی وجہ سے میرا دودھ تقریباً ایک دو گھونٹ پیالی میں پی گئی۔ میں اپنے دوسرے نمبر کے بیٹے ندیم کا اس کی تیسرے نمبر کی بیٹی امینہ سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔ مجھے اسلام اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ نہیں۔ الحاصل نسیم کی لڑکی مسمات امینہ کا نکاح مسمات زینب کے لڑکے ندیم سے ہو سکتا ہے یا نہیں؟ سائل ندیم اسحاق نواں شہر ملتان

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں مسمی ندیم اور مسمات امینہ کا آپس میں نکاح شرعاً جائز ہے اس عمر میں دودھ پینے سے رضاعت ثابت نہیں ... ہوتی۔ در مختار میں ہے۔

ویثبت التحریم فی المدۃ (شامیہ ص۴۰۴ ج۲) فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہ، بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ،

## بھابی کی بھائی سے اولاد ہونے سے پہلے جس لڑکی نے بھابی کا دودھ پیا اس سے نکاح کا حکم

ایک عورت نے ایک جگہ نکاح کیا۔ وہاں سے طلاق کے بعد وہ میرے بھائی کے نکاح میں آئی۔ اس کی پہلے خاوند سے ایک لڑکی تھی۔ نکاح ثانی کے وقت لڑکی شیر خوار تھی اور نکاح کے کافی عرصہ تک شیر خوار رہی۔ اب اس لڑکی سے میرا نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں نیز اسکی لڑکی نے میرے دوسرے بھائی کے لڑکے کے ساتھ ایک دو دفعہ دودھ بھی پیا ہے یعنی وہ لڑکی میرے حقیقی بھتیجے کی رضاعی بہن بھی ہے۔

۲۔ زید ......... نے اپنی خالہ کا دودھ پیا ہے۔ کیا زید اپنی اس خالہ کی کسی لڑکی سے نکاح کر سکتا ہے۔؟

**الجواب** مذکورہ بھائی کے نطفہ سے اس بھابی کے اولاد ہونے سے پہلے پہلے اگر اس بچی نے دودھ پینا ختم کر دیا تھا۔ تو اس لڑکی کے ساتھ نکاح درست ہے۔ ایسے ہی دوسری وجہ بھی مانع نہیں۔ اذا طلق الرجل امرأتہ ولھا لبن فتزوجت بزوج آخر بعد ما انقضت عدتھا ووطئھا الثانی أجمعوا انھا اذا ولدت من الثانی فاللبن من الثانی وینقطع من الاول واجمعوا علیٰ انھا اذا لم تحبل من الثانی فاللبن من الاول واذا حبلت من الثانی ولکن لم تلد منہ قال ابو حنیفۃ اللبن یکون من الاول حتی تلد من الثانی۔ (عالمگیری ص۳۴۳ ج۱)

۲۔ زید مذکورہ خالہ کی کسی لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ،
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان

## زرد رنگ کے پانی سے رضاعت کا حُکم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں کہ ایک عورت کا بچہ پیدا ہوا اور وہ بچہ پیدا ہونے کے چھ مہینہ بعد فوت ہوگیا۔ تو اس بچے کی نانی جس کی عمر ۶۵ سال ہے وہ بچے کا دل بہلانے کے لئے اپنے پستان بچے کے منہ میں ڈالتی تھی تقریباً دو سال تک اور پستانوں سے دودھ کی بجائے پانی آتا تھا۔ وہ پانی گدّے (زرد) رنگ کا تھا۔ کبھی کبھی کچھ پانی آتا تھا۔ اور اس عورت کے کئی سالوں سے بچہ بھی پیدا نہیں ہوا تھا۔ جس لڑکے کی والدہ فوت ہوگئی تھی اسکی عمر اب ۱۸۔۱۹ سال ہے کیا وہ لڑکا اپنے ماموں یا خالہ کی اولاد سے شادی کر سکتا ہے یا نہیں۔ العارض،

محمد حنیف ولد اللہ بخش

تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر

**الجواب** اگر وہ پانی بچے کے حلق سے نیچے اتر گیا تھا تو وہ اپنے ماموں یا خالہ کی لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا کیونکہ وہ اس کے رضاعی بھائی بہن ہیں۔ دخل فی فم الصبی من الثدی مائع لونہ أصفر تثبت حرمة الرضاع لانہ لبن تغیر لونہ اھ (عالمگیری ص۳۴۴ ج۱) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ ۲۵/۲/۱۴۱۰ھ

## دادی کا دُودھ پینے والی بچی کا نکاح باپ کے بھانجے سے درست نہیں

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے متعلق کہ زید کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی اور اس لڑکی نے زید کی والدہ کا دُودھ پیا یعنی اپنی دادی کا۔ اب زید اُس اپنی لڑکی کا نکاح اپنے بھانجے سے کرنا چاہتا ہے کیا از روئے شرع یہ نکاح جائز ہے کہ نہیں بینوا توجروا۔

**الجواب** یہ نکاح جائز ہے کیونکہ صرف زید اپنی دادی کا رضاعی بیٹا ہے نہ کہ اسکی بہن لہذا زید کی رضاعت کا اسکی بہن پر کوئی اثر نہیں ہے تو قانون شریعت

کے مطابق یہ بھائی بہن ہیں اور بہن اپنے بھائی سے اپنے لڑکے کے لئے رشتہ لے سکتی ہے
کما فی عامۃ الکتب
احمد سدیدی عفی عنہ
خادم الافتاء مدرسہ اسلامیہ جامعہ خیر المعاد ملتان

**الجواب** صورت مسئولہ میں مذکورہ بالا جواب درست نہیں۔ زید کی لڑکی کا نکاح زید کے بھانجے سے نہیں ہو سکتا۔ اسلئے کہ دادی کا دودھ پینے کی وجہ سے یہ لڑکی اپنی پھوپھی کی رضاعی بہن ہو گئی اور اس لڑکے کی جس سے نکاح طے کیا جا رہا ہے رضاعی خالہ ہو گئی۔ اس لئے یہ نکاح نہیں ہو سکتا۔

ویثبت به وان قل أمومیتها لمرضعتها للرضیع وابوة زوج مرضعته لبنها منه له فیحرم منه مایحرم من النسب (تنویر الابصار کتاب الرضاع) ویحرم علی الرضیع أبواه من الرضاع واصولهما وفروعهما من النسب والرضاع جمیعاً حتی ان المرضعة لو ولدت من هذا الرجل او غیره قبل هذا الارضاع او بعده اوارضعت رضیعا او ولد لهذا الرجل من غیر هذه المرأة قبل هذا الارضاع أو بعده او ارضعت امرأة من لبنه رضیعا فالکل اخوة الرضیع وأخواته واولادهم أولاد اخوته واخواته الخ۔ (فتاوی عالمگیری ج۱ ص۳۴۳ کتاب الرضاع۔ فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار غفر لہ
رئیس دار الافتاء خیر المدارس ملتان

## دادی کا دودھ پینے والا چچا یا پھوپھی کی کسی لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا

من فیض احمد ولد میاں حامد قوم لاہر یچ سکنہ محلہ پیرانوالہ جھنگ صدر کا ہوں۔
نمبر۱۔ میں حلفا بیان کرتا ہوں من حالف کے پسرم طارق جواد حسین کے پیدا ہونے کے

تین دن بعد اسکی والدہ بقضائے الہیٰ فوت ہوگئی۔ پسرم مذکور کو من حالف کی والدہ پسرم کی دادی نے دُودھ پلایا۔ چونکہ اس وقت من حالف کی ایک ہمشیرہ پیدا ہوئی تھی۔ مگر بعد میں فوت ہو گئی۔

نمبر ۲:۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ من حالف کا پسرم مذکور اپنے چچا یا پھوپھی کی دختران سے نکاح کر سکتا ہے۔ ؟

**الجواب**
طارق مذکور کا نکاح اس کے چچا یا پھوپھی کی کسی لڑکی کے ساتھ جائز نہیں کیونکہ یہ لڑکی طارق کی رضاعی بھتیجی یا بھانجی بنتی ہے۔

یحرم علی الرضیع أبواہ من الرضاع واصولھما وفروعھما من النسب والرضاع جمیعا۔ (حوالہ عالمگیری ص ۳۴۳ ج ۱) فقط واللہ اعلم

۱۲ / ۶ / ۱۴۰۲ھ بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## نانی کا دُودھ پینے والا خالہ زاد سے نِکاح نہیں کر سکتا

مسئلہ :۔ ایک شخص نے اپنی نانی کا دودھ پیا۔

نمبر ۱ :۔ اسکی خالہ رضاعی بہن بن جائے گی یا نہیں ؟

نمبر ۲ :۔ وہ شخص اپنی خالہ کی لڑکی سے شادی کر سکتا ہے ؟

**الجواب**
مدت رضاع میں ارضاع حرمت کا سبب ہوتا ہے۔ اگر مذکورہ شخص نے مدتِ رضاع میں دودھ پیا ہے تو نانی رضاعی والدہ ہوئی۔ اور خالہ رضاعی بہن بن جائے گی۔ لہٰذا مذکورہ خالہ کی لڑکی سے نِکاح جائز نہ ہوگا۔

ارضعت امرأۃ من لبنہ رضیعاً فالکل اخوۃ الرضیع واخواتہ واولادھم أولاد اخوتہ واخواتہ (عالمگیری ص ۳۴۲ ج ۲) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

## رضاعی پھوپھی سے نکاح کا حکم

زید نے مسماۃ جمیلہ کا دُودھ پیا ہے۔ اب وہ جمیلہ کے شوہر مسمی بکر کی حقیقی بہن مریم سے نکاح کرنا چاہتا ہے۔ کیا زید کا نکاح مریم سے درست ہے۔

**الجواب** زید کا نکاح اپنے رضاعی باپ بکر کی بہن سے دُرست نہیں۔
وأخو الرجل عمه وأخته عمته اھ عالمگیری (ص ۳۴۳ ج ۲)

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ
۳؍ ذی قعدہ ۱۴۰۲ھ

## حقیقی بیٹے کی رضاعی ماں اور رضاعی بیٹے کی نسبی ماں سے نکاح کا حکم

زید کے بیٹے عیسیٰ نے عمرو کی بیوی کا دودھ پیا اور عمرو کے بیٹے مغیرہ نے زید کی بیوی کا دودھ پیا۔ بنا بریں چند صورتوں میں حکم کی وضاحت تحریر فرماویں کہ کون سی صُورتوں میں نکاح جائز ہے اور کون سی صورت میں ناجائز ہے۔؟

۱۔ زید کا نکاح عمرو کی بیوی سے۔ (جب کہ وہ مطلقہ یا بیوہ ہو جائے۔)
۲۔ عمرو کا نکاح زید کی بیوی سے۔ (جبکہ وہ مطلقہ یا بیوہ ہو جائے۔)
۳۔ زید کے بیٹے عیسیٰ کا نکاح عمرو کی بیٹی زینب سے۔
۴۔ عمرو کے بیٹے مغیرہ کا نکاح زید کی بیٹی طاہرہ سے
۵۔ زید کے بیٹے طاہر کا نکاح (جس نے عمرو کی بیوی کا دودھ نہیں پیا) عمرو کی بیٹی آسیہ سے
۶۔ عمرو کے بیٹے اسلم کا نکاح (جس نے زید کی بیوی کا دودھ نہیں پیا) زید کی بیٹی حفصہ سے

**الجواب** نمبر ۱، ۲: زید و عمرو کے لئے ایک دوسرے کی بیوہ یا مطلقہ سے نکاح کرنے میں مذکورہ رضاعت حرمت کا سبب نہیں بنے گی۔ کیونکہ ہر ایک کی بیوی دوسرے کے لئے اس کے حقیقی بیٹے کی رضاعی ماں اور رضاعی بیٹے کی حقیقی ماں ہے اور ان میں سے کوئی رشتہ بھی سبب حرمت نہیں۔ علامہ شامی رحمہ اللہ، جدۃ الولد من الرضاع

کی حلت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں ۔

واحترز بجدة الولد عن ام الولد لانها حلال من النسب وكذا من الرضاع اھ (شامی ص ۴۴۰ ج ۲)

الحاصل ہر طرح کے بیٹے کی ہر طرح کی ماں حلال ہے

**نمبر ۳،۴ :** عیسیٰ کا نکاح زینب سے اور مغیرہ کا نکاح طاہرہ سے جائز نہیں ،کیونکہ زینب عیسیٰ کی رضاعی بہن ہے اور ایسے ہی طاہرہ مغیرہ کی۔ ولا حل بين الرضيعة وولد مرضعتها اھ (شامی ص ۴۴۳ ج ۲)

نمبر ۵-۶- طاہر کا نکاح عمرو کی ہر بیٹی سے اور ایسے ہی اسلم کا نکاح زید کی ہر بیٹی سے جائز ہے ۔ ته المعروفة وتحل أخت اخيه رضاعًا يصح اتصاله بالمضاف كان يكون له اخ نسبي رضاعية وبالمضاف اليه كان يكون لاخيه رضاعًا اخت نسبًا وبهما وهو ظاهر ھ (الدر المختار على رد المختار ص ۴۴۲ ج ۲)

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان

## بلا ضرورت دوسرے کے بچے کو دودھ نہ پلایا جائے

ہمارے ہاں کپاس چننے کے وقت عورتیں اکٹھی ہوتی ہیں ۔بچوں کو اکٹھے ایک جگہ لٹا دیتی ہیں ۔کوئی اپنے بچے کو دودھ پلا رہی ہو تو دوسری کا بچہ بھی رو رہا ہو تو اسے بھی پلا دیتی ہے۔ کیا یہ درست ہے ؟ (مستفتی محمد ارشد اوکاڑوی متعلم افتاء خیر المدارس ملتان)

**الجواب** یوں بلا ضرورتِ شدیدہ دودھ نہ پلایا جائے اگر کبھی ایسا اتفاق ہو جائے تو اسے باقاعدہ یاد رکھا جائے بلکہ لکھ لیا جائے تاکہ آئندہ چل کر غلطی سے اس کا نکاح کسی ایسے شخص کے ساتھ نہ ہو جائے جو رضاعاً اس کے لئے حرام ہو۔

والواجب على النساء ان لا يرضعن كل صبي من غير ضرورة وان فعلن ذلك فليحفظن او يكتبن اھ (عالمگیری ص ۳۴۵ ج ۱) فقط واللہ اعلم ۔

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

## رضاعی باپ کی بیٹی سے نکاح کا حکم

زید عمرو دونوں بھائی ہیں زید کی بیوی ہندہ سے زید کا ایک لڑکا بکر پیدا ہوا کچھ دن بعد ہندہ فوت ہوگئی تو اس لڑکے کو عمرو کی بیوی زینب نے دُودھ پلایا اس کے بعد زینب بھی فوت ہوگئی تو عمرو نے دوسری شادی خالدہ سے کی اسکی اس خالدہ سے بچّی ناصرہ پیدا ہوئی تو کیا زید کے لڑکے کا نکاح عمرو کی بیوی خالدہ سے جو بچّی پیدا ہوئی اس سے جائز ہے یا نہیں ؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں بکر کے ساتھ ناصرہ کی شادی نہیں ہوسکتی جیسا کہ عالمگیری میں ہے ۔

یحرم علی الرضیع ابواہ من الرضاع واصولہما وفروعہما من النسب والرضاع جمیعاً الخ (عالمگیری ص۳۴۳ ج۱) فقط واللہ اعلم ۔

الجواب صحیح
عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

## رضاعی پھوپھی کی بیٹی سے نکاح کا حکم

زید اور بکر دو حقیقی بھائی ہیں ۔ زید چھوٹا ہے اور بکر کا رضاعی بیٹا بھی ہے ۔ کیا بکر کی نواسی کا نکاح زید کے لڑکے سے ہو سکتا ہے یا نہیں؟ زید نے چھ ماہ کی عمر میں بکر کی بیوی کا دودھ پیا تھا اور کئی بار پیا ۔

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں بکر کی نواسی کا نکاح زید کے لڑکے سے دُرست ہے ۔ فقط واللہ اعلم ۔

محمد انور عفی عنہ

الجواب صحیح ، عبدالستار عفی عنہ

## مرضعہ کی جو اولاد دُوسرے خاوند سے پیدا ہو اس کا حکم

ایک عورت صفیہ خاتون نے اپنی چھوٹی بہن دلشاد بیگم کو جس کی عمر تقریباً ۸ یا ۹ ماہ

تھی مجبوری کی وجہ سے یعنی چُپ کرانے کے لئے اپنا پستان اس کے منہ میں ڈال دیا۔ جس سے وہ چپ ہو گئی۔ بعد میں صفیہ خاتون کا سابقہ خاوند مر گیا۔ بعد عدت کے دوسرا نکاح ہوا اور دوسرے خاوند سے اولاد پیدا ہوئی اور لڑکے بھی پیدا ہوئے۔ کیا صفیہ خاتون کے ان لڑکوں کی شادی اس کی بہن دلشاد بیگم کی لڑکیوں سے ہو سکتی ہے؟

**الجواب** جب ایک دفعہ صفیہ خاتون کا دودھ دلشاد بیگم کے پیٹ میں پہنچ گیا تو وہ اسکی رضاعی بیٹی بن گئی۔ اب صفیہ کے کسی بھی لڑکے کا نکاح دلشاد بیگم کی کسی لڑکی کیساتھ درست نہیں۔ کیونکہ وہ ان لڑکوں کی رضاعی بھانجیاں ہیں۔

قلیل الرضاع وکثیرہ اذا حصل فی مدۃ الرضاع تعلق بہ التحریم اھ قال فی الینابیع والقلیل مفسر بما یعلم أنہ وصل الی الجوف (عالمگیری ص ۳۴۲ ج ۲)۔ فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفرلہ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان
۱۰ / ۵ / ۱۴۰۳ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار عفی عنہ

## مدت رضاعت دو سال ہے یا اڑھائی سال

صورت مسئولہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں آتا ہے کہ بچہ کو دودھ دو سال (حولین کاملین) تک پلانا چاہیئے۔ لیکن امام صاحب کے نزدیک اڑھائی سال تک پلا سکتے ہیں۔ امام صاحب کی دلیل، قرآن وحدیث سے واضح فرمائیں۔

**الجواب** حنفیہ کے نزدیک مفتی بہ قول حولین کا ہے۔ اگرچہ امام صاحبؒ کا قول اڑھائی سال کا ہے۔ عدم لزوم اجرت بعد الحولین پر صاحبین اور امام صاحب کا اتفاق ہے۔ آیت حولین کا ایک جواب یہی دیا گیا ہے۔ دوسرا جواب حضرت تھانویؒ نے بیان القرآن کے حاشیہ میں دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ حولین والی مدت تام ہے اور حولین ونصف اتم ہے۔ اگرچہ حنفیہ کا مفتی بہ قول یہی ہے لیکن اس کے باوجود امام

صاحب کا قول دلائل عقلیہ ونقلیہ سے مُبرھن ہے صرف ایک دو دلیلوں پر اکتفا کیا جاتا ہے

نمبرا: قولہ تعالیٰ وحملہ وفصالہ ثلاثون شھرا (الآیۃ)

**طریق استدلال** - اللہ پاک نے حمل اور دُودھ چھڑانے کو ذکر کرکے ایک مدت بیان فرمائی ہے یہ مدت تیس ماہ ہے۔ یہ ہر ایک کے لئے مستقل ہوگی۔ جیسا کہ کسی نے کہا کہ لفلان علی الف درھم وخمسۃ اقفزۃ حنطۃ الی شھرین۔ تو اس مثال میں شھرین دونوں چیزوں کی الگ الگ مدت ہوتی ہے دونوں پر تقسیم نہیں ہوتی۔ اسی طرح آیۃ کریمہ میں ثلاثون شہراً بھی تقسیم نہ ہونا چاہیئے اور مدتِ حمل کے لئے حدیثِ عائشہ مخصص ہے۔ لہذا وہ اس سے خارج ہوجائے گی۔ اگر حمل سے مراد ہی حمل علی الید لے لیا جائے تو کوئی اشکال نہیں۔

**دلیل عقلی** : دو سال تک دودھ پلانا یہ بچے کا حق ہے۔ اور والدہ پر دیانۃً واجب ہے اگر دو سال کے بعد فوری طور پر دُودھ چھڑا کر دوسری غذا شروع کی جائے تو یہ مفضی الی الھلاک ہوگی۔ اسلئے عادت بالتدریج تبدیل کرائی جانے اس تبدیلی کیلئے چھ ماہ مدت مقرر کی گئی ہے۔ حمل کی ادنیٰ مدت پر قیاس کرتے ہوئے کیونکہ جنین کی غذا خون تھی۔ چھ ماہ کے بعد رضیع کے لئے لبن غذا بنی تو اسطرح رضیع کو فطیم بنانے کے لئے بھی یہی مُدت مقرر کی گئی ہے۔ لبعض حضرات نے فان ارادا فصالا سے بھی استدلال کیا ہے۔ فقط واللہ اعلم

محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

## بچی کے ناک میں دُودھ ڈالنے سے بھی رضاعت ثابت ہو جائیگی

ایک عورت نے اپنی یک سالہ بھتیجی ہندہ کے ناک میں درد ہونے کی بنا پر اسکے ناک میں دودھ ڈالا۔ اس سے وہ بچی ٹھیک ہوگئی۔ اب مذکورہ عورت اس بچی ہندہ کا نکاح اپنے لڑکے زید سے کرنا چاہتی ہے۔ آیا ان دونوں کا نکاح آپس میں درست ہے؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں زید اور ہندہ کا نکاح آپس میں درست نہیں وکما یحصل الرضاع بالمص من الثدی یحصل بالصب والسعوط والوجور۔ کذا فی فتاوی قاضی خان (عالمگیری ص۴۳ ج۲)
بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ فقط واللہ اعلم

## پیالی سے دودھ پیا تو رضاعت کا حکم

ایک لڑکی جس کی عمر ایک یا ڈیڑھ سال تھی اس عمر میں اس نے اپنی بہن کا دودھ پیالی کے ذریعہ پیا۔ کچھ عرصہ بعد اسکی بہن فوت ہوجاتی ہے۔ کیا اس لڑکی کا نکاح اسکی بہن کے خاوند کے ساتھ جائز ہے یا نہیں؟ ایک عالم دین نے فتویٰ دیا کہ یہ نکاح جائز ہے۔ چنانچہ سائل نے اس فتویٰ پر عمل کرتے ہوئے نکاح کرلیا۔ اس لڑکی سے تین بچے ہوچکے ہیں۔ اب پھر سائل کو کسی طریقہ سے یہ شبہ پیدا ہوا۔ اب پھر فتویٰ طلب کر رہا ہے کہ آیا یہ نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں۔ اور بصورت عدم جواز مذکورہ تین بچوں کا نسب ثابت ہوسکے گا یا نہیں؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں دودھ پینے والی بچی کا نکاح شخص مذکور کے ساتھ جائز نہیں۔ کیونکہ وہ اسکی رضاعی بیٹی ہے۔ لہٰذا علی الفور اس سے یہ رشتہ ختم کردے۔ اور اس سے پہلے پیدا ہونے والے بچے ثابت النسب ہوں گے اور اسکی طرف منسوب ہوں گے۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔

رجل مسلم تزوج بمحارمه فجئن بأولاد يثبت نسب الاولاد منه عند ابی حنیفة (عالمگیری باب ثبوت النسب ج۲ ص۵۴۰) فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح، | احقر محمد انور عفا اللہ عنہ، |
| بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ، | نائب مفتی خیر المدارس ملتان |

## اپنی بیوی کو رضاعی بہن کہنے پر مصر کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک آدمی نے

رضامندی سے ایک عورت سے شادی کرلی۔ بعد ازاں اس کو مارتا پیٹتا رہا۔ اور اس کے حقوق ادا نہیں کئے۔ نیز وہ آدمی کیمونسٹ خیال کا آدمی ہے اور خدا کی ذات پر گستاخانہ لہجہ میں بکواسات کرتا ہے۔ اور لڑکے کے والدین اور لڑکا خود بھی اس کا معترف ہے کہ میں نے اور اس نے بچپن میں اکٹھا دودھ پیا ہے۔ لہذا یہ میری رضاعی بہن ہے۔ شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

**الجواب** اگر لڑکا اپنے اس اقرار پر مصر ہے کہ یہ میری رضاعی بہن ہے تو آپ اسی کو بنیاد بنا کر عدالت سے نکاح فسخ کرالیں۔ اس کے بعد عدت گزار کر عورت دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔

ولو تزوج امرأة ثم قال بعد النکاح ھی اختی من الرضاعة اوما اشبھہ ثم قال اوھمت لیس الامر کما قلت لا یفرق بینھما استحسانا ولو ثبت علیٰ ھذا المنطق وقال ھو حق کما قلت فرق بینھما ولو جحد بعد ذلک لا ینفعہ جحودہ۔ (عالمگیری ص ۳۴۵ ج ۲)

اور اگر خاوند کیمونسٹ ہے تو کیمونسٹ ہونے کی وجہ سے اگر نکاح کے وقت بھی خیالات کافرانہ تھے تو نکاح سرے سے منعقد ہی نہیں ہوا۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، محمد انور عفا اللہ عنہ،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ نائب مفتی خیر المدارس ملتان

## محض پستان منہ میں لینے سے حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوتی

کیا فرماتے ہیں علماء کرام کہ میری والدہ اسوقت فوت ہوئیں جب میری عمر ایک سال تھی۔ میں دودھ پی رہا تھا۔ والدہ کے بعد اور کوئی ایسی عورت نہیں تھی جو مجھے دودھ پلاتی۔ پھر نانی صاحبہ نے پرورش شروع کردی۔ جب میں روتا تو میرے منہ میں پستان دے دیتی۔ دودھ وغیرہ کچھ نہ آتا۔ حتیٰ کہ بقول نانی صاحبہ میں دانتوں سے پستانوں کو کاٹتا۔ جب میں جوان ہوا تو میری شادی میرے سگے ماموں محمد خان کی لڑکی سے کر

دی گئی۔ جس سے تین بچے پیدا ہوئے۔ بیوی فوت ہو گئی۔ اب جب دوبارہ نکاح کا پروگرام بنا تو میرے بڑے ماموں سلطان خان کی لڑکی سے پروگرام بنا۔ اب مجھے شک ہوا ہے کہ شاید ماموں صاحب رضاعی بھائی نہ ہوں۔ نیز ریڈیو اسٹیشن کے پروگرام سے بھی مطلع ہوا ہوں۔ برائے مہربانی اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں۔

**الجواب** اگر واقعۃً دودھ نہیں آتا تھا اور کوئی زرد رنگ کا پانی وغیرہ خارج نہیں ہوتا تھا تو آپ اپنے ماموں کی لڑکی سے شادی کر سکتے ہیں۔ محض پستان منہ میں لینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

امرأة کانت تعطی ثديها صبية واشتهر ذلك بينهم ثم تقول لم يكن فی ثدی لبن حين القمتها ولم يعلم ذلك إلا من جهتها جاز لابنها ان يتزوج بهذه الصبية۔ (شامی ج ۲ ص ۴۰۵) فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

محمد انور عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس۔ ملتان

## رضاعی بھائی کی نسبی بہن کے ساتھ نکاح کا حکم

گزارش ہے کہ ایک لڑکی نے ایک لڑکے کے ساتھ دودھ پیا ہے اور اس لڑکے کا جس نے دودھ پیا ہے ایک بڑا بھائی ہے یہ لڑکی اس بڑے لڑکے کے نکاح میں آسکتی ہے یا نہیں اگر آسکتی ہے تو لکھ دیں اگر نہ آتی ہو تو بھی فتویٰ لکھ دیں۔

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں لڑکی کا نکاح اپنے رضاعی بھائی کے نسبی بھائی سے جائز ہے جیسا کہ درمختار میں مذکور ہے۔

اخت اخیه رضاعاً يصح اتصاله بالمضاف كان يكون له اخ نسبی له اخت رضاعية۔ (درمختار علی الشامیہ ص ۴۰۸ ج ۲) فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ محمد عبداللہ غفر لہ

بندہ محمد صدیق غفر لہ خیر المدارس ملتان

## رضاعی بھانجی کی نسبی بہن سے نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارہ میں کہ ایک لڑکی زید کی پدری بہن کی رضاعی بیٹی ہے جو کہ اس کے خاوند کی دوسری بیوی سے ہے۔ اسی بیوی سے اسکی ایک اور لڑکی ہے زید کا ارادہ ہے کہ وہ بہن کی رضاعی بیٹی کی دوسری حقیقی بہن سے نکاح کرے تو کیا یہ ہو سکتا ہے یا کہ نہیں ؟

**الجواب** زید رضاعی بھانجی کی حقیقی بہن سے نکاح کر سکتا ہے۔

فقط واللہ اعلم،

محمد انور عفا اللہ عنہ،

۱۳۹۸/۴/۳ھ

الجواب صحیح،

بندہ محمد صدیق غفرلہ، مدرس خیر المدارس

# ولایت وکفاءت کے مسائل

## بے نمازی صالحہ کا کفو نہیں ہو سکتا۔

ایک شخص نے اپنی نابالغہ چچازاد بہن کا نکاح اپنے بیٹے سے کر دیا۔ وہ خود اور اس کا بیٹا دونوں اس قدر مسکین تھے کہ اگر اس کا مکان سکنیٰ اور جائیداد کو فروخت کر دیتے۔ تو پھر بھی اس کے مہر مُعجل کے ادا کرنے پر قادر نہ تھے۔ لڑکی یتیمہ بڑی جائیداد کی مالکہ تھی۔ فقط دنیاوی لالچ اور جائیداد سے فائدہ اٹھانے کے لئے اس لڑکی کا نکاح اپنے بیٹے سے کر دیا۔ اگر اس لڑکی یتیمہ سے نکاح اسی طریقہ سے نہ کرتے۔ تو قطعاً وہ نکاح نہ کر سکتا۔ اور نہ اب اس لڑکی کے سوا کر سکتا ہے۔ گذارہ کرتا رہتا ہے۔ مالیت میں لڑکی کا کفو نہیں۔ نیز لڑکا بسا اوقات نماز ترک کرتا رہتا ہے، اور پہلے سے ہی ایسا ہے۔ اور لڑکی اس وقت نابالغہ تھی۔ جس کی عدالت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ صغر سنی سے اس وقت تک برابر نکاح سے انکار کرتی رہتی ہے۔ کیا شرعاً یہ نکاح ہو چکا ہے یا نہیں۔ لڑکی دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے یا نہیں؟ **بینوا توجروا.....**

**الجواب** باسمہٖ تعالیٰ: سوال میں صرف چار ہی نکات ہیں۔ ۱ عدم قدرت بر نفقہ ۲ عدم قدرت بر مہر معجل ۳ انکار منکوحہ ۴ نکاح ثانی۔

سب کی تفصیل ۱ کفائت کے لئے مالاً قدرت کم از کم ایک مہینہ کے نفقہ پر ضروری ہے۔ جیسا کہ تقریباً فقہ کی ہر کتاب میں موجود ہے۔ مگر یہ تب ضروری ہے۔ کہ عورت جماع کی طاقت رکھتی ہو۔ اور چونکہ صورت مسئول عنہا میں عورت صغیرہ ہے۔ جماع کی طاقت نہیں رکھتی۔ لہٰذا قدرت نفقہ ایک ماہ پھر بھی ضروری نہیں۔ تو نکاح مذکورہ اس اعتبار سے صحیح ہے۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل عبارات سے صراحۃً ثابت ہے۔ (شامی ص۳۴۸ ج ۲)

قوله لوتطیق الجماع فلوصغیرۃ لاتطیقہ فھوکفٔ وان لم یقدر علی النفقۃ لانہ لانفقۃ لھا فتح ومثلہ فی الذخیرۃ (شرح الیاس ص۲۵ ج۲) قوله فللغنیۃ وفی الذخیرۃ ھذا فی الکبیرۃ واما الصغیرۃ التی لاتطیق الوطئی فالعاجزعن النفقۃ کفؤ لھا لانھا لانفقۃ لھا وکذا لوکان یجد نفقتھا ولایجد نفقۃ نفسہ یکون کفؤا لھا ۱۲ شمنی (وفی مجمع الانھر ص۳۴۱ ج۱) ولوکانت الزوجۃ صغیرۃ لاتطیق الجماع فھوکفؤ وان لم یقدر علی النفقۃ وکذ الوکان یجد نفقتھا ولایجد نفقۃ نفسہ یکون کفوًا لھا کما فی التشمنی یہ تومعلوم ہوا کہ قدرت مہر معجل پر بوقت نکاح ضروری ہے۔ نہ مہر مؤجل پر اگرچہ کل مہر حالاً کیوں نہ ہو۔ لما فی الفتح القدیر وبین ان المراد من المھر ملک ما تعارفوا تعجیلہ وان کان کلہ حالا۔ اوراگر عُرف میں کل کاکل مہر مؤجل ہو۔ تو وہاں کسی قسم کی قدرت کی ضرورت نہیں، لما فی الفتح القدیر وفی المجتبیٰ قلت فی عرف اھل خوارزم کلہ مؤجل فلا تعتبر القدرۃ علیہ۔ اور صورت مسئول عنہا میں مہر پورے کا پورا شرعًا مؤجل ہے۔ اور عرفاً بھی شرعاً اس لئے کہ لڑکی صغیرہ یتیمہ ہے اور صغیرہ کا مہر سوائے باپ، دادا اور وصی کے کوئی قبض نہیں کرسکتا۔ لما فی فتاویٰ تنقیح الحامدیۃ ولیس لغیرالاب والجدمن الاولیاء قبض المھر الاان یکون اوصیاء (من ادب الاوصیاء) اور شامی جلد ثانی میں مذکور ہے۔ للاب والجد والقاضی قبض صداق البکرصغیرۃ کانت اوکبیرۃ الا اذا نھتہ وھی بالغۃ صح النھی ولیس لغیرھم ذلك وشمل قوله لیس لغیرھم الام فلیس لھا القبض الا اذا کانت وصیۃ۔ (شامیۃ ص۴۰۴ ج۲) فعلم ان مھر تلك المرأۃ المسئولۃ عنھا مؤجل شرعًا حتی البلوغ لعدم وجود الاب والجد الوصی۔ وکذا مؤجل عرفا ایضًا لان عرف بلدتھا ھکذا ________ اور جو مٹھائی تقسیم کرنے کا رواج ہے، وہ ناکح مذکور نے بھی ادا کیا ہے۔ تو صغیرہ مذکورہ کا مہر شرعًا بھی مؤجل ہے۔ اور عرفاً بھی

اور عمدۃ الرعایۃ میں ہے قولہ واحترز بہ عن المؤجل فان العجز عن اداءہ فی الحال لا یغیر فی الکفاءۃ وکذا فی فتح القدیر۔ تو ثابت ہوا کہ مرد مذکور عورت مذکورہ کا کفؤ ہے۔ اور نکاح از روئے شرع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور مذہب حنفی بالکل صحیح ہے، رہا انکار منکوحہ اور فسخ نکاح بخیار بلوغ ۔ انکار منکوحہ غیر معتبر ہے۔ ہاں اسے خیار بلوغ ہے۔ لیکن بشرط غیر القضاء (۴) دوسری جگہ شادی کرنا اس عورت کے لئے جائز نہیں کیونکہ پہلا نکاح بالکل صحیح ہو چکا ہے۔ فقط واللہ اعلم ...

**الجواب** جواب مذکور بالکل غلط ہے۔ اور ہمارا اس سے اتفاق نہیں ہے۔ ایک تو اس لئے کہ لڑکا بے نمازی ہونے کی وجہ سے فاسق ہے۔ اور فقہاء نے تصریح کی ہے۔ والفاسق لا یکون کفؤ الصالحۃ (شامی ص ۲۴ ج ۳) اور لڑکی نابالغہ ہے۔ جس کی صالحیت میں کوئی شک وشبہ نہیں۔ علاوہ ازیں سوال میں یہ تصریح نہیں۔ کہ لڑکی ایسی چھوٹی ہے جو کہ لا تطیق الجماع کا مصداق ہو۔ ہو سکتا ہے۔ لڑکی مُراہقہ تطیق الجماع ہو۔ پھر خاوند اس کا بوجہ عدم قدرت علی النفقۃ بھی غیر کفو ہوگا۔ بہر حال نکاح لڑکی مذکورہ کا غیر کفؤ میں ہونے کی وجہ سے غیر صحیح ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد عبداللہ غفرلہ

۲۰ / ۷ / ۱۳۷۶ھ

## ولد الزنا صحیح النسب کا کفو نہیں

کیا فرماتے ہیں علماء کہ دو خواتین جن کا تعلق بازارِ حسن سے ہے ان دونوں نے توبہ کرلی ہے اور بازارِ حسن سے مکمل ناطہ توڑ دیا ہے اور دونوں بہنوں نے نکاح کر لیا ان میں سے ایک کے تین لڑکے ہیں اور دوسری کی اولاد نہیں ہے اور یہ تین لڑکے بازارِ حسن میں ہی پیدا ہوئے تھے نکاح سے پہلے۔ ان کے والد کا کچھ پتہ نہیں کہ کون ہے۔ دوسری بہن کی لڑکی پیدا ہوئی۔ نکاح کے بعد اس کے والد کا پتہ ہے۔ دونوں بہنوں نے بچوں کا رشتہ آپس میں کر دیا۔ کتاب

وسنت کی روشنی میں یہ جواب دیں کہ یہ نکاح درست ہے یا نہیں؟

(۲) دوسرے لڑکے کی شادی اسی بازارِ حسن کی ایک عورت کی بیٹی سے ہوئی ہے اس لڑکی کے والد کا بھی پتہ نہیں کہ کون ہے۔ اب ان دونوں سے جو اولاد ہوئی کوئی شریف آدمی ان سے اپنی بچی یا بچے کا نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟

(۳) ایک آدمی اپنی بیوی کو بار بار طلاق دے چکا ہے اور پھر وہ رجوع بھی کر لیتا ہے جبکہ اس نے تین چار مرتبہ ایسا کیا ہے۔ طلاق سے پہلے کی اولاد سے رشتہ کر سکتے ہیں یا نہیں اور طلاق کے بعد والی اولاد سے رشتہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

**الجواب** (۱) صورت مسئولہ میں ابن الزنا کا صحیح النسب لڑکی سے نکاح جائز ہے بشرطیکہ وہ لڑکی اور اس کا ولی اس نکاح پر رضامند ہوں۔ (امداد الفتاوی ص۲۳۷ ج۲) لیکن ابن الزنا صحیح النسب لڑکی کے کفو میں سے نہیں ہے۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند عزیز الفتاوی مکمل ص۴۹۰ ج۲)

(۲) صورت مذکورہ میں ابن الزنا اور بنت الزنا میں نکاح ہوا پھر ان سے جو اولاد ہو ان سے نکاح کرنا جائز ہے۔ (۳) صورت مذکورہ میں جو اولاد طلاق سے پہلے کی ہے یہ ثابت النسب ہے لہٰذا یہ صحیح النسب کا کفو ہے اور اس سے نکاح کرنا بھی جائز ہے اور جو اولاد طلاق کے بعد پیدا ہوئی ہے ان سے نکاح کرنا تو جائز ہے لیکن یہ صحیح النسب کا کفو نہیں کیونکہ یہ زنا کی اولاد ہے فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## خاندانی مسلمان لڑکی کا نو مسلم سے نکاح کرنے کا حکم

ایک مسلمان بچی جو کہ عاقلہ، بالغہ، بی اے پاس حنفی العقیدہ، اہلِ سنت والجماعت ہو۔ اس کا ناجائز تعلق کسی عیسائی لڑکے سے ہو جائے اور وہ لڑکی اس عیسائی لڑکے کو مسلمان ہونے کے لئے کہے۔ اور وہ مسلمان ہو جائے۔ لڑکی مذکورہ بغیر والدین کی رضامندی کے عدالت میں جا کر مذکورہ نو مسلم لڑکے سے نکاح کر لے۔ جبکہ لڑکا محض نکاح کے لئے مسلمان ہوا ہو۔ عیسائی والدین کے گھر میں رہتا

ہو اور ارکانِ اسلام سے بھی واقف نہ ہو اور نماز و دیگر اسلامی اعمال سے بھی واقف نہ ہو۔ اس صورتِ حال میں والدین پر کیا فرض ہے؟ کیا والدین مذکورہ لڑکی کو اس نو مسلم لڑکے کے ساتھ رخصت کر سکتے ہیں؟ شرعی و قانونی حکم سے مطلع فرمائیں سیاق و سباق کے ساتھ تاکہ اگر عدالت سے رجوع کرنا پڑے تو آسانی ہو۔ شکریہ

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں عند الاحناف مفتی بہ قول کے مطابق یہ نکاح منعقد نہیں ہوا۔ لڑکی بدستور آزاد ہے کیونکہ عورت اولیاء کی رضامندی کے بغیر غیر کفو میں نکاح کرے تو وہ منعقد نہیں ہوتا اور نو مسلم خاندانی مسلمان کا کفو نہیں نیز فاسق نیک اور نیکوں کی لڑکی کا کفو نہیں بن سکتا۔

واما فی العجم فتعتبر حریۃ واسلاما فمسلم بنفسہ او معتق غیر کفء لمن ابوھا مسلم اھ (درمختار علی الشامیۃ ص۳۲۶ ج۲) وتعتبر فی العرب والعجم دیانۃ ای تقوی فلیس فاسق کفؤا لصالحۃ اھ (درمختار) والظاھر ان الصلاح منھا اومن آبائھا کاف لعدم کون الفاسق کفوا لھا اھ۔ (شامیہ ص۳۴۷ ج۲) فی العالمگیریۃ ومنھا اسلام الآباء من اسلم بنفسہ ولم یکن لہ اب فی الاسلام لا یکون کفوا لمن لہ اب واحد فی الاسلام کذا فی فتاوی قاضی خان۔ فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ

۱۶ / ۸ / ۱۴۱۱ھ

## مغل اور اعوان تقریباً ہم کفو ہیں۔

ایک بیوہ بالغہ عورت نے بغیر اجازت اپنے بھائی کے غیر کفو میں نکاح کر لیا اس عورت کا باپ فوت ہو چکا تھا اور دو تین برس اپنے خاوند کے گھر آباد رہی پھر کسی رنجش کی وجہ سے بھائی کے گھر واپس آ گئی تین برس کے بعد ایک مولوی صاحب سے غیر کفو میں بغیر اجازت ولی والے نکاح کے بطلان پر فتویٰ حاصل کر کے بغیر طلاق لئے اس بیوہ مذکورہ کا نکاح حامل رقعہ ہذا سے کر لیا اب وہ عورت

اس حامل رقعہ کے پاس ہے اور فتوٰی بھی حاضر ہے حدیث ایما امرأۃ نکحت بغیر اذن ولیھا فنکاحھا باطل باطل باطل الحدیث، اس مولوی نے کچھ لکھا ہے ملاحظہ فرما کر جواب عنایت فرمادیں کہ شرعاً کیا حکم ہے۔ نیز یہ بیوہ مغل خاندان سے ہے اور جس سے نکاح کیا تھا بلا اذن وہ اعوان خاندان سے ہے۔

المستفتی مولانا عبدالعزیز صاحب جامع مسجد توحیدیہ، چوک اعظم۔

**الجواب** مذکورہ عورت کا نکاح ثانی جائز نہیں ہے خاوند سے طلاق لینا ضروری ہے مغل اور اعوان تقریباً ہم کفو ہیں بہتر یہی ہے کہ نکاح ولی کرائے لیکن اگر بالفرض عورت بدوں اذن ولی نکاح کرلے تو منعقد ہوجاتا ہے۔ ینعقد نکاح الحرۃ العاقلۃ البالغۃ برضائھا وان لم یعقد علیھا ولی بکرا کانت او ثیبا… الخ۔ (ہدایہ ص۲۹۳ ج۲) فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ
۲۱/۱۰/۹۷ھ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## قصائی راجپوت کا کفو نہیں

**مسئلہ**، مساۃ جعفری خانم کا والد فوت ہوچکا ہے۔ وہ لڑکی عاقل بالغ ہے۔ اس کا حقیقی بھائی بھی ہے، جو کہ اس سے بڑا ہے۔ وہ بھی عاقل بالغ ہے۔ یہ لڑکا اور لڑکی مسلم راجپوت قوم سے ہیں۔ اس کے پڑوس میں ایک قصاب یعنی قصائی ذات سے متعلق ہے۔ اس قصائی لڑکے نے جعفری خانم لڑکی کو اپنے دام میں پھانس لیا اور اس سے خفیہ طور پر نکاح رجسٹر میں درج کرالیا۔ جب لڑکی کے بھائیوں اور ماں کو پتہ چلا۔ انہوں نے سخت برا منایا۔ اور لڑکی کو اپنے قبضہ میں لے لیا ہے۔ کیونکہ یہ نکاح قصائی لڑکے نے بغیر ولی کی اجازت سے کیا۔ یہ نکاح ہی منعقد نہ ہوا۔ جیسا کہ بہشتی زیور حصہ چہارم میں ولی کے بیان میں مسئلہ ۳ یہ یوں درج ہے: "بالغ یعنی جوان عورت خود مختار ہے چاہے نکاح کرے یا نہ کرے۔ خود اپنا نکاح کسی سے کرے تو نکاح ہوجائے گا۔ چاہے ولی کو خبر ہو چاہے نہ ہو۔ اور ولی چاہے خوش ہو یا نہ ہو۔ ہر طرح نکاح درست ہے۔ ہاں البتہ اگر نکاح اپنے میل میں نہیں کیا۔ اپنے کم ذات والے سے نکاح کیا۔ اور ولی

ناخوش ہے۔ فتوٰی اس پر ہے کہ نکاح درست نہ ہوگا۔ بحوالۂ عالمگیری صفحہ ۳۰۰ ج ۱، راجپوت ذات بڑی ہے، قصائی ذات چھوٹی شمار ہے۔ اس صورت میں اس راجپوت لڑکی کا نکاح قصائی لڑکے سے بغیر ولی کی رضامندی کے نکاح نہیں ہوگا۔ آیا یہ صحیح ہے۔ نکاح کے بعد کوئی تنہائی نہیں ہوئی۔

**الجواب** بر تقدیر صحت واقعہ صورت مسئولہ میں مسمات جعفری اور عبدالقدیر کا نکاح شرعاً منعقد ہی نہیں ہوا۔ کیونکہ عبدالقدیر جعفری کا ہم کفو نہیں ہے۔ ھندیہ میں ہے۔ روی الحسن عن ابی حنیفۃ ان النکاح لاینعقد وبہ اخذ کثیر من مشائخنا کذا فی المحیط والمختار فی زماننا للفتوی روایۃ الحسن (ص ۲۹۳ ج ۱) لہٰذا حصول طلاق کے بغیر دوسری جگہ نکاح کی شرعاً اجازت ہے

فقط واللہ اعلم بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ ۱۳ / ۲ / ۱۴۱۲ھ

## جس عورت کا کوئی ولی نہ ہو اس کا، اپنا غیر کفو میں کیا ہوا نکاح بھی صحیح ہے

ایک عورت سیدہ ہاشمیہ عاقلہ بالغہ عمر ۲۵ سال نے اپنا نکاح غیر سید سُنّی مسلمان سے کیا ہے عورت کا باپ اور تمام خاندان شمسی شیعہ ہے جو کہ حضرت علی کو خدا کا رتبہ دیتے ہیں وہ اس پر راضی نہیں ہیں کیا یہ نکاح صحیح ہے؟ (سائل محمد ارشد اوکاڑوی)

**الجواب** مذکورہ عورت کے اولیاء اگر واقعۃً کافر ہیں تو انہیں اس عورت پر ولایت حاصل نہیں اور سیدہ کا نکاح غیر سید سے جائز ہے جیسا کہ حضرت عمرؓ کا نکاح حضرت فاطمہؓ کی صاحبزادی ام کلثوم سے ہوا جس کا ثبوت شیعہ سنی سب کتابوں میں موجود ہے۔ لہٰذا مذکورہ بالا نکاح صحیح ہوگیا۔

وقد مرّ اول الباب ان من لاولی لہا فنکاحہا صحیح نافذ مطلقاً ولو من غیر کفء اوبدون مہر المثل اھ (شامی ص ۴۲۹ ج ۲)

الجواب صحیح فقط واللہ اعلم محمد انور عفا اللہ عنہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۲ / ۹ / ۱۴۰۰ھ

## طویل عرصہ تک خبر گیری نہ کرنے سے حق ولایت ختم نہیں ہوتا

ایک شخص نے گھریلو جھگڑے کی بناء پر بیوی اور لڑکے لڑکی کو گھر سے نکال دیا اور ۱۶ سولہ سال تک خبر گیری نہ کی اور نہ طلاق دی اور دوسری شادی کر لی۔
اس نے سابقہ بیوی کی بچی کا نابالغی کی حالت میں ایک جگہ نکاح کر دیا عدالت سے رجوع کیا گیا تو عدالت نے اس نکاح کو کالعدم قرار دیا کیا یہ درست ہے؟

**الجواب** اتنا طویل عرصہ بچوں کی خبر گیری نہ کرنا سخت گناہ ہے اس کے باوجود باپ کا حقِ ولایت ختم نہیں ہوا۔ لہٰذا اس نے بچی کا بحالتِ نابالغی جو نکاح کیا ہے وہ منعقد و لازم ہے۔ باپ کے کئے ہوئے نکاح میں خیارِ بلوغ نہیں ہوتا لہٰذا عدالت کا فسخ معتبر نہیں۔

ویجوز نکاح الصغیر والصغیرۃ اذا زوجھما الولی بکرًا کانت الصغیرۃ او ثیبًا (الی قولہ) فان زوجھما الاب او الجد فلا خیار لھما بعد البلوغ اھ (ھدایہ ص۲۹۶ ج۲)

فقط واللہ اعلم
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

## سیدہ، میو سے بدون اجازتِ اولیاء نکاح کرے تو نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام و مفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسمی محمد اختر میو ساکن نیو ملتان۔ وزٹ ویزہ پر امریکہ گیا وہاں مسماۃ خرم شاہ سے دوستی لگا لی۔ جب محمد اختر کے ایک دوست کو پتہ چلا تو اس نے محمد اختر کو گناہ سے بچانے کے لئے چار گواہ ساتھ لئے اور محمد اختر و خرم شاہ کو ساتھ لے کر امام مسجد کے پاس گئے اور شرعی طریقہ سے

نکاح کرا دیا۔ جبکہ محمد اختر کی عمر ۱۹ سال تھی اور خرم شاہ کی عمر ۱۷ سال تھی۔ لیکن مولوی صاحب اور چار گواہوں اور زوجین کے علاوہ کسی کو نکاح کا علم نہیں حتیٰ کہ زوجین کے والدین کو بھی علم نہیں۔ اور پھر جب محمد اختر کے والد کو پتہ چلا تو وہ ناراض ہوا اور لڑکی کی والدہ کو بھی بتا دیا۔ تو اس لڑکی کی والدہ نے کہا کہ ٹھیک ہے اگر نکاح ہو گیا ہے تو ہماری لڑکی چھ ماہ بعد سکول سے فارغ ہو جائے گی تو اس کو اپنے گھر (پاکستان) لے جانا۔ اب لڑکا (محمد اختر) جب واپس پاکستان آنے لگا تو اس نے اپنی بیوی کو کہا کہ اگر تو پاکستان آنا چاہتی ہے تو میرے بھائی جو یہاں امریکہ میں ہیں ان سے بات کر لینا وہ تجھے پاکستان پہنچا دیں گے۔ اب محمد اختر پاکستان آگیا اور لڑکی امریکہ میں ہے۔ نیز نکاح میں پچاس ہزار ڈالر مہر مقرر ہوا تھا مگر محمد اختر نے اپنی بیوی خرم شاہ سے کل مہر معاف کرا لیا اور وصول کے دستخط کروالئے کہ خرم شاہ نے مہر وصول کر لیا ہے۔ اب لڑکی (خرم شاہ) نے امریکہ میں کسی مفتی سے مسئلہ پوچھا تو اس نے کہا کہ تمہارا نکاح نہیں ہوا تم نے گناہ کیا ہے۔ لہٰذا توبہ واستغفار کرو اور دوسری جگہ شادی کر سکتی ہو۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ شرعاً صورت مذکورہ میں نکاح ہوا یا نہیں اور بغیر محمد اختر کے طلاق دینے کے وہ دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے یا نہیں۔ نیز امریکہ کے مفتی کا جاری کردہ فتوٰی بھی ارسال خدمت ہے وہ بھی پڑھ لیں کہ صحیح ہے یا نہیں۔ جواب دے کر عنداللہ ماجور ہوں۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں پیش کردہ نکاح نامہ کے مطابق چونکہ لڑکی سیدہ ہے اور لڑکا اس سے کم درجہ قوم کا ہے۔ لہٰذا مفتٰی بہ روایت کے مطابق یہ نکاح منعقد ہی نہیں ہوا۔ بعد میں اولیاء کی اجازت سے بھی صحیح نہیں ہوا کیونکہ اجازت موقوف کے لئے ہوتی ہے۔ غیر منعقد کے لئے نہیں۔

کما فی الھندیۃ ثم المرأۃ اذا زوجت نفسھا من غیر کفء صح النکاح فی ظاھر الروایۃ عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ وھو قول ابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ اخراً وقول محمد

رحمہ اللہ تعالیٰ اخرا ایضًا حتی ان قبل التفریق یثبت فیہ حکم الطلاق والظہار والایلاء والتوارث وغیر ذلک ولکن للاولیاء حق الاعتراض وروی الحسن عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ ان النکاح لا ینعقد وبہ أخذ کثیر من مشایخنا رحمہم اللہ تعالیٰ کذا فی المحیط۔ والمختار فی زماننا للفتوی روایۃ الحسن اھ ھندیہ ص۲۹۲ ج۱ الباب الخامس فی الاکفاء) فقط واللہ تعالیٰ اعلم محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح بندہ عبدالستار عفی عنہ

## عصبات کے ہوتے ہوئے نانا کو ولایت نہیں ہے

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ غلام محمد و غلام سرور دونوں چچازاد بھائی تھے۔ غلام محمد فوت ہوا تو ایک نابالغہ لڑکی مساۃ راجن مائی چھوڑ گیا جسکی عمر چھ سال ہے۔ غلام محمد کی بیوہ (رحمت مائی) اور خسر نے لڑکی کا نکاح ولی حقیقی غلام سرور کے اذن کے بغیر کردیا بوقت نکاح غلام سرور چھ میل دور تھا۔ اس کو جب علم ہوا تو کئی آدمی لے کر لڑکی کی ماں و نانے کے پاس گیا اور کہا کہ مجھے یہ نکاح منظور نہیں اور نہ ہی اجازت ہے آیا غلام سرور کی اجازت کے بغیر نکاح شرعاً جائز ہوا یا نہیں المستفتی مفتی محمد کلیم اللہ ڈیرہ اڈی

**الجواب** عصبات کے ہوتے ہوئے والدہ اور نانا کو ولایت نکاح حاصل نہیں لہٰذا ان کا کیا ہوا نکاح موقوف ہوگا غلام سرور کی اجازت پر اور اس کے رد کردینے سے ختم ہوگا۔

فلو زوج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازتہ درمختار علی الشامیۃ ص۳۴ ج۲۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ محمد انور عفا اللہ عنہ

## زنا سے پیدا ہونے والی لڑکی کا زانی ولی نہیں بن سکتا

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں ایک عورت طوائف ہے۔ اس عورت کا تعلق ناجائز زید سے رہا۔ زید سے ہی اسے حمل حرام ٹھہر گیا۔ پھر زید نے اس طوائف سے قطع تعلق کرلیا۔ عورت نے پھر بکر سے ناجائز تعلق قائم کرلیا۔ عورت کے بطن سے ایک حرامی لڑکی پیدا ہوئی۔ سن صغر میں ہی بکر نے طمع نفسانی کی وجہ سے باوجود اس کی والدہ کے چیخنے چلانے کے اس لڑکی کا نکاح عمرو سے کردیا۔ اب لڑکی جوان ہوگئی ہے۔ اب نہ تو لڑکی اس ناطہ پر رضامند ہے۔ اور اس کی والدہ کی پہلے سے ہی ناراضگی ہے۔ کیا ایسی صورت میں ولایت بکر جائز متصور ہوکر نکاح درست ہوگا۔ یا کالعدم۔ بینوا توجروا

**الجواب** شخص مذکور لڑکی مذکورہ کے نکاح کا متولی ہی نہیں تھا۔ اس لئے اس کا کیا ہوا نکاح لازم نہیں۔ پس یہ لڑکی اپنی صوابدید کے موافق دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبداللہ غفرلہٗ

بندہ محمد اسحٰق غفراللہ لہٗ
۱۳ / ۹ / ۱۳۸۰ھ

## کیا ولایت میں چھوٹا بڑا بھائی برابر ہیں ؟

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک لڑکی نابالغہ ہے اس کے دو بھائی ہیں، چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی کی عدم موجودگی میں نکاح کردیا۔ اب بڑا بھائی اس نکاح پر راضی نہیں ہے، کیا شرعاً چھوٹا بھائی اور بڑا بھائی ولایت میں برابر ہیں یا نہیں ؟

**الجواب** لڑکی کا بھائی جو نکاح میں شامل تھا اگر وہ اس وقت عاقل بالغ تھا تو پھر یہ نکاح منعقد ہوگیا کیونکہ چھوٹا اور بڑا بھائی ولایت میں مساوی ہیں۔

ھکذا مفہوم من کتب الفقہ۔ لہٰذا بغیر طلاق حاصل کئے لڑکی کا نکاح دوسری جگہ کرنا درست نہیں۔ فقط واللہ اعلم

بندہ اصغر علی عفی عنہ
۱۳۷۲/۳/۳ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ غفرلہٗ

## کوئی عصبہ نہ ہو تو ولایتِ نکاح کس کو ہوگی۔

محمد بخش ولد اللہ بخش جو کہ اللہ یار مرحوم کی خالہ زاد بہن کا بیٹا ہے۔ اس نے اللہ یار مرحوم کی نابالغ لڑکی مسماۃ منظور الٰہی کا عقد مسمی محمد بخش ولد خدا بخش سے کر دیا۔ عقد کے وقت لڑکی کی والدہ کرم خاتون کو نکاح کے لئے راضی کیا تو اس نے کہا کہ اگر میری بڑی لڑکی اور داماد کو راضی کر لو تو میں راضی ہو جاؤں گی مگر محمد بخش ولد اللہ بخش انہیں رضامند کرنے میں ناکام ہوا۔ اس لئے اللہ یار کی بیوی نہ تو نکاح کے وقت راضی ہوئی نہ بعد میں، لیکن نکاح زبردستی کر دیا۔ اور لڑکی کی والدہ کو مار پیٹ کر الگ ایک کمرہ میں بند کر دیا۔ لڑکی کی والدہ کرم خاتون کہتی ہے کہ میں اس نکاح سے نہ راضی تھی اور نہ اس وقت راضی ہوں نہ اپنی لڑکی دینا چاہتی تھی اور نہ اب چاہتی ہوں اور نہ کبھی دوں گی۔ اسی طرح منظور الٰہی کا بھائی جو عقد کے وقت نابالغ تھا اب وہ بالغ ہے وہ بھی اس نکاح پر اپنی عدم رضامندی کا اظہار کرتا ہے۔ شرعاً نکاح ہو گیا ہے یا نہیں اگر نہیں ہوا۔ تو وہ لڑکی اپنا کسی دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب** محمد بخش ولد اللہ بخش کو مسماۃ منظور الٰہی نابالغہ کے نکاح کی ولایت حاصل نہ تھی بلکہ نکاح مذکورہ کی ولایت شرعاً والدہ کو تھی پس محمد بخش کا کیا ہوا نکاح لڑکی کی والدہ کی اجازت پر موقوف تھا جب اس نے رد کر دیا تو یہ نکاح ختم ہو گیا۔ پس صورت مسئولہ میں بر تقدیر صحت واقعہ لڑکی کو یہ حق حاصل ہے کہ دوسری جگہ جہاں چاہے نکاح کرے۔ سابقہ نکاح کالعدم ہے۔

قال فی الدر المختار فان لم یکن عصبۃ فالولایۃ للام ... الخ (ص۴۲۹ ج۲)

ونکاح عبدٍ وامۃٍ بغیر اذن السید موقوفٌ علی الاجازۃ کنکاح الفضولی سیجیٔ فی البیوع توقف عقوده کلہا ان لہا مجیزٌ حالۃ العقد والا تبطل (ص۴۴۹ ج۲) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
محمد عبداللہ غفرلہٗ
مفتی خیر المدارس ملتان

بندہ عبدالستار عفی عنہٗ
۷/۵/۱۳۸۱ھ

## باپ نابالغہ کے نکاح کی ولایت نانا کو دے دے تو اس سے باپ کی ولایت ختم نہیں ہوتی (ایک اہم فتویٰ)

ہمارے بلوچستان کے اکثر خاص کر بلوچ پختون قبائل کے لوگ عورتوں کو بھیڑ بکری جیسے فروخت کرتے ہیں۔ اور اس کے ثمن کو اس عرف میں "لب" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ لیکن جو علماء دیانتدار، متقی لوگ کہلائے جاتے ہیں یہ بجائے "لب" کے حق مہر مقرر کر کے وہ مال واقعی بچی کے حوالے کر دیتے ہیں۔ لیکن انہوں نے اپنے ذاتی مفاد کی خاطر ایک تیسری صورت بھی اختیار کی ہے اور اسی کو مباح کا درجہ دے دیا۔ اور اس کا نفع صرف باپ یعنی سسر کے حق میں ہے وہ مباح کی تیسری صورت یعبّر فی عرفنا بلفظِ "گٹکمی" یعنی پیٹ کا بچہ ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ بوقت منگنی لڑکی کا باپ اپنے داماد کے ساتھ حق مہر مقرر کرنے کے علاوہ یہ شرط بھی لگاتا ہے کہ جس وقت میری لڑکی کا نکاح یعنی خلوت صحیحہ وجود میں آجاوے تو چار لڑکیاں پیٹ والی میری ہیں۔ چاہے میری لڑکی کے بطن سے یا اس کی دوسری بیوی کے بطن سے یا آپ کے بھائی کی بیوی کے بطن سے جب بھی پیدا ہوں۔ تو میری ہیں یعنی چار لڑکیاں پیٹ والی آپ نے پیدا کر کے مجھے دینی ہیں۔ بغیر کسی عوض کے۔ پھر جب یہ بچیاں پیدا ہو جاتی ہیں تو سسر اس کی یوم پیدائش کے چالیس دن کے بعد داماد کے گھر جا کر کہتا ہے

کہ آپ کی بچی اب میری ہے۔ یعنی میرا قبضہ ہوگیا۔ اور داماد کو بھی تسلیم کرنا پڑے گا اور اس شرط کو ہمارے قومی رسم ورواج بلکہ صوبائی حکومت کی قانونی بالادستی حاصل ہے۔ اگر داماد یعنی باپ اپنی بچی کو حوالے کردینے سے انکار کرے تو عدالت کے ذریعے اس سے تسلیم کرایا جائے گا غرضیکہ بچیوں کے پیدا ہونے کے بعد باپ یعنی داماد کی رضا اور عدم رضا کا کوئی اعتبار نہیں۔ خلاصۃ الکلام داماد یعنی باپ کی ولایت من کل الوجوہ اپنی بچی سے منقطع ہوجاتی ہے۔ اور یہی ولایت بعینہٖ نانا یعنی بیوی کے باپ یا اسی کے خاندان کے کسی فرد کی طرف منتقل ہوجاتی ہے: بچی کا نانا جہاں چاہے نکاح کرائے۔ یا فروخت کرے۔ حق مہر مقرر کرے یا نہ کرے۔ باپ کا کوئی اختیار نہیں۔ اب شق نمبر ۱ "لب" کی حرمت، شق نمبر ۲ حق مہر کی حلت پر کوئی اختلاف نہیں۔ لیکن شق ۳ (گنگٹی) بتفصیلہا میں مقامی علماء کا اختلاف ہے۔

الطبقۃ الاولیٰ من العلماء الکرام والصلحاء جو کہ اس فعل کے عملی طور پر مرتکب ہیں۔ وہ اس شرط کو جس کا نتیجہ گنگٹی بن جاتا ہے۔ مباح قرار دیتے ہیں۔ بلکہ بوقت منگنی اس شرط کو مباح صرف وعدہ اور بوقت ولادت بچی اس حیلہ کو جائز اور واجب التسلیم ایفائے عہد بتاتے ہیں۔ اور خلاف وعدہ جرم ہے ممکن ہے الکریم اذا وعد وفیٰ سے استدلال کرتے ہوں گے۔ غرضیکہ ان کے ہاں یہ تدبیر اختیار کرکے جبری طور پر بھی ولایت باپ کو بچی کے حق میں سلب کرنے میں کوئی بڑا گناہ یا کراہت نہیں۔

الطبقۃ الثانیہ من العلماء الکرام اس شرط کو کہ جس کا نتیجہ صورت گنگٹی والی بن جاتی ہے۔ ناجائز بتلاتا ہے وہ فیصلۂ عدالت کو ظلم سے تعبیر کرتے ہیں۔ بلکہ بلا رضائے باپ یعنی داماد کے نکاح منعقد نہیں ہوسکتا۔ اور ہر وہ وعدہ جو خلاف شرع ہو۔ اس کا ایفاء ضروری نہیں۔ اور یہ علماء اس شرط گنگٹی کی حرمت کو شق ۱ "لب" سے زیادہ حرام بتلاتے ہیں۔ بایں معنیٰ کہ لب میں بیع الحر کی حرمت ہے۔ اور شق نمبر ثالث میں گنگٹی میں بیع الحر کے ساتھ بیع المعدوم والی صورت بھی پائی جاتی ہے۔

جناب مفتی صاحب حوالہ کے ساتھ فتویٰ بتائیں کیونکہ ہمارے ہاں باثر علماء کے ذریعہ شق

ثالث یعنی گنگمئ والی صورت کو مباح قرار دیکر اس پرعمل کیا جارہا ہے۔ گویا یہ ایک حیلہ شرعی بن چکا ہے۔ اگر یہ واقعی ناجائز ہے تو اوروں کے لئے قابل تقلید اور حامل نفع دنیوی پر مشتمل ہے۔ ورنہ ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے تفصیلی یا مختصر دلیل کی ضرورت ہے۔ اگر یہ صورت ناجائز ہے۔ تو کیا یہ گناہ کبیرہ ہے یا صغیرہ تو کیا داماد کے انکار پر خلاف وعدہ کا گناہ ہے یا نہیں کیا بصورتِ عدم رضاء داماد یعنی باپ کا نکاح جائز ہوگا یا نہیں۔ تو کیا یہ کوئی حیلہ شرعی ہے یا نہیں۔

**الجواب** اس قسم کے عقد کی جانوروں میں بھی ممانعت ہے چہ جائیکہ انسانوں میں اسے جائز کیا جائے۔ صحیح مسلم شریف میں ہے:

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ نھی عن بیع حبل الحبلۃ۔ قال النووی فی شرحہ واختلف العلماء فی المراد بالنھی عن بیع حبل الحبلۃ فقال جماعۃ ھو البیع بثمن موجل الی ان تلد الناقۃ ویلد ولدھا......... وقال آخرون ھو بیع ولد الناقۃ الحامل فی الحال.......... وھذا البیع باطل علی التفسیرین اما الاول فلانہ بیع بثمن الی اجل مجھول.......... واما الثانی فلانہ بیع معدوم ومجھول وغیر مملوک البائع وغیر مقدور علی تسلیمہ واللہ اعلم اھ (نووی ص۳ ج۲)

امام نووی کی کلام کے مطابق اس بیع میں ممانعت کی کئی وجوہ پائی گئیں ہیں ۱۔ بیع معدوم ہے۔ ۲۔ بیع غیر مملوک ہے۔ ۳۔ بیع غیر مقدور التسلیم ہے۔ اور صورت مسئولہ میں مزید دو وجھوں کا اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ کہ یہ بیع الحر ہے۔ نیز یہ کہ بوقت عقد حمل بھی معدوم ہے۔ تو جب حیوانات میں بیع الحمل ممنوع ہے۔ تو انسانوں میں ایسی بیع کیونکر جائز ہوسکتی ہے۔ بلکہ یہ صریح البطلان ہے۔ لا یشک فیہ عاقل منصف؛ اور اسے صرف وعدہ قرار دینا لغو ہے۔ کیونکہ نفس وعدہ پر عدالتی کارروائی اور حکومتی

جبر جاری نہیں ہوسکتا۔ پس ایسی لڑکیوں کی ولایت نکاح بدستور ان کے والد کو حاصل رہے گی۔ سلب ولایت غلط ہے۔ فقط واللہ اعلم بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## کفاءۃ میں صرف اسلام کا اعتبار ہے یا باقی امور کا بھی ؟

کفوٗ سے کیا مراد ہے اور مہر مثل سے کیا مراد ہے۔ زید کفوٗ کی تفسیر یوں کرتا ہے کہ کفوٗ مشتق ہے، کفاءۃ بالفتح سے بمعنی مساوات اور کہا کہ الکفاءۃ معتبرۃ فی النکاح قال علیہ السلام الا لا یزوج النساء الا الاولیاء ولا یزوجن الا من الاکفاء۔ (ھدایہ اوّلین ص۳۲۵) واذا تزوجت المرأۃ نفسھا من غیر کفوٗ فللاولیاء ان یفرقوا بینھما اھ والاصل فیہ قولہ علیہ السلام قریش بعضھم اکفاء لبعض بطن ببطن الخ ۔ تو زید نے کہا کہ کم قوم والا اعلیٰ قوم والے کا ہم نسب نہیں، جیسے غیر ہاشمی، ہاشمی کا کفو نہیں ہے البتہ عورت نیچی قوم والی ہو۔ اور مرد اونچی قوم والا ہو۔ تو یہ صورت کفوٗ سے بھی اونچی ہے اس لئے یہ جائز ہے، لیکن بکر کہتا ہے کہ کفوٗ اور غیر کفوٗ کے الفاظ جہاں آتے ہیں وہاں اسلام اور غیر اسلام کا فرق ہے مسلمان سب ایک دوسرے کے کفوٗ ہیں لیکن زید کہتا ہے کہ کفوٗ اور غیر کفوٗ کا ذکر مسلمانوں کے اعتبار سے ہے کس کا قول صحیح ہے۔ نیز زید کہتا ہے کہ مہر مثل کی تشریح ھدایہ والی مہر مثلہا یعتبر باخواتھا وعماتھا وبنات اعمامھا۔ الخ صحیح ہے لیکن بکر کہتا ہے۔ یہ صحیح نہیں بلکہ مہر ھستی (طاقت) پر ہے، زید کہتا ہے درست ہے مگر دس درہم چاندی سے کم نہ ہو۔ کس کا قول صحیح ہے (عبد الرشید علی پوری متعلم افتاء)

**الجواب** دونوں امور میں زید کا قول درست ہے۔ فقط واللہ اعلم

بندہ: عبدالستار عفا اللہ عنہ

## عالم باعمل سیدزادی کا کفوٗ ہے۔

واضح ہو کہ ایک سیدزادی فواحش سے بچنے کے لئے بخواہش خود ایک نامرد اُمتی سے نکاح کرے تو کیا شرع شریف میں کوئی رکاوٹ تو نہیں۔ اس کا نکاح کردیا جاوے یا نہ

**الجواب** اگر وہ غیر سید مرد عالم باعمل ہے۔ تو پھر وہ اس سیدزادی کا ہم کفو ہے اور اس کا نکاح اس شخص کے ساتھ ہوسکتا ہے اور ورثاء میں سے بھی کسی کو اعتراض کا حق حاصل نہیں ہوگا۔ اور اگر وہ عالم نہیں

ہے تو پھر اس سیدزادی کا کفوٴ تو نہیں ہے لیکن نکاح پھر بھی اس شخص کے ساتھ صحیح ہے۔ مگر اس صورت میں ورثاء کی رضامندی ضروری ہے۔ اگر اس شخص کے ساتھ وارث نکاح کرنے پر راضی نہ ہوں گے تو نکاح صحیح نہ ہوگا۔ کما فی الشامی ص۲۲۳ ج۲ فالعالم العجمی یکون کفوأ للجاھل العربی والعلویۃ لان شرف العلم فوق شرف النسب۔

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح بندہ محمد عبداللہ غفرلہٗ | بندہ اصغر علی غفرلہٗ ۱۶/۲/۳ھ

## غیر کفوٴ میں نکاح کرنے سے رشتہ دار ناراض ہوں تو بھی کرسکتے ہیں۔

زید، اپنی اولاد کے رشتے غیر برادری اور غیر قوم میں اس بناء پر کرتا ہے کہ اپنی قوم میں نیک ذی علم نہیں ملتے اور اس بارے میں زید کے حقیقی بھائی اور بہن بھی اس کے ہمنوا ہیں لیکن حقیقی چچا اس بات کی وجہ سے ناراض ہوتا ہے اور قطع رحمی اختیار کرتا ہے اور بناء محض دنیا ہے۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ اگر زید ایسا کرے تو گنہگار تو نہیں ہوگا۔

**الجواب** ولو زوج ولدہ الصغیر من غیر کفوٴ بان زوج ابنہ اَمَۃً او ابنتہ عبدا .... جاز، وھذا عند ابی حنیفۃؒ، کذا فی التبیین (ھندیہ ص۱۵ ج۲)

بناء بریں جزئیہ مذکورہ والد کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنی اولاد کا نکاح غیر کفوٴ میں کردے اور والد کا یہ استحقاق کسی دیگر رشتہ دار کی رضامندی کے ساتھ مقید نہیں، جیسا کہ اطلاق جزئیہ سے ظاہر ہے۔ پس والد کا یہ اقدام دونوں صورتوں میں معصیت نہیں، دیگر رشتہ دار رضامند ہوں تو بھی، ناراض ہوں تو بھی۔ پس صورت مسئولہ میں اس جائز اقدام سے ناراض ہو کر اگر کوئی رشتہ دار چچا وغیرہ قطع تعلق کرے تو یہ قطع رحمی رشتہ دار کی جانب سے تصور کیا جائے گا زید کی جانب سے نہیں ہوگا۔ لیکن زید کو چاہئے کہ رشتہ دار مذکور کے ساتھ سابقہ تعلقات بدستور رکھنے میں اپنی طرف سے کوتاہی نہ کرے۔ قال علیہ السلام صِلْ من قطعک (الحدیث) نیز واضح رہے کہ ہر غیر قوم کا غیر کفو ہونا ضروری نہیں۔

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، بندہ خیر محمد عفا اللہ عنہٗ | بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہٗ

## فاسق، فاسقہ بنت صالح کا کفوٴ بن سکتا ہے۔

ایک شریف خاندان کی عورت بغیر اجازت والد کے ایک جاہل اور رذیل خاندان میں نکاح کرلے تو کیا شریعت

مطہرہ اس نکاح کو (جو غیر کفو میں ہوا ہے) جائز کرتی ہے یا نہیں جبکہ عورت کا خاندان علمی پیشہ اور ہر لحاظ سے اعلیٰ خاندان شمار ہوتا ہے۔ البتہ عورت مذکورہ کا چال چلن اچھا نہیں ہے۔ احکام دین کی پابندی نہیں کرتی وغیرہ ـــــ

الجواب صورت مسئولہ میں یہ نکاح بوجہ خیار کفائت کے قابل فسخ نہیں۔ کیونکہ یہ عورت خود فاسقہ ہے۔ اور فاسقہ بنت صالح فاسق شخص کی کفو ہوتی ہے۔ پس عورت مذکورہ کا شخص مذکور سے اپنی رضا و رغبت سے نکاح کرنا کفو میں ہے۔ والدلیل علیہ ما فی الشامیۃ قلت والحاصل أن المفہوم من کلامہم اعتبار صلاح الکل وان من اقتصر علی صلاحہا أو صلاح آبائہا نظر الی الغالب من ان صلاح الولد والوالد متلازمان فعلیٰ ھذا فالفاسق لا یکون کفواً لصالحۃ بنت صالح بل یکون کفواً لفاسقۃ بنت فاسق وکذا الفاسقۃ بنت صالح کما نقلہ فی الیعقوبیۃ فلیس لا بیہا حق الاعتراض لان ما یلحقہ من العار ببنتہ أکثر من العار بصہرہ اھ (باب الکفاءۃ ص ۳۴۸/۲۶)

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | فقط واللہ اعلم |
| بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ | بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہ |

## نیک عالمِ دین اچھے خاندان کا کفو ہے۔

ایک بیوہ نے اپنا نکاح ایک عالم دین دار آدمی سے کیا بیوہ نے کہا کہ اس نکاح کو میرے اولیاء سے مخفی رکھیں کیونکہ وہ کسی دنیا دار سے کر دیں گے۔ اس طرح میرے بچوں کا مستقبل خراب ہو جائے گا۔ اب اس بیوہ کے بھائی اس نکاح کو قبول نہیں کرتے، اس عالم دین دار کا تعلق ایک اچھے خاندان سے ہے جبکہ بیوہ کے خاندان کی کئی لڑکیاں اس عالم دین کے خاندان میں بیاہی گئی ہیں۔ مزید یہ کہ اکثر لوگ بیوہ کے خاندان کو قریشی تسلیم کرنے سے ہچکچاتے ہیں۔ اس دین دار عالم کے پاس جائیداد بھی بیوہ سے زیادہ ہے۔ اس نکاح کا کیا حکم ہے؟ ـــــ (عبدالرحمن میاں چنوں)
منتظم انتار

الجواب صورتِ مسئولہ میں یہ نکاح لازم ہو چکا ہے اور درست ہوا ہے، عورت کے اولیاء اسے فسخ نہیں کرا سکتے کیونکہ یہ کفو میں ہوا ہے۔ فی جامع قاضی خان الحسیب یکون کفواً للنسیب فالعالم العجمی یکون کفوءً للجاھل العربی الی ان قال وزادوا العالم الفقیر یکون کفواً للغنی الجاھل والوجہ فیہ ظاھر لان شرف العلم فوق شرف النسب فشرف المال أولیٰ اھ (شامی ص ۳۴۹/۲) فقط واللہ اعلم احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## کوئی شیعہ اپنے آپ کو سُنی ظاہر کرکے نکاح کرلے تو پتہ چلنے پر اولیاء فسخ کرا سکتے ہیں۔

ایک شخص نے اپنی لڑکی کا رشتہ دیتے وقت اُن کے مذہب شیعہ ہونے پر انکار کر دیا مگر رشتہ لینے والے نے چند آدمیوں کے سامنے حلفاً اقرار کیا کہ میں شیعہ ہرگز نہیں ہوں اس کے بعد اس نے رشتہ کیا۔ دونوں طرف سے نکاح ہو گئے، یعنی رشتہ دینے والے نے اپنی نابالغہ لڑکی کا رشتہ ان کو دیدیا، بعدہٗ کچھ عرصہ وہ زوجہ کو اپنے والدین کے پاس لے جانے کے بہانے سے اُسے گھر لے گیا اور پھر زوجہ کو بالکل محصور رکھا اور اُسے شیعیت پر بھی مجبور کیا اور صحابہ کرامؓ پر سب وشتم ولعنت کرنے لگے اور زوجہ کو کہنے لگے کہ تو بھی سب وشتم کر۔ چونکہ وہ اھل السُنّت والجماعت تھی وہ انکار کرتی رہی وہ لڑکی کو اس کے والدین سے کبھی نہیں ملنے دیتے تھے بہت کوششوں سے اس کا باپ گھر لے آیا، ایک لڑکا اس کا تھا وہ بھی انہوں نے جبراً چھین لیا اب عورت مذکورہ خاوند کے پاس نہیں جانا چاہتی اور نہ باپ شیعہ سُنی ہونے کی وجہ سے بھیجنا چاہتا ہے تو اب شرعاً کیا حکم ہے۔

**الجواب** صورت مسئولہ میں اس شخص نے اپنے آپ کو سُنی ظاہر کرکے نکاح کیا ہے لڑکی اور اس کے وارثان کو اس کے شیعہ ہونے کا علم نہ تھا بلکہ اس نے حلفاً بیان کیا کہ میں سُنی ہوں لہٰذا یہ نکاح غیر کفوء میں ہونے کی وجہ سے فسخ ہو سکتا ہے۔ ہر وہ حاکم مجسٹریٹ یا جج جو مسلمان ہو اس نکاح کو فسخ کر سکتا ہے۔ اسی مضمون کی درخواست لڑکی کے والد کی طرف سے دینی لازم ہے بغیر قضا فسخ نہیں۔ وفی الدر المختار ولو زوجوھا برضاھا ولو لیعلموا بعدم الکفاءۃ ثم علموا لا خیار لاحد الا اذا شرط الکفاءۃ او اخبر ھو بھا وقت العقد فزوجوھا علی ذلک ثم ظھر انہ غیر کفءٍ کان لھم الخیار شامی ۳۴۵۔ فقط واللہ اعلم

سندہ، محمد عبد اللہ غفرلہٗ

# مہر کے مسائل

**حج کرانا بھی نکاح میں مہر بن سکتا ہے** ۔ زید نے ہندہ کو نکاح کا پیغام دیا، ہندہ بیوہ تھی، ہندہ نے کہا کہ میں اس شرط پر نکاح کرتی ہوں کہ میرا مہر یہ ہے کہ آپ مجھے حج کروادیں، چنانچہ نکاح ہوگیا تو کیا یہ نکاح صحیح ہے اور کیا زید کے ذمہ حج کرانا لازم ہے۔ مہر اس کے علاوہ اور کچھ مقرر نہیں ہوا۔ جبکہ حج کی قیمت میں کمی وزیادتی ہوتی رہتی ہے — (المستفتی محمد اسماعیل سرحدی)

**الجواب** اگر حج کروادینے کی شرط پر نکاح کیا جائے اور اس حج کرانے کو مہر مقرر کیا جائے تو یہ نکاح ہوجائے گا اور خاوند کے ذمہ حج کی قیمت ہوگی اور حج کی قیمت کا کم وبیش ہوتے رہنا مفسد تسمیہ نہیں ———

قال في الدر المختار وكذا يجب مهر المثل فيما اذا لم يسم مهرا وفي الشامية ص ۳۶۳ ج ۲ (قوله فيما اذا لم يسم) اى لم يسم تسمية صحيحة أو سكت عنه، نهر (الى قوله) وليس منه ما لو تزوجها على عبد الغير لوجوب قيمته اذا لم يجز مالكه أو على حجة لوجوب قيمة حجة وسط لا مهر المثل الوسط بركوب الراحلة الخ فقط واللہ تعالیٰ اعلم —

الجواب صحیح بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ — محمد انور عفی عنہ — الجواب صحیح بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہ

## مہر مؤجل میں ادائیگی سے پہلے رخصتی کا مطالبہ

مسمّی اللہ وسایا کا نکاح فاطمہ سے ہوا، نکاح کے وقت حق مہر مکان پختہ بمعہ حویلی نلکا، پانچ مرلہ زمین زیورات قیمت تین صد روپے مقرر ہوئی جو کہ نکاح نامہ میں درج ہے مسمّی اللہ وسایا یہ حق مہر ادا کرنے سے انکار کرتا ہے تقریباً ایک سال گزر چکا ہے۔ مسمّی عیسیٰ نے کئی بار کہا ہے کہ حق مہر پہلے ادا کرے گا تو پھر رخصتی شادی وغیرہ ہوگی لیکن مسمی اللہ وسایا انکار کرتا ہے۔ اب شرعاً اس کا کیا حکم ہے ؟ ———

**الجواب** صورت مسئولہ میں اللہ وسایا حق مہر فی الفور ادا کئے بغیر اپنی بیوی فاطمہ مائی کی رخصتی کرا سکتا ہے ولو لم يذكر الوقت للمؤجل يقع ذلك على وقت وقوع الفرقة بالموت او بالطلاق.

(عالمگیری ص ۲۹۸ ج ۱) فقط واللہ اعلم — محمد انور عفی عنہ

## زنا کی اُجرت کو مہر بنانا

ایک مرد کسی عورت کو اُجرت پر لے کر اس سے زنا کرے اس اُجرت کو اس کا مہر ٹھہرائے تو شرعاً اس کو حد لگائی جاوے گی یا نہیں — اور اگر حد کا مستحق نہیں تو معلوم ہوا یہ فعل جائز ہے اگر ناجائز ہوتا تو شرعاً حد لگائی جاتی، کیا یہ متعہ نہیں ہے ؟ —

**الجواب** واضح رہے کہ حد شرعاً وہ سزا ہے جو من جانب اللہ مقرر ہو۔ یہ سزا بعض اوقات شبہ کی بنا پر ساقط ہو جاتی ہے یعنی سو دُرّے لگانا یا سنگسار کرنا، اس کے ساقط ہونے سے آدمی جرم سے بری نہیں ہوتا بلکہ حکومت مختار ہے کہ وہ جو سزا، مناسب سمجھے جاری کرے جیسا کہ کوئی بدمعاش آدمی جانور سے بدفعلی کرتا ہے یا لڑکے سے فعلِ بد کرتا ہے تو اس صورت میں بھی حد نہیں بلکہ حکومت وقت کو اختیار ہے کہ جو سزا از قسم قید یا ضرب وغیرہ مناسب سمجھے دے سکتی ہے تو ایسی سزا کو جو حکومت کے اختیار میں ہوتی ہے تعزیر کہتے ہیں تو کیا حد واجب نہ ہونے سے آپ لواطت بہیمہ کو جائز کہہ دیں گے جس طرح یہ دونوں فعل جائز نہیں ایسے ہی کسی عورت سے زنا پر مستاجری کرنا بھی ناجائز ہے اور متعہ شریعت میں حرام ہے —

نیز واضح رہے کہ عورت کو زنا پر مستاجری کرنے میں امام محمدؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک حد لازم ہے ، امام ابی حنیفہؒ کے نزدیک یہ سخت گناہ ہے اس میں حد لازم نہیں ہے لیکن تعزیر ہے یعنی حاکم کے اختیار میں ہے کہ ایسے مرد و عورت کو جو سزا، مناسب سمجھے دے سکتا ہے۔ چنانچہ بحر الرائق شرح کنز الدقائق ص۱۹ ج۵ میں یہ تفصیل موجود ہے۔ فقط واللہ اعلم —

بندہ محمد عبد اللہ عفرلہٗ خادم الافتاء خیر المدارس ملتان ۲ ۴/۴ ھ

## مکمل مہر دے دیا پھر قبل از دخول طلاق ہو گئی تو نصف مہر واپس لے سکتا ہے

زید نے اپنی لڑکی ہندہ نابالغہ کا نکاح عمر بن بکر سے پڑھا دیا بعوض حق مہر معجل پھر بعد از نکاح عمر کے والد بکر نے اپنا مکان اپنی خوشی و رضامندی سے ہندہ کو بعوض حق مہر مع قطعی تحریر کر دیا اور قبضہ بھی دیدیا عرصہ سے ابھی تک ہندہ اس مکان میں رہائش پذیر ہے ابھی تک ہندہ کے تبدیل پارچات عمر کے ساتھ نہیں کئے گئے ہیں اور اب عمر کا والد بکر دعویٰ کرتا ہے کہ یہ مکان مجھ کو واپس کر دیا جائے کہ ہندہ قبل از

تبدیلِ پارچات حق مہر نہیں لے سکتی ہے لہٰذا یہ بیع نامہ منسوخ کیا جاوے کیا واقعی یہ مکان واپس ہو سکتا ہے جو کہ والدِ عمر نے بعوض حق مہر بیع کر دیا ہے یا نہیں ــــــ

**الجواب** بکر کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ عورت قبل از تبدیلی پارچات مہر کی حق دار نہیں ہوتی بلکہ نکاح ہوتے ہی عورت مہر کی حقدار بن جاتی ہے۔ ہاں خدانخواستہ اگر کوئی ایسی صورت پیش آجائے کہ قبل از وطی یا قبل از خلوت، طلاق تک نوبت پہنچ جائے تو اس صورت میں عورت صرف نصف مہر کی حق دار رہتی ہے اور دوسرا نصف مرد کی ملک میں واپس لوٹ آتا ہے تو اس کی دو صورتیں ہیں ــــــ

(۱) بوقتِ نکاح عورت کو مہر ادا نہ کیا جائے بلکہ مؤجل رکھا جائے ــــــ

(۲) بوقتِ نکاح عورت کو پورا مہر ادا کر دیا جائے تو دوسری صورت میں قبل از وطی طلاق کی نوبت پیش آجائے تو نصف مہر مرد، عورت سے واپس لے گا لیکن اس واپس لینے کی بھی دو صورتیں ہیں ــــــ

(۱) یا تو عورت اپنی رضا سے واپس کر دے ــــــ

(۲) اگر عورت اپنی رضا سے واپس نہ دے تو عدالت میں دعویٰ کر کے واپس حاصل کر لے۔ بلاواسطہ عدالت خود بخود زبردستی لینے کا حق نہیں ــــــ

کما فی الدر المختار علی الشامی ص۴۵۶ ج۲ ویجب نصفہ بطلاق قبل وطء او خلوۃ فلو کان نکحہا علی ما قیمتہ خمسۃ کان لہا النصف وہو درہمان ونصف وعاد النصف الی ملک الزوج بمجرد الطلاق اذا لم یکن مسلما لہا وان کان مسلما لہا لم یبطل ملکہا منہ بل توقف عودہ الی ملکہ علی القضاء او الرضاء الخ ــــــ

لہٰذا صورت مسئولہ میں بکر کو مکان واپس لینے کا تو کسی صورت میں بھی حق نہیں کیونکہ اس کی تو بیع ہو چکی باقی رہا واپسی مہر کا مطالبہ اس کے متعلق ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ خدانخواستہ اگر قبل از وطی طلاق کی صورت پیش آجائے تو چونکہ عورت مذکور کو بوقت نکاح پورا مہر ادا کر دیا تھا۔ اس عورت کی رضا سے یا بذریعہ عدالت نصف مہر واپس لے سکے گا۔ ورنہ واپسی مہر کے مطالبہ کا بھی حق نہیں ــــــ

بندہ اصغر علی غفرلہٗ

خلاصہ یہ ہے کہ صورت مسئولہ میں خاوند مکان کو تو بالکل نہیں لے سکتا کیونکہ وہ حق مہر کی بیع میں آچکا ہے اور حق مہر نقد کی شکل میں بھی نہیں لے سکتا جبتک طلاق قبل از دخول نہ دی ہو۔ اگر طلاق قبل از تبدیل پارچات دیدے

تو آدھا حق مہر لے سکتا ہے ۔ والجواب صحیح

بندہ عبداللہ غفر اللہ لہ

## عورت بخوشی مہر معاف کردے تو باپ کو اعتراض کا کوئی حق نہیں ۔

زید نے اپنی بیوی کا حق مہر چار ہزار روپیہ مقرر کیا۔ مذکورہ مہر عورت شادی کے دو سال بعد چار گواہوں کے رُوبرو بخوشی معاف کر چکی ہے۔ اَب دونوں میاں بیوی راضی خوشی زندگی بسر کر رہے ہیں مگر لڑکی کے والد صاحب کہتے ہیں کہ مہر معاف کرنا ٹھیک نہیں بلکہ اُدا کرو، شرعاً کیا حکم ہے۔؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں برتقدیرِ صحتِ واقعہ مہر معاف ہو چکا ہے اَب عورت یا اس کا کوئی وَلی مہر کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔

للمرأة ان تھب مالھا لزوجھا من صداقٍ دخل بھا زوجھا أو لم یدخل ولیس لاحدٍ من أولیا ئھا اب ولا غیرہ الاعتراض علیھا۔ (کذا فی شرح الطحاوی اھ (عالمگیری ص ۲۷/۲۶)

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہٗ

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہٗ

## والد، مہر کا ضامن ہو تو اسے دینا ضروری ہے ،

محمد سلیم کا نکاح ہُوا، اس وقت تیس ہزار روپے اور ایک مرلہ زمین حق مہر مقرر ہُوا اَب سلیم اپنے والد ابراہیم سے کہتا ہے کہ ایک مرلہ حق مہر زمین اُدا کرو شریعت کے روسے فرمائیں کہ آیا مہر خاوند کے ذمہ ہے یا اس کے والد کے ذمہ جبکہ والد نے زبانی طور پر کوئی شرط و قید نہیں لگائی کہ میں اُدا کروں گا۔ البتہ نکاح نامہ میں والد کی اجازت سے ایک مرلہ مکان کی زمین بطور مہر کے لکھی گئی تھی ۲ محمد سلیم اپنے والد سے اس کی زندگی میں ہی جائیداد کی تقسیم کا مطالبہ کرتا ہے۔ کیا شریعت کی رُو سے محمد سلیم اپنے والد سے جائیداد کا مطالبہ کر سکتا ہے یا نہیں ۔۔۔۔

**الجواب** . برتقدیر صحت واقعہ صورت مسئولہ میں والد کو چاہیئے کہ مکان کا جتنا حصہ بطور مہر لکھوایا تھا وہ یا اس کی قیمت وہ محمد سلیم کی زوجہ کو اُدا کرے مہر کے خانہ میں لکھوانا ایک قسم کی ضمانت ہے اور ولی شرعاً مہر کا ضامن بن سکتا ہے۔ درمختار میں ہے :۔۔۔۔

وصح ضمان الولی مہرھا ولو صغیرۃ وتطالب أیاً شاءت من زوجھا البالغ أو الولی الضامن الخ
ص۳۵۷ ج۲ ۲۔ جب تک والد تندرست ہو اس کی جائیداد اسی کی ملک ہے کسی لڑکے یا لڑکی کا اس میں
کوئی حق نہیں لہٰذا لڑکے کا تقسیم جائیداد کا مطالبہ شرعاً غلط ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

محمد عبداللہ عفی عنہ
۳۰/۴/۱۴۰۸ھ

## مہر کی کم از کم مقدار ۳۵ گرام چاندی ہے،

—— کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارہ میں کہ مہر کی شرعاً مقدار کم سے کم ۱۰ درہم ہے تو موجودہ دور میں ۱۰ درہم کا وزن کلو اور گرام کے اعتبار سے کتنا بنتا ہے؟ ——

**الجواب** دس درہم کا وزن تولوں کے حساب سے دو تولہ ساڑھے سات ماشے بنتا ہے اور گرام کے لحاظ سے ۳۴.۲ گرام بنتا ہے اگر کم از کم مقدار کو مہر بنانا ہو تو احتیاطاً ۳۵ گرام چاندی یا اس کی قیمت کو مہر بنادیں —— فقط واللہ اعلم —

محمد انور عفرلہٗ

## لڑکی والوں کا جہیز بنانے کے لئے رخصتی سے پہلے مہر وصول کرنا۔

ہمارے ہاں عرصہ دراز سے یہ رواج شادی بیاہ کے مواقع پر چلا آرہا ہے کہ لڑکی کا والد یا اس کے سرپرست حضرات لڑکی کا مہر نکاح سے قبل وصول کر لیتے ہیں، کیا شرعاً نکاح سے قبل اس طرح مہر وصول کرنا جائز ہے؟

**الجواب** صورت مسئولہ میں لڑکی کا والد یا سرپرست لڑکے والوں سے مہر کی رقم نکاح سے پہلے شادی کے اخراجات کے لئے لے سکتا ہے کیونکہ ولی مہر پر قبضہ کر سکتا ہے۔

کما فی رد المحتار وفیھا قبض الاب مھرھا وھی بالغۃ أولا وجھز ھا أو قبض مکان المھر عیناً لیس لھا ان لا تجیز لان ولایۃ قبض المھر الی الآباء وکذا التصرف فیہ —— (باب المھر شامی ص۴۱۰ ج۲) فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہٗ

## مَال کے بدلے طلاق حاصل کرنے کے بعد عورت کا مُہر کا مطالبہ کرنا

ایک عورت نے طلاق کا مطالبہ کیا خاوند نے کہا اڑھائی ہزار روپیہ لے کر طلاق دُوں گا، خاوند نے طلاق دیدی، جب پیسے مانگے گئے تو عورت نے مُہر کا مطالبہ کر دیا؟ کیا اس کا مطالبہ درست ہے۔

**اَلجَواب** صورت مسئولہ میں عورت مُہر لینے کی حقدار ہے۔ وقیل الطلاق علی مال مسقط للمہر کالخلع والمعتمد لا۔ (درمختار علی الشامیۃ ص ۵۲۷ ج ۲)

الجواب صحیح
بندہ عبدُالستّار عفا اللہ عنہٗ

محمّد انور عفا اللہ عنہٗ
۲۰ / ۸ / ۱۳۹۸ھ

## مُہر زیور کی شکل میں اُدا کر دیا اور پھر بیوی نے معاف کر دیا تو وہ زیور ترکہ شمار ہوں گے یا نہیں.

جمیلہ بی بی مرحومہ زوجہ عبدالحمید کو ہم نے اس کی زندگی میں مُہر شریعت کی روسے جو بنتا تھا وہ اس کو چاندی کے زیورات کی صُورت میں مُہر کی طرف سے اُدا کر دیا تھا مجمل طور پر، بیوی کے مرتے ہوئے چند عورتوں نے مُہر معاف کرنے کو کہا تو میں نے خود عورتوں کے سامنے اقرار کیا ہے کہ مُہر زیور کی شکل میں اُدا کر دیا ہے۔ اس پر عورتوں نے مرنے والی سے پُوچھا تو مرنے والی بولی کہ میں نے مُہر خوشی سے معاف کر دیا تھا۔ اَب سوال یہ ہے کہ جو زیور مُہر کی شکل میں اُدا کر دیا تھا میں اس کا حقدار ہوں یا کہ نہیں یا میرے بچے حق دار ہیں (المستفتی، عبدالحمید جلالائین)

**اَلجَواب** اگر مُہر بشکل زیور عورت کو اُدا کر دیا تھا تو وہ زیور عورت کے مملوک ہو گئے، عورت کے زبانی معاف کرنے سے وہ خاوند کی مِلک نہیں بنیں گے تاوقتیکہ وہ خاوند کو دے کر قبضہ نہ کرا دے، اگر ھبہ درست بھی ہو تو بھی مرض الوفات میں خاوند کو ہبہ کرنا درست نہیں لہٰذا وہ زیورات عورت کا ترکہ شمار ہو کر اس کے تمام ورثاء میں تقسیم ہوں گے ان میں سے ۱/۴ خاوند کو بھی ملے گا۔ فقط واللہ اعلم۔

محمّد انور عفا اللہ عنہٗ
۱۱ / ۶ / ۱۴۰۳ھ

## باپ لڑکی کا مُہر معاف کر دے تو لڑکی مُطالبہ کر سکتی ہے یا نہیں؟

اگر کوئی شخص اپنی بالغہ بیٹی کی طلاق اس کے مُہر کے عوض بلا اجازت ورضا اور موجودگی کے حاصل کرے

اور ضامن بھی نہ بنے تو کیا لڑکی اپنا مہر وصول کرنے کی مجاز ہے، آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ ظاہراً باپ لڑکی کی طرف سے وکیل ہے لہٰذا وصول کرنے کی مجاز نہیں تو عرض یہ ہے کہ :۔

الدر المختار مع رد المحتار ص۶۱۵ ج۲ کی مذکور ذیل عبارت :۔

خَلَعَ الْأَبُ صغیرته بمالها أو مهرها طلقت فی الاصح کما لو قبلت هی وهی ممیزة ولم یلزم المال لانه تبرع وکذا الکبیرة الا. فان خالعها الاب علی مال (شمل المهر) ضامنا له صح والمال علیه کالخلع مع الاجنبی فالاب أولی بلا سقوط مهر. أی (سواء کان الخلع علی المهر أو علی ألف) لانه لم یدخل تحت ولایة الاب انتهی

ان عبارات میں اور احسن الفتاویٰ وفتاویٰ دار العلوم دیوبند میں اور جامعۃ الاسلامیہ کراچی سے مسائل کے متعلق حاصل کردہ فتاویٰ میں ظاہری وکالت کا اعتبار نہیں کیا گیا بلکہ لڑکی کے لئے وصول مہر کا استحقاق ثابت کیا گیا ہے، جواب بالصواب سے نوازیں۔

**الجواب** لانه لم یدخل تحت ولایة الاب الخ کی تعلیل سے ظاہر ہے کہ اصل مسئلہ یہی ہے کہ والد کو اسقاط مہر وغیرہ کا اختیار نہیں پہلے جواب میں جو کچھ لکھا گیا تھا وہ بصورت وکالت ہے، ہمارے عرف وعادت کے لحاظ سے ایسے معاملات میں عموماً لڑکی کی طرف سے کلی تفویض ہوتی ہے اور وکیل کا طے کردہ قبول ومنظور ہوتا ہے۔ پوری دیانتداری سے فیما بینه وبین الله غور کر لیا جائے اور صورت توکیل کی صوری طور پر بھی اگر پائی گئی تھی تو سابقہ فتویٰ پر عمل کیا جائے۔ ورنہ دوسرے فتویٰ پر عمل کیا جائے، فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبد الستار عفی عنہ

## عورت یا اس کے ورثاء کے پاس مہر کی مقدار کے گواہ نہ ہوں تو مہر مثل دیا جائیگا

ہمارے والد صاحب کی تین عورتوں کی اولاد موجود ہے۔ ایک عورت سے ایک ہی لڑکا ہے جو سب سے بڑا ہے۔ دوسری عورت سے دو لڑکے ایک لڑکی تیسری عورت سے دو لڑکے ایک لڑکی جملہ پانچ لڑکے دو لڑکیاں پہلی اور تیسری عورت زندہ ہیں۔ دوسری عورت فوت ہو چکی ہے دوسری عورت کی اولاد اور تیسری عورت کا آپس میں اتفاق ہے۔ پہلی عورت کے لڑکے کو عرصہ چار سال سے زمین کی پیداوار اور گھر کی ملکیت سے والد کے فوت ہونے کے وقت جو موجود تھی کچھ بھی نہیں ملا۔ والد کو فوت ہوئے عرصہ چار سال ہوا ہے۔ آخر تقسیم ملکیت کے لیے تین امین مقرر کیے گئے تو

ہر ایک حصہ دار کے مطالبات ظاہر ہوئے۔ زمین شرعی موجب تقسیم ہوئی۔ ہر ایک حصہ دار نے قبول کی۔ باقی نقدی ملکیت مبلغ ۱۷۵۰۰/- روپیہ (سترہ ہزار پانچ صد روپیہ) اور مبلغ دس ہزار کے زیورات موجود ہیں۔ دوسری اور تیسری کا حق مہر مبلغ پانچ پانچ ہزار روپیہ تھا۔ تیسری عورت خود اور دوسری عورت کی اولاد طلب کرتے ہیں لیکن کسی کے پاس گواہ موجود نہیں ہیں اور نہ کوئی تحریری ثبوت ہے۔ تیسری عورت بذاتِ خود بھی کہتی ہے کہ پہلی عورت کو طلاق ملی ہوئی ہے۔ جس کا ثبوت بھی کوئی نہیں ہے۔ دوسری عورت کی اولاد اور تیسری عورت کے رشتہ دار مالدار ہیں۔ صرف اسی وجہ سے ان کی بات سچی مانی جاتی ہے۔ پہلی عورت کا صرف ایک بیٹا ہے اور کوئی اس کی طرف سے بات کرنے والا بھی نہیں۔ پہلی عورت اور اس کے لڑکے میں اتنی ہمت نہیں کہ سرکاری طور پر اپنا حصہ لے سکیں۔ اس لیے آپ کو یہ عرض پیش کی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا حقیقت ذہن نشین فرما کر مندرجہ ذیل باتوں کا شرعی فیصلہ عنایت فرما دیں کہ بڑے لڑکے اور پہلی عورت کی حق رسائی ہو سکے جناب کا فتویٰ پنچایت میں پیش کر کے حق رسائی ہو سکے گی۔ کیونکہ چند اشخاص کہتے ہیں کہ جو زیور ہے وہ جو عورت موجود ہے اس کو ملنا چاہیئے۔ دوسری عورت کی اولاد کہتی ہے کہ زیور ہماری والدہ کو پہنایا تھا اس لیے ہمیں ملنا چاہیئے۔ پہلی عورت کا تو خیر نام ہی کوئی نہیں لیتا۔ والد صاحب نے زیور کسی عورت کو بھی حق مہر میں نہیں دیا اور ہر عورت کو یہی زیور پہنایا گیا ہے۔ انہوں کا خیال ہے کہ زیور کی حقدار تیسری عورت ہے۔

**سوالات:** (۱) زیور کس کو ملنا چاہیئے یا کیسے تقسیم ہونا چاہیئے؛ (۲) حق مہر کا ثبوت کیا ہونا چاہیئے اور کس کو ملنا چاہیئے۔ جو حق مہر طلب کرتے ہیں اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے اور نہ وہ طلب کرنے والے گواہ پیش کر سکتے ہیں۔ (۳) دوسری عورت جو کہ فوت ہو چکی ہے اس کی اولاد کو حق مہر ملنا چاہیئے یا نہ۔ (۴) عرصہ چار سال میں جیسا کہ بڑے لڑکے کو پیداوار سے حق اور حصہ نہیں ملا جو خرچ دوسری عورت کی اولاد یا تیسری عورت نے شادی غمی کے وقت کیا ہے وہ والد صاحب کی فوتگی کے وقت والی نقدی میں سے نکال کر باقی تقسیم کی جاوے یا کہ نہ نکالا جاوے۔ صرف بڑے لڑکے یا کہ پہلی عورت کو کچھ نہ دینے کے لیئے اس قدر زیادہ حق مہر کا مطالبہ کیا جا رہا ہے کیونکہ ساری ملکیت دوسری عورت کی اولاد اور تیسری عورت کے قبضہ میں ہے۔ وہ پہلی عورت اور بڑے لڑکے کو نہیں

دینا چاہتے۔ صرف اسی وجہ سے یہ بے انصافی ہو رہی ہے۔

**الجواب**: صورت مسئولہ میں دوسری بیوی کی اولاد اور تیسری بیوی کی خود ذات سے گواہوں کا مطالبہ کیا جاوے جو اُن کے دعویٰ کی تصدیق کریں۔ اگر ان کا دعویٰ پانچ پانچ ہزار کا گواہوں کے ذریعہ پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے تو انہیں دے دیا جائے گا ورنہ مہر مثل دلایا جائے گا۔ مہر مثل کی تفصیل مقامی علماء سے دریافت کرلیں۔ ___ کما فی فتاوی قاضی خان ص ۲۹۰ ج ۳

ابن ادعی مہر امہ فی ترکۃ والدہ قال الشیخ الامام ابوبکر محمّد بن الفضل رحمہ اللہ ان کلفہ القاضی اقامۃ البیّنۃ علی ما ادعی جاز وان عجز عن اقامۃ البینۃ یقضی لہ بمہر مثل ___

۲۔ وفی ردّ المحتار۔ رجل مات وترک اولاداً صغاراً فادعی رجل دینا علی المیت او ودیعۃ وادعت المرأۃ مہرھا۔ قال ابوالقاسم لیس ان یُوَدّی شیئًا والودیعۃ مالم یثبت بالبیّنۃ واما المہر فان ادعت قدر مہر مثلہا دفعہ الیہا ان کان النکاح معروفاً ظاہراً ویکون النکاح شاھدًا لہا۔ پہلے، دوسرے، تیسرے سوال کا جواب آگیا۔

۴۔ دوسری عورت کے لڑکوں اور تیسری عورت کو بذاتِ خود جو کچھ خرچ کرچکے ہیں بشرطیکہ وہ خرچ کفن اور دفن کے معاملہ میں جائز ہو، ترکہ سے لینے کا حق ہے۔ باقی ترکہ تمام وارثوں پر حصہ رسدی تقسیم کیا جائے۔ بڑا لڑکا بھی لینے کا حقدار ہے۔ زیور، نقدی، زمین وغیرہ تمام وارثوں پر شرعی طور پر تقسیم کرنی چاہیئے۔ پہلی بیوی کی طلاق بحالت صحت کا اگر ثبوت نہ ہو تو وہ بھی حصہ رسدی جائیداد زیور، نقدی میں شریک ہے۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح خیر محمد عفا اللہ عنہ ۱۰ بندہ محمد عبداللہ غفرلہٗ ۶/۷/۱۳۹۴ھ

## مہر معجل وصول کرنے کیلئے عورت خاوند کے مطالبہ کا انکار کرسکتی ہے

ایک آدمی حق مہر ادا نہ کرے تو عورت خاوند سے طلاق لے سکتی ہے اور خاوند کو وطی کرنے سے انکار کرسکتی ہے اور اگر خاوند طلاق نہ دے تو عورت کو کیا صورت اختیار کرنی چاہیئے؟

**الجواب**: ایسا مہر اگر خاوند ادا نہیں کرتا جس کی ادائیگی فوری لازم ہو چکی ہو تو عورت کو حق حاصل ہے کہ خاوند کو اپنے قریب آنے سے روک دے۔

قال فی الدر ولها منعه من الوطئ ودواعيه شرح مجمع والسفر بها ولو بعد وطئ وخلوة رضيتهما الیٰ ان قال لاخذ ما بين تعجيله من المهر كله او بعضه او اخذ قدر ما يعجل لمثلها عرفا به يفتی لان المعروف كالمشروط اھ شامیہ ص۳۸۸ ج۲

اور اگر اس تنازع میں عورت کے مطالبہ پر خاوند طلاق دے گا تو یہ طلاق نافذ ہو جائے گی اور مہر خاوند کے ذمہ دین ہے۔ عورت کو اس کے وصول کرنے کا پورا استحقاق ہے۔ جیسے دیگر قرضہ جات وصول کرنے کا اسے استحقاق حاصل ہے۔ حتیٰ کہ عدالتی چارہ جوئی بھی کر سکتی ہے۔ فقط واللہ اعلم

احقر: محمد انور عفا اللہ عنہ ۱۰/۷/۱۴۰۸ھ

## آزاد آدمی کو مہر بنانے کا حکم

زید نے اپنی بیوی کو طلاق دی۔ بیوی سے زید کی ایک بچی ہے۔ مہر پچیس روپے مقرر ہوا تھا۔ زید نے طلاق نامہ میں لکھا کہ میں مہر میں یہی بچی بیوی کو دیتا ہوں۔ کیا یہ درست ہے اور وہ بچی مہر بن جائے گی؟

**الجواب**: مہر کے لیے مال ہونا ضروری ہے۔ آزاد آدمی مال نہیں کہ اسے مہر بنایا جائے۔ لہٰذا مقرر شدہ مہر ادا کرنا ضروری ہے۔ اور اگر وہ اَقَل مہر سے کم ہے تو اقل مہر پورا کرنا ضروری ہے۔

المهر انما يصح بكل ما هو مال متقوم اھ (عالمگیری ص۳۰۲ ج۱)

الجواب صحیح: بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ | فقط واللہ اعلم احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## جنّت کی سفارش مہر نہیں بن سکتی

کیا فرماتے ہیں علماء کرام و مفتیان عظام دریں مسئلہ کہ ہندہ نے زید سے کہا کہ آپ قاری صاحب ہیں اور حفاظ و قراء حضرات کے بارے میں جو فضائل احادیث میں وارد ہوتے ہیں اس میں سے یہ

فضیلت بھی آئی ہے کہ ایک قاری صاحب ان دس آدمیوں کی سفارش کریں گے جن پر جہنم واجب ہو چکی ہوگی۔ لہٰذا میں آپ سے اس شرط پر نکاح کرتی ہوں کہ میرا مہر جنت کی سفارش کرنی ہوگی۔ اب دریافت طلب امور یہ ہیں۔ ۱ یہ نکاح صحیح ہے؟ ۲ جنت کی سفارش کو مہر مقرر کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

بینوا توجروا ___ المستفتی مولانا قاری محمد اقبال صاحب

**الجواب:** صورت مسئولہ میں نکاح منعقد ہوگیا

وأما رکنہ فالایجاب والقبول کذا فی الکافی (عالمگیری ص۲۶۷ ج۱)

البتہ جنّت کی سفارش کو مہر مقرر کرنا درست نہیں۔ اس لیے کہ شریعت نے مال کی ایک مخصوص مقدار کو مہر مقرر کرنا ضروری قرار دیا ہے۔ ثم المھر واجب شرعا ابانۃً لشرف المحل الخ (ہدایہ ص۳۲۳ ج۲)

منھا أن یکون المسمی مالا متقوما وھذا عندنا الی قولہ ولنا قولہ تعالٰی واُحل لکم ما وراء ذلکم شرط ان یکون المھر مالا فما لا یکون مالا۔ لا یکون مھرا فلا تصح تسمیتہ مھرا وقولہ تعالٰی فنصف ما فرضتم امر بتنصیف المفروض فی الطلاق قبل الدخول فیقتضی کون المفروض محتملا للتنصیف وھو المال اھ (بدائع الصنائع ص۲۷۷ ج۲)

جب جنّت کی سفارش مہر نہیں بن سکتی تو مہر مثل لازم ہوگا۔

واذا فسدت التسمیۃ اوتزلزلت یجب مھر المثل اھ (عالمگیری ص۳۰۳ ج۱)

فقط واللہ اعلم محمد انور غفرلہ

## گیارہ سالہ بچی سے خلوت صحیحہ ہو جائے تو وہ پورے مہر کی حقدار ہو جائے گی؟

السّلام علیکم کے بعد عرض ہے کہ بندہ غریب مہاجر ڈیرہ غازیخان میں آباد ہے۔ بندہ نوجوان ہے میرے پاس دو آدمی رشتہ لے کر آئے اور اپنے آپ کو بہت شریف بتلایا اور کہا کہ ہماری لڑکی نوجوان ہے۔ ہمیں رشتہ کرنا ہے۔ میرے بزرگوار قبلہ والد صاحب سے بات چیت ہوئی اور جو شرائط انہوں نے ٹھہرائیں ہم نے منظور کر لیں اور حق مہر ایک ہزار روپیہ عند الطلب باندھا گیا اور کا غذ نان و نفقہ کا بھی لکھا گیا۔ لڑکی کی عمر انہوں نے پندرہ سولہ سال بتائی تھی۔ جب ہمارے گھر دلہن آئی تو معلوم ہوا

کہ انہوں نے دھوکہ دیا ہے اس کی عمر گیارہ بارہ سال ہے۔ ہم نے اس پر خاموشی اختیار کی۔ انہوں نے روانگی کر کے صرف دو دن ہمارے ہاں رہنے دیا اور اس کے بعد دوبارہ لایا گیا تو تین دن کے بعد فوراً ہی آ گئے اور پانچویں روز اس کا چچا ہماری بغیر رضامندی کے لے گیا اور زیور و کپڑا وغیرہ اور پینتالیس ہزار بھی نکال کر لے گئے ہیں۔ تین چار یوم کے بعد لینے گیا تو مجھے صاف جواب دے دیا اور لڑنے مرنے پر آمادہ ہو گئے۔ میں خاموش ہو کر چلا آیا۔ ان کے رشتہ داروں سے معلوم ہوا کہ انہوں نے زیورات بھی رہن رکھ دیئے ہیں اور لڑکی کی بھی طلاق لینا چاہتے ہیں۔ غریب مزدور ہوں۔ ان کا کنبہ بھی زیادہ ہے اور اب انہوں نے مجھ پر حق مہر کا نوٹس دیا ہے اور اس میں میعاد ایک ہفتہ دی کہ حق مہر ادا کرو ورنہ دعویٰ کیا جائے گا۔ تو اب جناب کی خدمت میں التماس ہے کہ آپ قانون شرعی کے موافق فتویٰ عطا فرمائیں تاکہ بوقت ضرورت کام آوے۔

**الجواب**: صورت مسئولہ میں لڑکی جب نکاح کے بعد خاوند کے گھر آئی تو اگر وہ مراہقہ یعنی قریب البلوغ تھی اور صحبت و جماع کے قابل تھی تب جماع کرنے سے یا صرف خلوۃ کرنے سے بھی مہر لازم ہو جاتا ہے۔ اور اگر وہ اتنی چھوٹی تھی کہ جماع کے قابل نہیں تھی یا کسی ایسے مرض میں مبتلا تھی جس کی وجہ سے جماع نہیں ہو سکتا تھا تو حق مہر لازم نہیں ہوا۔ لڑکی کے والدین کا مطالبہ کرنا قبل از بلوغ یا قبل اس حالت کے کہ وہ جماع کے قابل نہ ہو، صحیح نہیں ہے۔

قال فی العالمگیریة والمهر يتأكد باحد معان ثلثة الدخول والخلوة الصحيحة وموت احد الزوجين الخ (ص ۳۰۲ ج ۱)

ثم قال ولا تصح خلوة الغلام الذی لا یجامع مثله ولا الخلوة بصغيرة لا تجامع مثلها۔

لڑکی کے قابل جماع ہونے نہ ہونے میں اس کی جسامت اور قد و قامت کا لحاظ کیا جائے گا۔ عورتوں سے تحقیق کی جائے۔ اگر عادل دو عورتیں شہادت دے دیں کہ جماع کے قابل ہے تب تو اس کی خلوۃ صحیحہ ہو گی اور مہر لازم ہو جائے گا۔

قال فی رد المحتار ص ۳۳۹ ج ۲ وقدرت الاطاقة بالبلوغ وقيل بالتسع والاولى عدم التقدير كما قدمناه۔ ولو قال الزوج تطيقه وأراد الدخول وانكر الاب فالقاضی يريها النساء ولم يعتبر

السن کذا فی الخلاصۃ۔

صورت مسئولہ میں مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ لڑکی والوں سے مصالحت کرنی چاہیئے اگر وہ خلع کریں یعنی حق مہر چھوڑ کر طلاق پر راضی ہو جائیں اور زیورات و پارچات کُل یا بعض واپس کر دیں اور خاوند طلاق دیدے تو بہتر ہو گا۔ فقط واللہ اعلم

بندہ: محمد عبداللہ غفرلہٗ ۵/۴/۴۰۳ھ

## مہر مشروط طور پر معاف کیا ہو تو شرط نہ پائے جانے کی صورت میں معافی ختم ہو جائیگی

مسمّی عمر صدیق اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہتا تھا۔ بیوی نے خوشامد کی کہ مجھے طلاق نہ دو۔ بچے ضائع ہو جائیں گے۔ خاوند نے کہا۔ پھر حق مہر معاف کر دو۔ عورت نے کہا۔ اس شرط پر معاف کرتی ہوں کہ طلاق نہیں دو گے۔ کچھ عرصہ کے بعد خاوند نے طلاق دے دی۔ خاوند نے معافی پر دو گواہ پیش کر دیئے جس کا حاصل بھی معافی معلق ہے۔ آیا شرعاً معاف ہوا یا نہیں۔ عورت لینے کی حقدار ہے یا نہیں۔

**اَلجَوَاب:** اگر واقعۃً مہر کو طلاق نہ دینے کی شرط پر معاف کیا گیا تھا تو طلاق دینے کی صورت میں وہ معافی ختم ہو جائے گی۔

ولو وہبت مھرھا بشرط فان وجد الشرط یجوز وان لم یوجد یعود المھر کما کان.. الخ (عالمگیری ص ۲۷ ج ۲) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح: بندہ محمد عبداللہ ۱۰/۱/۱۴۰۳ھ محمد انور غفرلہٗ

---

## ایک دفعہ مہر معاف کرنے کے بعد دوبارہ مطالبہ نہیں ہو سکتا

صورت مسئلہ یہ ہے کہ حسن جان دختر امر اللہ خان مسمّی حیات اللہ ولد موسیٰ کے ساتھ نکاح کے بعد تقریباً آٹھ سال رہی۔ حق مہر میں دو کنال زمین بنام مسماۃ مذکورہ دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اور انتقال نمبر ۹۱۷ امصدقہ ۶/۱۲/۷۰ ۔ ۱/۸ حصہ بنام مسماۃ مذکورہ ہے جو تصدیق ہو گیا۔ بعد ازاں مسماۃ حسن جان نے محبت ولد رسلہ سے شادی کر لی۔ اس کو بارہ سال کا عرصہ ہو چکا ہے۔ اور اب وراثت کا ۱/۸ حصہ

وصول کر کے مہر کا مطالبہ کرتی ہے جبکہ دو گواہوں کے رُو برو بقیہ معاف کر چکی ہے۔ تو کیا اب مطالبہ کر سکتی ہے۔ بینوا توجروا

اَلجَوَاب: اگر واقعۃً مسماۃ حسن جان نے مہر معاف کر دیا تھا تو اب اسے مطالبہ کا حق نہیں ہے

للمرأة ان تهب مالها لزوجها من صداق دخل بها زوجها أولم يدخل وليس لاحد من أوليائها اب ولا غيره الا عتراض عليها۔ اھ (عالمگیری ص۳۲۶ ج۲)

الجواب صحیح: بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ فقط واللہ اعلم محمد انور عفا اللہ عنہ ۴/۳/۱۴۰۳ھ

## جس مہر کے مؤجل یا معجل ہونے کی تصریح نہ کی گئی ہو۔

بعض اوقات نکاح کے وقت مہر تو مقرر کر دیا جاتا ہے مگر یہ تصریح نہیں کی جاتی کہ یہ معجل ہوگا یا مؤجل۔ تو ایسے مہر کی ادائیگی خاوند پر کب لازم ہوگی؟

اَلجَوَاب: جس مہر کے معجل یا مؤجل ہونے کی کوئی تصریح نہ کی جائے وہ عرف پر محمول ہوگا۔ اگر اس کو معجل سمجھتے ہوں تو معجل ہوگا اور اگر عرف میں وہ مؤجل سمجھا جاتا ہو تو مؤجل ہوگا۔

قال فی التنویر ولها منعه من الوطء والسفر ولو بعد وطء وخلوة رضيتهما لاخذ مابين تعجيله اوقدر ما يعجل لمثلها عرفا ان لم يؤجل وفی الشرح به يفتىٰ لان المعروف كالمشروط

(درمختار ص۳۹۵ ج۲) فقط واللہ اعلم احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## ترکہ تقسیم کرنے سے پہلے مہر ادا کیا جائے

مسمی محمد بخش فوت ہو گیا ہے۔ اس نے ابھی تک اپنی بیوی کا مہر ادا نہیں کیا ہے، صورت مسئلہ یہ ہے کہ آیا اس کے ترکے سے پہلے مہر کی رقم ادا کی جائے گی یا نہیں۔ جیسے کہ باقی قرض خواہوں کو اس کے ترکے سے پہلے قرض ادا کیا جاتا ہے۔ سائل محمد نعمان

اَلجَوَاب: حامدًا و مصلیًا مہر بھی چونکہ میت کے ذمے ایک قرض ہے لہٰذا جب تک

عورت معاف نہ کرے معاف نہیں ہوسکتا لہٰذا میت کے ترکے میں سے دوسرے قرضوں کی طرح مہر بھی ادا کیا جائے گا۔ پھر ترکہ تقسیم کیا جائے گا جیسا کہ عالمگیری میں موجود ہے کہ خلوۃ صحیحہ کے بعد مہر لازم ہوجاتا ہے اور صاحب حق کے بری کرنے سے ختم ہوگا۔

ولا یسقط منہ شئ بعد ذلک الا با لا براء من صاحب الحق ۔(عالمگیری ص۳۰۲ ج۱)

واللہ اعلم بالصواب بندہ محمد اسحاق غفرلہٗ ۱۳/۵/۱۴۱۸ھ

## عیسائی نے خمر یا خنزیر پر نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہوگئے

خاوند اور بیوی پہلے عیسائی تھے اور ان کا مہر اگر خمر یا خنزیر کی صورت میں طے کیا گیا ہو۔ بعد میں دونوں مسلمان ہوجائیں اور مہر ابھی تک ادا نہ کیا گیا ہو تو کیا اب مہر ادا کیا جائے گا؟ سائل: احترام الحق

**الجواب**: اگر تو نکاح کرتے وقت خمر یا خنزیر کو اشارہ کرکے متعین کرلیا گیا تھا پھر تو مسلمان ہونے کے بعد بھی وہی خمر یا خنزیر مہر کے طور پر ادا کیا جائے گا۔ لیکن چونکہ مسلمان کے لیے دونوں چیزوں کا استعمال کرنا مکروہ ہے اس لیے خنزیر کو چھوڑ دیا جائے گا اور خمر کو یا تو بہا دیا جائے گا یا اس کا سرکہ بنالیا جائے گا۔ اور اگر خمر یا خنزیر متعین نہیں تھا تو اب خمر کی قیمت ادا کی جائیگی اور خنزیر کے بدلے مہر مثل ادا کیا جائیگا۔

وان نکحھا بخمر أو خنزیر عین ثم أسلما فلھا ذلک وفی غیر عین فقیمۃ الخمر فیھا ومھر المثل فی الخنزیر۔ شرح وقایہ ص۵۱ ج۲ ، وان کان حراماً للمسلم لکن ھھنا جعل مھراً فی حالۃ کان ذلک جائزاً لہ فیھا ویجب علی المسلم ان یخلل الخمر أو یریقہ ویرسل الخنزیر (حاشیہ ایضاً) واللہ أعلم بالصواب

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ ۱۳/۵/۱۴۱۸ھ

## جو عورت وطی کے قابل نہ ہو اس سے خلوت کے بعد نصف مہر لازم ہوگا

زید نے راشدہ سے شادی کی۔ پہلی ہی رات جب اس کے قریب گیا تو پتہ چلا کہ یہ تو مجامعت کے قابل ہی نہیں۔ مقام دخول بہت ہی تنگ تھا۔ لیڈی ڈاکٹر سے معائنہ کرایا گیا تو پتہ چلا کہ یہ تو عورت ہی نہیں اور مرد کے لائق ہی نہیں ہے۔ زید اسے طلاق دینا چاہتا ہے تو کیا زید کو مہر بھی ادا کرنا ہوگا؟

سائل: محمد طاہر ریزمانی

الجواب: صورت مسئولہ میں زید طلاق دے دے گا تو نصف مہر دینا ہوگا۔

والمهر يتأكد بأحد معان ثلاثة الدخول والخلوة الصحيحة وموت احد الزوجين سواء كان مسمى أو مهر المثل حتى لا يسقط منه شئ بعد ذلك الا بالابراء من صاحب الحق۔ عالمگیری ص ۳۰۳ ج ۱

صورت مسئولہ میں خلوۃ صحیحہ نہیں ہے بلکہ خلوۃ فاسدہ ہے۔

والخلوة الصحيحة أن يجتمعا فى مكان ليس هناك مانع يمنعه من الوطء حسا أو شرعاً أو طبعاً كذا فى فتاوى قاضيخان والخلوة الفاسدة أن لا يتمكن من الوطء حقيقة كالمريض المدنف الذى لا يتمكن من الوطء ومرضها ومرضه سواء هو الصحيح كذا فى الخلاصة۔ عالمگیری ص ۳۰۴ ج ۱ ، فقط واللہ اعلم۔ احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## مرض الموت میں بیوی سے مہر معاف کرانا

ہندہ بیمار تھی۔ مرنے سے قبل اس کے خاوند نے اس سے کہا مجھے کہا سنا معاف کردو اور جو مہر تمہارا میرے ذمہ واجب ہے اسے بھی معاف کردو۔ عورت نے کہا میں معاف کرتی ہوں۔ اس کے چند لمحات کے بعد وہ انتقال کرگئی۔ کیا اس کے اس وقت معاف کرنے سے مہر معاف ہوجائے گا؟

الجواب: مرض الوفات میں معاف کرنا وصیت کے حکم میں ہے اور وارث کے لیے وصیت بدون رضامندیٔ ورثاء درست نہیں۔ لہٰذا اگر سارے وارث اس معافی پر رضامند نہ ہوں تو مہر خاوند کو دینا لازم ہے اور یہ اس متوفیہ کا ترکہ شمار ہوگا جس میں سے بحیثیت وارث خاوند کو بھی حصہ ملے گا۔

فقط واللہ اعلم: احقر محمد انور غفرلہ

## بھینس یا بکری کو مہر بنایا تو کیا چیز دے؟

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارہ میں کہ مسمیٰ محمد عبد اللہ نے اپنی بیوی رخسانہ سے مطلقاً ۲ بھینسوں اور ۴ بکریوں کے مہر کے عوض نکاح کیا۔ اب مہر کیا ادا کیا جائے گا کیونکہ بھینسیں اور بکریاں متعین نہیں کی گئی تھیں۔ المستفتی محمد اسماعیل بنوی

اَلجَوَابُ: محمد عبداللہ کو اختیار ہے چاہے درمیانے درجے کی دو بھینسیں اور چار بکریاں دیدے یا ان کی قیمت دیدے۔ لو تزوجھا علی عبد او فرس او بقر او شاۃ او ثوب ھروی یجب الوسط ان شاء ادّی عینہ وان شاء ادّی قیمتہٗ کذا فی الظھیریۃ اھ (عالمگیری ص۲۳ ج۲)

فقط واللہ اعلم ——— احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## مہر کا ذکر نہ کیا جائے تو نکاح کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ۱۔ نابالغ لڑکی کے والد نے خود آٹھ آدمیوں کے سامنے نکاح پڑھایا۔ ایجاب و قبول کیا۔ لیکن مہر کا تذکرہ نہیں کیا گیا۔ تو کیا نابالغ لڑکی کا نکاح ہو سکتا ہے۔ نیز مہر کے تذکرہ کے بغیر نکاح ہو سکتا ہے ۲۔ اب لڑکی بالغ ہے نہ خاوند نے طلاق دی اور نہ فسخ نکاح کیا۔ کیا اب دوسری جگہ اس کا نکاح ہو سکتا ہے ۳۔ نیز نکاح پر نکاح پڑھانے والے کے پیچھے نماز ہوتی ہے یا کہ نہیں۔ جواب دیں اور اللہ تعالیٰ کے ہاں اجر و ثواب پائیں۔

الجواب: ۱۔ والد کے ایجاب و قبول سے نکاح منعقد ہو گیا ۲۔ مہر کا ذکر کئے بغیر بھی نکاح منعقد ہو جاتا ہے لیکن اس صورت میں مہر مثل ادا کرنا ہو گا۔

وکذا یجب مھر المثل فیما اذا لم یسم مھرا او نفی (درمختار ص۱۹۸ ج۱)

۲۔ دوسری جگہ نکاح کرنے کے لئے پہلے خاوند سے طلاق حاصل کرنا ضروری ہے۔

۳۔ نکاح علی النکاح پڑھانے والا جب تک توبہ نہ کرے اس کے پیچھے نماز درست نہیں۔

فقط واللہ اعلم،
محمد انور عفا اللہ عنہ،
نائب مفتی خیر المدارس۔ ملتان

الجواب صحیح،
بندہ محمد صدیق غفر اللہ لہٗ
۱۲ / ۸ / ۱۳۹۹ ھ

## مہر کے بدلے میں ایک چیز وصول کر کے دوسری کا مطالبہ کرنا

مسمی محمد شریف نے نکاح کیا عائشہ بی بی کے ساتھ تو مسمی محمد شریف کا ۸۔ ۳۲ پر نکاح

منعقد ہوا تو اس رقم کی بجائے اس نے سونے کی انگوٹھی مہر میں ادا کر دی تو لڑکی والوں نے کہا کہ ہمیں سونے کی گانی دے دو تو انھوں نے اپنی مرضی سے گانی لے لی۔ اب کونسی چیز مہر میں ادا کرنی پڑے گی (انگوٹھی یا گانی)۔ (المستفتی محمد اسماعیل علی والہ تحصیل وضلع ملتان)

**الجواب** اگر مہر کے بدلے لڑکی نے انگوٹھی وصول کر لی ہے تو بعد ازاں مزید کوئی دوسرا زیور مہر میں نہیں لے سکتی۔ مہر تو پہلے ادا ہو چکا۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ رئیس دار الافتاء

## بیوی عرصۂ دراز سے میکے بیٹھی ہو تو مہر کا حکم

زید کی بیوی کچھ عرصہ زید کے پاس رہی بعد میں زید کا رویہ بدل گیا۔ بیوی تنگ آکر میکے چلی گئی عرصہ گیارہ سال ہو گئے ہیں وہ میکے ہی ہے کیا وہ اب مہر کا مطالبہ کر سکتی ہے؟

زید اس کے بعد دو شادیاں بھی کر چکا ہے؟

**الجواب** خلوت صحیحہ کے بعد مہر لازم ہو جاتا ہے۔ ادائیگی ضروری ہے دوسرے دیون کی طرح مہر بھی ایک دین لازم ہے نا اتفاقی اور ناچاقی سے یہ دین ساقط نہیں ہوتا عورت کا استحقاق بدستور باقی ہے۔

والمهر يتأكد بأحد معانٍ ثلثة الدخول والخلوة الصحيحة وموت احد الزوجين سواء كان مسمى أو مهر المثل حتى لا يسقط منه شيءٌ بعد ذلك الا بالابراء من صاحب الحق اھ

(عالمگیری ص ۳۰۳ / ۱۲) فقط واللہ اعلم۔

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## اگر زیادتی خاوند کی ہو تو خلع میں مہر واپس لینا مکروہ ہے۔

عورت خلع کا مطالبہ کرتی ہے تو کیا خاوند خلع کر سکتا ہے اور اس صورت میں جو مال

کی پیش کش کی گئی ہو لینا جائز ہے ؟

**الجواب** درخواست میں مدعیہ نے جو خلع کی پیشکش کی ہے اگر خاوند اسے قبول کرلے اور خلع کرلے تو اس سے طلاق بائنہ واقع ہو جائے گی اور جو مال بطورِ بدل خلع طے ہوگا، خاوند اس کے لینے کا حق دار ہے۔ ہاں اگر خاوند کی بدسلوکی سے عورت خلع کرنے پر مجبور ہوئی تو خاوند کو کچھ لینا مکروہ ہے۔

وکرہ تحریما أخذ شئی ویلحق به الابراء عما لها علیه ان نشز وان نشزت لا ولو منه نشوز أیضا ولو باکثر مما اعطاها علی الاوجه فتح وصحح الشمنی کراهة الزیادة وتعبیر الملتقی لا بأس به یفید أنها تنزیهیة (درمختار علی الشامیة ص۶۰۹ ج۲)

| | |
|---|---|
| فقط واللہ اعلم، محمد انور عفا اللہ عنہ | الجواب صحیح بندہ عبدالستار عفی عنہ |

## بہت زیادہ مہر مقرر کیا ہو تو ادا کرنے کا حکم

نکاح کے وقت مہر کی مقدار ڈیڑھ لاکھ رکھی گئی اور یہ اس لئے کیا گیا کہ انسان کے حالات بدلتے رہتے ہیں اگر طلاق وغیرہ ہوجائے تو لڑکی بقیہ زندگی آسانی سے گزار سکے تو کیا وہ سارا مہر دینا لازم ہوگا نہ دینے کی صورت میں آخرت میں سزا ہوگی یا نہیں ؟

**الجواب** جتنا مقرر ہوا ہے ادا کرنا ضروری ہے اِلّا یہ کہ بیوی خوشدلی سے معاف کردے وتجب العشرة ان سمّاها أو دونها ویجب الاکثر منها ان سمّی الاکثر (درمختار) اقوله ویجب الاکثر) أی بالغاً ما بلغ اھ (شامیہ ص۳۵۸ ج۲) فقط واللہ اعلم،

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## سوا بتیس روپے مہر مقرر کرنے کا حکم

عام مشہور ہے کہ مہر سوا بتیس روپے ہے اور یہی مقرر کرتے ہیں۔ کیا یہ درست ہے؟ (محمد عالم کھاد فیکٹری ملتان)

**الجواب** ۱/۴ ۳۲ روپے مہر کی شرعی حیثیت کی کوئی اصل نہیں مہر کی کم از کم مقدار میں اصل اعتبار وزن کا ہے اور وہ دس درہم ہے۔ دس درہم کی چاندی ہمارے مروجہ وزن کے اعتبار سے دو تولے ۱/۲ ۷ ماشے بنتی ہے۔ اتنی مقدار چاندی یا اس کے برابر کوئی بھی مالیت مہر شرعی کی کم از کم مقدار ہے اس سے مزید کم کرنا درست نہیں۔ قیمتوں کے اُتار چڑھاؤ سے اتنی چاندی کی قیمت سوا بتیس روپے بنے تو اسے مہرِ شرعی کہہ سکتے ہیں ورنہ نہیں (أقله عشرة دراهم) لحديث البيهقي وغيره لا مهر أقل من عشرة دراهم ورواية الاقل تحمل على المعجل (فضة وزن سبعة) مثاقيل كما في الزكاة (مضروبة كانت أو لا) ولو ديناً أو عرضاً قيمته عشرة وقت العقد اھ (درمختار) (قوله لحديث البيهقي وغيره) رواه البيهقي بسندٍ ضعيفٍ ورواه ابن أبي حاتم وقال الحافظ ابن حجر انه بهذا الاسناد حسن اھ (شامیہ ص۳۵۷ ج۲)۔ فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

۴ / ۶ / ۱۴۱۳ھ

## مہر اعیان کی صورت میں ہو تو زبانی معاف کرنیکے باوجود واجب فی الذمہ رہے گا:

بیوی حق مہر اپنی ملک میں لئے بغیر معاف کرے تو معاف ہو جائے گا یا نہیں یا عورت کی ملک میں آنا ضروری ہے؟

**الجواب** مہر دین ہو یعنی روپے پیسے کی شکل میں ہو تو بدون قبضہ کئے بھی عورت معاف کر سکتی ہے۔ اور اگر اعیان کی شکل میں ہو تو معاف کرنا درست نہیں

ہو گا یعنی اس کے باوجود واجب فی الذمہ رہے گا

وصح حطها لكله أو بعضه اھ (درمختار) وفی الشامية قيده في البدائع بما اذا كان المهر دينًا اى دراهم أودنانير لان الحط في الاعيان لا يصح اھ (شامیہ ص ۳۶۶ ج ۲) ۔ فقط واللہ اعلم ۔

الجواب صحیح ، محمد انور عفا اللہ عنہ

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## نامرد کی بیوی پورے مہر کی حق دار ہو گی

ایک شخص کی شادی اب سے سات ماہ پہلے ۱۶ مارچ ۹۰ء کو ہوئی ، شادی کے بعد بیوی اپنے شوہر کے پاس رہی ، لیکن شوہر مردانہ بیماری کی وجہ سے حقوقِ زوجیت ادا کرنے سے قاصر رہا ، علاج معالجہ بہت کرایا مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا ۔ اندریں حالت بیوی اپنے شوہر موصوف سے طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے اور حق مہر کی حقدار ہے یا نہیں ؟ (العارض : محمد اشرف ولد محمد اکرم ۔ بیرون بوہڑ گیٹ ۔ ملتان )

**الجواب** برتقدیر صحتِ واقعہ اگر شوہر مردانہ بیماری کی وجہ سے عورت کے حقوق ادا کرنے پر قادر نہیں ہے تو عورت کے لئے اس سے طلاق حاصل کرنے کا مطالبہ درست ہے خاوند کو چاہئے کہ اپنی زوجہ کو طلاق دیدے ۔

فلو وجدته عنينا أو مجبوبا ولم تخاصم زمانا لم يبطل حقها وكذا لو خاصمته ثم تركت مدة فلها المطالبة (درمختار علی الشامیہ ص ۶۹۶ ج ۲)

اور سماۃ مذکورہ پورے حق مہر کی حق دار ہے ۔

والخلوة بلا مانع حسى كمرض لاحدهما يمنع الوطء الى قوله كالوطء فيما يجئ ولو كان الزوج مجبوبا أو عنينا أو خصيا أو خنثى ان ظهر حاله . (درمختار ص ۱۹۹ ج ۱) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفی عنہ

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہ
جامعہ خیر المدارس ملتان

## مہر معجل کا مطالبہ عورت ہر وقت کر سکتی ہے

غیر معجل حق مہر کی خاوند پر یا اسکی وفات کے بعد ورثا ر خاوند پر جو کہ مہر واجب الادا ہے۔ کس وقت اسکی ادائیگی شرعاً خاوند پر لازم آتی ہے یا جس وقت زوجہ اپنا غیر معجل حق مہر چاہے حاصل کر سکتی ہے؟

**الجواب** مہر معجل کا مطالبہ عورت ہر وقت کر سکتی ہے اور غیر معجل کا مطالبہ عرف کے مطابق موت یا طلاق کے وقت کیا جا سکتا ہے پس مہر مؤجل کا مطالبہ عورت اپنی اور شوہر کی حیات میں بدوں طلاق دینے شوہر کے نہیں کر سکتی۔

(کذا فی فتاوی دار العلوم ص ۱۱۴ ج ۱۰)۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح محمد عبداللہ غفرلہ، خادم الافتاء
خیر محمد عفی عنہ، خیر المدارس۔ ملتان

## نکاح کے بعد مہر میں زیادتی کا حکم

نابالغہ لڑکی کا نکاح خاندان کے کسی لڑکے سے برضامندی والد ہوا۔ حق مہر ۳۲ روپے مقرر ہوا۔ اب لڑکی بالغ ہے تو وہ اس مہر پر راضی نہیں بلکہ ۲۵۰۰/- روپے بڑھانا چاہتی ہے اور نکاح کو رجسٹرڈ کرانا چاہتی ہے اور لڑکے والے حق مہر بڑھانے پر تیار نہیں۔ شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب** اگر خاوند یا اس کا ولی عقدِ نکاح کے بعد مہر میں زیادتی کر دیں تو شرعاً یہ زیادتی لازم ہو جاتی ہے لیکن اس زیادتی کا تاکد دخول، خلوت صحیحہ اور موت میں سے کسی ایک سے ہوگا۔ ہندیہ میں ہے۔

فاذا زادها فی المهر بعد العقد لزمته الزيادة.... سواء كانت من جنس المهر أولا من زوج أو من ولی ص ۳۱۲ ج ۱۔

اقل مہر شرعاً دس درہم ہیں جن کا وزن دو تولے ساڑھے سات ماشہ چاندی ہے

بازار کے نرخ کے حساب سے لگانا چاہیئے۔ بتیس روپے مہر مقرر کرنا شرعاً درست نہیں۔

الجواب صحیح، فقط واللہ اعلم،
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ،

## ایک بیوی کو مہر زیادہ دینا چاہے تو پہلی بیوی کو اعتراض کا حق نہیں

الف نے پہلے تین نکاح کئے ہوئے ہیں اور ان کے حق مہر بھی مقرر ہوئے تھے اب الف چوتھی عورت سے نکاح کر رہا ہے اس کا حق مہر پہلی عورتوں سے زیادہ مقرر کر رہا ہے کیا پہلی عورتیں اس پر اعتراض کر سکتی ہیں ؟

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں اگر پہلی تین عورتیں چوتھی عورت کے حسب نسب وغیرہ میں برابر نہیں تو پہلی عورتوں کو زیادتی مہر پر اعتراض کا کوئی حق نہیں کیونکہ چوتھی کا مہر پہلیوں سے زیادہ ہونا چاہیئے اور اگر حسب نسب میں برابر ہوں تب بھی خاوند کو حق ہے ایک عورت سے زیادہ مہر پر نکاح کرے کیونکہ تسویہ صرف ماکول و مشروب میں ...... واجب ہے نہ کہ مہر میں بھی۔

کما یظہر ما نقلہ صاحب البحر (ص ۲۳۴ ج ۳) وفی البدائع یجب علیہ التسویۃ بین الحرتین او الامتین فی الماکول والمشروب والملبوس والسکنیٰ والبیوتۃ۔ فقط واللہ اعلم،

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،
خیر محمد مہتمم مدرسہ عربی خیر المدارس ملتان ۱۵ / ۱۲ / ۷۰ھ

## باپ لڑکی کا مہر وصول کر سکتا ہے

زید نکاح و شادی سے قبل اپنی لڑکی کا مہر بتیس ہزار داماد سے پیشگی وصول کر لیتا ہے اور زید کی لڑکی بالغہ ہے اور پھر زید اپنی لڑکی کی اجازت سے اپنی لڑکی کے

لئے اس بتیس ہزار کی رقم سے جہیز خریدتا ہے اور اسی رقم سے باراتیوں کے لئے کھانا تیار کراتا ہے یہ سب کچھ لڑکی کی مرضی سے ہوتا ہے اور زید کی اس کے جواز پر دو دلیلیں ہیں۔ ۱۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا زرہ کی رقم سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جہیز تیار کرنا ۲۔ حضرت شعیب علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دس سال بکریاں چروانا حاصل یہ کہ زید کا اپنی لڑکی کی مرضی سے پیشگی مہر کو خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب** لڑکی کے باپ کا مہر لینا درست ہے لیکن اپنے صرف میں نہ لائے اور اگر صرف میں لایا تو وہ پھر لڑکی کو دینا پڑے گا۔

لا بی الصغیرة المطالبة بالمھر الخ قال العلامة الشامی (قولہ لا بی) والصغیرة غیر قید ففی الھندیة للاب والجد والقاضی قبض صداق البکر صغیرة کانت او کبیرة الا اذا نھتہ وھی بالغة صح النھی ولیس لغیرھم ذلک۔

(رد المحتار ص۴۰۱ ج۲)

پس اگر باپ نے اسمیں سے بالغ لڑکی کی اجازت سے باراتیوں کے کھانے میں استعمال کیا تو پھر تو لڑکی کے لئے اس کا مطالبہ درست نہ ہوگا۔ البتہ جس قدر روپیہ اس کے لئے جہیز بنانے میں خرچ کیا ہے وہ مہر میں شمار ہو کر اسکی ملکیت میں آگیا ہے۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ

## نکاحِ باطل کے مہر کو نکاح جدید کا مہر بنانا

۱۔ ہندہ کا شرعی نکاح حامد سے ہوا تھا مگر اس کے والد اور دادا کے فوت ہو جانے کے بعد اسکے ماموں نے جاوید سے قانونی نکاح کر دیا۔ جس کے بطن سے دو بچے بھی ہو چکے ہیں تو اس کے بہی خواہوں نے کوشش کر کے حامد سے طلاق حاصل کی تاکہ جاوید کا نکاح دوبارہ کر کے دونوں کو گناہ سے بچا لیا جائے۔ تو صورت یہ ہوئی کہ جاوید ہندہ اور دو گواہوں نے توبہ کر کے دوبارہ نکاح کر لیا کہ گواہوں میں سے ہی ایک

اسکو الفاظ ذیل تلقین کرنے والا تھا کہ کہو کہ میں نے اپنے تن کو بعوض سابقہ حق مہر تیرے ملک کیا اور جاوید نے قبول کر لیا۔

کیا یہ نکاح ہو گیا یا نہ کیونکہ ایک گواہ اس کا رہنما بھی بنا رہا۔ ج، یہ نکاح اگر ہو گیا تو کیا سابقہ قانونی نکاح کے وقت لیا ہوا حق مہر جبکہ شرعاً ایک باطل کام تھا۔ اب حق مہر کا کام دے سکتا ہے یا نیا حق مہر دینا اور مقرر کرنا ضروری ہے۔

ایک شخص دو شادی شدہ عورتوں سے ناجائز تعلق رکھتا تھا اور اس کے احوال اور بچوں کے الوان و شکل وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعی اسکے بچے ہیں۔ اب دونوں عورتیں اپنی اولاد کا باہم نکاح کرنا چاہتی ہیں۔ کیا بوجہ حرمت مصاہرت ان بچوں کو بھائی قرار دیکر نکاح سے روکا جا سکتا ہے (یا الولد للفراش) کے حکم کے مطابق نکاح ہو سکتا ہے۔ وضاحت فرمائیں۔ (حافظ محمد بخش تحصیل و ضلع لیہ)

**الجواب** صورت مسئولہ میں سابقہ مہر کو عوض بنانا صحیح نہیں لہذا میاں بیوی اب کسی مقدار مہر پر اتفاق کر لیں جو کہ اقل مہر سے کم نہ ہو۔ اگر کسی مقدار پر اتفاق نہ ہو سکے تو مہر مثل واجب ہوگا۔

دوسرا نکاح عدت کے بعد ہوا ہے۔ تو وہ نکاح صحیح ہے اور یہ کلام عورت کی طرف سے ہوگی۔ وہ دونوں گواہ بن جائیں گے۔

وکذا یجب مھر المثل فیما اذا لم یسم مھراً أو نفی ان وطئی الزوج أو مات عنھا اذا لم یتراضیا علی شئ یصلح مھرا۔ والا فذالك الشئ ھو الواجب (درمختار علی الشامیۃ ص۳۶۳ ج۲)

۲۔ مذکورہ عورتیں اپنی اولاد کا باہم نکاح کر سکتی ہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح۔ بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ محمد انور عفا اللہ عنہ

---

**وَاَدَا مہر ہی ہے** بعض علاقوں میں یہ ظالمانہ رواج ہے کہ وہ اپنی لڑکی کو شخص کو نکاح میں دیتے ہیں اور ان سے کچھ رقم بطور ذَوَر

..یعنی (دریت بھت) کے لیتے ہیں۔ اور لڑکی سے اذن کے وقت اس سے وکیل پوچھتا ہے کہ وہ اپنے نکاح اور حق مہر کا وارث یا ولی کس کو بناتی ہے وہاں سے کوئی جواب دیتا ہے کہ والد یا بھائی کو نکاح اور مہر کا ولی وارث بناتی ہے۔ بعدہ مولوی صاحب نکاح خواں نکاح پڑھنے سے پہلے اس کو یہ کہہ کر ایجاب وقبول کراتا ہے کہ فلاں بن فلاں۔ فلاں بنت فلاں کے ساتھ اتنی ولور پر نکاح کرتا ہے۔ یہاں چند سوال ہیں۔

۱۔ مہر اور ولور ایک چیز ہیں یا ان میں کچھ فرق ہے ۲۔ وَلُور اگر مہر نہیں تو کیا شوہر اس کو واپس لے سکتا ہے عدالت کے ذریعہ سے ۳۔ مہر لڑکی کا حق ہے یا اُس کے وارث کا۔ ۴۔ اگر وارث نکاح کے وقت یا قبل ازیں حیلۃً اس سے مہر بخشوا لیتا ہے تو پھر عورت طلب کر سکتی ہے یا نہیں ۵۔ اگر عورت کے وارث اس عورت کے نکاح کا عوض سانگ کی شکل میں لینے کا وعدہ لیں اور شوہر اور اسکے عزیز وغیرہ وعدہ کریں کہ اس کے بدلہ میں مہر کے علاوہ ہم آپ سے ایک لڑکی کا نکاح کریں گے بعدہ وہ اپنے اس عوض دینے سے پھر جائیں۔ تو کیا اب یہ معاملہ عدالتِ شرعی میں پیش ہو سکتا ہے۔

۱، ۲ بظاہر وَلُور مہر معلوم ہوتا ہے ۳۔ ۴۔ لڑکی کا حق ہے۔ وارث کو مہر کے تملک کا حق نہیں۔ مہر لڑکی ہی کو ملنا چاہیئے ہاں لڑکی اگر اپنا حق سمجھتے ہوئے بہ طیبِ خاطر وارث کو دیدے تو پھر واپسی کا حق نہیں ۵۔ اگر مہر مثل مقرر کیا گیا تھا اور ... اس کے علاوہ تھا تو عدالتی چارہ جوئی نہیں ہو سکتی۔ فقط واللہ اعلم،

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ،

---

## مہر کو مشروط طور پر معاف کرنے کا حکم

بیوی سے خاوند نے کہا کہ تم مجھے مہر معاف کر دو جو کہ تین ہزار۔ زوجہ نے کہا کہ اس شرط پر معاف کرتی ہوں کہ زیورات جو تم نے مجھے دیئے ہیں میری ملک ہوں گے اور اسکی زکواۃ تم اُدا کیا کرو گے شوہر نے یہ بات قبول کر لی زیورات کی مقدار ۲/۱ ۷ تولہ سونا اور ایک سیر چاندی ہے۔ شوہر کو یہ بات یاد نہ رہی اور ۲۲ سال کا عرصہ گزر گیا

شوہر نے زکوٰۃ ادا نہیں کی اور زوجہ یہ سمجھتی رہی کہ شوہر زکوٰۃ ادا کر رہا ہے کیا اس شرط پر مہر معاف ہو گیا اور یہ جائز ہے کہ زیورات کی مالک عورت ہو اور زکوٰۃ مستقلاً شوہر ادا کیا کرے۔ نیز زکوٰۃ کا حساب کس طرح ہوگا اگر ۲۲ سال کی زکوٰۃ واجب ہے تو ہر سال پوری زکوٰۃ آئے گی یا پہلے سال کی زکوٰۃ منہا کر کے دوسرے سال کا حساب کیا جائے گا ۲۲ سال کے عرصہ میں سونے چاندی کے نرخ مختلف رہے ہیں۔ اسی اثناء میں کچھ زیور فروخت بھی کیا گیا اور کچھ لڑکوں کی شادی کے موقع پر ان کو دے دیا۔ مگر اس عرصہ میں مقدارِ نصاب سے کم نہیں ہوا۔

**الجواب** اس صورت میں مہر معاف نہیں ہوا۔ ھ فی رد المحتار ص ۳۲۵ ج ۴ تحت قول الماتن والا براء عن الدین مانصہ۔ ومن فروعه ما فی البحر عن المبسوط لو قال للخصم ان حلفت فانت بریٔ فهذا باطل لانه تعلیق البرأۃ بخطر وهی لا تحتمل التعلیق الخ۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ امرِ محتمل کے ساتھ تعلیق ابراء درست و نافذ نہیں اور جو مواقع مستثنیٰ ہیں یہ ان میں سے نہیں ہے اور زکوٰۃ مالکۂ مال کے ذمہ تمام سالوں کی واجب ہے اور ابراء عن المہر درست بھی ہوتا تب بھی زکوٰۃ مالکہ کے ذمہ بدستور واجب تھی اور اس صورتِ مسئولہ میں ہر سال کی مقدارِ زکوٰۃ رأس المال سے محسوب اور منہا ہوتی رہے گی۔

فلو کان له نصاب حال علیه حولان ولم یزکه فیهما لا زکوٰۃ علیه فی الحول الثانی (الی قوله) لاشتغال خمسة منه بدین المستهلک الخ (تحت قول الماتن) فارغ عن دین له مطالب من جهة العباد سواءٌ کان للّٰه (شامیہ ص ۵ ج ۲)

اور زکوٰۃ میں جزءِ مال واجب ہے لیکن اداء میں وہ قیمت ادا کی جا سکتی ہے جو زمانۂ اداء کی ہو۔ وفی المحیط یعتبر یوم الاداء بالاجماع وھو الاصح۔ (رد المحتار ص ۲۴ ج ۲ باب زکوٰۃ الغنم)

محمد جمیل الرحمٰن نائب مفتی دار العلوم دیوبند

الجواب صحیح
محمد عبد اللہ عفرلہٗ
مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

## مہر میں جو زمین مقرر کی گئی تھی وہی دینی ضروری ہے

عزیزہ حمیرا کا نکاح محمد اکمل سے ہوا۔ حق مہر میں 5 ایکڑ زرعی اراضی اور 15 ہزار روپے نقد کا اقرار ہوا۔ عزیزہ حمیرا اڑھائی سال محمد اکمل کے گھر آباد رہی اسی دوران سسرال والے اسکو ذہنی اذیت اور پریشان کرتے رہے۔ بالآخر لڑکی اپنے میکے آ گئی۔ تقریباً ایک سال تک لڑکی اپنے والد کے گھر رہی اور اسکو بھائی محمد اکمل اور اس کے گھر والوں میں سے کوئی بھی لینے نہیں آیا۔ $\frac{10}{96}$ ۱۱ کو بروز جمعہ بلا قصور زبانی ۳ تین طلاق دے دیں۔ اس بارے میں درجہ ذیل حقوق کے بارے میں شرعی وضاحت فرمائیں۔

۱۔ سسرال والے کہتے ہیں کہ محمد اکمل نے 15 ہزار روپے نقد حق مہر والے بیوی حمیرا سے معاف کروا لیئے تھے، کیونکہ اکثر سسرال والوں کی یہ عام عادت ہے کہ نئی نویلی دلہن کو بہلا پھسلا کر، ناتجربہ کاری کی وجہ سے حق مہر معاف کروا لیتے ہیں کیا اس قسم کی معافی قابلِ قبول ہے یا نہیں (وضاحت کریں) شکریہ۔

۲۔ دلہن کے والدین کی طرف سے جو زیورات دلہن کو ملے تھے، سسرال والوں نے بھی دلہن کو زیورات ڈالے تھے۔ وہ بطورِ تحفہ، ہدیہ، عطیہ، ہبہ تصور ہوتے ہیں۔ کیا دلہن سسرال والوں کے زیورات کی شرعاً مالک کامل ہے یا نہیں؟

۳۔ دلہن کا سامان سسرال والوں نے استعمال کر کے ناقابلِ استعمال کر دیا۔ اب اس کے بدلے عزیزہ نئے سامان کا مطالبہ کر سکتی ہے یا نہیں؟

۴۔ 5 ایکڑ اراضی زرعی جو بوقتِ نکاح محمد اکمل کے والد کے نام تھی جس کا محمد اکمل کے والد نے اقرار کیا ہے کیا عزیزہ حمیرا اسی رقبے کے لینے کی مجاز ہے یا سسرال والے کہیں کہ ہم کسی اور گاؤں سے خریدیں گے جس کی قیمت اصل رقبہ کے برابر نہ ہو تو عزیزہ اپنی مرضی سے 5 ایکڑ زرعی اراضی بوقت نکاح والی کا مطالبہ کرنے کی حقدار ہے یا نہیں۔ (جواب عنایت فرما دیں۔

المستفتی محمد ایوب سرگانہ

**الجواب** : ۱۔ اگر واقعی عورت نے نقد مہر ۱۵ ہزار روپیہ معاف کر دیا تھا تو وہ

ہوگیا۔ اب اس کا مطالبہ کرنا درست نہیں۔

وفی الھدایة: وان حطت عنه من مهرها صح الحط لان المهر حقها والحط یلاقیه حالة البقاء (ص۳۰۵ ج۲)

۲۔ اگر آپ کے خاندان کے عرف و رواج میں لڑکے والے لڑکی کو زیورات بطور ملکیت دے دیتے ہیں تو ان زیورات کی مالک لڑکی ہے۔

۳۔ جو سامان استعمال ہوگیا اس کا نقصان لڑکے والوں کے ذمہ نہیں ہے جبکہ یہ استعمال لڑکی کی اجازت سے ہوا ہو۔ البتہ اب جو بھی سامان موجود ہو وہ لڑکی والوں کو واپس کرنا ضروری ہے۔

۴۔ اگر نکاح کے وقت یہ تعیین کی گئی تھی کہ 5 ایکڑ زرعی اراضی جو لڑکے کے والد کے نام ہے وہی دینی ہوگی۔ تب تو لڑکے والوں کو وہی دینی ہوگی اور اگر بوقت نکاح تعیین نہیں کی گئی، بلکہ مطلق ۵ ایکڑ زرعی اراضی دینا طے ہوا تھا تو اب متوسط (درمیانی) قیمت کی زرعی اراضی دینی ہوگی یا اسکی قیمت دینی ہوگی۔

کما فی الشامیة: أن المسمی اذا کان من غیر النقود بان کان عرضاً أوحیوانا اما أن یکون معینا باشارة أو اضافة فیجب بعینه أو لا یکون معینا (الی قوله) وان علم نوعه وجهل وصفه (الی قوله) صحت التسمیة وتخیر بین الوسط أو قیمته الخ (ص۳۴۸ ج۱)

الجواب صحیح، بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ،

فقط واللہ اعلم، بندہ عبدالحکیم عفی عنہ،

## انسدادِ مفاسد کے لئے یہ طے کرلینا کہ کوئی اس مقدار سے زائد مہر مقرر نہ کرے،

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین درج ذیل مسائل کے بارے میں کہ

ا۔ ہمارے علاقے میں اکثر لوگ لڑکیوں کا مہر دو لاکھ یا ایک لاکھ پچاس ہزار کے لگ بھگ رکھتے ہیں اور مذکورہ رقم میں سے

تو چیس یا تیس ہزار لڑکی پر خرچ کرتے ہیں باقی رقم خود کھاتے ہیں۔ لہٰذا اگرچہ یہ تعیین شرع
نہیں لیکن سدِ حرام کی خاطر ہمارے علاقے کے علماء کرام اور معتبرانِ قوم نے فیصلہ کیا کہ
کے لئے پچاس ہزار سے زیادہ مہر ممنوع ہوگا؟

مسئلہ نمبر۲:۔ اور یہ بھی فیصلہ کیا کہ جو دو لاکھ یا ایک لاکھ پچاس ہزار پر اپنی لڑکیاں بیچ
چکے ہیں وہ بھی پچاس ہزار سے زیادہ نہیں لیں گے۔

مسئلہ نمبر۳:۔ ہمارے علاقے کے لوگ دُور دَراز فاصلے پر واقع ہیں تو اگر کسی نیک کام کے
لئے یا مذکورہ مسائل مثلاً لوگوں کو جمع کرنے کے لئے ڈھول استعمال کیا جائے اور بغیر ڈھول
کے لوگ کم آتے ہیں اور ڈھول سے علاقہ کے رواج کے مطابق لوگ زیادہ جمع ہوتے ہیں
تو کیا ڈھول کا استعمال اس صورت میں جائز ہے یا نہیں۔

مسئلہ نمبر۴:۔ ایسے مذکورہ مسائل کے اتفاق سے طے ہونے کے باوجود اگر لوگوں نے اور
علماء کرام نے فیصلہ کیا کہ اگر اس فیصلے کی کسی نے مخالفت کی تو سزاوار ہوگا تو اگر کسی عالم دین
نے مخالفت کی تو اس عالم کو سزا دی جا سکتی ہے یا نہیں؟ (المستفتی محمد صالح شاہ قریشی)

**الجواب** ا۔ قوم کا یہ فیصلہ امر مستحسن ہے کیونکہ بیع حر حرام ہے اور مہر میں زیادتی
اگرچہ مشروع ہے لیکن مطلوب شرعی نہیں ہے۔

اما المشروعیۃ فلقولہ تعالیٰ وآتیتم احدٰہن قنطارا
فلا تاخذوا منہ شیئاً (سورۃ النساء) واما عدم المطلوبیۃ فلقول
عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ الا لا تغالوا صدقۃ النساء فانہا لو
کانت مکرمۃ فی الدنیا او تقوی عند اللہ لکان اولاکم بہا
نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ترمذی ص۱۲۹) باب مھور النساء

اور جب ایک مباح در غیر مطلوب شرعی امر مفاسد کا ذریعہ بنتا ہے تو وہ بھی ممنوع ہوتا ہے
کما یشیر الیہ قولہ تعالیٰ لا تقولوا راعنا وقولوا انظرنا الآیۃ

اور کثرتِ مہر بسا اوقات استمناء بالکف، لواطت، زنا وغیرہ کی طرف مفضی ہوتا ہے
اسب ہے کہ زائد نہ لیوے

۳۔ ڈھول آلات غیر مطربہ سے ہے۔ بخلاف الکوبۃ (دو پڑی) ۴۔ ایسے عالم سے تعلقات قطع کرنا ضروری ہے۔ فقط۔ محمد فرید عفی عنہ الشیخ الحدیث ورئیس دار الافتاء حقانیہ اکوڑہ خٹک

امر طلب یہ ہے کہ مذکورہ بالا فتوئی کی آپ مفتیان تصدیق فرمادیں اور اس میں تمام جزئیات کا حوالہ کتاب سے درج فرمادیں۔ (نوٹ) خصوصی توجہ دے کر ممنون فرمائیں۔

**الجواب** آپ کے بڑوں کا یہ فیصلہ (بیع حرہ کے حرام ہونے کی وجہ سے) اس کے مقابلہ میں بنظر استحسان دیکھا جائے گا۔ مہر میں زیادتی کرنا اگرچہ جائز ہے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سنن اور طریقہ کار پر مر مٹنے والے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فرمان (عن عمر بن الخطاب قال الا لا تغالوا صدقة النساء فانه لو كانت مكرمة فی الدنیا او تقوی عند الله لكان اولا كم بها نبی الله صلى الله عليه وسلم ما علمت رسول الله صلى الله عليه وسلم نكح شيئاً من نسائه ولا انكح شيئاً من بناته على اكثر من اثنتى عشرة اوقية) سے یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہے کہ مہر زیادہ مقرر کرنا کوئی خوبی اور قابلِ داد عمل نہیں ہے بلکہ نکاح میں جس قدر تکلفات کم ہونگے اتنا ہی اس نکاح کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت ہی بابرکت قرار دیا ہے۔

عن عائشة رضی الله عنها قالت قال النبی صلى الله عليه وسلم ان اعظم النكاح بركة ايسره مؤنة (الحديث) (مشکوٰۃ ص ۲۶۸ ج ۲)

۲۔ زائد مہر عورت معاف کر سکتی ہے، نکاح میں جو مہر مقرر کیا گیا ہو، وہ تمام عورت کی ملکیت ہے اسکی رضامندی کے بغیر اس سے کچھ لینا حرام ہے۔

۳۔ جو ڈھول دونوں طرف سے چمڑے سے بند ہو۔ اسکی آواز میں طرب اور سرور موجود ہے لہذا اس کا بجانا جائز نہیں ہے۔

۴۔ ایسا عالم اس قابل ہے کہ دیگر اہلِ اسلام اس سے قطع تعلقات کرلیں۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد اسحاق عفا اللہ عنہ
جامعہ خیر المدارس ملتان
۲۰ / ۴ / ۱۴۱۳ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد عبداللہ غفرلہ

الجواب صحیح
محمد انور
۲۱ / ۴ / ۱۴۱۳ھ

الجواب صحیح،
بندہ عبدالستار

# قسم بین الزوجات : نفقہ : حضانت

## اگر کوئی عورت اپنی باری خوشی سے چھوڑ دے تو جائز ہے۔

(۱) ایک شادی شدہ مرد کسی بیوہ عورت سے اس شرط پر نکاح کرتا ہے کہ رات کا قیام میری (خاوند) کی مرضی سے ہوگا اور نان نفقہ دینے کا کوئی پابند نہیں ہوں گا، عورت کہتی ہے کہ مجھے یہ شرائط منظور ہیں تو کیا ایسا کرنا جائز ہے یا مرد کو دونوں بیویوں میں برابر کے حقوق دینے پڑیں گے۔

(۲) تین طلاق دینے کے بعد مرد، عورت دوبارہ ملنا چاہیں تو کیا مل سکتے ہیں اور اس کی کیا صورت ہے

(۳) برتھ کنٹرول یعنی منصوبہ بندی کیا جائز ہے۔

**الجواب** اگر واقعۃً ایک بیوی خوشی سے اپنا حق ساقط کرتی ہے تو درست ہے۔

ولو ترکت قسمها ای نوبتها لضرتها صح ولها الرجوع فی ذلک اھ (در مختار علی الشامیہ ص۴۳۵ ج۲)

(۲) جس عورت کو تین طلاق ہو جائیں اسے بدوں حلالہ و نکاح جدید گھر آباد نہیں کر سکتے۔ لقولہ تعالیٰ:

فان طلقها فلا تحل لہ من بعد حتی تنکح زوجا غیرہ (الآیۃ)

(۳) بعض صورتوں میں مثلاً عورت حمل کی متحمل نہ ہو یا اور کوئی شرعی مجبوری ہو تو منع حمل درست ہے۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ | محمد انور عفا اللہ عنہ

## گذشتہ راتوں کی تلافی کا حکم

زید نے دوسری شادی کی تو زیادہ تر دوسری بیوی کے پاس ہی رہنے لگا، پہلی بیوی کے پاس کبھی کبھی آتا اور کچھ خرچ دے کر چلا جاتا۔ اب وہ تبلیغی جماعت میں جانے لگا تو اسے احساس ہوا اور اس نے پہلی بیوی سے معافی مانگی اور وہ عہد کرتا ہے کہ اب وہ انصاف کرے گا دریافت یہ کرنا تھا کہ سابقہ عرصہ میں جو وہ پہلی بیوی کی حق تلفی کرتا رہا ہے تو کیا زید پر لازم ہے کہ اب وہ اتنی راتیں پہلی بیوی کے پاس گذارے جتنی کہ وہ دوسری کے پاس گذار چکا ہے؟

**الجواب** زید آئندہ کے لئے انصاف کرے سابقہ غلطی کی اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے اور پہلی بیوی کو بھی راضی کرلے، گذشتہ ایام کی تلافی ایام کے ذریعہ زید پر لازم نہیں ـــــــ

ولو اقام عند واحدة شهرا فی غیر سفر ثم خاصمته الاخریٰ فی ذلک یؤمر بالعدل بینهما فی المستقبل وهدر ما مضی وان اثم به لان القسمة تکون لعد الطلب (دقوله هدر ما مضی) فلیس لها ان تطلب ان یقیم ---------- عندها مثل ذلک ط عن الهندیة والذی یقتضیه النظر ان یؤمر بالقضاء اذا طلبت لانه حق آدمی وله قدرة علی ایفائه فتح واجاب فی النهر بما ذکره الشارح من التعلیل قال الرحمتی ولانه لایزید علی النفقة وهی تسقط بالمضی اھ (شامیہ ص۲۲۴ ج۲) فقط واللہ اعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

۶ / ۹ / ۱۴۱۲ھ

---

## کیا مجنونہ بیوی کے حقوق بھی وہی ہوں گے جو صحیحہ کے ہیں ۔

ایک شخص نے تقریباً تیس سال قبل ایک عورت سے شادی کی ، شادی کے بعد دوسرے بچے کی پیدائش پر عورت کمزور ہوگئی ۔ اور تیسرے بچے کو جنم دینے کے بعد عورت کی ذہنی حالت بالکل خراب ہوگئی اور وہ اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھی ، اس کے خاوند مذکور نے حتی الامکان علاج معالجہ کی کوشش کی مگر عورت کے ذہنی طور پر ٹھیک نہ ہونے پر خاوند نے دوسری شادی کرلی اور مذکورہ عورت کو اپنے میکے بٹھادیا ۔ اس عورت نے تقریباً تیس سال کا عرصہ کسمپرسی بیچارگی اور ناداری کی حالت میں گذارا ، اس کا خاوند کچھ عرصہ تو اس کی خبر گیری کرتا رہا ۔ مگر پھر سب کچھ دینا اس نے بند کردیا ۔ اس کی اولاد مذکور تین بچوں میں سے ایک لڑکا زندہ رہا ۔ جب کہ دو بچے ایک بیٹا اور ایک بیٹی فوت ہوگئے ۔ وہ لڑکا اپنے والد کے پاس پلا بڑھا ، لکھا پڑھا ، اس کے والد نے اس کی حتی الامکان پرورش تعلیم و تربیت کی ، اسے لکھایا پڑھایا اور برسر روزگار کرایا ۔ اس کے بعد عورت مذکور کے والدین کے فوت ہونے پر اس کا بیٹا چونکہ خود مختار ہوچکا تھا ، اس لئے وہ اپنی والدہ کو اپنے علیحدہ مکان میں لے آیا ـــــــ

۱۔ تیس سال کی جدائی کے بعد اور حق شوہریت اور حق زوجیت ادا نہ کرنے کے باوجود بھی نکاح باقی ہے ؟

۲۔ نکاح باقی ہونے کی صورت میں اور تاحال مذکورہ کی دماغی معذوری کی حالت میں دونوں کے کیا حقوق و فرائض ہیں ؟

۳۔ نکاح باقی ہونے کی صورت میں شوہر کے ذمہ کیا نان ونفقہ یا خرچ وغیرہ ہوگا ـــــــ

۴۔ شوہر مذکور کے مطابق کہ اس نے اپنی سابقہ بیوی کے بیٹے کو پالا پوسا پڑھا لکھا کر برسرِ روزگار بنایا۔ لہٰذا اس کے ذمے اب یا قبل ازیں سابقہ بیوی کا کوئی حق نان ونفقہ واجب نہیں ہے، کیونکہ پہلے اس کے بیٹے کی پرورش کرتا رہا۔ اب اس کا بیٹا جوان ہوگیا ہے۔ اُس کی کفالت کرسکتا ہے۔ کیا اس کی یہ دلیل صحیح ہے۔ یا اس مَرد کو اس کی موجودہ بیوی بچوں کی طرح اس کا بھی خیال رکھنا چاہیئے ـ

۵۔ عورت مذکورہ کے والدین کی وفات پر وراثت کے طور پر آئی ہوئی جائیداد مثلاً قطعۂ زمین وغیرہ کا حقدار اس کے معذور ہونے کی وجہ سے کون ہے۔ اس کا خاوند (جوکہ بَری الذمہ ہوگیا ہے) یا بیٹا جس کے پاس رہ رہی ہے یا اس کے بہن بھائی وغیرہ یا وہ خود اگر وہ خود ہے تو اس کی کیا صورت ہے کہ کس طرح استعمال کریں ـــــ

**الجواب** اُب بھی نکاح باقی ہے نان ونفقہ میں خبرگیری نہ رکھنے کی وجہ سے گنا۔گار ہوگا۔ البتہ سابقہ خرچ کا قضاءً مطالبہ نہیں کیا جاسکتا قال فی الہندیۃ: اذا خاصمت المرأۃ زوجھا فی نفقۃ ما مضیٰ من الزمان قبل ان یفرض القاضی لھا النفقۃ وقبل ان یتراضیا علی شئ فان القاضی لا یقضی لھا بنفقۃ ما مضی عندنا کذا فی المحیط (عالمگیریہ ص۵۴۸ ج۱)

(۲)۔ جب تک مذکورہ عورت، مذکورہ خاوند کے نکاح میں ہے۔ اس وقت تک دونوں بیویوں میں نان ونفقہ اور رات گزارنے میں مُساوات کرنا واجب ہے بشرطیکہ رات گذارنے میں اپنے نفس پر خطرہ نہ ہو، صورت مسئولہ میں بظاہر یہ خطرہ نہیں ہے کیونکہ وہ ایک عرصہ تک اپنے اقرباء میں رہی ہے۔ اب بھی اپنے بچے کے ساتھ رہتی ہے عالمگیریہ ص۳۴۰ ج۱ پر ہے:۔ ومما یجب علی الازواج للنساء العدل والتسویۃ بینھن فیما یملکہ والبیتوتۃ عندھا ـــــ (الیٰ ان قال) فیسوّی بین الجدیدۃ والقدیمۃ والمجنونۃ التی لا یخاف منھا الخ

۵ـــ جو زمین وغیرہ مجنونہ کو والدین کے ترکہ سے ملی ہے وہ اس کی مملوک ہے، دیکھ بھال، نگرانی کا حق اس کے لڑکے کو ہوگا۔ اقرب الاولیاء الی المرأۃ الابن الخ (عالمگیریہ ص۹ ج۲)

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح | فقط واللہ اعلم |
| بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ | بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ |

## بیوی کھانا پکانے کی اجرت نہیں لے سکتی

ایک شخص کی دو بیویاں ہیں۔ دونوں الگ الگ مکان میں قیام پذیر ہیں۔ بچوں کی نسبت دونوں کو نان ونفقہ برابر تقسیم کیا جاتا ہے۔ ان دونوں بیویوں میں سے ایک خاوند کی خدمت از قسم روٹی پکا کر کھیت پہنچانا وغیرہ کرتی ہے جو صبح وشام کا پانچ میل سفر بن جاتا ہے اور کپڑے وغیرہ دھونا جبکہ دوسری بیوی کا اس خدمت میں کوئی حصہ نہیں۔ آیا خدمت گزار بیوی نان ونفقہ کے علاوہ کس قسم کے صلہ کی مستحق ہے؟ بچوں کی تعلیم اور علاج ومعالجہ بھی کیا نان ونفقہ کے علاوہ خاوند کے ذمہ ہے؟ بچوں کی شادی ونکاح بھی خاوند کے ذمہ ہے؟

**الجواب**: خاوند کی خدمت دیانۃً عورت پر لازم ہے پس روٹی وغیرہ پکانے کا معاوضہ لینا درست نہیں ہوگا۔ لہٰذا مساوی نفقہ دیا جائے۔ استاجر امرأته لتخبز له خبزا للاکل لم یجز — اھ

لان ھذا العمل من الواجب علیھا دیانۃً۔ اھ۔ وافاد المصنف آخر الباب ان استیجار المرأۃ للطبخ والخبز وسائر اعمال البیت لاینعقد نقلہ عن المضمرات (الدر المختار مع الشامیہ ص ۹۲۳) (۲) ماں باپ کے ذمہ یہ سب اخراجات لازم ہیں جبکہ تعلیم بھی دلانا چاہیئے۔ نکاح، شادی کے اخراجات بھی باپ اخلاقاً ادا کرے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ ۱۶/۱۰/۱۳۹۵ھ

## ناشزہ کے نفقہ کا حکم

اگر بیوی شوہر کی اجازت کے بغیر اپنے ماں باپ کے گھر چلی گئی تو کیا اس کا خرچہ دینا پڑے گا؟

**الجواب**: صورت مذکورہ میں اگر بیوی خاوند کی نافرمانی کرتی ہے اور اس کی اجازت کے بغیر گھر سے چلی گئی ہے تو خاوند پر اس کا نفقہ واجب نہیں ہے۔ وان نشزت فلا نفقۃ لھا حتی تعود الیٰ منزلہ۔ (ہدایہ اولین ص ۱۱۸) فقط واللہ اعلم؛ محمد انور غفرلہ۔ الجواب صحیح عبد الستار عفی عنہ

## بچوں کی دینی تعلیم کا خرچہ خاوند کے ذمہ واجب ہے

کیا بچوں کی پڑھائی کا خرچہ خاوند کو الگ دینا پڑے گا؟

**الجواب**: بچوں کا دینی تعلیم کے دوران سارا خرچہ باپ کے ذمہ واجب ہے اور دنیاوی تعلیم کا خرچہ باپ پر نہیں ہے۔

وکذا طلبة العلم اذا کانوا عاجزین عن الکسب لا یهتدون الیه لا تسقط نفقتهم عن آبائهم اذا کانوا مشتغلین با لعلوم الشرعیة لا با لخلافیات الرکیکة وهذیان الفلاسفة ولهم رشد والا لا تجب کذا فی الوجیز للکردری۔ (عالمگیری ص ۵۶۳ ج ۱) | فقط واللہ اعلم : محمد انور

## بیوی سفر پر جائے تو نفقہ اور کرایہ کی مستحق ہو گی یا نہیں؟

بیوی سفر پر جائے تو نفقہ اور کرایہ کی مستحق ہو گی یا نہیں۔ حج کا سفر ہو یا کوئی اور۔ خاوند ساتھ ہو یا نہ ہو؛ تفصیل سے ارشاد فرمادیں۔ اگر ایک بیوی کے علاج پر کچھ خرچ کیا جائے تو کیا اتنے پیسے دوسری بیوی کو دینے ضروری ہیں۔ ——— آفتاب احمد، جدّہ سعودی عرب

**الجواب:** واضح رہے کہ بیوی کا سفر کرنا کئی قسم پر ہے اور ہر ایک کا حکم جداگانہ ہے۔ اس لیے تفصیل ضروری ہوئی۔ سفر ۱ خاوند کی اجازت کے بغیر بلا عذر شرعی بیوی سفر کرے ایسی بیوی ناشزہ ہے نان ونفقہ کی بھی مستحق نہیں، چہ جائیکہ کرایہ کی مستحق ہو۔ درمختار میں ہے۔ لا نفقة لاحد عشر مرتدة الی قوله وخارجة من بیته بغیر حق وهی الناشزة حتی تعود ولو بعد سفره (الی ان قال) وحاجة ولو نفلاً لا معه ولو بمحرم لفوات الاحتباس ولو معه فعلیه نفقة الحضر خاصة لا نفقة السفر والکراء اھ قلت لا یخفی أن هذا اذا خرج معها لاجلها اما لو اخرجها هو یلزمه جمیع ذالک (شامیہ ص ۲۰۲ ج ۲)

سفر ۲: خاوند کی اجازت سے اپنے کام اور غرض کے لیے سفر کرے۔ جبکہ خاوند ساتھ نہ ہو۔ تو کرایہ کی بالاتفاق مستحق نہیں۔ اگرچہ یہ سفر عورت پر فرض ہی کیوں نہ ہو مثلاً حج فرض کے لیے کسی محرم کے ساتھ سفر کر رہی ہو اور سفر حج فرض میں استحقاق نفقہ کے بارے میں اختلاف ہے حضرت امام محمدؒ کے قول پر استحقاق نہیں۔ وهو الاظهر کذا فی السراج (هندیہ ص ۴۳۲ ج ۱) اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک استحقاق ہے لیکن کرایہ کا بالاتفاق استحقاق نہیں۔ امام ابو یوسفؒ کے قول کی وضاحت کرتے ہوئے صاحب بدائع لکھتے ہیں۔ تفرض لها نفقة الاقامة لا نفقة السفر لان الزوج لا یلزمه الا نفقة الحضر فاما زیادة المؤنة التی تحتاج الیه المرأة فی السفر من الکراء ونحو ذالک فهی علیها لا علیه۔ اھ (بدائع ص ۳۲ ج ۴) اور حج تطوع ہو

یا کوئی دوسرا سفر ہو تو بھی بالاتفاق نفقہ کی مستحق نہیں۔ ہندیہ میں ہے۔ اما اذا حجت للتطوع فلا نفقۃ لھا اجماعاً اذا لم یکن الزوج معھا ھکذا فی الجوھرۃ النیرۃ (ہندیہ ص۵۴۴ ج۱)
پس کرایہ کا بطریق اولیٰ استحقاق نہیں ہوگا۔

سفر ۳: بیوی اپنے حج فرض یا تطوع وغیرہ کے لیئے خاوند کے ہمراہ سفر کر رہی ہے تو نفقہ حضر کی مستحق ہے۔ نفقہ سفر اور کرایہ کی پھر بھی مستحق نہیں۔ واما اذا حج الزوج معھا فلھا النفقۃ اجماعاً وتجب علیہ نفقۃ الحضر دون السفر ولا یجب الکراء ھکذا فی فتاوی قاضیخان (ہندیہ ص۵۴۴) حج نفل کا بھی یہی حکم ہے۔ (ہندیہ بحوالہ بالا)

سفر ۴: خود خاوند بیوی کو سفر پر لے جائے یا اسے اپنے کام کے لیئے خاوند بھیجے تو اس سفر میں پورے اخراجات مع کرایہ خاوند کے ذمے واجب ہوں گے جیسا کہ پہلے بحوالہ شامی گذرا اور خاوند کو یہ حق حاصل ہے کہ جس بیوی کو چاہے سفر پر لے جائے۔

سفروں کی تفصیل بالا کے پیش نظر یہ محقق ہوا کہ اول قسم کے تین سفروں کا کرایہ خاوند کے ذمے واجب نہیں پس اگر خاوند نے ایسے سفر کا کرایہ ایک بیوی کو دیا ہے تو یہ عطیہ ہے۔ اتنی مقدار کی دوسری بھی مستحق ہے۔ پہلی سے واپس نہیں لیا جا سکتا البتہ دوسری کو اپنی جیب سے دے اور سفر ۴ میں ایک بیوی کو کرایہ دیا ہے تو دوسری اس کی مستحق نہیں۔ باقی جزئیات اس پر منطبق کرلی جائیں۔ اور "ذہاب وایاب" زوجہ کا کرایہ ہر صورت میں خاوند کے ذمے کہنا درست نہیں۔ بذل المجہود میں لکھا ہے کہ عطیہ میں عدل مطلوب ہے جیسا کہ خوراک و پوشاک وغیرہ۔ واللہ اعلم۔ (۲) علاج بھی چونکہ شرعاً خاوند کے ذمہ نہیں لہٰذا علاج کے لیئے جو رقم ایک بیوی کو دی گئی ہے وہ شرعاً دوسری کو بھی دی جائے حکومت کی طرف سے ملنا یہ خاوند کا عطیہ شمار نہ ہوگا۔ علاج کے بارے میں اگر کسی قابل اعتماد مفتی کا فتویٰ یہ مل جائے کہ خاوند کے ذمے واجب ہے تو اس فتویٰ کے مطابق برابری ضروری نہیں ہوگی بلکہ بوقت بیماری معالجہ کافی ہوگا۔ خواہ ایک پر زیادہ خرچ ہو اور دوسری پر کم ہو۔ فقط واللہ اعلم۔ بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۶/۶/۱۴۰۲ھ

## خاوند بیوی کو ہر قسم کی ملازمت سے روک سکتا ہے

بیوی ملازمت کرنا چاہتی ہے اور شوہر اجازت نہیں دیتا۔ تو کیا اجازت کے بغیر ملازمت کر سکتی ہے؟

**الجواب**: صورت مسئولہ میں بیوی کو ملازمت کرنا جائز نہیں ہے۔

وينبغي عدم تخصيص الغزل بل له أن يمنعها من الاعمال كلها المقتضية للكسب لانها مستغنية عنه لوجوب كفايتها عليه ۔ شامی ص۶۲۲ ج ۲

فقط واللہ اعلم ۔ بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

## قانوناً بیوی کے علاج معالجہ کا خرچہ خاوند کے ذمہ نہیں

بہشتی زیور اور دوسری کتب فقہ میں زوجہ کے نان ونفقہ اور کسوۃ کو خاوند کے ذمہ واجب لکھا ہے ساتھ ہی یہ لکھا ہے کہ زوجہ بیمار ہوجائے تو اس کے علاج معالجہ کا خرچ شرعاً شوہر پر واجب نہیں ۔ بلکہ اپنے مال سے کرے ۔ ہاں شوہر متبرعاً علاج کا خرچہ برداشت کرے تو اس کا احسان ہے ۔ بندہ نے طلبہ کو یہ مقام پڑھایا تو انہوں نے اشکال کیا کہ دکھ، بیماری انسان کے ساتھ لگی ہوئی ہے بعض دفعہ علاج، ڈاکٹر دل کی فیس اور آپریشنوں پر ہزاروں روپے لگ جاتے ہیں ۔ تو بیچاری زوجہ کہاں سے خرچ کرے گی ۔ خود بندہ کو بھی یہ اشکال تھا ۔ گذشتہ سال یہی اشکال حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو انہوں نے بھی اپنا اشکال ظاہر فرمایا ۔ اور یہ تحریر فرمایا ۔ اس مسئلہ میں احقر کو بھی مدت سے تردد ہے ۔ ایک مرتبہ اس مسئلہ پر دوسرے فقہا کی کتابوں کی بھی مراجعت کا اتفاق ہوا اور عجیب بات نظر آئی کہ سب کے ہاں صورتحال یکساں ہی سی ہے یعنی علاج کے خرچ کو نفقہ کا حصہ قرار نہیں دیا گیا لیکن تلاش کے باوجود قرآن وسنت کی کوئی ایسی نص بھی نہیں ملی جس میں بہ صراحت ہو کہ علاج کا خرچ شوہر پر واجب نہیں اس لئے احقر کو کچھ خیال یہ ہوتا ہے کہ قرآن کریم میں نفقہ کے ساتھ بالمعروف کی قید لگائی گئی ہے جس کا حاصل یہ معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم کہ نفقہ کا تعین عرف کے ساتھ ہے یعنی عرف پر مبنی ہوگا ۔ پچھلے دور میں چونکہ علاج کا خرچ کچھ زیادہ لمبا چوڑا نہیں ہوتا تھا ۔ اس لیے شاید یہ عرف تھا کہ وہ نفقہ میں شامل نہیں ۔ اگر یہ بات درست ہو تو عرف کی تبدیلی سے حکم بدل جاتا ہے ۔ لہٰذا بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے دور میں عرفاً علاج نفقہ کا حصہ ہے یوں بھی عقلاً یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ اگر شوہر پر علاج کا خرچہ واجب نہ ہو تو بیماری کی صورت میں عورت کیا کرے جبکہ موجودہ دور میں علاج کا خرچہ اتنا ہوتا ہے کہ جس کا کوئی ذریعہ روزگار نہ ہو اس کا تحمل نہیں کرسکتی لیکن یہ ساری باتیں ابھی سوچ ہی کی حیثیت میں ہیں ۔ چونکہ کہیں منقول نہیں دیکھیں اور نہ دوسرے اہل علم سے اس پر مشورہ ہوا اس لیے احقر کو اس پر جزم نہیں ۔ بہتر ہوگا کہ آپ یہی سوال اور حضرات کو بھی بھیج دیں ۔

**الجواب** : شریعت نے رشتۂ ازدواج میں انسلاک کے باوجود زوجین میں سے ہر ایک کی مستقل حیثیت

کو برقرار رکھا ہے۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ، قربانی وغیرہ تمام احکام شرعیہ میں مرد و زن دونوں برابر کے درجے میں مکلف ہیں۔ زکوٰۃ، قربانی، حج ان فرائض کو اگر باوجود استطاعت کے عورت ادا نہیں کرتی تو عورت گنہگار ہے مرد نہیں۔ اسی طرح مال کی ملکیت کے بارہ میں بھی زوجین مستقل حیثیت کے مالک ہیں۔ بیوی کی مِلک الگ خاوند کی مِلک الگ ہے۔ بیوی اپنے ہزاروں کی مالیت کے جہیز کی مالک ہے۔ بڑی مقدار مہر کی مالک ہے۔ والدین نے جو زیورات دیئے ہیں ان کی مالک ہے۔ اپنے رشتہ داروں کے میراث کا اسے باقاعدہ استحقاق ہے۔ علاوہ ازیں کسب واکتساب کی بھی اسے فی الجملہ اجازت ہے۔ مثلاً سوت کاتنا، دستکاری سلائی کڑھائی۔ ام المؤمنین حضرت زینبؓ کی دستکاری کتب حدیث میں مذکور ہے۔ خاوند کے کاروبار میں تعاون کے بدلے اس کو اجرت لینے کا بھی حق ہے مثلاً خاوند حلوائی ہے اور بیوی اسے مٹھائی تیار کر کے دیتی ہے۔ یا خاوند کے کاروبار میں اپنا حصہ بھی رکھ سکتی ہے۔ جب شریعت نے مالی ملکیت اور فی الجملہ اکتساب کے بارہ میں بیوی کی مستقل حیثیت کو برقرار رکھا ہے تو دوائی، علاج کا خرچہ جو حوائج ضروریہ سے نہیں اس کے ذمے رکھنا بالکل معقول ہے۔ کیونکہ اصولی طور پر مریض کے علاج کا خرچہ اس کے ذمے ہوتا ہے۔ تو بیوی بھی اصولاً اپنے علاج کی خود ذمہ دار ہے۔ تاوقتیکہ کسی واضح دلیل سے خرچے کا وجوب دوسرے کے ذمے ثابت نہ ہو جائے اور یہ ثابت نہیں، بلکہ عورت ہی کے ذمے ہونا مصرح ہے۔ آج کل عموماً عورتیں بیش بہا جہیز اور کافی زیورات مہر وغیرہ کی مالک ہونے کے باوجود ان میں سے کسی چیز کو فروخت کر کے اپنے اخراجات میں صَرف کرنے کیلئے تیار نہیں ہوتیں اور زکوٰۃ اور قربانی وغیرہ بھی خاوند سے کراتی ہیں۔ تو یہ تنگی غلط عرف کی وجہ سے ناشی ہے۔ درحقیقت کوئی تنگی نہیں۔

(۲) اصولی بات یہ ہے کہ غلبۂ مادیات کی وجہ سے ہمیں علاج کی شرعی حیثیت سے ہی ذھول ہو رہا ہے۔ شرعاً خود علاج ہی واجب نہیں۔ اگر کوئی بیمار علاج کیے بغیر مرگیا تو وہ شخص گنہگار نہیں۔ ہندیہ میں ہے۔

الرجل اذا استطلق بطنه او رمدت عينه فلم يعالج واضعفه ذالك حتى مات منه لا اثم عليه فرق هذا وبينما اذا جاع فلم يأكل مع القدرة حتى مات حيث يأثم والفرق ان الاكل مقدار قوته يشبع ولا كذلك المعالجة والتداوى۔

جب علاج ہی واجب نہیں تو بیوی کا علاج خاوند کے ذمہ کیسے واجب قرار دیا جاتا ہے؛ ہاں اگر کوئی شخص بھوک سے مرگیا۔ باوجود قدرت کے نہیں کھایا تو گنہگار ہے۔ کیونکہ یہ موت کا قطعی سبب ہے۔ اور ترک علاج اس کا سبب مظنون ہے۔ حوائج راتبہ ضروریہ خاوند کے ذمہ ہیں۔ حوائج غیر راتبہ یا غیر ضروریہ اس کے ذمہ نہیں۔ بیماری ایک ایسا عارض ہے جس کا وجود یومیہ، ہفتہ وار،

ماہانہ یا سالانہ ضروری نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ برسوں انسان تندرست رہے اور ہو سکتا ہے کہ ہر ہفتے یا ماہ اس میں ابتلا ہو۔ اس لیے علاج اور تداوی حوائج راتبہ ضروریہ میں سے نہیں۔

(۳) دوسرے فقہاء کی کتب سے مُراد بظاہر مذاہب اربعہ کی کتابیں ہیں پس جو مسئلہ مذاہب اربعہ میں منقول ہو اس میں بحث کرنا اپنے منصب سے تجاوز ہے۔ علامہ شامیؒ لکھتے ہیں۔ والبحث فی المنقول غیر مقبول ـــ علامہ ابن الہمام جیسے وسیع النظر جامع محقق کے بارے میں انہیں کے تلمیذ محقق قاسم بن قطلوبغا کا فیصلہ مشہور ہے۔ لاعبرۃ بابحاث شیخنا التی خالفت المذھب۔ جو کتب مذہب میں بلا کسی اختلاف کے ایک مسئلہ مصرح ہے تو اسے تسلیم ہی کرنا ہوگا۔ قرآن وحدیث سے اس کی دلیل صریح ہمیں مل جائے یہ ضروری نہیں۔ ورنہ مسائل کا ایک بڑا ذخیرہ کتابوں سے خارج کرنا پڑے گا۔ حضرات فقہاء کی تصریحات قرآن وحدیث کی تشریحات ہی تو ہیں۔ قرآن پاک میں تصریح ہے۔ وعلی المولود لہ رزقہن وکسوتھن بالمعروف وقال تعالیٰ أسکنوھن من حیث سکنتم من وجدکم الآیۃ ان آیات سے رزق، کسوۃ اور سکنیٰ کا وجوب ازواج کے ذمّہ ثابت ہوا۔ یہی حضرات فقہاءؒ نے لکھا ہے کہ یہی تین چیزیں خاوند کے ذمّہ واجب ہیں۔ درمختار میں ہے۔ ماینفقہ الانسان علی عیالہ شرعا ھی الطعام والکسوۃ والسکنیٰ وعرفا ھی الطعام۔ پہلی آیت کا ترجمہ تقریباً سب نے روٹی اور کپڑا یا کھانا کیا ہے اور حضرات فقہاءؒ اور اہل لغت کی تصریح کے مطابق دوا وعلاج رزق میں داخل نہیں اور اصل عدم وجوب ہے پس تا وقتیکہ کوئی صریح دلیل اس کے خلاف نہ مل جائے۔ اسی مسئلہ پر حکم ہوگا۔ بالمعروف کا لفظ محل نظر ہے کیونکہ یہ مقدار کے بارے میں ہے نفقہ کے بارے میں نہیں۔ رزق، کسوۃ، سکنیٰ یہ انواع تو منصوص ہیں لیکن ان کی مقدار کیا ہوگی۔ خاوند کی حیثیت کے مطابق یا بیوی کی یا دونوں کی حیثیت کے مطابق ملحوظ ہوگی۔ حضرات مفسرینؒ اور حضرات فقہاءؒ نے مکمل تشریح فرمادی ہے۔ بیوی مالدار ہے تو اس کے بارے میں کوئی عقلی اشکال نہیں کہ اپنا علاج خود کرائے۔ البتہ تنگدست ہے تو یہ دیکھنا ہوگا کہ اگر اتفاق سے خاوند بھی فقیر ہے تو ایسی صورت میں خاوند کیا کرے؟

(۴) یہ ساری بحث ضابطے اور قانون کے بارے میں تھی۔ اخلاقی طور پر عموماً ایسے اخراجات خاوند ہی برداشت کرتے ہیں جیسے کہ اخلاقی طور سے بیوی بھی گھر کے بہت سے ایسے کام انجام دیتی ہے جو قانونی لحاظ سے اس پر واجب نہیں۔ الحاصل اصولی لحاظ سے ہر مکلف کا خرچہ وعلاج اس کے ذمّہ ہے۔ اگر کوئی اشکال ہو تو مطلع فرمائیں۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہٗ ۲۸/۷/۱۴۱۲ھ

## خاوند کی تنخواہ پر بیوی کا حق ہے یا نہیں

خاوند کی تنخواہ پر پہلا حق بیوی کا ہے یا والدین کا ؟ ۲: اگر بیوی کا جھگڑا خاوند کے والدین سے ہو جائے اور وہ بیٹے کو کہیں کہ اپنی بیوی کو طلاق دے دو تو ایسی صورت میں طلاق دینا کیسا ہے۔ اگر بیوی اپنے خاوند کے والدین کے ساتھ اکٹھا رہنا پسند نہ کرے اور خاوند کے والدین اس کو علیحدہ ہونے کی اجازت نہ دیں تو ایسی صورت میں کیا کرنا چاہیے ؟

**الجواب** : تنخواہ خاوند کی ملک ہے۔ خاوند پر بیوی کا نان ونفقہ ہر حال میں واجب ہے۔ خواہ بیوی غنیہ ہو یا فقیرہ۔ والدین اور چھوٹے بھائی بہنوں کا خرچ بھی لڑکے پر واجب ہے جبکہ وہ تنگ دست ہوں۔ ہندیہ میں ہے

الاب اذا کان فقیرا معسرا ولہ اولاد صغار محاویج وابن کبیر موسر یجبر الابن علی نفقۃ ابیہ ونفقۃ اولادہ الصغار ص۱۵۲ ج۲ غنی ذوی الارحام کا نفقہ شرعاً واجب نہیں۔ لیکن پھر بھی والدین کی مالی اور بدنی خدمت بچوں پر اخلاقاً فرض ہے۔ ہندیہ میں ہے۔

لا یقضی بنفقۃ احد من ذوی الارحام اذا کان غنیا ص۱۵۲ ج۲

۲ ، ۳ : والدین کے کہنے پر بے قصور زوجہ کو طلاق دینا شرعاً ضروری وواجب نہیں۔ بیوی کو سمجھا کر معافی پر آمادہ کریں ان شاء اللہ والدین طلاق کا مطالبہ خود ترک کر دیں گے اور بیوی علیحدگی کا مطالبہ چھوڑ دے گی نیز بیوی الگ مکان کا مطالبہ کر سکتی ہے۔ ہندیہ میں ہے۔ تجب السکنیٰ لہا علیہ فی بیت خال عن اھلہ واھلہا الا ان تختار ذالک ص۱۳۷ ج۲ فقط واللہ اعلم محمد عبد اللہ عفی عنہ ۱۵ / ۵ / ۱۴۰۸ ھ

## عورت پرورش کا نفقہ معاف کر سکتی ہے بچوں کا نہیں

میں نے زوجہ کو طلاق دے دی ہے۔ میرے بچے ہیں۔ وہ مطالبہ کرتی ہے کہ بچے مجھے دیں۔ وہ کچھ بد مزاج ہے اس لیے میں بچوں کی پرورش خود کرنا چاہتا ہوں۔ جب اس کا مطالبہ شدید ہوا تو میں نے یہ شرط لگائی کہ پھر بچوں کا نان ونفقہ میں ادا نہیں کروں گا اس نے اسے تسلیم کر لیا۔ آیا اس صورت میں مجھ پر نفقہ شرعاً واجب ہے گا یا نہیں۔

**الجواب** : نابالغ بچوں کا نفقہ والد کے ذمہ واجب ہے اس لیے عورت کے تسلیم کر لینے سے بھی خرچہ آپ کے ذمہ سے ساقط نہیں ہوا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں آپ عند اللہ مجرم ہوں گے۔ ہندیہ میں ہے۔

نفقۃ الاولاد الصغار علی الاب لا یشارکہ فیہا احد ص۱۲۹ ج۲ البتہ عورت پرورش کا حق الخدمت

نفقہ کی طرح معاف کر سکتی ہے کیونکہ یہ دونوں اس کے ذاتی حق ہیں۔ درمختار میں ہے۔

الابراء قبل الفرض باطل وبعدہٗ یصح مما مضیٰ ومن شهر مستقبل۔ اس پر علامہ شامیؒ فرماتے ہیں۔ أی اذا کانت مفروضة بالاشهر فلو بالایام یبرأ من نفقة یوم مستقبل وکذا لو بالسنین۔ (شامیہ ص۶۵۳ ج۲) فقط واللہ اعلم۔ محمد عبد اللہ عفی عنہ ۸/۶/۱۴۰۸ھ الجواب صحیح عبد الستار عفی عنہ

## خاوند طلاق دے تو معتدہ بہر حال نفقہ کی مستحق ہے۔

اگر کسی شخص کی عورت فاحشہ ہو اور وہ مرد اس کو طلاق دیتا ہے تو اس مرد پر مہر اور عدت کا نان و نفقہ واجب ہے یا نہیں؟ سیکرٹری مجلس منتظمہ رشید آباد ملتان

**الجواب**: صورت مسئولہ میں مہر اور عورت کا نفقہ خاوند کے ذمہ واجب ہے۔

المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة والسکنیٰ کان الطلاق رجعیاً او بائناً او ثلاثاً۔ اھ (عالمگیری ص۱۳۸ ج۲)

قال فی البحر فالحاصل انّ الفرقة اما من قبله او من قبلها فلو من قبله فلها النفقة مطلقاً سواء کانت بمعصیةٍ أو لا طلاقاً أو فسخاً۔ اھ (شامی ص۶۶۹ ج۲)

فقط واللہ اعلم، محمد انور عفا اللہ عنہ ۲۴/۱۲/۱۴۰۰ھ | الجواب صحیح: عبد الستار عفا اللہ عنہ

## بیوی بلا وجہ میکے بیٹھ جائے تو نفقہ کی مستحق نہیں

میری بیوی میرے ہاں سے چلی گئی ہے۔ والدین کے گھر جا کر بیٹھی ہے۔ بار بار بلانے پر نہیں آئی۔ کیا وہ نفقہ کی مستحق ہے؟

**الجواب**: جب تک خاوند کے گھر نہ آئے نفقہ کی مستحق نہیں ہے۔

خارجةٌ من بیته بغیر حق وھی الناشزة۔ اھ (شامی ص۶۴۶ ج۲) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح، بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ | محمد انور عفا اللہ عنہ ۲۷/۱۱/۹۷ھ

## نفقۂ عدّت معاف کرنے کی شرط پر خاوند طلاق دے تو نفقہ معاف ہو جائے گا

میاں بیوی میں ناچاقی تھی مصالحت کی کوئی صورت پیدا نہیں ہو رہی تھی۔ آخر عورت نے طلاق کا مطالبہ کیا۔ خاوند نے کہا کہ مہر دیدوں گا، عدّت کا خرچہ نہیں دوں گا۔ عورت نے منظور کر لیا۔ خاوند نے طلاق دے دی۔ تو کیا نفقہ اس کے ذمّہ واجب ہوگا؟

**الجواب**: اگر خاوند نے عورت کے مطالبۂ طلاق پر نفقۂ عدّت معاف کرالیا اور کرالینے کے بعد اسی مجلس میں طلاق دے دی تو خاوند کے ذمّہ نفقہ واجب نہیں رہا۔ بلکہ وہ اس سے بری ہوگیا۔

فکذا اذا طلب ابرائھا لہ عن المھر والنفقۃ صریحاً لیطلقھا فابرأتہ وطلقھا فوراً یصح الابراء لانہ ابراء بعوضٍ۔ اھ (شامیہ صفحہ ۶۱۵ ج ۲ مطبوعہ کوئٹہ) **فقط واللہ اعلم**

الجواب صحیح: **محمد عبداللہ** عفا اللہ عنہ | **بندہ عبدالستار** عفا اللہ عنہ

## الگ کمرہ بیوی کا حق ہے

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارہ میں۔ ہم ایک گھر میں اکٹھے رہتے ہیں۔ بہن بھائی والدین اور میری بیوی۔ لیکن میری بیگم کا اس بات پر اصرار ہے کہ اسے الگ مکان لیکر دوں۔ جب کہ میری مالی حیثیت اسقدر نہیں ہے کہ اس کے لیئے الگ مکان خرید سکوں۔ کیا میری بیوی کا الگ مکان کا مطالبہ کرنا شرعاً جائز ہے۔ کیا اس کے لیئے الگ مکان کا انتظام کرنا میرے لیئے ضروری ہے۔

**الجواب**: بیوی کو ایک ایسے کمرے کے مطالبے کا حق ہے جس میں دوسرے گھر کے کسی فرد کا تصرّف نہ ہو۔ لہٰذا یہ مطالبہ درست ہے پورا کیا جائے۔ باقی صحن، بیت الخلاء، باورچی خانہ وغیرہ مشترک ہوں جو کہ گھر کے دوسرے افراد بھی استعمال کرتے ہوں تو کچھ حرج نہیں اس سے زائد علیحدہ مستقل مکان کا مطالبہ کرنا درست نہیں ہے۔

کما فی الدر المختار وبیت منفرد من دار لہ غلق (کفاھا) لحصول المقصود و فی الشامیۃ فان کانت دار فیھا بیوت واعطی لھا بیتاً یغلق ویفتح لم یکن لھا ان تطلب بیتاً آخر۔ (شامی صفحہ ۶۰۰ ج ۲) **ان عبارات کا حاصل بھی یہ ہے کہ عورت** کے لیئے اگر گھر کے اندر الگ کمرہ ہو تو اس کے لیئے الگ مکان کا مطالبہ کرنا درست نہیں ہے۔

فقط واللہ اعلم، **بندہ محمد اسحاق** غفرلہٗ ۲۲/۵/۱۴۱۸ھ

## دونوں بیویوں کی اولاد کم وبیش ہو تو نفقہ کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ زوجتین میں اولاد کے ساتھ جبکہ ایک بیوی کی اولاد بالکل چھوٹی ہو۔ دوسری بیوی کی اولاد بالغ یا قریب البلوغ ہو توان میں مساوات کی کیفیت کیا ہوگی؛ یعنی کس تناسب سے خرچہ دیا جائے گا جبکہ ایک بیوی کی اولاد زیادہ ہے۔ سائل عبدالرشید علی پوری

**اَلجَواب**: جس شخص کی دو بیویاں ہوں اور دونوں کی اولاد ہو اس کو زوجتین میں مساوات اس طرح کرنا چاہیئے کہ ہر زوجہ کا نفقہ الگ الگ مقرر کردے اور اس میں دونوں بیویوں کو برابر رکھے یعنی اولاد کا نفقہ الگ مقرر کرے دونوں کی اولاد کو فرداً فرداً حاجت کے لحاظ سے برابر رکھے یعنی اگر ایک کی ضروریات دس روپے میں پوری ہوسکتی ہوں تو اس کے دس روپیہ اگر ایک کی ضروریات پانچ روپے میں پوری ہوسکتی ہیں تو پانچ روپیہ مہیا کرے۔ گو مجموعہ ایک کی طرف زیادہ ہو مثلاً ہر بیوی کا خرچہ پندرہ روپے مقرر کرے اور ہر لڑکے لڑکی کا خرچہ دس روپے مقرر کرے۔ اس صورت میں زیادہ اولاد والی بیوی کی طرف جو رقم جائے گی وہ بیوی کی وجہ سے نہیں، زیادتی اولاد کی وجہ سے ہوگی! اس پر اگر دوسری بیوی اعتراض کرے تو لغو ہے اور متفرق اخراجات شادی وغیرہ کے اس ضابطے سے الگ ہیں جس میں آپ خود مختار ہیں۔ کذا فی امداد الاحکام ص ۸۸۶ ج ۲ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح: بندہ محمد اسحاق غفرلہٗ بندہ محمد انور عفا اللہ عنہٗ

## بدکردار عورت کو حق حضانت نہیں ملے گا

میری منکوحہ و مدخولہ بیوی دو مرتبہ اغواء ہوچکی ہے اس وقت بھی اغواء ہے مذکورہ کے بطن سے اور میرے نطفہ سے ایک بیٹا ۷ سال کا ہے اور ایک بیٹی چار سال کی ہے دونوں مذکورہ بچے بوقت اغواء چھوڑ گئی تھی جن کی پرورش میں خود کررہا ہوں۔ اب مذکورہ عورت بذریعہ پولیس بچے طلب کرتی ہے اگر بچے ان حالات میں مسماۃ میراں کو دیئے جائیں تو بچوں کے چال چلن پر بھی برا اثر پڑے گا۔ آیا ایک بچہ اس کو دیا جائے یا دونوں اس بارے میں کیا حکم ہے؟ حالانکہ میں اس شرط پر بچے حوالے کرنے کے لئے تیار ہوں کہ اگر مذکورہ عورت کا کوئی قریبی رشتہ دار بھائی۔ باپ۔ یا چچا ہمراہ آکر مطالبہ کریں؛ مذکورہ عورت چونکہ اپنے آشنا کے پاس ہے ان حالات میں بچوں کی زندگی و تربیت کا بھی

مسئلہ ہے۔ شریعت کی روشنی میں حکم واضح فرمائیں۔

**الجواب** تثبت (ای الحضانۃ للام (الی قولہ) أو بعد الفرقۃ الا أن تکون مرتدۃ أو فاجرۃ فجوراً یضیع الولد بہ کزنا وغناء وسرقۃ ونیاحۃ کما فی البحر والنہر.... الخ۔ (الشامیۃ ص۶۹۸ ج۲)

عبارت بالا سے معلوم ہوتا ہے کہ ماں اگر فاجرہ ہے اور بدکاری جیسے افعال کی مرتکب ہے تو اسے اپنے بچوں پر حق حضانت حاصل نہیں کیونکہ ایسی صورت میں وہ بچوں کی پرورش نہیں کر سکتی۔ پس صورت مسئولہ میں اگر واقعی یہ عورت ایسی ہے جیسا کہ سوال میں ظاہر کیا گیا ہے تو اسے اپنی اولاد کا حق پرورش حاصل نہیں البتہ بچوں کی نانی ان کی پرورش کر سکتی ہے۔ فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| بندہ عبدالستار غفرلہٗ | الجواب صحیح |
| مفتی خیر المدارس ملتان | بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہٗ |

# حقِ حضانت کب ساقط ہوتا ہے

مسمی محمد حنیف اور مسماۃ بی بی فاطمہ دونوں میاں بیوی کے درمیان کئی سال سے اختلاف موجود ہے اور عدالتوں تک جا پہنچے ہیں۔ یہاں تک کہ خاوند نے مارشل لاء تک دوڑ دھوپ وغیرہ کی ہے۔ عدالت میں بیوی بچوں کے حصول کے لئے درخواست گزاری جو بعد از سماعت خارج کر دی گئی۔ مسماۃ فاطمہ اپنے تین بچوں لڑکی کی عمر سات سال لڑکے کی عمر ساڑھے چار سال، چھوٹے لڑکے کی عمر اڑھائی سال کے ساتھ اپنے ماں باپ کے ساتھ زندگی بسر کر رہی ہے۔ لڑکی قرآن پاک اور مسائل کی تعلیم اور لڑکا معیاری تعلیم حاصل کر رہا ہے۔ بچوں کا والد ان کی والدہ سے جدا کر کے اپنے پاس رکھنا چاہتا ہے اور بچوں کی والدہ کہتی ہے کہ میں اپنے پاس رکھوں گی بتائیں کہ بچے والد کی سرپرستی میں رہیں یا والدہ کی۔

المستفتی حیدر علی ہاشمی، شجاع آباد

**الجواب**: بچہ سات سال تک اور بچی نو سال تک والدہ کے پاس رہے گی والد جبراً والدہ سے نہیں چھین سکتا خواہ طلاق ہو جائے لیکن اگر طلاق کے بعد والدہ بچہ یا بچی کے غیر محرم سے نکاح کر لے تو پھر والدہ صاحبہ کا حق تربیت ساقط ہو جائے گا۔

والحاضنة أما أو غيرها أحق به اى بالغلام حتى يستغنى عن النساء وقدر بسبع وبه يفتى (قوله حتى يستغنى عن النساء) بأن يأكل ويشرب ويستنجى وحده والمراد بالاستنجاء تمام الطهارة بأن يتطهر بالماء بلا معين وقيل مجرد الاستنجاء وهو التطهير من النجاسة وان لم يقدر على تمام الطهارة زيلعى اى الطهارة الشاملة للوضوء (قوله وقدر بسبع) هو قريب من الاول الى قوله الا ترى الى ما يروى عنه صلى الله عليه وسلم انه قال مروا صبيانكم اذا بلغوا سبعًا والامر بها لا يكون الا بعد القدرة على الطهارة شامی ص ۶۹۵ ج ۲

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہٗ

فقط واللہ اعلم
احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## دورانِ پرورش عورت بچوں کو دُور دَراز نہیں لیجا سکتی

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارہ میں کہ مطلقہ عورت بچوں کو جن کی عمریں ۹-۵-۳-۲ سال ہے اپنے ساتھ علاقہ غیر میں لے جانا چاہتی ہے وہاں مقامی طور پر اس کا کوئی وارث نہیں ہے اب اگر وہ بچوں کو وہاں لے جائے تو ہمارا وہاں پہنچنا بڑا مشکل ہے اور نہ ہی ہمیں اپنے بچوں سے ملنے کی امید ہو سکتی ہے کیا شریعت اس کو بچے لیسے

دُور دراز علاقے میں جہاں ہماری پہنچ نہ ہو لے جانے کی اجازت دیتی ہے۔

**الجواب** لیس للمطلقۃ بائنا بعد عدتھا الخروج بالولد من بلدۃ الی اخریٰ بینھما تفاوت (درمختار ص۶۹۷ ج۲ علی الشامیۃ)

جزئیہ ھذا سے ظاہر ہے مطلقہ بنا برحق حضانت بچوں کو دُور دراز علاقے میں نہیں لے جاسکتی ایسے مقام پر رہے جہاں والد بچوں کی دیکھ بھال کرسکتا ہو۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

خیر محمد عفا اللہ عنہ

## والدہ عیسائی ہو تو اسے پرورش کا حق ملے گا یا نہیں

ایک عیسائی نے اپنے دین عیسائیت سے تائب ہو کر اسلام قبول کرلیا اس کی بیوی بدستور عیسائی ہی رہی اور اپنے ماں باپ کے گھر جا بیٹھی اور اپنے نابالغ بچوں کو بھی ساتھ لے گئی ایسی صورت میں بچوں کی پرورش کا حق شریعت محمدی کی رو سے کس کو حاصل ہوگا۔ جواب بحوالہ تحریر فرمائیں۔

**الجواب** باپ کے تابع ہو کر اس نومسلم کے یہ بچے شرعاً مسلمان ہیں۔ والولد یتبع خیر الابوین دینا کذا فی الکنز۔ (فتاویٰ عالمگیری ص۴۰ ج۲)

اور پرورش کا حق عام حالات میں والدہ کو ہوتا ہے۔ لیکن اگر ان بچوں کے بارے میں عیسائیت کے ساتھ مانوس ہوجانے کا خوف ہو تو انہیں والدہ سے لے کر باپ کے حوالے کرنا ضروری ہوگا۔ ففی الدر المختار والحاضنۃ الذمیۃ ولو مجوسیۃ کمسلمۃ مالم یعقل دینا۔۔۔۔۔۔ او الیٰ ان یخاف ان یألف الکفر فینزع منھا وان لم یعقل دینا الخ بحر۔ درمختار ص۲۶۵ ج۱، اور صورۃ مسئولہ میں مندرجہ بالا اندیشہ ظاہر ہے۔ اسلام کی نظر میں جسمانی تربیت کی بہ نسبت بچے کے فکر و نظر کو محفوظ رکھنا مقدم ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## والدہ کے بعد حق پرورش کس کو ہے

ایک عورت بقضائے الٰہی فوت ہوگئی ہے۔ ایک لڑکا بعمر پانچ سال اور ایک لڑکی بعمر چار سال چھوڑ گئی ہے۔ بچوں کے رشتہ داروں میں سگی نانی، خالہ غیر شادی شدہ اور پھوپھی موجود ہیں ان کی دادی بھی فوت ہوگئی ہے۔ بچوں کی پرورش کے بارے میں اختلاف ہوگیا ہے بچوں کے باپ نے دوسری شادی بھی کرلی ہے۔ اب ایک طرف باپ اور سوتیلی ماں ہے اور دوسری طرف نانی اور سگی خالہ ہیں۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ بچوں کی پرورش کا حق شرعاً کس کو ہے۔ ۲۔ مدت پرورش کتنی ہے۔ ۳۔ پرورش کے دوران اخراجات کس کے ذمے ہوں گے۔

**الجواب** (۱) صورت مسئولہ میں حق حضانت نانی کو ہے۔

ثم ای بعد الام بان ماتت أو لم تقبل أو أسقطت حقها او تزوجت باجنبی ام الام وان علت عند عدم اهلية القربیٰ اھ (درمختار علی الشامیۃ ص۶۹۳ ج ۲)

۲۔ لڑکا سات سال کی عمر ہونے تک اور لڑکی ۹ سال کی عمر ہونے تک نانی کے پاس رہیں گے (کذافی الشامیہ ص۶۹۳ ج۲) ۳۔ پرورش کے اخراجات والد کے ذمہ ہوں گے۔

تستحق الحاضنة أجرة الحضانة اذا لم تكن منكوحة ولا معتدة لابيه وهی غير أجرة ارضاعها ونفقته كما فی البحر عن السراجیة اھ (درمختار علی الشامیۃ ص۶۹۱ ج۲) فقط واللہ اعلم محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## والدہ کو کب تک پرورش کا حق ہے

ملک عبدالمجید فوت ہوگیا اس کے دو لڑکے اور چھ لڑکیاں ہیں۔ لڑکا ایک بارہ سال

اور ایک تین سال کا ہے لڑکیاں تین بالغ ہیں، اور تین نابالغ ہیں۔ ان لڑکے لڑکیوں کے چچا بھی موجود ہیں اور ماموں بھی۔ تو ان بچوں کی تربیت وپرورش کا حق کس کو ہے؟ اور ان کی ولایت نکاح کس کو حاصل ہے؟ حاجی احمد شہر سلطان

**الجواب** بچے کی عمر سات سال اور بچی کی ۹ سال ہونے تک ان کی پرورش کا حق والدہ کو حاصل ہے بشرطیکہ وہ ایسی جگہ نکاح نہ کرے جو ان بچوں کے لئے غیر محرم ہو،

والحاضنة أما أو غيرها أحق به أى بالغلام حتى يستغنى عن النساء وقدر بسبع وبه يفتى لانه الغالب... الخ والام والجدة احق بها حتى تحيض وغيرهما أحق بها حتى تشتهى وقدر بتسع وبه يفتى وعن محمد ان الحكم فى الام والجدة كذلك وبه يفتى لكثرة الفساد. اه. (درمختار على الشامية ص ۶۹۵ ج ۲)

بالغ پر نکاح کی ولایت اجبار کسی کو حاصل نہیں بلکہ وہ خود مختار ہے اور نابالغ پر ولایت نکاح چچوں کو حاصل ہے۔ الولى فى النكاح العصبة بنفسه على ترتيب الارث والحجب. اه (درمختار على الشامية ص ۳۳۷ ج ۲) فقط واللہ اعلم محمد انور عفا اللہ عنہ،

## باپ بالغ اولاد کو مطلقہ بیوی سے ملنے سے نہیں روک سکتا

زید اپنی مطلقہ بیوی سے اپنی بالغ اولاد کو ملاقات سے روک سکتا ہے یا نہیں؟ (مولانا محمد اسلم تھانوی مہتمم جامعہ اشرفیہ ملتان)

**الجواب** اذا بلغت الجارية مبلغ النساء ان كانت بكرا كان للاب ان يضمها الى نفسه وان كانت ثيبا ليس له ذلك الا اذا لم تكن مأمونة على نفسها۔

والغلام اذا عقل واجتمع رأيه واستغنى عن الاب ليس للاب ان يضمه الى نفسه الا اذا لم يكن مأمونا على

نفسہ نکان لہ ان یضمہ ..... انتہیٰ . (قاضی خان صـ۱۹۲ ج ۱)

اس عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ باپ بالغ اولاد کو ماں سے ملاقات کرنے سے منع نہیں کر سکتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ
مفتی خیر المدارس ملتان

# مُتفرقاتِ نکاح

## نِکاح کرنا افضل ہے یا عبادت میں مشغول ہونا۔

بندہ فقیر ایک مسجد میں عرصہ دراز سے خدمتِ قرآن میں مصروف ہے اور مسجد کی خدمت بھی کرتا ہے اور بندہ نے ابھی تک شادی نہیں کی بعض لوگ اصرار کرتے ہیں کہ شادی کروالو اور جو شخص شادی نہ کروائے اس کا جنازہ نہیں ہوتا ہے اور بندہ الحمدللہ شب و روز عبادت میں مصروف رہتا ہے میرے لئے شادی کروانا ضروری ہے یا نہیں؟ ———

**الجواب** مسلم شریف میں حدیث ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نوجوانوں کو خطاب کر کے فرمایا۔ اے نوجوانوں کی جماعت جو شخص تم میں سے نکاح کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو اسے چاہیئے کہ وہ نکاح کرے کیونکہ یہ نظر کو جھکانے کا ذریعہ ہے اور شرمگاہ کی تحصین کے لئے ہے اور جو شخص طاقت نہ رکھے اس پر روزے لازم ہیں ——— عن عبد اللہ قال لنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءۃ فلیتزوج فانہ اغض للبصر واحصن للفرج ومن لم یستطع فعلیہ بالصوم فانہ لہٗ وجاء (صحیح مسلم صـ۴۴۹ ج۱)

ایک اور حدیث میں فرمایا۔ لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ وہ ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں۔ میں نماز پڑھتا ہوں اور سوتا ہوں اور

افطار کرتا ہوں اور عورتوں سے شادی کرتا ہوں اور جو شخص میری سنت سے اعراض کرے تو وہ مجھ سے نہیں ۔

فقال ما بال اقوام قالوا کذا کذا لکنی اصلی وانام واصوم وافطر واتزوج النساء فمن رغب عن سنتی فلیس منی ـ (صحیح مسلم ص۴۴۹ ج۱)

ان دونوں حدیثوں سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ نکاح کرنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے اور نکاح کرنے کی حضور نے ترغیب بھی دی ہے اور نکاح نہ کرنے پر ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا ہے اور فقہائے تعلیم و تعلم میں مشغولی اور نفلی عبادات میں مشغولی سے نکاح کو افضل قرار دیا ہے۔

وھو افضل من الاشتغال بتعلم و تعلیم کما فی درر البحار وقدمنا انہ افضل من التخلی للنوافل ـ (شامی ص۲۹۳ ج۲)

علامہ کاسانیؒ فرماتے ہیں :۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم النکاح سنتی والسنن مقدمۃ علی النوافل بالاجماع ولانہ اوعد علی ترک السنۃ بقولہ فمن رغب عن سنتی فلیس منی ولاوعید علی ترک النوافل ــــ (بدائع الصنائع ص۲۲۹ ج۲)

جس کا حاصل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکاح کرنا میری سنت ہے اور سنت نوافل پر مقدم ہے اور اس پر اجماع ہے اور ترکِ سنت پر وعید بیان فرمائی ہے اور نوافل کے ترک پر وعید نہیں فرمائی، لہٰذا آپ اگر حقِ زوجیت، مہر، نان ونفقہ ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں تو نکاح والی سنت پر ضرور عمل کریں ۔

فقط واللہ اعلم محمد انور ــــــ الجواب صحیح

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ
۲۶ / ۵ / ۱۴۱۸ ھ

# محرم میں نکاح کرنے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ ماہ محرم میں نکاح کرنا جائز ہے یا حرام ؟ بینوا توجروا

**الجواب** ماہِ محرم میں نکاح کرنے کی ممانعت یا قباحت کسی دلیل شرعی سے ثابت نہیں ہے۔ سال کے دوسرے مہینوں کی طرح اس مہینہ میں بھی نکاح کرنا درست ہے بلکہ اس شیعی اور رافضی بدعت اور من گھڑت مسئلہ کو ختم کرنے کے لئے عملی کوششیں کرنا ان شاءاللہ موجب اجر ہوں گی۔

فقط واللہ اعلم
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہٗ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار غفر اللہ لہٗ

## تعلیم میں مشغول حقوقِ زوجیت کیسے ادا کرے۔

لڑکا اور لڑکی دونوں بالغ ہیں والدین نے خوشی سے ان کا آپس میں نکاح کر دیا ہے لڑکا دینی تعلیم کا شائق ہے ابھی زیرِ تعلیم ہے۔ تعلیم تقریباً چار سال بعد پوری ہوگی۔ آیا یہ جائز ہے کہ لڑکی اپنے گھر والدین کے ہاں دُور دراز جگہ میں رہے اور لڑکا تعلیم میں مشغول ہو، جو سال کے اندر گھر نہ آسکے۔ بعض کا خیال ہے کہ تعلیم کی بجائے اپنے گھر آباد ہونا ضروری ہے ورنہ گناہ گار ہوگا۔ بعض کا خیال کس حد تک درست ہے ؟ ———

**الجواب** یہ بات جائز ہے کہ لڑکی اپنے والدین کے گھر اور لڑکا اپنی تعلیم میں مشغول ہو اور یہ خیال کہ تعلیم کی بجائے گھر آباد ہونا ضروری ہے ورنہ گنہگار ہوگا۔ یہ ٹھیک نہیں ہے۔ گھر آباد کرنے کی صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ لڑکا تیسرے چوتھے ماہ گھر آیا کرے اور بشرطِ ضرورت جب والدین نے نان ونفقہ برداشت کر رکھا ہو اور تعلیم کی اجازت دے رکھی ہو تو اس صورت میں تعلیم کو ترک کرنا ٹھیک نہیں، البتہ گھر کے حقوق پورے کرنا ضروری ہیں جس کے لئے آمد و رفت ہو سکتی ہے۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح ـــــــ بندہ محمد عبد اللہ عفرلہٗ

## بلا عذر کب تک بیوی سے علیحدہ رہ سکتے ہیں ؟

۱ — حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو یہ دستور بنایا تھا کہ مرد اپنی بیوی سے صرف چار ماہ علیحدہ رہ سکتا ہے کیا اس سے زیادہ اپنی بیوی سے علیحدہ رہ سکتے ہیں یا نہیں ؟ ائمہ میں سے کسی کا مذہب ہے یا نہیں ؟

۲ — ھل یجوز النظر الی فرج امرأتہ وھکذا عکسہا ؟

**الجواب** بلا عذر چار ماہ سے زائد علیحدہ نہیں رہنا چاہیئے مالکیہ کے ہاں اگر بقصدِ اضرار اتنی مدت بیوی سے علیحدہ رہا تو وہ بذریعۂ عدالت نکاح فسخ کرا سکتی ہے :-

۱ — قال علمائنا اذا امتنع من الوطء قصد الاضرار بالزوجۃ من غیر عذر مرض او رضاع وان لم یحلف کان حکمہ حکم المولی و ترفعہ الی الحاکم اھ (احکام القرآن ص۱۷۵ ج۱ لابن العربی)

۲ — یجوز لکن ترک النظر اولی قال فی الھدایۃ الاولی ان لا ینظر کل واحدٍ منھما الی عورۃ صاحبہ لقولہ علیہ السلام اذا اتی احدکم اھلہ فلیستتر ما استطاع ولا یتجردان تجرد العیر اھ (شامیہ ص۲۴۲ ج۵) فقط واللہ اعلم

بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ، مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان

## لڑکی والوں کی طرف سے دُولھا کو سونے کی انگوٹھی پیش کرنا۔

آج کل شادی کے موقعوں پر دُلہن کے گھر والے دُولھا کو سونے کی انگوٹھی پہناتے ہیں اور یہ انگوٹھی بطور تحفہ کے دُولھا کو دیجاتی ہے اور یہ تقریباً ہر شادی کا جُزء لازم ہے اس کے بغیر شادی کی تقریب نامکمل سمجھی جاتی ہے شرعاً دولھا کے لئے یہ انگوٹھی لینا اور استعمال کرنا کیسا ہے ؟ ——— المستفتی (محمد نعمان پسروری)

**الجواب** صُورت مسئولہ میں اس انگوٹھی کو لینا تو درست ہے چونکہ انہوں نے اپنی خوشی سے دی ہے

الا لایحل مال امرئ اِلّا بطیب نفس منہ (الحدیث) البتہ اس کا پہننا خاوند کے لئے حرام ہے لقولہ علیہ السّلام حُرّم لباس الحریر والذھب علی ذکور اُمّتی وَاُحِلّ لاناثھم (ص۲۳۲ ج۱ ترمذی) البتہ اسے بیچ کر اس کی قیمت کو کام میں لاسکتا ہے۔ شادی کی تقریب کے لئے اس کو لازم سمجھنا درست نہیں فقط واللہ اعلم ـــ

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ

۲۶ / ۵ / ۱۴۱۸ھ

---

## بیوی کے والدین کو ملاقات سے نہیں روک سکتے ،

والدہ کے کہنے سے بیوی کے والدین کو ملنے سے روک سکتا ہوں ۔؟

**الجواب** ہفتہ میں ایک بار مَرد کا عورت کے والدین کو میل ملاقات سے روکنے کا حق نہیں البتہ مستقل اس کے پاس ٹھہر جانے سے روک سکتا ہے ـــــ

قال بعضھم لا یمنع الابوین من الدخول علیھا للزیارۃ فی کل جمعۃ وانما یمنعھم عن الکینونۃ عندھا وبہ اخذ مشایخنا وعلیہ الفتوٰی ۔ وکذا لو ارادت المرأۃ ان تخرج لزیارۃ المحارم الخ فھو علی ھذہ الاقاویل ۔ (خانیہ علی الھندیہ ص۴۲۹ ج۱) والدہ کا احترام کرتے رہیں، طلاق دینا اچھا نہیں جب والدہ کا آپ حق ادا کرتے رہیں تو بیوی کے ساتھ حُسن معاشرت پر کوئی مؤاخذہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کا بھی مُطالبہ ہے۔ فقط واللہ اعلم

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح بندہ عبد الستّار عفا اللہ عنہٗ<br>مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان | بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ |

**نِکاح پڑھانے کا طریقہ** اگر نکاح پڑھایا جائے تو کن الفاظ کے ساتھ خاوند بیوی کو اقرار کرایا جائے وہ الفاظ عربی اور اُردو دونوں میں بیان فرمائیں ـــــــ

**الجواب** بالغہ عورت کا ولی اوّلاً بالغہ عورت سے بایں الفاظ اجازت نکاح حاصل کرے کہ میں اتنے مہر کے معاوضہ میں تیرا نکاح فلاں بن فلاں کے ساتھ کرنا چاہتا ہوں. کیا اس پر تو راضی ہے؟ عورت کہے "ہاں" پھر عورت سے اجازت لینے کے بعد دولہا کے پاس آکر خطبۂ مسنونہ پڑھے اور یوں ایجاب وقبول کرائے کہ میں نے فلانۃ بنت فلاں کا نکاح بمعاوضہ اتنے مہر تیرے ساتھ کر دیا اور دولہا کہے کہ میں نے قبول کر لیا بس نکاح ہو گیا. ایجاب وقبول کم از کم دو مسلمان مردوں یا ایک مسلمان مرد اور دو عورتوں کے روبرو ہونا لازمی ہے۔

فقط واللہ اعلم ـ
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
۹ / ۱ / ۸۰ ۱۳ھ

الجواب صحیح
محمد عبداللہ غفر اللہ لہٗ

**سُنّت یہ ہے کہ خُطبۂ نکاح لڑکی کا والد پڑھے** والد اپنی بیٹی کا نکاح خود پڑھائے اس کے علاوہ کسی قاضی یا عالم کا نکاح پڑھانا زیادہ بہتر ہے۔ بینوا توجروا

**الجواب** والد اپنی بیٹی کا نکاح خود پڑھائے یہ زیادہ بہتر بھی ہے اور مسنون بھی ہے. کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح خود پڑھایا تھا جیسا کہ مذکور ہے :

"وسُنّت دریں باب آنست کہ ولی مخطوبہ خود خطبہ نکاح کہ مسنونست بخواند واز عاقدین ایجاب وقبول کناند زیرا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقت نکاح حضرت فاطمہ با حضرت علی رضی اللہ عنہما ایں چنیں بعمل آوردہ بودند ــ"

(مسائل اربعین فی بیان سنۃ سید المرسلین ص۲۱)

لیکن یہ اس وقت ہے جب کہ ولی نکاح خود اس کی صلاحیت ولیاقت رکھتا ہو لیکن اگر وہ خود اس بات کی صلاحیت نہیں رکھتا کہ خطبۂ نکاح پڑھے اور ایجاب وقبول کرا لے تو ولی کی اجازت سے جو بھی نکاح پڑھا دے جائز ہے ـــــ "اگر قاضی غیر وکیل مذکور باشد و روبروئے آں وکیل ایجاب وقبول کنا ند نزد علمائے حنفیہ جائز ست ۔" (مسائل اربعین ص۲۱)

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ

## سہرا باندھنا ناجائز ہے خواہ پھولوں ہی کا ہو۔

آج کل شادی کی تقریبات میں دولھا کو سہرا باندھا جاتا ہے اور اس کو شادی کا ایک لازمی حصہ سمجھا جاتا ہے آپ سے گذارش ہے کہ آپ شرعاً اس کا حکم بیان فرمادیں ـــــ بینوا توجروا

**الجواب** سہرا باندھنا خالص ہندوؤں کی رسم ہے اس لئے یہ ایک غیر اسلامی فعل ہے اس سے احتراز ازحد ضروری ہے کیونکہ حدیث میں آتا ہے: من تشبہ بقوم فھو منھم اور تشبہ بالکفار ممنوع ہے جیسا کہ حضرت شاہ اسحاق رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "مسائلِ اربعین" میں لکھتے ہیں: ـــــ

اما سہرہ کہ از گل طیار میکنند انہم بسبب مشابہت کفار جائز نیست بلکہ بارگل کہ بر سر نوشہ دعروس وقتِ نکاح یا بعد ازاں می بندند بدعت است ومشابہ ست باگبراں وازمشابہت کافراں وگبراں احتراز لازم است ـــــ (مسائل اربعین ص۱۶)

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ

## حکومت کا نکاح پر ٹیکس لگانا ناجائز ہے

بلدیہ ٹبہ سلطان پور نے شرعی نکاح پر ایک صد روپے شادی ٹیکس نکاح فیس عائد کی ہے جو کہ لڑکے اور لڑکی والوں سے وصول کی جاتی ہے جبکہ شریعت نے نکاح کی ترغیب دی ہے۔ یہ فیس شرعاً جائز ہے یا نہیں۔

**الجواب** مذکورہ ٹیکس کا شرعاً کوئی جواز نہیں ہے ـــــ فقط واللہ علم

الجواب صحیح بندہ عبدالستار عفی عنہ | بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

## بوقتِ نکاح چھواروں کے علاوہ اور میوے تقسیم کرنا بھی ثابت ہے۔

نکاح کے بعد آج کل ایک پیکٹ تقسیم کیا جاتا ہے جس میں ۲ ٹافیاں، بادام اور اسی جیسی اور چند اشیاء ہوتی ہیں کیا ان کا تقسیم کرنا درست ہے یا چھوارے ہی تقسیم کرنے چاہئیں؟ (عبدالقدیر ۔۔۔ متعلم افتاء)

**الجواب** صورت مسئولہ میں چھواروں کے علاوہ مذکورہ اشیاء کا تقسیم کرنا بھی درست ہے جیسا کہ حدیث میں اخروٹ، بادام وغیرہ کے تقسیم کرنے کا ذکر بھی ہے۔

فی الحدیث: أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حضر فی املاک (أی نکاح فأتی بطباق علیہا جوز ولوز وتمر فنثرت فقبضنا ایدینا الی اٰخر الحدیث (اعلاء السنن ص ۱۱ ج ۱۱)

فقط واللہ اعلم —— الجواب صحیح

محمد انور عفا اللہ عنہ | بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ

## چھوارے پھینکنا سنت ہے یا تقسیم کرنا

شادی کے موقعہ پر چھوارے پھینکنا سنت ہے یا تقسیم کرنا سنت ہے؟ (مستفتی: محمد زبیر قصبہ مڑل)

**الجواب** صورت مسئولہ میں شادی کے موقعہ پر چھوارے پھینکنا سنت ہے:

فی الحدیث: أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حضر فی املاک (أی نکاح فأتی بطباق علیہا جوز ولوز وتمر، فنثرت فقبضنا ایدینا فقال ما بالکم لا تأخذون فقالوا لأنک نہیت عن النہبی فقال ما نہیتکم عن نہبی العساکر، خذوا علی اسم اللہ فجاذ بنا وجاذبناہ۔

(اعلاء السنن ص ۱۱ ج ۱۱) واللہ اعلم بالصواب ——

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ
۲۰/۵/۱۴۱۸ھ

## لڑکی والوں کا لڑکے والوں سے شادی کے اخراجات کے لئے رقم مانگنا

ہمارے علاقے میں رواج ہے کہ رشتہ کرتے وقت لڑکی والے لڑکے والوں سے کچھ رقم لیتے ہیں شادی وغیرہ کے اخراجات کے لئے شرعاً اس رقم کا لینا جائز ہے یا ناجائز ہے ——

**الجواب** ایسی رقم کا مطالبہ کرنا ناجائز ہے اور اس کا واپس کرنا ضروری ہے۔

ومن السحت ما یأخذہ الصہر من الختن بسبب بنتہ بطیب نفسہ حتی لو کان بطلبہ یرجع الختن بہ —— (رد المحتار کتاب الحظر والاباحۃ ج ۵ ص ۲۷۲) بیروت

فقط واللہ اعلم — احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نابالغہ کے نکاح پڑھانے کا ثبوت۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی نابالغہ لڑکی کا نکاح خود پڑھایا تھا۔ حدیث ہو تو تحریر فرمائیں؟

**الجواب** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی لڑکی حضرت امامہ رضی اللہ عنہا کا نکاح عمر بن ابی سلمہ سے کیا جبکہ وہ نابالغہ تھی اور خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ان کی سات سال کی عمر میں نکاح کیا۔

وزوج صلی اللہ علیہ وسلم امامۃ بنت عمہ حمزۃ رضی اللہ عنہما من عمر بن ابی سلمۃ وھی صغیرۃ (الی) وقال لھا الخیار اذا بلغت۔ (فتح القدیر ص۱۷۴ ج۳)

عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت تزوجنی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال تزوجھا وھی بنت سبع سنین وزفت الیہ وھی بنت تسع سنین واحبھا معھا ومات عنہا وھی بنت ثمان عشرۃ (مسلم ص۴۵۶ ج۱)

فقط واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ۹/۱/۱۴۰۴ھ

## زلیخا کا نکاح حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ ہوا تھا؟

حضرت یوسف علیہ السلام کا نکاح زلیخا سے ہوا تھا یا نہیں۔ مدلل بیان فرمائیں۔ بینوا توجروا

**الجواب** بعض مفسرین نے یوسف علیہ السلام اور زلیخا کے نکاح اور اولاد کا تذکرہ کیا ہے۔ جلالین میں ہے فزوجہ امرأتہ زلیخا فوجدھا عذراء وولدت لہ ولدین۔ ص۱۹۳۔ حافظ ابن جریرؒ نے اسحاقؒ سے اور حکیم ترمذیؒ نے وہبؒ سے بھی نکاح کا ہونا نقل کیا ہے۔ یہ سب تاریخی قصہ ہے جو محدثین کے معیار تک نہیں پہنچتا۔ صاحب روح المعانی نے فرمایا ہے۔ وخبر تزوجھا ایضا مما لا یعول علیہ عند المحدثین (ص۵ ج۱۳) لہذا ہمیں اس جھگڑے میں اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ فقط واللہ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۴/۱۱/۱۴۰۵ھ

الجواب صحیح، بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

## نکاح پڑھانے کی اُجرت

زید نکاح خواں نے عمر کا نکاح بکر کی ہمشیرہ اور بکر کا نکاح عمر کی ہمشیرہ کے ساتھ پڑھایا۔ عمر اور بکر نے مل کر پانچ روپے نکاح خوانی کے دیئے۔ زید نے انکار کیا کہ دس روپے

لوں گا کام نہیں لوں گا۔ آخر بہ مجبوری انہوں نے دس روپے دیئے۔ آیا اس کو لینا جائز تھا یا نہیں پھر وہ دس روپے ان دونوں کو نیوتہ کے طور پر دیئے گئے اگر ناجائز ہوں تو واپس کرنے چاہئیں یا نہ۔؟

**الجواب** نکاح خوانی کی اُجرت (جیسا کہ متعارف ہے) ناجائز ہے کیونکہ جواز اجارہ کے لئے ضروری ہے (۱) آزادیٔ مستاجر جس سے چاہے کام لے جس قدر اُجرت دینا چاہے کہہ سکے (۲) آزادیٔ اجیر یعنی جتنی اجرت لینا چاہے لے سکے، سرکار کی طرف سے کوئی مقرر شدہ پابندی نہ ہو، مگر یہ چیزیں عمل متعارف میں مفقود ہیں۔ اس بنا پر موجودہ نکاح خوانی پر اُجرت لینے کا دستور ٹھیک نہیں ہے۔ البتہ اس طرح اس کا جواز ہو سکتا ہے کہ کسی شہر یا علاقہ میں چند ایک نکاح خواں ہوں جو مسائل نکاح سے واقف ہوں، لوگوں کو آزادی ہو کہ جس نکاح خواں کو چاہے بلالیں اور جو اجرت فریقین طے کرنا چاہیں اپنے اختیار سے طے کرلیں اور نکاح خواں بھی آزاد ہو اسے کچھ فیس قاضی مُنیب کو نہ دینی پڑے اور جو بلاوے اُجرت بھی اس کے ذمہ ہو (نہ اس طرح کہ عادت ہے کہ نکاح خوانی کے لئے بلانے والا تو دلہن والا ہوتا ہے اور نکاح خوانی دلواتے ہیں دولھا والے سے) تو یہ اجارہ جائز ہو سکے گا۔ ان قواعد و شرائط کے اندر کمی و بیشی سے اجارہ فاسد ہو کر ناجائز ہو جائے گا۔ (کذا فی امداد الفتاویٰ ص ۶۶ ج ۳)

فقط واللہ اعلم ــــ بندہ محمد عبداللہ غفر اللہ لہٗ خادم الافتاء خیر المدارس، ۱۷ شعبان ۱۳۸۷ھ

## دولھا کو نوٹوں کا ہار پہنانے کا حکم

شادی کے موقع پر دولہا کو اپنے احباب رشتہ دار پھولوں کا ہار گلے میں پہناتے ہیں اور بعض نوٹوں پر فوٹو ہوتے ہیں۔ (۲) اسی طرح حجاج صاحبان حج سے واپسی پر جب اسٹیشن یا اڈا پر اترتے ہیں تو رشتہ دار دوست احباب نوٹوں کے ہار گلے میں ڈال لیتے ہیں۔ حجاج صاحبان برضا و خوشی یہ نوٹوں کے ہار اپنے گلے میں پہن لیتے ہیں۔ کیا دولھا میاں اور حاجی صاحبان کو نوٹوں کا ہار پہننا جائز ہے۔ یا ناجائز ہے یا مکروہ ہے اور مکروہ تنزیہی ہے یا مکروہ تحریمی ہے نوٹوں کا ہار جس میں تصویر ہے یا جس میں تصویر نہیں اس میں بھی فرق ہے یا نہیں ــــ (عبدالحمید جلال آبادی متعلم۔)

**الجواب:** دولھا اسی طرح حجاج کرام کو نوٹوں وغیرہ کا ہار پہنانا محض ایک رسم ہے اس سے احتراز لازم ہے۔ سلف صالحین میں اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح<br>بندہ عبدالستار عفی عنہ | بندہ محمد اسحاق غفرلہٗ<br>خیر المدارس ملتان |

## ایک مجلس میں متعدد نکاح ہونے ہوں تو ایک ہی خطبہ کافی ہے

رائے ونڈ کے اجتماع کے موقعہ پر تیسرے دن ایک مجلس منعقد ہوتی ہے جس میں بہت سے لڑکے اور لڑکیوں کا نکاح ہوتا ہے اور اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک مرتبہ خطبہ نکاح پڑھ کر سب سے ایجاب وقبول کروالیا جاتا ہے۔ آیا ایک ہی دفعہ خطبۂ نکاح پڑھنا سب کیلئے کافی ہوجاتا ہے یا الگ الگ خطبہ پڑھنا ضروری ہے؟

(مولانا شبیر احمد مدرس مدرسہ امینیہ جڑانوالہ)

**الجواب** صورتِ مسئولہ میں صرف ایک مرتبہ پڑھا ہوا خطبہ سب کے لئے کافی ہوجائے گا۔ الگ الگ سب کے لئے پڑھنا ضروری نہیں ــــــ (فتاوٰی دار العلوم دیوبند ص۱۴۸ ج۷)

| | |
|---|---|
| الجواب صحیحؒ | فقط واللہ اعلم |
| بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ | محمد انور عفا اللہ عنہٗ |

**مخطوبہ کو دیکھنے کی گنجائش ہے۔** لڑکا اپنی ہونے والی بیوی کو اپنی قلبی تسلی کے لئے کہیں ایک نظر دیکھ سکتا ہے۔ شرعاً اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ ــــــ بینوا توجروا

**الجواب** مرد کو اپنی ہونے والی بیوی کو ایک نظر دیکھنا حدیث میں اس کی اجازت موجود ہے لیکن اس کے علاوہ شادی سے قبل دونوں کا ملاقات کرنا یا کسی بھی قسم کا تعلق رکھنا حرام ہے: لو اراد ان یتزوج امرأة فلا بأس ان ینظر الیها وان خاف ان یشتهیها لقوله علیه الصلوٰة والسلام للمغیرة بن شعبة حین خطب امرأة انظر الیها فانه احریٰ ان یودم بینکما۔ (رواہ الترمذی والنسائی شامی ص۲۱۵ ج۵) فقط واللہ اعلم محمد عبد اللہ عفرلہٗ

**ایجاب وقبول سے پہلے کلمے پڑھوانا** آج کل نکاح پڑھاتے وقت نکاح خوانوں کے مختلف طرز دیکھنے کو ملتے ہیں، بعض نکاح خواں مولوی صاحب دولہا کو کلمہ پڑھواتے ہیں اگرچہ دولہا صحیح العقیدہ مسلمان ہی کیوں نہ ہو، اور بعض تو پورے چھ کلمے پڑھاتے ہیں اور بعض کلموں کی بجائے ایمانِ مفصل یا ایمانِ مجمل پڑھاتے ہیں۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کلمے پڑھوانا یا ایمان مفصل وغیرہ پڑھوانا دولہا اور دلہن کو کیا یہ ضروریاتِ نکاح میں سے ہے؟ اور اس کی کیا حقیقت ہے؟ ــــ

**الجواب** عقدِ نکاح کے وقت یہ طریقہ یعنی کلمے پڑھوانا وغیرہ احادیث سے اور صحابہ کرامؓ اور مجتہدینؒ کرام سے ثابت نہیں ہے اور جس شخص کے عقائد درست ہوں، صحیح العقیدہ ہونے کا یقین ہو تو پھر خطبہ مسنونہ پڑھ کر ایجاب وقبول کروادینا چاہیے۔ لیکن آج کل بعض اوقات نادانستگی میں زبان سے کلمۂ کفر نکال دیا جاتا ہے

یا دین سے دُوری کی بنا پر عقائد میں خرابی ہوتی ہے۔ اسی لئے اگر نکاح خواں کو شُبہ ہو کہ شاید دُولھا یا دلہن کے عقائد، خلافِ شرع ہیں تو ان کو تجدیدِ ایمان کیلئے کلمہ پڑھوا لینا ضروری ہے۔ ہر جگہ اس کا التزام کرنا غلطی ہے۔

فقط واللہ اعلم - احقر محمد انور عفا اللہ عنہ

## نکاح مسجد میں مُستحب ہے بشرطیکہ ......

موجودہ دَور میں مسجد کے اندر نکاح کرنا زیادہ بہتر ہے یا خارج مسجد کیونکہ شرکاء نکاح بعض اوقات آدابِ مسجد کو ملحوظ نہیں رکھتے ہیں۔

**الجواب** ترمذی شریف میں حدیثِ عائشہؓ میں مذکور ہے، عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعلنوا ھذا النکاح واجعلوہ فی المساجد — جس کا حاصل یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اپنے نکاحوں کا اعلان کیا کرو اور ان کو مساجد میں کیا کرو۔

علامہ شامیؒ نے مسجد میں نکاح کرنے کو مُستحب لکھا ہے اور دلیل کے طور پر اسی حدیث کو ذکر فرمایا ہے۔

للامر بہ فی الحدیث ویندب اعلانہ وتقدیم خطبۃ وکونہ فی مسجد (کتاب النکاح ص۲۵۹ ج۲)

لیکن امداد الفتاوی میں لکھا ہے کہ اگر اس بات کا یقین ہو جائے کہ شرکاء آدابِ مسجد کا لحاظ نہیں رکھیں گے تو پھر خارجِ مسجد بہتر ہے۔ (امداد الفتاوی ص۲۵۲ ج۲)

فقط واللہ اعلم بندہ محمد اسحاق غفر لہٗ

## نکاح سے پہلے ایک دُوسرے کو دیکھنے کا حکم

دُولہا اور دُلہن ایک دُوسرے کو دیکھ سکتے ہیں یا نہیں۔ بیّنوا توجروا

**الجواب** جس عورت کی طرف پیغامِ نکاح بھیجنے کا ارادہ ہے اُسے ایک نظر دیکھ لینا چاہیئے اور دیکھنے کا معاملہ چوری چھپے ہونا چاہیئے باقاعدہ زیب وزینت کے ساتھ پیش کرنا اور دیگر خرافات، غیرت و شرافت کے منافی ہے۔ اس سے احتراز واجب ہے۔ یا بواسطہ معلوم کر لیا جائے۔ دیکھنے کے متعلق فرمانِ نبویؐ کے ناقل حضرت جابرؓ کا عمل ابو داؤد شریف میں مروی ہے۔ ایک لڑکی کے متعلق نکاح کا پیغام بھیجا اور چھپ کر اُسے دیکھ لیا پھر اس سے نکاح کر لیا۔ عن جابرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خطب احدکم المرأۃ فان استطاع ان ینظر الی ما یدعوہ الی نکاحھا فلیفعل قال فخطبت جاریۃ

فکنت اتخبأ لہا حتی رأیت منہا مادعانی الی نکاحہا وتزوجہا فتزوجہا۔ (بذل ج۳ ص۲)
مرد کو دیکھنے کی اجازت متعدد روایات میں منقول ہے۔ عورت بھی دیکھ سکتی ہے یا نہیں اس کی تصریح نہیں البتہ ایک حدیث پاک میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھنے کی علت ارشاد فرمائی ہے۔ وہ بظاہر عورت کو بھی شامل ہے۔ ارشاد ہے فانہ احری ان یؤدم بینکما (مشکوٰۃ ج۲ ص۲۶۹) الحاصل دیکھنے کی گنجائش ہے لیکن حیاء اور شرافت کو مدنظر رکھنا ضروری ہے ۔

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفی عنہ

فقط واللہ اعلم
بندہ محمد عبداللہ غفر اللہ لہٗ

## لڑکی معروف النسب نہ ہو تو بدوں تحقیق نکاح نہ پڑھایا جائے

ہمارے علاقہ میں یہ مرض پھیلا ہوا ہے کہ بیرونی واجنبی آدمی عورتیں لے آتے ہیں اور فروخت کرتے ہیں ان کے متعلق نہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ کنواری ہے۔ یا مطلقہ ہے یا منکوحہ اور یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ ان کی اپنی ہیں یا کہیں سے اغواء کر کے لاتے ہیں۔ اور نکاح خواں حضرات بغیر تحقیق کے نکاح پڑھ دیتے ہیں۔ اکثر یہ ثابت ہوا ہے کہ وہ منکوحہ ہوتی ہیں اور اغواء کر کے لائی جاتی ہیں۔ کیا ان کا فروخت کرنا شرعاً جائز ہے ۔ ؟

**الجواب** اگر عورت معتمد اور دیندار ہو یا حالات سے غالب ظن ہو جائے کہ یہ منکوحہ یا معتدہ نہیں تو اس کا نکاح جائز ہے اور اس کا نکاح کرانا بھی جائز ہے۔ لیکن صورت مسئولہ میں تو فاجر فاسق قسم کے لوگ ناجائز ذرائع سے حاصل کی ہوئی عورتوں کا نکاح کراتے ہیں۔ جہاں معاشرہ کے حالات سے یہ بات واضح ہے کہ عورتیں اکثر منکوحہ ہوتی ہیں اس لئے ان کا لانا، ان کا بیچنا، ان سے نکاح کرنا، ان کا نکاح کرانا سب ناجائز اور حرام ہے معاشرہ کو ایسے فواحش سے نجات دلانا حکومت کا فرض ہے۔ لیکن مسلمانوں کو چاہیئے کہ اس کاروبار کے روکنے میں حتی الوسع سعی کریں ۔

محمود عفا اللہ عنہٗ مفتی قاسم العلوم ملتان ۷/۲/۷۷ھ

جو امام مسجد لاابالی بے پرواہ ہو یا لالچی اور طماع ہو، پیسے دغیرہ لے کر ایسی عورتوں کے نکاح بغیر تحقیق کے پڑھاتا ہو۔ وہ فاسق و فاجر ہے اور امامت کے ہرگز لائق نہیں اور جو امام عمومی حالات میں نیک متقی ہو ایک آدھ مرتبہ غلطی سے ایسی عورت کا نکاح پڑھایا جو منکوحۃ الغیر تھی۔ اس کے لئے توبہ کرنا لازم ہے۔ اور امامت سے نہ ہٹایا جائے۔

والجواب صحیح — بندہ محمد عبداللہ غفر اللہ لہٗ مفتی خیر المدارس ملتان ۲۱/۲/۷۷ھ ۱۳

## خطبۂ نکاح کھڑے ہوکر پڑھا جائے یا بیٹھ کر

خُطبۂ جُمعہ اور عیدین کے خُطبے کھڑے ہوکر پڑھے جاتے ہیں، خطبۂ نکاح عموماً بیٹھ کر کیوں پڑھا جاتا ہے۔ خُطبۂ نکاح کس طرح پڑھنا چاہیئے کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر ۔؟ بیّنوا توجروا ۔۔۔

**اَلجواب** فقہائے کرام سے اس کے بارے میں کوئی جزئیہ صراحۃً نظر سے نہیں گزرا ہے ہمارے اکابر علمائے کرام کا طرز دونوں طرح رہا ہے لیکن کھڑے ہوکر خُطبہ پڑھنا بہتر ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عام عادت کھڑے ہوکر خُطبات پڑھنے کی تھی ۔ فقط واللہ اعلم ۔۔۔

بندہ **محمّد اسحاق غفرلہٗ**

## بوقتِ رُخصتی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عُمر کیا تھی ؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی نکاح کے وقت عُمر کیا تھی اس کے بارے میں مُختلف روایات ہیں اور اختلاف ہے ۔ صحیح قول بیان فرما کر مشکور فرمائیں ۔۔۔ (المستفتی ۔ عبدالقدیر ٹانکوی متعلم افتاء)

**اَلجواب** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عمر بوقتِ نکاح صحیح اور راجح قول کے مُطابق ۶ سال تھی اور شبِ زفاف کے وقت آپؓ کی عمر ۹ سال تھی اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہُوا، اُس وقت حضرت عائشہؓ کی عمر ۱۸ سال تھی اور بہت ساری روایات اِس پر دلالت کرتی ہیں ۔ ہم بطور نمونے کے چند پر اکتفا کرتے ہیں ۔ (۱) ۔۔۔ صحیح بُخاری میں حضرت امام بُخاری رحمۃ اللہ حدیث عروہ باب من بنی بامرأۃ وھی بنت تسع سنین میں ذکر فرماتے ہیں : حدثنا قبیصۃ بن عقبۃ قال حدثنا سفین عن ھشام بن عروۃ عن عروۃ تزوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم عائشۃ وھی ابنۃ ست وبنی بھا وھی ابنۃ تسع ومکثت عندہ تسعاً (بُخاری ج ۲ ص ۷۷۵) ۔ (۲) ۔ حافظ ابنِ کثیرؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب البدایہ والنہایہ میں اسی موضوع پر مفصل گفتگو فرمانے کے بعد لکھتے ہیں : قولہ تزوجھا وھی ابنۃ ست سنین وبنی بہا وھی ابنۃ تسع مالا خلاف فیہ بین الناس ۔ (البدایۃ والنہایۃ ۔ ج ۳ ص ۱۳۱)

حافظ کی بات کا حاصل یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ کا نکاح ۶ سال کی عمر میں ہونا اور رخصتی ۹ سال کی عمر میں ہونا ایسی بات ہے جس میں لوگوں کے درمیان اختلاف نہیں ہے ۔ حافظ نے ایک اور روایت اسی صفحے پر امام بخاریؒ کے حوالے سے ذکر کی ہے جس سے بات اور واضح ہوجاتی ہے ؛ ۔۔۔۔

وقد روی البخاری عن عبید بن اسماعیل وعن ابی اسامۃ عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ قال توفیت خدیجۃ قبل مخرج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بثلاث سنین فلبث سنتین او قریبا من ذلک ونکح عائشۃ وھی بنت ست سنین ثم بنی بھا وھی بنت تسع سنین

اس روایت کا حاصل بھی یہ ہے کہ حضرت خدیجہؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہجرت کرنے سے تین سال پہلے فوت ہوگئی تھیں اور اس کے دو سال بعد حضرت عائشہؓ سے نکاح کیا اور ان کی عمر اس وقت ۶ سال تھی اور جب رخصتی ہوئی اس وقت ان کی عمر ۹ سال تھی۔ مسند احمد میں امام احمدؒ نے مسند عائشہ میں یہ واقعہ بہت تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ حضرت خولہؓ کے حوالے سے اور اس میں بھی یہ بات مذکور ہے۔

(۴) — فتزوجھا ایاہ وعائشۃ یومئذ بنت ست سنین .... فقالت عائشۃ .... اذا ارادالی نسائہ وانا یومئذ بنت تسع سنین۔ (مسند احمد ص ۲۱۱ ج ۶)

حضرت عائشہؓ خود اپنا واقعہ بیان فرماتی ہیں کہ جب میری شادی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی اس وقت میں ۶ سال کی تھی پھر ہم مدینہ منورہ آگئے۔ میرے سر میں درد تھا مجھے میری والدہ اُمِ رومانؓ نے زور سے آواز دی۔ میں بھاگ کر گئی، میری سانس پھولی ہوئی تھی۔ وہ میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے لے گئیں اور میرے منہ اور سر کو دھویا اور مجھے حویلی میں داخل کر دیا۔ اور مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد کر دیا اور میں اس وقت ۹ سال کی تھی۔

(۵) — عن عائشۃ قالت تزوجنی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانا بنت ست سنین فاسلمتنی الیہ وانا یومئذ بنت تسع سنین۔ (بخاری جلد ۱ ص ۵۵۱)

امام مسلمؒ نے صحیح مسلم میں ذکر فرمایا ہے۔

عن عائشۃ قالت تزوجنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا ابنۃ ست سنین وبنی بی وانا ابنۃ تسع سنین (صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۵۶)

اس حدیث میں بھی حضرت عائشہؓ اپنا واقعہ خود بیان فرما رہی ہیں جن کا حاصل بھی یہی ہے کہ نکاح کے وقت میری عمر ۶ سال اور رخصتی کے وقت عمر ۹ سال تھی۔ ابوداؤد میں ہے

(۷) — وعن عائشۃ قالت تزوجنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا بنت سبع قال سلیمان اوست ودخل بی وانا بنت تسع — (ابوداؤد ج ۱ ص ۲۹۶)

سنن ابن ماجہ میں ہے۔ باب نکاح الصغار یزوجھن الآباء

(۸) — عن عائشۃؓ قالت تزوجنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا بنت ست سنین ...
فاسلمتنی الیہ وانا یومئذ بنت تسع سنین . (ص ۳۵)

ان تمام روایات کا حاصل یہ ہے حضرت عائشہؓ کی عمر بوقت نکاح ۶ سال ، بوقت رخصتی ۹ سال تھی ان روایات کے ہوتے ہوئے تاریخی روایات کو لے کر ان سے استدلال کرنا جہالت ہے ۔ فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۲۲ / ۵ / ۱۴۱۸ ھ

محمد انور
عفا اللہ عنہ

## دُوسری شادی کرنے کے لئے پہلی بیوی سے اجازت لینا شرعاً ضروری نہیں ۔

کیا دُوسری شادی کے لئے پہلی بیوی یا کسی ثالثی کونسل سے اجازت لینا ضروری ہے ؟ اور عدم اجازت کے باوجود دوسری شادی کر سکتا ہے جبکہ ملکی قانون کے تحت مذکورہ اجازت ضروری ہے بشرعاً اس کی کیا حقیقت ہے ۔ بیان فرمائیں ۔ بینوا توجروا ۔

**الجواب** باسمہ تعالیٰ . شریعتِ مطہرہ نے مسلمان کے لئے چار تک نکاح کرنے کی اجازت دی ہے ۔ قرآن کریم میں ہے . فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنٰی وثلٰث وربٰع . (الآیۃ) لیکن نان نفقہ حُسنِ معاشرۃ وغیرہ میں مساوات کو ضروری قرار دیا ہے ۔ اسی لئے جو شخص بیویوں کے درمیان میزانِ عدل قائم نہیں رکھ سکتا ، شریعت نے ایسے شخص کو صرف ایک نکاح کرنے کو کہا ہے : لقولہ تعالیٰ فان خفتم ان لا تعدلوا فواحدۃ (الآیۃ) پہلی بیوی سے ثانی کی اجازت شرعاً کوئی ضروری نہیں ۔ اس کو ضروری قرار دینا خلافِ شرع ہے . فقط واللہ اعلم بالصواب

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۹ / ۱۰ / ۱۴۰۴ ھ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## مرزائی کو مسلمان سمجھنے والا نکاح کی تجدید کرے ۔

ایک سُنی مسلمان شخص نے مرزائی کے جنازہ میں شرکت کی ، کیا مرزائی کے جنازہ میں شرکت سے اس کا نکاح باقی رہا ہے یا نہیں ؟

**الجواب** اگر اس نے مرزائی کو مسلمان سمجھ کر جنازہ پڑھا ہے تو وہ اپنے ایمان ونکاح کی تجدید کرے ،

قال خاتم المحدثین علامہ محمد انور شاہ الکشمیریؒ رئیس المحدثین بجامعہ دار العلوم دیوبند ۔

من ذب عنہ او تأول قولہ ، یکفر قطعاً لیس فیہ توان ۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

محمد انور عفا اللہ عنہ
۲۱ / ۴ / ۱۴۰۳ھ

## نکاح کے وقت مُنہ بولی بیٹی کی نسبت اُس کے حقیقی باپ کی طرف کیجائے،

زید کے ہاں ایک لڑکی پیدا ہوئی " ھندہ " پیدا ہونے کے پانچ گھنٹے بعد میں نے اپنی گود میں لے لی، چونکہ زید کی پہلے بھی اولاد موجود ہے۔ میں نے خود جا کر دفتر پیدائش میونسپل کمیٹی میں اپنی ولدیت اور قومیت کا نام درج کروا دیا اور پرچی لے کر حقیقی بیٹی بنالی ہے۔ جب وہ بالغ ہو گی اس وقت نکاح میں ہندہ کی ولدیت، قومیت کیا لکھی جائے گی، میری یا زید کی، میری بھی اولاد موجود ہے اب وہ میری جائیداد و مال کی حقدار ہے یا نہیں۔

**الجواب**: ہندہ کی نسبت اس کے والد کی طرف کی جائے، غیر والد کی طرف نسبت کرنا جائز نہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ادعوھم لاٰبآئھم ھو اقسط عند اللہ (الآیۃ) رجسٹر نکاح میں بھی ولدیت صحیح درج کرائی جائے، ھندہ اپنے والد کی جائیداد کی مستحق تو ہو گی، آپ کی جائیداد کی وہ مستحق نہیں۔ سابقہ اندراجات بھی درست کیے جائیں۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۲۷ / ۸ / ۱۴۰۶ھ

## بالغہ، باکرہ کا مُسکرانا اجازت ہی ہے۔

ایک کنواری بالغہ لڑکی کا نکاح ہوا اس سے جب اجازت لی گئی وہ خاموش رہی اور مسکرائی مگر زبان سے کچھ نہیں بولی تو ایسی صورت میں لڑکی کی رضا و اجازت سمجھی جائے گی یا نہیں، نکاح ہو جائے گا یا نہیں ۔۔؟

**الجواب**: صورت مسئولہ میں کنواری بالغہ لڑکی کا خاموش رہنا اور مسکرانا اور بغیر آواز کے رونا بھی اذن ہی ہے لہذا نکاح منعقد ہو جائے گا۔ درمختار میں ہے۔ فان استأذنھا ھو ای الولی وھو السنۃ او وکیلہ او رسولہ او فضولی عدل فسکتت عن ردہ مختارۃ او ضحکت غیر مستھزئۃ او تبسمت او بکت بلا صوت فھو اذن اھ ص ۳۲۴ ج ۲ فقط واللہ اعلم۔

بندہ محمد انور عفا اللہ عنہ

## لڑکی کے والد سے زبردستی صرف انگوٹھے لگوانے سے نکاح نہیں ہوگا۔

غلام قادر کو پولیس نے آٹھ دن تک تھانے میں رکھا اور مارنے کے بعد اُنکا نابالغ بچی جس کی عمر ۱۱ سال ہے کے نکاح کے لئے فارم پر انگوٹھے لگوائے، انگوٹھے لگاتے وقت غلام قادر نے یہ بھی کہا کہ یہ کام صحیح نہیں ہے میں قبول نہیں کرتا، اگر کل کو کوئی قانونی کارروائی ہوئی تیں ذمہ دار نہ ہوں گا کیونکہ شرعی نکاح نہیں ہوا جبکہ انگوٹھے لگوانے والا اقرار کرتا ہے کہ صرف انگوٹھے لگوائے ہیں نہ کہ شرعی نکاح ہوا اور نہ ہی ایجاب وقبول ہوا۔ کیا نکاح صحیح ہے؟

**الجواب** نکاح میں ایجاب وقبول کا ایک مجلس میں ہونا ضروری ہے۔ اگر واقعۃً نکاح خواں نے صرف لڑکی کے والد سے انگوٹھے لگوائے ہیں اور کوئی ایجاب وقبول نہیں ہوا تو نکاح منعقد نہیں ہوا۔ وہ لڑکی بدستور غیر منکوحہ ہے۔ النکاح ینعقد بالایجاب والقبول وضعا للمضی الخ (عالمگیری ص۲۰۶ ج۳) وفیہ وامارکنہ فالایجاب والقبول۔ فقط واللہ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## جس کے دونوں خاوند جنتی ہوں وہ کس کو ملے گی؟

ایک عورت نے دُنیا میں یکے بعد دیگرے دو خاوند کئے اور وہ دونوں جنت میں داخل ہو گئے تو وہ عورت ان میں سے کس کو ملے گی؟

**الجواب** بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آخری کو ملے گی اور بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ اسے اختیار دیا جائے گا تو وہ اچھے اخلاق والے کو پسند کریگی: سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن المرأۃ تزوج الرجلین والثلاثۃ مع من تکون منھم یوم القیامۃ فقال تخیر فیکون مع احسنھم خلقًا۔ (اعلام الموقعین ص۲۷۶ ج۲)۔

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفی عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

## خاوند بیوی کو خون دے تو نکاح نہیں ٹوٹے گا۔

عورت بیمار ہوگئی تو خاوند نے اپنی بیوی کو خون دیدیا تو کیا نکاح میں کوئی خرابی تو نہیں ہوئی؟ بینوا توجروا۔

**الجواب** انتقالِ خون کی وجہ سے نکاح میں کوئی نقص واقع نہیں ہوا۔

فقط واللہ اعلم
بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ
۱۱/۱۰/۱۴۰۴ھ

## شادی بیاہ کے موقعہ پر باجوں کے بارے میں مفصل فتویٰ

عقدِ نکاح میں مرّوجہ سرود بجانا جائز ہے یا نہیں اگر جائز ہے تو فقط جواز کے درجے میں ہے یا عقدِ نکاح کے لئے استحبابا طریقہ ہے کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ فصل مابین الحلال والحرام الصوت والدف فی النکاح (اوکما قال) حدیث مذکور سے معلوم ہوتا ہے کہ نکاح شرعی کے لئے دف وغیرہ بجانا ضروری ہے تاکہ مابین الحلال والحرام تمیز ہو سکے نیز دوسری حدیث سے بھی اس کا جواز ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ بعض بچیوں کا گانا اور دف بجانا حضرت عائشہؓ دفی روایۃ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا ان کو منع کرنا اور آپ علیہ السلام کا مانعین کو روکنا اور سابقہ معمول کو قائم رکھنا وغیرہ، تقریرِ نبوی سے ثابت ہے جو کہ سنّت کے درجے میں ہے اور اگر جائز نہیں تو پھر اولاً یہ کہ احادیث مذکور کا کیا جواب ہوگا۔ اس قدر جواب کافی نہیں کہ فقط دف ہی کے استعمال کا جواز ہے اور باقی کا نہیں کیونکہ اس وقت عرب میں فقط دُف ہی کا استعمال رائج تھا۔ نیز باقی مرّوجہ سرود بھی اور دُف بھی یکساں ہیں۔ ایک کا جواز دوسرے کے لئے حجّت ہوگا۔

**ثانیاً** کہ شریعت نے جذباتِ انسانی کا لحاظ رکھا ہے۔ شادی یہ ایک خوشی کا موقع ہے۔ اس کے اندر بھی جذبۂ انسانی کو مدِّنظر رکھ کر توسیع ہونی چاہیئے۔ **ثالثاً** یہ کہ اس کے جواز و عدمِ جواز میں ائمہ اربعہ کے کیا مذاہب ہیں اور جمہور اُمّت کی اس بارے میں اگر عبارات مصرحہ ہوں تو زیبِ قرطاس فرمائیں۔ **رابعاً**۔ ایسی شادی بیاہ میں علماء اور متقی حضرات کو شامل ہونا چاہیئے یا احتراز کرنا چاہیئے اور یہ احتراز فقط سرود والی شادیوں سے ہو یا تمام تقریبات سے جس کے اندر رسومِ جاہلیت ہوں اگرچہ ان سے عقیدۂ اسلامی پر زد نہ پڑتی ہو۔ نیز اگر شادی میں سرود کی اجازت کسی درجہ میں ہے تو وہ کس قسم کے سرود ہوں، آج کل کے انگریزی باجے یا قوالی یا طبل و مزامیر وغیرہ جائز ہیں یا نہیں، ان تمام امور کی تفصیل مطلوب ہے۔ برائے مہربانی ادلۂ واضحہ سے پُر رونق فرما کر مطمئن فرمائیں۔

**الجواب** شادی وغیرہ کے موقع پر ڈھول اور باجہ بجانا یا رنڈیوں کا گانا اور ناچنا اسی طرح بلند آواز سے عورتوں کا گانا شرعاً ناجائز اور حرام ہے۔ قرآن وحدیث اور کُتب فقہ میں انکی حُرمت کے دلائل اس قدر ہیں کہ ان کا احصاء مشکل ہے۔ رُوح المعانی میں آیت ومن الناس من یشتری لھو الحدیث کے تحت بہت کثرت سے حُرمت کی روایات منقول ہیں۔

وفی صحیح البُخاری معلقاً قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لتکونن من اُمّتی یستحلون الحر والخمر والمعازف وفی سنن ابن ماجۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یشربنّ ناس من اُمّتی الخمر یسمونھا بغیر اسمھا یعزف علی رؤسھم بالمعازف والمغنیات یخسف اللہ بھم الارض ویجعل منھم القردة والخنازیر وفی التاتار خانیہ ان کان السماع غنا فھو حرام لان التغنی واستماع الغنا حرام وفی الھدایۃ دلت المسئلۃ علی ان الملاھی کلھا حرام حتی التغنی بضرب وتصفیق وفی النھایۃ التغنی والتصفیق والظھور والبربط والدف وما اشبہ بذلک حرام ——

اور سوال میں تحریر کردہ حدیث مُبارکہ سے دَف کے بجانے کو عقد نکاح کے موقع پر ضروری سمجھنا بلادلیل ہے بلکہ محض ذہنی اختراع ہے۔ دف بھی چونکہ باجا ہے لھٰذا حنفیہ نے تصریح کردی ہے کہ دَف بھی حرام ہے حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں۔ شامی میں ہے: ——

استماع ضرب الدف والمزمار والغناء وغیر ذلک حرام —— شرح نقایہ میں ہے۔

اما الاستماع فکاستماع ضرب الدف والمزمار وفی فتاوی البیھقی التغنی واستماعہ وضرب الدف وجمیع انواع الملاھی حرام ومستحلھا کافر —— اور مالابد منہ میں ہے۔

ملاھی ومزامیر وطبور۔ دھل ونقارہ ودف وغیرہا باتفاق حرام اند ——

یہ تمام حوالہ جات فتاوٰی امدادیہ ص۲۳۹ ج۲ سے منقول ہیں۔ البتہ امام شافعیؒ کے مذہب میں بموقع شادی وختنہ دَف بجانا مُباح ہے اور سوائے شادی وختنہ کے حرام کہا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حجر مکیؒ اپنی کتاب "کف الرعاع عن محرمات اللھو والسماع" مطبوع ص۴۳۔ علی ہامش الزواجر میں لکھتے ہیں:-

القسم الرابع فی الدف المعتمد من مذھبنا انہ حلال بلا کراھۃ فی عرس وختان وترکہ افضل وھکذا حکمہ فی غیرھما فیکون مباحا ایضاً علی الاصح وفی المنھاج وغیرہ فقال جمع من اصحابنا انہ فی غیرھما حرام ——

اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب میں بتقریب نکاح وختنہ دُف کا مباح ہونا لکھا ہے وہ مطلقاً مباح نہیں ہے بلکہ چند شرائط وقیود کے ساتھ مقید ہیں۔ ان شرائط کا لحاظ ضروری ہے ورنہ اباحت نہیں رہے گی صاف حُرمت آجائے گی۔ علامہ ابنِ حجر موصوف نے انہی شرائط کو اپنی کتاب "کف الرعاع" میں مفصلاً تحریر فرمایا ہے اس کا ضروری خلاصہ ذکر کیا جاتا ہے اور آگے چل کر معلوم ہوگا کہ احناف کے لئے بھی یہ شرائط قابل لحاظ ہیں۔

اوّل شرط یہ ہے کہ خاص عورتیں اور لڑکیاں دُف بجانے والی ہوں اور اباحت کا حکم خاص انہی کے بجانے میں ہے نہ مُردوں کے۔ پس اگر تقریبِ نکاح یا ختنہ میں مَرد بجائے گا تو جائز نہ ہوگا اور وہ مَرد بوجہ تشبہ بالنسائ کے ملعون ہوگا کیونکہ سلف میں کسی مَرد کا بجانا ثابت نہیں ہوا۔ دُف بجانے میں جس قدر احادیث وآثار ثابت ہیں سب میں عورتوں یا لڑکیوں کا ذکر ہے۔ عبارت یہ ہے:۔۔۔۔۔۔

انا اذا ابحنا الدف فانما نبیحه للنساء خاصة اور منہاج کی عبارت یہ ہے۔ وضرب الدف لا یحل الا للنساء لانه فی الاصل من اعمالهن وقد لعن رسول الله صلّی الله علیه وسلّم المتشبهین بالنساء الی قوله لم یحفظ عن احد من رجال السلف انه ضرب به وبان الاحادیث والآثار انما وردت فی ضرب النساء والجواری به انتهی ۔۔۔۔۔۔

دُوسری شرط یہ ہے کہ جھانجھ نہ ہو اور بجانے میں کوئی تکلف اور تصنع نہ کیا جائے بالکل سادگی سے ہاتھ ول سے پیٹا جائے، چنانچہ فرماتے ہیں: وخلا عن الضنج ونحوه وعن التانق والتصنع فی الضرب بان یکون الضرب بالکف پھر لکھتے ہیں کہ دُف اسی طریقہ سے مباح ہے جیسا کہ عرفاً لوگ بجاتے ہیں کہ اس میں رقص وسرور نہ پایا جائے اور نہ انگلی کے سرے کے بجایا جائے: وأنما یباح الدف الذی تضرب به العرب من غیر زفن أی رقص فاما الدف یدفن وینقر أی برؤس الانامل ونحوها فلا یحل الضرب به ۔۔۔۔۔۔

تیسری شرط یہ ہے کہ وقتِ نکاح یا وقتِ زفاف یا اس کے بعد تھوڑی دیر تک عورتیں دف بشرائط مذکورہ بجائیں، چنانچہ لکھتے ہیں:۔ والمعهود عرفاان یضرب به وقت العقد وقت الزفاف او بعدہ بقلیل۔ پس اصل مذہب احناف کا وہی ہے جو میں پہلے تحریر کر چکا ہوں کہ شادی وغیرہ خوشی کے مواقع میں باجہ عموماً اور خصوصاً دف بھی حرام ہے۔ چنانچہ علامہ تورپشتی نے فرمایا کہ دُف اکثر مشائخ کے نزدیک حرام ہے اور اس حدیث کا جس میں اعلان کے واسطے دف بجانے کا ذکر آیا ہے۔ ہمارے مشائخِ حنفیہ جواب دیتے ہیں کہ اس میں دُف بجانے سے مُراد اعلان ہے نہ حقیقت میں دف بجانا۔ چنانچہ "شرح نقایہ" کی عبارت ملاحظہ ہو.

قال التورپشتی أنہٗ حرام علی قول أکثر المشائخ وما ورد من ضرب الدف فی العُرس کنایۃ عن الاعلان ۔ جب حدیث میں ضرب الدف سے مُراد اعلان اور تشہیر ہے تو پھر متأخرین علماء حنفیہ کا جائز کہنا اور اس حدیث کو استدلال میں پیش کرنا صحیح نہیں اور ضرب الدف سے اعلان و تشہیر کے مُراد ہونے پر بڑا زبردست قرینہ ہے وہ یہ کہ اُب تک کہ کسی ضعیف حدیث اور روایت سے بھی یہ ثابت نہیں ہُوا کہ زمانۂ رسالتؐ میں کسی صحابیؓ نے اعلانِ نکاح کے لئے دُف بجا کر اس حدیث کی تکمیل کی ہو۔ حالانکہ صحابۂ کرامؓ کو اتباعِ سُنّت میں جو شغف تھا وہ علماء پر مخفی نہیں اور اس سے زیادہ عجیب یہ ہے کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد نکاح کئے اور اپنی صاحبزادیوں کا کیا، کبھی کسی نکاح میں آپ نے دُف بجانے کا حکم نہیں دیا۔ من ادعی فعلیہ البیان ۔ زیادہ سے زیادہ بخاری کی حدیث ربیع بنت معوذ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ چند نابالغ لڑکیوں نے بعد زفاف کے دُف بجایا تھا، اس حدیث سے بالغ کے دُف بجانے کا جواز سمجھنا کیونکر صحیح ہو سکتا ہے اور اگر کسی روایات سے بالغ عورتوں کا بجانا بھی ثابت ہو جائے تو اس کے جواب میں حضرت علیؓ کی حدیث کافی ہے ۔ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن ضرب الدف ولعب الصنج وضرب الزمارۃ یعنی اس حدیث کی رو سے ۔ یہ کہا جائیگا کہ اگر آپ نے اجازت دی ہو گی تو پھر منع فرمادیا جس کو حضرت علیؓ نے ظاہر فرمایا، علاوہ ازیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے دُف کو مزمار الشیطان کہا اور حضورؐ نے سکوت فرمایا۔ پس الحسن تنزل کے درجہ پر بعض علماء احناف متأخرین کا استدلال صحیح مان لیا جائے کہ اعلان نکاح کیواسطے دف بجانے میں کوئی مضائقہ نہیں بلکہ مباح ہے توان شرائط وقیود کا لحاظ ضروری ہے جن کو مباح سمجھنے والوں نے بیان کیا۔ شرطِ اوّل جھانجھ نہ ہو

(۲) تطریب نہ ہو۔ چنانچہ علامہ شامی اور فتاوی سراجیہ اور شرح ابو المکارم اور شرح نقایہ چاروں میں ہے۔

ھذا اذا لم یکن لہ جلاجل ولم یضرب علی ھیئۃ التطریب (۳) بہت تھوڑی دیر تک بجایا جائے لمعات میں ہے دل الحدیث علی اباحۃ المقدار الیسیر مجمع البحار میں ہے ۔ اقرعلی قدر الیسیر فی نحو العرس والعید آج کل جو جائز سمجھا جاتا ہے کہ متعدد دُف بارات کے ساتھ لے کر چلتے ہیں اور بجانے والے بھی کاریگر ہوتے ہیں جو کچھ دنوں تک بجانا سیکھتے ہیں ۔ جس میں صاف تطریب ہوتی ہے یہ کیونکر جائز ہوگا۔ جائز ہونے کی صورت حسب تصریحات ان علماء کے صرف یہ ہو سکتی ہے کہ بعد نکاح کے چند مرتبہ ہاتھ سے دُف پیٹا جائے تاکہ معلوم ہو کہ نکاح ہو گیا، پس قبل نکاح کے بارات کے ساتھ دُف لے جانا اور اس کو شرعی بارات قرار دینا نہایت قبیح اور مذموم ہے

وکل ذلک من امداد الفتاوی ص۲۳۸ ج۲ تا ص۲۴۴ بتغیر فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح
خیر محمد عفا اللہ عنہ

بندہ محمد اسحاق غفر اللہ لہٗ
نائب مفتی خیر المدارس ملتان

## جنّت میں جمع بین الاختین ناجائز نہ ہوگا۔

اس دنیا میں جمع بین الاختین ناجائز اور حرام ہے۔ اگر کوئی آدمی دنیا میں یکے بعد دیگرے دو بہنوں سے نکاح کرلے، دونوں بہنیں اور ان کا خاوند بفضل اللہ تعالیٰ آخرت میں جنتی ہوں تو کیا جنت میں دونوں ایک خاوند کے پاس جمع ہوسکتی ہیں یا نہیں ؟

**الجواب** اُمم سابقہ میں اس دنیا میں بھی دو بہنوں کا جمع کرنا یک وقت جائز تھا، جیساکہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے دو بہنیں اکٹھی جمع کر رکھی تھیں۔ علامہ آلوسی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

وقال عطاء والسدی معناہ الا ما کان من یعقوب علیہ السلام اذ جمع بین الاختین لیا اُم یہودا وراحیل اُم یوسف علیہ السلام ولا یساعدہ التذییل لما ان ما فعلہ یعقوب علیہ السلام ان صح کان حلالا فی شریعتہ (روح المعانی ص۲۶۱ ج۵)

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں :۔

بخلاف الجمع بین الاختین فانہ قد ابیح فی بعض الشرائع کما ذکروا عن یعقوب علیہ السلام ۔ (حاشیہ بیان القرآن ص۱۰۱)

اسی طرح جنت میں دو بہنوں کا ایک شخص کو ملنا ممنوع اور ناجائز نہ ہوگا۔

قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ عن ھذا اجاب الرملی الشافعی عن الجمع بین الاختین فی الجنۃ بانہ لا مانع منہ لان الحکم یدور مع العلۃ وجودا وعدما وعلۃ التباغض وقطیعۃ الرحم منتفیۃ فی الجنۃ الا لام والبنت اھ لعلۃ الجزئیۃ فیہا وھی موجودۃ فی الجنۃ ایضا بخلاف نحو الاختین (رد المحتار ج۴ ص۱۱)

فقط واللہ اعلم ،
محمد انور

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

**نیوتہ قبیح رسم ہے** ۔ ہمارے علاقہ میں شادی کے موقع پر نیوتہ (نیندرہ) لیا جاتا ہے۔ یعنی شادی میں شریک ہونے والے لوگ علاقائی رواج کی وجہ سے اس بات کے پابند ہوتے ہیں کہ وہ اس موقع پر مروجہ شرح کے مطابق نیندرہ دیں جس کا باقاعدگی سے رجسٹر پر اندراج بھی کیا جاتا ہے تاکہ ضرورت کے وقت اسے لوٹایا جائے ۔ یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ اس نیوتہ کی شرح وقتاً فوقتاً بڑھائی جاتی ہے۔ مثلاً اس کی شرح آج سے تقریباً ۲۰ سال پہلے ۲/ روپے بعد ازاں ۵/ روپے پھر ۱۰/ روپے اور آج عام آدمی کے لیے ۲۰/ روپے مقرر ہے۔ یعنی جس آدمی نے آج سے ۲۰ سال قبل اپنی شادی کے موقع پر ۲/ روپے نیوتہ لیا، آج وہ ۲۰/ روپے کی شرح سے لوٹائے گا۔ نیز ایک آدمی کا ایک ہی بیٹا ہے جبکہ دوسرے کے چھ بیٹے ہیں۔ ایک بیٹے والا ایک بار ہی نیوتہ وصول کرے گا۔ اور چھ بیٹے والے کو چھ مرتبہ اُن کی شادیوں کے موقع پر مقررہ شرح سے واپس ادائیگی کرے گا۔

اس بارے میں قرآن و سنت کی روشنی میں رہنمائی مطلوب ہے۔ کیا شریعت نے ہمیں اس طرح (درج بالا) کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ کیا یہ سود تو نہیں ؟ (محمد زبیر، قصبہ مرل)

**الجواب** یہ رسم نہایت قبیح ہے، ناجائز اور بدعت ہے۔ چونکہ یہ رقم بطور ہمدردی کے نہیں دیجاتی بلکہ برادری کے دباؤ کی وجہ سے دیجاتی ہے اور نہ دینے والے کو ملامت کی جاتی ہے بلکہ برادری سے بھی نکال دیا جاتا ہے گویا یہ رقم جبراً وصول کی جاتی ہے اور جبراً کسی سے رقم وصول کرنا حرام ہے۔

قال النبی علیہ السلام ألا لا تظلموا ألا لا یحل مال امرءٍ إلا بطیب نفس منہ ۔ اوکما قال النبی علیہ السلام (الحدیث) مشکوٰۃ

(۲) اور یہ رقم قرض بھی ہے جس کو موقع پر واپس کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ جیسا کہ صورتِ مسئولہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جس کا باقاعدگی سے اندراج بھی کیا جاتا ہے تاکہ ضرورت کے وقت اسے لوٹایا جا سکے) اور شامی کی عبارت سے بھی یہی مفہوم ہوتا ہے: قال فی الشامیۃ عن الخیریۃ سئل فیما یرسلہ الشخص الی غیرہ فی الاعراس ونحوھا ھل یکون حکمہ حکم القرض فیلزمہ الوفاء بہ ام لا أجاب ان کان العرف بأنھم یدفعونہ علی وجہ البدل یلزم الوفاء بہ ان مثلیا فمثلہ وان قیمیا فبقیمتہ وان کان العرف خلاف ذالک بأن کانوا یدفعونہ علی وجہ الھبۃ (الی ان قال) فلا رجوع فیہ بعد الھلاک والاستھلاک (الی قولہ) نعم فی بعض القرٰی یعدونہ قرضا حتی انھم فی کل ولیمۃ یحضرون الخطیب یکتب لھم ما یھدی فاذا جعل المھدی ولیمۃ یراجع المھدی الی الدفتر فیھدی الاول الی الثانی مثل ما أھدیٰ الیہ (شامی ص ۵۱۳ ج ۴ کتاب الھبۃ)

اور بغیر ضرورت کے قرض لینا بھی درست نہیں کیا پتہ کہ ادائیگی کی توقع تک زندگی بھی ہو گی یا نہیں، خدانخواستہ قرض ادا کرنے سے پہلے موت آجائے تو پھر وعید شدید کا مستوجب ہو گا۔ حدیث میں تو یوں آیا ہے کہ حضور علیہ السلام نے ایک موقعہ پر فرمایا: والذی نفسی بیدہ لو ان رجلاً قتل فی سبیل اللہ ثم احیی ثم قتل ثم احیی ثم قتل وعلیہ دین ما دخل الجنۃ۔ (الحدیث، جمع الفوائد) اور پھر استطاعت کے باوجود بھی واپس نہیں کرتے جو کہ مستقل ظلم ہے۔ حدیث شریف میں ہے مطل الغنی ظلم (الحدیث) غنی کا ٹال مٹول کرنا ظلم ہے۔

لہٰذا نیوتہ لینے دینے کی شریعت میں کوئی گنجائش نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد انور عفا اللہ عنہ

---

# بارات کو کھانا کھلانے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ لڑکی والے بارات کو کھانا کھلا سکتے ہیں یا نہیں۔ کیونکہ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ لڑکی والوں کا بارات والوں کو کھانا نہیں کھلانا چاہیئے

**الجواب** لڑکی والوں کا بارات کو مہمان ہونے کی بنا پر کھانا کھلانا درست ہے۔ بشرطیکہ مروجہ منکرات سے خالی ہو حضرت شاہ محمد اسحٰق دہلوی "مسائل اربعین فی سنۃ سید المرسلین" میں لکھتے ہیں۔

" وآنچہ مروج است کہ بعد عقد نکاح والیان عروس بمردمان برات طعام میدھند آنہم بطریق ضیافت جائز است بشرط خلو آں از منکرات لہو وتغنی قال الامام محمد الغزالی فی کتابہ احیاء العلوم فی بیان منکرات الضیافۃ "

ومنہا سماع الاوتار او سماع القنیات ومنہا اجتماع النساء علی السطح تنظر الی الرجال مہما کان فی الرجال شاب تخاف الفتنۃ بینہم فکل ذلک محذور منکر یجب تغییرہ ومن عجز عن تغییرہ لزمہ الخروج ولم یجز لہ

الجلوس فلا رخصة له فی الجلوس فی مشاهدة المنکرات اھ (ص۱)

فقط واللہ اعلم
فقیر محمد انور عفا اللہ عنہ
خادم الافتاء جامعہ خیر المدارس ملتان

## جہیز لڑکی کی ملکیت ہے باپ واپس نہیں لے سکتا۔

زید نے اپنی لڑکی خالدہ کا نکاح بکر کے ساتھ کیا۔ رخصتی کے چند ماہ بعد خالدہ بقضائے الٰہی انتقال کرگئی کیا زید کے لئے جائز ہے کہ خالدہ کو دیا ہوا جہیز واپس لے ؟

**الجواب** لڑکی کے والدین جو جہیز لڑکی کو دیتے ہیں وہ لڑکی کی ملک ہے۔ اس جہیز کو واپس نہیں لے سکتے اور اگر لڑکی مرجائے تو بقدر حصۂ شرعی لے سکتے ہیں۔ اسی طرح مرنے والی عورت کا خاوند بھی وارث ہوگا۔

لو جھز ابنتہ وسلمہ الیھا لیس لہ فی الاستحسان استردادہ منھا وعلیہ الفتوی (عالمگیری ص۳۲۳ ج۲)

فقط واللہ اعلم
محمد انور عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ

## ولیمہ کے لئے اکٹھے ہونا ضروری ہے ؟

دعوتِ ولیمہ شب باشی کے بعد سنت ہے یا اس سے پہلے

**الجواب** ولیمہ میں اصل یہی ہے کہ شب باشی کے بعد ہو۔ گو بعض نے پہلے بھی لکھا ہے۔

قیل انھا تکون بعد الدخول وقیل عند العقد وقیل عندھما اھ (مرقات المفاتیح باب الولیمۃ ص۲۵۰ ج۶)

فقط واللہ اعلم۔
محمد انور

الجواب صحیح
بندہ عبد الستار عفا اللہ عنہ
۶/۹/ ۱۴۰۱ھ

## ولیمہ سُنّت ہے اور تیسرے دن تک اجازت ہے۔

ولیمہ شبِ زفاف کے بعد سُنّت مؤکدہ ہے یا مُستحب ہے اگر کوئی چار یا پانچ دن یا تیسرے دن بعد ولیمہ کرے تو مُستحب ہے یا نہیں۔ ایک مولوی صاحب کہتے ہیں کہ ہفتہ عشرہ کے اندر وَلیمہ کرے تو ثواب ملے گا ورنہ نہیں اب بتائیں ولیمہ کا سُنّت وقت اور مُستحب وقت اور مکروہ وقت کون سا ہے۔

**الجواب** ولیمہ سُنّت ہے۔ عالمگیری میں ہے: ولیمة العرس سنة وفيها مثوبة عظيمة تین دن تک اجازت ہے قال في الهندية ولا بأس بان يدعو يومئذٍ من الغد وبعد الغد ثم ينقطع العرس والوليمة (كذا في الظهيرية (عالمگیریہ) ص۳۴۳ ج۵) مشکوٰۃ کے حاشیہ میں بحوالہ مرقات نقل کیا ہے وفیہ ردّ صحیح على اصحاب مالك حيث قالوا باستحباب سبعة ايام لذلك اس سے اور عالمگیریہ سے معلوم ہوا کہ سات دن (ص۲۷۸ ج۲) کی اجازت نہیں۔

فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح ، بندہ عبدالستار عفی عنہٗ | بندہ محمد عبداللہ غفرلہٗ ۱۰/۴/۱۴۰۳ھ

تمّ بحمد الله الجزء الرابع من خير الفتاوى ويتلوه الجزء الخامس واوّله كتاب الطلاق ان شاء الله تعالى والحمد لله اوّلاً وآخراً وقد فرغت من تبييضه وترتيبه يوم الجمعة الرابع عشر من جمادى الاخرى ١٤٠٨ھ وانا العبد الفقير ابو تراب محمد انور عفا الله عنه مفتى وخادم الحديث بجامعة خير المدارس ملتان